امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہٗ کی تقریباً 300 تصانیف سے ماخوذ

جامع الاحادیث

مع افادات

مجدد اعظم امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہٗ

مرتب

تقدیم، ترتیب، تخریج، ترجمہ

مولانا محمد حنیف خاں رضوی بریلوی

شبیر برادرز

اردو بازار لاہور

لقد من اللہ علی المؤمنین اذ بعث فیہم رسولا من انفسہم یتلوا علیہم آیتہ ویزکیہم ویعلمہم الکتب والحکمۃ

امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ کی تقریباً تین سو تصانیف سے ماخوذ (۳۶۶۲) احادیث و آثار
اور (۵۵۵) افادات رضویہ پر مشتمل علوم و معارف کا گنج گرانمایہ

المختارات الرضویۃ من الاحادیث النبویۃ والآثار المرویۃ

المعروف بہ

جامع الاحادیث

مع افادات

مجدد اعظم امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ

جلد سوم

تقدیم، ترتیب، تخریج، ترجمہ

مولانا محمد حنیف خاں رضوی بریلوی
صدر المدرسین جامعہ نوریہ رضویہ بریلی شریف

ناشر
شبیر برادرز
40 اردو بازار لاہور فون 7246006

نام کتاب	٭=٭=٭	المختارات الرضویة من الاحادیث النبویة والآثار المرویة
عرفی نام	٭=٭=٭	جامع الاحادیث
افادات	٭=٭=٭	امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ العزیز
تصحیح ونظر ثانی	٭=٭=٭	بحر العلوم حضرت علامہ مفتی عبدالمنان صاحب قبلہ مبارک پوری
ترتیب وتخریج	٭=٭=٭	مولانا محمد حنیف رضوی صدر المدرسین جامعہ نوریہ بریلی شریف
پروف ریڈنگ	٭=٭=٭	مولانا عبدالسلام رضوی استاذ جامعہ نوریہ بریلی شریف
باہتمام	٭=٭=٭	شبیر برادرز اُردو بازار لاہور (پاکستان)
سن اشاعت اوّل	٭=٭=٭	۱۴۲۲ھ/۲۰۰۱ء
سن اشاعت ثانی	٭=٭=٭	۱۴۲۴ھ/۲۰۰۳ء

۵

کتاب الجنائز

ابواب

اجمالی فہرست

ا۔ موت

(۱) مردوں کو لا الہ الا اللہ کی تلقین کرو

۱۰۱۷۔ عن أبی سعید الخدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال : قال رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم : لَقِّنُوا مَوْتَاکُمْ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ ۔

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اپنے مردوں کو لا الہ الا اللہ سکھاؤ۔

(۱) امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

جو نزع میں ہے وہ مجازاً مردہ ہے اور اسے کلمۂ اسلام سکھانے کی حاجت کہ بحول اللہ تعالیٰ خاتمہ اسی پاک کلمہ پر ہو اور شیطان لعین کے بھلانے میں نہ آئے۔ اور جو دفن ہو چکا حقیقۃً مردہ ہے اور اسے بھی کلمۂ پاک سکھانے کی حاجت، بعون اللہ تعالیٰ جواب یاد ہو جائے اور شیطان رجیم کے بہکانے میں نہ آئے۔ اور بیشک اذان میں یہی کلمہ لا الہ الا اللہ تین جگہ موجود ہے بلکہ اسکے تمام کلمات جواب نکیرین بتاتے ہیں۔ انکے سوال تین ہیں۔ من ربک، تیرا رب کون؟ مادینک، تیرا دین کیا ہے؟ ما کنت تقول فی ھذا الرجل، تو ان مرد یعنی حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے باب میں کیا اعتقاد رکھتا تھا؟ اب اذان کی ابتداء میں، اللہ اکبر، اللہ اکبر، اللہ اکبر، اللہ اکبر اشھد ان لا الہ الا اللہ، اشھد ان لا الہ الا اللہ، اور

۱۰۱۷۔ الصحیح لمسلم، کتاب الجنائز، ۳۰۰/۱
الجامع للترمذی، باب ما جاء تلقین المریض عند الموت، ۱۱۷/۱
السنن لابی داؤد، کتاب الجنائز باب فی التلقین، ۴۴۴/۲
السنن لابن ماجہ، باب ما جاء فی تلقین المیت، ۱۰۵/۱
السنن الکبری للبیہقی، ۳۸۳/۳ ☆ المعجم الکبیر للطبرانی، ۲۳۳/۱۰
مجمع الزوائد للھیثمی، ۳۲۳/۲ ☆ اتحاف السادۃ للزبیدی، ۱۱/۵
کنز العمال للمتقی، ۴۲۱۶۰، ۹۸/۹ ☆ حلیۃ الاولیاء لابی نعیم، ۳۱۰/۳
المسند للعقیلی، ۷۳/۳ ☆ کامل لابن عدی، ۲۷۷/۵
الدر المنثور للسیوطی، ۲۹۸/۳ ☆ المعجم الکبیر للطبرانی، ۱۲۵/۲
الجامع الصغیر للسیوطی، ۴۴۸/۲ ☆

آخر میں " الله اکبر ، الله اکبر "سوال من ربك، کا جواب سکھائیں گے۔ان کے سننے سے یاد آئے گا کہ میرا رب اللہ ہے۔ اور اشهد ان محمد رسول الله ، اشهد ان محمد رسول الله ،سوال " ما کنت تقول فی هذا الرجل "کا جواب تعلیم کریں گے کہ میں انہیں اللہ کا رسول جانتا تھا۔ اور حی علی الصلاة ، حی علی الفلاح ، جواب "ما دینك "کی طرف اشارہ کریں گے کہ میرا دین وہ تھا جس میں نماز رکن وستون ہے کہ " الصلوۃ عماد الدین " تو بعد دفن اذان دینا اس ارشاد کی تعمیل ہے جو حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس حدیث صحیح متواتر مذکور میں فرمایا۔　　فتاوی رضویہ ۲/۶۶۹

(۲) رزق مکمل ہونے سے پہلے موت نہیں آتی

۱۰۱۸۔ **عن** عبد الله بن مسعود رضی الله تعالیٰ عنه قال : قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : اِنَّ رُوْحَ الْقُدُسِ نَفَثَ فِي رُوْعِي أَنَّ نَفْسًا لَنْ تَمُوْتَ حَتّٰى تَسْتَكْمِلَ رِزْقَهَا۔

حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک روح القدس نے میرے باطن میں وحی کی کہ کوئی جاندار نہ مرے گا جب تک اپنا رزق پورا نہ کرے۔　　الکوکبۃ الشہابیہ ۲۲

(۳) موت سے مسلمان کے گناہ مٹتے ہیں

۱۰۱۹۔ **عن** أنس بن مالك رضی الله تعالیٰ عنه قال : قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : اَلْمَوْتُ كَفَّارَةٌ لِكُلِّ مُسْلِمٍ۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: موت کفارۂ گناہ ہے ہر مسلمان کیلئے۔ اہلاک الوہابیین ۱۹

۱۰۱۸۔ اتحاف السادة للزبیدی، ۸/۱۰۹ ☆ الجامع الصغیر للسیوطی، ۱/۱۳۸
الترغیب و الترهیب للمنذری، ۶/۵۳٤ ☆

۱۰۱۹۔ الجامع الصغیر للسیوطی، ۲/۵۵۳ ☆ اتحاف السادة للزبیدی، ۱/۲۲۷
کنز العمال للمتقی، ٤۲۱۲۲، ۱۵/۵٤۸ ☆ تاریخ بغداد للخطیب، ۱/۲۲۷
تاریخ اصفهان لابی نعیم، ۲/۲۳۱ ☆

(۴) جمعہ کی رات اور دن میں انتقال کی فضیلت

۱۰۲۰۔ **عن** جابر بن عبد الله رضی الله تعالیٰ عنهما قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: مَنْ مَاتَ لَيْلَةَ الْجُمُعَةِ أَوْ يَوْمَ الْجُمُعَةِ أُجِيْرَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَجَاءَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَعَلَيْهِ طَابِعُ الشُّهَدَاءِ۔　　جد الممتار ۱/۴۰۸

حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص جمعہ کی رات یا دن میں انتقال کر جائے اسکو عذاب قبر سے محفوظ کر دیا جاتا ہے اور وہ قیامت کے دن اس حال میں آئے گا کہ اس پر شہداء کی مہر لگی ہوگی۔۱۲م

(۵) روح قبض ہونے کے بعد کیا کیا جائے؟

۱۰۲۱۔ **عن** أم سلمة رضی الله تعالیٰ عنها قال: دخل رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم علی ابی سلمة و قد شق بصره فاغمضه ثم قال: اِنَّ الرُّوْحَ اِذَا قُبِضَ تَبِعَهُ الْبَصَرُ فَضَجَّ نَاسٌ مِنْ اَهْلِهٖ فَقَالَ: لَا تَدْعُوْ عَلٰی اَنْفُسِكُمْ اِلَّا بِخَيْرٍ، فَاِنَّ الْمَلَائِكَةَ يُؤَمِّنُوْنَ عَلٰی مَاتَقُوْلُوْنَ، ثم قال: اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِاَبِیْ سَلْمَةَ وَ ارْفَعْ دَرَجَتَهٗ فِی الْمَهْدِيِّيْنَ وَ اخْلُفْهُ فِیْ عُقْبَةِ الْغَابِرِيْنَ وَاغْفِرْ لَنَا وَ لَهٗ يَا رَبَّ الْعَالَمِيْنَ وَ افْسَحْ لَهٗ فِیْ قَبْرِهٖ وَ نَوِّرْ لَهٗ فِيْهِ۔

حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حضرت ابو سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے جنازہ پر حاضر ہوئے تو دیکھا کہ آپکی آنکھیں کھلی ہیں تو

۱۰۲۰۔ المصنف لعبد الرزاق، ۶۵۹۵، ۳/۲۶۹ ☆ کشف الخفاء للعجلونی، ۲/۳۱۸
المسند للربیع بن حبیب، ۳/۱۳ ☆ المسند لاحمد بن حنبل، ۲/۱۷۶
کنز العمال للمتقی، ۲۱۰۸۳، ۷/۷۱۹ ☆ حلیة الاولیاء لابی نعیم، ۳/۱۵۵
اتحاف السادة للزبیدی، ۳/۲۱۷، ☆ مجمع الزوائد للهیثمی، ۲/۳۱۹
جامع مسانید ابی حنیفه، ۱/۱۵۷ ☆ المسند لابی حنیفة، ۵۸
۱۰۲۱۔ الصحیح لمسلم، الجنائز، ۱/۳۰۰ ☆
السنن لابی داؤد، باب تغمیض المیت، ۲/۲۴۴
المسند لاحمد بن حنبل، ۶/۲۹۷ ☆ السنن الکبری للبیهقی، ۳/۳۸۴
کنز العمال للمتقی، ۴۲۱۷۲، ۱۵/۵۶۱ ☆ جمع الجوامع للسیوطی، ۵۵۷۲،
اتحاف السادة للزبیدی، ۵/۱۰۳ ☆ تلخیص الحبیر لابن حجر، ۲/۱۰۵

آپ نے انکو اپنے دست مبارک سے بند فرمادیا اور ارشاد فرمایا: جب روح قبض ہوجاتی ہے تو نگاہ پیچھے پیچھے اسے دیکھتی جاتی ہے۔ یہ سن کر اہل خانہ چیخ کر آواز سے رونے لگے۔ تو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنی طرف سے بھلائی کے علاوہ بین کرنے میں کوئی دوسرا کلمہ نہ نکالو کہ ملائکہ تمہاری باتوں پر آمین کہتے ہیں۔ پھر دعا کی: اے اللہ! ابوسلمہ کی مغفرت فرما۔ ہدایت یافتہ لوگوں میں انکا درجہ بلند فرما۔ باقی ماندہ لوگوں میں کسی کو انکا جانشین بنا۔ اے رب العالمین! انکی اور ہماری مغفرت فرما اور انکی قبر کو کشادہ اور منور فرما۔

فتاوی رضویہ ۱۹/۴

(٦) نابالغ بچوں کے مرنے پر اجر

١٠٢٢۔ **عن** أنس بن مالك رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: مَا مِنْ مُسْلِمٍ يَمُوتُ لَهُ ثَلٰثَةٌ لَمْ يَبْلُغُوا الْحِنْثَ اِلَّا أَدْخَلَهُ اللّٰهُ الْجَنَّةَ بِفَضْلِ رَحْمَتِهٖ اِيَّاهُمْ۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس مسلمان کے تین بچے نابالغی میں مریں گے اللہ تعالیٰ اسے جنت میں داخل فرمائے گا اس رحمت کی زیادت سے جوان بچوں پر کریگا۔

١٠٢٣۔ **عن** عتبة بن عبد السلمی رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: مَا مِنْ مُسْلِمٍ يَمُوتُ لَهُ ثَلٰثَةٌ مِنْ وُلْدٍ لَمْ يَبْلُغُوا الْحِنْثَ اِلَّا تَلَقَّوْهُ مِنْ أَبْوَابِ الْجَنَّةِ الثَّمَانِيَةِ مِنْ أَيِّهَا شَاءَ دَخَلَ۔

حضرت عتبہ بن عبد سلمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس مسلمان کے تین بچے نابالغ مریں گے وہ جنت کے آٹھوں دروازہ سے اسکا استقبال کریں گے کہ جس سے چاہے داخل ہو۔

١٠٢٢۔ الجامع الصحیح للبخاری، باب ما قیل فی الاولاد المسلمین، ١٨٤/١
السنن للترمذی، باب ما جاء فی ثواب من قدم ولدا، ١٢٦/١
السنن لابن ماجه، باب ما جاء فی ثواب من اصیب بولده، ١١٦/١
کنز العمال للمتقی، ٦٥٦٠، ٢٨٢/٣ ☆ التمهید لابن عبد البر ١٨٦/٧
الترغیب و الترهیب للمنذری، ٧٤/٣ ☆ الجامع الصغیر للسیوطی، ٤٩٥/٢

١٠٢٣۔ السنن لابن ماجه، باب ما جاء فی ثواب من اصیب بولده، ١١٦/١

١٠٢٤ ـ **عن** معاذ بن جبل رضى الله تعالىٰ عنه قال : قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم : مَا مِنْ مُسْلِمٍ يَمُوْتُ لَهٗ ثَلٰثَةٌ مِنْ وُلْدٍ يَبْلُغُوا الْحِنْثَ اِلَّا تَلَقَّوْهُ مِنْ اَبْوَابِ الْجَنَّةِ الثَّمَانِيَةِ مِنْ اَيِّهَا شَآءَ دَخَلَ ، فقالو : يا رسول الله ! او اثنان ، قالْ : اَوْ اِثْنَان ، قالوا : او واحد ، قال : اَوْ وَاحِدٌ ، ثم قال : وَالَّذِى نَفْسِى بِيَدِهٖ اِنَّ السِّقْطَ لَيَجُرُّ اُمَّهٗ بِسُرَرِهٖ اِلَى الْجَنَّةِ اِذَا احْتَسَبَتْهُ ـ

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس مسلمان کے تین بچے نابالغ مریں گے وہ جنت کے آٹھوں دروازوں سے اسکا استقبال کریں گے کہ جس سے چاہے داخل ہو۔ صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین نے عرض کیا: یا رسول اللہ! یا دو، فرمایا: یا دو، عرض کیا: یا ایک، فرمایا: یا ایک، پھر فرمایا: قسم اسکی جسکے ہاتھ میں میری جان ہے کہ کچا بچہ جو گر جاتا ہے اگر ثواب الٰہی کی امید میں اسکی ماں صبر کرے تو وہ اپنی نال سے اپنی ماں کو جنت میں کھینچ لے جائے گا۔

١٠٢٥ ـ **عن** ابی موسی الاشعری رضى الله تعالىٰ عنه قال : قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم : اِذَا مَاتَ وَلَدُ الْعَبْدِ قَالَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ لِمَلآئِكَتِهٖ: قَبَضْتُمْ وَلَدَعَبْدِى فَيَقُوْلُوْنَ : نَعَمْ ، فَيَقُوْلُ : قَبَضْتُمْ ثَمْرَةَ فُؤَادِهٖ فَيَقُوْلُوْنَ : نَعَمْ ، فَيَقُوْلُ : مَاذَا قَالَ عَبْدِى؟ فَيَقُوْلُوْنَ: حَمِدَكَ وَاسْتَرْجَعَ ، فَيَقُوْلُ : اَبْنُوا لِعَبْدِى بَيْتًا فِى الْجَنَّةِ وَسَمُّوْهُ بَيْتَ الْحَمْدِ ـ

حضرت ابوموسی اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب مسلمان کا بچہ مرتا ہے تو اللہ تعالیٰ فرشتوں سے فرماتا ہے: تم نے میرے بندے کے بچے کی روح قبض کرلی۔ عرض کرتے ہیں: ہاں۔ فرمایا: تم نے اسکے دل کا پھل توڑلیا؟ عرض کرتے ہیں: ہاں، فرماتا ہے: پھر میرے بندے نے کیا کہا،؟ عرض کرتے ہیں: تیرا شکر کیا اور " انا للہ و انا الیہ راجعون " پڑھا۔ فرماتا ہے میرے بندے کیلئے جنت میں ایک گھر بناؤ اور اسکا نام حمد کا مکان رکھو۔

فتاوی رضویہ حصہ اول ۹/۱۴۱

١٠٢٤ ـ المسند لاحمد بن حنبل، ٥١٠/٢ ☆ المعجم الكبير للطبرانى، ٢٩٩/٢٠
١٠٢٥ ـ المسند لاحمد بن حنبل، ٤١٥/٤ ☆ الجامع الصغير للسيوطى، ٥٩/١

(۷) جو جس حال میں مریگا اسی پر اٹھیگا

۱۰۲۶۔ **عن** جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال : قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم : مَنْ مَاتَ عَلیٰ شَیْءٍ بَعَثَهُ اللّٰهُ عَلَیْهِ ۔

حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو جس حال میں مریگا اللہ تعالیٰ اسے اسی حال میں اٹھائے گا۔

﴿۲﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

افسوس ان مسلمانوں پر جو مسلمانوں کی مخالفت میں ہندوؤں کا ساتھ دیں اور انکی جماعت بڑھادیں، انکا نفع چاہیں، مسلمانوں کو نقصان پہونچائیں خصوصاً وہ بھی ایسی بات میں جسکی بنا مذہبی کام پر ہو ان لوگوں کو توبہ کرنا چاہیئے ورنہ اندیشہ کریں کہ اسی حالت میں موت آ گئی تو حشر بھی ہندوؤں کے ساتھ ہوگا۔　　فتاوی رضویہ حصہ دوم ۹/۳۱

۱۰۲۶۔ المسند لاحمد بن حنبل، ۳/۳۱٤ ☆ المستدرک للحاکم، ٤/۳۱۳
التفسیر للبغوی، ٤/٦٤ ☆ کنز العمال للمتقی، ۱۵۰٤۲۷۲۱/٦۸۱
السلسلة الصحیحة للالبانی، ۲۸۳ ☆ الفقیه والمتفقه للخطیب، ۱/۲۹

٢۔ تجہیز و تکفین و تدفین

(١) غسل و کفن

١٠٢٧۔ **عن** ام عطية رضى الله تعالىٰ عنها قالت : لما دخل علينا النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم و نحن نغتسل ابنته فقال : اغسلنها ثلثلا و خمسا او اكثر من ذلك ان رأيتن ذلك بماء وسدرو اجعلن فى الآخرة كافورااو شيئامن كافور فاذا فرغتن فاذنني، فلما فرغنا اذنا ه فالقى علينا هقوه فقال : اِشعِرنَّهَا اِيَّاهُ ۔

حضرت ام عطیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہمارے پاس تشریف لائے جب ہم آپ کی صاحبزادی (حضرت زینب یا حضرت ام کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہما) کو غسل دے رہے تھے۔ سرکار نے فرمایا: انکو تین یا پانچ یا اس سے زیادہ مرتبہ غسل دینا۔ خواہ صاف پانی سے یا بیری کے پتوں کو جوش دیکر اور بعد میں کافور لگانا۔ پھر جب فارغ ہوجاؤ تو مجھے بتانا۔ جب ہم فارغ ہوئے تو ہم نے بتایا۔ سرکار نے ہمیں تہبند عطا فرمایا کہ انکے بدن سے متصل رکھنا۔

فتاویٰ رضویہ ٤/١٣٠

(٢) کفن میں لکھ کر رکھنے کی دعا

١٠٢٨۔ **عن** بعض الصحابة رضى الله تعالىٰ عنه قال:قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: مَنْ كَتَبَ هٰذِهِ الدُّعَاءِ وَجَعَلَهُ بَيْنَ صَدْرِ الْمَيِّتِ وَكَفَنِهٖ فِى رُقعةٍ لَم يَنَلْهُ عَذَابُ الْقَبْرِ وَلَا يَرٰى مُنْكَرًا وَ نَكِيْرًا وَهُوَ هٰذَا " لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحدَهٗ لَاشَرِيْكَ لَهٗ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ لَا اِلٰهَ اِلَّااللّٰهُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ"۔　فتاویٰ رضویہ ٤/١٢٨

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے یہ دعا لکھی اور ایک کپڑے

١٠٢٧۔ الصحيح لمسلم، كتاب الجنائز، ١/٣٠٤
الجامع الصحيح للبخارى، باب نقض شعر المرأة، ١/١٦٨

١٠٢٨۔ السلسلة الضعيفة للالبانى، ٤١٦ ☆ نوادر الاصول للحكيم للترمذى،

پر لپیٹ کر میت کے سینہ پر رکھی تو اسکو نہ عذاب قبر ہو اور نہ منکر نکیر کو دیکھے ۔ وہ دعا یہ ہے " لا اله الا الله والله اكبر ، لا اله الا الله وحده لا شريك له ، لا اله الاالله له الملك وله الحمد ، لا اله الاالله ولا حول ولا قوة الا بالله العلى العظيم ۔" ۱۲م

(۳) جنازہ میں جلدی کرو

۱۰۲۹۔ **عن** حصين بن دحدح الانصارى رضى الله تعالىٰ عنه قال : قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: عَجِّلُوا فَاِنَّهٗ لَا يَنْبَغِىْ لِجِيْفَةِ مُسْلِمٍ اَنْ تُحْبَسَ بَيْنَ ظَهْرَانَىْ اَهْلِهٖ ۔

حضرت حصین بن دحدح انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جلدی کرو کہ مسلمان مردے کو روکنا نہ چاہئے۔

۱۰۳۰۔ **عن** عبدالله بن عمر رضى الله تعالىٰ عنهما قال : قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم : اِذَا مَاتَ اَحَدُكُمْ فَلَا تَحْبِسُوْهُ وَاسْرَعُوْا بِهٖ اِلٰى قَبْرِهٖ ۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب تم میں کوئی مرے تو اسے نہ روکو اور جلدی دفن کو لے جاؤ۔

﴿۱﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

لہذا علماء فرماتے ہیں: کہ اگر روز جمعہ پیش از جمعہ جنازہ تیار ہو گیا تو جماعت کثیرہ کے انتظار میں دیر نہ کریں ۔ پہلے ہی دفن کردیں ۔ اس مسئلہ کا بہت لحاظ رکھنا چاہئے کہ آج کل عوام میں اسکے خلاف رائج ہے۔ جنہیں کچھ سمجھ ہے وہ تو اسی جماعت کثیرہ کے انتظار میں روکے رکھتے ہیں ۔ اور نرے جہال نے اپنے جی سے اور باتیں تراشی ہیں کوئی کہتا ہے کہ میت بھی جمعہ کی نماز میں شریک ہو جائے ۔ کوئی کہتا ہے نماز کے بعد دفن کریں گے تو میت کو ہمیشہ جمعہ ملتا رہیگا۔ یہ سب بے اصل اور خلاف مقصد شرع ہیں ۔

فتاوی رضویہ ۴/ ۵۰

۱۰۲۹۔ السنن لابى داؤد ، كتاب الجنائز ، باب تعجيل الجنازة ، ۲/ ۴۵۰

۱۰۳۰۔ المعجم الكبير للطبرانى ، ۱۲/ ۴۴۴ ☆ اتحاف السادة للزبيدى ، ۱۰/ ۲۷۰
الدر المنثور للسيوطى ، ۱/ ۳۸ ☆ مجمع الزوائد للهيثمى ، ۳/ ۴۴
كنز العمال للمتقى ، ۴۲۳۹۰ ، ۱۵/ ۸۵۲ ☆

(۴) اچھا کفن دو اور میت کا دَین جلد ادا کرو

۱۰۳۱۔ **عن** أم المؤمنين أم سلمة رضى الله تعالىٰ عنها قالت : قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم : أَحْسِنُوا الْكَفَنَ وَلَا تُوذُوا مَوْتَاكُمْ بِعَوِيلٍ ، ولا تَاخِيرِ وَصِيَّةٍ وَلَا بِقَطِيْعَةٍ ، وَعَجِّلُوا قَضَاءَ دَيْنِهِ وَاعْزِلُوا عَنْ جِيْرَانِ السُّوْءِ۔

ام المؤمنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اچھا کفن دو، اور اپنی میت کو چلا کر رونے، یا اسکی وصیت میں دیر لگانے، یا قطع رحم کرنے سے ایذا نہ پہونچاؤ۔ اور اسکا قرض جلد ادا کرو، اور برے ہمسائے سے الگ رکھو۔

﴿۲﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

یعنی قبور کفار واہل بدعت وفسق کے پاس دفن نہ کرو۔

فتاوی رضویہ، ۴/۲۶۱

(۵) میت کے کنگھی کرنا ممنوع ہے

۱۰۳۲۔ **عن** أم المؤمنين عائشة الصديقة رضى الله تعالىٰ عنها انها سئلت عن الميت يسرح رأسه فقالت : علام تنصون ميتكم ۔ فتاوی رضویہ ۱۰/۱۷۴

ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ آپ سے میت کے بارے میں پوچھا گیا کہ کیا کنگھی کی جاسکتی ہے؟ تو آپ نے فرمایا: کس لئے اپنی میت کو تکلیف پہونچاؤ گے۔ ۱۲م

۱۰۳۳۔ **عن** أم المؤمنين عائشة الصديقة رضى الله تعالى عنها انها رأت امراة يكدون رأسها بمشط فقالت : علام تنصون ميتكم۔

فتاوی رضویہ، ۱۰/۱۷۴

ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ آپ نے دیکھا

۱۰۳۱۔ المسند الفردوس للديلمى، ۳۱۸

۱۰۳۲۔ كتاب الآثار للمحمد، باب الجنائز و غسل الميت، ۴۶

۱۰۳۳۔ المصنف لعبد الرزاق، باب شعر الميت و اظفاره، ۳/۴۳۷

کہ ایک عورت کے جنازہ کو کنگھی کی جارہی ہے تو آپ نے فرمایا: کس لئے اپنی مت کو تکلیف پہونچارہے ہو۔۱۲م

(٦) جنازہ کے ساتھ کیا پڑھے

١٠٣٤ ـ **عن** عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال: لم یکن یسمع من رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وھو یمشی خلف الجنازۃ الا قول " لا الہ الا اللہ"۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب بھی کسی جنازہ کے پیچھے چلتے تو 'لا الہ الا اللہ' پڑھتے۔ فتاوی رضویہ ۵/۴

(٧) میت کو قبر میں اتارے تو کیا پڑھے

١٠٣٥ ـ **عن** سعید بن المسیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: حضرت مع بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما فی جنازۃ فلما وضعھا فی اللحد قال: بسم اللہ و فی سبیل اللہ وعلی ملۃ رسول اللہ ، فلما اخذ فی تسویۃ اللبن علی اللحد قال: اللھم اجرھا من الشیطان ومن عذاب القبر ، اللھم جاف الارض عن جنبھا وصعد روحھا ولقھا منک رضوانا ، قالت: یا ابن عمر ، أ شیء سمعتہ من رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ام قلتہ برأیک؟ قال: إنی إذا لقادر علی القول بل شیء سمعتہ من رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

حضرت سعید بن مسیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے ساتھ ایک جنازہ میں حاضر ہوا۔ جب آپ نے اسکو قبر میں رکھا تو " بسم اللہ وفی سبیل اللہ وعلی ملۃ رسول اللہ" پڑھا۔ جب اینٹیں دی جانے لگیں تو آپ نے دعا کی: اے اللہ! اسکو شیطان سے محفوظ رکھ اور عذاب قبر سے۔ اے اللہ زمین کو اسکے دونوں پہلوؤں سے کشادہ فرما۔ اسکی روح بلند فرما اور اسکو اپنی شرف لقا سے مشرف فرما اس حال میں کہ تو اس سے راضی ہو۔ میں نے کہا: اے ابن عمر! کیا اس سلسلہ میں تم نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے کچھ سنا ہے یا خود اپنی رائے سے یہ دعائیہ کلمات کہہ رہے ہو؟ آپ نے فرمایا:

بلاشبہ میں اس طرح کی دعا پر قادر ہوں۔ لیکن میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے سنا۔
فتاوی رضویہ ۲/ ۶۷۰

(۸) میت قبر میں رکھ کر دعا کرنا

۱۰۳۶۔ **عن** عمرو بن مرة رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: کانوا یستحبون اذا وضع المیت فی اللحد ان یقولوا: اللھم اعذہ من الشیطان الرجیم۔

حضرت عمرو بن مرہ تابعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ صحابہ یا تابعین عظام مستحب جانتے تھے کہ جب میت کو لحد میں رکھا جائے تو دعا کریں: الہی! اسے شیطان رجیم سے پناہ دے۔

۱۰۳۷۔ **عن** خیثمة رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: کانوا یستحبون اذا وضعوا المیت ان یقولوا: بسم اللہ وفی سبیل اللہ وعلی ملة رسول اللہ، اللھم اجرہ من عذاب القبر وعذاب النار ومن شر الشیطان الرجیم۔

حضرت خیثمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ صحابۂ کرام یا تابعین عظام مستحب جانتے تھے کہ جب میت کو دفن کریں تو یوں کہیں: اللہ کے نام سے اللہ کی راہ میں اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ملت پر، الہی اسے عذاب قبر وعذاب دوزخ اور شیطان ملعون کے شر سے پناہ بخش۔
فتاوی رضویہ ۲/ ۶۷۰

(۹) جنازہ کے ساتھ آگ نہ لے جاؤ

۱۰۳۸۔ **عن** عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ انہ قال قال لابنہ وھو فی سیاق الموت! اذا انا مت فلا تصاحبنی نائحة ولا نارا۔ فتاوی رضویہ ۴/ ۱۴۱

حضرت عمرو بن عاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے اپنے بیٹے سے موت سے کچھ قبل فرمایا: جب میں مر جاؤں تو میرے جنازہ کے ساتھ نہ کوئی رونے والی جائے اور نہ آگ۔ ۱۲م

۱۰۳۶۔ نوادر الاصول للحکیم للترمذی، الفصل التاسع الاربعون، ۲۲۳
۱۰۳۷۔ المصنف لابن ابی شیبہ، ما قالوا اذا وضع المیت فی قبرہ، ۳/ ۳۲۹
۱۰۳۸۔ الصحیح لمسلم، کتاب الایمان، ۱/ ۷۶

(۱۰) جنازے میں عورتیں شریک نہ ہوں

۱۰۳۹۔ **عن** عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ انہ رأی نسوۃ فی جنازۃ فقال : ارجعن مأزورات غیر مأجورات ، فکن لتفتن الاحیاء وتوذینا الاموات ۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ایک جنازہ میں کچھ عورتیں دیکھیں تو ارشاد فرمایا: پلٹ جاؤ، گناہ سے بوجھل ثواب سے اوجھل۔ تم زندوں کو فتنوں میں ڈالتی ہو اور مردوں کو اذیت دیتی ہو۔　　فتاوی رضویہ ۴/۲۶۰

(۱۱) معظم دینی وبزرگوں کے کپڑوں سے کفن دینا بہتر ہے

۱۰۴۰۔ **عن** سہل بن سعد الساعدی رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: ان امرأۃ جائت الی النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ببردۃ منسوجۃ فیہا حاشیتان ، تدرون ما البردۃ ؟ قالوا : الشملۃ ، قال : نعم ، قالت: نسجتہا بیدی فجیئت لاکسو کہا فاخذ ہا النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم محتا جا الیہا فخرج الینا وانہا ازارہ فحسنہا فلان فقال : اکسنیہا ما احسنہا ، فقال القوم : ما احسنت لبسہا النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم محتا جا الیہا ثم سالتہ وعلمت انہ لا یرد ، قال : انی واللہ ما سالتہ لا بسہ وانما سالتہ لتکون کفنی ، قال سہل ، فکانت کفنہ ۔

حضرت سہل بن سعد ساعدی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک بی بی نے حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک تہبند اپنے ہاتھ سے نہایت خوبصورت بن کر پیش کیا۔ سرکار کو اس وقت ضرورت تھی قبول فرمالیا۔ اس تہبند کو باندھ کر ہمارے درمیان تشریف فرما ہوئے کہ اتنے میں ایک صحابی (حضرت عبدالرحمٰن بن عوف یا حضرت سعد بن ابی وقاص) نے تعریف کرتے ہوئے اسکو طلب کرلیا۔ حضور اجود الاجودین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے عطا فرمایا۔ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے انہیں ملامت کی کہ اس وقت اس ازار شریف کے سوا حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس اور تہبند نہ تھا اور آپ جانتے ہیں کہ حضور اکرم الکرماء صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کبھی سائل کو رد نہیں فرماتے۔ پھر آپ

۱۰۳۹۔ السنن لسعید بن منصور، 　　شرح الصدور، ۲۷۸

۱۰۴۰۔ الجامع الصحیح للبخاری، 　　باب من استعد الکفن الخ، ۱/۱۷۰

نے کیوں مانگ لیا؟ انہوں نے کہا: واللہ میں نے استعمال کو نہ لیا بلکہ اس لئے کہ اس میں کفن دیا جاوں۔ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انکی اس نیت پر انکار نہ فرمایا۔ آخر اسی میں کفن دیئے گئے۔

(۱۲) حضور نے حضرت علی کی والدہ کو اپنی قمیص میں کفن دیا

۱۰۴۱۔ **عن** عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال: لما ماتت فاطمة ام علی رضی اللہ تعالیٰ عنہما خلع رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم قمیصه والبسها ایاہ واضطجع فی قبرها فلما سوی علیها التراب قال بعضهم: یا رسول اللہ ! رأیناك صنعت شیئا لم تصنعه باحد، قال: اِنِّی اَلْبَسْتُهَا قَمِيْصِي لِتَلْبَسَ مِنْ ثِيَابِ الْجَنَّةِ فَاضْطَجَعْتُ مَعَهَا فِي قَبْرِهَا لِاُخَفِّفَ عَنْهَا مِنْ ضُغْطَةِ الْقَبْرِ اِنَّهَا كَانَتْ اَحْسَنَ خَلْقِ اللهِ صَنْعًا اِلَيَّ بَعْدَ اَبِي طَالِبٍ۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ جب حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم کی والدہ حضرت فاطمہ بنت اسد رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا انتقال ہوا تو حضور نے اپنی قمیص مبارک انکے کفن کے لئے عطا فرمائی اور قبر میں اترے۔ جب مٹی برابر کی جا چکی تو بعض صحابہ کرام نے عرض کی: یا رسول اللہ! ہم نے آج آپ سے ایسا کام دیکھا جو آپ نے اس سے پہلے کبھی نہیں کیا۔ ارشاد فرمایا: میں نے اپنی قمیص کفن میں اس لئے عنایت کی تاکہ یہ جنت کا لباس پہنیں پھر انکی قبر میں اترا، تاکہ قبر کے عذاب سے محفوظ رہیں کہ یہ ابو طالب کے بعد مجھ پر مخلوق خدا میں سب سے زیادہ احسان کرنے والی تھیں۔

(۱۳) عبداللہ بن اُبی منافق کے کفن کے لئے حضور نے قمیص دی

۱۰۴۲۔ **عن** عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال: ان عبداللہ بن ابی لما توفی جاء ابنه الی النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم فقال: اعطنی قمیصك اکفنه فیه وصل علیه واستغفر له فاعطاہ قمیصه فقال: آذنی اصل علیه فاذنه فلما اراد ان یصلی علیه جذبه عمر فقال: الیس اللہ نهاك ان تصلی علی المنافقین فقال:

۱۰۴۱۔ مجمع الزوائد للهیثمی، ۲۵۷/۹ ☆ کنز العمال للمتقی، ۳۴۴۲۴
۱۰۴۲۔ الجامع الصحیح للبخاری، باب الکفن فی القمیص الذی الخ، ۱۶۹/۱

انا بین خیر تین۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ عبداللہ بن ابی رئیس المنافقین جب مرا تو اسکے بیٹے حضرت عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے اور عرض کیا مجھے اپنی قمیص مبارک عطا فرمائیں کہ میں اپنے والد کو اس میں کفن دوں اور آپ اسکی نماز جنازہ پڑھیں اور مغفرت کی دعا کریں۔ چنانچہ حضور نے قمیص مبارک عطا فرمائی اور فرمایا: مجھے اطلاع دینا میں نماز جنازہ پڑھونگا۔ لہذا اطلاع آنے پر حضور نے جانے کا ارادہ فرمایا۔ حضرت عمر نے روکا کہ آپ اس منافق پر کیسے نماز پڑھیں گے جبکہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو منع فرمادیا ہے۔ سرکار نے فرمایا: مجھے پڑھنے نہ پڑھنے کا اختیار دیا گیا ہے۔

۱۰۴۳۔ **عن** جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: اتی النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم عبداللہ بن ابی بعد ما دفن فاخرجہ فنفث فیہ من ریقہ والبسہ قمیصہ۔

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم عبداللہ بن ابی کے یہاں اس وقت تشریف لائے جب کہ وہ دفن کیا جاچکا تھا۔ آپنے اسکو نکلوایا اور اپنا لعاب دہن اس پر ڈالکر قمیص مقدس بھی عطا کی۔

﴿۴﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

یہ بدلہ اسکا تھا کہ روز بدر جب سیدنا عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ تعالیٰ عنہما گرفتار آئے برہنہ تھے۔ بوجہ طویل قامت کسی کا کرتہ ٹھیک نہ آتا تھا۔ اس مردک نے انہیں اپنا قمیص دیا تھا۔ حضور عزیز غیور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نہ چاہا کہ منافق کا کوئی احسان حضور کے اہل بیت کرام پر بے معاوضہ رہ جائے۔ لہذا آپنے دو قمیصیں مبارک اسکے کفن میں عطا فرمائے۔ نیز مرتے وقت وہ ریا کار نفاق شعار خودعرض کر گیا تھا کہ حضور مجھے اپنی قمیص مبارک میں کفن دیں۔ پھر اسکے بیٹے حضرت عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے درخواست کی۔ اور ہمارے کریم علیہ افضل الصلوۃ والتسلیم کا داب قدیم ہے کہ کسی کا سوال رد نہیں فرماتے۔ پھر حکمت الٰہی

۱۰۴۳۔ الجامع الصحیح للبخاری، باب الکفن فی القمیص، ۱/۱۶۹

اس عطائے بے مثال میں یہ ہوئی کہ حضور رحمۃ للعالمین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی یہ شان رحمت دیکھ کر کہ اپنے کتنے بڑے دشمن کو کیسا نوازا ہے۔ ہزار آدمی قوم ابن ابی سے مشرف بہ اسلام ہوئے کہ واقعی یہ حلم ورحمت وعفو ومغفرت نبی برحق کے سوا دوسرے سے متصور نہیں۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہ و صحبہ اجمعین وبارك وسلم ۔

فتاوی رضویہ ۴/۱۳۰

(۱۴) بعد دفن دعا پڑھو

۱۰۴۴۔ **عن** عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنه قال : کان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم یقف علی القبر بعدما سوی علیه فیقول : اَللّٰهُمَّ! نَزَلَ بِكَ صَاحِبُنَا وَخَلَفَ الدُّنْیَا خَلْفَ ظَهْرِهٖ ، اَللّٰهُمَّ! ثَبِّتْ عِنْدَ الْمَسْئَلَةِ نُطْقَهٗ وَلَا تَبْتَلِهٖ فِیْ قَبْرِهٖ بِمَا لَا طَاقَةَ لَهٗ بِهٖ ۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی عادت کریمہ تھی کہ جب مردہ دفن ہو کر قبر درست ہو جاتی تو آپ قبر پر کھڑے ہو کر دعا کرتے۔ الٰہی! ہمارا ساتھی تیرا مہمان ہوا اور دنیا اپنے پس پشت چھوڑ آیا۔ الٰہی! سوال کے وقت اسکی زبان درست رکھ۔ اور قبر میں اس پر وہ بلا نہ ڈال جسکی اسے طاقت نہ ہو۔

(۱۵) بعد دفن استغفار کرو

۱۰۴۵۔ **عن** أمیر المؤمنین عثمان بن عفان رضی اللہ تعالیٰ عنه قال: کان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم اذا فرغ من دفن المیت وقف علیه قال: اِسْتَغْفِرُوْا لِاَخِیْكُمْ وَاسْئَلُوْا لَهٗ بِالتَّثْبِیْتِ فَاِنَّهُ الْاٰنَ یُسْئَلُ ۔

امیر المؤمنین حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب دفن سے فارغ ہوتے قبر پر وقوف فرماتے اور ارشاد کرتے: اپنے بھائی کے لئے استغفار کرو اور اسکے لئے جواب نکیرین میں ثابت قدم رہنے کی دعا مانگو کہ اب اس

۱۰۴۴۔ اتحاف السادۃ للزبیدی، ۱/۲۹۹ ☆ الدر المنثور للسیوطی، ۴/۸۲

۱۰۴۵۔ السنن لابی داود، کتاب الجنائز، باب الاستغفار عند القبر للمیت الخ، ۲/۴۵۹

المستدرك للحاکم، کتاب الجنائز، ۱/۳۷۰

الجامع الصغیر للسیوطی، ۲/۴۱۹

سے سوال ہوگا۔

﴿۴﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

ان حدیثوں سے ثابت کہ دفن کے بعد دعا سنت ہے۔ امام محمد بن علی حکیم ترمذی قدس سرہ الشریف دعا بعد دفن کی حکمت میں فرماتے ہیں: نماز جنازہ با جماعت مسلمین ایک لشکر تھا کہ آستانہ شاہی پر میت کی شفاعت اور عذر خواہی کے لئے حاضر ہوا اور اب قبر پر کھڑے ہوکر دعا، یہ اس لشکر کی مدد ہے کہ یہ وقت میت کی مشغولی کا ہے کہ اس نئی جگہ کا ہول اور نکیرین کا سوال پیش آنے والا ہے۔ اور میں گمان نہیں کرتا کہ یہاں استحباب دعا کا، عالم میں کوئی عالم منکر ہو۔ امام آجری فرماتے ہیں: مستحب ہے کہ دفن کے بعد کچھ دیر کھڑے رہیں اور میت کے لئے دعا کریں۔

اسی طرح اذکار امام نودی و جوہرۂ نیرہ و درمختار وفتاوی عالمگیری وغیرہا اسفار میں ہے۔ طرفہ یہ کہ امام ثانی منکرین یعنی مولوی اسحاق صاحب دہلوی نے مأۃ مسائل میں اسی سوال کے جواب میں کہ بعد دفن قبر پر اذان کیسی ہے۔

فتح القدیر و بحر الرائق ونہر الفائق وفتاوی عالمگیریہ سے نقل کیا کہ قبر کے پاس کھڑے ہو کر دعا سنت سے ثابت ہے اور براہ بزرگی اتنا نہ جانا کہ اذان خود دعا بلکہ بہترین دعا سے ہے کہ وہ ذکر الٰہی ہے اور ہر ذکر الٰہی دعا تو وہ بھی اسی سنت ثابتہ کی ایک فرد ہوئی پھر سنیت مطلق سے کراہت فرد پر استدلال عجب تماشا ہے۔ مولانا علی قاری علیہ رحمۃ الباری مرقاۃ شرح مشکوۃ میں فرماتے ہیں۔

کل دعاء ذکر و کل ذکر دعاء۔

ہر دعا ذکر ہے اور ہر ذکر دعا ہے۔

۱۰۴۶۔ **عن** جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: أَفْضَلُ الدُّعَاءِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ۔

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: سب دعاؤں سے افضل دعا الحمد للہ ہے۔

۱۰۴۶۔ الجامع للترمذی، باب ما جاء ان دعوۃ المسلم مستجابۃ، ۱۷۴/۲

۱۰۴۷۔ عن ابی موسی الاشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال : کنا مع النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فی سفر فجعل الناس یجھرون بالتکبیر فقال النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم : أَیُّھَا النَّاسُ ! أَرْبِعُوْا عَلیٰ أَنْفُسِکُمْ ، إِنَّکُمْ لَیس تَدْعُوْنَ أَصَمَّ وَلَا غَائِبًا ، إِنَّکُمْ تَدْعُوْنَہٗ سَمِیْعًا قَرِیْبًا وَھُوَ مَعَکُمْ ۔

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ سے روایت ہے کہ ہم حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ ایک سفر میں تھے۔لوگوں نے بلند آواز سے اللہ اکبر کہنا شروع کیا۔ حضور نے ارشاد فرمایا: اے لوگو! اپنی جانوں پر نرمی کرو۔تم کسی بہرے یا غائب سے دعا نہیں کرتے سمیع وبصیر سے دعا کرتے ہو۔

﴿۵﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

دیکھو! حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اللہ تعالیٰ کی تعریف اور خاص کلمہ اللہ اکبر کو دعا فرمایا۔تو اذان کے بھی ایک دعا اور فرد مسنون ہونے میں کیا شک رہا۔

فتاوی رضویہ ۲/۲

(۱۶) مردہ غسل دینے والے کو پہچانتا ہے

۱۰۴۸۔ عن عمرو بن دینار رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال : ما من میت یموت الا و ھو یعلم ما یکون فی اھلہ بعدہ و انھم یغسلونہ ویکفنونہ وانہ لینظر الیھم ۔

حضرت عمرو بن دینار رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ہر مردہ جانتا ہے کہ اسکے بعد اسکے گھر والوں میں کیا ہو رہا ہے۔لوگ اسے نہلاتے ہیں کفناتے ہیں اور وہ انہیں دیکھتا جاتا ہے۔

فتاوی رضویہ ۴/۲۵۷

۱۰۴۹۔ عن مجاھد رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال : اذا مات المیت فملک قابض نفسہ، فما من شئ الا وھو یراہ عند غسلہ و عند حملہ حتی یوصلہ الی قبرہ ۔

حضرت امام مجاہد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ جب مردہ مرتا ہے ایک فرشتہ اسکی روح ہاتھ میں لئے رہتا ہے۔نہلاتے اٹھاتے وقت جو کچھ ہوتا ہے سب کچھ دیکھتا جاتا

۱۰۴۷۔ الصحیح لمسلم، باب خفض الصوت بالذکر، ۲/۳۴۶

۱۰۴۸۔ شرح الصدور للسیوطی، ۳۹

۱۰۴۹۔ شرح الصدور للسیوطی، باب معرفۃ المیت، ۳۹

ہے یہاں تک کہ فرشتہ اسے قبر تک پہونچا دیتا ہے۔ فتاوی رضویہ ۴/ ۲۵۷

۱۰۵۰۔ **عن** عمر و بن دینار رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: ما من میت یموت الا روحه فی ید ملك ینظر الی جسده کیف یغسله و کیف یکفن و کیف یمشی به و یقال له وهو علی سریره اسمع ثناء الناس علیك۔

حضرت عمرو بن دینار رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ہر مردے کی روح ایک فرشتہ کے ہاتھ میں ہوتی ہے کہ اپنے بدن کو دیکھتی جاتی ہے کہ کیونکر غسل دیتے ہیں کس طرح کفن پہناتے ہیں کیسے لیکر چلتے ہیں۔ اور وہ جنازے پر ہوتا ہے کہ فرشتہ اس سے کہتا ہے سن تیرے حق میں بھلا یا برا کیا کہتے ہیں۔ فتاوی رضویہ ۴/ ۲۵۷

۱۰۵۱۔ **عن** بکر بن عبداللہ المزنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: بلغنی انه ما من میت یموت الا روحه فی ید ملك الموت فهم یغسلونه ویکفنونه وهو یری ما یصنع اهله فلم یقدر علی الکلام لینهاهم عن الرنة و العویل۔

حضرت بکر بن عبداللہ مزنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ مجھے حدیث پہونچی کہ جو شخص مرتا ہے اسکی روح ملک الموت کے ہاتھ میں ہوتی ہے۔ لوگ اسے غسل وکفن دیتے ہیں اور وہ دیکھتا ہے کہ اسکے گھر والے کیا کرتے ہیں وہ ان سے بول نہیں سکتا کہ انہیں شور وفریاد سے منع کرے۔ فتاوی رضویہ ۴/ ۲۵۷

۱۰۵۲۔ **عن** سفیان رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: ان المیت لیعرف کل شیٔ حتی انه لینا شد باللہ غاسله الا خففت علی قال: ویقال له وهو سریره اسمع ثناء الناس علیك۔ فتاوی رضویہ ۴/ ۲۵۷

حضرت سفیان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ بیشک مردہ ہر چیز کو پہچانتا ہے یہاں تک کہ اپنے نہلانے والے کو خدا کی قسم دیتا ہے کہ آسانی سے نہلانا اور یہ بھی فرمایا: اس سے جنازہ پر کہا جاتا ہے کہ سن لوگ تیرے بارے میں کیا کیا کہتے ہیں

۱۰۵۰۔ حلیة الاولیاء لابی نعیم، ۳/ ۳۴۹

۱۰۵۱۔ شرح الصدور للسیوطی باب معرفة المیت، ۳۹

۱۰۵۲۔ شرح الصدور للسیوطی باب معرفة المیت،

۱۰۵۳۔ **عن** عبدالرحمن بن ابی لیلیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: الروح بید الملك یمشی بہ مع الجنازۃ یقول لہ اسمع ما یقال لك الحدیث۔

حضرت عبدالرحمن بن ابی لیلیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ روح ایک فرشتہ کے ہاتھ میں ہوتی ہے کہ اسے جنازہ کے ساتھ لے کر چلتا اور کہتا ہے سن تیرے حق میں کیا کہا جاتا ہے۔

۱۰۵٤۔ **عن** ابن ابی نجیح رضی الہ تعالیٰ عنہ قال: ما من میت یموت الا روحہ فی ید ملك ینظر الی جسدہ کیف یغسل وکیف یکفن وکیف یمشی بہ الی قبرہ۔

حضرت ابن ابی نجیح رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ جو مردہ مرتا ہے اسکی روح ایک فرشتہ کے ہاتھ میں ہوتی ہے کہ اپنے بدن کو دیکھتی ہے۔ کیونکر نہلایا جاتا ہے۔ کیونکر کفن پہنایا جاتا ہے۔ اور کیونکر قبر کی طرف لے کر چلتے ہیں۔ فتاوی رضویہ ۴/ ۲۵۸

۱۰۵۵۔ **عن** ابی عبداللہ بکر المزنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: حدثت ان المیت لیستبشر بتعجیلہ الی المقابر۔

حضرت ابوعبداللہ بکر مزنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، کہ مجھ سے حدیث بیان کی گئی کہ دفن میں جلدی کرنے سے مردہ خوش ہوتا ہے۔

جعلنا اللہ بمنہ وکرمہ من المسرورین المستبشرین برحمتہ المریحین بالموت بجودہ۔ آمین، آمین۔ فتاوی رضویہ ۴/ ۲۵۸

(۱۷) نیک لوگوں کے قرب میں دفن کرو

۱۰۵٦۔ **عن** ابی ہریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ

۱۰۵۳۔ شرح الصدور للسیوطی، باب معرفۃ المیت، ۴۰، ۰
۱۰۵٤۔ شرح الصدور للسیوطی، باب معرفۃ المیت، ۴۰
۱۰۵۵۔ شرح الصدور للسیوطی، باب معرفۃ المیت، ۴۰
۱۰۵٦۔ حلیۃ الاولیاء لابی نعیم، ٦/ ۳۵٤ ☆ کشف الخفاء للعجلونی، ۱/ ۷٤
المجروحین لابن حبان، ۱/ ۲۹۱ ☆ السلسلۃ الضعیفۃ للالبانی، ۵٦۳
کنز العمال للمتقی، ٤۲۳۷۱ ☆

علیه وسلم : اِدْفِنُوا مَوْتَا كُمْ وَسْطَ قَوْمٍ صَالِحِيْنَ ، فَإِنَّ الْمَيِّتَ يَتَأَذَّى بِجَارِ السُّوْءِ كَمَا يَتَأَذَّى الْحَيُّ بِجَارِ السُّوْءِ۔ فتاوی رضویہ ۴/۱۰۳

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اپنے مردوں کو نیک لوگوں کے درمیان دفن کرو۔ کیونکہ مردہ اپنے بدکار پڑوسی سے ویسی ہی تکلیف محسوس کرتا ہے جیسی زندہ اپنے برے پڑوسی سے۔۱۲م

(۱۸) انسان اپنی مٹی کی جگہ دفن ہوتا ہے

۱۰۵۷۔ **عن** عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنه قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم : مَا مِنْ مَوْلُوْدٍ إِلَّا وَفِي سُرَّتِهٖ مِنْ تُرْبَتِهِ الَّتِي خُلِقَ مِنْهَا حَتّٰى يُدْفَنَ فِيْهَا وَأَنَا وَأَبُوْ بَكْرٍ وَعُمَرُ خُلِقْنَا مِنْ تُرْبَةٍ وَاحِدَةٍ فِيْهَا نُدْفَنُ۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ہر بچہ کی ناف میں اس مٹی کا حصہ ہوتا ہے جس سے وہ بنایا گیا یہاں تک کہ اسی میں دفن کیا جائے۔ اور میں اور ابوبکر وعمر ایک مٹی سے بنے۔ اسی میں دفن ہونگے۔

۱۰۵۸۔ **عن** عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنه قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم :..........

....

....

....

....

....

....

....

....

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ

۱۰۵۷۔ کنز العمال للمتقی، ۳۲۶۷۳، ۱۱/۵۶۵ ☆ العلل المتناهية لابن الجوزی، ۱/۱۹۳

۱۰۵۸۔ نوادر الاصول للحکیم الترمذی، یہ کتاب نہیں ملی لہذا متن نقل نہیں کیا جاسکا۔۱۲م

علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: فرشتہ جو رحم زن پر موکل ہے جب نطفہ رحم میں قرار پاتا ہے اسے رحم سے لیکر اپنی ہتھیلی پر رکھ کر عرض کرتا ہے: اے رب میرے! بنے گا یا نہیں؟ اگر فرماتا ہے: نہیں، تو اس میں روح نہیں پڑتی اور خون ہوکر رحم سے نکل جاتا ہے۔ اور اگر فرماتا ہے: ہاں، تو عرض کرتا ہے: اے میرے رب! اسکا رزق کیا ہے؟ زمین میں کہاں کہاں چلے گا؟ کیا عمر ہے؟ کیا کام کریگا؟ ارشاد ہوتا ہے: لوح محفوظ میں دیکھ کہ اس میں نطفہ کا سب حال پائیگا۔ پھر فرشتہ وہاں کی مٹی لاتا ہے جہاں اسے دفن ہونا ہے۔ اسے نطفہ میں ملا کر گوندھتا ہے۔ یہ ہے اللہ تعالیٰ کا وہ فرمان کہ ''زمین ہی سے ہم نے تمہیں بنایا اور اسی میں پھر ہم تمہیں لے جائینگے۔

فتاوی افریقہ، ص۔۱۰۰

۱۰۵۹۔ **عن** عطاء الخراسانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: ان الملك ینطلق فیأ خذ من تراب المکان الذی ید فن فیہ فیذرہ علی النطفة فیخلق من التراب و من النطفة و ذلك قولہ تعالیٰ: منھا خلقنا کم وفیھا نعید کم الآیة۔

حضرت عطاء خراسانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ فرشتہ جاکر اسکے مدفن کی مٹی لاکر اس نطفہ پر چھڑکتا ہے۔ تو آدمی اس مٹی اور اس بوند سے بنتا ہے۔ اور یہ ہے اللہ تبارک وتعالیٰ کا ارشاد کہ: ''ہم نے تمہیں زمین ہی سے بنایا اور اسی میں پھر تمہیں لے جائینگے۔

فتاوی افریقہ ص۱۰۰

(۱۹) حضرت فاطمہ کا وصال اور کفن دفن میں جلدی

۱۰۶۰۔ **عن** عبداللہ بن محمد بن عقیل رضی اللہ تعالیٰ عنہ ان فاطمة رضی اللہ تعالیٰ عنھا لما حضرتھا الوفاۃ امرت علیا کرم اللہ تعالیٰ وجھہ الکریم فوضع لھا غسلا فاغتسلت و تطھرت ودعت ثیاب اکفانھا فلبستھا ومست من الحنوط ثم امرت علیا ان لا تکشف اذا قضت وان تدرج کما ھی فی ثیا بھا، قال: فقلت لہ: ھل علمت احدا فعل ذلك؟ قال: نعم، کثیر بن عباس، و کتب فی اطراف اکفانہ، شھد کثیر بن عباس، ان لا الہ الا اللہ۔

حضرت عبداللہ بن محمد بن عقیل بن طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت

۸--

۱۰۵۹۔ الترغیب والترھیب للمنذری،

۱۰۶۰۔ المصنف لعبد الرزاق، کتاب الجنائز، ۴۱۱/۳

سیدہ فاطمہ زہراء رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے انتقال کے قریب امیر المومنین حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے اپنے غسل کے لئے پانی رکھوایا پھر نہائیں اور کفن منگا کر پہنا اور حنوط کی خوشبو لگائی، پھر حضرت مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم کو وصیت فرمائی کہ میرے انتقال کے بعد کوئی مجھے نہ کھولے اور اسی کفن میں دفنا دی جائیں۔ میں نے پوچھا کسی اور نے بھی ایسا کیا ہے؟ کہا: ہاں، حضرت کثیر بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے۔ اور انہوں نے اپنے کفن کے کناروں پر لکھا تھا کثیر بن عباس گواہی دیتا ہے، لا الہ الا اللہ۔

فتاوی رضویہ ۴/ ۱۲۸

۳۔ نماز جنازہ

(۱) ہر مسلمان کی نماز جنازہ پڑھو

۱۰۶۱۔ عن ابی هريرة رضى الله تعالىٰ عنه قال : قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم : اَلصَّلوٰةُ وَاجِبَةٌ عَلَيْكُمْ عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ مَاتَ بَرًّا كَانَ اَوْ فَاجِرًا وَاِنْ عَمِلَ الْكَبَائِرَ۔
فتاوی رضویہ ۱۳/۴

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ہر مسلمان کی نماز جنازہ تم پر واجب ہے خواہ نکوکار ہو یا بدکار اگرچہ اس نے گناہ کبیرہ ہی کیوں نہ کئے ہوں۔۱۲م

(۲) مومن کی نماز جنازہ پڑھنا باعث مغفرت ہے

۱۰۶۲۔ عن انس رضى الله تعالىٰ عنه قال :قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم : اَوَّلُ تُحْفَةِ الْمُؤْمِنِ اَنْ يُّغْفَرَ لِمَنْ صَلّٰى عَلَيْهِ ۔

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مومن کا پہلا تحفہ یہ ہے کہ اس کی نماز جنازہ پڑھنے والے کو بخش دیا جاتا ہے۔۱۲م

(۳) مومن کی نماز جنازہ پڑھنے پر ثواب عظیم

۱۰۶۳۔ عن ابی هريرة رضى الله تعالىٰ عنه قال : قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم : مَنْ شَهِدَ الْجَنَازَةَ حَتّٰى يُصَلِّيَ عَلَيْهَا فَلَهٗ قِيْرَاطٌ، وَمَنْ شَهِدَهَا حَتّٰى تُدْفَنَ فَلَهٗ قِيْرَاطَانِ، قيل : وما قيراطان ، قال : مِثْلُ الْجَبَلَيْنِ الْعَظِيْمَيْنِ اَصْغَرُهَا اُحُدٌ۔

۱۰۶۱۔ السنن لابی داود، باب فی الغزو مع ائمة الجور، ۳۴۳/۲
السنن الکبری للبیهقی، ۱۲۱/۳ ☆ السنن للدارقطنی، ۵۶/۲
العلل المتناهیة لابن الجوزی، ۲۵/۱
۱۰۶۲۔ الجامع الصغیر للسیوطی، ۱۲۷/۱ ☆ العلل المتناهیة لابن الجوزی، ۳۸۲/۱
۱۰۶۳۔ الجامع الصحیح للبخاری، باب من انتظر حتی یدفن، ۱۷۷/۱
الصحیح لمسلم، کتاب الجنائز، ۳۰۷/۱

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم
نے ارشادفرمایا: جونماز ہونے تک جنازہ میں حاضر رہے اسکے لئے ایک دانگ ثواب ہے، اور
ن تک حاضر رہے تو دو دانگ، عرض کیا گیا: دو قیراط کتنے ہوتے ہیں، فرمایا: جیسے دو بڑے
پہاڑوں میں کا چھوٹا کوہ احد کے برابر۔

۱۰۶ ـ **عن** ثوبان رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ
لیہ وسلم: مَنْ صَلّٰی عَلٰی جَنَازَۃٍ فَلَہٗ قِیْرَاطٌ، وَمَنْ شَھِدَ دَفْنَھَا فَلَہٗ قِیْرَاطَانِ، قال:
ئل النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم عن القیراط فقال: مِثْلَ اُحُدٍ۔

حضرت ثوبان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم
نے ارشادفرمایا: جس نے جنازہ کی نماز پڑھی اسے ایک دانگ ثواب ہے۔ اور جو دفن تک
اضر رہا اسے دودانگ، حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے دانگ کے بارے میں پوچھا
لیا تو فرمایا: احد پہاڑ کے برابر۔

۱۰۶۷ ـ **عن** أمیر المؤمنین علی المرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجھہ الکریم قال: قال
سول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: مَنْ غَسَّلَ مَیِّتًا وَکَفَّنَہٗ وَحَنَّطَہٗ وَحَمَلَہٗ

۱۰۶۔ الجامع للترمذی، ما جاء فی فضل الصلوۃ علی الجنازۃ، ۱۲۴/۱
السنن لابی داؤد، فضل الصلوۃ علی الجنازہ، ۴۵۱/۲
السنن لابن ماجہ، ما جاء فی ثواب من صلی علی جنازۃ، ۱۱۱/۱
المسند لاحمد بن حنبل، ۱۰۴/۲ ☆ اتحاف السادۃ للزبیدی، ۴۵۵/۳
کنز العمال للمتقی، ۴۲۳۵۹، ۵۹۶/۱۵ ☆ التفسیر لابن کثیر، ۱۳۵/۴
السنن الکبری للبیہقی، ۴۱۲/۳ ☆ الترغیب و الترھیب للمنذری، ۳۴۱/۴
۱۰۶۴۔ الصحیح لمسلم، کتاب الجنائز، ۳۰۷/۱
السنن لابن ماجہ، باب فی ثواب من صلی علی جنازۃ، ۱۱۲/۱
السنن الکبری للبیہقی، ۴۱۳/۳ ☆ المصنف لعبد الرزاق، ۶۲۶۸، ۴۴۹/۳
الترغیب و الترھیب للمنذری، ۳۴۲/۴ ☆ فتح الباری للعسقلانی، ۷۵/۷
اتحاف السادۃ للزبیدی، ۴۵۵/۳ ☆ مشکل الآثار للطحاوی، ۱۰۵/۲
الکنی و الاسماء للدولابی، ۵۶/۲ ☆ علل الحدیث لابن ابی حاتم، ۱۰۵۷
التاریخ الکبیر للبخاری، ۲۷۳/۲ ☆
۱۰۶۷۔ السنن لابن ماجہ، باب ما جاء فی غسل المیت، ۱۰۶/۱
الترغیب و الترھیب للمنذری، ۳۳۹/۴ ☆ اللآلی المصنوعۃ للسیوطی، ۲/۴
العلل المتناھیۃ لابن الجوزی، ۴۱۴/۲ ☆

وَصَلّٰی عَلَیْہِ وَلَمْ یُفْشِ عَلَیْہِ مَارَأیٰ خَرَجَ مِنْ خَطِیْئَتِہٖ مِثْلَ یَوْمٍ وَلَدَتْہُ اُمُّہٗ۔

امیر المؤمنین حضرت علی مرتضی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو کسی میت کو نہلائے، کفن پہنائے، خوشبو لگائے، جنازہ اٹھائے، نماز پڑھے، اور جو ناقص بات نظر آئے اسے چھپائے وہ اپنے گناہوں سے ایسا پاک ہوجاتا ہے جیسا جس دن ماں کے پیٹ سے پیدا ہوا تھا۔

۱۰۶۶۔ **عن** جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: مَنْ اَتْبَعَ جَنَازَۃً حَتّٰی یُقْضٰی دَفْنُھَا کُتِبَتْ لَہٗ ثَلٰثَۃُ قِیْرَاطٍ، اَلْقِیْرَاطُ مِنْھَا اَعْظَمُ مِنْ جَبَلِ اُحُدٍ۔

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو کسی جنازہ کے ساتھ رہے یہاں تک کہ دفن ہو چکے اسکے لئے تین قیراط اجر لکھا جائے۔ ہر قیراط کوہ احد سے بڑا۔

۱۰۶۷۔ **عن** عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: مَنْ صَلّٰی عَلٰی جَنَازَۃٍ فَلَہٗ قِیْرَاطٌ، وَمَنِ انْتَظَرَھَا حَتّٰی یُقْضٰی قَضَاءُھَا اَوْتُدْفَنَ فَلَہٗ قِیْرَاطَانِ۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے نماز جنازہ پڑھی اسے ایک قیراط ثواب اور جس نے دفن تک انتظار کیا اسے دو قیراط۔

فتاوی رضویہ ۴/۵۱

(۴) نماز جنازہ صرف ایک بار جائز ہے

۱۰۶۸۔ **عن** عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال: قال رسول اللہ صلی

۱۰۶۶۔ المعجم الاوسط للطبرانی، ۹/۱۱۷ ☆ مجمع البحرین، ۴۱۳۹
۱۰۶۷۔ مسند البزار، ۵/۲۰۹ ☆ المصنف لابن ابی شیبۃ، ۳/۱۳
۱۰۶۸۔ السنن لابی داؤد، باب اذا صلی باب اذا فی جماعۃ ثم ادرک لعید، ۱/۸۶
الجامع الصغیر للسیوطی، ۲/۵۸۱ ☆ المسند لاحمد بن حنبل، ۲/۱۹
السنن الکبری للبیہقی، ۲/۳۰۳ ☆ نصب الرایۃ للزیلعی، ۲/۵۵
التمہید لابن عبدالبر، ۴/۲۴۴ ☆ مشکوۃ المصابیح للتبریزی، ۱۱۵۷
حلیۃ الاولیاء لابی نعیم، ۸/۲۸۵ ☆ شرح السنۃ للبغوی، ۳/۴۳۱

اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: لَا تُصَلُّوا صَلٰوۃً فِی یَوْمٍ مَرَّتَیْنِ۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کوئی نماز ایک دن میں دوبارہ نہ پڑھو۔

۱۰۶۹۔ **عن** أمیر المؤمنین عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: لا یصلی بعد صلاۃ مثلھا۔ فتاوی رضویہ، ۴/۴۸

امیر المؤمنین حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے۔ فرماتے ہیں: کسی نماز کے بعد اس کے مثل نماز نہ پڑھی جائے۔

﴿۱﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

اس حدیث کے متعلق امام محمد نے فرمایا: یہ مرفوع ہے۔ یہ حدیثیں بھی نماز جنازہ کی نفی تکرار پر صریح دال ہیں۔ حدیث ثانی تو عام مطلق ہے اور اول میں 'فی یوم' کی قید اس نظر سے کہ مثلا ظہر کی نمازوں کی تکرار سے تو آپ ہی مکرر ہوگی۔ کل کی ظہر اور آج کی کہ ان کا سبب وقت ہے جب وقت دوبارہ آیا دوبارہ آئی۔ مگر ایک ہی سبب یعنی ایک ہی وقت میں مکرر نہ ہوگی۔ نماز جنازہ کا سبب مسلم میت ہے۔ جب میت متکرر ہو نماز متکرر ہوگی۔ مگر ایک ہی میت پر متکرر نہیں ہو سکتی۔ فتاوی رضویہ ۴/۴۸

دوسری بات یہ کہ اگر نماز جنازہ میں تکرار کی اجازت دیتے ہیں تو لوگ تسویف وکسل کی گھاٹی میں پڑینگے۔ کہیں گے جلدی کیا ہے، اگر ایک نماز ہو چکی ہم دوبارہ پڑھ لیں گے، اس تقدیر پر اگر لوگوں کا انتظار کیا جائے تو جنازہ کو دیر ہوتی ہے۔ اور جلدی کیجئے تو جماعت ہلکی رہتی ہے اور دونوں باتیں مقصود شرع کے خلاف۔ لاجرم مصلحت شرعیہ اسی کی مقتضی ہوئی کہ تکرار کی اجازت نہ دیں۔ جب لوگ جانیں گے کہ اگر نماز ہو چکی تو پھر نہ ملے گی اور ایسے افضال عظیمہ ہاتھ سے نکل جائینگے تو خواہی نخواہی جلدی کرتے حاضر آئیں گے۔ اور میت کے فائدے اور اپنے بھلے کے لئے جلد جمع ہو جائینگے اور شرع مطہر کے دونوں مقصد باحسن وجوہ رنگ ظہور پائینگے۔ فتاوی رضویہ ۴/۵۱

تیسرے شہر کی میت پر صلاۃ کا ذکر جسکو بعض لوگ نماز غائبانہ سے تعبیر کرتے ہے

۱۰۶۹۔ نصب الرایۃ للزیلعی، ۲/۵۵ ☆

صرف تین واقعوں میں روایت کیا جاتا ہے۔ واقعہ نجاشی، واقعہ معاویہ لیثی، واقعہ امرائے موتہ، ان میں اول ودوم بلکہ سوم کا بھی جنازہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سامنے حاضر تھا۔ تو نماز غائب پر نہ ہوئی بلکہ حاضر پر۔ اور دوم وسوم کی سند صحیح نہیں۔ اور سوم صلاۃ بمعنی نماز صریح نہیں۔ انکی تفصیل بعونہ تعالیٰ ابھی آتی ہے۔

عام طور پر ترک اور صرف دو ایک بار وقوع خود ہی بتارہا ہے کہ کوئی خصوصیت خاصہ تھی جسکا حکم عام نہیں ہوسکتا، حکم عام وہی عدم جواز ہے جسکی بنا پر عام احتراز ہے۔

☆ **واقعہ اولیٰ**

حضرت نجاشی سے متعلق ہے جسکی تفصیل احادیث میں اس طرح ہے۔

۱۰۷۰۔ **عن** أبی هریرة رضی الله تعالیٰ عنه ان رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم نعی لهم النجاشی صاحب الحبشة فی الیوم الذی مات فیه وقال: اِستَغفِرُوا لأخِیکُم، وصف بهم فی المصلی فصلی علیه وکبر علیهم اربعا۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے شاہ حبشہ حضرت نجاشی کے انتقال کی خبر اسی دن سنائی جس دن انکا وصال ہوا۔ فرمایا: اپنے دینی بھائی کے لئے مغفرت کی دعا کرو۔ پھر حضور نے عیدگاہ میں صف بندی فرمائی اور نماز جنازہ پڑھتے ہوئے چار تکبیریں کہیں۔ ۱۲م

۱۰۷۱۔ **عن** جابر بن عبدالله الانصاری رضی الله تعالیٰ عنهما ان نبی الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم صلی علی النجاشی فصففنا وراءہ فکنت فی الصف

۱۰۷۰۔ الجامع الصحیح للبخاری، باب موت النجاشی، ۱/۵۴۸
الصحیح لمسلم، کتاب الجنائز، ۱/۳۰۹
السنن للنسائی، عدد التکبیر علی الجنازة ۱/۲۱۷
التمهید لابن عبدالبر، ۶/۳۲۴

۱۰۷۱۔ الجامع الصحیح للبخاری، باب موت النجاشی، ۱/۵۴۷
الصحیح لمسلم، کتاب الجنائز، ۱/۳۰۹
التمهید لابن عبدالبر، ۶/۳۲۵ ☆ مجمع الزوائد للهیثمی، ۳/۳۸
المصنف لابن ابی شیبة، ۱۴/۱۵۴ ☆ تاریخ بغداد للخطیب، ۵/۲۳۵
جمع الجوامع للسیوطی، ۶۱۳۴ ☆

الثانی او الثالث۔

حضرت جابر بن عبداللہ انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نجاشی شاہ حبشہ حضرت اصحمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر نماز پڑھی تو ہم نے آپ کے پیچھے صفیں قائم کیں میں دوسری یا تیسری صف میں تھا۔

(۵) حضور کا غائبانہ نماز پڑھنا آپکی خصوصیات سے ہے

۱۰۷۲۔ **عن** عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہ وعن الصحابۃ جمیعا رضی اللہ تعالیٰ عنہم قالوا: ان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قال: ان اخاکم النجاشی تو فی فقو موا صلوا علیہ، فقام رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم و صفوا خلفہ فکبر اربعا وہم لا یظنون الا ان جنازۃ بین یدیہ۔

حضرت عمران بن حصین و دیگر صحابۂ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تمہارا بھائی نجاشی انتقال کر گیا ہے اٹھو اس پر نماز پڑھو۔ پھر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کھڑے ہوئے۔ صحابہ نے پیچھے صفیں باندھیں۔ حضور نے چار تکبیریں کہیں، صحابہ کو یہی ظن تھا کہ انکا جنازہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سامنے ہے۔

۱۰۷۳۔ **عن** عمران بن حصین وعن الصحابۃ جمیعا رضی اللہ تعالیٰ عنہم قالوا، الی ان قال: فصلینا خلفہ ونحن لا نری الا ان الجنازۃ قدامنا۔

حضرت عمران بن حصین و دیگر صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے حدیث مذکور مروی ہے یہاں تک کہ حضرت عمران نے فرمایا: ہم نے حضور کے پیچھے نماز پڑھی اور ہم یہی اعتقاد کرتے تھے کہ جنازہ ہمارے آگے موجود ہے۔

﴿۲﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

یہ دونوں روایات صحیح عاضد قوی ہیں اس حدیث مرسل اصولی کی کہ امام واحدی نے اسباب نزول قرآن میں نقل فرمائی۔

۱۰۷۲۔ المسند لاحمد بن حنبل، ۴/۴۴۶ ☆ مجمع الزوائد للهیثمی، ۳/۳۹
کنز العمال للمتقی، ۴۲۴۳۲، ۱۲/۱۵۰ ☆ تاریخ بغداد للخطیب، ۵/۲۳۵
۱۰۷۳۔ الصحیح لابی عوانۃ، ☆

۱۰۷۴۔ **عن** عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال : کشف للنبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم عن سریر النجاشی حتی راٰہ و صلی علیہ ۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لئے نجاشی کا جنازہ ظاہر کردیا گیا تھا۔ حضور نے اسے دیکھا اور اس پر نماز پڑھی۔

﴿۴﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

نجاشی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا انتقال دارالکفر میں ہوا۔ وہاں ان پر نماز نہ ہوئی تھی لہذا حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے یہاں پڑھی۔ اسی لئے امام ابوداؤد نے اپنی سنن میں اس حدیث کے لئے یہ باب وضع کیا کہ " الصلوة علی المسلم یموت فی بلا د الشرک "۔

۱۰۷۵۔ **عن** أبی ھریرة رضی اللہ تعالیٰ عنہ ان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نعی للناس النجاشی فی الیوم الذی مات فیہ و خرج بھم الی المصلی فصف بھم و کبرا ربع تکبیرات۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے صحابہ کرام کو نجاشی کے انتقال کی خبر اسی دن دی جس دن انتقال ہوا صحابہ کرام کو لیکر مصلی پر تشریف لائے اور صحابہ کی صفیں قائم فرما کر چار تکبیریں کہیں۔

اب بھی خصوصیت نجاشی ماننے سے چارہ نہ ہوگا۔ جبکہ اور موتیں بھی ایسی ہوئیں اور نماز غائب کسی پر نہ پڑھی گئی۔ نیز بعض کو انکے اسلام میں شبہ تھا یہاں تک کہ بعض نے کہا: حبشہ کے ایک کافر پر نماز پڑھی گئی۔ لہذا اس نماز سے مقصود انکی اشاعت اسلام تھی۔

۱۰۷۶۔ **عن** حذیفة بن اسید رضی اللہ تعالی عنہ ان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بلغہ موت النجاشی فقال: لا صحابہ : ان اخاکم النجاشی قدمات ،فمن اردا ان یصلی علیہ فلیصل علیہ ، فتوجہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

۱۰۷۴۔ اسباب نزول قرآن للواحدی، ☆ شرح الزرقانی علی المواھب، ۸۷/۸

۱۰۷۵۔ السنن لابی داؤد، باب الصلوة علی المسلم، الخ، ۴۵۷/۲

۱۰۷۶۔ المعجم الکبیر للطبرانی، ☆ السنن الکبری للبیھقی، ۵۰/۴

نحو الحبشة فکبر علیه اربعا۔

حضرت حذیفہ بن اسید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے شاہ نجاشی حضرت اصحمہ رضی اللہ تعالیٰ کے انتقال کی خبر ملی تو صحابہ کرام سے فرمایا: تمہارے بھائی نجاشی کا انتقال ہوگیا تو جوان پر نماز پڑھنا چاہے پڑھے۔ پھر حضور نے حبشہ کی جانب متوجہ ہوکر چار تکبیریں کہیں۔

☆ واقعہ ثانیہ حضرت معاویہ لیثی سے متعلق ہے کہ معاویہ بن معاویہ مزنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے مدینہ طیبہ میں انتقال کیا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان پر نماز پڑھی۔

۱۰۷۷۔ **عن** أبی أُمامة الباهلی رضی الله عنه قال: ان جبرئیل علیه السلام اتی النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فقال مات معاویة فی المدینة اتحب ان اطوی لك الارض فتصلی علیه قال: نعم، فضرب بجنا حیه علی الارض فرفع له سریره فصلی علیه و خلفه صفان من الملائکة کل صف سبعون الف ملك۔

حضرت ابو امامہ باہلی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت جبرئیل علیہ السلام، نے حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوکر عرض کیا: یارسول اللہ! معاویہ مزنی نے مدینہ میں انتقال کیا۔ تو کیا حضور چاہتے ہیں کہ میں حضور کے لئے زمین لپیٹ دوں تاکہ حضور ان پر نماز پڑھیں، فرمایا: ہاں، جبرئیل نے اپنا پر زمین پر مارا۔ جنازہ حضور کے سامنے آگیا اس وقت حضور نے ان پر نماز پڑھی۔ اور فرشتوں کی دو صفیں حضور کے پیچھے تھیں، ہر صف میں ستر ہزار فرشتے تھے۔

۱۰۷۸۔ **عن** أبی أُمامة الباهلی رضی الله تعالیٰ عنه قال: ان جبرئیل علیه السلام أتی النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فقال: مات معاویة فی المدینة وقال: أتحب أن أطوی لك الأرض فتصلی علیه، قال: نعم، فوضع جناحه الا یمن علی الجبال فتواضعت وو ضع جناحه الایسر علی الا رضین فتواضعت حتی نظرنا الی مکة والمدینة فصلی علیه رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم

۱۰۷۷۔ المعجم الکبیر للطبرانی، ☆ السنن الکبری للبیهقی، ۵۱/۴
۱۰۷۸۔ مجمع الزوائد للهیثمی، ۳۸/۳

و جبرئیل والملائکۃ ۔

حضرت ابوامامہ باہلی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت جبرئیل علیہ السلام نے حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا: یا رسول اللہ! معاویہ بن معاویہ نے مدینہ میں انتقال کیا۔ تو کیا حضور چاہتے ہیں کہ میں حضور کے لئے زمین لپیٹ دوں تاکہ حضور ان پر نماز پڑھیں۔ فرمایا: ہاں، حضرت جبرئیل نے اپنا داہنا پر پہاڑوں پر رکھا وہ جھک گئے۔ بایاں زمینوں پر رکھا وہ پست ہو گئیں یہاں تک کہ مکہ مدینہ ہم کو نظر آنے لگے۔ اس وقت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور جبرئیل وملائکہ نے ان پر نماز پڑھی۔

ان دونوں حدیثوں کی مکمل سند اس طرح ہے۔

نوح بن عمر السکسکی ثنا بقیۃ بن الولید عن محمد زیاد الالہانی عن ابی امامۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ المعجم الاوسط ،

اخبرنا ابو الحسن احمد بن عمر بدمشق ثنا نوح عمر بن حری ثنا بقیۃ ثنا محمد بن عن ابی امامۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ۔ابو احمد حاکم ۔

۱۰۷۹ ۔ عن أنس رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: ان جبرئیل علیہ السلام اتی النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فقال: مات معاویۃ فی المدینۃ وقال: اتحب ان اطوی بك الارض فتصلی علیہ قال: نعم، فضرب بجناحیہ الارض فلم تبق شجرۃ ولا اکمۃ الا تضعضعت ورفع لہ سریرہ حتی نظر الیہ فصلی الیہ۔

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حضرت جبرئیل علیہ السلام حاضر ہوئے اور عرض کیا: مدینہ میں معاویہ کا انتقال ہو گیا ۔کیا حضور ان پر نماز جنازہ پڑھنا چاہتے ہیں۔ سرکار نے ارشاد فرمایا: ہاں، پس جبرئیل نے زمین پر اپنا پر مارا۔ کوئی پیڑ یا ٹیلہ نہ رہا جو پست نہ ہو گیا ہو، اور ان کا جنازہ حضور کے سامنے بلند کیا گیا۔ یہاں تک کہ پیش نظر اقدس ہو گیا۔ اس وقت حضور نے ان پر نماز پڑھی۔

۱۰۸۰ ۔ عن أنس رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: ان جبرئیل علیہ السلام اتی النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فقال: یا رسول اللہ! ھل لك ان تصلی علیہ فاقبض

۱۰۷۹ ۔ باب الصلوۃ علی المیت الغائب، ۵۱/٤

۱۰۸۰ ۔ الاصابہ فی تمیز الصحابۃ للعسقلانی، ۴۳۷/۳

لك الأرض، قال: نعم، فصلى عليه۔

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت جبرئیل علیہ الصلوۃ والسلام حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا: یا رسول اللہ! کیا آپ معاویہ پر نماز جنازہ پڑھنا چاہتے ہیں تو میں آپ کے لئے زمین سمیٹ دوں۔ فرمایا: ہاں حضرت جبرئیل نے ایسا ہی کیا۔ اس وقت حضور نے انپر نماز پڑھی۔

﴿۵﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

اولاً۔ ان تمام احادیث کو ائمہ حدیث عقیل، ابن حبان، بیہقی، ابو عمر و ابن عبد البر، ابن جوزی، نووی، ذہبی، اور ابن الہمام وغیرہم نے ضعیف بتایا۔ پہلی دو حدیثوں کی سند بقیہ بن ولید مدلس ہے اور اس نے عنعنہ کیا۔ یعنی محمد بن زیاد سے اپنا سننا نہ بیان کیا بلکہ کہا۔ ابن زیاد سے روایت ہے۔ معلوم نہیں راوی کون ہے۔ به اعله المحقق في الفتح۔

ذہبی نے کہا: یہ حدیث منکر ہے۔ نیز اسکی سند میں نوح بن عمر ہے۔

ابن حبان نے اسے اس حدیث کا چور بتایا۔ یعنی ایک سخت ضعیف شخص اسے حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتا تھا۔ اس نے اس سے چرا کر بقیہ کے سر باندھی۔

تیسری حدیث کی سند میں محبوب بن ہلال مزنی ہے۔

ذہبی نے کہا: یہ شخص مجہول ہے اور اسکی یہ حدیث منکر ہے۔

چوتھی حدیث کی سند میں علاء بن یزید ثقفی ہے۔

امام نودی نے خلاصہ میں فرمایا: اسکے ضعیف ہونے پر تمام محدثین کا اتفاق ہے۔

امام بخاری وابن عدی اور ابو حاتم نے کہا: وہ منکر الحدیث ہے۔

ابو حاتم ودار قطنی نے کہا: متروک الحدیث ہے۔

امام علی بن مدینی استاذ امام بخاری نے کہا: وہ حدیثیں دل سے گڑھتا تھا۔

ابن حبان نے کہا: یہ حدیث بھی اسکی گڑھی ہوئی ہے۔ اس سے چرا کر ایک شامی نے بقیہ سے روایت کی۔

ابو الولید طیالسی نے کہا: علاء کذاب تھا۔

عقیلی نے کہا: علاء کے سوا جس جس نے یہ حدیث روایت کی سب علاء ہی جیسے ہیں یا

اس سے بھی بدتر۔

ابوعمرو بن عبد العزیز نے کہا: اس حدیث کی سب سندیں ضعیف ہیں۔ اور در بارۂ احکام اصلاً حجت نہیں۔ صحابہ میں کوئی شخص معاویہ بن معاویہ نام معلوم نہیں ابن حبان نے بھی یونہی فرمایا: کہ مجھے اس نام کے کوئی صاحب صحابہ میں یاد نہیں۔

ثانیاً۔ فرض کیجئے کہ یہ احادیث اپنے طرق سے ضعیف نہ رہیں۔ کما اختارہ الحافظ في الفتح۔ یا بفرض غلط لذاتہ صحیح سہی۔ پھر اس میں کیا ہے۔ خود اسی میں تصریح ہے۔ کہ جنازہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پیش نظر انور کر دیا گیا تھا۔ تو نماز جنازہ حاضر پر ہوئی نہ کہ غائب پر۔ بلکہ طرز کلام مشیر ہے کہ نماز جنازہ پڑھنے کے لئے جنازہ سامنے ہونے کی حاجت سمجھی گئی۔ جبھی تو حضرت جبرئیل نے عرض کی: حضور نماز جنازہ پڑھنا چاہیں تو زمین لپیٹ دوں۔ تا کہ حضور نماز پڑھیں۔

وہابیہ کے امام شوکانی نے نیل الاوطار میں یہاں عجیب تماشا کیا۔

اولاً۔ استیعاب سے نقل کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے معاویہ بن معاویہ لیثی پر نماز پڑھی۔ پھر کہا: استیعاب میں اس قصہ کا مثل معاویہ بن مقرن کے حق میں ابو امامہ سے روایت کیا۔

پھر کہا: نیز اس کا مثل انس سے ترجمہ معاویہ میں بھی معاویہ مزنی روایت کیا۔

اس میں یہ وہم دلانا ہے کہ گویا یہ تین صحابی جدا جدا ہیں جن پر نماز غائب مروی ہے۔ حالانکہ یہ محض جہل یا تجاہل ہے۔ وہ ایک ہی صحابی ہیں۔ معاویہ نام جنکے نسب ونسبت میں راویوں سے اضطراب واقع ہوا۔ کسی نے مزنی کہا کسی نے لیثی، کسی نے معاویہ بن معاویہ، کسی نے معاویہ بن مقرن۔

ابوعمر نے معاویہ بن مقرن مزنی کو ترجیح دی کہ صحابہ میں معاویہ بن معاویہ کوئی معلوم نہیں۔

حافظ نے اصابہ میں معاویہ بن معاویہ مزنی کو ترجیح۔ اور لیثی کہنے کو علاء ثقفی کی خطا بتایا۔ اور معاویہ بن مقرن کو ایک صحابی مانا جن کے لئے یہ روایت نہیں۔

بہر حال صاحب قصہ شخص واحد ہیں اور شوکانی کا الہام تثلیث محض باطل۔

ابن الاثیر نے اسد الغابہ میں فرمایا: معاویہ بن معاویہ مزنی ہیں۔ انکو لیثی بھی کہا جاتا ہے اور معاویہ بن مقرن مزنی بھی۔ ابوعمرو نے کہا: یہی صواب سے نزدیک تر ہے۔ پھر حدیث انس کے طریق اول سے پہلے طور پر نام ذکر کیا۔ اور طریق دوم سے دوسرے طور پر، اور حدیث امامہ سے تیسرے طور پر۔

☆ واقعہ سوم یہ ہے

۱۰۸۱۔ **عن** عاصم بن عمر بن قتادة و عبدالله بن ابی بکر رضی الله تعالیٰ عنهما قالا: لما التقی الناس بموته جلس رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم علی المنبر و کشف له مابینه وبین الشام فهو ینظر الی معر کتهم ، فقال صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : أَخَذَ الرَّایَةَ زَیْدُ بْنُ حَارِثَةَ فَمَضٰی حَتّٰی اُسْتُشْهِدَ ، فصلی علیه رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم ودعا له فقال : اِسْتَغْفِرُوْا لَهٗ وَقَدْ دَخَلَ الْجَنَّةَ وَهُوَ یَسْعٰی ، ثُمَّ أَخَذَ الرَّایَةَ جَعْفَرُ بْنُ أَبِی طَالِبٍ فَمَضٰی حَتّٰی اسْتُشْهِدَ، فصلی علیه رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم ودعاله وقال : اِسْتَغْفِرُوْا لَهٗ وَقَدْ دَخَلَ الْجَنَّةَ فَهُوَ یَطِیْرُ فِیْهَا بِجَنَاحَیْنِ حَیْثُ شَآءَ۔

حضرت عاصم بن عمر اور حضرت عبداللہ بن ابی بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ جب مقام موتہ میں لڑائی شروع ہوئی تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم منبر پر تشریف فرما ہوئے۔ اللہ عزوجل نے حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لئے پردے اٹھا دیئے کہ ملک شام اور وہ معرکہ حضور دیکھ رہے تھے۔ اتنے میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: زید بن حارثہ نے نشان اٹھایا اور لڑتا رہا یہاں تک کہ شہید ہوا۔ حضور نے انہیں اپنی صلوۃ اور دعا سے مشرف فرمایا: اور صحابہ کو ارشاد ہوا کہ اس کے لئے استغفار کرو۔ بیشک وہ دوڑتا ہوا جنت میں داخل ہوا۔ حضور نے پھر فرمایا: جعفر بن ابی طالب نے نشان اٹھایا اور لڑتا رہا یہاں تک کہ شہید ہوا۔ حضور نے انکو اپنی صلوۃ ودعا سے مشرف فرمایا۔ اور صحابہ کو ارشاد ہوا کہ اسکے لئے استغفار کرو

۱۰۸۱۔ الجامع الصحیح للبخاری، باب الرجل ینعی الی اهل المیت بنفسه، ۱۶۶/۱
المسند لاحمد بن حنبل، ۱۱۳/۳ ☆ السنن الکبری للبیهقی، ۱۵٤/۸
المستدرک للحاکم، ٤٢/۳ ☆ نصب الرایة للزیلعی، ۲۸٤/۲
مجمع الزوائد للهیثمی، ۱٦۰/٦ ☆ التاریخ الصغیر للبخاری، ۲۲/۱

وہ جنت میں داخل ہوا اور اسمیں جہاں چاہے اپنے پروں سے اڑتا پھرتا ہے۔

﴿۶﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

اولاً۔ یہ حدیث دونوں طریق سے مرسل ہے۔ عاصم بن عمر اوساط تابعین سے ہیں۔ قتادہ بن نعمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ صحابی کے پوتے۔ اور یہ عبد اللہ بن ابی بکر بن محمد بن حزم صغار تابعین سے ہیں۔ عمرو بن حزم صحابی کے پرپوتے۔

ثانیاً۔ خود واقدی کو محدثین کب مانتے ہیں یہاں تک کہ ذہبی نے انکے متروک ہونے پر اجماع کیا۔

یہ دونوں جواب الزامی ہیں ورنہ ہم حدیث مرسل کو قبول کرتے ہیں اور امام واقدی کو ثقہ مانتے ہیں۔

ثالثاً۔ عبد اللہ بن ابی بکر سے راوی امام واقدی کے شیخ عبد الجبار بن عمارہ مجہول ہیں کما فی المیزان۔ تو یہ مرسل نا معتضد ہے۔

رابعاً۔ خود اسی حدیث میں صاف تصریح ہے کہ پردے اٹھا دیئے گئے تھے۔ معرکہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پیش نظر تھا۔

لیکن یہاں یہ اعتراض کیا جا سکتا ہے کہ جنگ موتہ ملک شام میں بیت المقدس کے قریب ۸ ھجری میں ہوئی۔ اور خانہ کعبہ ۲ ھجری میں قبلہ قرار پا چکا تھا۔ اور نماز جنازہ کے لئے صرف رؤیت کافی نہیں بلکہ جنازہ نمازی کے سامنے ہو۔

تو اسکا جواب یہ ہے کہ ہمارا المقصود 'رابعاً' سے غائبانہ نماز جنازہ پڑھنے والوں کا رد ہے اور وہ اتنی ہی بات سے ہو گیا کہ حدیث میں یہ ہے کہ پردے اٹھا دیئے گئے تھے۔

خامساً۔ کیا دلیل ہے کہ یہاں صلاۃ بمعنی نماز معہود ہے بلکہ بمعنی درود ہے اور دعا لہ عطف تفسیری نہیں بلکہ تعمیم بعد تخصیص ہے۔ اور سوق روایت اسی میں ظاہر کہ حضور پر نور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا اس وقت منبر اطہر پر تشریف فرما ہونا مذکور اور منبر انور دیوار قبلہ کے پاس تھا اور معتاد یہی کہ منبر اطہر پر رو بحاضرین و پشت بقبلہ جلوس ہوا اور اس روایت میں نماز کے لئے منبر سے اترنے پھر تشریف لیجانے کا کہیں ذکر نہیں۔ نیز بر حالت نجاشی اس میں نماز صحابہ بھی نہیں۔ نہ یہ کہ حضور نے ان کو نماز جنازہ کے لئے فرمایا۔ اگر یہ نماز تھی تو صحابہ کو

شریک نہ فرمانے کی کیا وجہ۔ نیز اس معرکہ میں تیسری شہادت حضرت عبداللہ بن رواحہ کی ہے ان پر صلاۃ کا ذکر نہیں۔ اگر نماز ہوتی تو ان پر بھی ہوتی۔

ہاں ورود کی ان دو کے لئے تخصیص وجہ وجیہ رکھتی ہے اگر چہ وجہ کی ضرورت وحاجت بھی نہیں کہ وہ احکام عامہ سے نہیں۔ وجہ اس حدیث سے ظاہر ہوگی کہ جس میں ان صحابۂ کرام کا حضرت ابن رواحہ سے فرق ارشاد ہوا۔ اور وہ یہ کہ انکو جنت میں منہ پھیرے ہوئے پایا کہ معرکہ میں قدرے اعراض ہوکر اقبال ہوا تھا۔

اور سب سے زائد یہ کہ وہ شہدائے معرکہ ہیں۔ نماز غائب جائز ماننے والے شہید معرکہ پر نماز ہی نہیں مانتے۔ تو باجماع فریقین صلاۃ بمعنی دعا ہونا لازم۔ جس طرح خود امام نووی شافعی، امام قسطلانی شافعی اور امام سیوطی شافعی رحمہم اللہ تعالیٰ نے صلاۃ علی قبور شہدائے احد میں ذکر فرمایا کہ یہاں صلاۃ بمعنی دعا ہونے پر اجماع ہے۔ کما اثر ناہ فی النہی الحاجز، حالانکہ وہاں تو صلی علی اھل احد صلاتہ علی المیت، ہے یہاں تو اس قدر بھی نہیں۔

وہابیہ کے بعض جاہلان بے خرد مثل شوکانی صاحب نیل الاوطار ایسی جگہ اپنی اصول دانی یوں کھولتے ہیں۔ کہ صلاۃ بمعنی نماز حقیقت شرعیہ ہے اور بلا دلیل حقیقت سے عدول ناجائز۔

اقول: اولاً۔ ان مجتہد بننے والوں کو اتنی خبر نہیں کہ حقیقت شرعیہ صلاۃ بمعنی ارکان مخصوصہ ہے۔ یہ معنی نماز جنازہ میں کہاں، کہ اس میں رکوع ہے نہ سجود، نہ قرأت ہے نہ قعود، الثالث عندنا والبواقی اجماعاً۔ لہذا علماء تصریح فرماتے ہیں کہ نماز جنازہ صلاۃ مطلقاً نہیں اور تحقیق یہ ہے کہ وہ دعائے مطلق اور صلاۃ مطلقہ میں برزخ ہے۔ کما اشار الیہ البخاری فی صحیحہ واطال فیہ۔

لاجرم امام محمود عینی نے تصریح فرمائی کہ نماز جنازہ پر اطلاق صلاۃ مجازا ہے۔ صحیح بخاری میں ہے۔ سماھا صلاۃ لیس فیھا رکوع ولا سجود۔ ۱/۱۷۲

عمدۃ القاری میں ہے۔

لکن التسمیة لیست بطریق حقیقة ولا بطریق الاشتراك ولکن بطریق المجاز

ثانیا۔ صلاۃ کے ساتھ جب علی فلاں مذکور ہو تو ہرگز اس سے حقیقت شرعیہ مراد نہیں ہوتی اور نہ ہوسکتی ہے۔

قال اللہ تبارک و تعالیٰ :

یَا اَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا۔

اللھم! صل وسلم وبارك علیہ وعلی آلہ کما تحب و ترضی ۔

وقال تعالیٰ :

صَلِّ عَلَیْھِمْ ، اِنَّ صَلَاتَکَ سَکَنٌ لَّھُمْ ،

وقال صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ۔

اللھم! صل علی آل ابی اوفی ۔

کیا اس کے یہ معنی ہیں کہ الہی ابی اوفی پر نماز پڑھ، یا ان کا جنازہ پڑھ۔ کیا صلاۃ علیہ، شرع میں بمعنی درود نہیں، ولکن الوھا بیھۃ قو م لا یعقلون۔

فتاوی رضویہ ٤/٧٥

(٦) اہل قبلہ کی نماز جنازہ پڑھو

١٠٨٢۔ **عن** عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنھما قال : قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: صَلُّوْا عَلیٰ مَنْ قَالَ لَا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہُ ۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے کلمہ طیبہ پڑھا اسکی نماز جنازہ پڑھو۔

١٠٨٣۔ **عن** واثلۃ بن الاسقع رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال : قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم : صَلُّوْا عَلیٰ کُلِّ مَیِّتٍ ۔

١٠٨٢۔ المعجم الکبیر للطبرانی، ٣٤٢/١٢ ☆ مجمع الزوائد للھیثمی، ٦٧/٢
اتحاف السادۃ للزبیدی، ١٧٩/٣ ☆ السنن للدارقطنی، ٥٦/٢
کنز العمال للمتقی، ٤٢٢٦٤، ٥٨٠/١٥ ☆ ارواء الغلیل للالبانی، ٣٠٥/٢
تاریخ بغداد للخطیب، ٢٩٣/١١ ☆ کشف الخفاء للعجلونی، ٤٢/٢
العلل المتناھیۃ لابن الجوزی، ٤٢٢/١ ☆ الدرر المنتثرۃ للحلبی، ١٠٤
١٠٨٣۔ السنن لابن ماجہ، الصلوۃ علی اھل القبلۃ، ١١١/١
کنز العمال للمتقی، ٤٢٢٦٣، ٥٨٠/١٥ ☆ ارواء الغلیل للالبانی، ٣٠٩/٢

حضرت واثلہ اسقع رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ہر مردے مسلمان کی نماز جنازہ پڑھو۔

(۷) نماز جنازہ کا طریقہ اور ابتداء

۱۰۸۴۔ **عن** عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال: آخر ما کبر النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم علی الجنازۃ اربع تکبیرات، وکبر عمر علی ابی بکر اربعا، وکبر ابن عمر علی عمرا ربعا، وکبر الحسن بن علی علی علی اربعا، وکبر الحسین بن علی علی الحسن بن علی اربعا، وکبرت الملائکۃ علی آدم اربعا، ولم تشرع فی الاسلام الا فی المدینۃ المنورۃ۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے آخری حیات طیبہ میں جنازہ پر چار تکبیریں پڑھیں اور حضرت فاروق اعظم نے حضرت سیدنا صدیق اکبر کے جنازہ پر چار تکبیریں پڑھیں، اسی طرح حضرت عبداللہ بن عمر نے فاروق اعظم پر چار، اور امام حسن مجتبیٰ نے حضرت علی پر چار، اور حضرت امام حسین نے امام حسن پر چار، اور ملائکہ نے حضرت آدم پر چار تکبیریں پڑھیں، اور نماز جنازہ اسلام میں مدینہ طیبہ میں شروع ہوئی۔

﴿۷﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

امام ابن حجر عسقلانی نے فرمایا: واقدی کے قول کے مطابق حضرت اسعد بن زرارہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا انتقال ہجرت کے ۹/ ماہ بعد ہوا۔ امام بغوی کہتے ہیں؛ ہجرت کے بعد سب سے قبل صحابہ میں وصال حضرت اسعد بن زرارہ کا ہوا۔ اور سب سے پہلے نماز جنازہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے آپ پر پڑھی۔ فتاوی رضویہ ۲/۲۶۸

(۸) حضرت خدیجۃ الکبریٰ کا وصال

۱۰۸۵۔ **عن** حکیم بن حزام رضی اللہ تعالیٰ عنہ ان ام المؤمنین خدیجۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہا توفیت سنۃ عشر من البعثۃ بعد خروج بنی ہاشم من الشعب

۱۰۸۴۔ المستدرک للحاکم، التکبیر علی الجنائز اربعا، ۱/۳۸۶

۱۰۸۵۔ الاصابۃ لابن حجر، ترجمۃ خدیجۃ، ۴/۲۸۳

ودفنت بالحجون ونزل النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فی حفرتہا ولم تکن شرعت الصلوۃ علی الجنائز۔ فتاوی رضویہ ۲/۴۶۸

حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ام المومنین حضرت خدیجہ کبری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا وصال دس نبوی میں ہوا جب آپ شعب ابی طالب سے باہر تشریف لائے۔ اور حجون میں دفن ہوئیں (جسکو جنۃ المعلیٰ کہا جاتا ہے) حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بنفس نفیس آپ کی قبر انور میں اترے۔ اس وقت نماز جنازہ شروع نہیں ہوئی تھی۔

(۹) نماز جنازہ میں تین صفیں بناؤ

۱۰۸۶۔ **عن** عطاء بن ابی رباح رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: ان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم صلی علی جنازۃ فکانوا سبعۃ فجعل الصف الاول ثلثہ والثانی اثنین والثالث واحدا۔

حضرت عطاء بن ابی رباح رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک جنازہ پر نماز پڑھی۔ صرف سات آدمی تھے۔ تو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے پہلی صف تین آدمیوں کی کی۔ دوسری صف دو کی اور تیسری صف ایک شخص کی۔

(۱۰) تین صفوں کے ذریعہ نماز جنازہ باعث مغفرت ہے

۱۰۸۷۔ **عن** مالک بن ہبیرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: مَنْ صَلّٰی عَلَیْہِ ثَلٰثَۃُ صُفُوْفٍ غُفِرَلَہٗ۔

حضرت مالک بن ہبیرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس کسی جنازہ پر تین صفوں نے نماز پڑھی اسکی مغفرت ہوگئی۔

فتاوی رضویہ ۴/۷۸

۱۰۸۶۔ مجمع الزوائد للہیثمی، ۳/۳۲

۱۰۸۷۔ السنن لابی داؤد، باب الصفوف علی الجنازۃ ۲/۴۵۱

الجامع للترمذی، باب کیف الصلوۃ علی المیت، ۱/۱۲۲

السنن لابن ماجہ، باب ما جاء فیمن صلی علیہ جماعۃ الخ، ۱/۱۰۸

المستدرک للحاکم، کتاب الجنائز، ۱/۳۶۲

المسند لاحمد بن حنبل، ۴/۷۹ ☆ مشکوۃ المصابیح للتبریزی، ۱۶۸۷

۱۰۸۸۔ **عن** مالك بن هبيره رضى الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: مَا مِنْ مَيِّتٍ يَمُوْتُ فَيُصَلِّي عَلَيْهِ ثَلٰثَةُ صُفُوْفٍ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ اِلَّا اَوْجَبَ، قال: فكان مالك اذا استقل اهل الجنازة جزاهم ثلثة صفوف۔

حضرت مالک بن ہبیرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس میت پر مسلمانوں کی تین صفیں نماز پڑھ لیں اسکے لئے جنت واجب ہوگئی۔ تو حضرت مالک بن ہبیرہ جب جنازہ میں شریک لوگوں کی تعداد کم دیکھتے تو اسی حدیث کے پیش نظر لوگوں کو تین صفوں میں تقسیم فرمادیتے۔

۱۰۸۹۔ **عن** مرثد بن عبدالله اليزنى قال: كان مالك بن هبيرة اذا صلى على جنازة فتقالّ الناس عليها جزاهم ثلثة اجزاء ثم قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: مَنْ صَلّٰى عَلَيْهِ ثَلٰثَةُ صُفُوْفٍ فَقَدْ اَوْجَبَ۔

فتاوی رضویہ ۴/۸۱

حضرت مرثد بن عبداللہ یزنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت مالک بن ہبیرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ جب جنازہ کی نماز پڑھتے اور لوگ کم ہوتے تو انکو تین صفوں میں تقسیم فرمادیتے۔ پھر فرماتے: رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے جس جنازہ پر تین صفوں نے نماز پڑھی اسکے لئے جنت واجب ہوگئی۔ ۱۲م

﴿۸﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

اگر کہیئے چھ مقتدیوں کی اس ترتیب میں کوئی حکمت بھی ہے؟

اقول: رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنے افعال کی حکمتیں خوب جانتے ہیں۔

نظر ظاہر میں یہاں دو حکمتیں معلوم ہوتی ہیں۔

اولاً۔ جمع تام ہے، اور جمع تام گویا صف تام ہے لہذا ایک روایت میں تین عورتوں کو جمیع صفوف مابعد کی نماز کا قاطع بتایا۔

اور ظاہر الروایت میں بھی اسے اس درجہ قوی بتایا کہ ایک صف کو دوسری کا حائل نہ جانا۔ اور انکی محاذات میں آخر صفوف تک تین مردوں کی نماز پر حکم فساد فرمایا۔ اس

۱۰۸۸۔ السنن لابی داؤد، باب الصفوف علی الجنازۃ، ۱/۴۵۱

۱۰۸۹۔ الجامع للترمذی، باب کیف الصلوۃ علی المیت، ۱/۱۲۲

معنوی کثرت وقوت کی تحصیل کو صف اول میں تین شخص رکھے۔

ثانیاً۔ اس میں تعدیل فضل ہے کہ جمع میں برکت ہے۔ ایک سے دو میں زائد دو سے تین میں، اور صفوف جنازہ میں آخر بالآخر افضل ہے۔ پہلی سے دوسری افضل، دوسری سے تیسری افضل، تو اس ترتیب سے ہر صف کے لئے چار فضل حاصل ہو گئے۔ پہلی صف میں باعتبار صف ایک اور بلحاظ رجال تین۔ دوسری صف میں صف اور رجال دونوں کے اعتبار سے دو دو۔ تیسری میں باعتبار صف تین بلحاظ رجل ایک۔ واللہ ذو الفضل العظیم۔

فتاوی رضویہ ۴/۸۱

(۱۱) سو نمازیوں کے طفیل میت کی بخشش ہو جاتی ہے

۱۰۹۰۔ **عن** أبی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه قال : قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: مَنْ صَلّٰی عَلَیْهِ مِاۃٌ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ غُفِرَلَهٗ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس پر سو مسلمان نماز پڑھیں وہ بخشا جائیگا۔

۱۰۹۱۔ **عن** أم المؤمنين ميمونة رضی الله تعالیٰ عنها قالت : قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : مَا مِنْ مَیِّتٍ یُصَلّٰی عَلَیْهِ أُمَّةٌ مِنَ النَّاسِ اِلَّا شُفِّعُوْا فِیْهِ

ام المؤمنین حضرت میمونہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس مردے پر مسلمانوں کا ایک گروہ نماز پڑھے انکی شفاعت اسکے حق میں قبول ہو۔

۱۰۹۰۔ السنن لابن ماجه، باب ما جاء فیمن صلی علیه جماع، ۱/۱۰۸
مشکل الآثار للطحاوی، ۱/۱۰۵ ☆ کنز العمال للمتقی، ۴۲۲۷۵، ۱۵/۵۹۹
تاریخ اصفهان لابی نعیم، ۱/۳۶۰ ☆

۱۰۹۱۔ السنن للنسائی، فضل من صلی علیه مائة، ۱/۲۱۸
المسند لاحمد بن حنبل، ۶/۴۰ ☆ الجامع الصغیر للسیوطی، ۲/۴۹۶
کنز العمال للمتقی، ۴۲۲۷۴، ۱۵/۵۹۹ ☆ اتحاف السادۃ للزبیدی، ۳/۴۵۶
الترغیب والترهیب للمنذری، ۴/۳۴۴ ☆

۱۰۹۲۔ عن عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: مَا مِنْ رَجُلٍ يُصَلِّي عَلَيْهِ مِأَةٌ اِلَّا غَفَرَ اللّٰهُ لَهُ۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس مسلمان پر سو آدمی نماز پڑھیں اللہ عزوجل اسکی مغفرت فرمادے۔

﴿۹﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

لہذا شریعت مطہرہ نے صرف فرضیت کفایہ پر اکتفا نہ فرمایا بلکہ نماز جنازہ میں نمازیوں کے لئے عظیم واعظم افضال الہیہ کے وعدے دیئے کہ لوگ اگر نفع میت کے خیال سے جمع نہ ہونگے تو اپنے فائدے کے لئے دوڑیں گے۔

فتاوی رضویہ ۴/۵۰

(۱۲) مومن کے جنازہ میں شریک لوگ بخشدیئے جاتے ہیں

۱۰۹۳۔ عن جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: اِذَا مَاتَ الرَّجُلُ مِنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ اِسْتَحْىَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ اَنْ يُّعَذِّبَ مَنْ حَمَلَهُ وَ مَنْ تَبِعَهُ وَ مَنْ صَلّٰى عَلَيْهِ۔

حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب کوئی جنتی شخص انتقال کر جاتا ہے تو اللہ تعالیٰ کو حیا آتی ہے کہ وہ ان لوگوں کو عذاب دے جو اسکا جنازہ اپنے کاندھے پر رکھیں اور شریک ہوں اور جو نماز جنازہ پڑھیں۔۱۲م

۱۰۹۴۔ عن سلمان الفارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ عن النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: اِنَّ اَوَّلَ مَا يُبَشَّرُ بِهِ الْمُؤْمِنُ اَنْ يُّقَالَ لَهُمْ اَبْشِرُوْا وَلِيَّ اللّٰهِ بِرِضَاهُ وَالْجَنَّةِ، قَدِمْتَ خَيْرَ مَقْدَمٍ، قَدْ غَفَرَ اللّٰهُ لِمَنْ شَيَّعَكَ، وَاسْتَجَابَ لِمَنِ اسْتَغْفَرَ لَكَ،

۱۰۹۲۔ المعجم الکبیر للطبرانی، ۱۵۷/۳۱ ☆ الجامع الصغیر للسیوطی، ۴۹۱/۲
مجمع الزوائد للهیثمی، ۳۶/۳ ☆ الترغیب و الترهیب للمنذری، ۳۴۲/۴
کنز العمال للمتقی، ۴۲۲۷۳، ۵۹۹/۱۵ ☆ التاریخ الکبیر للبخاری، ۱۱۳/۵
۱۰۹۳۔ مسند الفردوس للدیلمی، ۲۸۲/۱ ☆ کنز العمال للمتقی، ۴۲۳۴۸، ۵۹۵/۱۵
۱۰۹۴۔ المصنف لابن ابی شیبة، ۲۷۵/۷ ☆ کنز العمال للمتقی، ۴۲۳۵۵، ۵۹۶/۱۵

وَقَبِلَ مَنْ شَهِدَ لَكَ ۔

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مومنین کو سب سے پہلی خوشخبری یہ سنائی جاتی ہے کہ تم اللہ کے ولی کو اسکی رضا اور جنت کی بشارت دو۔ تیرا آنا مبارک ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے تیرے جنازہ میں شرکت کرنے والوں کو بخش دیا۔ نماز جنازہ پڑھنے والوں کی دعا قبول فرمائی اور گواہی دینے والوں کی گواہی قبولیت سے سرفراز ہوئی۔

۱۰۹۵۔ **عن** أنس رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: أَوَّلُ تُحْفَةِ الْمُؤمِنِ اَنْ يُّغْفَرَ لِمَنْ صَلّٰى عَلَيْهِ ۔

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مومن کا پہلا تحفہ یہ ہے کہ اسکی نماز جنازہ پڑھنے والے کو بخش دیا جاتا ہے۔۱۲م

۱۰۹۶۔ **عن** عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنهما عن النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: أَوَّلُ مَا يُتْحَفُ بِهِ الْمُؤمِنُ اِذَا دَخَلَ قَبْرَهٗ اَنْ يُّغْفَرَ لِمَنْ صَلّٰى عَلَيْهِ ۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مومن کو قبر میں داخل ہوتے ہی پہلا تحفہ یہ دیا جاتا ہے کہ اسکی نماز میں شرکت کرنے والے کو بخش دیا جاتا ہے۔۱۲م

۱۰۹۷۔ **عن** عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنهما قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: اِنَّ اَوَّلَ مَا يُجَازِىْ بِهِ الْمُؤْمِنِيْنَ بَعْدَ مَوْتِهٖ اَنْ يُّغْفَرَ لِجَمِيْعِ مَنْ تَبِعَ جَنَازَتَهٗ ۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ

۱۰۹۵۔ الجامع الصغیر للسیوطی، ۱۶۷/۱ ☆ العلل المتناهية لابن الجوزی، ۲۲۶/۳
۱۰۹۶۔ کنز العمال للمتقی، ۴۲۳۵۲، ۵۹۵/۱۵ ☆ جمع الجوامع للسیوطی، ۶۳۶۹
۱۰۹۷۔ الجامع الصغیر للسیوطی، ۱۳۶/۱ ☆ کشف الخفاء للعجلونی، ۳۰۸/۱
العلل المتناهية لابن الجوزی، ۳۸۲/۱ ☆ المسند للعقیلی، ۲۰۴/۴
الموضوعات لابن الجوزی، ۲۲۶/۳ ☆ تنزیه الشریعة لابن عراق، ۳۷۰/۲
الکامل لابن عدی، ۳۸۴/۶ ☆

علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: سب سے پہلے مومنین کو جو بدلہ دیا جاتا ہے وہ یہ ہے کہ ان تمام لوگوں کی بخشش ہوجاتی ہے جو انکے جنازہ میں شریک رہے ہوں۔۱۲م

۱۰۹۸۔ **عن** جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما عن النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: اِنَّ أَوَّلَ تُحْفَةِ الْمُؤْمِنِ أَنْ يُّغْفَرَ لِمَنْ خَرَجَ فِي جَنَازَتِهِ۔

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مومن کا سب سے پہلا تحفہ یہ ہے کہ ان تمام لوگوں کی مغفرت کردی جاتی ہے جو اسکے جنازہ میں شریک رہے ہوں۔ فتاوی رضویہ ۴/۴۲

(۱۳) چالیس نمازیوں کی دعا سے میت بخش دی جاتی ہے

۱۰۹۹۔ **عن** عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: مَامِنْ رَجُلٍ مُّسْلِمٍ يَمُوْتُ فَيَقُوْمُ عَلٰى جَنَازَتِهِ أَرْبَعُوْنَ رَجُلًا لَا يُشْرِكُوْنَ بِاللّٰهِ شَيْئًا إِلَّا شَفَّعَهُمُ اللّٰهُ فِيْهِ۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس مسلمان کے جنازہ پر چالیس مسلمان کھڑے ہوں اللہ تعالیٰ اسکے حق میں انکی شفاعت قبول فرمائیگا۔

(۱۴) سو نمازیوں کے طفیل میت بخش دی جاتی ہے

۱۱۰۰۔ **عن** أم المؤمنین عائشة الصدیقة رضی اللہ تعالیٰ عنہا قالت: قال

۱۰۹۸۔ الموضوعات لابن الجوزی، ۳/۲۲۶ ☆

۱۰۹۹۔ الصحیح لمسلم، الجنائز، ۱/۳۰۸ ☆
السنن لابی داؤد، باب فضل الصلوۃ علی الجنائز، ۲/۴۵۲
السنن لابن ماجہ، باب فیمن صلی علیہ جماعۃ، ۲/۱۰۸
المسند لاحمد بن حنبل، ۶/۵۷ ☆ الجامع الصغیر للسیوطی، ۲/۴۹۱
کنز العمال للمتقی، ۴۲۲۷۲، ۱۵/۵۸۲ ☆ الترغیب والترھیب للمنذری، ۴/۳۴۳
مشکل الآثار للطحاوی، ۱/۱۰۶ ☆ شرح السنۃ للبغوی، ۵/۳۸۱
الصحیح لمسلم، کتاب الجنائز ۱/۳۰۸
السنن للنسائی، فضل من صلی مائۃ، ۱/۲۱۸
المسند لاحمد بن حنبل، ۶/۴۰ ☆ الجامع الصغیر للسیوطی، ۲/۴۹۷
کنز العمال للمتقی، ۴۲۲۷۴، ۱۵/۵۸۴ ☆ الترغیب والترھیب للمنذری، ۴/۳۴۴
اتحاف السادۃ للزبیدی، ۲/۴۵۶ ☆

رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : ما مِنْ مَيِّتٍ تُصَلِّي عَلَيْهِ أُمَّةٌ مِنَ الْمُسْلِمِينَ يَبْلُغُونَ مِاْةً كُلُّهُمْ يَشْفَعُونَ لَهُ إِلَّا شُفِّعُوا فِيهِ۔

ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس میت پر سو مسلمان نماز جنازہ میں شفیع ہونگے انکی شفاعت اسکے حق میں قبول ہوگی۔

۱۱۰۱۔ **عن** أم المؤمنين عائشة الصديقة رضى الله تعالىٰ عنها قالت : قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم : لَا يَمُوتُ أَحَدٌ مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ فَيُصَلِّي عَلَيْهِ أُمَّةٌ مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ يَبْلُغُوا أنْ يَّكُونُوا مِاْةً فَيَشْفَعُوا لَهُ إِلَّا شُفِّعُوا فِيهِ۔

ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس مسلمان کی نماز جنازہ سو مسلمان پڑھیں اور وہ سب بارگاہ خداوند قدوس میں اسکی مغفرت کی دعا کریں تو اللہ تعالیٰ اسکی مغفرت فرما دیتا ہے۔۱۲م

فتاوی رضویہ ۴/۴۶

(۱۵) قبر پر نماز جنازہ پڑھنا

۱۱۰۲۔ **عن** أبى هريرة رضى الله تعالىٰ عنه قال : ان امرأة سوداء كانت تقم اوشابا ففقدها رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فسأل عنها اوعنه فقالوا: مات، قال: قال: أَفَلَا كُنْتُمْ آذَنْتُمُوْنِيْ، قال: فكانهم صغروا امرها او امره فقال: دُلُّوْنِيْ عَلٰى قَبْرِهَا فَدَلُّوْهُ فَصَلّٰى عَلَيْهِ۔ فتاوی رضویہ ۴/۴۳

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک سیاہ رنگ عورت مسجد نبوی میں جھاڑو لگاتی تھی یا ایک جوان تھا جو یہ کام انجام دیتا تھا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے

۱۱۰۱۔ الجامع للترمذی، باب کیف الصلوۃ علی علی المیت، ۱۲۲/۱
السنن للنسائی، فضل من صلی علیہ مائة، ۲۱۸/۱
المصنف لابن ابی شیبہ، ☆ کنز العمال للمتقی، ۴۲۲۷۰، ۵۸۱/۱۵
۱۱۰۲۔ الصحیح لمسلم، کتاب الجنائز، ۳۰۹/۱
السنن لابن ماجہ، باب ما جاء فی الصلوۃ علی القبر، ۱۱۱/۱
مشکوۃ المصابیح للتبریزی، ۱۶۵۹

ایک دن اسکونہ پایا تو پوچھا۔ صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین نے عرض کیا: انتقال ہوگیا فرمایا: تو تم لوگوں نے مجھے اطلاع کیوں نہ دی؟ راوی کہتے ہیں شاید انہوں نے اس مردیا عورت کو معمولی شخص سمجھا۔ حضور نے فرمایا: چلو مجھے اسکی قبر بتاؤ صحابہ کرام نے نشاندہی کی۔ آپ نے اس قبر پر نماز جنازہ پڑھی۔

(۱۶) مسلمان کے مسلمان پر پانچ حق ہیں

۱۱۰۳۔ **عن** أبی هريرة رضی الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: حَقُّ الْمُسْلِمِ عَلَى الْمُسْلِمِ خَمْسٌ، رَدُّالسَّلَامِ، وَعِيَادَةُ الْمَرِيْضِ، وَاِتِّبَاعُ الْجَنَازَةِ، وَاِجَابَةُ الدَّعْوَةِ، وَتَشْمِيْتُ الْعَاطِسِ۔　　فتاوی رضویہ ۴/۴۷

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مسلمان کے مسلمان پر پانچ حق ہیں۔ سلام کا جواب دینا، مریض کی عیادت کرنا، جنازہ میں شرکت کرنا، دعوت قبول کرنا، چھینک کا جواب دینا۔ ۱۲م

(۱۷) مسجد میں نماز جنازہ جائز نہیں

۱۱۰۴۔ **عن** صالح مولى التوأمه رضی الله تعالىٰ عنه عمن ادرك ابابكر وعمر رضی الله تعالىٰ عنهما انهم كانوا اذا تضايق بهم المصلى انصرفوا ولم يصلوا على الجنازة في المسجد۔

حضرت صالح رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے ایسے شخص سے روایت کی جنہوں نے خلیفۂ اول سیدنا صدیق اکبر اور خلیفۂ دوم سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا مبارک زمانہ پایا۔ ان حضرات کی عادت تھی کہ جب نماز جنازہ میں مصلی تنگی کرتا کہ اس میں

۱۱۰۳۔ الجامع الغير للسيوطي، ۲۲۷/۱ ☆ المسند لاحمد بن حنبل، ۵۴۰/۲
السنن الكبرى للبيهقى، ۳۸۶/۳ ☆ نصب الراية للزيعلى، ۲۵۷/۲
كنز العمال للمتقى، ۲۴۷۷۰، ۲۸/۹ ☆ اتحاف السادة للزبيدى، ۲۵۲/۶
مشكوة المصابيح للتبريزى، ۱۵۲۴ ☆ الترغيب والترهيب للمنذرى، ۱۴۵/۳
الاحكام النبوية للكحال، ۱۳۶/۱ ☆ تعليق التعليق لابن حجر، ۱۵۹
الاذكار النوويه، ۲۴۰ ☆ الادب المفرد للبخارى، ۱۹۱
المغنى للعراقى، ۱۹۱/۲ ☆
۱۱۰۴۔ المصنف لابن ابى شيبة، ☆ كنز العمال للمتقى، ۲۲۸۲۲، ۷۰۹/۱۵

گنجائش نہ پاتے تو واپس جاتے اور نماز جنازہ مسجد میں نہ پڑھتے۔

(۱۸) نماز جنازہ کے لئے بوقت ضرورت تیمّم جائز ہے

۱۱۰۵۔ **عن** عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما اذا فجئتك الجنازۃ وانت علی غیر وضو فتیمم وصل علیه۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ جب تمہارے سامنے اچانک جنازہ آجائے اور تم بے وضو ہو تو تیمّم کر کے نماز پڑھ لو۔

۱۱۰۶۔ **عن** عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال: اذا خفت ان تفوتك الجنازۃ وانت علی غیر وضوء فتیمم وصل۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ جب تمہیں نماز جنازہ کے فوت کا اندیشہ ہو اور وضو نہیں تو تیمّم کر کے پڑھ لو۔

۱۱۰۷۔ **عن** عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما انه اتی الجنازۃ وھو علی غیر وضوء فتیمم وصلی علیھا۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ انکے پاس ایک جنازہ آیا اس وقت وضو نہ تھا۔ تیمّم کر کے نماز میں شریک ہوگئے۔

۱۱۰۸۔ **عن** ابراھیم النخعی رضی اللہ تعالیٰ عنه قال: اذا فجئتك الجنازۃ ولست علی وضوء فان کان عندك ماء فتوضا وصل وان لم یکن عندك ماء فتیمم وصل۔

حضرت ابراہیم نخعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ جب تمہارے سامنے اچانک جنازہ آجائے اور وضو نہ ہو تو اگر تمہارے پاس پانی ہے تو وضو کر کے نماز پڑھو۔ اور اگر پانی نہیں تو تیمّم کر کے نماز پڑھلو۔۱۲م

۱۱۰۵۔ شرح معانی الآثار للطحاوی، باب ذکر الجنب و الحائض، ۵۲/۱

۱۱۰۶۔ المصنف لابن ابی شیبة، باب فی الرجل یخاف ان الخ، ۴۹۷/۲

۱۱۰۷۔ السنن للدار قطنی، باب الوضو و التیمم من آنیة الخ، ۷۴/۱

۱۱۰۸۔ المصنف لابن ابی شیبة، باب فی الرجل یخاف ان الخ، ۴۹۸/۲

۱۱۰۹۔ **عن** عطاء بن ابی رباح رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: اذا خفت ان تفوتك الجنازہ فتیمم وصل۔

حضرت عطاء بن ابی رباح رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ جب تجھے نماز جنازہ فوت ہوجانے کا خوف ہوتو تیمم کر کے نماز پڑھ لے۔۱۲م

۱۱۱۰۔ **عن** عامر الشعبی رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: یتیمم اذا خشی الفوت۔

حضرت عامر شعبی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ جب نماز جنازہ کے فوت ہونے کا اندیشہ ہوتو تیمم کرے۔۱۲م

۱۱۱۱۔ **عن** الحکم رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: اذا خفت ان تفوتك الصلوة وانت علی غیر وضوء فتیمم۔

حضرت حکم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ جب تجھے نماز فوت ہوجانے کا اندیشہ ہو اور تو بے وضو ہے تو تیمم کر کے نماز پڑھ لے۔۱۲م

۱۱۱۲۔ **عن** ابن شہاب الزہری رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: اذا فجئتك الجنازۃ وانت علی غیر وضوء فتیمم وصل۔

حضرت ابن شہاب زہری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ جب تیرے سامنے اچانک جنازہ آئے اور تیرا وضو نہیں تو تیمم کر کے نماز پڑھ لے۔۱۲م

۱۱۱۳۔ **عن** الحسن البصری رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: یتیمم ویصل۔

حضرت حسن بصری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نماز جنازہ کے لئے تیمم کرلے۔۱۲م

۱۱۰۹۔ المصنف لابن ابی شیبۃ، باب فی الرجل یخاف ان الخ، ۴۹۸/۲

۱۱۱۰۔ المصنف لابن ابی شیبۃ، باب فی الرجل یخاف ان الخ، ۴۹۸/۲

۱۱۱۱۔ المصنف لابن ابی شیبۃ، باب فی الرجل یخاف ان الخ، ۴۹۸/۲

۱۱۱۲۔ شرح معانی الآثار للطحاوی، باب ذکر الجنب والحائض، الخ، ۵۲/۱

۱۱۱۳۔ المصنف لابن ابی شیبۃ، باب فی الرجل یخاف ان الخ، ۴۹۸/۲

(۱۹) حضور کی نماز جنازہ کس طرح پڑھی گئی

۱۱۱٤۔ **عن** أمیر المؤمنین علی المرتضی کرم اللہ تعالیٰ وجھہ الکریم قال : لما وضع رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قال : لا یقوم علیہ احد ھو امامکم حیا ومیتا فکان ید خل الناس رسلا رسلا فیصلون علیھا صفا صفا لیس لھم امام ویکبرون وعلی رضی اللہ تعالیٰ عنہ قائم بحیال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یقول السلام علیك ایھا النبی ورحمۃ اللہ وبرکاتہ ، اللھم انا نشھد ان قد بلغ ما انزل الیہ ونصح لأمتہ وجاھد فی سبیل اللہ حتی اعزاللہ دینہ وتمت کلمتہ ، اللھم فاجعلنا ممن تبع ما انزل الیہ وثبتنا بعدہ واجمع بیننا وبینہ فیقول الناس ، آمین ، حتی صلی علیہ الرجال ثم النساء ثم الصبیان ۔

امیر المؤمنین حضرت مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے روایت ہے کہ جب حضور پرنور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو غسل دیکر سریر منیر پر لٹایا تو حضرت علی نے خود فرمایا: حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے آگے کوئی امام بنکر نہ کھڑا ہو کہ وہ تمہارے امام ہیں، دنیوی زندگی میں بھی اور بعد وصال بھی۔ پس لوگ گروہ در گروہ آتے اور پرے کے پرے حضور پر صلوۃ کرتے۔ کوئی انکا امام نہ تھا۔ حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سامنے کھڑے عرض کرتے تھے۔ سلام حضور پر اے نبی اور اللہ کی رحمت اور اسکی برکتیں۔ الٰہی ہم گواہی دیتے ہیں کہ حضور نے پہونچا دیا جو کچھ انکی طرف اتارا گیا۔ اور ہر بات میں اپنی امت کی بھلائی اور راہ خدا میں جہاد فرمایا۔ یہاں تک کہ اللہ عزوجل نے اپنے دین کو غالب کیا اور اللہ کا فرمان پورا ہوا۔ الٰہی تو ہم کو ان پر اتاری ہوئی کتاب کے پیروؤں میں سے کر اور انکے بعد بھی انکے دین پر قائم رکھ اور روز قیامت ہمیں ان سے ملا۔ مولیٰ علی یہ دعا کرتے اور حاضرین آمین کہتے۔ یہاں تک کہ ان پر پہلے مردوں پھر عورتوں پھر لڑکوں نے صلاۃ کی۔

۱۱۱۵۔ **عن** محمد ابراھیم التیمی المدنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال : لما کفن رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ووضع علی سریرہ دخل ابو بکر وعمر

۱۱۱٤۔ الطبقات الکبری لابن سعد، ذکر الصلوۃ علی رسول اللہ ﷺ ، ۲۲۲/۲

۱۱۱۵۔ الطبقات الکبری لابن سعد، ذکر الصلوۃ علی رسول اللہ ﷺ ، ۲۲۱/۲

فقالا : السلام علیك ایها النبی ورحمته وبرکاته ومعهما نفر من المهاجرین والانصار قد رما یسع البیت فسلموا کما سلم ابو بکر وعمر وهما فی الصف الاول حیال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم ،اللهم انا نشهد ان قد بلغ ما انزل الیه ونصح لامته وجاهد فی سبیل الله حتی اعز الله دینه وتمت کلمته فاومن به وحده لا شریك له فا جعلنا یا الهنا ممن یتبیع القول الذی انزل معه واجمع ،بیننا وبینه ، حتی تعرفه وتعرفه بنا فانه کان بالمؤمنین رؤفا رحیما لا ینبغی بالایمان بدلا ، ولا نشتری به ثمنا ابدا فیقول الناس ، آمین ، آمین ، ثم یخرجون ویدخل علیه آخرون حتی صلوا علیه الرجال ثم النساء ثم الصبیان ۔

حضرت محمد ابراہیم تیمی مدنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ جب حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو کفن دیکر سریر مبارک پر آرام دیا۔ سیدنا صدیق اکبر اور سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے حاضر ہوکر عرض کیا: سلام حضور پر اے نبی ،اور اللہ کی مہر اور اسکی افزونیاں ،دونوں حضرات کیساتھ ایک گروہ مہاجرین وانصار کا تھا جس قدر اس حجرۂ پاک میں سما جاتا ،ان سب نے یونہی سلام عرض کیا۔ اور صدیق وفاروق پہلی صف میں حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سامنے کھڑے یہ دعا کرتے تھے۔ الٰہی ہم گواہی دیتے ہیں کہ جو کچھ تونے اپنے نبی پر اتارا حضور نے امت کو پہونچادیا۔ اور امت کی خیر خواہی میں رہے اور راہ خدا میں جہاد فرمایا۔ یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے دین کو غلبہ دیا اور اللہ تعالیٰ کی باتیں پوری ہوئیں، میں ایک اللہ پر ایمان لاتا ہوں اسکا کوئی شریک نہیں ۔ اے معبود ہمارے ہمیں انکی کتاب کے پیرووں میں کر جو انکے ساتھ اتری اور ہمیں ان سے ملا کہ ہم انہیں پہچانیں اور تو ہماری پہچان انہیں کرادے کہ وہ مسلمانوں پر مہربان رحم دل تھے۔ ہم نہ ایمان کسی چیز سے بدلنا چاہیں نہ اسکے عوض کچھ قیمت لینا۔ لوگ اس دعا پر آمین کہتے تھے۔ پھر باہر جاتے اور آتے یہاں تک کہ مردوں پھر عورتوں پھر بچوں نے حضور پر صلاۃ کی۔

۱۱۱۶۔ **عن** عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال : قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم : اِذَا غَسَّلْتُمُوْنِیْ وَکَفَّنْتُمُوْنِیْ فَضَعُوْنِیْ عَلٰی سَرِیْرِیْ ثُمَّ

۱۱۱۶۔ المستدرك للحاکم ، ۳/۶۰
اتحاف السادۃ للزبیدی ، ۱۰/۲۹۰

اُخْرُجُوْا عَنِّی فَاَنَا اَوَّلُ مَنْ یُّصَلِّی عَلَیَّ جِبْرَئِیْلُ ثُمَّ مِیْکَائِیْلُ ثُمَّ اِسْرَافِیْلُ ثُمَّ مَلَکُ الْمَوْتِ مَعَ جُنُوْدِہٖ مِنَ الْمَلٰٓئِکَۃِ بِاَجْمَعِہِمْ ثُمَّ اُدْخُلُوْا عَلَیَّ فَوْجًا بَعْدَ فَوْجٍ فَصَلُّوْا عَلَیَّ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا ۔

حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب میرے غسل کفن مبارک سے فارغ ہو جاؤ تو مجھے نعش مبارک پر رکھ کر باہر چلے جانا، سب سے پہلے جبرئیل مجھ پر صلاۃ کرینگے، پھر میکائیل، پھر اسرافیل، پھر ملک الموت اپنے سارے لشکروں کے ساتھ۔ پھر گروہ گروہ آ کر مجھ پر درود وسلام عرض کرتے جانا۔ فتاوی رضویہ ۴/۴۱

۴۔نماز جنازہ کی دعائیں

(۱)دعائے جنازہ

۱۱۱۷۔ **عن** أبی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه قال : كان النبی صلی الله تعالیٰ عليه وسلم : اذا صلی علی الجنازة قال : اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِحَيِّنَا وَ مَيِّتِنَا وَ شَاهِدِنَا وَ غَائِبِنَا وَصَغِيْرِنَا وَ كَبِيْرِنَا وَذَكَرِنَا وَاُنْثَانَا ، اَللّٰهُمَّ مَنْ اَحْيَيْتَهٗ مِنَّا فَاَحْيِهٖ عَلَى الْاِسْلَامِ وَ مَنْ تَوَفَّيْتَهٗ مِنَّا فَتَوَفَّهٗ عَلَى الْاِيْمَانِ ، اَللّٰهُمَّ لَا تَحْرِمْنَا اَجْرَهٗ وَلَا تَفْتِنَّا بَعْدَهٗ ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب نماز جنازہ پڑھتے تو اس طرح دعا کرتے ، الٰہی بخشدے ہمارے زندے اور مردے ، اور حاضر اور غائب اور چھوٹے اور بڑے ، اور مرد اور عورت ، الٰہی تو جسے زندہ رکھے ہم میں سے اسے زندہ رکھ اسلام پر ، اور جسے موت دے ہم میں سے اسے موت دے ایمان پر ، الٰہی ! ہمیں اس میت کے ثواب سے محروم نہ رکھ اور ہمیں اس کے بعد فتنہ میں نہ ڈال ۔ فتاوی رضویہ ۴/۸۹

(۲)نماز جنازہ کی دیگر مسنون دعائیں

۱۱۱۸۔ **عن** عوف بن مالك الأشجعی رضی الله تعالیٰ عنه يقول : صلی النبی

۱۱۱۷۔ الجامع للترمذی ، باب ما يقول فی الصلوة علی المتی ۱/۱۲۲
السنن لابی داؤد ، باب الدعاللميت ، ۲/۴۵۷
السنن لابن ماجه ، ما جاء فی الدعا فی الصلوة ، ۱/۱۰۹
السنن للنسائی ، كتاب الدعا ۱/۲۱۷
المستدرك للحاكم ، كتاب الجنائز ، ۱/۳۵۸
المسند لاحمد بن حنبل ، ۲/۳۶۸ ☆ اتحاف السادة للزبيدی ، ۳/۴۵۰
السنن الكبری للبيهقی ، ۴/۳۸ ☆ مشكل الآثار للطحاوی ، ۱/۴۲۴
السنة لابن ابی عاصم ، ۳/۱۱۵ ☆ المسند لابی يعلی ،
المصنف لابن عبد الرزاق ، ۳/۴۸۶ ☆ كنز العمال للمتقی ، ۴۲۳۰۰ ، ۱۵/۵۸۶

۱۱۱۸۔ الصحيح لمسلم ، باب الدعا للميت ، ۱/۳۱۱
الجامع للترمذی ، باب ما يقول فی الصلوة علی الميت ۱/۱۲۲
السنن لابن ماجه ، باب فی الدعا فی الصلوة علی الجنزه ، ۱/۱۰۹
السنن للنسائی ، الدعا ، ۱/۲۱۷ ☆
المصنف لابن ابی شيبة ، ۳/۲۹۱ ☆ المسند لاحمد بن حنبل ، ۶/۲۳
البداية و النهاية لابن كثير ، ۵/۹۳ ☆ كنز العمال للمتقی ، ۴۲۳۰۱ ، ۱۵/۵۸۷

صلى الله تعالىٰ عليه وسلم على جنازة فحفظت من دعائه وهو يقول : اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَهٗ وَارْحَمْهُ وَعَافِهٖ وَ اعْفُ عَنْهُ وَاَكْرِمْ نُزُلَهٗ وَوَسِّعْ مُدْخَلَهٗ وَاغْسِلْهُ بِالْمَاءِ وَالثَّلْجِ وَالْبَرَدِ وَنَقِّهٖ مِنَ الْخَطَايَا كَمَا نَقَّيْتَ الثَّوْبَ الْاَبْيَضَ مِنَ الدَّنَسِ وَاَبْدِلْهُ دَارًا خَيْرًا مِّنْ دَارِهٖ وَاَهْلًا خَيْرًا مِّنْ اَهْلِهٖ وَزَوْجًا خَيْرًا مِّنْ زَوْجِهٖ وَاَدْخِلْهُ الْجَنَّةَ وَاَعِذْهُ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَ مِنْ فِتْنَةِ الْقَبْرِ وَعَذَابِ النَّارِ ، قال : تمنيت ان اكون انا ذلك الميت ـ

حضرت عوف بن مالک اشجعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک جنازہ پر نماز پڑھی۔ میں نے سرکار کی دعا کو یاد کرلیا، آپ خداوند قدوس سے یوں دعا کررہے تھے، الٰہی اس میت کو بخش دے اور اس پر رحم فرما، اور اسے ہر بلا سے بچا اور اسے معاف کر، اور اسے عزت کی مہمانی دے، اور اسکی قبر کشادہ فرما اور اسے دھودے پانی اور برف اور اولوں سے، اور اسے پاک کردے گناہوں سے جیسے تونے پاک کیا سفید کپڑا میل سے، اور اسے بدل دے مکان بہتر اسکے مکان سے، اور بدل دے گھر والے بہتر اسکے گھر والوں سے، اور زوجہ بہتر عطا فرما اسکی زوجہ سے، اور اسے داخل فرما بہشت میں، اور اسے پناہ دے قبر کے عذاب اور قبر کے سوال اور دوزخ کے عذاب سے۔ حضرت عوف فرماتے ہیں: یہ سنکر مجھے اس بات کی تمنا ہوئی کہ کاش میں اس میت کی جگہ ہوتا۔　فتاوی رضویہ ۴/۸۹

۱۱۱۹ـ **عن** عبدالله بن عباس رضى الله تعالىٰ عنهما قال : صلى النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم على جنازة فقال : اَللّٰهُمَّ! عَبْدُكَ وَابْنُ اَمَتِكَ يَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ ، وَيَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُكَ وَرَسُوْلُكَ ، اَصْبَحَ فَقِيْرًا اِلٰى رَحْمَتِكَ وَاَصْبَحْتَ غَنِيًّا عَنْ عَذَابِهٖ ، تَخَلّٰى مِنَ الدُّنْيَا وَاَهْلِهَا ، اِنْ كَانَ زَاكِيًا فَزَكِّهٖ وَاِنْ كَانَ مُخْطِئًا فَاغْفِرْ لَهٗ ، اَللّٰهُمَّ لَا تَحْرِمْنَا اَجْرَهٗ وَتُضِلَّنَا بَعْدَهٗ ـ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک جنازہ پر نماز پڑھی تو یہ دعا پڑھی۔ الٰہی! یہ میت تیرا بندہ اور تیری باندی کا بچہ گواہی دیتا ہے کہ کوئی سچا معبود نہیں مگر اکیلا تو، تیرا کوئی شریک نہیں، اور گواہی دیتا ہے کہ محمد تیرے بندے اور تیرے رسول ہیں۔ یہ محتاج ہے تیری مہربانی کا اور تو بے نیاز ہے اسکے

۱۱۱۹ـ المستدرك للحاكم ، كتاب الجنائز ، ۱/۳۵۹
مجمع الزوائد للهيثمى ، ۳/۳۳ ☆ المطالب العالية لابن حجر ، ۷۶۳

عذاب سے۔ یہ اکیلا رہا دنیا اور دنیا کے لوگوں سے، اگر یہ ستھرا تھا تو اسے ستھرا فرمادے، اور اگر خطاوار تھا تو اسے بخشدے۔ الہی ہمیں محروم نہ کر اسکے ثواب سے اور گمراہ نہ کر اسکے بعد۔

فتاوی رضویہ ۴/۸۹

۱۱۲۰۔ **عن** أمير المؤمنين علی کرم اللہ تعالیٰ وجهه الكريم قال: دعا رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم على جنازة، اَللّٰهُمَّ! هٰذَا عَبْدُكَ ابْنُ عَبْدِكَ ابْنُ اَمَتِكَ مَاضٍ فِيهِ حُكْمُكَ، خَلَقْتَهُ وَلَمْ يَكُ شَيْئًا مَذْكُورًا، أَنْزَلَ بِكَ وَأَنْتَ خَيْرُ مَنْزُوْلٍ بِهٖ، اَللّٰهُمَّ! لَقِّنْهُ حُجَّتَهُ وَاَلْحِقْهُ بِنَبِيِّهٖ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالىٰ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَ ثَبِّتْهُ بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ، فَاِنَّهُ افْتَقَرَ اِلَيْكَ وَاسْتَغْنَيْتَ عَنْهُ، كَانَ يَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ، فَاغْفِرْ لَهٗ وَارْحَمْهُ، وَلَا تَحْرِمْنَا اَجْرَهٗ وَلَا تَفْتِنَّا بَعْدَهٗ، اَللّٰهُمَّ! اِنْ كَانَ زَاكِيًا فَزَكِّهٖ وَاِنْ كَانَ خَاطِئًا فَاغْفِرْ لَهٗ۔

امیر المؤمنین حضرت علی مرتضی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے روایت ہےکہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جنازہ پر یہ دعا پڑھی، الہی! یہ تیرا بندہ تیرے بندے کا بیٹا تیری باندی کا بچہ ہے۔ نافذ اس میں حکم تیرا، تو نے اسے پیدا کیا اس حال میں کہ نہ تھا کوئی چیز جسکا نام تک کوئی لیتا۔ یہ تیرے یہاں اترا ہے اور تو بہتر ہے ان سب سے جنکے یہاں کوئی غریب الوطن اترے۔ الہی! اسے اسکی حجت سکھادے، اور اسے اسکے نبی محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے ملادے۔ اور اسے ٹھیک بات پر ثابت رکھ کہ یہ تیرا محتاج ہے اور تو اس سے غنی ہے۔ یہ گواہی دیتا تھا کہ کوئی سچا معبود نہیں سوا اللہ کے۔ پس اسے بخشدے اور اس پر رحم فرما۔ اور ہمیں اسکے ثواب سے محروم نہ کر اور اسکے بعد فتنے میں نہ ڈال۔ الہی! اگر یہ ستھرا تھا تو اسے ستھرا فرمادے اور اگر خطا کار تھا تو اسے بخش دے۔

فتاوی رضویہ ۴/۹۰

۱۱۲۱۔ **عن** يزيد بن ركانة رضى الله تعالىٰ عنه قال: صلى رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم على جنازة فدعا له، اَللّٰهُمَّ! عَبْدُكَ وَابْنُ اَمَتِكَ اِحْتَاجَ اِلٰى رَحْمَتِكَ وَاَنْتَ غَنِيٌّ عَنْ عَذَابِهٖ، اِنْ كَانَ مُحْسِنًا فَزِدْ فِيْ اِحْسَانِهٖ، وَاِنْ كَانَ مُسِيْئًا

۱۱۲۰۔ الجامع الكبير للطبرانى، ۲/۱۸۷۰☆

۱۱۲۱۔ المستدرك للحاكم، كتاب الجنائز، ۱/۳۵۹

مجمع الزوائد للهيثمى، ۳/۳۳

فَتَجَاوَزْ عَنْهُ ۔

حضرت یزید بن رکانہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک جنازہ پر نماز پڑھی اور اسکے لئے اس طرح دعا کی۔ الٰہی! یہ تیرا بندہ ہے اور تیری باندی کا بیٹا ہے۔ تیری رحمت کا محتاج ہے اور تو اسکو عذاب دینے سے بے نیاز ہے، اگر یہ نکوکار ہے تو اسکی نیکیاں اور زیادہ فرما۔ اور اگر گنہگار ہے تو اسکو بخشدے۔۱۲م

۱۱۲۲۔ **عن** أبی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه قال : صلی رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم علی الميت فقال :أَللّٰهُمَّ إعَبْدُكَ وَابْنُ عَبْدِكَ ، كَانَ يَشْهَدُ أنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَأنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُكَ وَرَسُوْلُكَ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالىٰ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، وأنْتَ أعْلَمُ بِهِ مِنَّا اِنْ كَانَ مُحْسِنًا فَزِدْ فِي اِحْسَانِهِ ، وَاِنْ كَانَ مُسِيْئًا فَاغْفِرْلَهُ،وَ لَا تَحْرِمْنَا أجْرَهُ ، وَلَا تَفْتِنَّا بَعْدَهُ ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نماز جنازہ میں یہ دعا پڑھی۔ الٰہی! یہ تیرا بندہ اور تیرے بندے کا بیٹا ہے، یہ گواہی دیتا تھا کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں، اور محمد تیرے بندے اور تیرے رسول ہیں۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم، اور تو اسکو ہم سے خوب جانتا ہے۔ اگر یہ نیک ہے تو اسکی نیکیاں اور زیادہ فرما، اور اگر یہ بد ہے تو اسکی مغفرت فرما۔ ہمیں اسکے ثواب سے محروم نہ کر اور اسکے بعد ہمیں کسی آزمائش میں مبتلا مت فرما۔۱۲م

۱۱۲۳۔ **عن** سعيد بن المسيب رضی الله تعالیٰ عنه قال : ان امير المؤمنين عمر بن الخطاب رضی الله تعالیٰ عنه صلی الجنازة فقال: اللهم ! اصبح عبدك هذا قد تخلی عن الدنيا وتركها لا هلها وافتقر اليك واستغنيت عنه ، وقد كان يشهد أن لا اله الا الله وأن محمدا عبدك ورسولك صلی الله تعالیٰ عليه وسلم ، اللهم ! اغفرله وتجاوزه عنه والحقه بنبيه صلی الله تعالیٰ عليه وسلم۔

حضرت سعید بن مسیّب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ امیر المؤمنین سیدنا

۱۱۲۲۔ المصنف لابن ابی شیبة، بالقراة و الدعا فی الصلوة الخ ۴۸۷/۳
المعجم الکبیر للطبرانی، ۲۷۷/۸

۱۱۲۳۔ المسند لابی یعلی، المصنف لعبد الرزاق، ۴۸۷/۳

حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جنازہ میں اس طرح دعا کی۔ الٰہی! تیرے اس بندے نے دنیا سے چھٹکارا حاصل کرلیا اور دنیا کو دنیا والوں کے لئے چھوڑ دیا۔ یہ تیرا محتاج ہے اور تو اس سے بے نیاز ہے۔ یہ اس بات کی گواہی دیتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں اور محمد تیرے بندے اور رسول ہیں۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم، اے اللہ اسکی مغفرت فرما۔ اسکے گناہوں کو معاف فرما اور اسکو حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے جوار اقدس میں جگہ عطا فرما۔۱۲م

۱۱۲۴۔ **عن** أبی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه قال :سمعت رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم يصلی علی الجنازة ، اَللّٰهُمَّ ! أَنْتَ رَبُّهَا وَأَنْتَ خَلَقْتَهَا وَأَنْتَ هَدَيْتَهَا لِلْإِسْلَامِ وَأَنْتَ قَبِضْتَ رُوْحَهَا وَأَنْتَ أَعْلَمُ بِسِرِّهَا وَعَلَانِيَتِهَا ، جِئْنَا شُفَعَاءَ فَاغْفِرْ لَهَا ۔ فتاوی رضویہ ۴/۹۱

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو نماز جنازہ پڑھاتے ہوئے سنا تو یہ دعا پڑھ رہے تھے۔ الٰہی! تو اسکا رب ہے۔ تو نے اسے پیدا کیا۔ تو نے اسے اسلام کی ہدایت دی، تو نے ہی اسکی روح قبض فرمائی اور تو ہی اسکے ظاہر و باطن کو خوب جانتا ہے، ہم اسکے سفارشی بنکر آئے ہیں اسکی مغفرت فرما۔۱۲م

۱۱۲۵۔ **عن** الحارث بن نوفل رضی الله تعالیٰ عنه : ان النبی صلی الله تعالیٰ عليه وسلم علمهم الصلوة علی الميت ، اَللّٰهُمَّ ! اغْفِرْ لِإِخْوَانِنَا وَأَخَوَاتِنَا، وَ أَصْلِحْ ذَاتَ بَيْنِنَا ،وَأَلِّفْ بَيْنَ قُلُوْبِنَا ، اَللّٰهُمَّ ! هٰذَا عَبْدُكَ فُلَانُ بْنُ فُلَان ، وَلَا نَعْلَمُ إِلَّا خَيْرًا وَ أَنْتَ أَعْلَمُ بِهِ مِنَّا فَاغْفِرْ لَنَا وَلَهُ ۔

حضرت حارث بن نوفل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انکو نماز جنازہ اس طرح سکھائی ، الٰہی ہمارے بھائی اور بہنوں کی مغفرت فرما ہمارے درمیان صلح قائم رکھ، ہمارے دلوں کو ملا ، الٰہی! یہ تیرا بندہ فلاں بن فلاں ہے، ہم تو

۱۱۲۴۔ السنن لابی داود ، باب لدعاء للميت، ۲/۴۵۶
المسند لاحمد بن حنبل ، ۲/۳۴۵ ☆ السنن الكبری للبيهقی ، ۴/۴۲
الاذكار النووية ۱۴۳ ☆ كنز العمال للمتقی، ۴۲۳۰۲، ۱۵/۵۸۷
۱۱۲۵۔ مشكل الآثار للطحاوی، ☆ كنز العمال للمتقی، ۴۲۸۴۴، ۱۵/۷۱۴

اسکے بارے میں بھلائی ہی جانتے ہیں اورتو بہتر جاننے والا ہےتو ہماری اوراسکی مغفرت فرما۔۱۲م

۱۱۲۶۔ **عن** واثلة بن الأ سقع رضى الله تعالىٰ عنه قال: صلى رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم على رجل من المسلمين۔فاسمعه يقول: اَللّٰهُمَّ ! اِنَّ فُلَانَ بْنَ فُلَانٍ فِي ذِمَّتِكَ وَحَبْلِ جِوَارِكَ فَقِهٖ مِنْ فِتْنَةِ الْقَبْرِ وَعَذَابِ النَّارِ ، وَأَنْتَ أَهْلُ الْوَفَاءِ وَ الْحَقِّ ، فَاغْفِرْ لَهٗ وَارْحَمْهُ ، اِنَّكَ أَنْتَ الْغَفُورُ الرَّحِيمُ ۔

حضرت واثلہ بن اسقع رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک صحابی کی نماز جنازہ پڑھی تو میں نے حضور سے یہ دعا سنی ، الہی ! فلاں بن فلاں تیرے ذمہ کرم اور جوار رحمت میں ہے ،تو اسکو امتحان قبر اور عذاب جہنم سے محفوظ فرما۔تو وعدہ پورا فرمانے والا اور حق فرمانے والا ہے۔اسکی مغفرت فرما اور اس پر مہربانی فرما۔بیشک تو ہی بخشنے والا مہربان ہے۔۱۲م

۱۱۲۷۔ **عن** سعيد بن المسيب رضى الله تعالىٰ عنه قال : حضرت مع بن عمر فى جنازة ، فلما وضعها فى اللحد قال : بسم الله و فى سبيل الله وعلى ملة رسول الله ، فلما اخذ فى تسوية اللبن على اللحد قال : اللهم ! اجرها من الشيطان و من عذاب القبر ، اللهم ! جاف الارض عن جنبيها و صعدروحها و لقها منك رضوانا ، قلت : يا ابن عمر ! أشئ سمعته من رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ام قلته برائك قال: انى اذا لقادر على القول ، بل شئ سمعته من رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم۔

حضرت سعید بن مسیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کیساتھ ایک جنازہ میں شریک ہوا، جب آپ نے اسے قبر میں رکھا تو پڑھا بسم اللہ وفی سبیل اللہ وعلی ملة رسول اللہ ، جب مٹی برابر کرنے لگے تو پڑھ رہے تھے الہی ! اسکو شیطان کے شر سے محفوظ رکھ ، اور عذاب قبر سے مامون فرما ، الہی ! زمین کو اسکے

۱۱۲۶۔ السنن لابن ماجه ، باب الدعا فى الصلوة لعلى الجنازة ۱۰۹/۱
السنن لابى داؤد ، باب الدعاء للميت ، ۴۵۷/۲
۱۱۲۷۔ السنن لابن ماجه ، باب ما جاء فى ادخال الميت القبر ، ۱۱۲/۱

پہلوؤں سے دور رکھ، اسکی روح کو بلندیوں پر پہونچا، اپنی رضا سے سرفراز فرما، میں نے عرض کیا: اے ابن عمر! کیا آپ نے اس سلسلہ میں حضور سے کچھ سنا ہے یا خود اپنی رائے سے یہ سب کہہ رہے ہو؟ فرمایا: بلاشبہ میں اس طرح کی دعا پر قادر ہوں، لیکن میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے یہ سب سنا ہے۔۱۲م

۱۱۲۸۔ **عن** إبراهيم الأشهل عن أبيه رضى الله تعالىٰ عنهما قال: ان رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم صلى على جنازة فقال: اَللّٰهُمَّ! اغفِرْ لِاَوَّلِنَا وَ آخِرِنَا وَحيِّنا وميّتناوذكرنا وَأُنثانا وصَغِيرِنَا وَ كَبِيرِنَا وَشَاهِدِنَا وَغَائِبِنَا ۔ اَللّٰهُمَّ! لَا تَحْرِمْنَا أجرَهُ وَلا تَفْتِنَّا بعْدهُ ۔

فتاوی رضویہ ۴/۹۱

حضرت ابراہیم اشہل رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نماز جنازہ پڑھی تو یہ دعا کی، الہی! ہمارے اگلوں اور پچھلوں کی، زندوں مردوں کی، مردوں اور عورتوں کی، چھوٹوں اور بڑوں کی، حاضرین وغائبین کی مغفرت فرما۔ الہی! اسکے ثواب سے ہمیں محروم نہ کر اور اسکے بعد کسی آزمائش میں نہ ڈال۔۱۲م

۱۱۲۹۔ **عن** أبى حاصر رضى الله تعالىٰ عنه أنه صلى على جنازة فقال: الا اخبر كم كيف كان رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يصلى على الجنازه؟ كان يقول: اَللّٰهُمَّ! اِنَّكَ خلقتنَا وَ نَحنُ عِبَادُكَ، أنتَ رَبُّنا وَاِلَيكَ مَعَادُنا ۔

حضرت ابو حاصر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ آپ نے ایک جنازہ کی نماز پڑھائی تو فرمایا: کیا میں تمہیں اس بات کی خبر نہ دوں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نماز جنازہ میں کس طرح دعا کرتے تھے۔ حضور دعا کرتے، الہی! بیشک تو نے ہمیں پیدا کیا اور ہم تیرے بندے ہیں اور تو ہمارا رب ہے اور تیری ہی طرف ہمیں پھرنا ہے۔

فتاوی رضویہ ۴/۹۴

۱۱۲۸۔ كنز العمال للمتقى، ۴۲۲۹۹، ۱۵/۵۸۶

۱۱۲۹۔ كنز العمال للمتقى، ۴۲۸۴۹، ۱۵/۷۱۰

۵۔ زیارت قبور

(۱) ایک سال پر قبروں کی زیارت اور عرس

۱۱۳۰۔ **عن** أنس بن مالك رضی الله تعالیٰ عنه قال: ان رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم كان یأتی احدا كل عام فاذا بلغ الشعب سلم علی قبور الشهداء فقال: سَلَامٌ عَلَیْكُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ فَنِعْمَ عُقْبَی الدَّارِ۔

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم شہدائے احد کے مزارات پر ہر سال تشریف لیجاتے۔ جب وادی کے پاس پہونچتے تو شہداء کو سلام کرتے تو فرماتے: کہ تم پر سلامتی ہو تمہارے صبر کے سبب اور تمہارا آخری گھر بہت اچھا ہے۔۱۲م

۱۱۳۱۔ **عن** محمد بن اِبراهیم التیمی رضی الله تعالیٰ عنه قال: كان النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم یأتی قبور الشهداء عند رأس الحول فیقول: سَلَامٌ عَلَیْكُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ فَنِعْمَ عُقْبَی الدَّارِ قال: و كان أبو بكر و عمر و عثمان یفعلون ذلك۔

حضرت محمد ابرہیم تیمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہر سال شہدائے احد کی قبروں پر تشریف لاتے اور یوں فرماتے: تم پر سلامتی ہو تمہارے صبر کا بدلہ کیا ہی اچھا گھر ملا۔ سیدنا صدیق اکبر، فاروق اعظم اور عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہم کا بھی یہ ہی طریقہ تھا۔

فتاوی رضویہ ۱۹۲/۴

(۲) بوسۂ قبر تعظیم روح کیلئے ہے

۱۱۳۲۔ **عن** داؤد بن أبی صالح رضی الله تعالیٰ عنه قال: أقبل مروان یوما فوجد رجلا واضعا وجهه علی القبر، فاخذ مروان برقبته ثم قال: هل تدری ما تصنع،

۱۱۳۰۔ الدر المنثور للسیوطی، ۵۸/۴ ☆

۱۱۳۱۔ المصنف لعبد الرزاق، ۵۷۳/۳ ☆ الدر المنثور للسیوطی، ۵۸/۴

التفسیر للقرطبی، ۳۱۲/۹ ☆ البدایة و النهایة لابن کثیر، ۵۴/۴

۱۱۳۲۔ المسند لاحمد بن حنبل، ۴۲۲/۵ ☆ المستدرك للحاکم، ۵۱۵/۴

المعجم الکبیر للطبرانی، ۱۸۹/۴ ☆ مجمع الزوائد للهیثمی، ۲۴۵/۵

کنز العمال للمتقی، ۱۵۹۶۸، ۳۴۴/۶ ☆ السلسلة الضعیفة للالبانی، ۳۷۳

فاقبل علیه فقال : نعم ، انی لم آت الحجر ، انما جئت رسول اللّٰه صلی اللّٰه تعالٰی علیه وسلم ولم آت الحجر سمعت رسول اللّٰه صلی اللّٰه تعالٰی علیه وسلم، یقول: لَا تَبْکُوا عَلَی الدِّیْنِ اِذَا وَلِیَهٗ اَھْلُهٗ وَلٰکِنْ اَبْکُوا عَلَی الدِّیْنِ اِذَا وَلِیَهٗ غَیْرُ اَھْلِهٖ۔

حضرت داوٗد بن ابی صالح رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ مروان بن حکم نے اپنے زمانہ تسلط میں ایک صاحب کو دیکھا کہ قبر اکرم سید عالم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم پر اپنا منہ رکھے ہوئے ہیں۔ مروان نے انکی گردن پکڑ کر کہا: جانتے ہو کیا کر رہے ہو؟ اس پر ان صاحب نے اسکی طرف متوجہ ہو کر فرمایا: ہاں، میں سنگ وگل کے پاس نہیں آیا ہوں۔ میں تو رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کے حضور حاضر ہوا ہوں۔ میں اینٹ پتھر کے پاس نہیں آیا۔ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے۔ دین پر نہ روؤ جب اسکا اہل اس پر والی ہو۔ ہاں اس وقت دین پر روؤ جبکہ نا اہل والی ہو۔

﴿۱﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

یہ صحابی سیدنا حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ تعالٰی عنہ تھے۔ تو تعظیم قبر و روح میں فرق نہ کرنا مروان کی جہالت تھی۔ اور اسی کے ترکہ سے وہابیہ کو پہونچی۔ اور تعظیم قبر سے جدا ہو کر تعظیم روح کی برکت لینا صحابہ کرام کی سنت ہے۔ اور اہل سنت کو ان کی میراث ملی۔ فللّٰہ الحمد۔

فتاوی رضویہ ۴/۱۶۱

(۲) زیارت قبر سے مردہ کا دل بہلتا ہے

۱۱۳۳۔ عن أم المؤمنین عائشة الصدیقة رضی اللّٰه تعالٰی عنها قالت : قال رسول اللّٰه صلی اللّٰه تعالٰی علیه وسلم : مَا مِنْ رَجُلٍ یَزُوْرُ قَبْرَ اَخِیْهِ وَ یَجْلِسُ عِنْدَهٗ اِلَّا اسْتَاْنَسَ وَ رَدَّ عَلَیْهِ حَتّٰی یَقُوْمَ۔ جدالممتار ۱/۴۰۵

ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالٰی عنہا سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کوئی مرد اپنے بھائی کی قبر کی زیارت نہیں کرتا اور اسکے پاس نہیں بیٹھا مگر وہ صاحب قبر اس سے انس حاصل کرتا ہے اور اسکی باتوں کا جواب دیتا ہے جب تک وہ وہاں سے اٹھ کھڑا نہیں ہوتا۔ ۱۲ م

۱۱۳۳۔ اتحاف السادة للزبیدی، ۱۰/۳۶۵ ☆ الحاوی للفتاوی للسیوطی، ۲/۲۰۲

(۴) اہل قبور کو سلام کرو وہ جواب دیتے ہیں

۱۱۳۴۔ **عن** أبی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه قال : قال ابورزين يا رسول الله ! إن طريقی علی الموتی فهل من كلام اتكلم به اذا مررت عليهم ؟ قال : قُلْ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا أَهْلَ الْقُبُوْرِ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ وَ الْمُؤْمِنِيْنَ ، أَنْتُمْ لَنَا سَلَفٌ وَ نَحْنُ لَكُمْ تَبَعٌ وَ اِنَّا اِنْ شَآءَ اللّٰهُ تَعَالیٰ بِكُمْ لَا حِقُوْنَ ، قال ابو رزين : يا رسول الله ! يسمعون ؟ قال : يَسْمَعُوْنَ وَ لٰكِنْ لَّا يَسْتَطِيْعُوْنَ أَنْ يُّجِيْبُوْا۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ابورزین رضی اللہ تعالیٰ نے عرض کیا: یارسول اللہ! میرا راستہ مقابر پر ہے۔ کوئی کلام ایسا ہے کہ جب ان پر گذروں کہا کروں؟ فرمایا: یوں کہہ، سلام تم پر اے قبر والو! اہل ایمان اور اہل اسلام سے، تم ہمارے آگے ہو اور ہم تمہارے پیچھے اور ہم انشاء اللہ تم سے ملنے والے ہیں ابورزین رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کی: یا رسول اللہ! کیا مردے سنتے ہیں؟ فرمایا: سنتے ہیں لیکن جواب نہیں دیتے

﴿۲﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

امام جلال الدین سیوطی شرح الصدور میں فرماتے ہیں: ای جوابا يسمعه الحی و الا فهم يردون حيث لا يسمع یعنی حدیث کی مراد یہ ہے کہ مردے ایسا جواب نہیں دیتے جو زندے سن لیں ورنہ وہ ایسا جواب تو دیتے ہیں جو ہمارے سننے میں نہیں آتا۔ نیز یہ معنی خود متعدد احادیث سے ثابت وواضح کہ ان میں تصریحا فرمایا: مردے جواب سلام دیتے ہیں۔ اسکی نظیر وہ حدیث ہے کہ روح سب کچھ دیکھتی ہے مگر بول نہیں سکتی کہ شور وفریاد سے منع کرے۔ اسکے معنی بھی وہی ہیں کہ اپنی بات احیاء کو سنا نہیں سکتے۔ ورنہ صحیح حدیثوں میں اسکا کلام کرنا وارد۔

فقیر کہتا ہے: پھر یہ ہمارا نہ سننا بھی دائمی نہیں۔ صدہا بندگان خدا نے اموات کا کلام و سلام سنا ہے۔ جنکی بکثرت روایات خود شرح الصدور وغیرہ میں مذکور۔

۱۱۳۵۔ **عن** عبد الله بن عمر رضی الله تعالیٰ عنهما قال : جلس رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم علی قبر مصعب بن عمير و رفقائه وقال: وَالَّذِیْ نَفْسِی

۱۱۳۴۔ المسند للعقيلی، ۱۹/۴ ☆

۱۱۳۵۔ الطبقات الكبریٰ لابن سعد، ۸۵/۳ ☆ الدر المنثور للسيوطی ۱۹۱/۵

بِیَدِہٖ لَا یُسَلِّمُ عَلَیْہِ اَحَدٌ اِلَّا رَدُّوْا عَلَیْہِ اِلٰی یَوْمِ الْقِیَامَۃِ۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حضرت مصعب بن عمیر اور انکے ساتھیوں رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی قبور پر ٹھہرے اور فرمایا: قسم اسکی جسکے ہاتھ میں میری جان ہے! قیامت تک جوان پر سلام کرے گا جواب دیں گے۔

۱۱۳۶۔ **عن** أبی هریرة رضی الله تعالیٰ عنه قال : جلس رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم علی قبر مصعب بن عمیر و رفقائه و قال: وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِہٖ لَا یُسَلِّمُ عَلَیْهِمْ اَحَدٌ اِلَّا رَدُّوْا عَلَیْہِ اِلٰی یَوْمِ الْقِیَامَۃِ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حضرت مصعب بن عمیر اوران کے ساتھیوں رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی قبور پر ٹھہرے اور فرمایا: قسم اسکی جسکے ہاتھ میں میری جان۔ قیامت تک جوان پر سلام کریگا جواب دیں گے۔

۱۱۳۷۔ **عن** عبد الله بن فروة رضی الله تعالیٰ عنه قال : زار رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم شهداء احد فقال . اَللّٰهُمَّ ! اِنَّ عَبْدَكَ وَ نَبِیَّكَ یَشْهَدُ اَنَّ هٰؤُلَاءِ شُهَدَآءُ وَ اَنَّهٗ مَنْ زَارَهُمْ اَوْ سَلَّمَ عَلَیْهِمْ اِلٰی یَوْمِ الْقِیَامَۃِ رَدُّوْا عَلَیْہِ۔

حضرت عبداللہ بن فروہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم شہدائے احد کی زیارت کیلئے تشریف لے گئے اور عرض کی: الٰہی! تیرا بندہ اور تیرا نبی گواہی دیتا ہے کہ یہ شہید ہیں اور قیامت تک جو انکی زیارت کو آئے گا اور ان پر سلام کریگا یہ جواب دیں گے۔

﴿۲﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

عطاف بن خالد مخزومی کہتے ہیں: میری خالہ مجھ سے بیان کرتی تھیں. میں ایک بار زیارت قبور شہداء کو گئی۔ میرے ساتھ دو لڑکوں کے سوا کوئی نہ تھا جو میری سواری کا جانور تھامے تھے۔ میں نے مزارات پر سلام کیا جواب سنا آواز آئی۔ واللہ انا نعرفکم کما یعرف بعضنا بعضا۔ خدا کی قسم، ہم تم لوگوں کو ایسا پہچانتے ہیں جیسے آپس میں ایک دوسرے کو۔

۱۱۳۶۔ المستدرك للحاکم، ☆

۱۱۳۷۔ المستدرك للحاکم، ۳/۲۹ ☆ کنز العمال للمتقی، ۲۹۸۹۷، ۱/۳۸۲
جمع الجوامع للسیوطی، ۹۹۷۰ ☆ دلائل النبوۃ للبیہقی، ۳/۳۰۷

میرے بدن پر بال کھڑے ہو گئے اور میں واپس چلی آئی۔

امام بیہقی نے ہاشم بن عمری سے روایت کی کہ مجھے میرے باپ مدینہ طیبہ سے زیارت قبور احد کو لے گئے۔ جمعہ کا روز تھا، صبح ہو چکی تھی اور آفتاب نہ نکلا تھا۔ میں اپنے والد کے پیچھے تھا۔ جب مقابر کے پاس پہونچے۔ انہوں نے بلند آواز سے کہا: سلام علیکم بما صبرتم فنعم عقبی الدار، جواب آیا۔ وعلیك السلام یا ابا عبد الله! باپ نے میری طرف پھر کر دکھا اور کہا: اے میرے بیٹے! کیا تو نے جواب دیا؟ میں نے کہا: نہ انہوں نے میرا ہاتھ پکڑ کر اپنی داہنی طرف کرلیا اور، کلام مذکور کا اعادہ کیا۔ دوبارہ ویسا ہی جواب ملا۔ سہ بارہ کیا پھر وہی جواب ہوا۔ میرے باپ اللہ کے حضور سجدۂ شکر میں گر پڑے۔ ابن ابی الدنیا اور بیہقی دلائل میں انہیں عطاف مخزومی کی خالہ سے روایت کرتے ہیں کہ ایک دن میں نے قبر سیدنا حضرت امیر حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس نماز پڑھی اس وقت جنگل بھر میں کسی آدمی کا نام ونشان نہ تھا بعد نماز مزار مطہر پر سلام کیا جواب آیا اور اسکے ساتھ یہ فرمایا: من یخرج من تحت القبر اعرفه کما اعرف ان الله خلقنی و کما اعرف اللیل و النهار۔

جو میری قبر کے نیچے سے گزرتا ہے میں اسے ایسا پہچانتا ہوں جیسے اس بات کو کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے پیدا کیا۔ اور جس طرح رات و دن کو پہچانتا ہوں۔

۱۱۳۸۔ **عن** محمد بن واسع رضی الله تعالیٰ عنه قال: بلغنی ان الموتی یعلمون بزوارهم یوم الجمعة و یوما قبله و یوما بعده۔

حضرت محمد بن واسع ثقہ تابعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ مجھے یہ حدیث پہونچی کہ مردے اپنے زائروں کو جانتے ہیں جمعہ کے دن اور ایک دن اس سے قبل اور ایک دن بعد۔

﴿۳﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

اس حدیث کے یہ معنی ہیں کہ بوجہ برکت جمعہ ان تین ایام میں انکے علم وادراک کو زیادہ وسعت دیتے ہیں جو معرفت وشناسائی ان دنوں میں ہوتی ہے اور دنوں سے بیش وفزوں ہے۔ نہ یہ کہ صرف یہی تین دن علم وادراک کے ہوں۔ ابھی سن چکے کہ احادیث کثیرہ مطلق

۱۱۳۸۔ شعب الایمان للبیہقی، ۱۸/۷ ☆

ہیں جن میں بلا تخصیص ایام ان کا علم وادراک ثابت ہے۔ فتاوی رضویہ ۴/۲۶۴

(۵) قبر کی زیارت سے مردہ خوش ہوتا ہے

۱۱۳۹۔ **عن** بعض الصحابة رضی اللہ تعالیٰ عنه قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم: اٰنَسُ مَا یَكُوْنُ لِلْمَیِّتِ فِی قَبْرِهٖ اِذَا زَارَهٗ مَنْ كَانَ یُحِبُّهٗ فِی دَارِ الدُّنْیَا۔

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: قبر میں مردے کا زیادہ دل بہلنے کا وقت وہ ہوتا ہے جب اسکا کوئی پیارا زیارت کو آتا ہے۔

۱۱۴۰۔ **عن** ام المؤمنین عائشة الصدیقة رضی اللہ تعالیٰ عنہ قالت: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: مَا مِنْ رَجُلٍ یَزُوْرُ قَبْرَ اَخِیْهِ وَ یَجْلِسُ عَلَیْهِ اِلَّا اسْتَاْنَسَ وَ رَدَّ عَلَیْهِ حَتّٰی یَقُوْمَ۔

ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص اپنے مسلمان بھائی کی قبر کی زیارت کو جاتا ہے اور وہاں بیٹھتا ہے تو میت کا دل اس سے بہلتا ہے اور جب تک وہاں سے اٹھے مردہ جواب دیتا ہے۔

۱۱۴۱۔ **عن** عبد اللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنهما قال: قال ابی و هو فی سیاق الموت: اذا انا مت فلا تصاحبنی نائحة و لا نارا، و اذا دفنتمونی فشنوا علی التراب شنا، ثم اقیموا حول قبری قدر ما ینحر جزور و یقسم لحمها حتی استانس بکم و اعلم ما ذا راجع به رسل ربی۔

حضرت عبد اللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ مجھ سے میرے والد گرامی نے وقت نزع فرمایا: جب میرا انتقال ہو جائے تو میرے جنازہ کے ساتھ نہ کوئی نوحہ کرنے والی ہو اور نہ آگ، اور جب مجھے دفن کر چکو تو مجھ پر تھم تھم کر آہستہ آہستہ مٹی ڈالنا۔ پھر میری قبر کے گرد اتنی دیر ٹھہرے رہنا کہ ایک اونٹ ذبح کیا جائے اور اسکا گوشت تقسیم ہو یہاں تک کہ میں تم سے انس حاصل کروں اور جان لوں کہ اپنے رب کے رسولوں کو کیا جواب

۱۱۳۹۔ شرح الصدور للسیوطی، ☆ شفاء السقام للسبکی،
۱۱۴۰۔ کتاب القبور لابن ابی الدنیا ☆ اتحاف السادۃ للزبیدی، ۱۰/۳۶۵
۱۱۴۱۔ الصحیح لمسلم، کتاب الجنائز

دیتا ہوں۔
فتاوی رضویہ ۴/۵۹

(۶) اہل قبور سنتے اور دیکھتے ہیں

۱۱۴۲۔ **عن** أم المؤمنين عائشة الصديقة رضى الله تعالىٰ عنها قالت : كنت أدخل بيتي الذي فيه رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم و انى واضع ثوبى و أقول : إنما هو زوجي و أبي ، فلما دفن عمر معهم فوالله ما دخلته الا و انا مشدودة على ثيابى حياء من عمر۔

ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں اس مکان جنت آستان میں جہاں حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا مزار پاک ہے یونہی بے لحاظ ستر و حجاب چلی جاتی اور جی میں کہتی: وہاں کون ہے۔ یہ ہی میرے شوہر اور میرے باپ، صلی اللہ تعالىٰ على زوجها ثم ابيها ثم عليها و بارك و سلم، جب سے عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ دفن ہوئے، خدا، کی قسم بغیر سراپا بدن چھپائے نہ گئی۔ عمر سے شرم کے باعث، رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین۔

﴿۴﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

اگر ارباب مزارات کو کچھ نظر نہیں آتا تو اس شرم کے کیا معنی تھے۔ اور دفن فاروق اعظم سے پہلے اس لفظ کا کیا منشا تھا۔ کہ مکان میں میرے شوہر صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سوا میرے باپ ہی تو ہیں۔ غیر کون۔
فتاوی رضویہ ۴/۲۵۸

۱۱۴۳۔ **عن** عقبة بن عامر رضى الله تعالىٰ عنه قال : ما ابالى فى القبور قضيت حاجتى أم فى السوق بين ظهرانيه و الناس ينظرون ۔

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں ایک سا جانتا ہوں قبرستان میں قضائے حاجت کو بیٹھوں یا بیچ بازار میں کہ لوگ دیکھتے جائیں۔
فتاوی رضویہ ۴/۲۵۷

۱۱۴۲۔ المسند لأحمد بن حنبل، ۶/۲۰۲ ☆ مشكوة المصابيح للتبريزى، ۱/۱۵۴
۱۱۴۳۔ المصنف لابن ابى شيبة، ☆ المستدرك للحاكم،

(۷) قبروں کی زیارت کرنے والی عورتوں پر لعنت

۱۱۴۴۔ **عن** عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالی عنہما قال: ان رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم لعن زائرات القبور و المتخذین علیھا المساجد و السرج۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالی عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے قبور کی زیارت کرنے والی عوتوں پر اور قبروں پر مسجد بنانے والے اور چراغ جلانے والوں پر لعنت فرمائی۔۱۲م

﴿۵﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

یہاں وہ صورت مراد ہے کہ محض عبث بلا فائدہ قبور پر شمعیں روشن کریں ورنہ ممانعت نہیں۔ فائدہ کی متعدد مثالیں حدیقہ ندیہ شرح طریقہ محمدیہ پھر فتاوی بزازیہ میں اس طرح مذکور ہیں۔

☆ وہاں کوئی مسجد ہو کہ نمازیوں کو بھی آرام ہوگا اور مسجد میں بھی روشنی ہوگی۔

☆ مقابر برسر راہ ہوں کہ روشنی کرنے سے راہ گیروں کو فائدہ پہونچے گا اور اموات کو بھی کہ مسلمان مقابر مسلمین کو دیکھ کر سلام کریں گے۔ فاتحہ پڑھیں گے دعا کریں گے، ثواب پہونچائیں گے۔ گزرنے والوں کی قوت زائد ہے تو اموات برکت لیں گے اور اگر اموات کی قوت زیادہ ہے تو گزرنے والے فیض حاصل کریں گے۔

☆ مقابر میں اگر کوئی بیٹھا ہو کہ زیارت یا ایصال ثواب، یا افادہ واستفاد کیلئے آیا ہے تو اسے روشنی سے آرام ملے گا قرآن عظیم دیکھ کر پڑھنا چاہے تو پڑھ سکے گا۔

☆ وہ تینوں منافع مزارات اولیاء کرام قدسنا اللہ تعالی باسرارھم کو بروجہ اولی شامل تھے کہ مزارات مقدسہ کے پاس غالباً مساجد ہوتی ہیں گزرگاہ بھی بہت جگہ ہے۔ اور حاضرین زائرین خواہ مجاورین سے تو نادراً خالی ہوتے ہیں۔ مگر امام ممدوح صاحب فتاوی بزازیہ نے ان پر اکتفاء نہ فرما کر خود مزارات کریمہ کیلئے بالتخصیص روشنی میں فائدہ جلیلہ کا افادہ فرما کر ارشاد فرمایا انکی ارواح طیبہ کی تعظیم کیلئے روشنی کی جائے۔

اقول: ظاہر ہے روشنی دلیل اعتناء ہے اور اعتناء دلیل تعظیم اور تعظیم اہل اللہ دلیل ایمان و

۱۱۴۴۔ السنن لابی داؤد، باب فی زیارۃ النساء القبور، ۲/۴۶۱

موجب رضائے رحمن عز جلالہ۔ فتاوی رضویہ ۴/۱۴۵

۱۱۴۵۔ **عن** عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالی عنہما قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم: لَعَنَ اللّٰہُ زَائِرَاتِ الْقُبُوْرِ۔

حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ان عورتوں پر اللہ کی لعنت جو زیارت قبور کو جائیں۔

﴿۶﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

اسکی سند ضعیف ہے اگرچہ امام ترمذی نے اسکی تحسین کی۔ اس میں ابو صالح باذام ہے۔ یہ تابعی ہیں امام بخاری نے انکی تضعیف کی۔ امام نسائی نے ان کو غیر ثقہ کہا۔ اور ابن معین کہتے ہیں: لیس بہ بأس۔ فتاوی افریقہ ۸۱

(۸) عورتوں کا قبرستان جانا جائز نہیں

۱۱۴۶۔ **عن** عبد اللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال: بینما نحن نسیر مع رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم اذ بصر بامراۃ لا نظن انہ عرفہا، فلما توسط الطری وقف حتی انتہت الیہ فاذا فاطمۃ بنت رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم، قال لہا: مَا أَخْرَجَكِ مِنْ بَیْتِكِ یَا فَاطِمَۃُ! قالت: اتیت اہل ہذا المیت فترحمت الیہم و عزیتہم بمیتہم، قال: لَعَلَّكِ بَلَغْتِ مَعَهُمُ الْکُدٰی: قالت: معاذ اللہ أن أکون بلغتہا و قد سمعتك تذکر فی ذلك ما تذکر، فقال لہا: لَوْ بَلَغْتِہَا مَعَهُمْ مَا رَأَیْتِ الْجَنَّۃَ حَتّٰی جَدُّ أَبِیْكِ۔

۱۱۴۵۔ السنن لابن ماجہ، باب النہی عن زیارۃ القبور، ۱/۱۱۴
الجامع للترمذی، باب ما جاء فی کراہیۃ زیارۃ القبور للنساء، ۱/۱۲۵
الجامع الصغیر للسیوطی، ۲/۴۴۷ ☆ المسند لاحمد بن حنبل، ۱/۲۲۹
المستدرك للحاکم، ۱/۵۳۰ ☆ السنن الکبری للبیہقی، ۲/۷۸
کنز العمال للمتقی، ۴۵۰۴۹، ۱۶/۳۸۹ ☆ الکامل لابن عدی، ۵/۴۰
ارواء الغلیل للالبانی، ۲/۲۳۲ ☆
۱۱۴۶۔ السنن للنسائی، باب النعی، ۱/۲۶۵ ☆
السنن لابی داؤد، کتاب الجنائز باب التعزیۃ، ۲/۴۴۵
المسند لاحمد بن حنبل، ۲/۱۶۹ ☆ الترغیب والترہیب للمنذری، ۴/۳۵۹
البدایۃ والنہایۃ لابن کثیر، ۲/۲۸ ☆

حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ ہم حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ جارہے تھے کہ اچانک حضور نے ایک خاتون کو دیکھا، ہم نہیں سمجھ پائے کہ حضور نے انکو پہچان لیا ہے۔ حضور درمیان راستہ میں کھڑے ہوگئے۔ جب وہ قریب آئیں تو حضرت فاطمہ بنت رسول اللہ (رضی اللہ تعالیٰ عنہا، صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) تھیں، فرمایا: اپنے گھر سے باہر کہاں گئی تھیں۔ عرض کی: یہ جو ایک موت ہوگئی تھی میں انکے یہاں تعزیت و دعائے رحمت کرنے گئی تھی فرمایا: شاید تو انکے ساتھ قبرستان تک گئی۔ عرض کی: خدا کی پناہ کہ میں وہاں تک جاؤں، حالانکہ حضور سے سن چکی ہوں جو کچھ اس بارے میں ارشاد ہوا۔ سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر تو ان کے ساتھ وہاں تک جاتی تو جنت نہ دیکھتی جب تک عبدالمطلب نہ دیکھیں۔

﴿۷﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

یہ تو حدیث کا ارشاد ہے۔ اب ذرا عقائد اہل سنت پیش نظر رکھتے ہوئے نگاہ انصاف درکار۔ عورتوں کا قبرستان جانا غایت درجہ اگر ہے تو معصیت ہے۔ یہاں چار مقدمے ہیں۔

(۱)　ہرگز کوئی معصیت مسلمان کو جنت سے محروم اور کافر کے برابر نہیں کرسکتی اہل سنت کے نزدیک مسلمان کا جنت میں جانا واجب شرعی ہے اگرچہ معاذ اللہ مواخذے کے بعد۔

(۲)　کافر کا جنت میں جانا محال شرعی کہ ابدالآباد تک کبھی ممکن ہی نہیں۔

(۳)　نصوص کو حتی الامکان ظاہر پر محمول کرنا واجب اور بے ضرورت تاویل ناجائز۔

(۴)　عصمت نوع بشر میں خاصہ حضرات انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام ہے ان کے غیر سے اگرچہ کیسا ہی عظیم الدرجات ہو وقوع گناہ ممکن و متصور۔

یہ چاروں باتیں عقائد اہل سنت میں ثابت و مقرر، اب اگر بحکم مقدمہ رابعہ مقابر تک بلوغ فرض کیجئے تو بحکم مقدمہ ثالثہ جزا کا ترتب واجب، اور اس تقدیر پر کہ حضرت عبدالمطلب کو معاذ اللہ غیر مسلم کہیئے بحکم مقدمتین اولین و نیز بحکم آیت کریمہ محال و باطل، تو واجب ہوا کہ حضرت عبدالمطلب مسلمان و اہل جنت ہوں۔ اگرمثل صدیق و فاروق و عثمان و علی و زہراء و صدیقہ وغیرہم رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین سابقین اولین میں نہ ہوں۔ اب معنی حدیث بلا تکلف و بے حاجت تاویل و تصرف عقائد اہل سنت سے مطابق ہیں۔ یعنی اے فاطمہ! اگر یہ امر تم سے

واقع ہوتا تو سابقین اولین کے ساتھ جنت میں جانا نہ ملتا بلکہ اس وقت جاتیں جبکہ عبد المطلب داخل بہشت ہوں گے۔ھکذا ینبغی التحقیق و اللہ تعالیٰ ولی التوفیق۔

فتاوی رضویہ ۱۱/ ۱۵۸

(۹) قبر پر عورت کی حاضری اور جزع فزع سے ممانعت

۱۱۴۷۔ **عن** أنس بن مالك رضي الله تعالیٰ عنه قال : مر النبی صلی الله تعالی علیه وسلم بامرأة عند قبر وهی تبکی فقال لها : اِتَّقِی اللّٰهَ وَ اصْبِرِیْ ۔

جد الممتار ۱/ ۴۰۴

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک عورت کے پاس سے گزرے جو قبر کے پاس بیٹھی رو رہی تھی۔ تو اس سے ارشاد فرمایا: اللہ سے ڈر اور صبر کر۔ ۱۲م

(۱۰) کافر کی قبر سے گزرو تو کیا کہو

۱۱۴۸۔ **عن** عبد الله بن عمر رضی الله تعالیٰ عنهما قال : جاء اعرابی الی النبی صلی الله تعالی علیه وسلم فقال : یا رسول الله ! ان ابی کان یصل الرحم و کان و کان فاین هو ، قال : فِی النَّارِ ، قال فکانه و جد من ذلك فقال : یا رسول الله ! فاین ابوك قال رسول الله صلی الله تعالی علیه وسلم : حَیْثُ مَا مَرَرْتَ بِقَبْرِ مُشْرِكٍ فَبَشِّرْهُ بِالنَّارِ ، قال : فاسلم الاعرابی بعد و قال : لقد کلفنی رسول الله صلی الله تعالی علیه وسلم تعبا ما مررت بقبر کافر الا بشرته بالنار ۔

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک اعرابی حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر بولا: یارسول اللہ! میرا باپ صلہ رحمی کرتا تھا اور

۱۱۴۷۔ الجامع الصحیح للبخاری، باب قول الرجل اصبری، ۱/ ۱۶۷
الصحیح لمسلم، کتاب الجنائز، ۱/ ۳۰۲
السنن الکبری للبیهقی، ۴/ ۶۵ ☆ مشکوة المصابیح للتبریزی، ۱۷۲۸
المسند لاحمد بن حنبل، ۳/ ۱۴۳ ☆ حلیة الاولیاء لابی نعیم، ۲/ ۴۰
شرح السنة للبغوی، ۵/ ۴۴۷ ☆ مجمع الزوائد للهیثمی، ۳/ ۲
فتح الباری لابن کثیر، ۱۱/ ۸۰ ☆
۱۱۴۸۔ السنن لابن ماجه، باب ما جاء فی زیارة قبور المشرکین، ۱/ ۱۱۴

ایسا ایسا تھا۔ تو اس کا انجام کیا ہے؟ فرمایا: دوزخ، اسے اس بات سے کچھ صدمہ لاحق ہوا تو بولا: آپ کے باپ کہاں ہیں؟ آپ نے فرمایا: سنو، جب تو کسی مشرک کی قبر سے گزرے تو اسے دوزخ کی بشارت سنا۔ اس کے بعد وہ اعرابی مسلمان ہو گیا اور کہنے لگا: رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے مجھے صدمہ پہونچایا تھا لیکن اب میں جس مشرک کی قبر سے گزرتا ہوں اسے دوزخ کی بشارت سناتا ہوں۔

﴿۸﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

ہر عاقل جانتا ہے کہ بشارت ومژدہ دینا بے سماع وفہم محال، اور صحابی مخاطب نے ارشاد اقدس کو معنی حقیقی پر محمول کیا۔ ولہذا عمر بھر اس پر عمل فرمایا۔ فتبصر۔

فتاوی رضویہ ۴/۱۷۲

۶۔ احترام مقابر

(۱) مسلم کی قبر پر ہرگز نہ چلو

۱۱۴۹۔ **عن** عقبة بن عامر رضى الله تعالىٰ عنه قال : قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم : لَأَنْ أَمْشِيَ عَلىٰ جَمْرَةٍ أَوْ سَيْفٍ أَوْ أَخْصِفَ نَعْلِي بِرِجْلِي أَحَبُّ اِلَيَّ مِنْ أَنْ أَمْشِيَ عَلىٰ قَبْرِ مُسْلِمٍ ۔

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مجھے آگ کی چنگاری پر یا تلوار پر چلنا، یا میرا پاؤں جوتے میں سی دیا جانا زیادہ پسند ہے اس سے کہ میں کسی مسلمان کی قبر پر چلوں۔ ۱۲م

۱۱۵۰۔ **عن** ابی ھریرہ رضى الله تعالىٰ عنه قال : قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: لَأَنْ أَطَأَ عَلىٰ جَمْرَةٍ حَتّٰى يَتَخَلَّصَ اِلىٰ جِلْدِي أَحَبُّ اِلَيَّ مِنْ أَنْ أَطَأَ عَلىٰ قَبْرِ مُسْلِمٍ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مجھے چنگاری پر پاؤں رکھنا یہاں تک کہ وہ جوتا توڑ کر کھال تک پہونچ جائے اس سے زیادہ پسند ہے کہ کسی مسلمان کی قبر پر پاؤں رکھوں۔

فتاوی رضویہ ۶/۴۸۰

(۲) قبر پر ٹیک نہ لگاؤ

۱۱۵۱۔ **عن** عمرو بن حزم رضى الله تعالىٰ عنه قال : رآنى رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم متكئا الى القبر فقال : لَا تُؤْذِ صَاحِبَ هٰذَا الْقَبْرِ ۔

۱۱۴۹۔ السنن لابن ماجه، باب النهى عن المشى على القبر، ۱۱۳/۱
الجامع الصغير للسيوطى، ۴۴۳/۲ ☆ الترغيب و الترهيب للمنذرى، ۳۷۴/۴
ارواء الغليل للالبانى، ۱۰۲/۱ ☆
۱۱۵۰۔ الصحيح لمسلم، كتاب الجنائز، ۳۱۲/۱ ☆
السنن لابن ماجه، باب ما جاء فى النهى عن المشى على القبور، ۱۱۳/۱
المسند لاحمد بن حنبل، ۳۱۱/۲ ☆ الجامع الصغير للسيوطى، ۴۴۲/۲
۱۱۵۱۔ كنز العمال للمتقى، ۴۲۶۰۶، ۶۵۷/۱۵ ☆

حضرت عمرو بن حزم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھے ایک قبر سے تکیہ لگائے دیکھا۔ فرمایا: مردے کو ایذا نہ دے۔

۱۱۵۲۔ **عن** عمارة بن حزم رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: رانی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم علی القبر فقال: یا صَاحِبَ الْقَبْرِ! اِنْزِلْ مِنْ علی القبر، لا تُؤْذِ صَاحِبَ الْقَبْرِ وَ لَا یُؤْذِیْكَ۔

حضرت عمارہ بن حزم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھے ایک قبر پر بیٹھے دیکھا تو فرمایا: اے قبر والے! قبر سے اتر، نہ تو صاحب قبر کو ایذا دے اور نہ وہ تجھے۔

فتاوی رضویہ ۲۵۹/۴

﴿۱﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

ابن ابی دنیا ابو قلابہ بصری سے راوی، میں ملک شام سے بصرہ کو جاتا تھا رات کو خندق میں اترا، وضو کیا، دو رکعت نماز پڑھی، پھر ایک قبر پر سر رکھ کر سو گیا۔ جب جاگا تو صاحب قبر کو دیکھا کہ مجھ سے گلہ کرتا ہے اور کہتا ہے۔ اے شخص! تو نے رات بھر مجھے ایذا دی۔

امام بیہقی نے دلائل النبوۃ میں اور ابن ابی الدنیا حضرت ابو عثمان نہدی سے وہ ابن مینا تابعی سے راوی، میں مقبرہ میں گیا دو رکعت پڑھ کر لیٹ رہا۔ خدا کی قسم! میں خوب جاگ رہا تھا کہ سنا کوئی شخص قبر میں سے کہتا ہے: اٹھ کہ تو نے مجھے اذیت دی۔ پھر کہا کہ تم عمل کرتے ہو اور ہم نہیں کرتے۔ خدا کی قسم! تیری طرح دو رکعتیں میں بھی پڑھ سکتا، مجھے تمام دنیا سے عزیز ہوتا۔

حافظ بن مندہ امام قاسم بن مخیمرہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ سے روای، اگر میں تپائی ہوئی بھال پر پاؤں رکھوں کہ میرے قدم سے پار ہو جائے تو یہ مجھے زیادہ پسند ہے اس سے کہ کسی قبر پر پاؤں رکھوں، پھر فرمایا: ایک شخص نے قبر پر پاؤں رکھا، جاگتے میں سنا، اے شخص! الگ ہٹ مجھے ایذا نہ دے۔

فتاوی رضویہ ۲۶۰/۴

۱۱۵۲۔ مجمع الزوائد للهيثمي، ۶۱/۳ ☆ الترغيب و الترهيب للمنذري، ۳۷۴/۴، المستدرك للحاكم، ☆ ۶۸۲/۳

۱۱۵۳۔ **عن** أبی ہریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم: لَاَنْ یَّجْلِسَ اَحَدُکُمْ عَلٰی جَمْرَۃٍ فَتَحْرِقَ ثِیَابَہٗ فَتَخَلَّصَ اِلٰی جِلْدِہٖ خَیْرٌلَّہٗ مِنْ اَنْ یَّجْلِسَ عَلٰی قَبْرٍ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بیشک آدمی کو آگ کی چنگاری پر بیٹھا رہنا یہاں تک کہ وہ اس کے کپڑے جلا کر جلد تک توڑ جائے اس کے لئے بہتر ہے اس سے کہ قبر پر بیٹھے۔

اہلاک الوہابیین ۔ص ۱۳

۱۱۵۴۔ **عن** بشیر بن الخصاصیۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: ان رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم رای رجلا یمشی بین القبور فی نعلین فقال: وَ یُحَکَ یَا صَاحِبُ السِّبْتِیَّتَیْنِ اَلْقِ سِبْتِیَّتَیْکَ۔

حضرت بشیر بن خصاصیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے ایک شخص کو مقابر میں جوتا پہنے چلتے دیکھا ارشاد فرمایا: ہائے کمبختی تیری، اے طائفی جوتے والے! پھینک اپنی جوتی۔

۱۱۵۵۔ **عن** عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: لان اطأ علی جمرہ احب الی من ان اطأ علی قبر مسلم۔

حضرت عبد اللہ مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ بیشک مجھے آگ پر پاؤں رکھنا زیادہ پیارا ہے مسلمان کی قبر پر پاؤں رکھنے سے۔

اہلاک الوہابیین ص ۱۴

۱۱۵۳۔ الصحیح لمسلم، کتاب الجنائز، ۳۱۲/۱
السنن لابن ماجہ، باب النہی عن المشی علی القبور، ۱۱۳/۱
السنن لابی داؤد، کتاب الجنائز، باب فی کراھیۃ القعود علی القبر، ۴۶۰/۲
السنن للنسائی، التشدید فی الجلوس علی القبور، ۲۸۷/۱
۱۱۵۴۔ المسند لاحمد بن حنبل، ۸۳/۵ ☆ کنز العمال للمتقی، ۳۶۸۶۷، ۳۰۱/۱۳
السنن للنسائی، المشی بین القبور فی النعال، ۲۸۸/۱
۱۱۵۵۔ الترغیب و الترہیب للمنذری، ۳۷۴/۴ ☆ الکامل لابن عدی، ۱۷۳/۲

(۳) قبر پر چلنے سے میت کو اذیت ہوتی ہے

۱۱۵۶۔ **عن** أم المؤمنين عائشة الصديقة رضى الله تعالىٰ عنها قالت: قال رسول الله صلى الله تعالى عليه وسلم: اَلْمَيِّتُ يُؤْذِيْهِ فِي قَبْرِهٖ مَا يُؤْذِيْهِ فِي بَيْتِهٖ۔

ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میت کو جس بات سے گھر میں ایذا ہوتی ہے قبر میں بھی ایذا پاتا ہے۔

۱۱۵۷۔ **عن** عبد الله بن مسعود رضى الله تعالىٰ عنه قال: اذى المؤمن فى موته كاذاه فى حياته۔

حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ مسلمان کو بعد موت ایذا دینی ایسی ہے جیسے زندگی میں اسے تکلیف پہونچانی۔

فتاوی رضویہ ۴/۲۶۱

۱۱۵۸۔ **عن** عبد الله بن مسعود رضى الله تعالىٰ عنه سئل عن وضع القدم على القبر فقال: كما أكره أذى المؤمن فى حياته فإنى أكره اذاه بعد موته۔

حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے قبر پر پاؤں رکھنے کا مسئلہ پوچھا گیا تو فرمایا: مجھے جس طرح مسلمان زندہ کو ایذا ناپسند ہے یونہی مردہ کی۔

﴿۲﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

ان تمام صحیح حدیثوں اور انکے سوا اور احادیث کثیرہ سے ثابت ہے کہ قبر پر بیٹھنا یا پاؤں رکھنا بلکہ صرف اس سے تکیہ لگانے سے میت کو ایذا ہوتی ہے۔ اور مردہ مسلمان کو ایذا ایسی ہے جیسے زندہ مسلمان کو ایذا دینا تو اس پر پانی بہانا کس قدر باعث ایذا ہوگا۔ جب زندہ مردہ اس میں برابر ہیں تو کیا کوئی شخص روا رکھے گا کہ پاخانہ کے بدرو کا پانی اس پر بہایا جائے۔ یا لوگ اس کے سینے اور منہ پر پیشاب کیا کریں۔ یا دھوبی ناپاک کپڑے دھو کر وہ پانی اس کے منہ پر اور

۱۱۵۶۔ مسند الفردوس للدیلمی، ☆ اتحاف السادۃ للزبیدی، ۱۰/۳۷۴

۱۱۵۷۔ المصنف لابن ابی شیبۃ، ☆

۱۱۵۸۔ السنن لسعید بن منصور، ☆

سر پر چھڑکا کرے۔ ہرگز کوئی مسلمان بلکہ کافر اسے اپنے لئے روا نہ رکھے گا۔ تو میت مسلمانوں کیلئے ایسی سخت ایذا کس دل سے روا رکھی جائے گی۔

فتاوی رضویہ ۴/۱۱۰

۳۔ قبر پر قبہ بنانا جائز ہے

۱۱۵۹۔ لما مات الحسن بن الحسين بن علی رضی الله تعالیٰ عنهم ، ضربت إمرأته القبة علی قبره سنة ثم رفعت فسمعوا صالحا يقول : الا هل وجدوا ما فقدوا فاجابه اخر بل يئسوا فانقلبوا۔ فتاوی رضویہ ۵/۲۹۰

حضرت حسن مثنی بن حضرت امام حسن ابن حضرت مولی علی رضی اللہ تعالیٰ عنہم کا جب وصال ہوا تو ان کی اہلیہ حضرت فاطمہ صغری رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے انکی قبر پر ایک قبہ تانا جو ایک سال تک باقی رہا۔ پھر اٹھالیا، تو کسی پکارنے والے کو سنا جو کہتا تھا کیا انہوں نے جو کھویا تھا وہ پالیا دوسرے نے جواب دیا نہیں بلکہ مایوس ہو کر لوٹ گئے۔

علمائے کرام فرماتے ہیں:۔ یہ قبہ احباب کے جمع ہونے اور ان کی قبر پر تلاوت قرآن و فاتحہ پڑھنے کیلئے تھا عبث و ناجائز نہ تھا کہ اہل بیت اطہار ایسا کام کبھی نہیں کرتے خصوصا صحابہ کی موجودگی میں۔

اشعۃ اللمعات میں فرمایا کہ خود آپ کی بیوی ایک سال تک اس قبہ میں رہیں، ہو سکتا ہے اس قبہ کے دو حصے ہوں ایک میں آپ رہتی ہوں اور دوسرے حصہ میں احباب جمع ہو کر فاتحہ پڑھتے ہوں۔ اس حدیث سے دو مسئلے معلوم ہوئے۔ ایک یہ کہ بزرگوں کے مزارات پر زائرین کی آسانی کیلئے گنبد، عمارت بنانا جائز ہے۔ دوسرے یہ کہ وہاں مجاوروں کا بیٹھنا درست ہے کہ یہ دونوں کام اہل بیت نبوت نے صحابہ کرام کی موجودگی میں کیے کسی نے منع نہ کیا، لہذا یہ دونوں عمل سنت صحابہ و اہل بیت سے ثابت ہیں۔

(ماخوذ از مراۃ المناجیح مصنف حضرت علامہ مفتی احمد یار خان نعیمی علیہ الرحمۃ)

یہ آواز ہاتف کی تھی جس میں بتایا گیا کہ کسی کی موت پر بہت غم کرنا چھوڑ کر جنگل میں بیٹھ جانا مردے کو واپس نہیں لے آتا۔ خیال رہے کہ یہ ندا ہم لوگوں کو سنانے کیلئے ہے نہ کہ اہل

۱۱۵۹۔ الجامع الصحيح للبخاری تعليقا، باب ما يكره من اتخاذ المساجد، ۱/۱۷۷

بیت نبوت پر عتاب کیلئے، انہوں نے کوئی ناجائز کام نہ کیا تھا، اسی لئے اس ندامین ڈانٹ ڈپٹ یا ان کیلئے اس فعل پر حرام ہونے کا فتوی نہیں۔

یہ زمانہ صحابہ کرام کا اخیر تھا اور تابعین کا دور اوسط تھا، سال بھر تک امام حسن مثنی کے مزار پر قبہ رہا مگر کسی نے منع نہیں کیا۔ اور نہ کوئی ایسی روایت ملتی ہے کہ کسی صحابی یا تابعی نے اس پر اعتراض کیا ہو۔ اس سے ظاہر ہوا کہ غرض صحیح کیلئے مزارات پر قبے بنانے جائز ہیں۔ یہی اہل سنت و جماعت کا مذہب ہے۔ اور اسی پر جملہ اہل سنت کا عمل ہے۔

لا یرفع علیه بناء سے اسکی حرمت پر استدلال صحیح نہیں۔ اس لئے کہ اس سے مراد قبر پر ایسی عمارت بنانا ہے جیسے یہود و نصاری ستون نما سمادھی بناتے ہیں۔ اس پر قرینہ یہ کہ علی کے حقیقی معنی استعلاء کے ہیں اور استعلاء اس وقت ہوگا جبکہ میت کے محاذی اوپر عمارت بنائیں۔ اور اگر ارد گرد بنائیں گے تو استعلاء نہ ہوگا۔ علاوہ ازیں بہت سے احکام زمانہ کے اختلاف سے بدل جاتے ہیں جیسے ارشاد ہے۔

ابنو المساجدو اتخذوها جما۔

مسجدوں کو منڈی بناؤ۔ یعنی اس میں مینارے نہ بناؤ۔ مگر عہد تابعین ہی سے اس کے بر خلاف مساجد میں مینارے بننے لگے تھے۔ وجہ یہ ہوئی کہ عہد صحابہ تک شعائر دین کی عظمت شعائر دین کی وجہ سے دلوں میں بھر پور تھی۔ نیز عام مکانات بھی بہت معمولی اور سادے ہوتے تھے۔ جب فتوحات ہوئیں اور دولت کی کثرت ہوئی اور مکانات عالیشان بننے لگے۔ اب اگر مسجدیں اسی طرح منڈی اور معمولی حیثیت کی رہتیں تو عام نگاہوں میں ان کی وقعت نہ ہوتی۔ غیر ہنستے کہ مسلمانوں کی عبادت گاہ ایسی معمولی، تو مساجد کی عمارتیں عالیشان سے عالیشان بننے لگیں، مینارے، گنبد بننے لگے۔ اس سے مقصود شعائر دین کی دلوں میں عظمت بٹھانا ہے۔ اسی طرح عہد سابق میں ہر مسلمان مسلمان کی قبر کا احترام کرتا تھا۔ اور علماء صلحاء مشائخ کے مزارات کی ان کی شایان شان عظمت دلوں میں تھی۔ مگر اب جبکہ بصیرت باطنی کا فقدان ہے اور ظاہری شان و شوکت ہی عظمت کا نشان بن چکا ہے، علمائے کرام نے علماء و مشائخ کے مزارات پر قبے بنانے کی اجازت دے دی ہے، بلکہ اسے مستحسن بتایا ہے۔ علامہ فتنی مجمع بحار الانوار میں اور ملا علی قاری نے فرمایا۔ حتی کہ مولوی اعزاز علی مفتی دار العلوم دیوبند نے

بھی شرح نقایہ ملا علی کے حاشیہ میں بھی ذرا تغیر کے ساتھ لکھا ہے۔

قد اباح السلف البناء علی قبر المشائخ و العلماء المشهورین لیزورهم الناس ولیستریحون بالجلوس فیه ۔

مشائخ اور علماء مشہورین کے مزارات پر عمارات بنانے کو علماء سلف نے جائز بتایا تا کہ لوگ ان کی زیارت کریں اور اس میں بیٹھنے پر آرام پائیں۔

نیز اس میں بہت سے فوائد ہیں، زائرین باطمینان وحضور قلب تلاوت ذکر اذکار کریں گے۔ جس سے دونوں کو فائدہ ہوگا، بارش دھوپ سردی سے محفوظ رہیں گے، قبے سے لوگ پہچان جائیں کہ یہ کسی محبوب بارگاہ کا مزار ہے، تو حاضر ہوں گے اور فیض حاصل کریں گے۔ یہی وجہ ہے کہ تمام متاخرین نے اس کے جواز کی تصریح کی ہے۔ حتی کہ علامہ علاء الدین حصکفی نے درمختار میں فرمایا۔

لا یرفع علیه بناء و قیل لا باس به و هو المختار ۔

قبر پر عمارت نہ بنائے، ایک قول یہ ہے کہ اس میں کوئی حرج نہیں اور یہی مختار ہے۔

اور علامہ محمد امین بن عابدین شامی نے ردالمحتار میں فرمایا۔

و فی الاحکام عن جامع الفتاوی و قیل لا یکره واذا کان المیت من المشائخ و العلماء و السادات ۔

احکام میں جامع فتاوی سے ہے کہ ایک قول یہ ہے قبر پر عمارت بنانا مکروہ نہیں جبکہ میت مشائخ اور علماء اور سادات سے ہو۔

طحطاوی علی المراقی میں درمختار کا قول نقل کر کے برقرار رکھا۔ یہ دلیل ہے کہ ان کا بھی مختار یہی ہے

(ماخوذ از نزہۃ القاری مصنفہ: حضرت علامہ مفتی شریف الحق امجدی علیہ رحمۃ)

۷۔ مردوں سے حسن سلوک اور ایصال ثواب

(۱) مردوں کو بھلائی سے یاد کرو

۱۱۶۰۔ **عن** أم المؤمنين عائشة الصديقة رضى الله تعالىٰ عنها قالت: قال رسول الله صلى الله تعالى عليه وسلم: لَا تَذْكُرُوْا مَوْتَاكُمْ اِلَّا بِخَيْرٍ فَاِنَّهُمْ قَدْ اَفْضَوْا اِلىٰ مَا قَدَّمُوْا۔

ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اپنے مردوں کو بھلائی سے ہی یاد کرو کہ وہ اپنے اعمال کو پہونچ گئے۔

۱۱۶۱۔ **عن** أم المؤمنين عائشة الصديقة رضى الله تعالىٰ عنها قالت: قال رسول الله صلى الله تعالى عليه وسلم: لَا تَسُبُّوا الْاَمْوَاتَ فَاِنَّهُمْ قَدْ اَفْضَوْا اِلىٰ مَا قَدَّمُوْا۔

ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مردوں کو برا مت کہو کہ وہ اپنے کئے کو پہونچ چکے ہیں۔

۱۱۶۲۔ **عن** أم المؤمنين عائشة الصديقه رضى الله تعالىٰ عنها قالت: قال رسول الله صلى الله تعالى عليه وسلم: لَا تَذْكُرُوْا هَلْكَاكُمْ اِلَّا بِخَيْرٍ، اِنْ يَّكُوْنُوْا مِنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ تَأْثَمُوْنَ، وَاِنْ يَّكُوْنُوْا مِنْ أَهْلِ النَّارِ فَحَسْبُهُمْ مَا هُمْ فِيْهِ۔

۱۱۶۰۔ الجامع الصحيح للبخارى، باب ما ينهى من سب الاموات، ۱۸۷/۱
السنن للنسائى، باب النهى عن ذكر الهلكى لا بخير، ۲۱۳/۱
المسند لاحمد بن حنبل، ۱۸۰/۶ ☆ كنز العمال للمتقى، ۴۲۷۱۲، ۶۸۰/۱۵

۱۱۶۱۔ الجامع الصحيح للبخارى، باب ما ينهى من سب الاموات، ۱۸۷/۱
السنن للنسائى، باب النهى عن سب الاموات، ۲۱۳/۱
المسند لاحمد بن حنبل، ۱۸۰/۶ ☆ السنن الكبرى للبيهقى، ۷۵/۴
المستدرك للحاكم ۳۸۵/۱ ☆ شرح السنة للبغوى، ۳۸۶/۵
اتحاف السادة للزبيدى، ۴۹۰/۷ ☆ كنز العمال للمتقى، ۲۷۱۴، ۶۸۰/۱۵
فتح البارى للعسقلانى، ۳۶۲/۱۱ ☆ الاذكار النوويه ۱۵۱
الجامع الصغير للسيوطى، ۵۷۹/۲ ☆

۱۱۶۲۔ اتحاف السادة للزبيدى، ۴۹۱/۷ ☆ الجامع الصغير للسيوطى ۵۷۹/۲

ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اپنے مردوں کو یاد نہ کرو مگر بھلائی کیساتھ۔ کہ اگر وہ جنتی ہیں تو برا کہنے میں تم گنہگار ہوگے۔ اور اگر دوزخی ہیں تو انہیں وہ عذاب ہی بہت ہے جس میں وہ ہیں

۱۱۶۳۔ **عن** المغیرة بن شعبة رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالی علیه وسلم: لَا تَسُبُّوا الْاَمْوَاتَ فَتُؤْذُوا بِهِ الْاَحْیَآءَ۔

حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مردوں کو برا نہ کہو کہ اس کے باعث زندوں کو ایذا دو۔

۱۱۶۴۔ **عن** أم المؤمنین عائشة الصدیقة رضی الله تعالی عنها قالت: قال رسول الله صلی الله تعالی علیه وسلم: اِذَا مَاتَ صَاحِبُکُمْ فَدَعُوْهُ وَ لَا تَقَعُوْا فِیْهِ۔

ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب تمہارا ساتھی مر جائے تو اسکو معاف رکھو اور اس پر طعن نہ کرو۔ فتاوی رضویہ ۴/۳۴

(۲) قبرستان میں جا کر استغفار کرنا

۱۱۶۵۔ **عن** أم المؤمنین عائشة الصدیقة رضی الله تعالیٰ عنها قالت: قال

۱۱۶۳۔ الجامع الصحیح للبخاری، باب ما ینهی عن سب الاموات، ۱/۱۸۷
الجامع للترمذی، باب ما جاء فی الشتم، ۲/۱۹
السنن لابی داؤد، کتاب الادب، باب فی النهی عن سب الموتیٰ ۲/۶۷۱
المسند لاحمد بن حنبل، ۱/۳۰۰ ☆ کنز العمال للمتقی، ۴۲۷۱۵، ۱۵/۶۸۰
اتحاف السادة للزبیدی، ۷/۴۹۰ ☆ مجمع الزوائد للهیثمی، ۸/۷۶
الجامع الصغیر للسیوطی، ۲/۵۸۰ ☆ المغنی للعراقی، ۳/۱۱۷
مسند الربیع بن حبیب، ۱۹۸۷ ☆ الکامل لابن عدی، ۴/۲۵۶
۱۱۶۴۔ السنن لابی داؤد، کتاب الادب فی النهی عن سب الموتی، ۲/۶۷۱
الجامع الصغیر للسیوطی، ۱/۵۸ ☆ اتحاف السادة للزبیدی، ۱۰/۳۷۴
المغنی للعراقی، ۴/۳۷۷ ☆ کنز العمال للمتقی، ۱/۴۲۷
مسند الربیع بن حبیب، ۱۳۱۲ ☆ الکامل لابن عدی، ۵/۱۸۳
تاریخ اصبهان لابی نعیم، ۲/۳۴۶ ☆ آداب الزفاف للالبانی، ۱۴۷
۱۱۶۵۔ السنن للنسائی، باب الامر بالاستغفار للمسلمین، ۱/۲۲۲
الموطا لمالک، ۸۵ ☆ المستدرک للحاکم، ۱/۴۸۸

رسول الله صلی الله تعالیٰ عله وسلم: اِنِّی بُعِثْتُ اِلیٰ اُھا، الْبَقِیْعِ لِاُصَلِّیَ عَلَیْھِمْ ۔

ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں اہل بقیع کی طرف بھیجا گیا کہ میں ان پر صلوۃ یعنی دعاو استغفار کروں۔

۱۱۶۶۔ **عن** اُم المؤمنین عائشة الصدیقة رضی الله تعالیٰ عنها قالت: قال رسول الله صلی الله تعالی علیه وسلم: اِنَّ جِبْرَئِیْلَ اَتَانِیْ فَاَمَرَنِیْ اَنْ آتِیَ الْبَقِیْعَ فَاَسْتَغْفِرَلَهُمْ قلت له: کیف اقول، یا رسول الله! قال: قولی: اَلسَّلَامُ عَلیٰ اَهْلِ الدَّارِ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ وَ الْمُسْلِمِیْنَ وَ یَرْحَمُ اللّٰهُ الْمُسْتَقْدِمِیْنَ مِنَّا وَ الْمُسْتَاْخِرِیْنَ وَ اِنَّا اِنْ شَآءَ اللّٰهُ بِکُمْ لَاحِقُوْنَ ۔

ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میرے پاس حضرت جبرئیل علیہ السلام آئے اور مجھے حکم دیا کہ بقیع جاکر اہل بقیع کیلئے دعا مغفرت کروں۔ ام المؤمنین فرماتی ہیں: میں نے عرض کی: یا رسول اللہ! کس طرح کہوں۔ حضور نے زیارت قبور کی دعا تعلیم فرمائی۔ السلام علی اهل الدار من المؤمنین و المسلمین و یرحم الله المستقدمین منا و المستاخرین و انا انشاء الله بکم لا حقون ۔

۱۱۶۷۔ **عن** عقبة بن عامر رضی الله تعالیٰ عنه قال: ان النبیّ صلی الله تعالی علیه وسلم خرج یوما فصلی علی اهل احد صلاته علی المیت۔

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک دن نکلے اور اہل احد پر جنازہ کی نماز کی طرح نماز پڑھی۔

۱۱۶۶۔ السنن للنسائی، الامر بالاستغفار للمسلمین، ۲۸۶/۱
الصحیح لمسلم، باب فی التسلیم علی اهل القبور، ۳۱۲/۱
السنن لابن ماجه، باب ما جاء فیما یقال اذا دخل المقابر، ۱۱۱/۱
المسند لاحمد بن حنبل، ۳۰۰/۲ ☆ کنز العمال للمتقی، ۴۲۹۲۸، ۶۰۶/۱۱

۱۱۶۷۔ الجامع الصحیح للبخاری، باب احد یحبنا، ۵۸۵/۲
السنن للنسائی، باب الصلوۃ علی الشهداء، ۲۱۴/۱
السنن لابی داؤد، باب الصلوۃ علی القبر، ۴۵۹/۲

۱۱۶۸۔ **عن** عقبہ بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال :صلی رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم علی قتلی احد بعد ثمانی سنین کالمودع للاحیاء و الاموات۔

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے شہدائے احد پر آٹھ سال بعد اس طرح صلوۃ ودعا کی جیسے سب کو رخصت فرمارہے ہوں۔ فتاوی رضویہ ۴/۵۰

(۳) میت کی ہڈیاں توڑنا زندہ کی طرح ہے

۱۱۶۹۔ **عن** ام المؤمنین عائشۃ الصدیقۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہا قالت : قال رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم: اِنَّ کَسْرَ عَظْمِ الْمَیِّتِ کَکَسْرِہٖ حَیًّا۔

ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بیشک مردہ مسلمان کی ہڈی توڑنی ایسی ہے جیسے زندہ مسلمان کی ہڈی توڑنی۔ فتاوی رضویہ ۴/۳

(۴) مرنے کے بعد تین چیزوں کا ثواب ملتا ہے

۱۱۷۰۔ **عن** ابی ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال : قال رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم: اِذَا مَاتَ الْاِنْسَانُ اِنْقَطَعَ عَمَلُہٗ اِلَّا مِنْ ثَلٰثٍ ، صَدَقَۃٌ جَارِیَۃٌ ، اَوْ عِلْمٌ یُنْتَفَعُ بِہٖ ، اَوْ وَلَدٌ صَالِحٌ یَدْعُوْلَہٗ۔ فتاوی رضویہ ۶/۲۳۱

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم

۱۱۶۸۔ الجامع الصحیح للبخاری، باب غزوۃ احد، ۲/۵۷۸

۱۱۶۹۔ السنن لابی داؤد، باب فی الحفار یجد العظم، ۲/۴۵۸

السنن لابن ماجہ، باب فی النہی عن کسر عظم المیت، ۱/۱۱۷

المسند لاحمد بن حنبل، ۶/۵۸ ☆ الجامع الصغیر للسیوطی، ۱/۱۴۱

المصنف لعبد الرزاق، ۳/۴۴۴ ☆ السنن للدار قطنی ۳/۱۸۸

جمع الجوامع للسیوطی، ۶۸۲۳ ☆ الموطا لمالک، ۸۳

۱۱۷۰۔ الصحیح لمسلم، باب وصول ثواب الصدقۃ، ۲/۴۱

السنن لابی داؤد، باب فی الصدقۃ عن المیت، ۲/۲۹۸

مشکل الآثار للطحاوی، ۱/۹۵ ☆ المسند لاحمد بن حنبل، ۲/۳۷۲

السنن الکبری للبیہقی، ۶/۲۷۸ ☆ شرح السنۃ للبغوی، ۱/۳۰۰

اتحاف السادۃ للزبیدی، ۱/۱۱۴ ☆ التفسیر لابن کثیر، ۷/۴۴۰

نے ارشادفرمایا: انسان جب مرجاتا ہے تو اس کا عمل ختم ہوجاتا ہے۔ مگر تین چیزیں باقی رہتی ہیں صدقہ جاریہ، علم نافع کہ لوگ اس سے فائدہ اٹھائیں، نیک اولاد جو والدین کیلئے دعاخیر کرے۔۱۲م

(۵) والدین کی طرف سے صدقہ دینے سے انکوثواب ملتا ہے

۱۱۷۱۔ **عن** عبد الله بن عمر و بن العاص رضی الله تعالیٰ عنهما قال: قال رسول الله صلی الله تعالی علیه وسلم: مَا عَلٰی أَحَدِکُم اِذَا أَرَادَ أَنْ یَّتَصَدَّقَ لِلّٰهِ صَدَقَةً تَطَوُّعًا أَنْ یَجْعَلَهَا عَنْ وَالِدَیْهِ اِذَا کَانَ مُسْلِمَیْنِ فَیَکُوْنُ لِوَالِدَیْهِ أَجْرُهَا وَلَهٗ مِثْلُ أُجُوْرِهِمَا بَعْدَ أَنْ لَا یَنْقُصَ مِنْ أُجُوْرِهِمَا شَیْئًا۔

حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: جب تم میں سے کوئی شخص کسی صدقہ نافلہ کا ارادہ کرے تو اس کا کیا حرج ہے کہ وہ صدقہ اپنے ماں باپ کی نیت سے دے کہ انہیں اس کا ثواب پہونچے گا۔ اور اسے ان دونوں کے اجروں کے برابر ملے گا۔ اوران کے ثواب میں بھی کچھ کمی نہ ہوگی۔

فتاوی رضویہ ۴/۲۰۰

۱۱۷۲۔ **عن** عبد الله بن عمر رضی الله تعالیٰ عنهما قال: قال رسول الله صلی الله تعالی علیه وسلم: اِذَا تَصَدَّقَ أَحَدُکُم بِصَدَقَةٍ تَطَوُّعًا فَلْیَجْعَلْهَا عَنْ أَبَوَیْهِ فَیَکُوْنُ لَهُمَا أَجْرُهَا فَلَا یَنْقُصُ مِنْ أَجْرِهٖ شَیْءٌ۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: جب کوئی صدقہ نافلہ دے تو اس میں والدین کی طرف سے نیت کرے کہ ان دونوں کو اس کا ثواب ملے گا اور اسکے ثواب میں بھی کوئی کمی نہ ہوگی۔

فتاوی رضویہ ۴/۲۰۲

۱۱۷۱۔ کنز العمال للمتقی، ۴۵۱۶۱، ۶/۳۸۰ ☆ تاریخ دمشق لابن عساکر، ۲/۲۱۶
علل الحدیث لابن ابی حاتم، ۶۴۵ ☆
۱۱۷۲۔ مجمع الزوائد للهیثمی، ۳/۱۳۸ ☆

(۶) بعد دفن قبر پر دعا کرنا سنت ہے

۱۱۷۳۔ **عن** حصین بن وحوح الانصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال : ان طلحۃ بن البراء رضی اللہ تعالیٰ عنہ مرض فاتاہ النبی صلی اللہ تعالی علیہ وسلم یعودہ فی الشتاء فی بردو غیم ، فلما انصرف قال لاھلہ: لا اری طلحۃ الا قد حدث فیہ الموت ، فاذ نونی بہ و عجلوا فلم یبلغ النبی صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نبی سالم بن عوف حتی توفی و جن علیہ اللیل فکان فیما قال طلحۃ لما دخل اللیل اذا مت فادفنونی و الحقولی بربی عزوجل و لا تدعوا رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم فإنی أخاف علیہ یھودا أن یصاب بسببی فأخبر النبی صلی اللہ تعالی علیہ وسلم حین أصبح ، فجاء حتی وقف علی قبرہ فصف الناس معہ ثم رفع یدیہ فقال : اَللّٰھُمَّ اِلْقِ طَلْحَۃَ وَ یَضْحَکُ اِلَیْکَ ۔ فتاوی رضویہ ۴/۴۴

حضرت حصین بن وحوح انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت طلحہ بن براء رضی اللہ تعالیٰ عنہ مریض ہوئے تو حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم انکی عیادت کیلئے جاڑوں میں نہایت سردی اور بادل کے موسم میں تشریف لے گئے جب واپس تشریف لا رہے تھے تو ان کے گھر والوں سے ارشاد فرمایا: مجھے طلحہ میں موت کے آثار دکھائی دے رہے ہیں۔ لہذا مجھے اطلاع دینا اور جلدی کرنا۔ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قبیلہ بنو سالم بن عوف تک پہونچے تھے کہ ان کا وصال ہوگیا۔ رات کی تاریکی چھا چکی تھی۔ لہذا وہی ہوا جو حضرت طلحہ نے کہا تھا۔ کہ مجھے جلد دفن کر دینا اور میرے رب کے حضور پہونچا دینا۔ حضور کو رات کو تکلیف نہ دینا کہ مجھے اس بات کا خوف ہے کہ کہیں میری وجہ سے یہودیوں کی طرف سے حضور کو کوئی تکلیف پہونچے۔ جب صبح ہوئی تو حضور کو یہ واقعہ سنایا گیا۔ حضور تشریف لائے اور قبر کے پاس کھڑے ہوکر صف بندی فرمائی پھر ہاتھ اٹھا کر دعا کی۔ الہی! طلحہ سے تیری ملاقات اس حال میں ہو کہ طلحہ تیرے حضور ہنستے ہوئے حاضر ہوں۔ ۱۲م

۱۱۷۳۔ المعجم الکبیر للطبرانی، ۴/۲۸ ☆ مجمع الزوائد للھیثمی، ۳/۳۷
کنز العمال للمتقی، ۳۳۳۷۸، ۱۱/۶۹۷ ☆ جمع الجوامع للسیوطی، ۹۷۸۶
التمھید لابن عبد البر، ۶/۲۷۴۳ ☆

۱۱۷۴۔ **عن** أمير المؤمنين عثمان بن عفان رضى الله تعالىٰ عنه قال : كان النبى صلى الله تعالى عليه وسلم اذا فرغ من دفن الميت و قف عليه فقال : اِسْتَغْفِرُوْا لِأَخِيْكُمْ وَ اسْئَلُوْا لَهُ التَّثْبِيْتَ فَاِنَّهُ الْآنَ لَيُسْئَلُ ۔

حضرت امیر المؤمنین حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی یہ عادت کریمہ تھی کہ جب مردے کو دفن کر کے فارغ ہو جاتے تو کچھ دیر تشریف فرما رہتے اور ارشاد فرماتے : اپنے بھائی کیلئے دعائے مغفرت کرو اور اسکے لئے ثابت قدمی کی دعا کرو کہ اس سے اس وقت سوال ہونے والا ہے۔

(۷) ایصال ثواب

۱۱۷۵۔ **عن** أمير المؤمنين على المرتضى كرم الله تعالىٰ وجهه الكريم،قال : قال رسول الله صلى الله تعالى عليه وسلم : مَنْ مَرَّ عَلَى الْمَقَابِرِ وَ قَرَأَ "قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ" اِحْدٰى عَشَرَةَ مَرَّةً ، ثُمَّ وَهَبَ أَجْرَهَا لِلْأَمْوَاتِ اُعْطِىَ مِنَ الْأَجْرِ بِعَدَدِ الْأَمْوَاتِ ۔

فتاوی رضویہ ۴/۱۹۴

امیر المؤمنین حضرت علی مرتضی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس کا قبرستان سے گزر ہوا اور اس نے گیارہ بار قل ہو اللہ شریف پڑھ کر اس کا ثواب مردوں کو ایصال کیا تو تمام مردوں کے برابر اس کو ثواب ملے گا۔۱۲م

(۸) بیرام سعد برائے ایصال ثواب کھودا گیا

۱۱۷۶۔ **عن** سعد بن عبادة رضى الله تعالىٰ عنه انه قال: يا رسول الله ! ان ام سعد ماتت ، فاي الصدقة افضل؟ قال : اَلْمَاءُ ، قال : فحضر بيراً و قال : هذه لام سعد ۔

۱۱۷۴۔ السنن لابى داؤد، باب الاستغفار عند القبر، ۲/۴۵۹
المستدرك للحاكم، ۱/۳۷۰ ☆ السنن الكبرى للبيهقى، ۴/۵۶
الجامع الصغير للسيوطى، ۲/۴۱۹ ☆ اتحاف السادة للزبيدى، ۱/۳۵۲
كنز العمال للمتقى، ۱۸۵۱۴، ۷/۱۵۸ ☆ الترغيب و الترهيب للمنذرى، ۴/۲۴۵

۱۱۷۵۔ كنز العمال للمتقى، ۴۲۵۹۶، ۱۵/۶۵۵ ☆ اتحاف السادة للزبيدى، ۱۰/۳۷۱

۱۱۷۶۔ السنن لابى داؤد، كتاب الزكوة، باب فى فضل سقى الماء، ۱/۲۳۵
التفسير للقرطبى، ۷/۲۱۵ ☆

حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ آپ نے حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے عرض کیا: یا رسول اللہ! ام سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا انتقال ہو گیا تو کونسا صدقہ افضل ہے؟ فرمایا: پانی، تو کنواں کھودا اور اس طرح کہا: یہ کنواں ام سعد کیلئے ہے۔ ۱۲ م

﴿۱﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

قبل اس کے صدقہ محتاج کے ہاتھوں میں پہونچے ثواب اس کا میت کو پہونچانا جائز ہے۔ اس حدیث سے صاف ظاہر و متبادر کہ کنواں تیار ہو جانے پر یہ الفاظ کہے: ھذہ لام سعد اور جب تک وہ کنواں رہا بحکم "ھذہ لام سعد" سب کا ثواب مادر سعد کو پہونچا اور سب کا ایصال منظور تھا۔ تو قبل تصرف بھی ایصال ثواب حاصل۔ یہ احادیث کثیرہ سے ثابت ہے۔ اب جو اسے ناجائز کہے حدیث کی مخالفت کرتا ہے۔ طرفہ یہ کہ خود امام الطائفہ میاں اسماعیل دہلوی اپنی تقریر ذبیحہ، میں اس تقریر وہابیہ کو ذبح کر گئے۔ لکھتے ہیں: اگر شخصے بزے در خانہ پرورش کند تا گوشت او خوب شود او را ذبح کردہ و پختہ فاتحہ حضرت غوث الاعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ خواندہ بخوارانند خللے نیست۔

اگر کوئی شخص اپنے گھر بکرے کی پرورش کرے اور جب وہ خوب فربہ ہو جائے تو اس کو ذبح کر کے گوشت پکا کر سیدنا غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی فاتحہ دلائے اور لوگوں کو کھلائے تو اس میں کوئی حرج نہیں۔

ان لوگوں سے پوچھا جائے کہ یہ فاتحہ خواندہ بخوارند کیسی، یہاں "خوارند و فاتحہ خوانند" کہا ہوتا۔

بات یہ ہے کہ فاتحہ ایصال ثواب کا نام ہے اور مومن کے نیک عمل پر ایک ثواب اسکی نیت کرتے ہی حاصل ہو جاتا ہے۔ اور عمل کئے پر دس ہو جاتا ہے جیسا کہ صحیح حدیثوں میں ارشاد ہوا۔ بلکہ متعدد حدیثوں میں فرمایا: نیة المؤمن خیر من عملہ، مسلمان کی نیت اس کے عمل سے بہتر ہے۔ فاتحہ میں دو عمل نیک ہوتے ہیں۔ قرأت قرآن، اطعام طعام۔ طریقہ مروجہ میں ثواب پہونچانے کی دعا اس وقت کرتے ہیں جبکہ کھانا دینے کی نیت کر لی اور کچھ قرآن عظیم پڑھ لیا تو کم سے کم گیارہ ثواب تو اس وقت مل چکے۔ دس ثواب قرأت کے اور ایک نیت اطعام کا۔ کیا انہیں میت کو نہیں پہونچا سکتے؟

رہا کھانا دینے کا ثواب وہ اگر چہ اس وقت موجود نہیں ۔ تو کیا ثواب پہونچانا شاید ڈاک یا پارسل میں کسی چیز کا بھیجنا سمجھا ہوگا ۔ کہ جب تک وہ شی موجود نہ ہو کیا بھیجی جائے ۔ حالانکہ اس کا طریقہ صرف جناب باری میں دعا کرنا ہے کہ وہ ثواب میت کو پہونچ جائے ۔ خود امام الطائفہ صراط مستقیم میں لکھتا ہے ۔

طریق رسانیدن آں دعا بجناب الہی است ۔

کیا دعا کرنے کیلئے بھی اس شی کا موجود فی الحال ہونا ضروری ہے ۔

فتاوی رضویہ ۴/۱۹۴

۸۔ عالم برزخ کے احوال

ا۔ عالم برزخ کی وسعت

۱۱۷۷۔ عن أنس بن مالك رضي الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالى عليه وسلم: مَا شَبَّهْتُ خُرُوْجَ الْمُؤمِنِ مِنَ الدُّنْيَا اِلَّا مِثْلَ خُرُوْجِ الصَّبِيِّ مِنْ بَطْنِ اُمِّهٖ مِنْ ذٰلِكَ الْغَمِّ وَ الظُّلْمَةِ اِلٰى رَوْحِ الدُّنْيَا۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: دنیا سے مسلمان کا جانا ایسا ہے جیسے بچے کا ماں کے پیٹ سے نکلنا۔ اس دم گھٹنے اور اندھیری کی جگہ سے اس فضائے وسیع دنیا میں آنا۔

﴿۱﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

اسی لئے علماء فرماتے ہیں: دنیا کو برزخ سے وہی نسبت ہے جو رحم مادر کو دنیا سے پھر برزخ کو آخرت سے ایسی نسبت ہے جو دنیا کو برزخ سے۔ اب اس سے برزخ و دنیا کے علوم و ادراکات میں فرق سمجھ لیجئے۔ وہی نسبت چاہیئے جو علم جنین کو علم اہل دنیا سے، واقعی روح طائر ہے اور بدن قفس اور علم پرواز، پنجرے میں پرند کی پرفشانی کتنی۔ ہاں جب کھڑکی سے باہر آیا اس وقت اس کی جولانیاں قابل دید ہیں۔ فتاوی رضویہ ۴/۲۴۵

(۲) مومن کی روح آزاد رہتی ہے

۱۱۷۸۔ عن عبد الله بن عمرو بن العاص رضي الله تعالىٰ عنهما قال: ان الدنيا جنة الكافر و سجن المؤمن، وانما مثل المؤمن حين تخرج نفسه كمثل رجل كان في السجن فاخرج منه فجعل يتقلب في الارض و يفسح فيها۔

حضرت عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ انہوں نے فرمایا: بیشک دنیا کافر کی بہشت اور مسلمان کا قید خانہ ہے جب مسلمان کی جان نکلتی ہے تو اسکی مثال ایسی ہے جیسے کوئی شخص زندان میں تھا۔ اب آزاد کر دیا گیا تو زمین میں گشت کرنے اور بافراغت چلنے پھرنے لگا۔

۱۱۷۷۔ الجامع الصغير للسيوطي، ۲/۴۸۴

۱۱۷۸۔ الجامع للترمذي، باب ما جاء ان الدنيا سجن المومن الخ، ۲/۵۶

۲۱۷۹۔ **عن** عبد اللہ بن عمر و بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال : اذا مات المؤمن یخلی سربہ یسرح حیث شاء ۔

حضرت عبد اللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ جب مسلمان مرتا ہے اس کی راہ کھول دی جاتی ہے جہاں چاہے جائے۔

فتاوی رضویہ ۴/۲۳۲ ☆ فتاوی رضویہ ۹/۴۸

(۳) روحیں متعلقین سے ملاقات کرتی ہیں

۱۱۸۔ **عن** سعید بن المسیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال : ان سلمان الفارسی و عبد اللہ بن سلام رضی اللہ تعالیٰ عنہما التقیا فقال احدھما لصاحب : ان لقیت ربك قبلی فاخبرنی ما ذا لقیت ، فقال : او تلقی الاحیاء الاموات؟ قال : نعم ، اما المؤمنون فإن أرواحھم فی الجنة و ھی تذھب حیث شاء ت ۔

حضرت سعید بن میتب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت سلمان فارسی و عبد اللہ بن سلام رضی اللہ تعالیٰ عنہما باہم ملے۔ ایک نے دوسرے سے کہا کہ اگر تم مجھ سے پہلے انتقال کرو تو مجھے خبر دینا کہ وہاں کیا پیش آیا۔ کہا: کیا زندے اور مردے بھی ملتے ہیں؟ کہا: ہاں، مسلمانوں کی روحیں تو جنت میں ہوتی ہیں۔ انہیں اختیار ہوتا ہے جہاں چاہیں جائیں۔

فتاوی رضویہ ۴/۲۳۲

(۴) مومن کی روح آزاد رہتی ہے اور کافر کی قید

۱۱۸۱۔ **عن** سلمان الفارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال : ان ارواح المؤمنین فی برزخ من الأرض تذھب حیث شاء ت و نفس الکافر فی سجین ۔

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ بیشک مسلمانوں کی روحیں زمین کے برزخ میں ہیں۔ جہاں چاہتی ہیں جاتی ہیں۔ اور کافر کی روحیں سجین میں مقید ہیں۔

۱۱۸۲۔ **عن** الإمام مالك رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال : بلغنی ان ارواح المؤمنین

۱۱۷۹۔ المصنف لابن ابی شیبة، ۷/۱۴۴

۱۱۸۰۔ کتاب الزھد لابن المبارك، ۱/۳۷۳

۱۱۸۱۔ کتاب الزھد لابن المبارك، ☆ ابن ابی الدنیا

۱۱۸۲۔ ابن ابی الدنیاء

مرسلة تذهب حيث شاءت ۔ فتاوی رضویہ ۴/۲۳۲

حضرت امام مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ مجھے یہ حدیث پہونچی کہ مومنوں کی روحیں آزاد ہیں جہاں چاہتی ہیں جاتی ہیں۔

(۵) مردہ اپنے غسل دینے والے کو پہچانتا ہے

۱۱۸۳۔ **عن** بكر بن عبد الله رضى الله تعالىٰ عنه قال: بلغنى انه ما من ميت يموت الاوروحه فى يد ملك الموت فهم يغسلونه و يكفنونه و هو يرى ما يصنع اهله فلم يقدر على الكلام لينهاهم عن الرنة و العويل ۔

حضرت بکر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ مجھے یہ حدیث پہونچی کہ جو مرتا ہے اسکی روح ملک الموت کے ہاتھ میں ہوتی ہے لوگ اسے غسل وکفن دیتے ہیں اور وہ دیکھتا ہے جو کچھ اس کے گھر والے کرتے ہیں۔ ان سے بات نہیں کرسکتا کہ ان کو شور ماتم سے منع کرے۔ فتاوی رضویہ ۱۰/۱۴۲

۱۱۸۴۔ **عن** أبى سعيد الخدرى رضى الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: إِنَّ الْمَيِّتَ يَعْرِفُ مَنْ يُّغَسِّلُهُ وَ يَحْمِلُهُ وَ مَنْ يُكَفِّنُهُ وَ مَنْ يُّدَلِّيهِ فِى حُفْرَتِهٖ ۔

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بیشک مردہ پہچانتا ہے اسے جو اس کو غسل دے، اور جو اٹھائے، اور جو کفن پہنائے، اور جو قبر میں اتارے۔

۱۱۸۵۔ **عن** عبد الله بن عباس رضى الله تعالىٰ عنهما قال: قال رسول الله صلى الله تعالى عليه وسلم: مَا مِنْ مَّيِّتٍ يَمُوْتُ اِلَّا وَهُوَ يَعْرِفُ غَاسِلَهٗ وَ يُنَاشِدُ حَامِلَهٗ اِنْ كَانَ بُشِّرَ بِرَوْحٍ وَّ رَيْحَانٍ وَ جَنَّةِ النَّعِيْمِ اَنْ يُّعَجِّلَهٗ، وَ اِنْ كَانَ بُشِّرَ بِنُزُلٍ مِّنْ حَمِيْمٍ وَّ تَصْلِيَةِ جَحِيْمٍ اَنْ يَّحْبِسَهٗ ۔

۱۱۸۳۔ ابن ابی الدنیاء

۱۱۸۴۔ المسند لاحمد بن حنبل، ۳/۳ ☆ المعجم الاوسط للطبرانی، ۷/۲۵۷

۱۱۸۵۔ الدر المنثور للسیوطی، ۶/۱۶۷ ☆ اتحاف السادۃ للزبیدی، ۱/۳۲۰

الجامع الصغیر للسیوطی، ۱/۱۲۰ ☆

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ہر مردہ اپنے نہلانے والے کو پہچانتا ہے اور اٹھانے والے کو قسمیں دیتا ہے۔ اگر اسے آسائش اور پھولوں اور آرام کے باغ کا مژدہ ملا تو قسم دیتا ہے مجھے جلد لے چل، اور اگر آب گرم کی مہمانی اور بھڑکتی آگ میں جانے کی خبر ملی ہے تو قسم دیتا ہے کہ مجھے روک رکھ۔

فتاوی رضویہ ۴/۲۵۵

۱۱۸۶۔ **عن** أمیر المؤمنین عمر الفاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم: مَا مِنْ مَيِّتٍ يُوْضَعُ عَلٰى سَرِيْرِهٖ فَيُخَطِّيْ بِهٖ ثَلٰثَ خُطًا اِلَّا تَكَلَّمَ بِكَلَامٍ يَسْمَعُهُ مَا شَآءَ اللّٰهُ اِلَّا الثَّقَلَيْنِ، اَلْجِنَّ وَ الْاِنْسَ، يَقُوْلُ: يَا اِخْوَتَاهُ وَ يَا حَمَلَةَ نَعْشَاهُ! لَا تَغُرَّنَّكُمُ الدُّنْيَا كَمَا غَرَّتْنِيْ وَ لَا يَلْعَبَنَّ بِكُمْ كَمَا لَعِبَتْ بِيْ، خَلَفْتُ مَا تَرَكْتُ لِوَرَثَتِيْ وَ الدَّيَّانُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ يُخَاصِمُنِيْ وَ يُحَاسِبُنِيْ وَ اَنْتُمْ تُشَيِّعُوْنِيْ وَ تَدَعُوْنِيْ۔

امیر المؤمنین حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب مردے کو جنازہ پر رکھ کر تین قدم لے چلتے ہیں تو وہ ایک کلام کرتا ہے جسے سب سنتے ہیں جنہیں خدا چاہے جن و انس کے سوا۔ کہتا ہے: اے بھائیو، اے نعش اٹھانے والو! تمہیں دنیا فریب نہ دے، جیسا مجھے دیا۔ اور تم سے نہ کھیلے جیسا مجھ سے کھیلی۔ اپنا ترکہ تو میں وارثوں کیلئے چھوڑ چلا۔ اور بدلا دینے والا قیامت میں مجھ سے جھگڑے گا اور حساب لے گا۔ تم میرے ساتھ چل رہے ہو اور اکیلا چھوڑ آؤ گے۔

فتاوی رضویہ ۴/۲۵۶

(۶) مردہ قبرستان لیجانے والوں سے کلام کرتا ہے

۱۱۸۷۔ **عن** أبی سعید الخدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم: اِذَا وُضِعَتِ الْجَنَازَةُ وَ احْتَمَلَتِ الرِّجَالُ عَلٰى اَعْنَاقِهِمْ، فَاِنْ كَانَتْ صَالِحَةً قَالَتْ: قَدِّمُوْنِيْ، وَ اِنْ كَانَتْ غَيْرَ صَالِحَةٍ، قَالَتْ: يَا وَيْلَهَا اَيْنَ

۱۱۸۶۔ کنز العمال لعتقی، ۴۲۳۵۷، ۱۵/۵۹۶ ☆ تاریخ جرجان للهیثمی، ۱۷۸

۱۱۸۷۔ الجامع الصحیح للبخاری، باب ولی المیت قدمونی، ۱/۱۷۶

المسند لاحمد بن حنبل، ۳/۴۳۴ ☆ السنن الکبری للبیهقی، ۴/۲۱

تذھبون بھا، سمع صوتھا کل شیء الا الانسان ولو سمعہ لصعق۔

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب جنازہ رکھا جاتا ہے اور مرد اسے اپنی گردنوں پر اٹھاتے ہیں۔ اگر نیک ہوتا ہے کہتا ہے: مجھے آگے بڑھاؤ، اور اگر بد ہوتا ہے تو کہتا ہے: ہائے خرابی اس کی کہاں لیجاتے ہو۔ ہر شی اسکی آواز سنتی ہے مگر آدمی۔ کہ وہ سنے تو بے ہوش ہو جائے

﴿۲﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

اگر چہ اہل سنت کا مسلک یہ ہے کہ نصوص ہمیشہ ظاہر پر محمول ہوں گے جب تک کہ اس میں محذور نہ ہو۔ لہذا ہم اس کلام جنازہ کو یوں بھی کلام حقیقی پر محمول کرتے ہیں۔ مگر بحمد اللہ تعالیٰ مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان پچھلے لفظوں سے نص کو مفسر فرما دیا کہ ہر شی اسکی آواز سنتی ہے۔ اب کسی طرح مجال تاویل وتشکیک باقی نہ رہی۔ وللہ الحمد۔

فتاوی رضویہ ۴/ ۲۵۵

(۷) مومن کو وقت انتقال ہی بشارت دے دی جاتی ہے

۱۱۸۸۔ عن أبی ھریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: لا یقبض المؤمن حتی یری البشری، فاذا قبض نادی، فلیس فی الدار دابۃ صغیرۃ و لا کبیرۃ الا ھی تسمع صوتہ الا الثقلین: الجن و الانس تعجلوا بہ الی أرحم الراحمین، فاذا وضع علی سریرہ قال: ما أبطأ ما تمشون، فاذا أدخل فی لحدہ أقعد فاری مقعدہ من الجنۃ و ما أعد اللہ لہ، و ملیٔ قبرہ من روح و ریحان و مسک قال: فیقول: یا رب! قدمنی! قال: فیقال: لم یان لک، ان لک اخوۃ و أخوات لما یلحقون، ولکن نم قریر العین، قال أبو ھریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ: فو الذی نفسی بیدہ! ما نائم نائم شاب طاعم ناعم و لا فتاۃ فی الدنیا نومۃ بأقصر و لا أحلی من نومتہ حتی یرفع راسہ الی البشری یوم القیامۃ۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ مسلمان کی روح نہیں نکلتی جب تک بشارت نہ دیکھ لے۔ جب نکل چکتی ہے تو ایسی آواز میں ندا کرتی ہے جسے جن وانس کے سوا گھر کا ہر چھوٹا بڑا جانور سنتا ہے۔ کہتی ہے مجھے لے چلو ارحم الراحمین کی طرف۔ پھر جب جنازہ پر

۱۱۸۸۔ المصنف لابن ابی شیبۃ، کلام ابی ھریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، ۱۴۲/۷

رکھتے ہیں کہتی ہے کتنی دیر لگا رہے ہو چلنے میں ۔ جب قبر میں دفن کر دیا جاتا ہے تو اسکو اٹھا کر جنت میں اس کا ٹھکانا دکھایا جاتا ہے۔ اس وقت اسکی قبر آسائش کی چیزوں ۔ پھولوں اور خوشبو سے بھر جاتی ہے۔ وہ کہتا ہے۔ اے رب کریم! مجھے وہاں تک پہونچا۔ فرمایا جاتا ہے ابھی تیرے لئے وہ وقت نہیں آیا کیونکہ ابھی تیرے عزیز و اقارب نہیں آپہونچے ہیں۔ تو آرام سے سو جا۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: قسم اس ذات کی جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے، دنیا میں اتنی میٹھی نیند آسودہ جوان مرد یا عورت کو نہیں آئی ہوگی جتنی اسکو آتی ہے ۔ یہاں تک کہ قیامت کے دن اسی بشارت میں اسکی آنکھ کھلے گی۔ ۱۲م

(۸) مردہ سب کو دیکھتا اور آواز دیتا ہے

۱۱۸۹۔ **عن** أم الدرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہا قالت: ان المیت اذا وضع علی سریرہ فانہ ینادی: یا أھلاہ: و یا جیراناہ و یا حملۃ سریراہ: لا تغرنکم الدنیا کما غرتنی ۔

حضرت ام الدرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ بیشک مردہ جب چارپائی پر رکھا جاتا ہے ۔ پکارتا ہے اے گھر والو، اے ہمسایو، اے جنازہ اٹھانے والو! دیکھو دنیا تمہیں دھوکہ نہ دے جیسا مجھے دیا۔

۱۱۹۰۔ **عن** مجاھد رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: اذا مات المیت فملک قابض نفسہ، فما من شیٔ الا وھو یراہ عند غسلہ وعند حملہ حتی یوصلہ الی قبرہ ۔

حضرت امام مجاہد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ جب مردہ مرتا ہے تو ایک فرشتہ اسکی روح ہاتھ میں لئے رہتا ہے۔ نہلاتے اٹھاتے وقت جو کچھ ہوتا ہے سب کچھ دیکھتا جاتا ہے یہاں تک کہ فرشتہ اسے قبر تک پہونچا دیتا ہے۔

۱۱۹۱۔ **عن** عمر بن دینار رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: ما من میت یموت الا و ھو یعلم ما یکون فی اھلہ بعدہ، و انھم یغسلونہ و یکفنونہ و انہ لینظر الیھم ۔

۱۱۸۹۔ کتاب الزھد لأحمد

۱۱۹۰۔ ابن ابی الدنیاء

۱۱۹۱۔ ابن ابی الدنیاء

حضرت عمر بن دینار رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ہر مردہ جانتا ہے کہ اس کے بعد اسکے گھر والوں میں کیا ہو رہا ہے۔ لوگ اسے نہلاتے ہیں، کفناتے ہیں اور وہ انہیں دیکھتا جاتا ہے۔

۱۱۹۲۔ **عن** عمرو بن دینار رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال :ما من میت یموت الاوروحه فی ید ملك ینظر الی جسدہ کیف یغسل و کیف یمشی به ، و یقال له و هو علی سریرہ أسمع ثناء الناس علیك ۔

حضرت عمر بن دینار رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ہر مردہ کی روح ایک فرشتہ کے ہاتھ میں ہوتی ہے کہ اپنے بدن کو دیکھتی جاتی ہے۔ کیونکر غسل دیتے ہیں کس طرح کفن پہناتے ہیں۔ کیسے لیکر چلتے ہیں۔ اور وہ جنازہ پر ہوتا ہے کہ فرشتہ اس سے کہتا جاتا ہے، سن تیرے حق میں بھلا برا کیا کہتے ہیں۔

۱۱۹۳۔ **عن** سفیان رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال : ان المیت لیعرف کل شیٔ حتی انه لیناشد باللہ غاسله الاخففت علی ، قال و یقال له و هو علی سریرہ اسمع ثناء الناس علیك ۔

حضرت سفیان ثوری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ بیشک مردہ ہر چیز کو پہچانتا ہے یہاں تک کہ اپنے نہلانے والے کو، خدا کی قسم دیتا ہے کہ آسانی سے نہلانا۔ اور یہ بھی فرمایا: اس سے جنازہ پر کہا جاتا ہے: سن، تیرے بارے میں لوگ کیا کہتے ہیں۔

۱۱۹۴۔ **عن** عبد الرحمن بن أبی لیلی رضی اللہ تعالی عنه قال : الروح بید ملك یمشی به مع الجنازة یقول له أسمع ، ما یقال لك ۔

حضرت عبد الرحمن بن ابی لیلی رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت ہے کہ روح ایک فرشتہ کے ہاتھ میں ہوتی ہے کہ اسے جنازہ کے ساتھ لیکر چلتا ہے اور اس سے کہتا ہے سن، تیرے حق میں کیا کیا کہا جاتا ہے۔

۱۱۹۲۔ حلیة الاولیاء لابی نعیم، ۳۴۹/۲

۱۱۹۳۔ ابن ابی الدنیا

۱۱۹۴۔ ابن ابی الدنیا

۱۱۹۵۔ **عن** ابن أبي نجيح رضى الله تعالى عنه قال: مامن ميت يموت الاروحة في يد ملك ينظر الى جسده كيف يغسل و كيف يكفن و كيف يمشى به الى قبره۔

حضرت ابن ابی نجیح رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت ہے کہ جو مردہ مرتا ہے اس کی روح ایک فرشتہ کے ہاتھ میں ہوتی ہے کہ اپنے بدن کو دیکھتی ہے۔ کیونکر نہلایا جاتا ہے۔ کیونکر کفن پہنایا جاتا ہے۔ کیونکر قبر کی طرف لیکر چلتے ہیں۔

فتاوی رضویہ ۴/ ۲۵۸

۱۱۹۶۔ **عن** أبي عبد الله بكر المزنى رضى الله تعالى عنه حدثت ان الميت يستبشر تبعجيله الى المقابر۔

حضرت ابو عبد اللہ بکر مزنی رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت ہے کہ مجھ سے حدیث بیان کی گئی کہ دفن میں جلدی کرنے سے مردہ خوش ہوتا ہے۔

جلعنا الله تعالىٰ بمنه و كرمه من المسرور ين المستبشرين برحمته المسريحين بالموت بجوده ، آمين ، بجاه النبي الكريم الرؤف الرحيم عليه و على آله و صحبه و اولياء امته افضل الصلوٰة و التسليم۔ فتاوی رضویہ ۴/ ۲۵۸

(۸) مومن مردہ قبر کے پاس سے گزرنے والے کو پہچانتا ہے

۱۱۹۷۔ **عن** عبد الله بن عباس رضى الله تعالى عنهما قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم : مَا مِنْ أَحَدٍ يَمُرُّ بِقَبْرِ أَخِيهِ الْمُؤْمِنِ كَانَ يَعْرِفُهُ فِي الدُّنْيَا فَيُسَلِّمُ عَلَيْهِ اِلَّاعَرَفَهُ وَ رَدَّ عَلَيْهِ السَّلَامَ۔

حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالی عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص اپنے مسلمان بھائی کی قبر پر گزرتا ہے اور سلام کرتا ہے۔ اگر وہ اسے دنیا میں پہچانتا تھا تو اب بھی پہچانتا اور سلام کا جواب دیتا ہے۔

۱۱۹۵۔

۱۱۹۶۔

۱۱۹۷۔

﴿۳﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

ابو محمد عبد الحق کہ اجلہ علمائے حدیث سے ہیں اس حدیث کی تصحیح کرتے ہیں۔ کما فی شرح الصدور۔ اسی طرح امام ابو عمر و علامہ سید سمہودی نے اسکی تصحیح فرمائی۔ کما فی جامع البرکات و جذب القلوب، امام سبکی نے شفاء السقام میں بھی اسی طرح ذکر فرمایا۔

۱۱۹۸۔ **عن** ابی ھریرہ رضی اللہ تعالی عنہ قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: اِذَا مَرَّ الرَّجُلُ بِقَبْرٍ یَعْرِفُہٗ فَسَلَّمَ عَلَیْہِ رَدَّ عَلَیْہِ السَّلَامَ وَ عَرَفَہٗ، و اِذا مَرَّ بِقَبْرٍ لَا یَعْرِفُہٗ فَسَلَّمَ عَلَیْہِ رَدَّ عَلَیْہِ السَّلَامَ۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب آدمی ایسی قبر پر گزرتا ہے جس سے دنیا میں شناسائی تھی اور اسے سلام کرتا ہے۔ میت سلام کا جواب دیتا ہے اور اسے پہچانتا ہے اور جب ایسی قبر پر گزرتا ہے جس سے جان پہچان نہ تھی اور سلام کرتا ہے تو میت اسے سلام کا جواب دیتا ہے۔

(۹) مردہ دفن کے بعد جانے والوں کے جوتوں کی آواز سنتا ہے

۱۱۹۹۔ **عن** انس بن مالک رضی اللہ تعالی عنہ قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اِنَّ الْمَیِّتَ اِذَا وُضِعَ قَبْرَہٗ اَنَّہٗ لَیَسْمَعُ خَفْقَ نِعَالِھِمْ اِذَا تَفَرَّقُوْا۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مردہ جب قبر میں رکھا جاتا ہے اور لوگ دفن کرکے پلٹتے ہیں بیشک وہ ان کی جوتیوں کی آواز سنتا ہے۔

۱۲۰۰۔ **عن** البراء بن عازب رضی اللہ تعالی عنہ قال: قال رسول اللہ صلی

۱۱۹۸۔ اتحا السادۃ للزبیدی، ۱۰/۳٦۵

۱۱۹۹۔ الجامع الصحیح للبخاری، باب المیت یسمع خفق النعال، ۱/۱۷۸
الصحیح لمسلم، کتاب صفت الجنۃ و النار، ۲/۳۸٦
السنن لابی داؤد، کتاب الجنائز باب المشی بین القبور فی النعل، ۲/٤٦۰
المسند لاحمد بن حنبل، ۳/۲۲ ☆ التفسیر للقرطبی، ۷/۳۷۷
الترغیب و الترھیب للمنذری، ٤/۳۷۱ ☆

۱۲۰۰۔ السنن لابی داؤد، کتاب الجنائز، باب المشی بین القبور فی النعل، ۲/٤٦۰
المسند لاحمد بن حنبل، ۳/۱۹۳ ☆ التفسیر للبغوی، ٤/٤۲
الدر المنثور للسیوطی، ٤/۸۲ ☆ التفسیر للقرطبی، ۷/۳۷۷

اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اِنَّ الْمَيِّتَ يَسْمَعُ خَفقَ نِعَالِهِمْ اِذَا وَلَّوا مُدْبِرِيْنَ۔

حضرت براء بن عازب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بیشک مردہ جوتیوں کی پہچل سنتا ہے جب لوگ اسے پیٹھ دیکر پھرتے ہیں۔

۱۲۰۱۔ **عن** عبد الله بن عباس رضی الله تعالی عنهما قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : اِنَّ الْمَيِّتَ اِذَا دُفِنَ يَسْمَعُ خَفقَ نِعَالِهِمْ اِذَا وَلَّوا عَنْهُ مُنْصَرِفِيْنَ۔

حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بیشک مردہ جب دفن ہوتا ہے اور لوگ واپس آتے ہیں وہ انکی جوتیوں کی آواز سنتا ہے۔

۱۲۰۲۔ **عن** ابی هريرة رضی الله تعالی عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهٖ، اِنَّ الْمَيِّتَ اِذَا وُضِعَ قَبْرَهٗ اِنَّهٗ يَسْمَعُ خَفقَ نِعَالِهِمْ حِيْنَ يُوَلُّوْنَ عَنْهُ۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ نے ارشاد فرمایا: قسم اسکی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے جب مردہ قبر میں رکھا جاتا ہے کفشہائے مردم کی آواز سنتا ہے جب اس کے پاس سے پلٹتے ہیں۔

۱۲۰۳۔ **عن** عبد الله بن عباس رضی الله تعالی عنهما قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : فَاِنَّهٗ يَسْمَعُ خَفقَ نِعَالِكُمْ وَنَفْضَ اَيْدِيْكُمْ اِذَا وَلَّيْتُمْ مُدْبِرِيْنَ۔

حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بیشک وہ یقیناً تمہارے جوتوں کی آواز اور ہاتھ جھاڑنے

۱۲۰۱۔ المعجم الكبير للطبرانی، ۷۲/۱۱ ☆ كنز العمال للمتقی، ۴۲۳۷۹، ۱۵/ ۶۰۰
جمع الجوامع للسيوطی، ۵۹۵۴، ☆ الجامع الصغير للسيوطی، ۱/ ۱۳۰
۱۲۰۲۔ المستدرك للحاكم ۱/ ۳۸۰ ☆ المسند لاحمد بن حنبل، ۲/ ۵۴۵
الدر المنثور للسيوطی، ۴/ ۸۰ ☆ اتحاف السادة للزبيدی، ۱۰/ ۴۱۹
۱۲۰۳۔ المصنف لابن ابی شيبة، ۳/ ۳۷۸ ☆

کی آواز سنتا ہے جب تم اس کی طرف سے پیٹھ پھیر کر چلتے ہو۔

۱۲۰۴۔ **عن** ابی ہریرہ رضی اللہ تعالی عنہ قال: شہدنا جنازۃ مع رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم، فلما فرغ من دفنہا و انصرف الناس قال: اِنَّہٗ الآنَ یَسْمَعُ خَفْقَ نِعَالِہِمْ۔

فتاوی رضویہ ۴/۲۶۵

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ہم ایک جنازہ میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ہمراہ رکاب حاضر تھے۔ جب اس کے دفن سے فارغ ہوئے اور لوگ پلٹے حضور نے ارشاد فرمایا: اب وہ تمہاری جوتیوں کی آواز سن رہا ہے۔

(۱۰) مردے سنتے ہیں خواہ کافر ہوں

۱۲۰۵۔ **عن** عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالی عنہما قال: اطلع النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم علی اہل القلیب فقال: وَجَدْتُمْ مَا وَعَدَ رَبُّکُمْ حَقًّا، فَقِیْلَ لَہٗ: اتدعو امواتا؟ فقال: مَا اَنْتُمْ بِاَسْمَعَ مِنْہُمْ وَ لٰکِنْ لَا یُجِیْبُوْنَ۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم چاہ بدر پر تشریف لے گئے جس میں کفار کی لاشیں پڑی تھیں، پھر فرمایا: تم نے پایا جو تمہارے رب نے تمہیں سچا وعدہ دیا تھا۔ یعنی عذاب، کسی نے عرض کی: حضور مردوں کو پکارتے ہیں۔ ارشاد فرمایا: تم کچھ ان سے زیادہ سننے والے نہیں پر وہ جواب نہیں دیتے۔

۱۲۰۶۔ **عن** امیر المؤمنین عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالی عنہ قال: ان

۱۲۰۴۔ مجمع الزوائد للہیثمی، ۳/۴۵ ☆ اتحاف السادۃ للزبیدی، ۱۰/۴۱۳
الدر المنثور للسیوطی، ۴/۸۰ ☆
۱۲۰۵۔ المسند لاحمد بن حنبل، ۳/۲۸۷ ☆ الدر المنثور للسیوطی ۵/۱۵۷
التفسیر لابن کثیر، ۳/۴۱۳ ☆ التفسیر للقرطبی، ۷/۲۴۲
۱۲۰۶۔ الجامع الصحیح للبخاری، باب قتل ابی جہل، ۱/۵۶۷
الصحیح لمسلم، باب عرض مقعدار المیت من الجنۃ و النار، ۲/۵۶۷
السنن للنسائی، باب ارواح المومنین، ۱/۲۲۵
۱۲۰۶۔ المسند لاحمد بن حنبل، ۱/۲۷ ☆ المصنف لابن ابی شیبۃ، ۴/۳۷۹
المعجم الکبیر للطبرانی، ۱۰/۱۹۸ ☆ المعجم الصغیر للطبرانی، ۲/۱۱۳
مجمع الزوائد للہیثمی، ۶/۹۱ ☆ اتحاف السادۃ للزبیدی، ۱/۳۸۰
کنز العمال للمتقی، ۲۹۸۶۷، ۱۰/۳۷۵ ☆ البدایۃ و النہایۃ لابن کثیر، ۳/۲۹۲
السنۃ لابن ابی عاصم، ۲/۴۲۷ ☆ الاسماء و الصفات للبیہقی، ۱۶۸

رسول الله كان يرينا مصارع أهل بدر ، الى أن قال ، فانطلق رسول الله صلى الله تعالى عليه وسلم حتى أتى اليهم فقال : يَا فُلَانُ ابْنُ فُلَانٍ! يَا فُلَانُ ابْنُ فُلَانٍ! هَلْ وَجَدْتُمْ مَاوَعَدَكُمُ اللّٰهُ وَ رَسُوْلُهٗ حَقًّا ، فَاِنِّی قَدْوَجَدْتُ مَا وَعَدَنِی اللّٰهُ حَقًّا ، قال عمر : يارسول الله صلى الله عليك و سلم ! كيف تكلم اجسادالاارواح فيها؟ قال : مَا أَنْتُمْ بِاَسْمَعَ لِمَا أَقُوْلُ مِنْهُمْ غَيْرَ أَنَّهُمْ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ أَنْ يَّرُدُّوْا عَلَیَّ شَيْئًا۔

امیر المؤمنین حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہمیں کفار بدر کی قتل گاہیں دکھاتے تھے کہ یہاں فلاں کافر قتل ہوگا اور یہاں فلاں ۔ جہاں جہاں حضور نے بتایا تھا وہیں وہیں انکی لاشیں گریں ۔ پھر بحکم حضور وہ جیفے ایک کنویں میں بھر دئے گئے ۔ سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وہاں تشریف لے گئے اور نام بنام ان کفار لئام کو انکا اور انکے باپ کا نام لیکر پکارا اور فرمایا تم نے بھی پایا جو سچا وعدہ خدا ورسول نے تمہیں دیا تھا ۔ میں نے تو پالیا جو حق وعدہ مجھ سے اللہ تعالی نے کیا تھا ۔ امیر المؤمنین حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالی عنہ نے عرض کی : یارسول اللہ ! علیک الصلوۃ والسلام حضور ان جسموں سے کیوں کلام فرمارہے ہیں جن میں روحیں نہیں ۔ فرمایا : جو میں کہہ رہا ہوں اسے کچھ تم ان سے زیادہ نہیں سنتے ۔ مگر انہیں یہ طاقت نہیں کہ مجھے لوٹ کر جواب دیں ۔

۱۲۰۷ ۔ **عن** أنس بن مالك رضى الله تعالىٰ عنه قال : قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم : وَ الَّذِی نَفْسِی بِيَدِهٖ ! مَا أَنْتُمْ بِاَسْمَعَ لِمَا أَقُوْلُ مِنْهُمْ وَ لٰكِنَّهُمْ لَا يَقْدِرُوْنَ أَنْ يُّجِيْبُوْا ۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا : قسم اس کی جس کے دست قدرت میں میری جان ہے ! میں جو فرمارہا ہوں اس کے سننے میں تم اور وہ برابر ہو مگر وہ جواب دینے کی طاقت نہیں رکھتے ۔

۱۲۰۸ ۔ **عن** عبد الله بن مسعود رضى الله تعالى عنه قال : قال رسول الله صلى

۱۲۰۷ ۔ الصحیح لمسلم ، باب عرض مقعد المیت ، ۲۸۷/۲
المسند لاحمد بن حنبل ، ۲۶/۱ ☆ الدر المنثور للسیوطی ، ۱۵۷/۵
دلائل النبوۃ للبیہقی ، ۴۸/۳ ☆ اتحاف السادۃ للزبیدی ، ۲۳/۵
کنز العمال للمتقی ، ۲۹۸۷۴ ، ۲۷۶/۱۰ ☆ فتح الباری للعسقلانی ، ۲۰۲/۷
۱۲۰۸ ۔ المعجم الکبیر للطبرانی ، ۱۹۷/۷ ☆ فتح الباری للعسقلانی ، ۲۰۳/۷

اللہ تعالیٰ علیہ وسلم : لَيَسْمَعُوْنَ كَمَا تَسْمَعُوْنَ وَلٰكِنْ لَا يُجِيْبُوْنَ ـ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جیسا تم سنتے ہو ویسا ہی وہ بھی سنتے ہیں مگر جواب نہیں دیتے۔

(۱۱) حضور نے قبر کی آواز سنی

۱۲۰۹۔ عن عبید بن مرزوق رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال : کانت امرأۃ تقم المسجد فماتت ، فلم یعلم بها النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فمر علی قبرها فقال ـ مَا هٰذَا الْقَبْرُ ، قالوا: ام محجن ، قال: اَلَّتِیْ کَانَتْ تَقُمُّ الْمَسْجِدَ ، قالو: نعم فصف الناس فصلی علیها ثم قال : أَیُّ الْعَمَلِ وَجَدْتِ أَفْضَلَ؟ قالوا: یا رسول اللہ ! تسمع؟ قال : مَا أَنْتُمْ بِأَسْمَعَ مِنْهَا ، فذکر انها اجابت ان اقم المسجد ـ

حضرت عبید بن مرزوق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک بی بی مسجد میں جھاڑو دیا کرتی تھیں ان کا انتقال ہوگیا۔ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو کسی نے خبر نہ دی۔ حضور ان کی قبر پر گزرے۔ دریافت فرمایا؟ یہ قبر کیسی ہے۔ لوگوں نے عرض کی: ام محجن کی، فرمایا وہی جو مسجد میں جھاڑو دیا کرتی تھی، عرض کی: ہاں، حضور نے صف باندھ کر نماز پڑھائی۔ پھر ان بی بی کی طرف خطاب کر کے فرمایا: تو نے کون سے عمل کو افضل پایا؟ صحابہ نے عرض کی: یا رسول اللہ! کیا وہ سنتی ہے؟ فرمایا: کچھ تم اس سے زیادہ نہیں سنتے۔ پھر فرمایا: اس نے جواب دیا کہ میں مسجد میں جھاڑو دیتی تھی۔ فتاوی رضویہ ۴/ ۲۶۹

(۱۲) حضرت فاروق اعظم نے اہل قبور کی آواز سنی

۱۲۱۰۔ عن امیر المؤمنین عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ انہ مر بالبقیع فقال : السلام علیکم یا أهل القبور ، أخبار ما عندنا اِن نساء کم قد تزوجن و دیار کم قد سکنت و اموالکم قد فرقت فأجابه هاتف ، یا عمر ابن الخطاب ! أخبار ما عندنا انّ ما قدمنا فقد وجدنا ہ و ما أنفقنا فقد ربحناہ وما خلفناہ فقد خسرناہ ـ

امیر المؤمنین حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ وہ ایک

۱۲۰۹۔ المسند لاحمد بن حنبل، ۳/ ۴۴۴ ☆ التمهید لابن عبد البر، ۶/ ۲۶۷

۱۲۱۰۔ کتاب القبور لابن ابی الدنیا

مرتبہ بقیع پر گزرے اہل قبور پر سلام کر کے فرمایا: ہمارے پاس کی خبریں یہ ہیں کہ تمہاری عورتوں سے نکاح کر لئے۔ تمہارے گھروں میں اور لوگ بس گئے۔ تمہارے مال تقسیم ہو گئے۔ اس پر کسی نے جواب دیا: اے عمر بن الخطاب! ہمارے پاس کی خبریں یہ ہیں کہ ہم نے جو اعمال کئے تھے یہاں پائے اور جو راہ خدا میں دیا تھا اس کا نفع اٹھایا۔ اور جو پیچھے چھوڑا وہ ٹوٹے میں گیا۔

(۱۴) حضرت مولی علی نے اہل قبور کی آواز سنی

۱۲۱۱۔ **عن** سعيد بن المسيب رضى الله تعالىٰ عنه قال: دخلنا مقابر المدينة مع علي بن أبي طالب فنادى: يا أهل القبور! السلام عليكم و رحمة الله، تخبرونا بأخبار كم، تريدون أن تخبر كم قال: سمعت صوتا و عليك السلام و رحمة الله و بركاته، يا أمير المؤمنين !اخبرنا عما كان بعدنا فقال علي رضى الله تعالىٰ عنه، اما أزواجكم فقد تزوجن، و أما أموالكم فقد اقتسمت و الأولاد فقد حشروا فى زمرة اليتامى، و البناء الذى شيه تم فقد سكن أعدائكم فهذه أخبار كم من ما عندنا، فما عندكم؟ فأجابه ميت قد تخرقت الأكفان و انتثرت الشعور، و تقعطت الجلود، و سالت الأحداق على الخدود و سالت المناخير بالقيح و الصديد، و ما قدمناه ربحناه، وما خلفنا خسرناه، و نحن مر تهنون بالأعمال۔

حضرت سعید بن مسیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ہم مولی علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ہم رکاب مقابر مدینہ طیبہ میں داخل ہوئے۔ حضرت مولی علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم نے اہل قبور پر سلام کر کے فرمایا: تم ہمیں اپنی خبریں بتاؤ گے یا یہ چاہتے ہو کہ ہم تمہیں خبریں دیں؟ حضرت سعید بن مسیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں: میں نے آواز سنی، کسی نے حضرت مولی علی کو سلام کا جواب دیکر عرض کی: یا امیر المؤمنین! آپ بتائیے۔ ہمارے بعد کیا گزری، امیر المؤمنین نے فرمایا: تمہاری عورتوں نے تو نکاح کر لئے تمہارے مال بٹ گئے۔ اولاد یتیموں کے گروہ میں اٹھی۔ اور وہ تعمیر جس کا تم نے استحکام کیا تھا اس میں تمہارے دشمن بسے۔ ہمارے پاس کی خبریں تو یہ ہیں۔ اب تمہارے پاس کیا چیز ہے؟ ایک مردے نے عرض کی: کفن پھٹ گئے۔ بال جھڑ پڑے۔ کھالوں کے پرزے پرزے ہو گئے آنکھوں کے ڈھیلے بہہ کر گالوں تک آئے۔ نتھنوں سے پیپ اور گندہ پانی جاری ہے۔ اور جو آگے بھیجا تھا اس کا نفع ملا۔

۱۲۱۱۔ تاریخ دمشق لابن عساکر، ☆ تاریخ نیشاپور لاحمد،

اور جو پیچھے چھوڑا تھا اس کا خسارہ ہوا۔ اور اپنے اعمال میں محبوس ہیں۔

﴿۴﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

عہد معدلت فاروقی میں ایک جوان عابد تھا۔ امیر المؤمنین اس سے بہت خوش تھے۔ دن بھر مسجد میں رہتا۔ بعد عشاء باپ کے پاس جاتا راہ میں ایک عورت کا مکان تھا۔ اس پر عاشق ہوگئی۔ ہمیشہ اپنی طرف متوجہ کرنا چاہتی۔ جوان نظر نہ فرماتا۔ ایک شب قدم نے لغزش کی۔ ساتھ ہولیا۔ دروازہ تک گیا۔ جب اندر جانا چاہا خدا یاد آیا۔ اور بے ساختہ یہ آیت کریمہ زبان سے نکلی۔

اِنَّ الَّذِیْنَ اتَّقَوْا اِذَا مَسَّهُمْ طَائِفٌ مِّنَ الشَّیْطٰنِ تَذَكَّرُوْا فَاِذَا هُمْ مُّبْصِرُوْنَ ۔

ڈروالوں کو جب کوئی جھپٹ شیطان کی پہونچتی ہے خدا کو یاد کرتے ہیں۔ اسی وقت آنکھ کھل جاتی ہے۔

آیت کریمہ پڑھتے ہی غش کھا کر گرا۔ عورت نے اپنی کنیز کے ساتھ اٹھا کر اس کے دروازہ پر ڈال دیا۔ باپ منتظر تھا۔ آنے میں دیر ہوئی دیکھنے نکلا۔ دروازے پر بے ہوش پڑا پایا۔ گھر والوں کو بلا کر اندر اٹھوایا۔ رات گئے ہوش آیا۔ باپ نے حال پوچھا۔ کہا خیر ہے۔ کہا بتادے۔ ناچار قصہ کہا۔ باپ بولا: جان پدر وہ آیت کونسی ہے؟ جوان نے پھر پڑھی۔ پڑھتے ہی غش آیا۔ جنبش دی۔ مردہ پایا۔ رات ہی میں نہلا کفنا کر دفن کردیا صبح کو امیر المؤمنین نے خبر پائی۔ باپ سے تعزیت اور خبر نہ دینے کی شکایت فرمائی۔ عرض کی: امیر المؤمنین رات تھی۔ پھر امیر المؤمنین ہمراہیوں کو لیکر قبر پر تشریف لے گئے۔ جوان کا نام لیکر فرمایا: اے فلاں! جو اپنے رب کے پاس کھڑے ہونے سے ڈرا اس کے لئے دو باغ ہیں۔ جوان نے قبر میں سے آواز دی: اے عمر! مجھے میرے رب نے یہ دولت عظمیٰ جنت میں دوبار عطا فرمائی۔ نسأل اللّٰہ الجنۃ، له الفضل و المنة و صلی اللّٰه تعالیٰ علی نبی الانس و الجنة و آله و صحبه و اصحاب السنة و آمین، آمین، آمین۔

فتاوی رضویہ ۴/۲۷۲

(۱۴) بے گناہ کے جسم کو مٹی نہیں کھاتی

۱۲۱۲۔ عن قتادة رضی الله تعالیٰ عنه قال۔ بلغنی ان الارض لا تسلط

علی جسد الذی لم یعمل خطیئة۔

حضرت قتادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ مجھے یہ حدیث پہونچی کہ زمین بے گناہ کے جسم کو نہیں کھاتی۔ ۱۲م

۹۔ سوگ اور نوحہ

(۱) غم اور آنسو پر عذاب نہیں

۱۲۱۳۔ عن عبد الله بن عمر رضی الله تعالیٰ عنهما قال : قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : اَلَا تَسْمَعُوْنَ : اِنَّ اللّٰهَ لَا یُعَذِّبُ بِدَمْعِ لْعَیْنِ وَ بِحُزْنِ الْقَلْبِ، وَلٰکِنْ یُعَذِّبُ بِهٰذَا وَ اَشَارَ اِلٰی لِسَانِهٖ اَوْ یَرْحَمُ ، وَ اِنَّ الْمَیِّتَ لَیُعَذَّبُ بِبُکَآءِ اَهْلِهٖ عَلَیْهِ۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: سنتے نہیں ہو، بیشک اللہ تعالیٰ نہ آنسوؤں سے رونے پر عذاب کرے نہ دل کے غم پر۔ اور زبان کی طرف اشارہ کر کے فرمایا: ہاں اس پر عذاب فرماتا ہے۔ یا رحم فرمائے۔ اور بیشک مردے پر عذاب ہوتا ہے اس کے گھر والوں کے اس پر نوحہ کرنے سے۔

(۲) رونے سے مردہ کو تکلیف ہوتی

۱۲۱۴۔ عن عبد الله بن عمر رضی الله تعالیٰ عنه قال : قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : اِنَّ الْمَیِّتَ لَیُعَذَّبُ بِبُکَآءِ الْحَیِّ عَلَیْهِ۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: زندوں کے رونے سے مردہ پر عذاب ہوتا ہے۔

۱۲۱۵۔ عن امیر المؤمنین عمر بن الخطاب رضی الله تعالیٰ عنه قال : قال

۱۲۱۳۔ الجامع الصحیح للبخاری، باب البکاء عند لامریض، ۱۷۴/۱
الصحیح لمسلم، کتاب الجنائز، ۳۰۱/۱
السنن لابن ماجه، باب ما جاء فی المیت یعذب بما یخ علیه، ۱۱۵/۱
المسند لاحمد بن حنبل، ۲۶/۱ ☆ السنن الکبری للبیهقی، ۶۹/۴
شرح السنة للبغوی، ۴۲۹/۵ ☆ کنز العمال للمتقی، ۴۲۹، ۶۱۱/۱۵

۱۲۱۴۔ الصحیح لمسلم، کتاب الجنائز، ۳۰۳/۱
المصنف لابن ابی شیبه، ۶۰/۳ ☆

۱۲۱۵۔ الجامع الصحیح للبخاری، باب قول النبی ﷺ یعذب المیت، ۱۷۲/۱
المصنف لابن ابی شیبه، ۶۵/۳ ☆ الترغیب و الترهیب للمنذری، ۳۴۹/۴

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم : اِنَّ الْمَیِّتَ لَیُعَذَّبُ بِبُکَآءِ الْحَیِّ۔

امیر المؤمنین حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا زندوں کے رونے سے مردے پر عذاب ہوتا ہے۔

فتاوی رضویہ ۴/۲۶۲

۱۲۱۶۔ **عن** عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال : سمعت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یقول : اِنَّ الْمَیِّتَ یُعَذَّبُ بِبُکَآءِ اَھْلِہٖ عَلَیْہِ ۔

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو میں نے فرماتے سنا: گھر والوں کے رونے سے مردہ کو عذاب ہوتا ہے۔

۱۲۱۷۔ **عن** عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال : کنا مع امیر المؤمنین عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ حتی اذا کنا بالبیداء اذا ھو برجل نازل فی ظل شجرۃ فقال لی : انطلق فاعلم من ذلک ، فانطلقت فاذا ھو صھیب ، فرجعت الیہ فقلت : اِنک أمرتنی أن أعلم لک من ذاک و انہ صھیب فقال : مروہ فلیحق بنا فقلت : اِن معہ اھلہ ، قال : و أن کان معہ أھلہ فلما بلغنا المدینۃ لم یلبث أمیر المؤمنین أن اصیب ، فجاء صھیب فقال : وا أخاہ واصاحباہ ! فقال عمر : ألم تعلم أو لم تسمع أن رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قال : اِن المیت لیعذب ببعض ببکاء أھلہ علیہ ، فاتیت عائشۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فذکرت لھا قول عمر فقالت : لا و اللہ ! ما قالہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اِن المیت یعذب ببکاء أحد و لکن رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قال : اِنَّ الْکَافِرَ لَیَزِیْدُہُ اللّٰہُ

۱۲۱۶۔ الجامع للترمذی، باب ما جاء فی کراھیۃ البکاء علی المیت ، ۱/۱۱۹
الصحیح لمسلم، کتاب الجنائز ، ۱/۳۰۲
فتح الباری للعسقلانی، ۷/۳۰۱ ☆ البدایۃ و النھایۃ لابن کثیر، ۳/۲۹۳
المصنف لعبد الرزاق، ۶۶۷۵، ۳/۵۵٤ ☆ مجمع الزوائد للھیثمی، ۳/۱٦
جمع الجوامع للسیوطی، ۵۹٤۹ ☆ تلخیص الحبیر لابن حجر، ۲/۱۳۹
شرح السنۃ للبغوی ، ۵/٤٤۰ ☆ الکامل لابن عدی، ۲/۸
الترغیب و الترھیب للمنذری، ٤/۳٤۹ ☆ المعجم الکبیر للطبرانی، ۱۲/۳۳۰
المسند لاحمد بن حنبل ، ۱/٤۷ ☆

۱۲۱۷۔ المسند لاحمد بن حنبل ۱/٤۷ ☆ الطبقات الکبری لابن سعد، ۳/۱٤۸
تغلیق التعلیق لابن حجر، ٤۷٦ ☆ العلل النبوی للذھبی، ۱٤٦

عَزَّوَجَلَّ بِبُکَاءِ اَهْلِهٖ عَذَابًا، وَ اِنَّ اللّٰهَ لَهُوَ اَضْحَكَ وَ اَبْکٰی، وَ لَا تَزِرُ وَ ازِرَةٌ وِ زْرَ اُخْرٰی ۔ و قالت انکم لتحدثونی عن غیر کا ذبین و لا مکذبین ولا لکن السمع یخطی۔

حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ ہم امیر المؤمنین حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھ ایک سفر میں تھے۔ جب ہمارا قیام مقام بیداء میں ہوا تو دیکھا کہ ایک شخص قریب درخت کے سایہ میں قیام پذیر ہیں۔ مجھ سے امیر المؤمنین نے فرمایا: جاؤ پتہ کرو یہ کون ہے؟ میں وہاں پہونچا تو دیکھا وہ تو حضرت صہیب رومی ہیں۔ میں نے واپس آکر عرض کیا: فرمایا: ان سے جا کر کہنا سفر میں ہمارے ساتھ رہنا جب مدینہ طیبہ پہونچے تو چند دن بعد ہی حضرت امیر المؤمنین پر حملہ ہوا حضرت صہیب نے آکر آہ و فغاں کی۔ امیر المؤمنین نے فرمایا: اے صہیب! کیا تمہیں معلوم نہیں، کیا تم نے نہیں سنا؟ حضور کا فرمان اقدس ہے میت کو اس کے بعض احباب کے رونے پر عذاب ہوتا ہے۔ یہ سن کر میں ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوا اور حضرت عمر کا قول نقل کیا۔ فرمایا۔ نہیں قسم خدا کی! حضور نے ایسا نہیں فرمایا: کسی کے نوحے سے میت کو عذاب نہیں ہوتا۔ حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے تو یوں فرمایا تھا: کافر کو اسکے گھر والوں کے رونے کی وجہ سے زیادہ عذاب دیا جاتا ہے۔ اور بیشک اللہ ہی ہنسانے اور رلانے والا ہے۔ کسی پر کسی دوسرے کے گناہوں کا بوجھ نہیں۔ ام المؤمنین نے پھر فرمایا: سنو تم نے جن سے یہ حدیث سنی وہ جھوٹے نہیں لیکن ان سے سننے میں غلطی ہوئی۔

۱۲۱۸ ۔ عن عمران بن الحصین رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: اِنَّ الْمَیِّتَ یُعَذَّبُ بِبُکَاءِ الْحَیِّ ۔

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میت کو زندوں کے رونے سے عذاب ہوتا ہے۔

﴿۱﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

ایک جماعت ائمہ کے نزدیک اس کے معنی یہی ہیں کہ زندوں کے چلانے سے مردے

۱۲۱۸ ۔ المصنف لابن ابی شیبۃ، ۳/۶۵

کوصدمہ ہوتا ہے۔امام اجل سیوطی نے شرح الصدور میں اس معنی کوایک حدیث مرفوع سے مؤید کر کے فرمایا: امام ابن جریر کا یہی قول ہے اور اسی کوایک گروہ ائمہ نے اختیار فرمایا۔

فتاوی رضویہ ۴/۲۶۲

۱۲۱۹۔ **عن** أبی الربیع رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال : کنت مع ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فی جنازۃ فسمع صوت انسان یصیح فبعث الیہ فاسکتہ ، فقلت : لم أسکتہ ؟ یاأبا عبد الرحمن ! قال : انہ یتأذی بہ المیت حتی یدخل فی قبرہ ۔

حضرت ابوربیع رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے ساتھ ایک جنازہ میں تھا۔کسی کے چلانے کی آواز آئی۔آدمی بھیج کر اسے خاموش کرایا۔میں نے عرض کی: اے ابوعبد الرحمٰن! آپ نے اسے کیوں چپایا؟ فرمایا: اس سے مردے کوایذا ہوتی ہے یہاں تک کہ قبر میں جائے۔　　فتاوی رضویہ ۴/۲۶۱

(۳) مرثیہ ناجائز ہے

۱۲۲۰۔ **عن** عبد اللہ بن أبی أوفی رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال : نہی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم عن المراثی ۔

حضرت عبد اللہ بن ابی اوفی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مرثیوں سے منع فرمایا۔

﴿۲﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

کتب شہادت جو آج کل رائج ہیں اکثر حکایات موضوعہ وروایات باطلہ پر مشتمل ہیں یونہی مرثیے۔ایسی چیزوں کا پڑھنا سننا سب گناہ وحرام ہے۔ایسے ہی ذکر شہادت کوامام حجۃ الاسلام وغیرہ علمائے کرام منع فرماتے ہیں۔کما ذکرہ الامام ابن حجر المکی فی الصواعق المحرقۃ ۔

۱۲۱۹۔ المسند لاحمد بن حنبل، ۶/۱۳۵

۱۲۲۰۔ المسند لاحمد بن حنبل، ۴/۳۵٦ ☆ الجامع الصغیر للسیوطی، ۲/۵٦۰
المستدرک للحاکم، ۱/۳٦۰ ☆ الکامل لابن عدی، ۱/۲۱۲
المسند للحمیدی، ۷۱۹ ☆

ہاں، اگر صحیح روایات بیان کی جائیں اور کوئی کلمہ کسی نبی یا ملک یا اہل بیت یا صحابی کی توہین شان کا مبالغہ مدح وغیرہ میں مذکور نہ ہو نہ وہاں بین، یا نوحہ، یا سینہ کوبی یا گریبان دری یا ماتم یا تصنع یا تجدید غم وغیرہ ممنوعات شرعیہ ہوں تو ذکر شریف فضائل و مناقب حضرت سیدنا امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بلاشبہ موجب ثواب و نزول رحمت ہے۔عند ذکر الصالحین تنزل الرحمۃ، لہذا امام ابن حجر مکی بعد بیان مذکور فرماتے ہیں:

ما ذکر من حرمة رواية قتل الحسين و ما بعده لا ينافى ما ذكرته فى هذا الكتاب، لان هذا البيان الحق الذى يجب اعتقاده من جلالة الصحابة و براء تهم من كل نقص بخلاف ما يفعله الوعاظ و الجهلة فانهم يأتون بالاخبار الكاذبة و الموضوعة و نحوها ولا يبينون المحامل و الحق الذى يجب اعتقاده و الله سبحانه و تعالى اعلم ۔ فتاوی رضویہ حصہ اول ۹/ ۸۸

(۴) نوحہ جائز نہیں

۱۲۲۱ ۔ **عن** أبی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم: اِثْنَتَانِ فِی النَّاسِ هُمَا بِهِمْ كُفْرٌ ۔ اَلطَّعْنُ فِی النَّسَبِ، وَ النِّيَاحَةُ عَلَى الْمَيِّتِ ۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: لوگوں میں دو باتیں کفر ہیں کسی کے نسب پر طعنہ کرنا۔ اور میت پر نوحہ۔

۱۲۲۲ ۔ **عن** أنس رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم: صَوْتَانِ مَلْعُوْنَانِ فِی الدُّنْيَا وَ الآخِرَةِ، مِزْمَارٌ عِنْدَ نِعْمَةٍ، وَرَنَّةٌ عِنْدَ مُصِيْبَةٍ ۔

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے

۱۲۲۱ ۔ الصحيح لمسلم، كتاب الايمان، ۱/ ۵۸
المسند لاحمد بن حنبل، ۲/ ۴۹۶ ☆ الدر المنثور للسيوطى، ۶/ ۹۹
السنن الكبرى للبيهقى، ۴/ ۶۳ ☆ المسند لابى عوانة ۱/ ۲۶
حلية الاولياء لابى نعيم، ۸/ ۳۰۶ ☆ السنة لابن ابى عاصم، ۲/ ۴۶۲
۱۲۲۲ ۔ مجمع الزوائد للهيثمى، ۳/ ۱۳ ☆ الترغيب و الترهيب للمنذرى، ۴/ ۳۵۰
كنز العمال للمتقى، ۴۰۶۶۱، ۱۵/ ۲۱۹ ☆ السلسلة الصحيحة للالبانى، ۴۲۸

ارشاد فرمایا: دو آوازوں پر دنیا و آخرت میں لعنت ہے۔ نعمت کے وقت باجا۔ اور مصیبت کے وقت چلانا۔

۱۲۲۳۔ عن أبی مالك الأشعری رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالی علیه وسلم: اَلنَّائِحَةُ اِذَا لَمْ تَتُبْ قَبْلَ مَوْتِهَا تُقَامُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَ عَلَيْهَا سِرْبَالٌ مِنْ قَطِرَانٍ وَ دِرْعٌ مِنْ جَرَبٍ۔

حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: چلا کر رونے والی جب اپنی موت سے پہلے توبہ نہ کرے تو قیامت کے دن کھڑی کی جائے گی یوں کہ اس کے بدن پر گندھک کا کرتا ہوگا اور کھجلی کا دوپٹہ۔

۱۲۲۴۔ عن عن أبی مالك الأشعری رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالی علیه وسلم: اَلنَّائِحَةُ اِذَا لَمْ تَتُبْ قَبْلَ مَوْتِهَا قَطَعَ اللّٰهُ لَهَا ثِيَابًا مِنْ قِطْرَانٍ وَ دِرْعًا مِنْ لَهَبِ النَّارِ۔

حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: چلا کر رونے والی جب اپنی موت سے قبل توبہ نہ کرے تو اللہ تعالیٰ اسے گندھک کے کپڑے پہنائے گا اوپر سے دوزخ کی لپٹ کا دوپٹہ اڑھائے گا۔

۱۲۲۵۔ عن أبی هریره رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالی علیه وسلم: اِنَّ هٰذِهِ النَّوَائِحَ يُجْعَلْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ صَفَّيْنِ فِي جَهَنَّمَ، صَفٌّ عَلٰى يَمِيْنِهِمْ وَصَفٌّ عَنْ يَسَارِهِمْ، فَيَنْبَحْنَ عَلٰى اَهْلِ النَّارِ كَمَا تَنْبَحُ الْكِلَابُ۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ

۱۲۲۳۔ الصحیح لمسلم، کتاب الجنائز، ۳۰۳/۱
السنن لابن ماجه، باب فی النهی عن النیاحة، ۱۱٤/۱
المسند لاحمد بن حنبل، ۳٤۲/۵ ☆ الجامع الصغیر للسیوطی، ۵۰٦/۲
الترغیب و الترهیب للمنذری، ۳۵۱/٤ ☆ تنزیة الشریعة لابن عراق، ۹۲/٤
مشکوة المصابیح للتبریزی، ۱۷۲۱ ☆ السلسلة الصحیحة للالبانی، ۱۹۵۲
المصنف لابن ابی شیبة، ۲۹۰/۳ ☆
۱۲۲٤۔ السنن لابن ماجه، باب فی النهی عن النیاحة، ۱۱٤/۱
۱۲۲۵۔ مجمع الزوائد للهیثمی، ۱٤/۳ ☆ الترغیب و الترهیب للمنذری، ۳۵۱/٤
میزان الاعتدال، ۳٤٤۹ ☆ لسان المیزان لابن حجر، ۲۹۷/۳

وسلم اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ نوحہ کرنے والیاں قیامت کے دن جہنم میں دو صفیں کی جائیں گی دوزخیوں کے داہنے اور بائیں۔ وہاں ایسے بھوکیں گی جیسے کتیاں بھونکتی ہیں۔

۱۲۲۶۔ **عن** أبي موسى الأشعري رضي الله تعالىٰ عنه قال : قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم : أَنَا بَرِيءٌ مِمَّنْ حَلَقَ وَ سَلَقَ وَ خَرَقَ۔

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں بے زار ہوں اس شخص سے جو بھدرا کرے، اور چلا کر روئے۔ اور گریبان چاک کرے۔

(۵) اہل میت کے یہاں کھانے کیلئے جمع ہونا سوگ ہے

۱۲۲۷۔ **عن** جرير بن عبد الله البجلي رضي الله تعالىٰ عنه قال : كنا نرى الاجتماع الى اهل الميت و صنعة الطعام من النياحة۔

حضرت جریر عبد اللہ بجلی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ہم اہل میت کے یہاں کھانے کیلئے جمع ہونے کو سوگ جانتے تھے۔

فتاوی رضویہ ۴/۱۴۸

﴿۲﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

اسکی حرمت پر متواتر حدیثیں ناطق۔

احکام شریعت ۴/۳۱۴

۱۲۲۶۔ الجامع الصحيح للبخاري، باب ما ينهى عن الحلق عند المصيبة ، ۱/۱۷۳
الصحيح لمسلم، كتاب الايمان، ۱/۷۰
السنن لابن ماجه، باب ما جاء فى النهى عن ضرب الخدود الخ، ۱/۱۱۵
السنن للنسائى، كتاب الجنائز، باب الحلق ، ۱/۲۰۶
الجامع الصغير للسيوطى، ۱/۶۱ ☆ مشكوة المصابيح للتبريزى، ۱۷۲۶
كنز العمال للمتقى، ۴۲۴۲۱، ۱۵/۶۰۹ ☆ منحة المعبود للساعاتى، ۷۴۹
۱۲۲۷۔ السنن لابن ماجه، باب ما جاء فى النهى عن الاجتماع ، ۱/۱۱۷
المسند لاحمد بن حنبل، ۲/۲۰۴

۱۰۔ اذان قبر

(۱) اذان قبر کا ثبوت

۱۲۲۸۔ **عن** جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال : لما دفن سعد بن معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنه و سوی علیه ، سبح النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم و سبح الناس معه طویلا ، ثم کبر و کبر الناس ، ثم قالوا : یا رسول اللہ ! لم سبحت ثم کبرت ؟ قال: لَقَدْ تَضَایَقَ عَلیٰ هٰذَا الرَّجُلِ الصَّالِحِ قَبْرُهٗ حَتّٰی فَرَّجَ اللّٰهُ تعالیٰ عَنْهُ۔

حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ جب حضرت سعد بن معاذ دفن ہو چکے اور قبر درست کر دی گئی فرماتے ہیں۔ تو حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم دیر تک سبحان اللہ سبحان اللہ فرماتے رہے اور صحابہ کرام بھی حضور کے ساتھ کہتے رہے۔ پھر حضور اللہ اکبر، اللہ اکبر فرماتے رہے اور صحابہ بھی حضور کے ساتھ کہتے رہے پھر صحابۂ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین نے عرض کی: یارسول اللہ! حضور اول تسبیح پھر تکبیر کیوں فرماتے رہے۔ ارشاد فرمایا: اس نیک مرد پر اسکی قبر تنگ ہوگئی تھی یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے وہ تکلیف اس سے دور کی اور قبر کشادہ فرمادی۔

﴿۱﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

اس حدیث سے ثابت ہوا کہ خود حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے میت پر آسانی کیلئے بعد دفن کے قبر پر اللہ اکبر ، اللہ اکبر، بار بار فرمایا ہے۔ اور یہی کلمۂ مبارکہ اذان میں چھ بار ہے۔ تو عین سنت ہوا غایت یہ کہ اذان میں اس کے ساتھ اور کلمات طیبات زائد ہیں سو انکی زیادت نہ معاذ اللہ کچھ مضر، نہ اس امر مسنون کے منافی، بلکہ زیادہ مفید و مؤید مقصود ہے کہ رحمت الٰہی اتارنے کیلئے ذکر خدا کرنا۔ دیکھو! یہ بعینہ وہ مسلک نفیس ہے جو در بارۂ تلبیہ اجلہ صحابہ کرام مثل حضرت امیر المؤمنین عمر فاروق اعظم ، حضرت عبد اللہ بن عمر، حضرت عبد اللہ بن

۱۲۲۸۔ المسند لاحمد بن حنبل، ۳/۳۷۷ ☆ المعجم الکبیر للطبرانی، ۶/۱۰
اتحاف السادۃ للزبیدی، ۱۰/۴۲۲ ☆ مجمع الزوائد للهیثمی، ۳/۴۶
مشکوۃ المصابیح للتبریزی، ۱۳۵ ☆ ارواء الغلیل للالبانی، ۳/۱۶۶
البدایة و النهایة لابن کثیر، ۴/۱۲۸ ☆

مسعود، حضرت امام حسن مجتبی وغیرہم رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین کو ملحوظ ہوا۔ اور ہمارے ائمہ کرام نے اختیار فرمایا۔ ہدایہ میں ہے۔

ان کلمات میں کمی نہ کی جائے کہ یہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے منقول ہیں تو ان سے گھٹائے نہیں۔ اور اگر بڑھائے گئے تو جائز ہے کہ مقصود اللہ تعالیٰ کی تعریف ہے اور اپنی بندگی کا اظہار کرنا۔ تو اور کلمے زیادہ کرنے سے ممانعت نہیں۔

فقیر غفرلہ القدیر نے اپنے رسالہ صفائح اللجین فی کون التصافح بکفی الیدین

وغیرہا رسائل میں اس مطلب کی قدرے تفصیل کی۔

فتاوی رضویہ ۲/ ۲۶۸

نیز بالاتفاق سنت اور حدیثوں سے ثابت اور فقہ میں مثبت کہ میت کے پاس حالت نزع میں کلمہ طیبہ " لا الہ الا اللہ " کہتے رہیں کہ اسے سن کر یاد ہو۔ اب جو نزع میں ہے وہ مجازاً مردہ ہے اور اسے کلمۂ اسلام کے سکھانے کی حاجت، کہ بحول اللہ تعالیٰ خاتمہ اسی پاک کلمہ پر ہو۔ اور شیطان لعین کے بھلانے میں نہ آئے۔ اور جو دفن ہو چکا حقیقۃً مردہ ہے۔ اسے بھی کلمہ پاک سکھانے کی حاجت کہ بعون اللہ تعالیٰ جواب یاد ہو جائے اور شیطان رجیم کے بہکانے میں نہ آئے۔ اور بیشک اذان میں یہی کلمہ طیبہ " لا الہ الا اللہ " تین جگہ موجود ہے۔ بلکہ اس کے تمام کلمات جواب نکیرین بتاتے ہیں۔ ان کے سوال تین ہیں۔

من ربک؟ تیرا رب کون؟

ما دینک؟ تیرا دین کیا؟

ما کنت تقول فی ہذا الرجل؟ تو ان مرد (یعنی حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کے بارے میں کیا کہتا تھا؟

اب اذان کی ابتداء میں، اللہ اکبر، اللہ اکبر، اللہ اکبر، اللہ اکبر، اشہد ان لا الہ الا اللہ اشہد ان لا الہ الا اللہ اور آخر میں اللہ اکبر اللہ اکبر، لا الہ الا اللہ، سوال، من ربک کا جواب سکھائیں گے۔ ان کے سننے سے یاد آئے گا کہ میرا رب اللہ ہے۔ اور اشہد ان محمد رسول اللہ اشہد ان محمد رسول اللہ سوال ما کنت تقول فی ہذا الرجل،

کا جواب تعلیم کریں گے۔ کہ میں انہیں اللہ کا رسول جانتا تھا۔ اور حی علی الصلوٰۃ حی علی الفلاح، جواب مادینک کی طرف اشارہ کریں گے کہ میرا دین وہ تھا جس میں نماز رکن و ستون ہے۔

تو بعد دفن اذان دینے میں اس ارشاد کی تعمیل ہے جو حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حدیث صحیح متواتر۔ لقنو موتا کم لا الہ الا اللہ میں فرمایا۔

نیز وارد ہے کہ جب بندہ قبر میں رکھا جاتا ہے اور سوال نکیرین ہوتا ہے۔ شیطان رجیم (کہ اللہ عزوجل صدقہ اپنے محبوب کریم علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیم کا ہر مسلمان مرد وزن کو حیات وممات میں اس کے شر سے محفوظ رکھے) وہاں بھی خلل انداز ہوتا ہے ور جواب میں بہکاتا ہے و العیاذ بوجہ العزیز الکریم و لا حول و لا قوۃ الا باللہ العلی العظیم۔

امام ترمذی حکیم محمد بن علی نوادر الاصول میں امام اجل سفیان ثوری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ سے روایت کرتے ہیں۔

جب مردے سے سوال ہوتا ہے کہ تیرا رب کون ہے۔ شیطان اس پر ظاہر ہوتا ہے اور اپنی طرف اشارہ کرتا ہے۔ یعنی میں تیرا رب ہوں اس لئے حکم آیا کہ میت کیلئے جواب میں ثابت قدم رہنے کی دعا کریں۔

فتاوی رضویہ قدیم ۲/۶۶۶

فتاوی رضویہ جدید ۵/۶۵۵

۱۱۔ کفن وغیرہ میں تبرکات

(۱) تبرکات کا استعمال

۱۲۲۹۔ **عن** طلق بن علي رضي الله تعالیٰ عنه قال : خرجنا وفدا الی النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فبايعناه و صلينا معه و أ خبرناه ، إن بأرضنا بيعة لنا فاستوهبناه من فضل طهوره فدعا بماء فتوضأ و تمضمض ثم صبه فی أداوة ، و أمرنا فقال ؛ أُخرُجُوا ، فَإِذَا أَتَيتُم أَرضَكُم فَاكسِرُوا بِيعَتَكُم وَ انضِحُوا مَكَانَهَا بِهٰذَا المَاءِ وَ اتَّخِذُوهَا مَسجِدًا، قلنا: ان البلدبعيد و الحر شديد و الماء ينشف ، فقال : مُدُّوهُ مِنَ المَاءِ فَإِنَّهُ لَا يَزِيدُهُ إِلَّا طِيبًا۔

حضرت طلق بن علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ہم ایک وفد کی شکل میں حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ ہم نے آپ کے دست حق پرست پر بیعت کی اور آپ کے پیچھے نماز پڑھی اور آپ کو بتایا کہ ہماری زمین میں کچھ کلیسا ہیں۔ حضور ہمیں غسالۂ وضو عطا فرمادیں۔ حضور نے پانی منگا کر وضو فرمایا اور اس میں کلی ڈالی پھر ان کے برتن میں کردیا اور ارشاد فرمایا: جب اپنے شہر میں پہونچو اپنا گرجا توڑ دو اور اس زمین پر پانی چھڑکو اور وہاں مسجد بناؤ انہوں نے اور ان کے ساتھیوں نے عرض کی: شہر دور ہے اور گرمی سخت ہے۔ وہاں تک جاتے جاتے پانی خشک ہوجائے گا فرمایا: اس میں اور پانی ملاتے جانا کہ پاکیزگی ہی بڑھے گی۔ استمداد ص ۱۱۹

(۲) حضور کی مبارک چھڑی کفن میں رکھی گئی

۱۲۳۰۔ **عن** محمد بن سيرين رضی الله تعالیٰ عنه عن انس بن مالك رضی الله تعالیٰ عنه انه كان عنده عصية لرسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فمات ، فدفنت معه بين جنبيه و بين قميصه۔

حضرت محمد بن سیرین رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ

۱۲۲۹۔ السنن للنسائی، باب اتخاذ البيع مسجدا، ۱/۱۱٤
المعجم الكبير للطبرانی، ۸/۳۹۹
۱۲۳۰۔ السنن الكبرى للبيهقی، ☆ تاريخ دمشق لابن عساكر،

عنہ کے پاس حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ایک چھڑی مبارک تھی وہ ان کے سینہ پر قمیص کے نیچے ان کے ساتھ دفن کی گئی۔

(۳) حضور کے موئے مبارک منہ میں رکھے گئے

۱۲۳۱۔ **عن** ثابت البنانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: قال لی انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ: ھذہ شیعرۃ من شعر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: فضعھا تحت لسانی قال: فوضعتھا تحت لسانہ فدفن وھی تحت لسانہ۔

حضرت ثابت بنانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے مجھ سے فرمایا: یہ موئے مبارک سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ہے اسے میری زبان کے نیچے رکھ دینا۔ میں نے رکھ دیا وہ یونہی دفن کئے گئے کہ موئے مبارک ان کی زبان کے نیچے تھا۔

(۴) حضور کا بچا ہوا مشک حضرت علی نے کفن میں لگوایا

۱۲۳۲۔ **عن** أبی وائل رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: کان عند علی کرم اللہ تعالی وجھہ الکریم مسک فأوصی أن یحنط بہ وقال ھو الفضل حنوط رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

حضرت وائل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم کے پاس مشک تھا۔ وصیت فرمائی کہ میرے حنوط میں یہ مشک استعمال کی جائے۔ اور فرمایا: یہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حنوط کا بچا ہوا ہے۔

﴿۱﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے انتقال کے وقت یہ وصیت فرمائی کہ میں صحبت حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے شرف یاب ہوا۔ ایک دن حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حاجت کیلئے تشریف لے گئے۔ میں لوٹا لیکر ہمراہ رکاب سعادت مآب اقدس ہوا۔ حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے جوڑے سے کرتا کہ بدن اقدس کے متصل تھا مجھے

۱۲۳۱۔ الاصابۃ لابن حجر، ۱/۲۷۶ ☆

۱۲۳۲۔ المستدرک للحاکم، ۱/۵۱۵ ☆ السنن الکبری للبیھقی، ۳/۵۶۹

انعام فرمایا۔ وہ کرتا میں نے آج کیلئے چھپا رکھا تھا۔ اور ایک روز حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ناخن وموئے مبارک تراشے۔ وہ میں نے لیکر اس دن کیلئے اٹھا رکھے۔ جب میں مرجاؤں تو قمیص سراپا تقدیس کو میرے کفن کے نیچے بدن سے متصل رکھ دینا اور موئے مبارک اور ناخن ہائے مقدسہ کو میرے منہ میں اور آنکھوں اور پیشانی وغیرہ مواضع سجود پر رکھ دینا۔

فتاوی ۴/۱۳۱

ظاہر ہے کہ جیسے نقوش کتابت آیات واحادیث کی تعظیم فرض ہے یونہی حضور پرنور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی رداو قمیص خصوصاً ناخن وموئے مبارک کی کہ اجزائے جسم اکرم حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلی کل جزء جزء وشعرۃ شعرۃ منہ وبارک وسلم ہیں۔ تو صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین کا ان طریقوں سے تبرک کرنا اور حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا اسے جائز ومقرر رکھنا بلکہ بہ نفس نفیس یہ فعل فرمانا جواز ما نحن فیہ (کفن پر آیات کلام اللہ واحادیث لکھنے) کیلئے دلیل واضح ہے۔ اور کتابت قرآن عظیم کی تعظیم زیادہ ماننا بھی ہرگز مفید تفرقہ نہیں ہوسکتا۔ کہ جب علت منع تخیس ہے تو وہ جس طرح کتابت فرقان کیلئے ممنوع و محظور، یونہی لباس واجزائے جسم اقدس کیلئے قطعاً ناجائز ومحذور، پھر صحاح حدیث سے اس کا جواز بلکہ ندب ثابت ہونا دلالۃ النص اس کے جواز کی دلیل کافی ہے۔ واللہ الحمد۔

فتاوی رضویہ ۴/۱۳۲

۱۲۔ شہید کون؟

(۱) شہیدوں کی قسمیں

۱۲۳۳۔ **عن** سعید بن زید رضی اللہ تعالی عنہ قال:قال رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم : مَنْ قُتِلَ دُوْنَ مَالِہٖ شَہِیْدٌ، وَمَنْ قُتِلَ دُوْنَ دَمِہٖ فَھُوَ شَہِیْدٌ ، وَ مَنْ قُتِلَ دُوْنَ دِیْنِہٖ فَھُوَ شَہِیْدٌ، وَ مَنْ قُتِلَ دُوْنَ أَھْلِہٖ فَھُوَ شَہِیْدٌ ۔

حضرت سعید بن زید رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص اپنا مال بچانے میں مارا جائے شہید ہے۔ جو اپنی جان بچانے میں مارا جائے شہید ہے۔ جو اپنا دین بچانے میں مارا جائے شہید ہے۔ جو اپنے گھر والوں کو بچانے میں مارا جائے شہید ہے۔

فتاوی رضویہ ۱۳۶/۵

۱۲۳۳۔

الجامع الصحیح للبخاری،	باب قتل دون مالہ،			۳۳۷/۱
الصحیح لمسلم،	کتاب الایمان،			۸۱/۱
السنن لابی داؤد،	السنة باب فی قتال الصرص،			۶۵۸/۲
السنن لابن ماجہ،	باب ما یری فیہ الشہادة،			۲۰۶/۲
المسند لاحمد بن حنبل،	۷۹/۱	☆	السنن الکبری للبیہقی،	۲۶۵/۳
المستدرک للحاکم،	۶۳۹/۳	☆	المعجم الکبیر للطبرانی،	۱۱۵/۱
فتح الباری للعسقلانی،	۱۲۳/۵	☆	مجمع الزوائد للہیثمی،	۲۴۴/۶
شرح السنة للبغوی،	۲۴۸/۱	☆	الترغیب و الترہیب للمنذری،	۳۳۹/۲
کنز العمال للمتقی، ۱۱۱۸۰،	۴۱۶/۴	☆	نصب الرایة للزیلعی،	۳۴۹/۴
التفسیر للقرطبی،	۴۲۰/۳	☆	ارواء الغلیل للالبانی،	۱۶۴/۳
مشکوة المصابیح للتبریزی،	۳۵۱۲	☆	المطالب العالیة لابن حجر،	۱۸۵۴
تاریخ بغداد للخطیب،	۳۲۹/۲	☆	تاریخ دمشق لابن عساکر،	۴۱۹/۱
حلیة الاولیاء لابی نعیم،	۲۵۳/۳	☆	تاریخ اصفہان لابی نعیم،	۶۲/۲
البدایة و النہایة لابن کثیر	۸۸/۸	☆	کشف الخفاء للعجلونی،	۲۷۱/۲
الکامل لابن عدی،	۳۴۷/۴	☆	المسند للشافعی،	۲۰۱
المسند لابی عوانہ،	۴۴/۱	☆		

۱۲۳۴۔ **عن** ابی هريرة رضی الله تعالی عنه قال : قال رسول الله صلی الله تعالی عليه وسلم : اَلشُّهَدَآءُ خَمْسَةٌ ، اَلْمَطْعُوْنُ وَ الْمَبْطُوْنُ وَ الْغَرِيْقُ وَصَاحِبُ الْهَدَمِ وَ الشَّهِيْدُ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ ۔ فتاوی رضویہ حصہ دوم ۳۱۹/۹

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: شہید پانچ ہیں۔ طاعون زدہ، جو پیٹ کی بیماری میں مرا، ڈوب کر مرا، جس پر دیوار وغیرہ گری اور مرا، اور جو جہاد میں شہید ہوا۔

۱۲۳۵۔ **عن** جابر بن عتيك رضی الله تعالی عنه قال : انه مرض فاتاه النبی صلی الله تعالی عليه وسلم يعوده فقال قائل من اهله : انا كنا لنرجو ان تكون و فاته قتل شهادة فی سبيل الله ، فقال رسول الله صلی الله تعالی عليه وسلم : اِنَّ شُهَدَآءَ اُمَّتِي اِذًا لَقَلِيْلٌ ، اَلْقَتْلُ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ شَهَادَةٌ ، وَ الْمَطْعُوْنُ شَهَادَةٌ ، وَ الْمَرْاَةُ تَمُوْتُ بِجُمْعٍ شَهَادَةٌ يَعْنِي الْحَامِلَ ، وَ الْغَرَقُ وَ الْحَرَقُ وَ الْمَجْنُوْبُ يَعْنِي ذَاتَ الْجَنْبِ شَهَادَةٌ ۔

حضرت جابر بن عتیک رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت ہے کہ جب میں مریض ہوا تو

۱۲۳۴۔ الجامع الصحيح للبخاری ، باب الشهادة سبع سوی القتل ، ۳۹۷/۱
الصحيح لمسلم ، باب بيان الشهداء ، ۱۴۲/۲
الجامع للترمذی ، باب ما جا فی الشهداء من هم ، ۱۲۶/۱
المسند لاحمد بن حنبل ، ۳۳۵/۲ ☆ مشكوة المصابيح للتبريزی ، ۱۵۴۶
تلخيص الحبير لابن حجر ، ۱۴۴/۲ ☆ الترغيب والترهيب للمنذری ، ۳۳۲/۲
تجريد التمهيد لابن عبدالبر ، ۱۶۶ ☆ الموطا لمالك ، ۱۳۱
فتح الباری لابن حجر ، ۱۳۹/۲ ☆ كنز العمال للمتقی ، ۱۱۱۸۴ ، ۴۱۷/۴
۱۲۳۵۔ الصحيح لمسلم ، باب بيان الشهداء ۱۴۲/۲
السنن لابن ماجه ، باب ما يرجی فيه الشهادة ، ۲۰۶/۱
السنن لابی داود ، كتاب الجنائز ، باب فی فضل من مات بالطاعون ، ۴۴۳/۲
المسند لاحمد بن حنبل ، ۲۰۱/۴ ☆ المعجم الكبير للطبرانی ، ۲۰۹/۲
مجمع الزوائد للهيثمی ، ۳۱۷/۲ ☆ الترغيب و الترهيب للمنذری ، ۸۶/۴
المصنف لابن ابی شيبة ، ۳۳۲/۵ ☆ الطبقات لابن سعد ، ۸۱/۳
المصنف لعبد الرزاق ، ۶۶۹۵ ، ۵۶۲/۳ ☆ تاريخ دمشق لابن عساكر ، ۲۱۸/۷
كنز العمال للمتقی ، ۱۱۱۹۰ ، ۴۱۸/۴

حضور نبی کریم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم عیادت کو تشریف لائے۔ گھر والوں میں سے کسی نے کہا: یا رسول اللہ! ہمارا تو یہ خیال تھا کہ یہ شہید ہو کر مریں گے آپ نے فرمایا: اس صورت میں تو میری امت کے شہداء بہت کم ہو جائیں گے۔ سنو، جہاد میں قتل ہونا بھی شہادت، طاعون سے مرنا بھی شہادت، عورت کا زچگی کی حالت میں مرنا بھی شہادت، ڈوب کر مرنا بھی شہادت پسلی کے مرض سے مرنا بھی شہادت ہے۔

۱۳۔ شہید کی فضیلت

(۱) فضیلت شہید

۱۲۳۶۔ **عن** أبی الدرداء رضی الله تعالی عنه قال : قال رسول الله صلی الله تعالی علیه وسلم : اَلشَّهِیْدُ یَشْفَعُ فِی سَبْعِیْنَ مِنْ اَهْلِ بَیْتِهٖ۔

حضرت ابودرداء رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: شہید کی شفاعت اس کے ستر اقارب کے بارے میں قبول ہوگی۔

اراءۃ الادب ص ۴۲۔

۱۲۳۷۔ **عن** أبی هریرة رضی الله تعالی عنه قال : قال رسول الله صلی الله تعالی علیه وسلم : اَلشَّهِیْدُ یُغْفَرُلَهٗ فِی اَوَّلِ دَفْعَةٍ مِنْ دَمِهٖ وَ یَتَزَوَّجُ حُوْرَانِ وَ یَشْفَعُ فِی سَبْعِیْنَ مِنْ اَهْلِ بَیْتِهٖ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: شہید کے بدن سے پہلی بار جو خون نکلتا ہے اسکے ساتھ ہی اس کی مغفرت فرمادی جاتی ہے اور روح نکلتے ہی دو حوریں اس کی خدمت میں آجاتی ہیں۔ اور اپنے گھر والوں سے ستر اشخاص کی شفاعت کا اسے اختیار دیا جاتا ہے۔

۱۲۳۸۔ **عن** عن عبادة بن الصامت رضی الله تعالی عنه قال : قال رسول الله صلی الله تعالی علیه وسلم : اِنَّ لِلشَّهِیْدِ عِنْدَ اللّٰهِ سَبْعَ خِصَالٍ ، اَنْ یُّغْفَرَلَهٗ فِی اَوَّلِ دَفْعَةٍ مِنْ دَمِهٖ ، وَ یُرٰی مَقْعَدَهٗ مِنَ الْجَنَّةِ ، وَ یُحَلّٰی حُلَّةَ الْاِیْمَانِ ، وَ یُزَوَّجُ مِنَ الْحُوْرِ الْعِیْنِ ، وَ یُجَارُ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ ، وَ یَاْمَنُ مِنْ یَوْمِ الْفَزَعِ الْاَکْبَرِ ، وَ یُوْضَعُ عَلٰی رَاْسِهٖ تَاجُ الْوَقَارِ الْیَاقُوْتَةُ مِنْهُ خَیْرٌ مِنَ الدُّنْیَا وَ مَا فِیْهَا ، وَ یُزَوَّجُ اِثْنَتَیْنِ وَ سَبْعِیْنَ زَوْجَةً مِنَ

۱۲۳۶۔ السنن لابی داود، کتاب الجهاد، باب فی الشهید یشفع، ۳۴۱/۱
الترغیب والترهیب للمنذری، ۳۱۶/۲ ☆ الدر المنثور للسیوطی، ۱۰۰/۲
الصحیح لابن حبان، ۱۶۱۲ ☆ الجامع الصغیر للسیوطی، ۳۰۵/۲
۱۲۳۷۔ مجمع الزوائد للهیثمی، ۲۹۳/۵ ☆ کنز العمال للمتقی، ۱۱۱۰۱، ۳۹۸/۴
الجامع الصغیر للسیوطی، ۳۰۵/۲ ☆
۱۲۳۸۔ المسند لاحمد بن حنبل، ۱۳۱/۴ ☆ السنن لابن ماجه، ۲۰۶/۲

الْحُورِ الْعِينِ، وَيَشْفَعُ فِي سَبْعِينَ إِنْسَانًا مِنْ أَقَارِبِهٖ۔

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بیشک اللہ تعالی کے یہاں شہید کیلئے سات کرامتیں ہیں پہلی بار اس کے بدن سے خون نکلتے ہی اس کی بخشش فرمادی جاتی ہے، جنت میں وہ اپنا ٹھکانا دیکھ لیتا ہے اور ایمان کے زیور سے اسے آراستہ کر دیا جاتا ہے، حوروں سے اس کی شادی کر دی جاتی ہے، عذاب قبر سے محفوظ رہتا ہے، قیامت کی ہولنا کی سے مامون رکھا جاتا ہے، اس کے سر پر یاقوت کا تاج عزت رکھا جاتا ہے جو دنیا و مافیہا سے بہتر ہوتا ہے، بہتر حوروں سے شادی کر دی جاتی ہے، اس کے اقرباء سے ستر شخصوں کے حق میں اسے شفیع بنایا جائے گا۔

اراءۃ الادب ص ۴۳

۱۲۳۹۔ عن عبد اللہ عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال: ان رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم قال: يُغْفَرُ لِلشَّهِيدِ كُلُّ ذَنْبٍ إِلَّا الدَّيْنَ۔

جد الممتار ۲/۱۷۱

حضرت عبد اللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: قرض کے علاوہ شہید کے تمام گناہ محو کر دیے جاتے ہیں۔۱۲م

۱۲۴۰۔ عن أبی أمامة رضی اللہ تعالیٰ عنه قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیه وسلم: يُغْفَرُ لِشَهِيدِ الْبَرِّ الذُّنُوبُ كُلُّهَا إِلَّا الدَّيْنَ، وَ يُغْفَرُ لِشَهِيدِ الْبَحْرِ الذُّنُوبُ كُلُّهَا وَ الدَّيْنُ۔

حضرت ابوامامہ باہلی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو خشکی میں شہید ہوا اس کے سب گناہ بخشے جاتے ہیں مگر حقوق عباد، اور جو

۱۲۳۹۔ الصحیح لمسلم، باب من قتل فی سبیل اللہ کفرت خطایاہ الا الدین، ۲/۱۳۵
المسند لاحمد بن حنبل، ۲/۲۲۰ ☆ المستدرک للحاکم ۲/۱۱۹
الترغیب و الترهیب للمنذری، ۲/۳۱۱ ☆ کنز العمال للمتقی، ۱۱۱۱۰، ۴/۳۹۹
شرح السنة للبغوی، ۸/۳۰۰ ☆ مشکوة المصابیح للتبریزی، ۲۹۱۲
التفسیر لابن کثیر، ۷/۲۹۲ ☆ الدر المنثور للسیوطی، ۲/۹۸
۱۲۴۰۔ السنن لابن ماجه، باب فضل غزو البحر، ۱/۲۰۴
ارواء الغلیل للالبانی، ۵/۱۷ ☆ التفسیر للقرطبی، ۲/۷۴

دریا میں شہادت پائے اس کے تمام گناہ اور حقوق عباد سب معاف ہوجاتے ہیں۔

۱۲۴۱۔ **عن** أم المؤمنين عائشة الصديقة رضى الله تعالىٰ عنها قالت : قال رسول الله صلى الله تعالى عليه وسلم : قَتْلُ الصَّبْرِ لَا يَمُرُّ بِذَنْبٍ اِلَّا مَحَاهُ ۔

ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: قتل صبر کسی گناہ پر نہیں گزرتا مگر یہ کہ اسے مٹا دیتا ہے۔

۱۲۴۲۔ **عن** أبی هريرة رضى الله تعالىٰ عنه قال : قال رسول الله صلى الله تعالى عليه وسلم : قَتْلُ الرَّجُلِ صَبْرًا كَفَّارَةٌ لِمَا قَبْلَهُ مِنَ الذُّنُوبِ۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: آدمی کا بروجہ صبر مارا جانا تمام گزشتہ گناہوں کا کفارہ ہے۔

فتاوی رضویہ حصہ اول ۹/۵۱

﴿۱﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

شہید صبر یعنی وہ سنی المذہب صحیح العقیدہ مسلمان جسے ظالم نے گرفتار کر کے بحالت بیکسی و مجبوری قتل کیا، سولی، دی، پھانسی دی، کہ یہ بوجہ اسیری قتال و مدافعت پر قادر نہ تھا، بخلاف شہید جہاد کہ مارتا مرتا ہے۔ اس کی بیکسی و بیدست و پائی زیادہ باعث رحمت الٰہی ہوتی ہے۔ کہ حق اللہ و حق العبد کچھ نہیں رہتا، ان شاء اللہ تعالیٰ یہ احادیث مطلق ہیں اور مخصص مفقود، ہم نے سنی المذہب کی تخصیص اس لئے کی کہ حدیث میں ہے۔

۱۲۴۳۔ **عن** أنس بن مالك رضى الله تعالىٰ عنه قال : قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم : لَوْ أَنَّ صَاحِبَ الْبِدْعَةِ مُكَذِّبًا بِالْقَدْرِ قُتِلَ مَظْلُومًا صَابِرًا مُحْتَسِبًا

۱۲۴۱۔ مجمع الزوائد للهيثمى، ۲۶۶/۶ ☆ كنز العمال للمتقى، ۱۳۳۷۰، ۲۸۹/۵
التفسير لابن كثير، ۸۱/۳ ☆ زاد المسير لابن الجوزى، ۳۳۶/۲
تاريخ اصفهان لابى نعيم، ۱۹۱/۲ ☆ الاسرار المرفوعة للقارى، ۳۰۴
كشف الخفاء للجلعونى، ۲۵۸/۲ ☆ الدر المنتثرة للسيوطى، ۱۳۸
۱۲۴۲۔ مجمع الزوائد للهيثمى، ۲۶۶/۶ ☆ كنز العمال لمتقى، ۱۳۳۶۹، ۲۹۱/۵
الكامل لابن عدى، ۶۹/۴ ☆
۱۲۴۳۔ العلل المتناهية لابن الجوزى، ۱۴۰/۱ ☆ تنزيه الشريعة لابن عراق، ۳۲۰/۱
تذكرة الموضوعات للفتنى، ۱۶ ☆

بَیۡنَ الرُّکۡنِ وَالۡمَقَامِ لَمۡ یَنۡظُرِ اللّٰہُ فِیۡ شَیۡءٍ مِنۡ اَمۡرِہٖ حَتّٰی یُدۡخِلَہٗ جَھَنَّمَ ۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر کوئی بدمذہب تقدیر ہر خیر وشر کا منکر خاص حجر اسود اور مقام ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کے درمیان محض مظلوم وصابر مارا جائے اور وہ اپنے اس قتل میں ثواب الٰہی ملنے کی نیت بھی رکھے تاہم اللہ عزوجل اس کی کسی بات پر نظر نہ فرمائے یہاں تک کہ اسے جہنم میں داخل کرے۔ والعیاذ باللہ تعالیٰ۔　　فتاوی رضویہ حصہ اول ۹/۵۱

(۲) شہید کی روح جسم مثالی میں رکھی جاتی ہے

۱۲۴۴۔ **عن** حبان بن ابی حیلۃ التابعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: بلغنی ان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قال: اِنَّ الشَّھِیۡدَ اِذَا اسۡتُشۡھِدَ اَنۡزَلَ اللّٰہُ تَعَالٰی جَسَدًا کَاَحۡسَنِ جَسَدٍ ثُمَّ یُقَالُ لِرُوۡحِہٖ : اُدۡخُلِیۡ فِیۡہِ : فَیَنۡظُرُ اِلٰی جَسَدِہِ الۡاَوَّلِ مَا یُفۡعَلُ بِہٖ وَ یَتَکَلَّمُ فَیَظُنُّ اَنَّھُمۡ یَسۡمَعُوۡنَ کَلَامَہٗ وَ یَنۡظُرُ اِلَیۡھِمۡ فَیَظُنُّ اَنَّھُمۡ یَرَوۡنَہٗ حَتّٰی یَاۡتِیَہٗ اَزۡوَاجُہٗ یَعۡنِیۡ مِنَ الۡحُوۡرِ الۡعِیۡنِ فَیَذۡھَبۡنَ بِہٖ ۔

حضرت حبان بن ابی حیلہ تابعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ مجھے حدیث پہونچی کہ حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا شہید کیلئے ایک جسم نہایت خوبصورت یعنی اجسام مثالیہ سے اترتا ہے اور اس کی روح کو کہتے ہیں کہ اس میں داخل ہو۔ پس وہ اپنے پہلے بدن کو دیکھتا ہے کہ لوگ اس کے ساتھ کیا کرتے ہیں اور کلام کرتا ہے اور اپنے ذہن میں سمجھتا ہے کہ لوگ اس کی باتیں سن رہے ہیں اور خود جو انہیں دیکھتا ہے تو یہ گمان کرتا ہے کہ لوگ بھی اسے دیکھ رہے ہیں یہاں تک کہ حور عین سے اس کی بیبیاں آکر اسے لیجاتی ہیں۔

فتاوی رضویہ ۴/۲۵۶

(۳) شہدائے احد کی تدفین اور ان کی فضیلت

۱۲۴۵۔ **عن** جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال: کان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لیجمع بین الرجلین من قتلی احد فی ثوب واحد ثم یقول: ایھم

۱۲۴۴۔ شرح الصدور للسیوطی، ۱۰۲ ☆

۱۲۴۵۔ الجامع الصحیح للبخاری، باب الصلوۃ علی الشہید، ۱/۱۷۹

أَكْثَرُ آخِذًا لِلْقُرْآنِ ؟ فاذا اشير له الى احدهما قدمه فى اللحد و قال : أَنَا شَهِيدٌ عَلَىٰ هٰؤُلَاءِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ، و امر بدفنهم فى دمائهم و لم يغسلوا و لم يصل عليهم ۔

حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم شہدائے احد میں سے دو کو ایک کپڑے میں کفن دیتے پھر فرماتے بتاؤ ان میں سے کون قرآن کریم زیادہ جانتا ہے؟ ان میں سے ایک کے بارے میں بتایا جاتا تو قبر میں انہیں کو آگے رکھتے۔ پھر حضور فرماتے میں قیامت کے دن ان پر گواہ ہوں اور ان کے دفن کا حکم فرماتے نہ تو کسی کو غسل دیا گیا اور نہ نماز پڑھی گئی۔۱۲م　　فتاوی رضویہ ۴/۴۶

(۴) فاروق اعظم کا جسم اطہر ایک مدت کے بعد صحیح وسلامت تھا

۱۲۴۶۔ **عن** هشام بن عروة عن ابيه رضى الله تعالىٰ عنهما قال : لما سقط عليهم الحائط فى زمان الوليد بن عبد الملك اخذوا فى بنائه فبدت لهم قدم ففزعوا و ظنوا انها قدم النبى صلى الله تعالى عليه وسلم فما و جدوا احدا يعلم ذلك حتى قال لهم عروة ، لا و الله ، ما هى قدم رسول الله صلى الله تعالى عليه وسلم ، ما هى الاقدم عمر ۔

حضرت ہشام بن عروہ اپنے والد حضرت عروہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی کہ ولید بن عبد الملک کے زمانہ میں جب دیوار منہدم ہوئی تو اس کی تعمیر شروع ہوئی اسی درمیان ایک قدم ظاہر ہوا۔ سب لوگ گھبرا گئے اور یہ سمجھے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا قدم مبارک

۱۲۴۵۔ الجامع للترمذی، باب ما جاء فی ترك الصلوة علی الشهيد ، ۱/۱۲۳
السنن لابی داؤد ، كتاب الجنائز ، باب فی الشهيد يغسل ، ۲/۴۴۸
السنن للنسائی، باب دفن الجماعة فی القبر الواحد ، ۱/۲۲۰
السنن لابن ماجه، باب ما جاء فی الصلوة علی الشهداء ۱۰/۱۱۰
المسند لاحمد بن حنبل ، ۴/۲۰ ☆ السنن الكبری للبيهقی، ۴/۱۰
شرح السنة للبغوی، ۵/۳۶۴ ☆ المصنف لابن ابی شيبة، ۳/۳۲۵
دلائل النبوة للبيهقی، ۳/۲۹۵ ☆ الترغيب و الترهيب للمنذری، ۱/۱۱۳
كنز العمال للمتقی، ۱۱۷۳۷، ۴/۵۹۵ ☆ البداية و النهاية لابن كثير ، ۴/۴۱
ارواء الغليل للالبانی، ۳/۱۶۳ ☆
التاريخ الكبير للبخاری، ۵/۲۱۳ ☆
۱۲۴۶۔ الجامع الصحيح للبخاری، ، باب ما جاء فی قبر النبی ﷺ ، ۱/۱۸۶

ہے، کوئی ایسا نہ ملا جو یہ بتا تا کہ یہ کس کا قدم ہے یہاں تک کہ حضرت عروہ نے کہا، قسم بخدا! یہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا قدم مبارک نہیں بلکہ یہ سیدنا حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا قدم ہے۔ ۱۲م

۱۴۔ طاعون

(۱) طاعون میں مرنے والا شہید ہے

۱۲۴۷۔ عن اُم المؤمنين عائشة الصديقة رضى الله تعالىٰ عنها قالت : انها سألت رسول الله صلى الله تعالى عليه وسلم عن الطاعون ، فاخبرنى رسول الله صلى الله تعالى عليه وسلم أَنَّهُ كَانَ عَذَابًا يَبْعَثُهُ اللّٰهُ تَعَالىٰ عَلىٰ مَنْ يَّشَاءُ فَجَعَلَهُ رَحْمَةً لِلْمُؤْمِنِيْنَ ،فَلَيْسَ مِنْ رَجُلٍ يَقَعُ الطَّاعُوْنَ فَيَمْكُثُ فِي بَيْتِهٖ صَابِرًا مُحْتَسِبًا يَعْلَمُ أَنَّهُ لَا يُصِيْبُهُ إِلَّا مَا كَتَبَ اللّٰهُ لَهُ إِلَّا كَانَ لَهُ مِثْلُ أَجْرِ الشَّهِيْدِ ـ

ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: طاعون ایک عذاب تھا کہ اللہ تعالیٰ جس پر چاہتا ہے بھیجتا ہے اور اس امت کیلئے اسے رحمت کردیا ہے تو جو شخص زمانۂ طاعون میں اپنے گھر میں صبر کئے طلب ثواب کیلئے اس اعتقاد کے ساتھ ٹھہرے کہ اسے وہی پہونچے گا جو خدا نے لکھ دیا ہے اس کیلئے شہید کا ثواب ہے۔

(۲) طاعون مومن کیلئے شہادت ہے

۱۲۴۸۔ عن أنس بن مالك رضى الله تعالىٰ عنه قال : قال رسول الله صلى الله تعالى عليه وسلم :اَلطَّاعُوْنُ شَهَادَةٌ لِكُلِّ مُسْلِمٍ ـ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: طاعون ہر مسلمان کیلئے شہادت ہے۔

۱۲۴۷۔ الجامع الصحيح للبخارى ، باب ما يذكر فى الطاعون ، ۸۵۳/۲
المسند لاحمد بن حنبل ، ۲۵۱/۶

۱۲۴۸۔ الجامع الصحيح للبخارى ، باب الشهادة سبع سوى القتل ، ۳۹۷/۱
الصحيح لمسلم ، باب بيان الشهداء ، ۱۴۳/۲
المسند لاحمد بن حنبل ، ۳۱۰/۱۱ ☆ الترغيب و الترهيب للمنذرى ، ۳۳۵/۲
فتح البارى للعسقلانى ، ۱۸۰/۱۰ ☆ شرح السنة للبغوى ، ۲۵۲/۵
مشكوة المصابيح للتبريزى ، ۱۵۴۵ ، ☆ كنز العمال للمتقى ، ۲۸۴۳۳ ، ۷۷/۱۰
التاريخ الكبير للبخارى ، ۳۹۲/۶ ☆ الترغيب و الترهيب للمنذرى ، ۳۳۴/۲

۱۲۴۹۔ **عن** أبی ہریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال : قال رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم : مَنْ مَاتَ فِی الطَّاعُوْنِ فَھُوَ شَھِیْدٌ ۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا طاعون میں مرنے والا شہید ہے۔

۱۲۵۰۔ **عن** صفوان بن أمیۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال : قال رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم : اَلطَّاعُوْنُ شَھَادَۃٌ لِاُمَّتِیْ ۔

حضرت صفوان بن امیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: طاعون میری امت کیلئے شہادت ہے۔

۱۲۵۱۔ **عن** ربیع بن ایاس الانصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال : قال رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم : اَلطَّاعُوْنُ شَھَادَۃٌ ۔

حضرت ربیع بن ایاس انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: طاعون شہادت ہے۔

۱۲۵۲۔ **عن** جابر بن عتیك رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال : قال رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم : اَلْمَطْعُوْنُ شَھِیْدٌ ۔

حضرت جابر بن عتیک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس مسلمان کو طاعون ہو وہ شہید مرا۔

۱۲۵۳۔ **عن** ابن مسیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال : قال رسول اللہ صلی اللہ

۱۲۴۹۔ الصحیح لمسلم، باب بیان الشھداء، ۱۴۳/۲

۱۲۵۰۔ اتحاف السادۃ للزبیدی، ۳۵۲/۶ ☆ الترغیب و الترھیب للمنذری، ۳۳۴/۲
کنز العمال للمتقی، ۲۸۴۳۷، ۷۷/۱۰ ☆ التفسیر للقرطبی، ۲۸۵/۳

۱۲۵۱۔ مجمع الزوائد لھیثمی، ۳۱۷/۲ ☆ باب الشھادۃ سبع سوی القتل، ۳۹۷/۱

۱۲۵۲۔ الجامع الصحیح للبخاری، باب الشھادۃ سبع سوی القتل، ۱۹۷/۱
المسند لاحمد بن حنبل ۵۲۲/۲ ☆ المصنف لعبد الرزاق، ۶۶۹۵، ۵۶۲/۳
مجمع الزوائد للھیثمی، ۳۰۱/۵ ☆ کنز العمال للمتقی، ۱۱۲۲۱، ۳۳/۴
التفسیر للقرطبی، ۲۳۵/۳ ☆ الطبقات لابن سعد، ۳۰۱/۳

۱۲۵۳۔ اتحاف السادۃ للزبیدی، ۳۹۲ ☆ الترغیب والترھیب للمنذری، ۳۳۴
کنز العمال للمتقی، ۲۸۴۳۷، ۷۷/۱۰ ☆ التفسیر للقرطبی، ۲۸۵/۳

تعالیٰ علیه وسلم : اَلطَّاعُوْنُ شَهَادَةٌ لِاُمَّتِی وَ رَحْمَةٌ لَّهُمْ وَ رِجْسٌ عَلَی الْكَافِرِیْنَ ۔

حضرت ابن مسیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: طاعون میری امت کیلئے شہادت و رحمت ہے اور کافروں پر عذاب۔

۱۲۵۴۔ **عن** أبی بردة الأشعری رضی الله تعالیٰ عنه قال : دعا رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم ، اَللّٰهُمَّ ! اجْعَلْ فَنَاءَ اُمَّتِی قَتْلًا فِی سَبِیْلِكَ بِالطَّعْنِ وَ الطَّاعُوْنِ ۔

حضرت ابو بردہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دعا فرمائی: الٰہی! میری امت کو اپنی راہ میں شہادت نصیب کر دشمنوں کے نیزوں اور طاعون سے۔

۱۲۵۵۔ **عن** أبی موسی الأشعری رضی الله تعالیٰ عنه قال : قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : اَللّٰهُمَّ ! اجْعَلْ فَنَاءَ اُمَّتِی بِالطَّعْنِ وَ الطَّاعُوْنِ ۔

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دعا فرمائی: الٰہی! میری امت کو دشمنوں کے نیزوں اور طاعون سے وفات نصیب کر۔

فتاوی رضویہ حصہ دوم ۹/ ۳۱۸

۱۲۵۶۔ **عن** أم المؤمنین عائشة الصدیقة رضی الله تعالیٰ عنها قالت : قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : لَا تَفْنیٰ اُمَّتِی اِلَّا بِالطَّعْنِ وَ الطَّاعُوْنِ، غُدَّةٌ كَغُدَّةِ الْاِبِلِ الْمُقِیْمِ فِیْهَا كَالشَّهِیْدِ وَالْفَارُّ مِنْهَا كَالْفَارِّ مِنَ الزَّحْفِ ۔

ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میری امت کا خاتمہ دشمن کے نیزوں اور طاعون سے ہی ہوگا،

۱۲۵۴۔ جمع الجوامع للسیوطی، ۹۸۸۲ ☆ کنز العمال للمتقی، ۲۸۴۳۹، ۱۰/ ۷۸
المسند لاحمد بن حنبل، ۴/ ۲۳۸ ☆ فتح الباری للعسقلانی، ۱۰/ ۱۸۲
الترغیب و الترهیب للمنذری، ۳۳۷ ☆
۱۲۵۵۔ کنز العمال للمتقی، ۲۸۴۴۸، ۱۰/ ۸۰ ☆ جمع الجوامع للسیوطی، ۹۶۸۱
التمهید لابن عبد البر، ۸/ ۳۷۲ ☆ دلائل النبوة للبیهقی، ۳۸۴
۱۲۵۶۔ المسند لاحمد بن حنبل، ۶/ ۱۳۳ ☆ جمع الجوامع للهیثمی، ۲/ ۳۱۴
کنز العمال للمتقی، ۲۸۴۵۰، ۱۰/ ۸۰ ☆ الترغیب و الترهیب للمنذری، ۳۳۸
الدر المنثور للسیوطی، ۱/ ۳۱۲ ☆ ارواء الغلیل للالبانی، ۶/ ۷۲

یہ اونٹ کی سی گلٹی ہے جو اس میں ٹھہرا رہا وہ شہید کے مانند ہے اور جو اس سے بھاگ جائے وہ ایسا ہو جیسا کفار کو پیٹھ دیکر جہاد سے بھاگنے والا۔

۱۲۵۷۔ **عن** أبی موسی الأشعری رضی اللہ تعالیٰ عنه قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیه وسلم: اَلطَّاعُوْنُ وَخَزُ أعْدَآئِکُمْ مِنَ الْجِنِّ وَ هُوَ لَکُمْ شَهَادَةٌ۔

حضرت ابو موسی اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: طاعون تمہارے دشمن جنوں کا چوکا ہے اور وہ تمہارے لئے شہادت ہے۔

۱۲۵۸۔ **عن** أبی موسی الأشعری رضی اللہ تعالیٰ عنه قال:۔ قال رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیه وسلم: فَنَاءُ أُمَّتِی بِالطَّعْنِ وَ الطَّاعُوْنِ وَخَزُ أعْدَآئِکُمْ مِنَ الْجِنِّ وَ فِی کُلٍّ شَهَادَةٌ۔

حضرت ابو موسی اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میری امت کا خاتمہ جہاد اور طاعون سے ہے کہ تمہارے دشمن جنوں کا چوکا ہے۔ اور دونوں شہادت ہے۔

۱۲۵۹۔ **عن** معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنه قال:۔ قال رسول صلی اللہ تعالی علیه وسلم: إنَّ الطَّاعُوْنَ رَحْمَةُ رَبِّکُمْ وَ دَعْوَةُ نَبِیِّکُمْ وَمَوْتُ الصَّالِحِیْنَ قَبْلَکُمْ وَهُوَ شَهَادَةٌ فَیَسْتَشْهِدُ اللّٰهُ بِهِ أنْفُسَکُمْ وَ ذَرَارِیْکُمْ یُزَکِّی بِهِ أعْمَالَکُمْ۔

حضرت معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بیشک طاعون تمہارے رب کی رحمت اور تمہارے نبی کی دعا اور اگلے نیکوں کی موت ہے اور وہ شہادت ہے۔ تو اللہ تعالی طاعون سے تمہیں اور تمہارے بچوں کو شہادت دیگا اور اس

۱۲۵۷۔ المستدرک للحاکم، ۱/۵۰ ☆ کشف الخفاء للعجلونی، ۲/۵۲
السلسلة الضعیفة للالبانی، ۸۶ ☆

۱۲۵۸۔ المسند لاحمد بن حنبل، ۶/۱۳۳ ☆ مجمع الزوائد للهیثمی، ۲/۳۱۱
التمهید لابن عبد البر، ۱۳۳ ☆ اتحاف السادة للزبیدی، ۶/۲۹۲
کنز العمال للمتقی، ۱۱۱۷۳، ۴/۴۱۵ ☆ الترغیب والترهیب للمنذری، ۲/۳۳۶
تاریخ الکبیر للبخاری، ۴/۲۱۲ ☆ التفسیر للقرطبی، ۳/۲۳۴

۱۲۵۹۔ کنز العمال للمتقی، ۲۸۴۴۵، ۱۰/۷۹ ☆ جمع الجوامع للسیوطی، ۵۶۸۴

کے سبب تمہارے اعمال ستھرے کرے گا۔ فتاوی رضویہ دوم ۹/ ۳۱۹

(۳) طاعون سے بھاگنا حرام ہے

۱۲۶۰۔ **عن** عبد الرحمن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال : قال رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم : إِذَا سَمِعْتُمُ الطَّاعُوْنَ بِأَرْضٍ فَلَا تَدْخُلُوْا عَلَيْهَا ، وَ إِذَا وَقَعَ وَ أَنْتُمْ بِأَرْضٍ فَلَا تَخْرُجُوْا مِنْهَا فِرَارًا مِنْهُ ۔

حضرت عبد الرحمن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب تم کسی مقام کے بارے میں سنو کہ وہاں طاعون ہے تو نہ جاؤ اور جب تم طاعون زدہ بستی میں ہو تو وہاں سے راہ فرار اختیار نہ کرو۔۱۲م

۱۲۶۱۔ **عن** جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال :۔ قال رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم : اَلْفَارُّ مِنَ الطَّاعُوْنِ كَالْفَارِّ عَنِ الزَّحْفِ ، وَمَنْ صَبَرَ فِيْهِ كَانَ لَهُ أَجْرُ شَهِيْدٍ ۔ فتاوی رضویہ حصہ

حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: طاعون سے بھاگنے والا ایسا ہے جیسے جہاد میں کفار کو پیٹھ دیکر بھاگنے والا۔ اور جو اس میں صبر کئے بیٹھا ہے اس کیلئے شہید کا ثواب ہے۔

۱۲۶۲۔ **عن** عامر بن سعد بن ابی وقاص عن ابیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما انہ

۱۲۶۰۔ الجامع الصحیح للبخاری، باب مایذکر فی الطاعون ، ۲/ ۸۵۳
الصحیح لمسلم، باب الطاعون و الیرۃ و الھانہ ۲/ ۲۲۹
کنز العمال للمتقی، ۲۸۴۳۸ ، ۱/ ۷۸ ☆ الجامع الصغیر للسیوطی، ۱/ ۴۹
۱۲۶۱۔ الجامع للترمذی، باب ما جاء فی کراھیۃ الفرار من الطاعون ، ۱/ ۱۲۶
الترغیب و الترھیب للمنذری، ۶/ ۳۹۱ ☆ الکامل لابن عدی، ۵/ ۱۱۳
الدر المنثور للسیوطی، ۱/ ۳۱۲ ☆ کنز العمال للمتقی، ۲۸۴۴۲ ، ۱۰/ ۷۹
التفسیر للقرطبی، ۴/ ۲۳۵ ☆
۱۲۶۲۔ الجامع الصحیح للبخاری، باب ما یذکر فی الطاعون ، ۲/ ۸۵۳
الصحیح لمسلم، باب الطاون و الطیرۃ الکہانۃ ، ۲/ ۲۲۸
شرح السنۃ للبغوی، ۵/ ۲۵۴ ☆ مشکوۃ المصابیح للتبریزی، ۱۵۴۱۱
اتحاف السادۃ للزبیدی، ۶/ ۳۹۱ ☆ شرح السنۃ للبغوی، ۲/ ۲۷۸
الجامع الصغیر للسیوطی، ۲/ ۳۲۹ ☆

سمعه يسأل اسامة بن زيد رضى الله تعالىٰ عنهما ماذا سمعت من رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم الطاعون ، قال : رجز ارسل على بنى اسرائيل او على من كان قبلكم فاذا سمعتم به بارض فلا وتقدموا عليه ، و اذا وقع بارض و انتم بها فلا تخرجوا فرارا منه ـ

حضرت عامر بن سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ انہوں نے اپنے والد کو حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے یہ سوال کرتے ہوئے سنا کہ آپ نے حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے طاعون کے بارے میں کیا سنا ہے؟ بولے حضور نے فرمایا: یہ عذاب تھا جو بنی اسرائیل اوران سے پہلے لوگوں کی طرف آیا۔ تو جب تم کسی جگہ کے بارے میں سنو کہ وہاں طاعون پھیلا ہوا ہے تو نہ جاؤ، اور جب تم ایسی زمین میں ہو کہ جہاں طاعون پھیلا ہوا ہے تو وہاں سے نہ بھاگو۔ ۱۲م

۱۲٦۳ ـ **عن** عبد الرحمن بن غنم رضى الله تعالىٰ عنه قال : وقع الطاعون بالشام فقال عمر و بن العاص رضى الله تعالىٰ عنه : ان هذا الطاعون رجس ففروا منه الأودية و الشعاب فبلغ ذلك شر حبيل بن حسنة رضى الله تعالىٰ عنه فغضب وقال ـ كذب عمر و بن العاص فقد صحبت رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم و عمرو ، و أضل من جمل أهله إن هذا الطاعون دعوة نبيكم ورحمة ربكم ووفاة الصالحين قبلكم ـ

حضرت عبد الرحمٰن بن غنم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ملک شام میں طاعون پھیلا۔ حضرت عمرو بن عاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا یہ عذاب ہے، لہذا اس سے بھاگ کر وادیوں اور گھاٹیوں میں چھپ جاؤ۔ یہ خبر حضرت شرحبیل بن حسنہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو پہونچی تو غضبناک ہوگئے اور بولے: حضرت عمرو بن عاص نے غلط کہا۔ میں اور وہ یعنی عمرو بن عاص حضور کے ساتھ تھے جبکہ ان کی اہلیہ کا اونٹ گم ہوگیا تھا فرمایا: یہ طاعون تمہارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی دعا اور تمہارے رب کی رحمت اور تم سے پہلے نیک لوگوں کے وصال کا ذریعہ ہے۔ ۱۲م

۱۲٦۳ ـ المسند لاحمد بن حنبل، ۱۹٦/٤

١٢٦٤۔ **عن** عبد الرحمن بن غنم رضی اللہ تعالیٰ عنه قال: کان عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنه حین احس بالطاعون فرق فرقا شدیدا فقال : یا ایها الناس ! تبددوا فی هذالشعاب و تفرقوا ، فانه قد نزل بکم امر من اللہ تعالی ، لا اراه الا رجزا و الطوفان ، قال شرحبیل بن حسنة رضی اللہ تعالیٰ عنه : قد صاحبنا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم و أنت أضل من حمار اهلك ، قال عمر وصدقت ، قال معاذ لعمر و بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنهما ، کذبت لیس بالطوفان و لا بالرجزو لکنها رحمة ربکم ودعوة نبیکم و موت الصالحین قبلکم ، فاجتمعوا له و لا تفرقوا علیه ، فقال عمر و صدق ۔

حضرت عبد الرحمٰن بن غنم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ جب حضرت عمرو بن عاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے طاعون محسوس کیا تو لوگوں کو بہت خوف دلایا اور فرمایا: اے لوگو! ان گھاٹیوں میں منتشر ہو جاؤ! یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے تمہارے اوپر ایک بلا ہے۔ کیونکہ میں تو اس کو ایک عذاب اور طوفان ہی سمجھ رہا ہوں۔ حضرت شرحبیل بن حسنہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے یہ سن کر فرمایا: میں اور آپ حضور کے ساتھ تھے اس وقت جبکہ آپ کی اہلیہ کا گدھا بھاگ گیا تھا۔ حضرت عمرو بن عاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا: تم نے سچ کہا: حضرت معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت عمرو بن عاص سے کہا: آپ نے غلط کہا: نہ یہ طوفان ہے اور نہ عذاب بلکہ یہ تو تمہارے رب کی رحمت اور تمہارے نبی کی دعا ہے اور تم سے پہلے نیک لوگوں کی وفات کا سبب ہے۔ حضرت عمرو بن عاص نے فرمایا: معاذ نے سچ کہا۔ ١٢ م

١٢٦٥۔ **عن** جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنهما قال : قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم: اَلْفَارُّ مِنَ الطَّاعُوْنِ كَالْفَارِّ مِنَ الزَّحْفِ وَ الصَّابِرُ فِيْهِ كَالصَّابِرِ فِي الزَّحْفِ ۔

حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: طاعون سے بھاگنے والا ایسا ہے جیسے جہاد میں کفار کے سامنے سے بھاگنے والا۔ اور طاعون میں ٹھہرنے والا ایسا ہے جیسے جہاد میں صبر واستقلال کرنے والا۔

١٢٦٤۔ تاریخ دمشق لابن عساکر

١٢٦٥۔ المسند لاحمد بن حنبل ، ٨٢/٦

۱۲۶۶۔ **عن** زید بن اسلم عن ابیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال: قال عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ: ان الناس قد زعموا انی فررت من الطاعون و انا ابرأ الیک من ذلک۔

حضرت زید بن اسلم رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے وہ اپنے والد حضرت سالم بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ امیر المؤمنین حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: لوگ گمان کرتے ہیں کہ میں طاعون سے بھاگا۔ الہی! میں اس تہمت سے بری ہوں۔

۱۲۶۷۔ **عن** عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما اِن عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ خرج الی الشام اذا کان بسرغ لقیہ أمراء الأجناد أبو عبیدۃ بن الجراح و أصحابہ فأخبروہ أن الوباء قد وقع بالشام قال اِبن عباس: فقال عمر: ادع الی المھاجرین الأولین فدعاھم فاستشارھم و أخبرھم أن الوباء قد وقع بالشام فاختلفوا، فقال بعضھم: قد خرجت لأمر و لا نری أن نرجع عنہ، و قال بعضھم معک بقیۃ الناس و اصحاب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم و لا نری أن تقدمھم علی ھذا الوباء فقال: ارتفعوا عنی، ثم قال: أدع لی الأنصار فدعوتھم فاستشارھم فسلکوا سبیل المھاجرین و اختلفوا کاختلافھم فقال: ارتفعو عنی، ثم قال: ادع لی من کان ھھنا من مشیخۃ قریش من مھاجرۃ الفتح فدعوتھم فلم یختلف منھم علیہ رجلان فقالوا: نری أن ترجع بالناس و لا تقدمھم علی ھذاا لوباء فنادی عمر فی الناس: إنی مصبح علی ظھر فاصبحوا علیہ، قال أبو عبیدۃ بن الجراح رضی اللہ تعالیٰ عنہ: أفرارا من قدر اللہ، فقال عمر: لو غیرک قالھا یا أباعبیدۃ! نعم، نفر من قدر اللہ الی قدر اللہ، أرأیت لو کان لک إبل ھبطت وادیالہ عدونان، إحدھما خصبۃ و الأخری جدبۃ ألیس اِن رعیت الخصبۃ رعیتھا بقدر اللہ، و ان رعیت الجدبۃ رعیتھا بقدر اللہ قال: فجاء عبد الرحمن بن عوف و کان متغیبا فی بعض حاجتہ فقال: اِن عندی فی ھذا علما،

۱۲۶۶۔ شرح معانی الآثار للطحاوی، ۲/۳۸۰
۱۲۶۷۔ الجامع الصحیح للبخاری، باب ما یذکر فی الطاعون، ۲/۸۵۳
شرح معانی الآثار للطحاوی، ۲/۳۷۵

سمعت رسول الله صلی الله تعالی علیه وسلم یقول : اِذَا سَمِعْتُمْ بِهٖ بِاَرْضٍ فَلَا تُقْدِمُوْا عَلَیْهِ وَ اِذَا وَقَعَ بِاَرْضٍ وَاَنْتُمْ بِهَا فَلَا تَخْرُجُوْا فِرَارًا مِنْهُ ، قال : فحمد الله عمر ثم انصرف ۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ امیر المؤمنین حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ملک شام کا سفر فرمایا: جب آپ مقام سرغ میں پہونچے تو آپ کو امراء لشکر یعنی حضرت ابوعبید بن جراح اور ان کے ساتھی ملے۔ انہوں نے بتایا کہ ملک شام میں وبا پھوٹ نکلی ہے۔ حضرت ابن عباس فرماتے ہیں: امیر المؤمنین نے فرمایا: مہاجرین اولین کو میرے پاس بلالاؤ، چنانچہ انہیں بلایا گیا اور مشورہ کیا گیا سرزمین شام میں وبا پھوٹ نکلی ہے۔ اس سلسلہ میں اختلاف رونما ہوگیا۔ بعض حضرات نے کہا ہم ایک کام کیلئے نکلے ہیں اور اسے انجام دیئے بغیر لوٹنا مناسب نہیں۔ اور دوسرے حضرات کی رائے یہ تھی کہ آپ کے ساتھ صحابہ کرام میں سے منتخب حضرات ہیں لہذا مناسب نہیں کہ اس وبا کی طرف پیش قدمی کی جائے۔ یہ سن کر آپ نے فرمایا: کہ میرے پاس سے چلے جاؤ۔ پھر آپ نے انصار کو بلانے کو کہا تو میں ان حضرات کو بلا کر لایا۔ چنانچہ آپ نے ان سے مشورہ کیا انہوں نے بھی مہاجرین کا طریقہ اختیار کیا اور آپس میں اختلاف واقع ہوگیا آپ نے فرمایا میرے پاس سے اٹھ کر چلے جاؤ پھر آپ نے اکابر قریش کو بلایا جنہوں نے فتح مکہ کیلئے ہجرت کی تھی۔ ان حضرات میں سے دو آدمیوں نے بھی اختلاف نہیں کیا اور کہا ہماری رائے یہ ہے کہ لوگوں کو لوٹنے کا حکم دیا جائے اور اس بلا کی طرف پیش قدمی مناسب نہیں چنانچہ حضرت عمر فاروق اعظم نے منادی کروادی کہ کل صبح میں واپسی کیلئے سوار ہوجاؤنگا۔ حضرت ابوعبیدہ نے کہا: کیا آپ خدا کی تقدیر سے فرار کر رہے ہیں؟ حضرت عمر نے فرمایا: کاش! یہ بات تمہارے سوا کوئی اور کہتا۔ اے ابوعبیدہ! ہاں ہم اللہ تعالیٰ کی تقدیر سے اللہ تعالیٰ کی تقدیر کی طرف فرار کر رہے ہیں۔ غور تو کرو کہ اگر تمہارے پاس اونٹ ہوں اور تم ایسی وادی میں اترو جس کے دو میدان ہوں۔ یعنی ایک سرسبز و شاداب۔ اور دوسرا سوکھا سڑا، کیا یہ حقیقت نہیں کہ تم سرسبز میدان میں چراؤگے۔ تو یہ چرانا تقدیر الٰہی سے ہے اور اگر خشک میدان میں چراؤ تو یہ بھی اللہ تعالیٰ کی تقدیر سے ہے۔ راوی کا بیان ہے کہ پھر حضرت عبدالرحمن بن عوف آگئے جو اپنی کسی ضرورت کے باعث وہاں موجود نہ تھے۔ انہوں

نے کہا: اس بارے میں میرے پاس ایک علم ہے یعنی میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: جب تم کسی علاقے کے بارے میں سنو کہ وہاں طاعون ہے تو نہ جاؤ، اور جب اس جگہ میں پھوٹ نکلے جہاں تم رہتے ہو تو وبا سے فرار کرتے ہوئے وہاں سے نہ نکلو۔ حضرت عمر نے یہ حدیث سن کر خدا کا شکرادا کیا اور پھر لوٹ آئے۔ ۱۲م

﴿۲﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

طاعون سے فرار گناہ کبیرہ ہے جن حکمتوں کی بنا پر حکیم کریم رؤف رحیم علیہ وعلی آلہ الصلوٰۃ والتسلیم نے طاعون سے فرار حرام فرمایا ان میں سے ایک حکمت یہ ہے کہ اگر تندرست بھاگ جائیں گے بیمار ضائع ہو جائیں گے۔ ان کا نہ کوئی تیمار دار ہوگا نہ خبر گیراں۔ پھر جو مریں گے ان کی تجہیز و تکفین کون کرے گا جس طرح خود آج کل ہمارے شہر اور گردونواح کے ہنود میں مشہور ہو رہا ہے کہ اولاد کو ماں باپ، اور ماں باپ کو اولاد نے چھوڑ کر اپنا رستہ لیا، بڑوں بڑوں کی لاشیں مزدوروں نے ٹھیلے پر ڈال کر جہنم پہنچائیں۔ اگر شرع مطہر مسلمانوں کو بھی بھاگنے کا حکم دیتی تو معاذ اللہ یہی بے بسی بے کسی ان کے مریضوں میتوں کو بھی گھیرتی جسے شرع قطعاً حرام فرماتی ہے۔

ارشاد الساری شرح صحیح البخاری میں ہے

لا تخرجوا فرارا منه فانه فرار من القدر و لئلا يضيع المرضى لعدم من يتعهدهم والموتى لعدم من يجهز ـ

اسی طرح زرقانی شرح مؤطا میں ہے۔ اور امام عینی نے شرح بخاری میں بھی اسے نقل کر کے مقرر رکھا۔ ظاہر ہے کہ یہ علت جس طرح غیر شہر کو بھاگ جانے میں ہے یونہی بیرون شہر جا پڑنے بلکہ محلہ مریضاں چھوڑ کر محلہ صحیحاں میں جا بسنے میں بھی۔ تو حق یہ ہے کہ بہ نیت فرار مطلقاً نقل وحرکت حرام ہے۔ نیز یہ علت موجب ہے کہ نہ صرف طاعون بلکہ ہر وبا کا یہی حکم ہے۔ فتاوی رضویہ حصہ اول ۹/۲۶۲

۱۲۶۸ ـ عن ابی عسیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: أَتَانِي جِبْرَئِيلُ بِالْحُمّٰى وَ الطَّاعُوْنِ، فَأَمْسَكْتُ الْحُمّٰى بِالْمَدِيْنَةِ

۱۲۶۸ ـ المسند لاحمد بن حنبل، ۸۱/۵

وَ اَرْسَلْتُ الطَّاعُوْنَ اِلَی الشَّامِ، فَالطَّاعُوْنُ شَهَادَةٌ لِاُمَّتِیْ وَ رَحْمَةٌ لَّهُمْ وَ رِجْسٌ عَلَی الْكَافِرِیْنَ۔

حضرت ابوعسیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میرے پاس جبرئیل امین علیہ الصلوٰۃ والتسلیم بخار اور طاعون لیکر حاضر ہوئے، میں نے بخار مدینہ طیبہ میں رہنے دیا اور طاعون ملک شام کو بھیج دیا۔ تو طاعون میری امت کیلئے شہادت ورحمت اور کافروں پر عذاب وقمت ہے۔

﴿۴﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو معلوم تھا کہ طاعون کو ملک شام کا حکم ہوا ہے اور بلاد شام فتح کرنے تھے۔ لہذا صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ جو لشکر ملک شام کو روانہ فرماتے اس سے دو باتوں پر یکساں بیعت وعہد و پیمان لیتے، ایک یہ کہ دشمنوں کے نیزوں سے نہ بھاگنا، دوسرے یہ کہ طاعون سے نہ بھاگنا۔

یہاں سے خوب ثابت وظاہر ہوا کہ مسلمانوں کو فرار عن الطاعون کی ترغیب دینے والا ان کا خیر خواہ نہیں بدخواہ ہے۔ اور طبیبوں ڈاکٹروں کا اس میں صبر واستقلال سے منع کرنا خیر وصلاح کے خلاف اور باطل ہے، اللہ عزوجل نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو سارے جہان کیلئے رحمت بنا کر بھیجا اور مسلمانوں پر بالتخصیص رؤف ورحیم بنایا۔ اور صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کیلئے ارحم امتی بامتی ابوبکر، حدیث میں آیا۔ یعنی جو رافت ورحمت میری امت کے حال پر ابوبکر کو ہے اتنی تمام امت میں کسی کو نہیں۔ اگر طاعون سے بھاگنے میں بھلائی اور ٹھہرنے میں برائی ہوتی تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کہ اپنی امت پر ماں باپ سے زیادہ مہربان ہیں کیوں ٹھہرنے کی ترغیب دیتے۔ اور بھاگنے سے اس قدر تاکید شدید کے ساتھ کیوں منع فرماتے۔ اور صدیق اکبر کہ تمام امت میں سب سے بڑھ کر خیر خواہ امت ہیں کیوں اس سے نہ بھاگنے کا عہد و پیمان لیتے۔

معلوم ہوا کہ طاعون سے بھاگنے کی ترغیب دینے والے ہی حقیقۃً امت کے بدخواہ اور الٹی مت سمجھانے والے ہیں۔ والعیاذ باللہ تعالیٰ۔

جیسے کوئی بدعقل، کج فہم، عورت پڑھنے کی محنت استاذ کی شدت دیکھ کر اپنے بچے کو مکتب

سے بھاگ آنے کی ترغیب دے وہ اپنے خیال باطل میں اسے محبت سمجھتی ہے۔ حالانکہ صریح دشمنی ہے۔

ع دوستی بے خرداں دشمنی است۔

بدنصیب وہ بچہ کہ اس کے کہنے میں آجائے اور مہربان باپ کی تاکید و تہدید خیال میں نہ لائے۔

بلکہ انصافا یہ حالت اس مثال سے بھی بدتر ہے۔ مکتب میں پڑھنے کی محنت سبھی پر ہوتی ہے اور شدت بھی غالب و اکثری ہے۔ اور جہاں طاعون پھوٹے وہاں سب یا اکثر کا مبتلا ہونا کچھ ضروری نہیں۔ بلکہ باذنہ تعالی محفوظ ہی رہنے والوں کا شمار زائد ہوتا ہے۔ ولہذا آگ اور زلزلہ پر اس کا قیاس باطل اور و لا تلقوا بایدیکم الی التھلکۃ۔ کے نیچے سمجھنا محض وسوسہ ہے کہ ان میں ہلاک غالب ہے اور سچا ہلاک تو یہ ہے کہ مصطفی جان رحمت صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کے ارشاد اقدس کو کہ عین رحمت و خیر خواہی امت ہے معاذ اللہ، مضرت رساں خیال کیا جائے۔

تنبیہ نبیہ: جس طرح طاعون سے بھاگنا حرام ہے اس کے لئے وہاں جانا بھی ناجائز و گناہ ہے۔ احادیث صحیحہ میں دونوں سے ممانعت فرمائی۔ پہلے میں تقدیر الہی سے بھاگنا ہے۔ تو دوسرے میں بلائے الہی سے مقابلہ کرنا ہے۔ اور اس کے لئے اظہار توکل عذر محض سفاہت۔ توکل معارضۂ اسباب کا نام نہیں اس قدر کی ممانعت میں ہرگز گنجائش سخن نہیں۔

اب رہا یہ کہ جب طاعون سے بھاگنے یا اس کے مقابلہ کی نیت نہ ہو تو شہر طاعون سے نکلنا، یا دوسری جگہ سے اس میں جانا فی نفسہ کیسا ہے؟ اس میں ہمارے علماء کی تحقیق یہ ہے کہ بجائے خود حرام نہیں مگر نظر بہ پیش بینی یہاں دو صورتیں ہیں۔

ایک یہ کہ انسان کامل الایمان ہے۔ لن یصیبنا الا ما کتب اللہ لنا کی بشاشت و نورانیت اس کے دل کے اندر سرایت کئے ہوئے ہے۔ اگر طاعونی شہر میں کسی کام کو جائے اور مبتلا ہو جائے تو اسے یہ پشیمانی عارض نہ ہوگی کہ ناحق آیا کہ بلا نے لے لیا۔ یا کسی کام کو باہر جائے تو یہ خیال نہ کریگا کہ خوب ہوا جو اس بلا سے نکل آیا۔ خلاصہ یہ ہے اس کا آنا جانا بالکل ایسا ہو جیسا طاعون نہ ہونے کا زمانہ میں ہوتا تو اسے خالص اجازت ہے۔ اپنے کاموں کو آئے جائے جو چاہے کرے کہ نہ فی الحال نیت فاسدہ ہے نہ آئندہ فساد فکر کا اندیشہ ہے۔

دوم جوایسا نہ ہو، اسے مکروہ ہے کہ اگر چہ فی الحال نیت فاسدہ نہیں کہ حکم حرمت ہو۔ مگر آئندہ فساد پیدا ہونے کا اندیشہ ہے۔ لہذا کراہت ہے۔

چنانچہ وہ حدیثیں جن میں خود شہر طاعونی سے نکلنے اور اس میں جانے کی ممانعت مروی ہوئی اگر اپنے اطلاق پر رکھی جائیں یعنی نیت فرار و مقابلہ سے مقید نہ کی جائیں تو ان کا محمل یہی صورت کراہت ہے جو ابھی مذکور ہوئی۔ اور اطلاق اس بنا پر کہ اکثر لوگ اسی قسم کے ہوتے ہیں۔ اور احکام کی بنا کثیر و غالب پر ہے۔

فتاوی رضویہ حصہ دوم ۲۶۴/۹

(۴) جزامی سے میل جول

۱۲۶۹۔ **عن** جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنهما قال ۔ : ان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم ۔اخذ بید رجل مجذوم، فادخلها معه فی القصعة ثم قال: كُلُ ثِقَةً بِاللّٰهِ وَ تَوَكُّلَ عَلَى اللّٰهِ ۔

حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جذامی کا ہاتھ پکڑا اور پیالے میں داخل فرما کر ارشاد فرمایا: میرے ساتھ اللہ تعالیٰ کی رحمت پر یقین رکھتے ہوئے کھا اور اس پر بھروسہ رکھ۔ ۱۲م

۱۲۷۰۔ **عن** أبی ذر الغفاری رضی اللہ تعالیٰ عنه قال :قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم : كُلُ مَعَ صَاحِبِ الْبَلَاءِ تَوَاضُعًا لِرَبِّكَ وَ اِيْمَانًا ۔

حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کھاؤ وبائی بیماری والے کے ساتھ اپنے رب کے حضور عاجزی و انکساری اختیار کرتے ہوئے اور اس کی ذات پر ایمان رکھتے ہوئے۔

۱۲۶۹۔ الصحیح لابن حبان، ۱٤۳۳ ☆ شرح السنة للبغوی، ۱۷۲/۱۲
مشکوۃ المصابیح للتبریزی، ٤٥۸٥ ☆ البدایة و النهایة لابن کثیر، ٥٦/٥
المصنف لابن شیبة، ۱۲۰/۸ ☆ کنز العمال للمتقی، ۲۸۳٤۲، ٥٦/۱۰
العلل المتناهیة لابن الجوزی، ۳۸٦/۲ ☆ الجامع للترمذی، باب الاطعمة، ٤/۲
السنن لابن ماجه، باب الجذام، ۲٦۱/۲ ☆

۱۲۷۰۔ الجامع الصغیر للسیوطی، ۳۹۸/۲ ☆ شرح معانی الآثار للطحاوی، ۳۷۹/۲

۱۲۷۱۔ **عن** أبی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه قال : قال رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم : لَا عَدْوٰی وَ لَا طِيَرَةَ وَ لَاهَامَةَ وَ لَا صَفَرَ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: چھوت کی بیماری، بدشگونی، الو کا جاہلانہ تصور، صفر کی جاہلانہ کاروائی کوئی چیز نہیں۔

(۵) جذامی سے دور بھاگو

۱۲۷۲۔ **عن** أبی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه قال : قال رسول الله صلی الله تعالیٰ

۱۲۷۱۔ الجامع الصحيح للبخاری، باب الجذام، ۲/۸۵۰
الصحيح لمسلم، باب لا عدوی و لا طير و لا هامة، ۲/۲۳۰
السنن لابن ماجه، باب من كان يعجب الفال ميره الطيرة، ۲/۲۶۱
المسند لاحمد بن حنبل، ۲/۲۶۷ ☆ السنن الكبری للبيهقی، ۷/۲۱۶
المصنف لعبد الرزاق، ۱۹۵۰۷، ۱۰/۴۰۴ ☆ المعجم الكبير للطبرانی، ۷/۱۷۷
شرح السنة للبغوی، ۱۲/۱۶۷ ☆ كنز العمال للمتقی، ۲۸۶۰۳، ۱۰/۱۱۹
فتح الباری للعسقلانی، ۱۰/۱۷۱ ☆ المسند للعقيلی، ۲/۲۴
المصنف لابن ابی شيبة، ۹/۴۰ ☆ المسند للحميدی، ۱۱۱۷
السنة لابن ابی العاصم، ۱۴/۱۱۹ ☆ السلسلة الصحيحة للالبانی، ۷۸۵
مجمع الزوائد للهيثمی، ۵/۱۰۱ ☆ الادب المفرد للبخاری، ۹۱۳
المطالب العالية لابن حجر، ۲۴۵۰ ☆ الاحكام النبوية للكحال، ۱/۸۰
الطب النبوی للذهبی، ۱۱۷ ☆ حلية الاولياء لابی نعيم، ۱/۲۵۰
الكلام الطيب لابن ابی تيمية، ۲۴۷ ☆ شرح معانی الآثار للطحاوی، ۴/۳۰۷
البداية و النهاية لابن كثير، ۸/۱۰۵ ☆ تاريخ اصفهان لابی نعيم ۱/۲۲۸
نصب الراية للزيلعی، ۳/۲۵۵ ☆ مشكوة المصابيح للتبريزی، ۴۵۷۷
تاريخ بغداد للخطيب، ۴/۳۷۸ ☆ مشكل الآثار للطحاوی، ۲/۳۴۲
تجريد التمهيد لابن عبد البر، ۷۸۹ ☆ تاريخ الكبير للبخاری، ۱/۱۳۹
علل الحديث لابن ابی حاتم، ۲۳۴۳ ☆

۱۲۷۲۔ الجامع الصحيح للبخاری، باب الجذام، ۲/۸۵۰
المسند لاحمد بن حنبل، ۲/۴۴۳ ☆ مجمع الزوائد للهيثمی،
السنن الكبری للبيهقی، ۷/۱۳۵ ☆ المصنف لابن ابی شيبة، ۸/۱۳۲
الاحكام النبوية للكحال، ۱/۷۹ ☆ التاريخ الكبير للبخاری، ۲/۸۱
فتح الباری للعسقلانی، ۱۰/۱۵۸ ☆ كنز العمال للمتقی، ۲۸۳۴۰، ۱۰/۵۶
السلسلة الصحيحة للالبانی، ۲/۴۲۸ ☆ البداية و النهاية لابن كثير، ۵/۳۰۶
الطب النبوی للذهبی، ۱۱۷ ☆ الاسرار المرفوعة للقاری، ۷۹

عليه وسلم: فِرَّ مِنَ الْمَجْذُوْمِ كَمَا تَفِرُّ مِنَ الْأَسَدِ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جزامی سے اس طرح بھاگو جس طرح شیر سے بھاگتے ہو۔۱۲م

۱۲۷۳۔ **عن** عبد الله بن جعفر رضى الله تعالىٰ عنهما قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: اِتَّقُوْا صَاحِبَ الْجُذَامِ كَمَا يُتَّقَى السَّبُعُ، اِذَا هَبِطَ وَادِيًا فَاهْبِطُوْا غَيْرَهٗ۔

حضرت عبداللہ بن جعفر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جذامی سے ایسے بچو جیسے درندے سے بچا جاتا ہے۔ جب وہ کسی وادی میں ٹھہرے تو تم دوسرے میں ٹھہرو۔۱۲م

۱۲۷۴۔ **عن** عبد الله بن ابى اوفى رضى الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: كَلِّمِ الْمَجْذُوْمَ وَ بَيْنَكَ وَبَيْنَهٗ قَدْرُ رُمْحٍ اَوْ رُمْحَيْنِ۔

فتاوی رضویہ حصہ دوم ۹/۵

حضرت عبداللہ بن ابی اوفی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جذامی سے گفتگو اس طرح کرو کہ تمہارے اور اس کے درمیان ایک یا دو نیزوں کا فاصلہ ہو۔۱۲م

۱۲۷۵۔ **عن** عبد الله بن عباس رضى الله تعالىٰ عنهما قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: لَا تُدِيْمُوا النَّظَرَ اِلَى الْمَجْذُوْمِيْنَ۔

۱۲۷۳۔ التاريخ الكبير للبخارى، ۲۰۴/۷ ☆ كنز العمال للمتقى، ۲۸۳۳۲، ۵۴۱۰

۱۲۷۴۔ كنز العمال للمتقى، ۲۸۳۲۹، ۵۴۱۰ ☆ الكامل لابن عدى، ۲۸۹/۲

الاحكام النبوية للكحال، ۸۱۰ ☆ فتح البارى للعسقلانى، ۱۵۹۱۰

۱۲۷۵۔ السنن لابن ماجة، باب الجذام، ۲۶۱

المسند لاحمد بن حنبل، ۲۷۶/۱ ☆ المعجم الكبير للطبرانى، ۱۴۳/۳

المصنف لابن ابى شيبة، ۱۳۲/۸ ☆ مجمع الزوائد للهيثمى، ۱۰۰/۵

الاحكام النبوية لكحال، ۷۹/۱ ☆ كنز العمال للمتقى، ۲۸۳۳۹، ۵۵/۱۰

فتح البارى لابن حجر، ۱۵۹/۱۰ ☆ السلسلة الصحيحة للالبانى، ۱۰۶۴

الطب النبوى للذهبى، ۱۱۶ ☆ التاريخ الكبير للبخارى، ۱۳۸/۱

الكامل لابن عدى، ۲۱۸/۶ ☆ السنن الكبير للبيهقى، ۲۱۹/۷

حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مجذوموں کی طرف نگاہ جما کر نہ دیکھو۔

۱۲۷۶۔ **عن** عبد الله بن عباس رضى الله تعالىٰ عنهما قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: لَا تُحِدُّوا النَّظَرَ اِلَى الْمَجْذُوْمِيْنَ۔

حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مجذوموں کی طرف نگاہ جما کر نہ دیکھو۔

۱۲۷۷۔ **عن** الحسين السيد الشهيد الريحانة الاصغر بن علي رضى الله تعالىٰ عنهما قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: لَا تُدِيْمُوا النَّظَرَ اِلَى الْمَجْذُوْمِيْنَ، اِذَا كَلَّمْتُمُوْهُمْ فَلْيَكُنْ بَيْنَكُمْ وَ بَيْنَهُمْ قَدْرُ رُمْحٍ۔

حضرت امام حسین شہید کربلا نواسۂ اصغر ابن علی رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مجذوموں کی طرف نگاہ جما کر نہ دیکھو، اور جب گفتگو کرو تو تمہارے اور ان کے درمیان ایک نیزے کا فاصلہ رہے۔ ۱۲م

۱۲۷۸۔ **عن** يعلى بن عطاء عن رجل من آل الشريد يقال له عمرو عن ابيه قال: كان في وفد ثقيف رجل مجزوم فارسل اليه النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم اِرْجِعْ فَقَدْ بَايَعْنَاكَ۔

حضرت یعلی بن عطاء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ خاندان شرید کے ایک مرد سے راوی جن کو عمرو کہا جاتا تھا وہ اپنے والد سے روایت کرتے کہ وفد ثقیف میں ایک جزامی مرد تھے تو حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کو کہلا بھیجا: جاؤ تم سے ہم نے بیعت کرلی۔ ۱۲م

۱۲۷۹۔ عن أنس رضى الله تعالىٰ عنه قال: راى النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم مجذوما فقال: يَا أَنَسُ! اِثْنِ الْبِسَاطَ لَا يَطَأُ عَلَيْهِ بِقَدَمِهِ۔

۱۲۷۶۔ السنن الكبرى للبيهقى، ۲۱۸/۷ ☆
۱۲۷۷۔ المسند لاحمد بن حنبل، ۷۸/۱ ☆ الجامع الصغير للسيوطى، ۱۷۸/۲
۱۲۷۸۔ السنن لابن ماجه، باب الجذام، ۲۶۱/۲
۱۲۷۹۔ العلل المتناهية لابن الجوزى، ۳۸۷/۲ ☆ كنز العمال للمتقى، ۲۸۳۴۱، ۹۶/۱۰

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک مجذوم کو آتے دیکھا تو فرمایا: اے انس! بچھونا الٹ دو۔ کہیں یہ اس پر اپنا پاؤں نہ رکھدے۔

۱۲۸۰۔ **عن** عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: اِنْ كَانَ شَیْءٌ مِّنَ الدَّآءِ یُعْدِیْ فَهُوَ هٰذَا یَعْنِی الْجُذَامَ۔

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر کوئی بیماری اڑ کر لگ سکتی تو وہ یہی ہے۔

۱۲۸۱۔ **عن** ابن ابی ملیکه رضی اللہ تعالیٰ عنه قال: ان عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنه مر بامرأة مجذومة و هی تطوف بالبیت و قال لها: یا امة اللہ! لا توذی الناس، لو جلست فی بیتك، فجلست، فمربها رجل بعد ذلك فقال: ان الذی كان نهاك قد مات فاخرجی، قالت: ما كنت لا طیعه حیا و اعصیه میتا۔

حضرت ابن ابی ملیکہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ امیر المؤمنین حضرت عمر فاروق اعظم نے ایک جذامی عورت کو کعبہ معظمہ کا طواف کرتے دیکھا۔ فرمایا: اے اللہ کی لونڈی! لوگوں کو ایذا نہ دے، اچھا ہو کہ تم اپنے گھر میں بیٹھی رہو۔ پھر وہ گھر سے نہ نکلیں۔ امیر المؤمنین کے وصال کے بعد ایک شخص ان کے پاس گئے اور کہا: جنہوں نے تم کو نکلنے سے منع کیا تھا ان کا انتقال ہو چکا۔ لہذا اب تم نکلو۔ بولیں: میری غیرت یہ گوارا ہی نہیں کرتی کہ جس کی اطاعت میں ان کی زندگی میں کرتی تھی اب بعد انتقال ان کی نافرمانی کروں۔ ۱۲م

(۶) جذامی کے ساتھ قیام وطعام

۱۲۸۲۔ **عن** خارجة بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنه قال: ان عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنه دعا هم لغدائه فها بو و كان فیهم معیقیب و كان به جزام فاكل معیقیب معهم، فقال له عمر: خذ مما یلیك و من شقك، فلو كان غیرك ما اكلنی فی صحفة و لكان بینی و بینه قید رمح۔

فقیہ مدینہ حضرت خارجہ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ امیر المؤمنین

۱۲۸۱۔ كنز العمال للمتقی، ٤، ٢٨٥، ١٠/٩٦

۱۲۸۲۔ الطبقات الكبری لابن سعد، ☆ كنز العمال للمتقی، ١٠، ٢٨٥، ١٠/٩٥

حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے صبح کو کچھ لوگوں کی دعوت کی، لوگوں کو کچھ تشویش ہوئی کہ ان میں حضرت معیقیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی تھے جن کو یہ مرض تھا۔ لیکن ان کو سب کیساتھ کھانے میں شریک کیا گیا اور امیر المؤمنین نے ان سے فرمایا: اپنے قریب سے اپنی طرف سے لیجئے اگر آپ کے سوا کوئی اور اس مرض کا ہوتا تو میرے ساتھ ایک رکابی میں نہ کھاتا اور مجھ میں اور اس میں ایک نیزے کا فاصلہ ہوتا۔ ۱۲م

۱۲۸۳۔ **عن** خارجة بن زيد رضى الله تعالىٰ عنه قال : ان عمر بن الخطاب وضع له العشاء مع الناس يتعشون فخرج فقال : لمعيقيب بن ابى فاطمة الدوسى و كان له صحبة و كان من مهاجر الحبشة ، ادن فاجلس ، و ايم الله : لو كان غيرك به الذى بك لما حلس منى ادنى من قيد رمح۔

فقیہ مدینہ حضرت خارجہ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ امیر المؤمنین حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دستر خوان پر شام کو کھانا رکھا گیا۔ لوگ حاضر تھے۔ امیر المؤمنین برآمد ہوئے کہ ان کیساتھ کھانا تناول فرمائیں۔ معیقیب بن ابی فاطمہ دوسی صحابی مہاجر حبشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا: قریب آیئے، بیٹھئے، خدا کی قسم! دوسرا ہوتا تو ایک نیزے سے کم فاصلہ پر میرے پاس نہ بیٹھتا۔

۱۲۸۴۔ **عن** محمود بن لبيد رضى الله تعالىٰ عنه قال ـ امرنى يحيى بن الحكم على جرش ، فقدمتها فحدثونى ان عبد الله بن جعفررضى الله تعالىٰ عنهما حدثهم أن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قال لصاحب هذا لوجع ، الجذام اتقوه كما يتقى السبع ، اذ اهبط و اديا فاهبطوا غيره فقلت لهم: و الله ! لئن كان ابن جعفر حدثكم هذا ما كذبكم ، فلما عزلنى عن جرش فقدمت المدينة فلقيت عبد الله بن جعفر فقلت : يا أبا جعفرا ما حديث حدثنى به عنك اهل جرش ، قال : فقال : كذبوا و الله ! ما حدثتهم هذا و لقد رأيت عمر بن الخطاب يؤتى بالاناء فيه الماء فيعطيه معيقيبا و كان رجلا قداسرع فيه ذلك الوجع فيشرب منه ثم يتناوله عمر من يده فيضع فمه موضع فمه حتى يشرب منه فعرفت انما

۱۲۸۳۔ الطبقات الكبرى لابن سعد، ۱۱۸/۴ ☆ كنز العمال للمتقى، ۲۸۵۰۲، ۹۰/۱۰

۱۲۸۴۔ الطبقات الكبرى لابن سعد، ۱۱۷/۴ ☆ كنز العمال للمتقى، ۲۸۵۰۰، ۹۴/۱۰

یصنع عمر ذلك فرارا من أن يدخله شئ من العدوى ، قال : و كان يطلب له الطب من كل من سمع له بطب حتى قدم عليه رجلان من أهل اليمن فقال: هل عند كما من طب لهذا الرجل الصالح ، فان هذا الوجع قد أسرع فيه فقالا : أما شئ يذهبه فلا نقدر عليه ، و لكنا سند اويه دواء يقفه فلا يزيد ، فقال عمر : عافية عظيمة ان يقف فلا يزيد فقالا له : هل تنبت ارضك الحنظل ؟ قال : نعم ، قالا : فأجمع لنا منه فامر فجمع له منه مكتلين عظيمين فعمدا الى كل حنظلة فشقاها ثنتين ، ثم اضجعا معيقيبا ثم أخذ كل رجل منهما بإحدى قدميه ، ثم جعلا يدلكان بطون قدميه الحنظلة حتى اذا محقت أخذا أخرى حتى رأينا معيقيبا يتنخم أخضر مرا ، ثم أرسلاه فقالا لعمر ، لا يزيد و جعة بعد هذا أبدا قال: فو الله! ما زال معيقيب متماسكالا يزيد و جعه حتى مات ۔

حضرت محمود بن لبید انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بعض ساکنان موضع جرش نے بیان کیا کہ حضرت عبد اللہ بن جعفر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے حدیث بیان کی کہ حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جزامی سے بچو جیسے درندے سے بچتے ہو وہ ایک نالے میں اترے تو تم دوسرے میں اترو میں نے کہا: واللہ! اگر عبد اللہ بن جعفر نے یہ حدیث بیان کی تو غلط نہ کہا جب میں مدینہ طیبہ آیا۔ ان سے ملا اور اس حدیث کا حال پوچھا۔ کہ اہل جرش آپ سے یوں ناقل تھے۔ فرمایا: واللہ انہوں نے غلط نقل کی میں نے یہ حدیث ان سے نہ بیان کی۔ میں نے تو امیر المؤمنین حضرت عمر فاروق اعظم کو یہ دیکھا کہ پانی ان کے پاس لایا جاتا۔ وہ معیقیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو دیتے۔ معیقیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ پی کر اپنے ہاتھ سے امیر المؤمنین کو دیتے امیر المؤمنین ان کے منہ رکھنے کی جگہ اپنا منہ رکھ کر پانی پیتے۔ میں سمجھتا کہ امیر المؤمنین یہ اس لئے کرتے ہیں کہ بیماری اڑ کر لگنے کا خطرہ ان کے دل میں نہ آنے پائے۔ حضرت عبد اللہ بن جعفر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں: امیر المؤمنین فاروق اعظم جسے طبیب سنتے معیقیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کیلئے اس سے علاج چاہتے۔ دو حکیم یمن سے آئے۔ ان سے بھی فرمایا: وہ بولے جاتا رہے یہ تو ہم سے ہو نہیں سکتا۔ ہاں ایسی دوا کر دیں گے کہ بیماری ٹھہر جائے بڑھنے نہ پائے۔ امیر المؤمنین نے فرمایا: بڑی تندرستی ہے کہ مرض ٹھہر جائے بڑھنے نہ پائے انہوں نے دو بڑی زنبیلیں بھروا کر اندرائن کے تازہ پھل منگوائے جو خربوزہ کی شکل اور نہایت تلخ ہوتے ہیں۔ پھر

ہر پھل کے دو دو ٹکڑے کئے اور معیقیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو لٹا کر دونوں طبیبوں نے ایک ایک تلوے پر ایک ایک ٹکڑا ملنا شروع کیا۔ جب وہ ختم ہو گیا دوسرا لایا یہاں تک معیقیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے منہ اور ناک سے سبز رنگ کی کڑوی رطوبت نکلنے لگی اس وقت چھوڑ کر دونوں طبیبوں نے کہا اب بیماری کبھی ترقی نہ کرے گی۔ حضرت عبداللہ فرماتے ہیں۔ واللہ! معیقیب اس کے بعد ایک ٹھہری حالت پر رہے۔ تادم مرگ مرض کی زیادتی نہ ہوئی۔

۱۲۸۵۔ **عن** عبد الرحمن بن القاسم عن ابیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال۔ قدم علی ابی بکر و فد من ثقیف فأتی بطعام فدنا القوم وتنحی رجل بہ ھذا الداء یعنی الجزام فقال لہ ابو بکر: ادنہ فدنا قال : کل فاکل ، و جعل ابو بکر یضع یدہ موضع یدہ فیاکل مما یاکل من المجذوم ۔

حضرت عبدالرحمن بن قاسم بن محمد بن ابی بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے روایت ہے کہ یہ اپنے والد حضرت قاسم بن محمد سے راوی کہ امیر المؤمنین حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دربار میں قوم ثقیف کی سفارت حاضر ہوئی کھانا حاضر لایا گیا۔ وہ لوگ نزدیک آئے مگر ایک صاحب کہ اس مرض میں مبتلا تھے الگ ہو گئے۔ صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: قریب آؤ قریب آئے فرمایا: کھانا کھاؤ کھانا کھایا۔ حضرت قاسم فرماتے ہیں۔ صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس طرح شروع کیا کہ جہاں سے وہ مجذوم نوالہ لیتے وہیں سے صدیق اکبر نوالہ لیکر نوش فرماتے۔

۱۲۸۶۔ **عن** نافع بن القاسم رضی اللہ تعالیٰ عنہ عن جدتہ فطیمۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہما قالت دخلت علی عائشۃ الصدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فسألتہا أ کان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یقول فی المجذومین: فروا منھم کفرارکم من الاسد ، قالت : کلا و لکنہ لا عدوی فمن اعدی الاول ۔

حضرت نافع بن قاسم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ اپنی دادی حضرت فطیمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روای ۔ فرماتی ہیں: کہ میں ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی

۱۲۸۵۔ کنز العمال للمتقی، ۲۸۴۹۸، ۹۳/۱۰

۱۲۸۶۔ کنز العمال للمتقی، ۲۸۵۰۷، ۹۷/۱۰

اللہ تعالیٰ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوئی اور آپ سے کہا: کیا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مجذوموں کے بارے میں یہ فرماتے کہ ان سے ایسا بھاگو جیسا شیر سے بھاگتے ہو؟ ام المؤمنین نے فرمایا: ہر گز نہیں بلکہ یہ فرماتے تھے کہ بیماری اڑ کر نہیں لگتی۔ جسے پہلے ہوئی اسے کس کی اڑ کر لگی۔

﴿۳﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

ام المؤمنین کا یہ انکار اپنے علم کی بنا پر ہے، یعنی میرے سامنے ایسا نہ فرمایا بلکہ یوں فرمایا اور ہے یہ کہ دونوں ارشاد حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے بصحت کافیہ ثابت ہیں۔

حدیث جلیل عظیم صحیح مشہور بلکہ متواتر جس سے ام المؤمنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے استدلال کیا کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: "لا عدوی" بیماری اڑ کر نہیں لگتی۔

یہ حدیث تیرہ صحابہ کرام سے مروی ہے۔ اس کے متعدد طرق میں وہ جواب قاطع ہر شک وارتیاب ہوا جسے ام المؤمنین نے اپنے استدلال میں روایت فرمایا۔

صحیحین وسنن ابی داؤد وشرح معانی الآثار امام طحاوی وغیرہا میں حدیث ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے۔ جب حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے یہ فرمایا کہ بیماری اڑ کر نہیں لگتی، تو ایک بادیہ نشین نے عرض کی: یا رسول اللہ! پھر اونٹوں کا کیا حال ہے کہ ریتی میں ہوتے ہیں جیسے ہرن یعنی صاف شفاف بدن، ایک اونٹ خارش والا آکر ان میں داخل ہوتا ہے جس سے خارش ہو جاتی ہے۔ حضور پر نور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: فمن اعدی الاول، اس پہلے کو کس کی اڑ کر لگی۔

احمد ومسلم وابوداؤد وابن ماجہ کے یہاں حدیث ابن عمر سے ہے ارشاد فرمایا: ذلکم القدر فمن اجرب الاول یہ تقدیری باتیں ہیں بھلا پہلے کو کس نے کھجلی لگادی۔

یہی ارشاد احادیث عبد اللہ بن مسعود، عبد اللہ بن عباس، ابوامامہ باہلی، اور عمیر بن سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہم میں مروی ہوا حدیث اخیر میں اس توضیح کے ساتھ ہے کہ فرمایا: الم تروا الی البعیر یکون فی الصحراء فیصبح وفی کر کرتہ اوفی مراق بطنہ نکتۃ من جرب لم تکن قبل ذلک فمن اعدی الاول

کیا دیکھتے نہیں کہ اونٹ جنگل میں ہوتا ہے یعنی الگ تھلگ کہ اس کے پاس کوئی بیمار اونٹ نہیں صبح کو دیکھو تو اس کے بیچ سینے یا پیٹ کی نرم جگہ میں کھجلی کا دانہ موجود ہے بھلا اس پہلے کو کس کی اڑ کر لگ گئی۔

حاصل ارشاد یہ ہے کہ قطع تسلسل کیلئے ابتداء بغیر دوسرے سے منتقل ہوئے خود اس میں بیماری پیدا ہونے کا ماننا لازم ہے۔ تو حجت قاطعہ سے ثابت ہوا کہ بیماری خود بخود بھی حادث ہو جاتی ہے۔ اور جب یہ مسلم تو دوسرے میں انتقال کے سبب پیدا ہونا محض وہم علیل وادعائے بے دلیل رہا۔

فتاوی رضویہ حصہ اول ۹/ ۲۴۵

اب بتوفیق اللہ تعالی تحقیق حکم سنئے۔

اقول وباللہ التوفیق: احادیث قسم ثانی تو اپنے افادہ میں صاف صریح ہیں کہ بیماری اڑ کر نہیں لگتی۔ کوئی مرض ایک سے دوسرے کی طرف سرایت نہیں کرتا۔ کوئی تندرست بیمار کے قرب واختلاط سے بیمار نہیں ہو جاتا۔ جسے پہلے شروع ہوئی اس کو کس کی اڑ کر لگی، ان متواتر و روشن وظاہر ارشادات عالی کو سن کر یہ خیال کسی طرح گنجائش نہیں پاتا کہ واقع میں تو بیماری اڑ کر لگتی ہے مگر رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے زمانہ جاہلیت کا وسوسہ اٹھانے کے لئے مطلقا اس کی نفی فرمائی ہے۔

پھر حضور اقدس صلی اللہ تعالی علیہ وسلم واجلہ صحابہ کرام رضی اللہ تعالی عنہم کی عملی کارروائی مجذوموں کو اپنے ساتھ کھلانا، ان کا جوٹھا پانی پینا ان کا ہاتھ اپنے ہاتھ سے پکڑ کر برتن میں رکھنا، خاص ان کے کھانیکی جگہ نوالہ اٹھا کر کھانا، جہاں منہ لگا کر انہوں نے پانی پیا بالقصد اسی جگہ منہ رکھ کر نوش کرنا یہ اور یہ بھی واضح کر رہا ہے کہ عدوی یعنی ایک کی بیماری دوسرے کو لگ جانا محض خیال باطل ہے۔ ورنہ اپنے کو بلا کیلئے پیش کرنا شرع ہرگز روا نہیں رکھتی۔ قال اللہ تعالی۔

و لا تلقوا بایدیکم الی التھلکۃ۔

آپ اپنے ہاتھوں ہلاکت میں نہ پڑو۔

رہیں قسم اول (مجذوموں سے دور ونفور رہنے) کی حدیثیں وہ اس درجہ عالیہ صحت پر نہیں جس پر احادیث نفی ہیں۔ ان میں اکثر ضعیف ہیں۔ اور بعض غایت درجہ حسن ہیں صرف حدیث اول کی تصحیح ہو سکی ہے مگر وہی حدیث اس سے اعلی وجہ پر جو صحیح بخاری میں آئی خود اسی

میں ابطال عدوی موجود کہ مجذوم سے بھاگو اور بیماری اڑ کر نہیں لگتی تو یہ حدیث خود واضح فرما رہی ہے کہ بھاگنے کا حکم اس وسوسہ اور اندیشہ کی بنا پر نہیں۔

معہذا صحت میں اس کا پایہ بھی دیگر احادیث نفی سے گرا ہوا ہے کہ اسے امام بخاری نے مسند اروایت نہ کیا بلکہ بطور تعلیق۔

لہذا اصلاً کوئی حدیث ثبوت عدوی میں نص نہیں۔ یہ تو متواتر حدیثوں میں فرمایا کہ بیماری اڑ کر نہیں لگتی۔ اور یہ ایک حدیث میں بھی نہیں آیا کہ عادی طور پر اڑ کر لگ جاتی ہے۔

ہاں وہ حدیث کہ جذامیوں کی طرف نظر جما کر نہ دیکھو ان کی طرف تیز نگاہ نہ کرو۔ صاف یہ تحمل رکھتی ہے کہ ادھر زیادہ دیکھنے سے تمہیں گھن آئے گی، نفرت پیدا ہوگی، ان مصیبت زدوں کو تم حقیر سمجھوگے۔ ایک تو یہ خود حضرت عزت کو پسند نہیں، پھر اس سے ان گرفتاران بلا کو ناحق ایذا پہونچے گی۔ اور یہ روا نہیں۔

علامہ مناوی تیسیر شرح جامع صغیر میں فرماتے ہیں۔

(لا تحدو النظر) لانہ اذی ان لا تعافوھم فتزدروھم او تحتقروھم۔

علامہ فتنی مجمع بحار الانوار میں فرماتے ہیں

لا تدیمو النظر الی المجذومین۔ لانہ اذا ادامہ حقر و تازی بہ المجذوم۔

اور ایک حدیث میں وفد ثقیف کے ایک ثقفی سے فرمایا: پلٹ جاؤ تمہاری بیعت ہوگئی، اس میں متعدد وجوہ ہیں۔

☆ انہیں مجلس اقدس میں نہ بلایا کہ حاضرین دیکھ کر حقیر نہ سمجھیں۔

☆ حضار میں کسی کو دیکھ کر یہ خیال پیدا نہ ہو کہ ہم ان سے بہتر ہیں۔ خود بینی اس مرض سے بھی سخت تر بیماری ہے۔

☆ مریض اہل مجمع کو دیکھ کر غمگین نہ ہو کہ یہ سب ایسے چین میں ہیں اور وہ بلا میں۔ تو اسکے قلب میں تقدیر کی شکایت پیدا ہوگی۔

☆ حاضرین کا لحاظ خاطر فرمایا کہ عرب بلکہ عرب و عجم جمہور بنی آدم بالطبع ایسے مریض کی قربت سے برا مانتے ہیں، نفرت لاتے ہیں۔

☆ ممکن کہ خاطر مریض کا لحاظ فرمایا۔ کہ ایسا مریض خصوصاً و بمتلا خصوصاً ذی وجاہت مجمع

میں آتے ہوئے شرماتا ہے۔

☆ ممکن کہ مریض رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ہاتھوں سے رطوبت نکلتی تھی تو نہ چاہا کہ مصافحہ فرمائیں۔

غرضکہ واقعۂ حال محل صد گونہ احتمال ہوتا ہے، حجت عام نہیں ہوسکتا۔

ایک حدیث میں بچھونا لپیٹنے کو فرمایا۔

اقول: ممکن کہ اس لئے فرمایا ہو کہ مریض کے پاؤں سے رطوبت نہ ٹپکے

ایک حدیث میں یہ کہ اگر کوئی بیماری اڑ کر لگتی ہو تو جذام ہے۔ اگر کا لفظ خود بتاتا ہے کہ اڑ کر لگنا ثابت نہیں۔

تیسیر میں ہے۔

قوله ان كان ، دليل على ان هذا الامر غير محقق عنده۔

رہا اس وادی سے جلد گزر جانا

اقول: اس میں وہ پانچ وجوہ پیشیں جاری جو حدیث سابق کے بارے میں گزریں۔ فافهم

اور وہ حدیث کہ فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ان بی بی کو منع فرمایا:

اقول: وہاں بھی چار وجہ اولیں جاری کما لا یخفی۔

اور دو حدیثوں میں امیر المؤمنین کا حضرت معیقیب رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے فرمانا: کہ دوسرا ہوتا تو مجھ سے ایک نیزے کے فاصلہ پر بیٹھتا۔

اقول: انہیں حدیثوں میں ہے کہ ان کو اپنے ساتھ کھلایا، اگر یہ امر عدویٰ کا سبب عادی ہوتا تو اہل فضل کی خاطر سے اپنے آپ کو معرض بلا میں ڈالنا روا نہ ہوتا۔

اور بعد کی حدیث نے تو خوب ظاہر کر دیا کہ امیر المومنین خیال عدویٰ کی بیخ کنی فرماتے تھے۔ نری خاطر منظور تھی تو اس شدت مبالغہ کی کیا حاجت تھی کہ پانی انہیں پلا کر ان کے ہاتھ سے لیکر خاص منہ رکھنے کی جگہ پر منہ لگا کر خود پیتے۔ معلوم ہوا کہ عدویٰ بے اصل ہے، تو اس فرمانے کا منشا مثلا یہ ہوا کہ ایسے مریض سے تنفر انسان کا طبعی امر ہے، آپ کا فضل اس پر حامل ہے کہ وہ تنفر مضمحل و زائل ہو گیا۔ دوسرا ہوتا تو ایسا نہ ہوتا۔

قول مشہور و مذہب جمہور و مشرب منصور کہ دوری و فرار کا حکم اس لئے ہے کہ اگر قرب و اختلاط رہا اور معاذ اللہ قضا و قدر سے کچھ مرض اسے بھی حادث ہو گیا تو ابلیس لعین اسکے دل میں وسوسہ ڈالے گا کہ دیکھ بیماری اڑ کر لگ گئی۔ اول تو یہ ایک امر باطل کا اعتقاد ہوگا۔ اسی قدر فساد کیلئے کیا کم تھا پھر متواتر حدیثوں میں سن کر کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے صاف فرمایا ہے بیماری اڑ کر نہیں لگتی۔ یہ وسوسہ دل مس جمنا سخت خطرناک اور ہائل ہوگا۔ لہذا ضعیف الیقین لوگوں کو اپنا دین بچانے کیلئے دوری بہتر ہے ہاں، کامل الایمان وہ کرے جو صدیق اکبر و فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے کیا اور کس قدر مبالغہ کے ساتھ کیا۔ اگر عیاذ اًباللہ کچھ حادث ہوتا ان کے خواب میں بھی خیال نہ گزرتا کہ یہ عدوائے باطلہ سے پیدا ہوا۔ ان کے دلوں میں کوہ گراں شکوہ سے زیادہ مستقر تھا کہ لن یصیبنا الا ما کتب اللہ لنا بے تقدیر الٰہی کچھ نہ ہو سکے گا۔

اسی طرف اس قول و فعل حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہدایت فرمائی کہ اپنے ساتھ کھلایا اور کل ثقة باللہ و توکلا علیہ فرمایا۔

امام اجل امین۔ امام الفقہاء والمحدثین، امام اہل الجرح والتعدیل امام اہل التصحیح و التعلیل، حدیث وفقہ دنوں کے حاوی سیدنا امام ابو جعفر طحاوی نے شرح معانی الآثار شریف میں دربارہ نفی عدویٰ احادیث روایت کر کے یہی تفصیل بیان فرمائی۔

بالجملہ مذہب معتمد وصحیح و رجیح و نجیح یہ ہے کہ جذام، کھجلی، چیچک، طاعون وغیرہا اصلا کوئی بیماری ایک کی دوسرے کو ہرگز ہرگز اڑ کر نہیں لگتی، یہ محض اوہام بے اصل ہیں۔ کوئی وہم پکائے جائے تو کبھی اصل بھی ہو جاتا ہے کہ ارشاد ہوا

انا عند ظن عبدی بی۔

وہ اس دوسرے کی بیماری اسے نہ لگی بلکہ خود اس کی باطنی بیماری کہ وہم پرورده تھی صورت پکڑ کر ظاہر ہو گئی۔

فیض القدیر میں ہے۔

بل الوھم وحدہ من اکبر اسباب الاصابة

اس لئے اور نیز کراہت واذیت وخود بینی وتحقیر مجذوم سے۔ بچنے کے واسطے اور اس

دوراندیشی ہے کہ مبادا اسے کچھ پیدا ہوا اور ابلیس لعین وسوسہ ڈالے کہ دیکھ بیماری اڑ کر لگ گئی اور معاذ اللہ اس امر کی حقانیت اس کے خطرہ میں گزرے گی جسے مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم باطل فرما چکے۔ یہ اس مرض سے بھی بدتر مرض ہوگا۔ ان وجوہ سے شرع حکیم ورحیم نے ضعیف الیقین لوگوں کو حکم استحبابی دیا ہے کہ اس سے دور رہیں۔ اور کامل الایمان بندگان خدا کیلئے کچھ حرج نہیں کہ وہ ان سب مفاسد سے پاک ہیں۔

خوب سمجھ لیا جائے کہ دور ہونے کا حکم ان حکمتوں کی وجہ سے ہے۔ نہ یہ کہ معاذ اللہ بیماری اڑ کر لگتی ہے۔ اسے تو اللہ ورسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم رد فرما چکے جل جلالہ وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

اقول: پھر از آنجا کہ یہ حکم ایک احتیاطی استحبابی ہے واجب نہیں۔ لہذا ہرگز کسی واجب شرعی کا معارضہ نہ کرے گا۔ مثلاً معاذ اللہ جسے یہ عارضہ ہو اس کے اولاد واقارب وزوجہ سب اس احتیاط کے باعث اس سے دور بھاگیں اور اسے تنہا وضائع چھوڑ جائیں یہ ہرگز حلال نہیں۔ بلکہ زوجہ ہرگز اسے ہم بستری سے بھی منع نہیں کر سکتی۔ لہذا ہمارے شیخین مذہب امام اعظم، وامام ابو یوسف رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے نزدیک جذام شوہر سے عورت کو درخواست فسخ نکاح کا اختیار نہیں۔ اور خدا ترس بندے تو برعکس بے یار کی اعانت اپنے ذمہ پر لازم سمجھتے ہیں۔ حدیث میں ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

الله الله فی من لیس له الا الله ۔

اللہ سے ڈور اللہ سے ڈرو، اس کے بارے میں جس کا کوئی نہیں سوا اللہ کے

لہذا علماء کا اتفاق ہے کہ مجذوم کے پاس بیٹھنا اٹھنا مباح ہے اور اس کی خدمت گزاری وتیمارداری موجب ثواب۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

فتاوی رضویہ حصہ دوم ۹/۲۵۳

۶

کتاب الزکوۃ

ابواب

۱۔ زکوۃ کی اہمیت وفرضیت

(۱) فضائل زکوۃ

۱۲۸۷۔ **عن** أم المؤمنين عائشة الصديقه رضى الله تعالىٰ عنها قالت: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم : مَا خَالَطَتِ الصَّدَقَةُ أَوْ مَالُ الزَّكوةِ مَا لاَ اِلَّا أَفْسَدَتْهُ۔

ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: زکوۃ کا مال جس مال میں ملا ہوگا اسے، تباہ وبرباد کردے گا۔

۱۲۸۸۔ **عن** أبى هريره رضى الله تعالىٰ عنه عن امير المؤمنين عمر الفاروق الاعظم رضى الله تعالىٰ عنه قال : قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم : مَا تَلَفَ مَالٌ فِى بَرٍّ وَّ لاَ بَحْرٍ اِلَّا بِحَبْسِ الزَّكوةِ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ امیر المؤمنین حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت کرتے ہیں: کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: خشکی وتری میں جو مال تلف ہوتا ہے وہ زکوۃ نہ دینے ہی سے تلف ہوتا ہے۔

۱۲۸۹۔ **عن** جابر بن عبد الله رضى الله تعالىٰ عنهما قال : قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم : مَنْ أَدّٰى زَكوةَ مَالَهٗ فَقَدْ أَذْهَبَ اللّٰهُ شَرَّهٗ۔

حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے اپنے مال کی زکوۃ ادا کردی بیشک اللہ تعالیٰ نے اس مال کا شر اس سے دور فرمادیا۔

فتاوی رضویہ ۴/۴۳۳

۱۲۸۷۔ مجمع الزوائد للهيثمى، ۶۴/۳ ☆ الترغيب و الترهيب للمنذرى، ۵۴۳/۱
التفسير لابن كثير، ۱۹۳/۲ ☆ الجامع الصغير للسيوطى، ۴۸۲/۲
۱۲۸۸۔ مجمع الزوائد للهيثمى، ۶۳/۳ ☆ الترغيب و الترهيب للمنذرى، ۵۴۲/۱
كنز العمال للمتقى، ۱۵۸۰۷، ۳۰۶/۶ ☆ كشف الخفاء للعجلونى، ۴۱۶/۲
الجامع الصغير للسيوطى، ۴۸۱/۲ ☆ السلسلة الضعيفة للالبانى، ۵۷۵
۱۲۸۹۔ المستدرك للحاكم، ۳۹۰/۱ ☆ الترغيب والترهيب للمنذرى، ۵۱۹/۱
مجمع الزوائد للهيثمى، ۶۳/۳ ☆ كنز العمال للمتقى، ۱۵۷۷۸، ۳۸۲/۶

۱۲۹۰۔ **عن** الحسن البصری رضی اللہ تعالیٰ عنہ مرسلا قال : قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم : حَصِّنُوا أَمْوَالَكُمْ بِالزَّكٰوةِ وَدَاوُوا مَرْضَاكُمْ بِالصَّدَقَةِ۔

حضرت حسن بصری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مرسلا روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اپنے مالوں کو مضبوط قلعوں میں کرلو زکوۃ دے کر اور اپنے بیماروں کا علاج کرو خیرات سے۔

۱۲۹۱۔ **عن** جماعۃ من الصحابۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہم قالوا : قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حَصِّنُوا أَمْوَالَكُمْ بِالزَّكٰوةِ وَدَاوُوا مَرْضَاكُمْ بِالصَّدَقَةِ۔

صحابۂ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کی ایک جماعت سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اپنے مالوں کو مضبوط قلعوں میں کرلو زکوۃ دے کر اور اپنے بیماروں کا علاج کرو خیرات سے۔

﴿۱﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

اے عزیز! ایک بے عقل گنوار کو دیکھ! کہ تخم گندم اگر پاس نہیں ہوتا بہزار دقت قرض دام سے حاصل کرتا ہے اور اسے زمین میں ڈال دیتا ہے اس وقت تو اس نے اپنے ہاتھوں سے خاک میں ملا دیا مگر امید لگی ہے۔ کہ خدا چاہے تو یہ کھونا بہت کچھ پانا ہو جائے گا۔ تجھے اس گنوار کسان کے برابر بھی عقل نہیں۔ یا جس قدر ظاہری اسباب پر بھروسہ ہے اپنے مالک جل وعلا کے ارشاد پر اتنا اطمینان بھی نہیں کہ اپنے مال بڑھائے۔ اور ایک ایک دانہ کا ایک ایک پیڑ بنانے کو زکوۃ کا بیج ڈالے وہ فرماتا ہے۔ زکوۃ دو تمہارا مال بڑھے گا اگر دل سے اس فرمان پر یقین نہیں جب تو کھلا کفر ہے۔ ورنہ تجھ سے بڑھ کر احمق کون کہ اپنے یقینی نفع دین و دنیا کی ایسی

۱۲۹۰۔ المراسیل لابی داؤد، ۸ ☆ السنن الکبری للبیہقی، ۳/۳۸۲
مجمع الزوائد للہیثمی، ۳/۶۳ ☆ المعجم الکبیر للطبرانی، ۱۰/۱۵۸
الترغیب و الترہیب للمنذری، ۱/۵۲۰ ☆ کنز العمال للمتقی، ۱۵۷۵۹، ۶/۲۹۲
حلیۃ الاولیاء لابی نعیم، ۲/۱۰۴ ☆ تاریخ بغداد للخطیب، ۶/۳۳۴
کشف الخفاء للعجلونی، ۱/۴۳۲ ☆ العلل المتناہیۃ، ۲/۲
۱۲۹۱۔ المعجم الکبیر للطبرانی، ۱۰/۵۸ ☆ السنن الکبری للبیہقی، ۳/۳۸۲
الجامع الصغیر للسیوطی، ۱/۲۲۷ ☆

بھاری تجارت چھوڑ کر دونوں جہاں کا زیاں مول لیتا ہے۔ فتاوی رضویہ ۴/۴۳۴

(۲) زکوۃ کی فرضیت

۱۲۹۲۔ **عن** علقمة رضی الله تعالیٰ عنه قال : قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : اِنَّ تَمَامَ اِسْلَامِکُمْ اَنْ تُؤَدُّوْا زَکٰوةَ اَمْوَالِکُمْ ۔

حضرت علقمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تمہارے اسلام کا پورا ہونا یہ ہے کہ اپنے مالوں کی زکوۃ ادا کرو۔

۱۲۹۳۔ **عن** عبد الله بن عمر رضی الله تعالیٰ عنهما قال : قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : مَنْ کَانَ یُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ فَلْیُؤَدِّ زَکٰوةَ مَالِهٖ ۔

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو اللہ اور اللہ کے رسول پر ایمان لایا اس پر لازم ہے کہ اپنے مال کی زکوۃ ادا کرے۔

(۳) حولان حول پر زکوۃ ادا کرنا واجب ہے

۱۲۹۴۔ **عن** أم المؤمنین عائشة الصدیقة رضی الله تعالیٰ عنها قالت : قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : لَا زَکٰوةَ فِیْ مَالٍ حَتّٰی یَحُوْلَ عَلَیْهِ الْحَوْلُ ۔

فتاوی رضویہ ۴/۳۸۸

ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کسی مال میں زکوۃ کی ادائیگی اس وقت تک واجب نہیں جب تک ایک سال قمری نہ گزر جائے۔ ۱۲م

۱۲۹۲۔ مجمع الزوائد للهیثمی، ۳/۶۲ ☆ الترغیب والترهیب للمنذری، ۱/۵۲۰

۱۲۹۳۔ المعجم الکبیر للطبرانی، ۱۲/۴۲٤ ☆ کنز العمال للمتقی، ۴۳۳۷۷، ۱۵/۸۴۹

۱۲۹٤۔ الجامع للترمذی، باب ما جاء لا زکوة علی المال المستفاد حتی الح ۱/۸۰

السنن لابن ماجه، باب من استفاد مالا، ۱/۱۲۸

المسند لاحمد بن حنبل، ۱/۱٤۸ ☆ الجامع الصغیر للسیوطی، ۲/۵۸٤

نصب الرایة للزیلعی، ۲/۳۲۸ ☆ تلخیص الحبیر لابن حجر، ۲/۱۵۶

اتحاف السادة للزبیدی، ٤/۱۶ ☆ کنز العمال للمتقی، ۱۵۸۶۱، ۶/۳۲۳

ارواء الغلیل للالبانی، ۳/۲۵٤ ☆

(۴) زیور کی زکوۃ فرض ہے

۱۲۹۵۔ **عن** أم المؤمنين عائشة الصديقة رضى الله تعالىٰ عنها قالت: دخل على رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فراى فى يدى فتخات من ورق فقال : ما هذا يا عائشة ! فقلت : صنعتهن اتزين لك يا رسول الله ! قال : أَتُؤَدِّيْنَ زَكٰوتَهُنَّ ؟ قلت : لا، او ما شاء الله ، قال : هُوَ حَسْبُكَ مِنَ النَّارِ ۔

ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ میرے پاس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تشریف لائے تو میرے ہاتھ میں چاندی کی بڑی بڑی انگوٹھیاں دیکھیں ۔فرمایا: یہ کیا ہے؟ اے عائشہ! میں نے عرض کیا: میں نے ان کو اس لئے بنایا ہے تاکہ آپ کی خاطر بناؤ سنوار کروں ۔فرمایا: تو کیا اسکی زکوۃ ادا کروگی میں نے کہا: نہیں، یا جو کچھ خدا کو منظور تھا کہا، آپ نے یہ سن کر فرمایا: تو جہنم میں لیجانے کو یہ کافی ہے ۔۱۲م

فتاوی رضویہ ۴/۴۳۶

(۵) زکوۃ نہ دینے والا جہنمی ہے

۱۲۹۶۔ **عن** أبى هريرة رضى الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم : عُرِضَ عَلَيَّ أَوَّلُ ثَلاَثَةٍ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ وَ أَوَّلُ ثَلاَثَةٍ يَدْخُلُوْنَ النَّارَ، فَأَمَّا أَوَّلُ ثَلاَثَةٍ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ فَالشَّهِيْدُ وَ عَبْدٌ مَّمْلُوْكٌ أَحْسَنَ عِبَادَةَ رَبِّهٖ وَنَصَحَ لِسَيِّدِهٖ وَ عَفِيْفٌ مُتَعَفِّفٌ ذُوْعِيَالٍ ، وَ أَمَّا أَوَّلُ ثَلٰثَةٍ يَدْخُلُوْنَ النَّارَ فَأَمِيْرٌ مُّسَلَّطٌ، وَ ذُوْثَرْوَةٍ مِنْ مَالٍ لَا يُؤَدِّيْ حَقَّ اللّٰهِ فِيْ مَالِهٖ ،وَ فَقِيْرٌ فُجُوْرٌ ۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مجھ پر پیش ہوا کہ تین لوگ جنت میں پہلے جائیں گے اور تین لوگ جہنم میں پہلے داخل کئے جائیں گے ۔ جنت میں پہلے جانے والے تین شخص یہ ہونگے ۔شہید، غلام جو اپنے رب کی عبادت میں مشغول رہتا تھا اور اپنے آقا کے حقوق بھی ادا کرتا تھا، اور عیال دار پاکدامن، اور جہنم میں پہلے جانے والے تین شخص یہ ہونگے ۔زبردستی حاکم بننے والا، مالدار زکوۃ

۱۲۹۵۔ السنن لابی داود، باب زكوة الحلى، ۲۱۸/۱
المستدرك للحاكم، ۳۹۰/۱

نہ دینے والا، بدکار نادار۔

﴿۲﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

غرضکہ زکوۃ نہ دینے کی جانکاہ آفتیں وہ نہیں کہ جن کی تاب آسکے، نہ دینے والے کو ہزار ہا سال ان سخت عذابوں میں گرفتاری کی امید رکھنی چاہیئے کہ ضعیف البنیان انسان کی کیا جان، اگر پہاڑوں پر ڈالی جائیں سرمہ ہوکر خاک میں مل جائیں۔ پھر اس سے بڑھ کر احمق کون کہ اپنا مال جھوٹے سچے نام کی خیرات میں صرف کرے اور اللہ عزوجل کا فرض اور اس بادشاہ قہار کا وہ بھاری قرض گردن پر رہنے دے۔ یہ شیطان کا بڑا دھوکہ ہے کہ آدمی کو نیکی کے پردے میں ہلاک کرتا ہے نادان سمجھتا ہے نیک کام کرر ہا ہوں اور نہ جانا کہ نفل بے فرض نرے دھوکے کی ٹٹی ہے۔ اس کے قبول کی امید تو مفقود اور اسکے ترک کا وبال عذاب گردن پر موجود۔

اے عزیز! فرض خاص سلطانی قرض ہے۔ اور نفل گویا تحفہ ونذرانہ، قرض نہ دیجئے اور بالائی بیکاری تحفے بھیجئے وہ قابل قبول ہوں گے؟ خصوصاً اس شہنشاہ غنی کی بارگاہ میں جو تمام جہان وجہانیان سے بے نیاز ہے یوں یقین نہ آئے تو دنیا کے جھوٹے حاکموں ہی کو آزمائے، کوئی زمیندار مالگزاری تو بند کرے اور تحفہ میں ڈالیاں بھیجا کرے۔ دیکھو! تو سرکاری مجرم ٹھرتا ہے یا اس کی ڈالیاں کچھ بہبود کا پھل لاتی ہیں۔

ذرا آدمی اپنے ہی گریبان میں منہ ڈالے۔ فرض کیجئے آسامیوں سے کسی کھنڈساری کا رس بندھا ہوا ہے جب دینے کا وقت آئے وہ رس تو ہرگز نہ دیں۔ مگر تحفہ میں آم خربوزہ بھیجیں۔ کیا یہ شخص ان آسامیوں سے راضی ہوگا۔ یا آتے ہوئے رس کی نادہندگی پر جو آزار انہیں پہونچا سکتا ہے ان آم خربوزے کے بدلے اس سے باز آئے گا۔

سبحان اللہ، جب ایک کھنڈساری کے مطالبہ کا یہ حال ہے تو ملک الملوک، احکم الحاکمین جل وعلا کے قرض کا کیا پوچھنا۔ فتاوی رضویہ ۴/۴۳۶

(۶) زکوۃ نہ دینے پر سزا وعذاب

۱۲۹۷۔ **عن** ابی ھریرۃ رضی اللہ تعالی عنہ قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم: مَا مِنْ صَاحِبِ ذَهَبٍ وَّ لَا فِضَّةٍ لَا يُؤَدِّيْ مِنْهَا حَقَّهَا اِلَّا اِذَا كَانَ يَوْم

۱۲۹۷۔ الصحیح لمسلم، باب تغلیظ عقوبۃ ۔ ۔ ۔ الخ، ۱/۳۱۸

الْقِیَامَةِ صُفِحَتْ لَهُ صَفَائِحُ مِنْ نَارٍ فَأُحْمِيَ عَلَيْهَا فِي نَارِ جَهَنَّمَ فَيُكْوٰى بِهَا جَنْبُهُ وَ جَبِيْنُهُ وَ ظَهْرُهُ كُلَّمَا رُدَّتْ أُعِيْدَتْ لَهُ فِي يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهُ خَمْسِيْنَ أَلْفِ سَنَةٍ حَتّٰى يُقْضٰى بَيْنَ الْعِبَادِ فَيَرٰى سَبِيْلَهُ ، إِمَّا إِلَى الْجَنَّةِ وَ إِمَّا إِلَى النَّارِ ۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس کے پاس سونا یا چاندی ہو اور اس کی زکوۃ نہ دے قیامت کے دن اس زروسیم کی تختیاں بنا کر جہنم کی آگ میں تپائیں گے پھر ان سے اس شخص کی پیشانی اور کروٹ اور پیٹھ داغ دیں گے۔ جب وہ تختیاں ٹھنڈی ہوجائیں گی۔ پھر انہیں تپا کر داغیں گے۔ قیامت کا دن پچاس ہزار برس کا ہے۔ یونہی کرتے رہیں گے یہاں تک کہ تمام مخلوق کا حساب ہوجائیگا۔

فتاوی رضویہ ۴/۴۳۴

۱۲۹۸۔ عن أبی ذر الغفاری رضی الله تعالیٰ عنه قال: بشر الکانزین برضف یحمی علیه فی نار جهنم فیوضع علی حلمة ثدی احدهم حتی یخرج من نغض کتفیه و یوضع علی نغض کتفیه حتی یخرج من حلمه ثدیه ۔

حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرمایا: زکوۃ نکالے بغیر مال جمع کرنے والوں کو گرم پتھر کی بشارت سناؤ جس سے جہنم میں اسکو داغا جائے گا۔ ان کے سر پستان پر وہ جہنم کا گرم پتھر رکھیں گے کہ سینہ توڑ کر شانہ سے نکل جائے۔ اور شانہ کی ہڈی پر رکھیں گے کہ ہڈیاں توڑ کر سینہ سے نکلے گا۔

۱۲۹۹۔ عن الأحنف بن قیس رضی الله تعالیٰ عنه قال: کنت فی نفر من قریش فمر ابو ذر و هو یقول: بشر الکانزین بکی فی ظهورهم یخرج من جنوبهم و بکی من قبل اقفائهم یخرج من جباههم ۔

حضرت احنف بن قیس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، کہ میں قریش کی ایک جماعت میں بیٹھا تھا کہ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ یہ کہتے ہوئے گزرے۔ بغیر زکوۃ دیئے خزانہ جمع کرنے والوں کو یہ خوشخبری سنادو کہ وہ پتھر پیٹھ توڑ کر کروٹ سے نکلے گا اور گدی توڑ کر پیشانی سے۔

فتاوی رضویہ ۴/۴۳۵

۱۲۹۸۔ الصحیح لمسلم، باب تغلیظ من لا یودی الزکاۃ، ۱/۳۲۱

۱۲۹۹۔ الصحیح لمسلم، باب تغلیظ عقوبۃ من لا یودی الزکاۃ، ۱/۳۲۱

۱۳۰۰۔ **عن** عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: لا یکوی رجل بکنز فلیمس درہم درہما و لا دینار دینارا یوسع جلدۃ حتی یوضع کل دینار و درہم علی جدتہ۔

حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: کوئی روپیہ دوسرے روپے پر نہ رکھا جائے گا اور نہ کوئی اشرفی دوسری اشرفی سے چھو جائے گی۔ بلکہ زکوۃ نہ دینے والے کا جسم اتنا بڑھا دیا جائے گا کہ لاکھوں کروڑوں جوڑے ہوں تو ہر روپیہ جدا داغ دے گا۔

﴿۴﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

اے عزیز! کیا خدا اور رسول کے فرمان کو یونہی ہنسی ٹھٹھا سمجھتا ہے، یا پچاس ہزار برس کی مدت میں یہ جانکاہ مصیبتیں جھیلنی سہل جانتا ہے۔ ذرا یہیں کی آگ میں ایک آدھ روپیہ گرم کرکے بدن پر رکھ دیکھ۔ پھر کہاں یہ خفیف گرمی، کہاں وہ قہر کی آگ۔ کہاں یہ ایک روپیہ کہاں وہ ساری عمر کا جوڑا ہوا مال کہاں یہ منٹ بھر کی دیر کہاں وہ ہزاروں برس کی آفت کہاں یہ ہلکا سا چہکا، کہاں وہ ہڈیاں توڑ کر پار ہونے والا غضب۔ اللہ تعالیٰ مسلمانوں کو ہدایت بخشے۔ آمین۔

۱۳۰۱۔ **عن** عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: مَا مِنْ أَحَدٍ لَا يُؤَدِّيْ زَكٰوةَ مَالِهٖ اِلَّا مُثِّلَ لَهٗ يَوْمَ الْقِيَامَةِ شُجَاعًا أَقْرَعَ حَتّٰى يُطَوِّقَ عُنُقَهٗ ثُمَّ قَرَءَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِصْدَاقَهٗ مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ تَعَالٰى وَ لَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ بِمَا اٰتٰهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ اَلْاٰيَه۔

حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص اپنے مال کی زکوۃ نہ دے گا وہ مال روز قیامت گنجے اژدھے کی شکل بنے گا اور اس کے گلے میں طوق بن کر پڑے گا پھر حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کتاب اللہ سے اسکی تصدیق پڑھی۔ و لا یحسبن الذین یبخلون الایہ۔

۱۳۰۲۔ **عن** جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: مَا مِنْ صَاحِبِ مَالٍ لَا يُؤَدِّيْ زَكٰوتَهٗ اِلَّا تُحَوَّلَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

۱۳۰۰۔ المعجم الکبیر للطبرانی، ☆ الترغیب و الترہیب للمنذری، ۱/۵۴۵
۱۳۰۱۔ السنن لابن ماجہ، باب ما جاء فی منع الزکاۃ، ۱/۱۲۹

شُجَاعًا أَقْرَعَ يَتْبَعُ صَاحِبَهُ حَيْثُ مَا ذَهَبَ وَ هُوَ يَفِرُّ مِنْهُ وَ يُقَالُ هٰذَا مَالُكَ الَّذِي كُنْتَ تَبْخَلُ بِهِ فَإِذَا رَأَى أَنَّهُ لَا بُدَّ مِنْهُ أَدْخَلَ يَدَهُ فِي فِيهِ فَجَعَلَ يَقْضَمُهَا كَمَا يَقْضَمُ الْفَحْلُ۔

حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص اپنے مال کی زکوۃ نہیں دیتا قیامت کے دن وہ گنجے اژدھے کی شکل اختیار کر لیگا اور منہ کھولکر اس کے پیچھے دوڑے گا یہ بھاگے گا۔ اس سے فرمایا جائے گا لے اپنا خزانہ کہ چھپا کر رکھا تھا کہ میں اس سے غنی ہوں۔ جب دیکھے گا کہ اس اژدھے سے کہیں مفر نہیں تو ناچار اپنا ہاتھ اس کے منہ میں دیدے گا۔ وہ ایسا چبائے گا جیسے نر اونٹ چباتا ہے۔

۱۳۰۳۔ عن أبي هريرة رضي الله تعالىٰ عنه قال۔ قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم : مَنْ آتَاهُ اللّٰهُ مَا لًا فَلَمْ يُؤَدِّ زَكٰوتَهُ مُثِّلَ لَهُ مَالُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ شُجَاعًا أَقْرَعَ لَهُ ذَبِيبَتَانِ يُطَوَّقُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ثُمَّ يَأْخُذُ بِلَهْزِمَتَيْهِ يَعْنِي بِشَدْقَيْهِ ثُمَّ يَقُولُ أَنَا مَالُكَ وَ أَنَا كَنْزُكَ ۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جسے اللہ تعالیٰ نے مال دیا اور پھر اس نے زکوۃ ادا نہیں کی۔ تو قیامت کے دن اس کو گنجے اژدھے کی شکل میں لایا جائے گا جس کے دو پھن ہوں گے اور اس کے گلے میں ڈال دیا جائے گا پھر وہ اژدھا اس کا منہ اپنے پھن میں لیکر کہے گا۔ میں تیرا مال ہوں میں تیرا خزانہ ہوں۔

۱۳۰۳۔ الجامع الصحیح للبخاری، باب اثم امانع الزکوۃ، ۱/۱۸۸
السنن للنسائی، باب التغلیظ فی حبس الزکاۃ، ۱/۲۶۰
المستدرك للحاکم، ۱/۳۸۹ ☆ المسند لاحمد بن حنبل، ۲/۳۵۵
السنن الکبری للبیھقی، ۴/۸۱ ☆ الترغیب و الترھیب للمنذری، ۱/۵۰۱
مشکوۃ المصابیح للتبریزی، ۱۷۷۴ ☆ شرح السنۃ للبغوی، ۵/۴۷۸
فتح الباری للعسقلانی، ۸/۲۳۰ ☆ الدر المنثور للسیوطی، ۲/۱۰۶
اتحاف السادۃ للزبیدی، ۴/۱۲ ☆ کنز العمال للمتقی، ۱۵۸۰۱، ۶/۳۰۴
نصب الرایۃ للزیلعی، ۴/۴۰۸ ☆

۱۳۰۴۔ **عن** ثوبان رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال : قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم : مَنْ تَرَكَ بَعْدَهُ كَنْزًا مُثِّلَ لَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ شُجَاعٌ أَقْرَعُ لَهُ زَبِيبَتَانِ يَتْبَعُ فَاهُ فَيَقُولُ: وَيْلَكَ مَا لُكَ ، فَيَقُولُ: اَنَا كَنْزُكَ الَّذِى تَرَكْتَهُ بَعْدَكَ، فَلَا يَزَالُ يَتْبَعُهُ حَتّٰى يلْقِمَهُ يَدَهُ فَيَقْضِمُهَا ثُمَّ يَتْبَعُهُ سَائِرَ جَسَدِهِ ۔

حضرت ثوبان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے اپنے پیچھے بغیر زکوۃ کا مال چھوڑا قیامت کے دن وہ گنجے اژدھے کی شکل میں ہوگا جس کے دو پھن ہوں گے۔ اس کے پیچھے دوڑے گا۔ وہ شخص کہے گا خرابی ہو تیرے لئے تو کون ہے۔ وہ کہے گا۔ میں تیرا وہی خزانہ ہوں جس کو تو بغیر زکوۃ ادا کئے دنیا میں چھوڑ آیا تھا۔ پھر اس کے پیچھے دوڑتا رہے گا یہاں تک کہ مجبور ہوکر یہ اسکے منہ میں اپنا ہاتھ دیدے گا وہ اس کو چبا جائیگا یہاں تک کہ پورا جسم چبا جائے گا۔

۱۳۰۵۔ **عن** امیر المؤمنین علی کرم اللہ تعالیٰ وجہه الکریم قال : قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم : لَنْ يُّجْهَدَ الْفُقَرَآءُ اِذَا جَاعُوْا وَ عَرُوْا اِلَّا بِمَا يَصْنَعُ اَغْنِيَائُهُمْ، اَلَا وَاِنَّ اللّٰهَ يُحَاسِبُهُمْ حِسَابًا شَدِيْدًا وَ يُعَذِّبُهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ۔

امیر المؤمنین حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: فقیر ہرگز ننگے بھوکے ہونے کی تکلیف نہ اٹھائیں گے مگر اغنیاء کے ہاتھوں، سن لو! ایسے تونگروں سے اللہ سخت حساب لے گا اور انہیں دردناک عذاب دے گا۔

۱۳۰۶۔ **عن** عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال : لاوی الصدقة ملعون علی لسان محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یوم القیامة ۔

حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے۔ ارشاد فرماتے ہیں۔ زکوۃ

۱۳۰۴۔ المستدرک للحاکم، ۳۸۸/۱ ☆ الصحیح لابن خزیمة، ۲۲۵۵
مجمع الزوائد للہیثمی، ۶۴/۳ ☆ مطالب العالیة لابن حجر، ۸۷۱
کنز العمال للمتقی، ۱۵۸۹۲، ۳۰۶/۶ ☆ التفسیر لابن کثیر، ۱۵۲/۲
موارد الظمآن للہیثمی، ۸۰۳ ☆ التفسیر للقرطبی، ۸۷/۱
المسند لاحمد بن حنبل، ۴۸۹/۲ ☆
۱۳۰۵۔ الترغیب والترہیب للمنذری، ۵۳۸/۱ ☆
۱۳۰۶۔ الصحیح لابن خزیمة ۹/۴

نہ دینے والا ملعون ہے زبان پاک مصطفی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر۔

۱۳۰۷۔ **عن** أمير المؤمنين على بن ابى طالب كرم الله تعالىٰ وجهه الكريم قال: لعن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم آكل الربا و موكله و شاهده و كاتبه، و الواشمة المستوشمة، و مانع الصدقه۔

امیر المؤمنین حضرت علی مرتضی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سود کھانے والے، اور کھلانے والے، اس پر گواہی کرنے والے، اس کا کاغذ لکھنے والے، اور زکوۃ نہ دینے والے کو قیامت کے دن ملعون بتایا۔

فتاوی رضویہ ۴/۴۳۵

۱۳۰۸۔ **عن** أنس رضى الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: وَيْلٌ لِلْاَغْنِيَآءِ مِنَ الْفُقَرَآءِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ يَقُوْلُوْنَ: رَبَّنَا ظَلَمُوْنَا بِحُقُوْقِنَا الَّتِي فَرَضْتَ لَنَا عَلَيْهِمْ فِي أَمْوَالِهِمْ، فَيَقُوْلُ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ: وَعِزَّتِي وَجَلَالِي لَأُقَرِّبَنَّكُمْ وَ لَأُبَعِّدَنَّهُمْ۔

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: قیامت کے دن تونگروں کیلئے محتاجوں کے ہاتھ سے خرابی ہے۔ محتاج عرض کریں گے: اے رب ہمارے! انہوں نے ہمارے وہ حقوق جو تو نے ہمارے لئے ان پر فرض کئے تھے ظلما نہ دیئے۔ اللہ عزوجل فرمائے گا: مجھے قسم ہے اپنی عزت وجلال کی، تمہیں اپنا قرب عطا کرونگا اور انہیں دور رکھونگا۔

۱۳۰۹۔ **عن** أبى هريرة رضى الله تعالىٰ عنه قال: أتى رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم على قوم على أقبالهم رقاع و على أدبارهم رقاع يسرحون كما تسرح الابل و الغنم و يكون الضريع و الزقوم و رضف جهنم و حجارتها، قال: ماهؤلاء يا جبرئيل! قال: هؤلاء الذين لا يؤدون صدقات أموالهم، و ما ظلمهم الله شيئا، و ما الله بظلام للعبيد۔

۱۳۰۷۔ الترغيب و الترهيب للمنذرى، ۵۳۹/۱

۱۳۰۸۔ كنز العمال للتمقى، ۱۵۸۲۲، ۳۱۰/۶

۱۳۰۹۔ التفسير لابن جرير، الجزء الخامس عشر، ۷/۹

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کچھ لوگ دیکھے جن کے آگے پیچھے غرقی لنگوٹی کی طرح کچھ چیتھڑے تھے۔ اور جہنم کی گرم آگ، پتھر، تھوہڑ اور سخت کڑوی جلتی بد بودار گھاس چوپایوں کی طرح چرتے پھرتے تھے۔ جبرئیل امین علیہ الصلوٰۃ والتسلیم سے پوچھا یہ کون لوگ ہیں؟ عرض کی: یہ لوگ زکوۃ نہ دینے والے ہیں۔ اور اللہ تعالیٰ نے ان پر ظلم نہیں کیا۔ اللہ بندوں پر ظلم نہیں فرماتا۔

۱۳۱۰۔ **عن** عمر بن شعیب عن ابیه عن جده رضی الله تعالیٰ عنهم ان امرأة اتت رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم و معها ابنة لها و فی ید ابنتها مسكتان غليظتان من ذهب فقال لها: اتعطين زكوة هذا، قالت: لا، قال: ايسرك ان يسورك الله بهما يوم القيامة سوارين من نارٍ، قال فخلعتهما فالقتهما الى النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم و قالت: هما لله و رسوله۔

حضرت عمرو بن شعیب سے وہ اپنے باپ سے وہ اپنے دادا رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک عورت حاضر ہوئی اور اس کے ساتھ اسکی ایک لڑکی بھی تھی جو سونے کے کنگن پہنے تھی۔ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ان کی زکوۃ نہ دوگی۔ عرض کی: نہ، فرمایا: کیا چاہتی ہو کہ اللہ تمہیں آگ کے کنگن پہنائے۔ یہ سنتے ہی کنگن اتار کر حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں پیش کردئے اور عرض کیا: یہ اللہ ورسول کیلئے ہیں۔ فتاوی رضویہ ۴/ ۴۳۶

(۷) جس نے زکوۃ نہ دی اس کی نماز نہیں

۱۳۱۱۔ **عن** عبد الله بن مسعود رضی الله تعالیٰ عنه قال: امرنا باقام الصلوة و ايتاء الزكاة، و من لم يزك فلا صلوة له۔

حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ہمیں حکم دیا گیا کہ نماز پڑھیں اور زکوۃ دیں۔ اور جو زکوۃ نہ دے اس کی نماز نہیں۔

۱۳۱۲۔ **عن** عبد الله بن مسعود رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی

۱۳۱۰۔ السنن لابی داؤد، باب الكنز ما هو و زكوة الحلى، ۲۱۸/۱
۱۳۱۱۔ المعجم الكبير للطبرانى، سنده صحيح، ۱۰۳/۱۰
۱۳۱۲۔ الترغيب والترهيب للمنذرى، ۵۴۰/۱

اللہ تعالیٰ علیہ وسلم : مَنْ أَقَامَ الصَّلٰوةَ وَلَمْ يُؤْتِ الزَّكٰوةَ فَلَيْسَ بِمُسْلِمٍ يَنْفَعُهُ عَمَلُهُ۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو نماز ادا کرے اور زکوۃ نہ دے وہ مسلمان نہیں کہ اسے اس کا عمل کام آئے۔

فتاوی رضویہ ۴/۴۳۸

(۸) زکوۃ نہ دینے پر سزا

۱۳۱۳۔ **عن** أبی ذر الغفاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم : مَنْ أَوْكٰى عَلٰى ذَهَبٍ أَوْ فِضَّةٍ وَ لَمْ يُنْفِقْهُ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ كَانَ جَمْرًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ يُكْوٰى بِهٖ۔

حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے سونے چاندی میں بخل کیا اور اللہ کی راہ میں خرچ نہ کیا قیامت کے دن آگ بن جائے گا جس سے اسکو تپایا جائے گا۔ ۱۲م

(۹) زکوۃ کے بعد مال کنز نہیں رہتا

۱۳۱۴۔ **عن** عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم : كُلُّ مَا أُدِّيَ زَكٰوتُهُ فَلَيْسَ بِكَنْزٍ وَ إِنْ كَانَ مَدْفُوْنًا تَحْتَ الْأَرْضِ ، وَكُلُّ مَا لَا تُؤَدّٰى زَكٰوتُهُ فَهُوَ كَنْزٌ وَ إِنْ كَانَ ظَاهِرًا۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس مال کی زکوۃ ادا کردی جائے وہ کنز نہیں رہتا خواہ زمین میں دفن ہو اور جس مال کی زکوۃ نہ دی جائے وہ کنز ہے خواہ زمین کے اوپر ہو۔

۱۳۱۵۔ **عن** عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال ; لما نزلت هذه الآية، وَ الَّذِيْنَ يَكْنِزُوْنَ الذَّهَبَ وَ الْفِضَّةَ كَبُرَ ذٰلِكَ عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ ، فقال عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ، انا افرج عنكم ، فانطلق فقال : يا نبی اللہ ! انه كبر علی اصحابك هذه الآية فقال : إِنَّ اللّٰهَ لَمْ يَفْرِضِ الزَّكَاةَ إِلَّا لِيُطِيْبَ مَابَقِيَ مِنْ أَمْوَالِكُمْ وَ إِنَّمَا فَرَضَ

۱۳۱۳۔ المعجم الكبير للطبرانی، ۲/۱۵۳ ☆ المسند لاحمد بن حنبل، ۵/۱۵۶
الترغيب والترهيب للمنذری، ۲/۵۶ ☆ مجمع الزوائد للهيثمی، ۳/۱۲۵
۱۳۱۴۔ السنن الكبری للبيهقی، ۴/۸۳ ☆ الجامع الصغير للسيوطی، ۲/۳۹۵
۱۳۱۵۔ السنن لابی داؤد، كتاب الزكاة، باب حقوق المال، ۱/۲۳۵

الْمَوَارِيثَ تَكُونُ لِمَنْ بَعْدَكُمْ قال : و كبر عمر رضى الله تعالىٰ عنه۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ جب یہ آیت کریمہ '' والذین یکنزون الذھب والفضۃ '' نازل ہوئی۔ یعنی وہ لوگ جو سونا چاندی جمع کر کے رکھتے ہیں۔ تو صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین پر یہ امر دشوار گزرا۔ سیدنا حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: میں تمہاری اس مشکل کو دور کرتا ہوں لہذا حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا: یا نبی اللہ! آپ کے صحابہ کرام اس آیت مقدسہ کے حکم میں کچھ دشواری محسوس کرر ہے ہیں۔ فرمایا: بیشک اللہ تعالیٰ نے زکوۃ صرف اس لئے فرض فرمائی ہے کہ تمہارے مال پاک ہوجائیں۔ اور وراثت کا حکم اس لئے نازل فرمایا کہ تمہارے بعد والوں کو وہ مال پہونچ جائے۔ راوی فرماتے ہیں: یہ سن کر حضرت فاروق اعظم نے تکبیر پڑھی۔ ۱۲م

۱۳۱۶۔ عن ام المؤمنين أم سلمة رضى الله تعالىٰ عنها قالت كنت البس اوضاحا من ذهب ، فقلت : يا رسول الله ! اكنز هو؟ فقال : مَا بَلَغَ اَنْ تُؤَدّٰى زَكَاتُهٗ فَزُكّٰى فَلَيْسَ بِكَنْزٍ۔

ام المؤمنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ میں سونے کی پازیب پہنے تھی۔ میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! کیا یہ کنز ہے؟ ارشاد فرمایا: اگر نصاب کو پہونچ جائے اور زکوۃ دے دی جائے تو کنز نہیں۔　　فتاوی رضویہ ۴/۴۳۶

(۱۰) اللہ کی راہ میں عمدہ مال خرچ کرو

۱۳۱۷۔ عن ابى هريرة رضى الله تعالىٰ عنه قال : قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم : يَاَيُّهَا النَّاسُ ! اِنَّ اللّٰهَ طَيِّبٌ لَا يَقْبَلُ اِلَّا الطَّيِّبَ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بیشک اللہ تعالیٰ پاک ہے اور پاک چیز ہی قبول فرماتا ہے۔ ۱۲م

فتاوی رضویہ ۷/۱۰۶

۱۳۱۶۔ السنن لابی داؤد، باب الکنز ما ھو و زکاۃ الحلی، ۱/۲۱۸
المستدرک للحاکم ۱/۳۹۰ ☆
۱۳۱۷۔ المسند لاحمد بن حنبل، ۲/۳۲۸ ☆ السنن الکبری للبیہقی، ۳/۳۴۶
اتحاف السادۃ للزبیدی، ۶/۸ ☆ کشف الخفاء للعجلونی، ۱/۲۶۰

(۱۱) ضرورت اصلیہ میں زکوۃ نہیں

۱۳۱۸ـ **عن** أبی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم: لَيْسَ عَلَى الْمُسْلِمِ فِي عَبْدِهٖ وَ لَا فَرَسِهٖ صَدَقَةٌ ـ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مسلمان پر اس کے غلام اور گھوڑے میں زکوۃ نہیں۔

فتاوی افریقہ ص ۳۲

۱۳۱۸ـ الجامع الصحيح للبخاری، باب ليس علی المسلم، الخ، ۱۹۷/۱
الصحيح لمسلم، كتاب الزكاة، ۳۱٦/۱
المسند لاحمد بن حنبل، ۲٤۹/۲ ☆ السنن الكبری للبيهقی، ۱۱۷/٤
التمهيد لابن عبد البر، ۲۱٥/٤ ☆ شرح السنة للبغوی، ۲۲/٦
مشكل الآثار للطحاوی، ۳۸۰ ☆ الصحيح لابن خزيمة، ۲۲۸٥
اتحاف السادة للزبيدی، ٦٦/٤ ☆ كنز العمال للمتقی، ۱٥۸٥٤، ۳۲۲/٦
الدر المنثور للسيوطی، ۲٤٥/۱ ☆ تلخيص الحبير لابن حجر، ۱٤۹/۲
التفسير للقرطبی، ۷۸/۱۰ ☆ حلية الاولياء لابی نعيم، ۳٥٦/۸

۲۔ بنوہاشم کیلئے زکوٰۃ حرام

(۱) اہل بیت کیلئے زکوۃ ناجائز

۱۳۱۹۔ **عن** عبد المطلب بن ربیعة رضی اللہ تعالیٰ عنه قال: قال لنا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم: اِنَّ هٰذِهِ الصَّدَقَاتِ اِنَّمَا هِیَ أَوْسَاخُ النَّاسِ، وَ اِنَّهَا لَا تَحِلُّ لِمُحَمَّدٍ وَ لَا لِآلِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالیٰ عَلَيهِ وَسَلَّمَ ۔

فتاوی رضویہ ۶۹۳/۱

حضرت عبد المطلب بن ربیعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہم سے ارشاد فرمایا: یہ زکوۃ تو لوگوں کا میل کچیل ہے۔ لہذا محمد اور آل محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کیلئے حلال نہیں۔

۱۳۲۰۔ **عن** الحسن بن علی رضی اللہ تعالیٰ عنهما قال: اذکر انی اخذت تمرة من تمر الصدقة فجعلتها فی فی، فاخرجها رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم بلعابها فالقاها فی التمر، قال رجل یا رسول اللہ! ما کان علیك فی هذه التمرة بهذا الصبی؟ قال: اِنَّ اٰلَ مُحَمَّدٍ لَا تَحِلُّ لَنَا الصَّدَقَةُ ۔

حضرت امام حسن مجتبیٰ بن علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ مجھے یاد ہے کہ میں نے اپنے بچپن میں صدقہ کی کھجوروں میں سے ایک کھجور اٹھا کر اپنے منہ میں رکھ لی تھی۔ تو حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فوراً مع لعاب میرے منہ سے نکال دی اور کھجوروں میں ڈال دی ایک صاحب نے عرض کیا: یارسول اللہ! اس بچہ کے اس ایک کھجور کے کھانے میں آپ کیلئے کیا حرج تھا؟ فرمایا: میرے اور میری اولاد کیلئے صدقہ حلال نہیں۔ ۱۲م

۱۳۲۱۔ **عن** عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنهما قال: استعمل ارقم بن

۱۳۱۹۔ الصحیح لمسلم، باب تحریم الزکاة علی رسل اللہ ﷺ، ۳۴۵/۱
شرح السنة للبغوی، ۱۰۱/۶ ☆ کنز العمال للمتقی، ۱۶۵۰۷، ۴۵۴/۶
اتحاف السادة للزبیدی، ۱۳۵/۴ ☆ مشکوة المصابیح للتبریزی، ۱۸۱۳،
۱۳۲۰۔ الجامع للترمذی، باب ما جاء فی کراهیة الصدقة، ۸۳/۱
الجامع الصحیح للبخاری، باب ما یذکر فی الصدقة لبنی هاشم، ۲۰۲/۱
۱۳۲۱۔ شرح معانی الآثار للطحاوی، کتاب الزکوة، ۲۹۹/۱
المسند لاحمد بن حنبل، ۸/۶

ارقم الزهری علی الصدقات ، فاستتبع ابا رافع فاتی النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فسأله فقال : یَا اَبَا رَافِعٍ ! اِنَّ الصَّدَقَةَ حَرَامٌ عَلیٰ مُحَمَّدٍ وَ عَلیٰ اٰلِ مُحَمَّدٍ ، وَ اِنَّ مَوْلَی الْقَوْمِ مِنْ اَنْفُسِهِمْ ۔ فتاوی رضویہ ۴/۳۹۱

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت ارقم بن ارقم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو صدقات وصول کرنے کا عامل مقرر کیا گیا انہوں نے حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے غلام ابورافع رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ساتھ لیا وہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور صدقات کے مال سے کچھ مانگا۔ تو حضور نے ارشاد فرمایا صدقہ محمد اور آل محمد پر حرام ہے اور کسی قوم کا غلام اسی قوم میں شمار ہوتا ہے۔۱۲م

۱۳۲۲۔ **عن** عبد الله بن عبد الله بن عباس رضی الله تعالیٰ عنهم قال : دخلنا علی ابن عباس رضی الله تعالیٰ عنهما فقال: ما اختصنا رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم بشیٔ دون الناس الا بثلث اشیاء اسباغ الوضوء ، و ان لا ناکل الصدقة ، و ان لا ننزی الحمر علی الخیل ۔

حضرت عبداللہ بن عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے روایت ہے کہ ہم حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی خدمت میں حاضر تھے۔ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے: ہمیں دیگر لوگوں کے مقابلہ میں خاص طور پر تین چیزوں کا حکم دیا ہم وضو میں خوب مبالغہ کریں۔ صدقہ کا مال نہ کھائیں۔ گدھوں کی گھوڑیوں سے جفتی نہ کرائیں۔۱۲م

فتاوی رضویہ ۴/۳۹۱

۱۳۲۳۔ **عن** عبد الله بن عباس رضی الله تعالیٰ عنهما قال : قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : لَا یَحِلُّ لَکُمْ اَهْلَ الْبَیْتِ مِنَ الصَّدَقَاتِ شَیْءٌ ، اِنَّمَا هِیَ غُسَالَةُ الْاَیْدِیْ ۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے میرے اہل بیت! تمہارے لئے صدقہ کی کوئی چیز جائز نہیں کہ یہ تو

۱۳۲۲۔ شرح معانی الآثار للطحاوی، ۱/۲۹۷

۱۳۲۳۔ المعجم الکبیر للطبرانی، ۱۱/۲۱۷ ☆ مجمع الزوائد للهیثمی، ۳/۹۱
کنز العمال للمتقی، ۱۶۵۳۰، ۶/۴۵۸ ☆ نصب الرایة للزیلعی، ۳/۴۲۵

ہاتھوں کا میل ہے۔۱۲م فتاوی رضویہ ۴/۴۷۴

۱۳۲٤۔ **عن** أبی رافع رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال : ان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بعث رجلا من بنی مخزوم علی الصدقۃ فقال: لابی رافع ! اصحبنی کیما تصیب منہا فقال : حتی استاذن رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ، فاتی النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فذکر ذلک لہ ، فقال : اِنَّ اٰلَ مُحَمَّدٍ لَا یَحِلُّ لَهُمُ الصَّدَقَةُ ، وَاِنَّ مَوْلَى الْقَوْمِ مِنْ أَنْفُسِهِمْ ۔

حضرت ابورافع رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک صاحب کو صدقات وصول کرنے کیلئے بھیجا انہوں نے ابورافع سے کہا: تم بھی میرے ساتھ چلو تا کہ تم بھی اس سے حصہ پاؤ انہوں نے کہا: میں پہلے حضور سے اجازت لے لوں، لہذا حضور کی خدمت میں حاضر ہوئے اور اس سلسلہ میں عرض کیا: آپ نے فرمایا: بیشک آل محمد کیلئے صدقہ حلال نہیں۔ اور کسی قوم کا غلام بھی اسی میں شمار ہوتا ہے۔۱۲م

۱۳۲۵۔ **عن** أبی ہریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال : اخذ الحسن بن علی المرتضی رضی اللہ تعالیٰ عنہما تمرۃ من تمر الصدقۃ فادخلہا فی فیہ ، فقال لہ النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم : كَخْ كَخْ اِلْقِهَا ، اِلْقِهَا ، أَمَا عَلِمْتَ أَنَّا لَا نَأْكُلُ الصَّدَقَةَ ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت امام حسن مجتبی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے صدقہ کی ایک کھجور منہ میں رکھلی۔ حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فوراً فرمایا: تھوتھو، نکال نکال۔ کیا نہیں جانتے ہو؟ کہ ہم صدقہ نہیں کھاتے۔۱۲م

۱۳۲٦۔ **عن** أبی لیلی رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال : دخلت مع النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بیت الصدقۃ فتناول الحسن تمرۃ فاخرجہا من فیہ و قال : أَنَا أَهْلُ .

۱۳۲٤۔ السنن لابی داؤد، باب الصدقۃ علی بنی ہاشم، ۱/۲۳۳
الجامع للترمذی، باب ما جاء فی کراہیۃ الصدقۃ الخ ۱/۸۳
المستدرک للحاکم کتاب الزکاۃ، ۱/٤٠٤
المسند لاحمد بن حنبل، ٦/١٠ ☆ شرح معانی الآثار للطحاوی، ۱/۳۰۰
۱۳۲۵۔ الصحیح للبخاری، باب ما یذکر فی الصدقۃ للنبی الخ، ۱/۲۰۲
الصحیح لمسلم، باب تحریم الزکاۃ علی رسول اللہ ﷺ، ۱/۳٤۳
شرح معانی الآثار للطحاوی، ۱/۳۰۰ ☆ المسند لابی داؤد الطیالسی، ۱۰/۳۲۵
۱۳۲٦۔ شرح معانی الآثار للطحاوی، ۱/۳۰۱ ☆ المصنف لعبد الرزاق، ۵۷۶۸، ٤/۱۸/۸

الْبَیْتِ لَا یَحِلُّ لَنَا الصَّدَقَۃِ أَوْلَا نَاکُلُ الصَّدَقَۃَ۔

حضرت ابولیلی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ اس جگہ گیا جہاں صدقہ کے مال جمع تھے۔ حضرت امام حسن مجتبیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ان میں سے ایک کھجور اٹھا کر منہ میں رکھ لی۔ حضور نے فوراً وہ ان کے منہ سے نکالی اور فرمایا ہمارے لئے صدقہ جائز نہیں، یا سرکار نے فرمایا: ہم صدقہ نہیں کھاتے۔۱۲م

۱۳۲۷ عن معاویہ بن حیدۃ القشیری رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: کان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اذا اتی بشیٔ سال اصدقۃ ھی ام ھدیۃ فان قالوا: صدقۃ لم یاکل و ان قالوا: ھدیۃ اکل۔

حضرت معاویہ بن حیدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں جب کوئی چیز لائی جاتی تو پہلے پوچھتے کہ یہ صدقہ ہے یا ہدیہ؟ اگر لانے والے کہتے: صدقہ ہے، تو آپ نہیں کھاتے۔ اور اگر کہتے: کہ ہدیہ ہے، تو تناول فرمالیتے۔۱۲م

۱۳۲۸۔ عن أبی ھریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: اِنِّی لَاَ نْقَلِبُ اِلیٰ اَھْلِی فَاَجِدُ التَّمْرَۃَ سَاقِطَۃً عَلیٰ فِرَاشِی فِی بَیْتِیْ فَاَرْفَعُھَا لِاٰ کُلَھَا، ثُمَّ اَخْشٰی اَنْ تَکُوْنَ صَدَقَۃً فَاُلْقِیْھَا۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں اپنے اہل بیت میں آتا ہوں اور اپنے گھر میں بستر پر کوئی کھجور گری ہوئی پاتا ہوں۔ تو چاہتا ہوں کہ اٹھا کر کھالوں پھر مجھے اس بات کا خوف لاحق ہوتا ہے کہ کہیں یہ صدقہ کی ہو۔ لہذا اسکو چھوڑ دیتا ہوں۔۱۲م

۱۳۲۹۔ عن أنس رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: ان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ

۱۳۲۷۔ الجامع للترمذی، باب ما جاء فی کراھۃ الصدقۃ، ۸۳/۱

۱۳۲۸۔ شرح معانی الآثار للطحاوی، ۳۰۱/۱ ☆ حلیۃ الاولیاء لابی نعیم، ۱۸۷/۸
السنن الکبری للبیھقی، ۳۳۵/۵ ☆ فتح الباری للعسقلانی، ۸۶/۵
کنز العمال للمتقی، ۱۶۵۰۹، ۴۵۵/۶ ☆ شرح السنۃ للبغوی، ۱۰۰/۶

۱۳۲۹۔ الصحیح لمسلم، باب تحریم الزکاۃ علی رسول اللہ ﷺ، ۳۴۴/۱
شرح معانی الآثار، باب الصدقۃ علی بنی ھاشم، ۳۰۰/۱
المسند لاحمد بن حنبل، ۲۹۲/۳ ☆ السنن الکبری للبیھقی، ۳۰/۷
المصنف لعبد الرزاق، ۱۸۶۴۲، ۱۴۴/۱۰

وسلم رأى تمرة فقال : لَوْ لَا اِنِّي اَخَافُ اَنْ تَكُوْنَ صَدَقَةً لَا َكَلْتُهَا ۔

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک کھجور دیکھی فرمایا: اگر مجھے یہ خوف نہ ہوتا کہ یہ صدقہ کی ہے تو میں اس کو تناول فرمالیتا۔۱۲م

۱۳۳۰۔ **عن** سلمان الفارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ انه جاء الی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم حين قدم المدينة بمائدة عليها رطب فقال رسول الله صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم : مَا هٰذَا ؟ يَا سَلْمَانُ الْفَارِسِيُّ ! قال : صدقة عليك و على اصحابك ، قال : اِرْفَعْهَا ، فَاِنَّا لَا نَاْكُلُ الصَّدَقَةَ ، فرفعها ، فجاء ہ من الغد بمثله ، فوضعه بين يده ، فقال : مَا هٰذَا ؟ يَا سَلْمَانُ الْفَارِسِيُّ ! قال: هدية ، فقال رسول الله صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم: لا صحابه: اِنْبَسِطُوْا ۔

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ وہ جب مدینہ آئے تو سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں ایک دستر خوان لیکر حاضر ہوئے جس میں کچھ کھجوریں تھیں۔حضور نے فرمایا: اے سلمان فارسی! یہ کیا ہے؟ عرض کیا: آپ کے اور صحابہ کرام کیلئے صدقہ ہے۔فرمایا: اس کو اٹھالو کہ ہم صدقہ نہیں کھاتے انہوں نے کھجوریں آپ کے پاس سے اٹھائیں پھر دوسرے دن اسی طرح لیکر حاضر ہوئے اور خدمت میں پیش کیا۔فرمایا: اے سلمان! یہ کیا ہے؟ عرض کیا: ہدیہ، حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے صحابہ کرام سے فرمایا: اس کو بچھاؤ۔۱۲م

۱۳۳۱۔ **عن** عبد المطلب بن ربيعة بن الحارث رضی اللہ تعالیٰ عنه قال: اجتمع ربيعة بن الحارث و العباس بن عبد المطلب رضی اللہ تعالیٰ عنهما فقالا : لو بعثنا هذين الغلامين ، قال لی و للفضل بن العباس ، على الصدقة فاديا ما يؤدی الناس و

۱۳۳۰۔ شرح معانی الآثار للطحاوی، باب الصدقة بنی هاشم ، ۳۰۱/۱
المستدرك للحاكم ، ۱۶/۲ ☆ السنن الكبرى للبيهقی ، ۳۲۷/۵
المعجم الكبير للطبرانی ، ۳۰۵/۶ ☆ جمع الزوائد للهيثمی ، ۳۲۶/۹
نصب الراية للزيلعی ، ۲۷۹/٤ ☆ دلائل النبوة للبيهقی ، ۹۷/۶
۱۳۳۱۔ شرح معانی الآثار للطحاوی ، باب الصدقة على بنی هاشم ، ۲۹۹/۱
الصحيح لمسلم ، باب تحريم الزكاة على الرسول ، ۳٤٤/۱
السنن الكبرى للبيهقی ، ۳۱/۷ ☆ كنز العمال للمتقی ، ۱۶۵۱٤ ، ٤۵۶/۶
اتحاف السادة للزبيدی ، ۱۳۵/٤ ☆ جمع الجوامع للسيوطی ، ۵۶۶۵ ،

أصابا ما يصيب الناس ، قال : فبينما هما في ذلك جاء علي بن أبي طالب فوقف عليهما فذكر اليه ذاك فقال علي : لا تفعلا ، فو الله ! ما هوبفاعل فقال ربيعة بن الحارث : ما يمنعك من هذا الا نفاسة علينا فو الله ! لقد نلت صهر رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فما نفسناه عليك فقال علي: أنا أبو حسن ارسلاهما فانطلقا واضطجع فلما صلى رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم الظهر سبقناه الى الحجرة فقمنا عند بابها حتى جاء فاخذ باذننا و قال : أخرجا ما تصرران ثم دخل و دخلنا عليه و هو يومئذ عند زينب بنت جحش فتوكلنا الكلام ثم تكلم حدنا قال : يا رسول الله ! أنت أبر الناس واوصل الناس و قد بلغنا النكاح و قد جئناك لتؤمرنا على بعض الصدقات فنؤدى اليك كما يؤدون و نصيب كما يصيبون فسكت حتى أردنا ان نكلمه ، وجعلت زينب تلمع الينا من و راء الحجاب أن لا نكلمه فقال : إن الصدقة لا تنبغي لآل محمد ، إنما هي اوساخ الناس ۔

حضرت عبدالمطلب بن ربیعہ بن حارث رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت ربیعہ بن حارث اور حضرت عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی ایک دن آپس میں گفتگو ہوئی کہ قسم بخدا! کیا ہی اچھا ہو کہ ہم ان دونوں لڑکوں عبدالطلب بن ربیعہ اور فضل بن عباس کو حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں بھیجیں۔ یہ دونوں جا کر حضور سے عرض کریں کہ ان کو صدقات کی وصولی کیلئے عامل مقرر فرمادیں۔ تاکہ ان کو بھی وہ دیا جائے جو دوسرے لوگوں کو دیا جاتا ہے۔ ان حضرات کے درمیان یہ گفتگو ہو رہی تھی کہ حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم تشریف لے آئے۔ انہوں نے حضرت علی سے بھی اس بات کا تذکرہ کیا۔ آپ نے فرمایا: تم ایسا نہ کرو۔ خدا کی قسم! حضور ایسا ہرگز نہیں کریں گے۔ حضرت ربیعہ نے کہا: آپ تو ہمیں صرف اس لئے روک رہے ہیں کہ آپ کا حضور سے خسرالی رشتہ ہے۔ تو اس سلسلہ میں ہم آپ جیسے نہیں۔ لہذا ہمیں اجازت مل سکتی ہے۔ اس پر حضرت علی نے فرمایا: تو تم بھیج کر دیکھ لو۔ چنانچہ ہم حضور کی خدمت میں حاضر ہوئے اور حضرت علی وہیں ٹھہر گئے۔ حضور نماز ظہر سے فارغ ہوئے تو ہم حجرۂ مقدسہ کی طرف بڑھے اور دروازہ پر کھڑے ہو گئے یہاں تک کہ حضور تشریف لائے اور غایت محبت سے ہمارے کان پکڑ کر فرمایا: اپنے دل کی بات کہو! پھر ہم حضور کے ساتھ اندر داخل ہوئے۔ ان دنوں حضور ام المؤمنین حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ تعالیٰ عنہا

یہاں قیام پذیر تھے۔ ہم نے ایک دوسرے پر بھروسہ کرتے ہوئے گفتگو شروع نہ کی۔ پھر ہم میں سے ایک نے عرض کیا: یارسول اللہ! آپ لوگوں میں سب سے زیادہ سخی اور صلہ رحمی فرمانے والے ہیں۔ ہم اب بالغ ہوچکے ہیں۔ اور ہم آپ کی خدمت میں اس لئے حاضر ہوئے ہیں کہ آپ ہمیں صدقات وصول کرنے پر مامور فرمائیں تاکہ ہم بھی دوسروں کی طرح صدقات وصول کر کے لائیں اور اس سے حصہ پائیں۔ حضور خاموش رہے یہاں تک کہ ہم نے کچھ بولنے کا ارادہ کیا لیکن ام المؤمنین ہمیں پردہ کے پیچھے سے اشارہ فرمارہی تھیں کہ ہم کچھ نہ بولیں پھر حضور نے ارشاد فرمایا بیشک صدقہ آل محمد کیلئے جائز نہیں وہ تو لوگوں کے مالوں کا میل ہے۔ ۱۲م

﴿۱﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

بیشک اس تحریم کی علت ان حضرات عالیہ کی عزت وکرامت اور نظافت وطہارت ہے۔ کہ زکوۃ مال کا میل ہے اور گناہوں کا دھوون۔ اس ستھری نسل والوں کے قابل نہیں خود حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس تعلیل کی تصریح فرمائی۔ یہ ہی ہمارے عامۂ علماء کا مذہب ہے حتی کہ جمہور علمائے کرام نے بنو ہاشم کو مال زکوۃ سے عمل صدقات کی اجرت لینا ناجائز کہا حالانکہ یہ اغنیاء کیلئے بھی روا ہے کہ من کل الوجوہ زکوۃ نہیں۔ مگر آخر شبہ زکوۃ ہے اور بنی ہاشم کی جلالت شان شبہ لوث سے بھی براءت کی شایاں۔ فتاوی رضویہ ۳۹۲/۴

(۲) بنو ہاشم کا غلام بھی زکوۃ نہیں لے سکتا

۱۳۳۲۔ **عن** ھرمز او کیسان رضی اللہ تعالیٰ عنہ انہ مر علی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قال: فدعانی فجئت فقال: یَا اَبَا فُلَانٍ ! اِنَّا اَھْلُ الْبَیْتِ قَدْنُھِیْنَا اَنْ نَاکُلَ الصَّدَقَۃَ، وَاِنَّ مَوْلَی الْقَوْمِ مِنْ اَنْفُسِھِمْ فَلَا تَاکُلُ الصَّدَقَۃَ۔

حضرت ہرمز یا کیسان حضرت ام کلثوم بنت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے آزاد کردہ، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس سے گزرے، کہتے ہیں: مجھے حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بلایا تو میں حاضر ہوا، ارشاد فرمایا: اے ابو فلاں! ہم اہل بیت ہیں۔ ہمیں صدقہ کھانے سے منع کیا گیا ہے۔ اور قوم کا غلام انہی میں شمار ہوتا ہے لہذا صدقہ مت کھانا۔

۱۳۳۲۔ شرح معانی الآثار للطحاوی، کتاب الزکوۃ، ۳۰۰/۱

۳۔ مصارف زکوۃ وصدقات

(۱) اہل قرابت کو زکوۃ وصدقات دینا اجر عظیم کا باعث

۱۳۳۳۔ عن زینب امرأة عبد الله بن مسعود رضی الله تعالیٰ عنهما قالت : کنت فی المسجد فرأیت النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فقال : تَصَدَّقْنَ وَ لَوْ مِنْ حُلِیِّكُنَّ ، و کانت زینب تنفق علی عبد الله و أیتام فی حجرها ، فقالت لعبد الله ! سل رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم ، أیجزی عنی أن انفق علیك و علی أیتام فی حجری من الصدقه ؟ فقال : سلی أنت رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : فانطلقت الی رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فو جدت اِمرأة من الأنصار علی الباب حاجتها مثل حاجتی ، فمر علینا بلال فقلنا : سل النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : ایجزئ عنی أن أتصدق علی زوجی و أیتام لی حجری ، و قلنا : لا تخبرنا : فدخل فسأله فقال : من هما ؟ قال : زینب ، فقال : أیُّ الزَّیَانِبِ ، قال : اِمرأة عبد الله ، قال: نَعَمْ ، لَهَا أجْرَانِ ، أجْرُ الْقَرَابَةِ وَ أجْرُ الصَّدَقَةِ۔

حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ کی زوجہ محترمہ حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں مسجد میں تھی کہ سرکار نے مجھے دیکھ کر ارشاد فرمایا: صدقہ دیا کرو خواہ تمہارے زیورات ہی سے کیوں نہ ہو۔ حضرت زینب کا طریقہ کار یہ تھا کہ وہ صدقہ اپنے شوہر اور یتیموں کو دیا کرتی تھیں جو انکی کفالت میں تھے۔ لہذا انہوں نے حضرت عبد اللہ بن مسعود سے کہا: کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے یہ مسئلہ دریافت کرلینا کہ کیا صدقہ کا مال تم پر اور ان یتیموں پر خرچ کرسکتی ہوں۔ حضرت عبد اللہ نے فرمایا: تم خود ہی پوچھ لینا۔ چنانچہ میں حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی۔ دروازے پر ایک انصاری بی بی ملیں وہ بھی میرے جیسا ہی مسئلہ معلوم کرنے آئی تھیں۔ اتنے میں سامنے سے حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ راستہ سے گزرے ہم نے کہا: ہمارے لئے حضور سے یہ مسئلہ معلوم کرلو! کیا ہم اپنے شوہر اور اپنی کفالت میں یتیموں کو صدقہ دے سکتے ہیں۔ لیکن ہماری اطلاع نہ دینا۔ انہوں نے

۱۳۳۳۔ الجامع الصحیح للبخاری، باب الزکاۃ علی الزوج و الیتام ۱/۱۹۸
الصحیح لمسلم، کتاب الزکاۃ، ۱/۳۲۳
المسند لاحمد بن حنبل، ۶/۳۶۳

خدمت میں حاضر ہوکر دریافت کیا: سرکار نے فرمایا: یہ دونوں کون ہیں؟ بولے: زینب، فرمایا: کون زینب؟ عرض کیا؛ عبد اللہ بن مسعود کی بیوی، فرمایا: ہاں، انکو صدقہ دے سکتی ہیں اور اس میں دوہرا ثواب ہے۔ ایک قرابت کا اور دوسرے صدقہ کا۔

۱۳۳۴۔ **عن** سلمان بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: اَلصَّدَقَةُ عَلَى الْمِسْكِيْنِ صَدَقَةٌ، وَهِيَ عَلٰى ذِي الرَّحِمِ ثِنْتَانِ صَدَقَةٌ وَ صِلَةٌ۔

حضرت سلمان بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مسکین کو دینا اکہرا صدقہ ہے اور رشتہ دار کو دینا دوہرا۔ ایک تصدق ایک صلہ رحم۔

(۲) اہل قرابت کے علاوہ کو صدقہ دینا مقبول نہیں

۱۳۳۵۔ **عن** أبی ہریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: يَا أُمَّةَ مُحَمَّدٍ! وَالَّذِي بَعَثَنِي بِالْحَقِّ، لَا يَقْبَلُ اللّٰهُ صَدَقَةً مِنْ رَجُلٍ وَلَهُ قَرَابَةٌ مُحْتَاجُوْنَ اِلٰى صِلَتِهٖ وَ يَصْرِفُهَا اِلٰى غَيْرِهِمْ، وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهٖ لَا يَنْظُرُ اللّٰهُ اِلَيْهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے امت محمد! قسم اس ذات کی جس نے مجھے حق لیکر مبعوث فرمایا: اللہ تعالیٰ اس کا صدقہ قبول نہیں فرماتا جس کے رشتہ دار اس کے سلوک کی حاجت رکھیں اور وہ انہیں چھوڑ کر اوروں پر تصدق کرلے۔ قسم اس ذات کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے، اللہ تعالیٰ روز قیامت اس پر نظر نہ فرمائے گا۔

فتاوی رضویہ ۴/۴۸۵

فتاوی رضویہ ۱/۶۹۳

۱۳۳۴۔ الجامع للترمذی، باب ماجاء فی الصدقۃ علی القرابۃ، ۸۳/۱

المستدرک للحاکم، ۴۰۷/۱ ☆ الجامع الصغیر للسیوطی، ۳۱۷/۲

۱۳۳۵۔ مجمع الزوائد للہیثمی، ۱۱۷/۳ ☆

(۴) غنی وتندرست کیلئے زکوۃ جائز نہیں

۱۳۳۶۔ **عن** عبد اللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: لَا یَحِلُّ الصَّدَقَةُ لِغَنِیٍّ وَلَا لِذِی مِرَّةٍ سَوِیٍّ۔

فتاوی رضویہ حصہ دوم ۱۱۷/۹　☆　جدالممتار ۱۵۷/۲

حضرت عبد اللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: غنی اور تندرست کیلئے صدقہ جائز نہیں۔

۱۳۳۶۔ الجامع للترمذی　باب ما جاء من لا تحل له الصدقة　۸۳/۱
السنن لابی داؤد،　کتاب الزکاة باب من یعطی من الصدقة وحد الغنی، ۲۲۹/۱
السنن لابن ماجه،　باب من سأل عن ظهر غنی،　۱۳۲/۱
المسند لاحمد بن حنبل،　۱۹۲/۲　☆　المستدرك للحاكم،　۴۰۷/۱
مجمع الزوائد للهیثمی،　۹۱/۳　☆　اتحاف السادة للزبیدی،　۱۰۱/۴

۴۔ صدقہ کے فضائل

ا۔ صدقہ وخیرات کی فضیلت

۱۳۳۷۔ عن أم المؤمنین عائشة الصدیقة رضی الله تعالیٰ عنها قالت: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : إِنَّ اللّٰهَ لَيُرَبِّي لِأَحَدِكُمُ التَّمْرَةَ وَاللُّقْمَةَ كَمَا يُرَبِّي أَحَدُكُمْ فَلُوَّهُ أَوْ فَصِيْلَهُ حَتّٰى يَكُوْنَ مِثْلَ أُحُدٍ۔

ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مسلمان جو ایک چھوہارہ یا ایک نوالہ اللہ تعالیٰ کی راہ میں دے اللہ تعالیٰ اسے بڑھاتا ہے اور پالتا ہے جیسے آدمی اپنے بچھیرے یا بونے کو پرورش کرتا ہے یہاں تک کہ بڑھ کر وہ احد کے برابر ہو جاتا ہے۔

۱۳۳۸۔ عن أبی هریرة رضی الله تعالیٰ عنه قال : قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : مَنْ تَصَدَّقَ بِعَدْلِ تَمْرَةٍ مِنْ كَسْبٍ طَيِّبٍ وَ لَا يَقْبَلُ اللّٰهُ إِلَّا الطَّيِّبَ، فَإِنَّ اللّٰهَ يَقْبَلُهَا بِيَمِيْنِهٖ ثُمَّ يُرَبِّيْهَا لِصَاحِبِهٖ كَمَا يُرَبِّي أَحَدُكُمْ فَلُوَّهُ حَتّٰى تَكُوْنَ مِثْلَ الْجَبَلِ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو ایک چھوہارے کے برابر پاک مال سے خیرات کرے۔ اور اللہ تعالیٰ قبول نہیں کرتا مگر پاک کو، تو رب عزوجل اسے اپنے داہنے دست قدرت سے قبول فرماتا ہے۔ پھر

۱۳۳۷۔ المسند لاحمد بن حنبل، ۲۵۱/۶ ☆ التفسیر لابن کثیر، ۴۸۹/۱
کنز العمال للمتقی، ۱۶۰۲۰، ۳۵۲/۶ ☆ الترغیب و الترهیب للمنذری، ۴/۲
جمع الجوامع للسیوطی، ۵۰۱۴ ☆ الترغیب و الترهیب للمنذری، ۱۲/۲
۱۳۳۸۔ الجامع الصحیح للبخاری، باب الصدقة من کسب طیب، ۱۸۹/۱
الصحیح لمسلم، باب بیان ان اسم الصدقة، ۳۲۶/۱
الجامع للترمذی، باب ما جاء فی فضل الصدقة، ۸۴/۱
السنن لابن ماجه، باب فضل الصدقة، ۱۳۳/۱
المسند لاحمد بن حنبل، ۲۶۸/۲ ☆ الدر المنثور للسیوطی، ۳۵۵/۱
جمع الجوامع للسیوطی، ۵۶۶۱ ☆ کنز العمال للمتقی، ۳۴۸/۶
اتحاف السادة للزبیدی، ۱۱۴/۴ ☆ مشکوة المصابیح للتبریزی، ۱۹۰۹
شرح السنة للبغوی، ۱۳۳/۶ ☆ التفسیر للقرطبی، ۱۵۰/۱

خیرات کرنے والے کیلئے اسکو بچھیرے کی پرورش کی طرح پالتا ہے یہاں تک کہ وہ بڑھ کر پہاڑ کے برابر ہو جائے۔

﴿۱﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

کوئی احمق سا احمق بھی ان حدیثوں سے یہ معنی نہیں سمجھے گا کہ ایک چھوہارے یا ایک ہی نوالے کی خصوصیت ہے۔ ایک دے گا تو قبول ہوگا اور ثواب ملے گا۔ جہاں دو بار زائد دئے پھر نہ قبول کی توقع اور نہ ثواب کی ترقی۔ نہیں نہیں، بالیقین یہ ہی معنی ہے کہ ایک لقمہ یا ایک خرمہ بھی ان نیک جزاؤں کا باعث ہے۔

صفائح اللجین ص ۱۱

(۲) پوشیدہ صدقہ افضل ہے

۱۳۳۹۔ **عن** أبی أمامة الباهلی رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: أَفْضَلُ الصَّدَقَةِ سِرًّا اِلیٰ فَقِیْرٍ۔

حضرت ابو امامہ باہلی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بہتر صدقہ وہ ہے جو خفیہ طور پر فقیر کو دیا جائے۔

الزلال الانقی ص ۱۷۰

(۳) صدقہ عمر بڑھاتا ہے

۱۳۴۰۔ **عن** عمر بن عوف رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: اِنَّ صَدَقَةَ الْمُسْلِمِ تَزِیْدُ فِی الْعُمُرِ وَ تَمْنَعُ مِیْتَةَ السُّوْءِ۔

حضرت عمرو بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بیشک صدقہ کے ذریعہ اللہ تعالیٰ عمر بڑھاتا ہے اور بری موت کو دفع فرماتا ہے۔

راد القحط والوباء ص ۷

۱۳۳۹۔ اتحاف السادۃ للزبیدی، ۱۱۱/٤ ☆ کنز العمال للمتقی، ۱٦٦۲٥۰، ٤۰۰/٦

۱۳٤۰۔ مجمع الزوائد للهیثمی، ۱۱۰/۳ ☆ المعجم الکبیر للطبرانی، ۲۲/۱۷
المطالب العالیة لابن حجر، ۸۷٤ ☆ الترغیب و الترهیب للمنذری، ۲۱/۲
الدر المنثور للسیوطی، ۳٥٥/۱ ☆ کنز العمال للمتقی، ۱٦۱۱۱، ۲۷۱/٦

۱۳٤۱۔ **عن** أنس رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال : قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم : اِنَّ صَدَقَةَ وَ صِلَةَ الرَّحِمِ یَزِیْدُ اللّٰهُ بِهِمَا فِی الْعُمْرِ وَ یَدْفَعُ بِهِمَا مَیْتَةَ السُّوْءِ وَ یَدْفَعُ بِهِمَا الْمَکْرُوْهَ وَ الْمَحْذُوْرَ ۔

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بیشک صدقہ اور صلہ رحم ان دونوں سے اللہ تعالی عمر بڑھاتا ہے اور بری موت کو دفع کرتا ہے اور مکروہ واندیشہ کو دور کرتا ہے۔ زدالقحط والوباء ص ۱۰

(۴) صدقہ غضب الٰہی کو بجھاتا ہے

۱۳٤۲۔ **عن** أنس بن مالك رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال : قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم : اِنَّ الصَّدَقَةَ لَتُطْفِیُٔ غَضَبَ الرَّبِّ وَ تَدْفَعُ مَیْتَةَ السُّوْءِ ۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بیشک صدقہ اللہ عزوجل کے غضب کو بجھاتا اور بری موت کو دفع کرتا ہے۔ رادالقحط والوباء ص ٦

۱۳٤۱۔ مجمع الزوائد للهیثمی، ۱۵۱/۸ ☆ الترغیب و الترهیب للمنذری، ۳۳۵/۳
المطالب العالیة لابن حجر، ۸۷۵ ☆ الکامل لابن عدی،
فتح الباری للعسقلانی، ٤١٦/١٠ ☆
۱۳٤۲۔ الجامع للترمذی، باب ما جاء فی فضل الصدقة، ٨٤/١

(۵) صدقہ جہنم سے بچاتا ہے

۱۳۴۳۔ **عن** أمیر المؤمنین أبی بکر الصدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: اِتَّقُوا النَّارَ وَ لَوْ بِشِقِّ تَمْرَةٍ، فَإِنَّهَا تَقِيمُ الْعِوَجَ وَ تَدْفَعُ مِيْتَةَ السُّوْءِ۔

امیر المؤمنین حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: دوزخ سے بچو اگرچہ آدھا چھوہارہ دیکر۔ کہ وہ کجی کو سیدھا اور بری موت کو دفع کرتا ہے۔

(۶) صدقہ گناہ مٹاتا ہے

۱۳۴۴۔ **عن** عاصم العدوی رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: اَلصَّدَقَةُ تُطْفِئُ الْخَطِيئَةَ كَمَا يُطْفِئُ الْمَاءُ النَّارَ۔

حضرت عاصم عدوی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: صدقہ گناہ کو بجھاتا ہے جس طرح پانی آگ کو۔

(۷) صدقہ بری موت سے بچاتا ہے

۱۳۴۵۔ **عن** رافع بن مکیث الرضوانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: اَلصَّدَقَةُ تَمْنَعُ مِيْتَةَ السُّوْءِ۔

حضرت رافع بن مکیث رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: صدقہ بری موت سے بچاتا ہے۔

راد القحط والوباء ص ۷

۱۳۴۳۔ الجامع الصحیح للبخاری، باب اتقوا النار و لو بشق تمرۃ، ۱۹۰/۱
المعجم الکبیر للطبرانی، ۱۱۴/۱۲ ☆ التاریخ الکبیر للبخاری، ۱۰۵/۱
مجمع الزوائد للهیثمی، ۱۰۵/۳ ☆ الصحیح لابن خزیمۃ، ۲۴۲۸
۱۳۴۴۔ المعجم الکبیر للطبرانی، ۱۳۵/۱۹ ☆ المعجم الصغیر للطبرانی، ۲۲۴/۱
المسند لاحمد بن حنبل، ۳۲۱/۳ ☆ التمهید لابن عبد البر، ۳۰۳/۲
اتحاف السادۃ للزبیدی، ۵۰/۸ ☆ ارواء الغلیل للالبانی، ۱۲۸/۲
مجمع الکبیر للطبرانی، ۲۳۰/۵ ☆
۱۳۴۵۔ المعجم الکبیر للطبرانی، ۱۷/۵ ☆

۱۳۴۶۔ **عن** أنس بن مالك رضي الله تعالیٰ عنه قال : رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : إِنَّ اللّٰهَ لَيَدْرَءُ بِالصَّدَقَةِ سَبْعِينَ بَابًا مِنْ مَيْتَةِ السُّوْءِ۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بیشک اللہ عزوجل صدقہ کے سبب ستر دروازے بری موت کے دفع فرماتا ہے۔

۱۳۴۷۔ **عن** رافع بن خديج رضي الله تعالیٰ عنه قال : قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : اَلصَّدَقَةُ تَسُدُّ سَبْعِينَ بَابًا مِنَ السُّوْءِ۔

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: صدقہ ستر دروازے برائی کے بند کرتا ہے۔

(۸) صدقہ بلائیں دفع کرتا ہے

۱۳۴۸۔ **عن** أنس بن مالك رضي الله تعالیٰ عنه قال : قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : اَلصَّدَقَةُ تَمْنَعُ سَبْعِينَ نَوْعًا مِنْ أَنْوَاعِ الْبَلَاءِ ، أَهْوَنُهَا الْجُذَامُ وَ الْبَرَصُ۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: صدقہ ستر قسم کی بلائیں روکتا ہے جن کی آسان تر بدن بگڑنا اور سپید داغ ہیں۔ و العیاذ باللہ تعالیٰ۔

۱۳۴۹۔ **عن** أمير المؤمنين علی المرتضی كرم الله تعالیٰ وجهه الكريم قال : قال

۱۳۴۶۔ كنز العمال للمتقي، ۱۶۱۱۱، ۳۷۱/۶ ☆ جمع الجوامع للسيوطي، ۵۰۳۰
اتحاف السادة للزبيدي، ۱۶۷/۴ ☆ الدر المنثور للسيوطي، ۳۵۵/۱
الترغيب و الترهيب للمنذري، ۱۲/۲ ☆ المغني لعراقي، ۲۲۶/۱
۱۳۴۷۔ المعجم الكبير للطبراني، ۳۲۷/۴ ☆ مجمع الزوائد للهيثمي، ۱۰۹/۳
الدر المنثور للسيوطي، ۳۵۵/۱ ☆ الترغيب و الترهيب للمنذري، ۱۹/۲
اتحاف السادة للزبيدي، ۱۶۷/۴ ☆ تاريخ اصفهان، ۶۸/۱
۱۳۴۸۔ اتحاف السادة للزبيدي، ۱۷۳/۴ ☆ ارواء الغليل للالباني، ۳۹۳/۳
كنز العمال للمتقي، ۱۵۹۲۲، ۳۴۶/۶ ☆ كشف الخفاء للعجلوني، ۲۹/۲
۱۳۴۸۔

رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم : بَاكِرُوْا بِالصَّدَقَةِ فَاِنَّ الْبَلَآءَ لَا يَتَخَطَّاهَا ۔

امیر المؤمنین حضرت علی مرتضی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: صبح تڑکے صدقہ دو کہ بلا صدقہ سے آگے قدم نہیں بڑھاتی۔

زاد القحط والوباء ص ۷

۱۳۵۰۔ **عن** أنس بن مالك رضى الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم : اَلصَّدَقَاتُ بِالْغُدُوَّاتِ يَذْهَبْنَ الْعَاهَاتِ ۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: صبح کے صدقے آفتوں کو دفع کرتے ہیں۔

۱۳۵۱۔ **عن** جابر بن عبد الله رضى الله تعالىٰ عنهما قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم : اَلصَّدَقَةُ تَمْنَعُ الْقَضَاءَ السُّوْءَ ۔

حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: صدقہ بری قضا کو ٹال دیتا ہے۔

(۹) صدقہ کی کثرت سے روزی بڑھتی ہے

۱۳۵۲۔ **عن** جابر بن عبد الله رضى الله تعالىٰ عنهما قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم : صِلُوْا الَّذِىْ بَيْنَكُمْ وَ بَيْنَ رَبِّكُمْ بِكَثْرَةِ ذِكْرِكُمْ لَهٗ وَ كَثْرَةِ الصَّدَقَةِ فِى السِّرِّ وَ الْعَلَانِيَةِ تُؤْجَرُوْا وَ تُحْمَدُوْا وَ تُرْزَقُوْا ۔

حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ عزوجل کے ساتھ اپنی نسبت درست کرو، اس کی یاد کی کثرت کرو۔ اور خفیہ وظاہر صدقہ کی تکثیر سے، ایسا کروگے تو روزی دیے جاؤگے۔ قابل ستائش رہوگے اور تمہاری شکستگیاں درست کی جائیں گی۔

۱۳۵۰۔ المسند الفردوس للديلمى، ۴۱۴/۲ ☆ الجامع الصغير للسيوطى، ۳۱۷/۱

۱۳۵۱۔ المسند لاحمد بن حنبل ۵۰۲/۳ ☆ مجمع الزوائد للهيثمى، ۲۲/۸

۱۳۵۲۔ الدر المنثور للسيوطى، ۳۵۴/۱ ☆ السنن الكبرى للبيهقى، ۱۷۱/۳

الترغيب والترهيب للمنذرى، ۵۱۱/۱ ☆ ارواء الغليل للالبانى، ۵۰/۳

التفسير للقرطبى، ۱۹/۱۸ ☆

۱۳۵۳۔ **عن** أبی الدرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال :قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم : مَا مِنْ رَجُلٍ مُسْلِمٍ یُصَابُ بِشَیْءٍ فِی جَسَدِہٖ فَیَتَصَدَّقُ بِہٖ اِلَّا رَفَعَہُ اللّٰہُ دَرَجَۃً وَ حُطَّ عَنْہُ خَطِیْئَۃً ۔

حضرت ابودرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کسی مسلمان کو کوئی جسمانی تکلیف پہونچے اور وہ صدقہ کرے تو اللہ تعالیٰ اس کا ایک درجہ بلند کرتا ہے اور ایک گناہ مٹاتا ہے۔۱۲م

فتاوی رضویہ ۸/ ۵۰۸

(۱۰) بہرے کو بات سنانا صدقہ ہے

۱۳۵۴۔ **عن** سہل بن سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال : قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم : إِسْمَاعُ الْأَصَمِّ صَدَقَۃٌ ۔

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بہرے کو اچھی بات سنانا صدقہ ہے۔۱۲م

(۱۱) خود کھانا اور دوسرے کو کھلانا صدقہ ہے

۱۳۵۵۔ **عن** المقداد بن معدی کرب رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال : قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم : مَا أَطْعَمْتَ زَوْجَکَ فَھُوَ لَکَ صَدَقَۃٌ مَا أَطْعَمْتَ وَلَدَکَ فَھُوَ لَکَ صَدَقَۃٌ ، وَ مَا أَطْعَمْتَ خَادِمَکَ فَھُوَ لَکَ صَدَقَۃٌ ، وَ مَا أَطْعَمْتَ نَفْسَکَ فَھُوَ لَکَ صَدَقَۃٌ ۔

فتاوی رضویہ ۴/ ۲۱۸

۱۳۵۳۔ الجامع للترمذی، ۱/۱۶۷ ☆ السنن لابن ماجہ، ۲/۱۹۷
المسند لاحمد بن حنبل، ۶/۴۴۸ ☆
الجامع الصغیر للسیوطی، ۲/۴۹۱ ☆
۱۳۵۴۔ کنز العمال للمتقی، ۱۶۳۰۳ ☆
الجامع الصغیر للسیوطی، ۱/۶۸ ☆
۱۳۵۵۔ المسند لاحمد بن حنبل، ۴/۱۳۱ ☆ السنن الکبری للبیھقی، ۴/۱۷۹
مجمع الزوائد للھیثمی، ۳/۱۱۹ ☆ الترغیب والترھیب للمنذری، ۳/۶۲
الدر المنثور للسیوطی، ۱/۳۳۷ ☆ التفسیر لابن کثیر، ۲/۲۶۴
تاریخ دمشق لابن عساکر، ۵/۸۹ ☆ تاریخ اصفھان لابی نعیم، ۲/۷۶
کنز العمال للمتقی، ۱۶۳۲۱ ☆ حلیۃ الاولیاء لابی نعیم، ۹/۳۰۹

حضرت مقداد بن معدی کرب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو کچھ تو اپنی بیوی کو کھلائے وہ تیرے لئے صدقہ ہے اور جو کچھ اپنے بچوں کو کھلائے وہ تیرے لئے صدقہ ہے، اور جو کچھ تو اپنے غلام کو کھلائے وہ تیرے لئے صدقہ ہے، اور جو کچھ تو خود کھائے وہ تیرے لئے صدقہ ہے۔۱۲م

(۱۲) ہر جاندار کو کھلانا باعث ثواب

۱۳۵۶۔ **عن** أبي هريرة رضي الله تعالىٰ عنه قال : قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم : فِي كُلِّ ذَاتِ كَبِدٍ حَرِيٍ أَجْرٌ ۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ہر گرم جگر میں ثواب ہے۔

۱۳۵۷۔ **عن** جابر بن عبد الله رضي الله تعالىٰ عنهما قال : قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم : فِيمَا يَاكُلُ اِبْنُ آدَمَ أَجْرٌ وَ فِيمَا يَاكُلُ السَّبُعُ أَجْرٌ، وَفِيمَا يَاكُلُ الطَّيْرُ أَجْرٌ ۔　　فتاوی رضویہ ۴/۲۲۹

حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو کچھ آدمی کھائے اس میں ثواب ہے، اور جو درندہ کھا جائے اس میں ثواب ہے۔ جو پرند کو پہونچے اس میں ثواب ہے۔

(۱۳) حرام کمائی سے صدقہ حرام ہے

۱۳۵۸۔ **عن** أبي الطفيل رضي الله تعالىٰ عنه قال : قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم : مَن كَسَبَ مَالًا حَرَامًا فَاَعْتَقَ مِنْهُ وَوَصَلَ مِنْهُ رَحْمَهٗ كَانَ ذٰلِكَ اِصْرًا عَلَيْهِ ۔

حضرت ابو الطفیل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ

۱۳۵۶۔ المسند لاحمد بن حنبل، ۲/۷۳۵ ☆ السنن الكبرى للبيهقي، ۴/۱۸۶
شرح السنة للبغوي، ۲/۲۲۹ ☆ الصحيح لابن حبان، ۸۶۰
۱۳۵۷۔ المستدرك للحاكم، ۴/۱۳۲ ☆ الترغيب والترهيب للمنذري، ۳/۳۷۸
۱۳۵۸۔ الترغيب والترهيب للمنذري، ۲/۵۴۹ ☆ مجمع الزوائد للهيثمي، ۱۰/۲۹۲
كنز العمال للمتقي، ۹۲۷۰ ☆

وسلم نے ارشاد فرمایا: جو حرام مال کمائے پس اس میں سے غلام آزاد کرے اور صلہ رحم کرے تو یہ بھی اس پر وبال ٹھہرے۔

۱۳۵۹۔ **عن** القاسم بن مخیمرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ مرسلاً قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: مَنِ اکْتَسَبَ مَالًا مِنْ مَّأْثَمٍ فَوَصَلَ بِہٖ رَحْمَۃً أَوْتَصَدَّقَ بِہٖ أَوْأَنْفَقَہٗ فِی سَبِیْلِ اللّٰہِ جَمَعَ ذٰلِکَ کُلَّہٗ قُذِفَ بِہٖ فِی جَھَنَّمَ۔

حضرت قاسم بن مخیمرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو گناہ کی وجہ سے مال کمائے اس سے صلہ رحم یا تصدق یا راہ خدا میں خرچ کرے یہ سب جمع کر کے اسے جہنم میں پھینک دیا جائے۔

(۱۴) حلال کمائی ہی کا صدقہ مقبول ہے

۱۳۶۰۔ **عن** ابی ہریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: مَنْ تَصَدَّقَ بِعَدْلِ تَمْرَۃٍ مِنْ کَسْبٍ طَیِّبٍ، وَلَا یَقْبَلُ اللّٰہُ اِلَّا الطَّیِّبَ فَاِنَّ اللّٰہَ یَقْبَلُھَا بِیَمِیْنِہٖ۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو ایک کھجور کے برابر پاک کمائی سے تصدق کرے اور اللہ تعالیٰ نہیں قبول فرماتا مگر پاک۔ تو حق جل وعلا اسے اپنے یمین قدرت سے قبول فرماتا ہے۔

۱۳۶۱۔ **عن** سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: قال رسول اللہ

۱۳۵۸۔ الترغیب والترھیب للمنذری، ۲/۵٤۹ ☆ مجمع الزوائد للھیثمی، ۱۰/۲۹۲
کنز العمال للمتقی، ۹۲۷۰ ☆
۱۳۵۹۔ الترغیب والترھیب للمنذری، ۲/۵٤۹ ☆
۱۳۶۰۔ الجامع الصحیح للبخاری، باب الصدقۃ من کسب طیّب، ۱/۱۸۹
السنن لابن ماجہ، باب فضل الصدقۃ، ۱/۱۳۲
المسند لاحمد بن حنبل، ۲/۳۳۱ ☆ اتحاف السادۃ للزبیدی، ٤/۱۲٦
السنن الکبری للبیھقی، ٤/۱۷۷ ☆ الترغیب والترھیب للمنذری، ۲/۳
ارواء الغلیل للالبانی، ۳/۳۹۳ ☆ الدر المنثور للسیوطی، ۱/۳٦۵
التفسیر لابن کثیر، ۱/٤۸۷ ☆ کنز العمال للمتقی، ۲۰، ۱٦
۱۳۶۱۔ الصحیح لمسلم، کتاب الزکاۃ، ۱/۳۲٦
الجامع للترمذی، باب ما جاء فی فضل الصدقۃ، ۲/۸٤

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم : اِنَّ اللّٰہَ طَیِّبٌ ، وَ لَا یَقْبَلُ اِلَّا الطَّیِّبَ۔

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک اللہ پاک ہے، اور پاک ہی کو قبول کرتا ہے۔

۱۳۶۲۔ **عن** عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال : قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم : لَا یَکْسِبَ عَبْدٌ مَالًا حَرَامًا فَیَتَصَدَّقَ بِہٖ فَیُقْبَلُ مِنْہُ ، وَ لَا یُنْفِقُ مِنْہُ فَیُبَارَکُ فِیْہِ وَ لَا یَتْرُکُہٗ خَلْفَ ظَھْرِہٖ اِلَّا کَانَ زَادَہٗ اِلَی النَّارِ ، اِنَّ اللّٰہَ تَعَالیٰ لَا یَمْحُوا السَّیِّئَ بِالسَّیِّئِ وَلٰکِنْ یَمْحُوا السَّیِّئَ بِالْحَسَنِ،اِنَّ الْخَبِیْثَ لَا یَمْحُو الْخَبِیْثَ

حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ نہ ہوگا کہ بندہ مال حرام سے صدقہ دے پھر وہ قبول ہو جائے۔ اور یہ بھی نہ ہوگا کہ اس میں سے راہ خدا میں خرچ نہ کرے اور برکت دی جائے۔ اور اپنے پیچھے چھوڑ گیا تو وہ مال اس کے لئے جہنم کی طرف توشہ ہوگا۔ بیشک اللہ تعالیٰ بدی کو بدی کے ذریعہ نہیں مٹاتا بلکہ بدی کو نیکی کے ذریعہ محو فرماتا ہے۔ بیشک مال حرام مال حرام کی خباثت کو محو نہیں کرتا۔۱۲م

۱۳۶۳۔**عن** عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال : قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم : لَا یَغْبِطَنَّ جَامِعُ الْمَالِ مِنْ غَیْرِ حِلِّہٖ اَوْ قَالَ مِنْ غَیْرِ حَقِّہٖ، فَاِنَّہٗ اِنْ تَصَدَّقَ بِہٖ لَمْ یُقْبَلْ مِنْہُ وَ مَا بَقِیَ کَانَ زَادَہٗ اِلَی النَّارِ۔

حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو غیر حلال سے مال جمع کرے اس پر کوئی رشک نہ کی جائے۔ کہ اگر وہ

۱۳۶۱۔ المسند لاحمد بن حنبل، ۳۲۸/۲ ☆ الترغیب و الترھیب للمنذری، ۵۴۵/۲
التفسیر للقرطبی، ۶۹/۱۱ ☆ المنثور للسیوطی، ۱۶۸/۱
السلسلۃ الصحیحۃ للالبانی، ۱۲۸/۳ ☆ الکامل لابن عدی،
الدر المنتثرۃ، ۴۴ ☆ السنن الکبری للبیہقی، ۳۴۶/۳
کشف الخفاء للعجلونی، ۲۶۰/۱ ☆ اتحاف السادۃ للزبیدی، ۸/۶
جمع الجوامع للسیوطی، ۸۴۷۲ ☆ مشکوۃ المصابیح للتبریزی، ۲۷۶۰
۱۳۶۲۔ الترغیب و الترھیب للمنذری، ۵۵۰/۲ ☆ الدر المنثور للسیوطی، ۳۴۷/۱
المسند لاحمد بن حنبل، ۳۸۷/۱ ☆ مشکوۃ المصابیح للتبریزی، ۲۷۷۱
۱۳۶۳۔ المستدرک للحاکم، ۴/۲ ☆

اس سے خیرات کرے گا تو قبول نہ ہوگی۔ اور جو بچ رہے گا وہ اس کا توشہ ہوگا جہنم کی طرف۔

۱۳۶۴۔ **عن** أبی حجیرة رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : مَنْ جَمَعَ مَالًا حَرَامًا ثُمَّ تَصَدَّقَ بِهٖ لَمْ یَكُنْ لَهٗ فِیْهِ أَجْرٌ وَكَانَ إِصْرُهٗ عَلَیْهِ۔

حضرت ابوجحیرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو غیر حلال سے مال جمع کرے پھر اس کو خیرات میں دے اس کیلئے ثواب کچھ نہ ہو اور اس کا وبال اس پر ہو۔

۱۳۶۴۔ الترغیب والترهیب للمنذری، ۱/۵۳۵ ☆ الدر المنثور للسیوطی، ۱/۳۴۷
السنن الکبری للبیهقی، ۴/۸۴ ☆ اتحاف السادة للزبیدی، ۶/۱۰
المستدرك للحاکم، ۱/۳۹۰ ☆ کنز العمال للمتقی، ۹۲۶۹

۵۔ حیلۂ شرعی

(۱) حیلۂ شرعی کی اصل

۱۳۶۵۔ **عن** أم المؤمنين عائشة الصديقة رضى الله تعالىٰ عنها قالت : اتى النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم بلحم بقر ، فقيل : هٰذا ما تصدق به على بريرة ، فقال : هُوَ لَهَا صَدَقَةٌ وَلَنَا هَدِيَّةٌ ۔

ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں گائے کا گوشت حاضر کیا گیا، کسی نے کہا: یہ گوشت حضرت بریرہ پر صدقہ ہوا تھا۔ فرمایا: یہ بریرہ کیلئے صدقہ تھا ہمارے لئے ہدیہ ہے۔ ۱۲م

فتاوی رضویہ ۷/۱۰۶

۱۳۶۶۔ **عن** أم عطية رضى الله تعالىٰ عنها قالت : بعث الى رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم بشاة من الصدقة ، فبعثت الى عائشة منها بشيء ، فلما جاء رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم الى عائشة ، قال : هَلْ عِنْدَكُمْ شَيْءٌ ؟ قالت : لا ، ألا إن نسيبة بعثت الينا من الشاة التى بعثتم بها اليها ، قال : إِنَّهَا قَدْ بَلَغَتْ مَحِلَّهَا

حضرت ام عطیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے میرے پاس صدقہ کی ایک بکری بھیجی، میں نے اس میں سے کچھ گوشت ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ کے پاس بھیج دیا۔ جب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حضرت عائشہ کے پاس

۱۳۶۵۔ الصحيح لمسلم ، باب اباحة الهدية للنبى ﷺ ، ۱/۳۴۵
المسند لاحمد بن حنبل ، ۱/۲۸۱ ☆ اتحاف السادة للزبيدى ، ۶/۸۱

۱۳۶۶۔ الصحيح لمسلم ، باب اباحة الهدية للنبى ﷺ ، ۱/۳۴۵
الجامع الصحيح للبخارى ، باب اذا تحولت الصدقة ، ۱/۲۰۲
السنن لابن ماجه ، باب خيار لامة اذا اعتقت ، ۱/۱۵۰
شرح معانى الآثار للطحاوى ، ۱/۳۰۲ ☆ فتح البارى للعسقلانى ، ۴/۱۴۱
مجمع الزوائد للهيثمى ، ۳/۱۴۹ ☆ التمهيد لابن عبد البر ، ۵/۱۰۶
مشكوة المصابيح للتبريزى ، ۲۰۷۶ ☆ اتحاف السادة للزبيدى ، ۴/۳۰۲
المسند لاحمد بن حنبل ، ۶/۲۰۷ ☆ السنن الكبرى للبيهقى ، ۴/۲۰۳

تشریف لائے تو فرمایا: کیا تمہارے پاس کچھ کھانے کو ہے؟ عرض کیا: نہیں، ہاں ام عطیہ نسیبہ نے بکری کا گوشت بھیجا ہے جو آپ نے ان کے پاس بھیجی تھی۔ فرمایا: صدقہ کی بکری اپنے محل میں پہونچ گئی۔ ۱۲م

فتاوی رضویہ ۴/۳۹۲

۶۔ صدقۂ فطر

(۱) صدقۂ فطر کی مقدار

۱۳۶۷۔ **عن** أبی سعید الخدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: لما کثر الطعام فی زمن معاویۃ جعلوہ مدین من حنطۃ۔

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ جب حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے زمانہ میں گندم کا استعمال عام ہوا تو علماء نے صدقۂ فطر کی مقدار گندم سے دو مد مقرر کردی۔

(۲) عہد رسالت میں صدقۂ فطر عموماً تین چیزوں سے ادا کیا جاتا تھا۔

۱۳۶۸۔ **عن** عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال: لم تکن الصدقۃ علی عہد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم الا التمر والزبیب والشعیر ولم تکن الحنطۃ۔

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے عہد مبارک میں صدقۂ فطر کھجور، منقی اور جو سے ہی دیا جاتا تھا۔ اور گیہوں اس وقت عام مروج نہ تھا۔

۱۳۶۹۔ **عن** أبی سعید الخدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: کان طعامنا الشعیر۔

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ہمارا طعام جو تھا۔

﴿۱﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

فقیر نے ۲۷، ماہ مبارک رمضان ۱۳۲۷ھ کو نیم صاع شعیری کا تجربہ کیا جو ٹھیک چار رطل جو کا پیمانہ تھا۔ اس میں گیہوں برابر ہموار مسطح بھر کر تولے تو ثمن رطل کم پانچ رطل آئے۔ یعنی ایک سو چوالیس روپے بھر جو کی جگہ ایک سو چھتر روپے آٹھ آنے بھر گیہوں۔ کہ

۱۳۶۷۔ شرح معانی الآثار للطحاوی، باب مقدار صدقۃ الفطر، ۱/۳۷۲

۱۳۶۸۔ الصحیح لابن خزیمۃ، باب الدلیل علی ان، ۴/۸۵

۱۳۶۹۔ الجامع الصحیح للبخاری، باب الصدقۃ الفطر، ۱/۲۰۴

بریلی کے سیر سے اٹھنی بھر اوپر پونے دو سیر ہوئے۔ یہ محفوظ رکھنا چاہئے کہ صدقۂ فطر، کفارات، فدیہ صوم وصلوۃ میں اسی اندازہ سے گیہوں ادا کرنا احوط وانفع للفقراء ہے۔ اگرچہ اصل مذہب پر بریلی کی تول سے روپے بھر کم ڈیڑھ سیر گیہوں ہیں، پھر اسی پیمانے میں پانی بھر کر وزن کیا تو دوسو چودہ روپے بھر ایک دوانی کم آیا، کہ کچھ کم چھ رطل ہوا۔

فتاوی رضویہ جدید ۱/۵۹۵

۷۔ چندہ اور اسراف

(۱) چندہ کی اصل اور اجر و ثواب

۱۳۷۰۔ **عن** جریر رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: کنا عند رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فی صدر النہار، قال: فجاءہ قوم حفاۃ عراۃ مجتابی النمار او العباء متقلدی السیوف عامتہم من مضر بل کلہم من مضر، فتمعر وجہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لما رأی بہم من الفاقۃ فدخل ثم خرج فامر بلالا فاذن فاقام فصلی ثم خطب فقال: یَا أَیُّھَا النَّاسُ! اِتَّقُوْا رَبَّکُمُ الَّذِیْ خَلَقَکُمْ مِنْ نَفْسٍ وَّاحِدَۃٍ، إِلیٰ آخِرِ الآیَۃِ، اِنَّ اللّٰہَ کَانَ عَلَیْکُمْ رَقِیْبًا، وَالآیَۃُ الَّتِیْ فِی الْحَشْرِ، یَا أَیُّھَا الَّذِیْنَ آمَنُوا اتَّقُوا اللّٰہَ وَلْتَنْظُرْ نَفْسٌ مَّا قَدَّمَتْ لِغَدٍ، تَصَدَّقَ رَجُلٌ مِّنْ دِیْنَارِہٖ، مِنْ دِرْھَمِہٖ، مِنْ ثَوْبِہٖ، مِنْ صَاعِ بُرِّہٖ، مِنْ صَاعِ تَمْرِہٖ، حَتّٰی قَالَ: وَلَوْ بِشِقِّ تَمْرَۃٍ، قال: فجاء رجل من الانصار بصرۃ کادت کفہ تعجز عنہا بل قد عجزت، قال: ثم تتابع الناس حتی رأیت کومین من طعام و ثیاب، حتی رأیت وجہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یتہلل کانہ مذھبۃ، فقال رسول اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: مَنْ سَنَّ فِی الْاِسْلَامِ سُنَّۃً حَسَنَۃً فَلَہٗ أَجْرُھَا وَ أَجْرُ مَنْ عَمِلَ بِھَا بَعْدَہٗ مِنْ غَیْرِ اَنْ یُّنْقَصَ مِنْ أُجُوْرِھِمْ شَیْئًا، وَمَنْ سَنَّ فِی الْاِسْلَامِ سُنَّۃً سَیِّئَۃً کَانَ عَلَیْہِ وِزْرُھَا وَوِزْرُ مَنْ عَمِلَ بِھَا مِنْ بَعْدِہٖ مِنْ غَیْرِ اَنْ یُّنْقَصَ مِنْ أَوْزَارِھِمْ شَیْءٌ۔

حضرت جریر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ہم حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں چاشت کے وقت حاضر تھے کہ کچھ برہنہ پا، برہنہ بدن، صرف ایک کملی کفنی کی طرح چیر کر گلے میں ڈالے تلواریں لٹکائے خدمت اقدس حضور پرنور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں حاضر ہوئے۔ یہ لوگ عموماً قبیلہ مضر سے متعلق تھے بلکہ کل۔ حضور پرسید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انکی محتاجی دیکھی تو چہرۂ انور کا رنگ بدل گیا۔ حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اذان کا حکم دیا۔ بعد نماز خطبہ فرمایا: بعد تلاوت آیات ارشاد کیا۔ کوئی شخص اپنی اشرفی سے صدقہ کرے، کوئی روپے سے، کوئی کپڑے سے، کوئی اپنے قلیل گیہوں سے، کوئی اپنے تھوڑے

۱۳۷۰۔ الصحیح لمسلم، باب الحث علی الصدقۃ، ۱/۳۲۷

چھواروں سے ، یہاں تک فرمایا: اگر چہ آدھا چھوارہ ۔ اس ارشاد کو سنکر ایک انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ روپیوں کا تھیلا اٹھالائے ۔ جسکے اٹھانے میں انکے ہاتھ تھک گئے ۔ پھر لوگ پے در پے صدقات لانے لگے ۔ یہاں تک کہ دوانبار کھانے اور کپڑے کے ہوگئے ۔ یہاں تک کہ میں نے دیکھا رسول انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا چہرۂ انور خوشی کے باعث کندن کی طرح دمکنے لگا ۔ ارشاد فرمایا: جو شخص اسلام میں کوئی اچھی راہ نکالے اسکے لئے اسکا ثواب ہے اور اسکے بعد جتنے لوگ اس راہ پر عمل کریں گے سب کا ثواب اسکے لئے ہے بغیر اسکے کہ اسکے ثواب میں کمی ہو ۔ اور جو کوئی اسلام میں بری راہ نکالے اس پر اسکا گناہ ہے اور اسکے بعد جتنے لوگ اس راہ پر عمل کریں گے سب وبال اسکے سر ، اور انکے گناہوں میں بھی کچھ کمی نہ ہو ۔

فتاوی رضویہ ۱۰/۱۸۶

(۲) راہ خدا میں مال کثیر خرچ کرنا اسراف نہیں

۱۳۷۱ ۔ **عن** مجاهد رضی الله تعالیٰ عنه قال : لو انفقت مثل ابی قبیس ذهبا فی طاعة الله لم یکن اسرافا ، ولو انفقت صاعا فی معصیة الله کان اسرافا ۔

حضرت امام مجاہد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ اگر تو اللہ تعالیٰ کی اطاعت میں کوہ ابوقبیس کے برابر سونا خرچ کردے تو بھی اسراف نہ ہوگا ۔ اور نافرمانی میں ایک صاع خرچ کرنا بھی اسراف ہے ۔

﴿۱﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے تصدق کا حکم فرمایا: فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ خوش ہوئے کہ اگر میں کبھی ابوبکر صدیق پر سبقت لے جاؤں گا تو وہ یہی بار ہے کہ میرے پاس مال بسیار ہے ۔ اپنے جملہ اموال سے نصف حاضر خدمت اقدس لائے ۔ حضور نے فرمایا: اہل وعیال کیلئے کیا رکھا ہے؟ عرض کی: اتنا ہی ، اتنے میں صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ حاضر ہوئے اور کل مال حاضر لائے ، گھر میں کچھ نہ چھوڑا ۔ ارشاد ہوا: اہل وعیال کیلئے کیا رکھا؟ عرض کی : اللہ اور اسکا رسول ، جل جلالہ وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ، اس پر حضور پر نور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تم دونوں میں وہی فرق ہے جو تمہارے ان جوابوں میں ۔

۱۳۷۱ ۔ التفسیر الکبیر للرازی ، ۱۳/۲۱۴

(۳) عوام کو راہ خدا میں تمام مال خرچ کرنا جائز نہیں

۱۳۷۲۔ **عن** جابربن عبد اللہ الانصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال: کنا عند رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اذجاء ہ رجل بمثل بیضۃ من ذھب ، فقال : یا رسول اللہ ! اصبت ھذہ من معدن فخذھا فھی صدقۃ ، ما املک غیرھا فاعرض عنہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ، ثم اتاہ من قبل رکنہ الایمن فقال مثل ذلک فاعرض عنہ ، ثم اتاہ من قبل رکنۃ الایسر فاعرض عنہ ، ثم اتاہ من خلفہ فاخذھا رسول اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فحذفہ بھا فلو اصابتہ لا وجعتہ او لعقرتہ فقال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم :یَأْتِی أَحَدُکُمْ بِمَا یَمْلِکُ فَیَقُوْلُ : ھٰذِہٖ صَدَقَۃٌ ، ثُمَّ یَقْعُدُ یَسْتَکِفُّ النَّاسَ ، خَیْرُ الصَّدَقَۃِ مَاکَانَ عَنْ ظَھْرِ غِنًی ۔

حضرت جابر بن عبد اللہ انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر تھے ، ایک صاحب انڈے برابر سونا لیکر حاضر ہوئے اور کہا : یارسول اللہ ! میں نے اسکو ایک کان میں سے پایا ہے ۔ میں اسے صدقہ کرنا چاہتا ہوں ۔ اور اسکے سوا میری کوئی ملکیت نہیں ۔ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اعراض فرمایا ۔ پھر انہوں نے داہنی جانب آ کر عرض کیا : تو پھر سرکار نے اعراض فرمایا ۔ پھر انہوں نے بائیں جانب آ کر عرض کی : تو پھر سرکار نے اعراض کیا ۔ پھر انہوں نے سرکار کے پیچھے سے عرض کی ۔ تو اس مرتبہ حضور نے وہ سونا ان سے لیکر ایسا پھینکا کہ اگر انکے لگتا تو درد پہونچاتا ، یا زخمی کرتا ۔ اور فرمایا : تم میں ایک شخص اپنا پورا مال لاتا ہے کہ یہ صدقہ ہے پھر بیٹھا لوگوں سے بھیک مانگے گا ۔ بہتر صدقہ وہ ہے کہ جس کے بعد آدمی محتاج نہ ہو جائے ۔

﴿۲﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

تحقیق یہ ہے کہ عام کیلئے میانہ روی ہے ۔ اور صدق توکل اور کمال تبتل والوں کی شان بڑی ہے ۔

فتاوی رضویہ

۱۳۷۲۔ السنن لابی داؤد ، باب الرجل یخرج من مالہ ، ۲۳۶/۱

۸۔ احکام سوال

(۱) اللہ کے نام پر مانگنا

۱۳۷۳۔ **عن** ابی موسی الأشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: مَلْعُوْنٌ مَنْ سَأَلَ بِوَجْهِ اللّٰهِ، وَمَلْعُوْنٌ مَنْ سُئِلَ بِوَجْهِ اللّٰهِ ثُمَّ مَنَعَ سَائِلَهٗ مَالَمْ يَسْئَلْ هُجْرًا۔

حضرت موسی اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ملعون ہے جو اللہ کا واسطہ دیکر کچھ مانگے اور ملعون ہے جس سے خدا کا واسطہ دیکر مانگا جائے پھر سائل کو نہ دے جبکہ اس نے کوئی بے جا سوال نہ کیا ہو۔

۱۳۷۴۔ **عن** عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: مَنْ سُئِلَ بِاللّٰهِ فَاَعْطٰى كُتِبَ لَهٗ سَبْعُوْنَ حَسَنَةً۔

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس سے خدا کا واسطہ دیکر کچھ مانگا جائے اور وہ دیدے تو اسکے لئے ستر نیکیاں لکھی جائیں۔

۱۳۷۵۔ **عن** معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: مَنْ سَأَلَكُمْ بِاللّٰهِ فَاَعْطُوْهُ، وَاِنْ شِئْتُمْ فَدَعُوْهُ۔

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو تم سے خدا کا واسطہ دیکر مانگے اسے دو، اور اگر نہ دینا چاہو تو اسکا بھی اختیار ہے۔

۱۳۷۳۔ مجمع الزوائد للہیثمی، ۱/۱۵۳ ☆ اتحاف السادۃ للزبیدی، ۱۰/۵۷۰
الترغیب و الترہیب للمنذری، ۱/۶۰۱ ☆ کنز العمال للمتقی، ۱۶۷۲۵، ۶/۵۰۲
کشف الخفاء للعجلونی، ۲/۵۲۱ ☆ جامع الصغیر للسیوطی، ۲/۵۰۱
۱۳۷۴۔ کنز العمال للمتقی، ۱۶۰۷۶، ۶/۳۶۳ ☆ الجامع الصغیر للسیوطی، ۲/۵۲۸
۱۳۷۵۔ السنن لابی داود، زکوۃ، باب عطیۃ من سأل باللہ عزوجل، ۱/۲۳۵
الترغیب و الترہیب للمنذری، ۱/۶۰ ☆ المعجم الکبیر للطبرانی، ۱۲/۴۱۸
تاریخ بغداد للخطیب، ۴/۶۵۸ ☆

۱۳۷۶ ۔ **عن** جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: لَایُسْاَلُ بِوَجْہِ اللّٰہِ اِلَّا الْجَنَّۃُ ۔

حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ کے واسطے سے سوا جنت کے کچھ نہ مانگا جائے۔

﴿۱﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

علماء کرام نے بعد توفیق وتطبیق احادیث یہ حکم منقح فرمایا کہ اللہ عزوجل کا واسطہ دیکر سوا اخروی دینی شی کے کچھ نہ مانگا جائے۔ اور مانگنے والا اگر خدا کا واسطہ دیکر مانگے اور دینے والے کا اس شی کے دینے میں کوئی حرج دینی یا دنیوی نہ ہو تو مستحب اور مؤکد دینا ہے ورنہ نہ دے۔ بلکہ امام عبد اللہ بن مبارک فرماتے ہیں: جو خدا کا واسطہ دیکر مانگے مجھے یہ خوش آتا ہے کہ اسے کچھ نہ دیا جائے۔ یعنی تاکہ یہ عادت چھوڑ دے۔ اس تفصیل سے واضح ہوا کہ کو خدا کا واسطہ دیکر بیٹی مانگے اور اس سے مناکحت کسی دینی یا دنیوی مصلحت کے خلاف ہو یا دوسرا اس سے بہتر ہے تو ہرگز نہ مانا جائے۔ کہ دختر کیلئے صلاح واصلح کا لحاظ اس بے باک سے اہم واعظم ہے۔ اور روپیہ پیسہ دینے میں اپنی وسعت وحالت اور سائل کی کیفیت وحاجت پر نظر درکار ہے۔ اگر یہ سائل قوی تندرست ہے گدائی کا پیشہ ور جوگیوں کی طرح ہے تو ہرگز ایک پیسہ نہ دے کہ اسے سوال حرام ہے۔ اور اسے دینا حرام پر اعانت کرنا ہے۔ دینے والا گناہ گار ہوگا۔ اور اگر صاحب حاجت ہے اور جس سے مانگا اسکا عزیز وقریب بھی حاجت مند ہے اور اس کے پاس اتنا نہیں کہ دونوں کی مواسات کرے تو اقربا کی تقدیم لازم ہے۔ ورنہ بقدر طاقت ووسعت ضرور دے اور روگردانی نہ کرے۔

فتاوی رضویہ ۱۰/۹۲

۱۳۷۶ ۔ السنن لأبی داؤد، کتاب الزکاۃ، باب کراہیۃ المسئلۃ لوجہ اللہ عزوجل، ۱/۲۳۵
مشکوۃ المصابیح للتبریزی، ۱۹۴۴ ☆ کنز العمال للمتقی، ۱۶۷۳۱، ۶/۵۹۳
الاذکار للنووی، ۲۲۹ ☆ الکامل لابن عدی، ۳/۲۵۷
کشف الخفاء للعجلونی، ۲/۵۲۰ ☆ الجامع الصغیر للسیوطی، ۲/۵۸۸

(۲) مال جمع کرنے کیلئے سوال درست نہیں

۱۳۷۷۔ **عن** عبد الله بن مسعود رضى الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: مَنْ سَأَلَ النَّاسَ وَلَهُ مَايُغْنِيهِ جَاءَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَمَسْئَلَتُهُ فِي وَجْهِهِ خُمُوْشٌ۔

حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو لوگوں سے سوال کرے اور اس کے پاس وہ شی ہو جو اسے بے نیاز کرتی ہو روز قیامت اس حال پر آئے گا کہ اسکا وہ سوال اسکے چہرے پر خراش و زخم ہوگا۔

۱۳۷۸۔ **عن** أبى هريرة رضى الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: مَنْ سَأَلَ النَّاسَ أَمْوَالَهُمْ مُكَثِّرًا فَإِنَّمَا يَسْأَلُ جَمْرَ جَهَنَّمَ فَلْيَسْتَقِلَّ مِنْهُ أَوْ لِيَسْتَكْثِرْ۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو اپنا مال بڑھانے کیلئے لوگوں سے انکے مال کا سوال کرتا ہے وہ جہنم کی آگ کا ٹکڑا مانگتا ہے۔ اب چاہے تھوڑی لے یا زیادہ۔

۱۳۷۷۔ السنن لابی داؤد، باب من یعطی الصدقۃ وحد الغنی، ۱/۲۲۹
السنن للنسائی، باب احد الغنی، ۱/۲۷۹
السنن لابن ماجہ، باب من سال عن ظهر غنی، ۱/۱۳۲
شرح السنۃ للبغوی، ۶/۸۳ ☆ کنز العمال للمتقی، ۱۶۶۹۵، ۶/۴۹۵
المسند لاحمد بن حنبل، ۱/۳۶۸ ☆ اتحاف السادۃ للزبیدی، ۹/۳۰۴
مشکوۃ المصابیح للتبریزی، ۱۸۴۷ ☆
۱۳۷۸۔ الصحیح لمسلم، باب النہی عن المسئلہ، ۱/۳۳
السنن لابن ماجہ، باب من سائل عن ظهر غنی، ۱/۱۳۳
المسند لاحمد بن حنبل، ۲/۲۳۱ ☆ السنن الکبری للبیہقی، ۴/۱۹۶
المصنف لابن ابی شیبۃ، ۳/۲۰۹ ☆ الجامع الصغیر للسیوطی، ۲/۵۲۸
شرح السنۃ للبغوی، ۶/۱۲۱ ☆ اتحاف السادۃ للزبیدی، ۹/۳۰۴
مشکوۃ المصابیح للتبریزی، ۱۸۳۸ ☆ کنز العمال للمتقی، ۱۶۷۲۸، ۶/۵۰۳
التفسیر للقرطبی، ۳/۳۴۶ ☆ المغنی للعراقی، ۴/۲۰۶

۱۳۷۹۔ **عن** حبشی بن جنادة رضی الله تعالیٰ عنه قال : قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : مَنْ سَالَ مِنْ غَيْرِ فَقْرٍ ، فَإِنَّمَا يَأْكُلُ الْجَمْرَةَ ۔

حضرت حبشی بن جنادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو بے حاجت وضرورت شرعیہ سوال کرے وہ جہنم کی آگ کھاتا ہے۔

فتاوی رضویہ ۴/۵۰۱

جدالممتار ۲/ ۱۵۸

(۳) کثرت سوال اور فضول خرچی مکروہ ہے

۱۳۸۰۔ **عن** المغيرة بن شعبة رضی الله تعالیٰ عنه قال : قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : إِنَّ اللّٰهَ حَرَّمَ عَلَيْكُمْ عُقُوقَ الْأُمَّهَاتِ وَ وَأْدَ الْبَنَاتِ ، وَمَنْعًا وَّ هَاتِ ، وَ كَرِهَ لَكُمْ قِيلَ وَ قَالَ وَ كَثْرَةَ السُّؤَالِ وَ إِضَاعَةَ الْمَالِ ۔

حضرت مغیرہ ابن شعبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ نے تم پر ماؤوں کی نافرمانی، لڑکیوں کو زندہ درگور کرنا، اور جن چیزوں میں تمہارا حصہ نہیں اسکو روکے رکھنے کو حرام فرمادیا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ نے مکروہ قرار دے دیا ہے فضول بک بک، سوال کی کثرت اور اضاعت مال کو۔

فتاوی رضویہ جدید ۱/۶۹۹

۱۳۷۹۔ المسند لاحمد بن حنبل، ۴/۱۶۵ ☆ الصحیح لابن خزیمة، ۲۴۴۵
اتحاف السادة للزبیدی، ۹/۳۰۴ ☆ الجامع الصغیر للسیوطی، ۲/۵۲۸
المعجم الکبیر للطبرانی، ۴/۱۸ ☆ مجمع الزوائد للهیثمی، ۳/۹۶
کنز العمال للمتقی، ۱۶۷۲۹، ۶/۵۰۳ ☆ شرح معانی الآثار للطحاوی، ۲/۱۹
الترغیب و الترهیب للمنذری، ۱/۵۷۴ ☆ المطالب العالیة لابن حجر، ۸۵۹
۱۳۸۰۔ الجامع الصحیح للبخاری، باب ما ینهی عن اضاعة المال، ۱/۳۲۴
السنن الکبری للبیهقی، ۶/۶۳ ☆ شرح السنة للبغوی، ۱۲/۱۶
فتح الباری للعسقلانی، ۵/۶۸ ☆ الجامع الصغیر للسیوطی، ۲/۵۹۰
کنز العمال للمتقی، ۴۳۵۴۰، ۱۵/۸۹۶ ☆ مشکوة المصابیح للتبریزی، ۴۹۱۵
جمع الجوامع للسیوطی، ۴۷۹۰ ☆ الترغیب و الترهیب للمنذری، ۳/۳۲۵

(۴) دینے والا ہاتھ افضل ہے

۱۳۸۱۔ **عن** عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: اَلْیَدُ الْعُلْیَا خَیْرٌ مِّنَ الْیَدِ السُّفْلٰی، وَالْیَدُ الْعُلْیَا هِیَ الْمُنْفِقَةُ وَالْیَدُ السُّفْلٰی هِیَ السَّائِلَةُ۔

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے رسول اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اونچا ہاتھ نیچے ہاتھ سے افضل ہے۔ اور دینے والا ہاتھ اونچا ہے اور مانگنے والا نیچا ہے۔ فتاوی رضویہ ۶/۱۰

(۵) عزت نفس کے ذریعہ حاجت طلب کرو

۱۳۸۲۔ **عن** عبد اللہ بن بسر رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: اُطْلُبُوا الْحَوَائِجَ بِعِزَّةِ الْاَنْفُسِ، فَاِنَّ الْاُمُوْرَ تَجْرِیْ بِالْمَقَادِیْرِ۔

حضرت عبد اللہ بن بسر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: حاجتیں عزت نفس کے ذریعہ طلب کرو کہ سب کام تقدیر پر چلتے ہیں۔

۱۳۸۱۔ الجامع الصحیح للبخاری، باب لا صدقة لا عن ظهر غنی، ۱۹۲/۱
الصحیح لمسلم، باب بیان ان الید العلیا خیر من الید السفلی، ۳۳۲/۱
السنن لابی داؤد، زکوۃ، باب الاستعفاف، ۲۳۳/۱
الجامع للترمذی، باب ما جاء فی النهی عن المسئلة، ۸٦/۱
السنن للنسائی، ☆ ٦١/٥ ، باب الید السفلی، ۲۷۲/۱
المسند لاحمد بن حنبل، ☆ ٦٧/٢ ، السنن الکبری للبیهقی، ۱۷۷/٤
المصنف لعبد الرزاق، ☆ ۲۰۰٤۱ ، المعجم الکبیر للطبرانی، ۱٦٤/۸
فتح الباری للعسقلانی، ☆ ٥٠٠/٩ ، التفسیر للبغوی، ۲۱۳/۱
الترغیب و الترهیب للمنذری، ☆ ٥٨١/١ ، التفسیر لابن کثیر، ۳۷٤/۱
الدر المنثور للسیوطی، ☆ ۲۳٥/١ ، التفسیر للقرطبی، ۳۲/٥
ارواء الغلیل للالبانی، ☆ ٤٠٦/٣ ، البدایة و النهایة لابن کثیر، ٥٨/٥
الموطا لمالک، ☆ ٩٩٨

۱۳۸۲۔ کنز العمال للمتقی، ١٦٨٠٥ ، ٥١٨/٦ ☆ کشف الخفا للعجلونی، ۱٥٥/۱
الجامع الصغیر للسیوطی، ☆ ٧٢/١

﴿۲﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

اس حدیث میں تلاش وتدبیر کی طرف ہدایت فرمائی مگر حکم دیا کہ شریعت وعزت نفس کا پاس رکھو، تدبیر میں بے ہوش اور مدہوش نہ ہو جاؤ، دست درکار ودل بایار، تدبیر میں ہاتھ اور دل تقدیر کے ساتھ۔ ظاہر میں ادھر اور باطن میں اُدھر، اسباب کا نام اور مسبب سے کام، یوں بسر کرنا چاہیئے، یہ ہی روش ہدیٰ ہے اور یہ ہی مرضی خدا، یہ ہی سنت انبیا ہے اور یہ ہی سیرت اولیاء، علیهم جميعا الصلاة والثناء۔

بس اس بارے میں یہ ہی قول فیصل وصراط مستقیم ہے۔ اس کے سوا تقدیر کو بھولنا، یا حق نہ ماننا، یا تدبیر کو اصلاً مہمل جاننا، دونوں معاذ اللہ گمراہی، ضلالت یا جنون وسفاہت، والعیاذ باللہ رب العالمین۔

باب تدبیر میں آیات واحادیث اتنی نہیں جنہیں کوئی حصر کر سکے فقیر غفر اللہ تعالیٰ لہ دعوی کرتا ہے کہ انشاء اللہ تعالیٰ اگر محنت کی جائے تو دس ہزار سے زائد آیات واحادیث اس پر ہو سکتی ہیں۔ مگر کیا حاجت کہ، آفتاب آمد دلیل آفتاب، جس مسئلہ کے تسلیم پر تمام جہان کے کاروبار کا دارومدار، اس میں زیادہ تطویل عبث وبیکار۔

فتاوی رضویہ ۱۱/۱۸۵

۹۔ مال جمع کرنا

(۱) اہل خانہ کے لئے ایک سال کا خرچ جمع کرنا جائز ہے

۱۳۸۳۔ **عن** عمر الفاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال : ان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کان ینفق علی أھلہ نفقۃ سنتھم من ھذا المال ، ثم یأخذ ما بقی فیجعلہ مال اللہ۔

امیر المومنین حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنے اہل خانہ کے لئے ایک سال کا خرچ جمع فرمادیتے۔ باقی بیت المال میں بھجوادیتے تھے۔ فتاوی رضویہ ۴/ ۵۰۹

(۲) بلاضرورت جائداد نہ بیچو

۱۳۸۴۔ **عن** عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال : قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم : مَا مِنْ عَبْدٍ یَّبِیْعُ تَالِدًا اِلَّا سَلَّطَ اللّٰہُ عَلَیْہِ تَالِفًا۔

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: موروثی جائداد کو بیچ کر حاصل شدہ رقم تلف ہوکر ہی رہتی ہے۔۱۲م

۱۳۸۵۔ **عن** معقل بن یسار رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال : قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم : مَنْ بَاعَ عِقْرَ دَارٍ مِنْ غَیْرِ ضَرُوْرَۃٍ سَلَّطَ اللّٰہُ عَلٰی ثَمَنِہَا تَالِفًا یُتْلِفُہٗ۔

حضرت معقل بن یسار رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے گھر کا سامان بے وجہ فروخت کیا اسکا روپیہ پیسہ ضائع ہی ہو جاتا ہے۔۱۲م۔ فتاوی رضویہ ۴/ ۵۰۵

۱۳۸۳۔ الجامع الصحیح للبخاری، باب وجوب النفقۃ علی الاھل، ۲/ ۸۰۶
السنن الکبری للبیہقی، ۷/ ۴۶۸ ☆ فتح الباری للعسقلانی، ۱۲/ ۲۷۷
۱۳۸۴۔ المعجم الکبیر للطبرانی، ۱۸/ ۲۲۲ ☆ مجمع الزوائد للھیثمی، ۴/ ۱۱
کنز العمال للمتقی، ۴۵۴۳، ۳/ ۵۱ ☆ الجامع الصغیر للسیوطی، ۲/ ۴۹۳
۱۳۸۵۔ کنز العمال للمتقی، ۵۴۴۲، ۳/ ۵۱ ☆ الجامع الصغیر للسیوطی، ۲/ ۵۲۰
کشف الخفاء للعجلونی، ۲/ ۲۲۷ ☆

۷

کتاب الصوم

ابواب

ا۔ روزے کی فرضیت واہمیت

(۱) فرائض اسلام چار ہیں

۱۳۸۶۔ عن زیاد بن نعیم الحضرمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ مرسلا قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: أَرْبَعٌ فَرَضَهُنَّ اللّٰهُ فِي الْإِيْمَانِ، فَمَنْ أَتٰى بِثَلَاثٍ لَمْ يُغْنِيْنَ عَنْهُ شَيْئًا حَتّٰى يَأْتِيَ بِهِنَّ جَمِيْعًا، اَلصَّلٰوةُ، وَالزَّكٰوةُ، وَ صَوْمُ رَمَضَانَ، وَ حَجُّ الْبَيْتِ۔ فتاوی رضویہ ۴/۵۱۵

حضرت زیاد بن نعیم حضرمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مرسلا روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ نے اسلام میں چار چیزیں فرض فرمائی ہیں۔ جس نے تین پر عمل کیا اور ایک کو چھوڑ دیا تو وہ اسکے کام کی نہیں جب تک سب پر عمل نہ کرے۔ یعنی نماز، روزہ، زکوۃ اور حج بیت اللہ۔ ۱۲م

(۲) رمضان کی فضیلت

۱۳۸۷۔ عن سلمان الفارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: خطب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فی آخر شعبان، وَاسْتَكْثِرُوْا فِيْهِ مِنْ أَرْبَعِ خِصَالٍ، خَصْلَتَيْنِ تُرْضُوْنَ بِهِمَا رَبَّكُمْ، وَخَصْلَتَيْنِ لَا غِنٰى بِكُمْ عَنْهُمَا، فَأَمَّا الْخَصْلَتَانِ اللَّتَانِ تُرْضُوْنَ بِهَا رَبَّكُمْ فَشَهَادَةُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَ تَسْتَغْفِرُوْنَهُ، وَأَمَّا الْخَصْلَتَانِ اللَّتَانِ لَا غِنٰى بِكُمْ عَنْهَا، فَتَسْأَلُوْنَ اللّٰهَ الْجَنَّةَ وَ تَعُوْذُوْنَ بِهِ مِنَ النَّارِ۔

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سلخ شعبان کو خطبہ دیا۔ (اس میں رمضان شریف کے فضائل ورغائب بیان فرمائے۔ از انجملہ فرمایا:) اس مہینہ میں چار باتوں کی کثرت کرو۔ دو باتیں وہ جن سے تمہارا رب راضی ہو۔ اور دو کی تمہیں ہر وقت ضرورت ہے۔ جن دو سے تمہارا رب راضی ہو وہ کلمۂ شہادت اور

۱۳۸۶۔ المسند لاحمد بن حنبل، ۴/۲۰۱ ☆ مجمع الزوائد للہیثمی، ۱/۴۷
کنز العمال للمتقی، ۳۳، ۱/۳۰ ☆ الدر المنثور للسیوطی، ۱/۲۹۸
الترغیب و الترھیب للمنذری، ۲/۸۴ ☆
۱۳۸۷۔ الترغیب و الترھیب للمنذری، ۲/۵۵ ☆

استغفار ہیں ۔ اور وہ دو جن کی تمہیں ہر وقت ضرورت ہے یہ کہ اللہ تعالیٰ سے جنت مانگو اور دوزخ سے اسکی پناہ چاہو۔ فتاوی افریقہ ص ۴۷

(۳) روزے کے فائدے

۱۳۸۸۔ **عن** أبی هریرة رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: أُغْزُوْا تَغْنِمُوْا، وَ صُوْمُوْا تَصِحُّوْا ،وَ سَافِرُوْا تَسْتَغْنُوْا۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جہاد کرو مال غنیمت پاؤ گے، روزہ رکھو صحت مند ہو جاؤ گے، اور سفر کرو مالدار ہو جاؤ گے۔ ۱۲م

۱۳۸۹۔ **عن** أم المومنین عائشته الصدیقه رضی الله تعالیٰ عنها قالت: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: صُوْمُوْا تَصِحُّوْا۔ فتاوی رضویہ ۴/ ۵۱۵

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: روزہ رکھو صحت مند ہو جاؤ گے۔ ۱۲م

(۴) روزہ ارکان اسلام سے ہے

۱۳۹۰۔ **عن** عبد الله بن عباس رضی الله تعالیٰ عنهما قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: عُرَی الْاِسْلَامِ وَ قَوَاعِدُ الدِّیْنِ ثَلٰثَةٌ ،عَلَیْهِنَّ اُسِّسَ الْاِسْلَامُ، مَنْ تَرَكَ وَاحِدَةً مِنْهُنَّ فَهُوَبِهَا كَافِرٌ حَلَالُ الدَّمِ۔شَهَادَةُ أَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ،وَالصَّلٰوةُ الْمَكْتُوْبَةُ،وَصَوْمُ رَمَضَانَ ،و فی روایة ،مَنْ تَرَكَ مِنْهُنَّ وَاحِدَةً فَهُوَ بِاللّٰهِ كَافِرٌ وَلَا يُقْبَلُ مِنْهُ صَرْفٌ وَلَا عَدْلٌ وَ قَدْ حَلَّ دَمُهٗ وَ مَالُهٗ۔

فتاوی رضویہ ۴/ ۵۱۵

۱۳۸۸۔ الترغیب و الترهیب للمنذری، ۲/ ۸۳ ☆ التفسیر لابن کثیر، ۶/ ۳۰۱
الدر المنثور للسیوطی، ۱/ ۱۸۲ ☆ المسند للعقیلی، ۳/ ۹۲
الجامع الصغیر للسیوطی، ۲/ ۲۸٤ ☆
۱۳۸۹۔ الدر المنثور للسیوطی، ۱/ ۱۸۲ ☆ الترغیب و الترهیب للمنذری، ۲/ ۸۳
اتحاف السادة للزبیدی، ۷/ ٤۰۱ ☆ كنز العمال للمتقی، ٥ ۲۳٦۰، ۸/ ٤٥۰
مجمع الزوائد للهیثمی، ٥/ ۲۲٤ ☆ كشف الخفاء للعجلونی، ۲/ ٤۲
۱۳۹۰۔ الترغیب و الترهیب للمنذری، ۱/ ۳۸۲ ☆

حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اسلام کے معاملات اور دین کے قواعد تین ہیں جن پر اسلام کی بنیاد ہے۔ جس نے ان میں سے کسی ایک کو ترک کیا اس نے اس کو جھٹلایا اور وہ مباح الدم ہے ۔ اللہ تعالیٰ کی وحدانیت کی گواہی دینا، فرض نماز ادا کرنا۔ اور رمضان المبارک کے روزے رکھنا ایک روایت میں ہے۔ جس نے ان میں سے کسی ایک کو ترک کیا وہ اللہ کو جھٹلانے والا ہے۔ اس کا نفل وصدقہ کچھ قبول نہیں۔ اس کا خون اور مال حلال ہے۔۱۲م

(۵) رمضان کا ایک روزہ تمام زندگی کے روزوں سے افضل

۱۳۹۱۔ عن أبی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه قال : قال رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم : مَنْ أَفْطَرَ يَوْمًا مِنْ رَمَضَانَ مِنْ غَيْرِ رُخْصَةٍ وَ لَا مَرَضٍ لَمْ يَقْضِهِ صَوْمُ الدَّهْرِ كُلِّهِ وَ إِنْ صَامَهُ ۔

حضرت ابی ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بغیر عذر شرعی جس نے رمضان کا ایک روزہ بھی چھوڑا تو اسکی فضیلت پانے کے لئے پوری زندگی کے روزے بھی ناکافی ہیں۔۱۲م

(۶) روزہ نہ رکھنے کی سزا اور وقت سے پہلے افطار پر وعید

۱۳۹۲۔ عن أبی أمامة الباهلی رضی الله تعالیٰ عنه قال : سمعت رسول الله

۱۳۹۱۔ الجامع الصحيح للبخاری، باب اذا جامع فی رمضان، ۲۵۹/۱
الجامع للترمذی، باب ما جاء فی الافطار متعمدا ۹۰/۱
السنن لابن ماجه، باب ما جاء فی كفارة من افطر يوما، ۱۲۱/۱
السنن لابی داؤد، باب الصيام باب التغليظ فيمن افطر عمدا، ۳۲۶/۱
الجامع الصغير للسيوطی، ۵۱۷/۲ ☆ المسند لاحمد بن حنبل، ۴۵۹/۲
المصنف لعبد الرزاق، ۷۴۷۵، ۱۹۸/۴ ☆ مجمع الزوائد للهيثمی، ۱۶۸/۳
التمهيد لابن عبد البر، ۱۷۳/۷ ☆ الترغيب و الترهيب للمنذری، ۱۰۸/۲
الدر المنثور للسيوطی، ۱۸۲/۱ ☆ مشكل الآثار للطحاوی، ۴۷۲/۱
مشكوة المصابيح للتبريزی، ۲۰۱۳ ☆ شرح السنة للبغوی، ۲۹۰/۶
اللآلی المصنوعه للسيوطی، ۶۰/۲ ☆ السنن للدارمی، ۱۱/۲
المصنف لابن ابی شيبة، ۱۰۵/۳ ☆
۱۳۹۲۔ الصحيح لابن خزيمة، ۲۳۷/۳ ☆ المستدرك للحاكم ۴۲۰/۱

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یقول : بَیْنَمَا أَنَا نَائِمٌ أَتَانِي رَجُلَانِ فَأَخَذَا بِضَبْعِي فَأَتَيَا بِي جَبَلًا وَعْرًا ، فَقَالَا : اِصْعَدْ ، فَقُلْتُ : اِنِّي لَا اُطِيْقُهُ ، فَقَالَا : اِنَّا سَنُسَهِّلُهُ لَكَ ، فَصَعِدْتُ حَتّٰى اِذَا كُنْتُ فِي سَوَاءِ الْجَبَلِ اِذَا بِأَصْوَاتٍ شَدِيْدَةٍ ، قُلْتُ : مَا هٰذِهِ الْاَصْوَاتُ ؟ قَالُوْا : هٰذَا عُوَاءُ اَهْلِ النَّارِ ، ثُمَّ انْطُلِقَ بِي فَاِذَا اَنَا بِقَوْمٍ مُعَلَّقِيْنَ بِعَرَاقِيْبِهِمْ ، مُشَقَّقَةٍ اَشْدَاقُهُمْ تَسِيْلُ اَشْدَاقُهُمْ دَمًا ، قَالَ : قُلْتُ : مَنْ هٰؤُلَاءِ ؟ قَالَ : هٰؤُلَاءِ الَّذِيْنَ يُفْطِرُوْنَ قَبْلَ تَحِلَّةِ صَوْمِهِمْ ، فَقَالَ : خَابَتِ الْيَهُوْدُ وَالنَّصَارٰى ، فقال سلیمان : مادری ، أسمعه ابو امامة من رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم ، ام شئ من رأیه ، ثُمَّ انْطُلِقَ بِي فَاِذَا بِقَوْمٍ اَشَدَّ شَيْءٍ اِنْتِفَاخًا ، وَاَنْتَنَهُ رِيْحًا ، وَاَسْوَأَهُ مَنْظَرًا ، فَقُلْتُ : مَنْ هٰؤُلَاءِ ؟ فَقَالَ : هٰؤُلَاءِ قَتْلَى الْكُفَّارِ ، ثُمَّ انْطُلِقَ بِي فَاِذَا بِقَوْمٍ اَشَدَّ شَيْءٍ اِنْتِفَاخًا ، وَاَنْتَنَهُ رِيْحًا ، كَاَنَّ رِيْحَهُمُ الْمَرَاحِيْضَ ، قُلْتُ : مَنْ هٰؤُلَاءِ ؟ قَالَ : هٰؤُلَاءِ الزَّانُوْنَ وَالزَّوَانِي ، ثُمَّ انْطُلِقَ بِي فَاِذَا اَنَا بِنِسَاءٍ تَنْهَشُ ثُدِيَّهُنَّ الْحَيَّاتُ ، قُلْتُ : مَا بَالُ هٰؤُلَاءِ ؟ قَالَ : هٰؤُلَاءِ يَمْنَعْنَ اَوْلَادَهُنَّ اَلْبَانَهُنَّ ، ثُمَّ انْطُلِقَ بِي فَاِذَا اَنَا بِالْغِلْمَانِ يَلْعَبُوْنَ بَيْنَ نَهْرَيْنِ ، قُلْتُ : مَنْ هٰؤُلَاءِ ؟ قَالَ : هٰؤُلَاءِ ذَرَارِي الْمُؤْمِنِيْنَ ، ثُمَّ شَرَفَ شَرَفًا فَاِذَا اَنَا بِنَفَرٍ ثَلَاثَةٍ يَشْرَبُوْنَ مِنْ خَمْرٍ لَهُمْ ، قُلْتُ : مَنْ هٰؤُلَاءِ ؟ قَالَ : هٰؤُلَاءِ جَعْفَرُ وَزَيْدُ وَابْنُ رَوَاحَةَ ، ثُمَّ شَرَفَنِي شَرَفًا آخَرَ فَاِذَا اَنَا بِنَفَرٍ ثَلَاثَةٍ ، قُلْتُ : مَنْ هٰؤُلَاءِ ؟ قَالَ : هٰذَا اِبْرٰهِيْمُ وَمُوْسٰى وَعِيْسٰى وَهُمْ يَنْظُرُوْنِي ۔

فتاوی رضویہ ۴/۵۱۴

حضرت ابوامامہ باہلی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے سنا، کہ میں نے خواب میں دیکھا کہ دو شخص آئے ۔ میرا بازو پکڑا اور مجھے ایک سخت پہاڑ کے پاس لائے اور بولے : آپ اس پہاڑ پر چڑھیئے ۔ میں نے کہا: میرے اندر اتنی طاقت نہیں ، بولے : ہم آپ کیلئے آسان کر دینگے ۔ میں چڑھا اور جب پہاڑ کی چوٹی پر پہونچا تو سخت آوازیں سنائی دیں ۔ میں نے کہا: یہ آوازیں کیسی ہیں؟ بولے: یہ دوزخیوں کی چیخ و پکار ہے ۔ پھر مجھے لیکر چلے تو میں نے ایک ایسی قوم دیکھی کہ الٹے لٹکے ہیں اور انکے جبڑوں سے خون بہہ رہا ہے ۔ میں نے کہا: یہ کون ہیں؟ بولے: یہ وہ لوگ ہیں جو روزہ افطار کے وقت سے پہلے افطار کرلیا کرتے تھے ۔ فرمایا: یہود ونصاری گھاٹے میں ہیں ۔ راوی حدیث حضرت سلیمان بن عامر کہتے ہیں: یہ نہیں معلوم ہو سکا کہ یہود ونصاری کے متعلق حضور کا فرمان ہے یا

حضرت ابوامامہ نے اپنی رائے سے خود فرمایا: حضور فرماتے ہیں: پھر میرا گذر ایسے لوگوں کے پاس سے ہوا جو پھولے ہوئے ۔ بدبودار اور بدصورت تھے ۔ میں نے کہا یہ کون لوگ ہیں؟ بولے: یہ مقتول کفار، پھر کچھ روتے لوگ نظر آئے کہ وہ بھی پھولے ۔ بدبودار کہ انکی بدبو پاخانوں کے مثل تھی ۔ میں نے کہا: یہ کون ہیں؟ بولے: زانی مرد وعورت ہیں ۔ پھر مجھے ایسے مقام پر لیجایا گیا جہاں عورتوں کے پستانوں کو سانپ ڈس رہے تھے ۔ میں نے کہا: انکو یہ سزا کیوں مل رہی ہے؟ بولے: یہ عورتیں اپنے بچوں کو دودھ نہ پلا کر پریشان رکھتی تھیں ۔ پھر میں کچھ بچوں کے پاس سے گذرا کہ وہ دو نہروں کے درمیان کھیل رہے تھے ۔ میں نے کہا: یہ بچے کون ہیں؟ بولے: یہ مسلمانوں کے بچے ہیں ۔ پھر مجھے ایسے تین لوگوں سے شرف ملاقات حاصل ہوا جو پاکیزہ شراب پی رہے تھے ۔ میں نے کہا: یہ کون ہیں؟ بولے: یہ جعفر طیار، زید بن حارثہ، اور عبداللہ بن رواحہ ہیں ۔ پھر مجھے مزید کچھ لوگوں سے شرف لقا حاصل ہوا ۔ اور یہ بھی تین حضرات تھے ۔ میں نے کہا یہ کون ہیں؟ بولے: یہ حضرت ابراہیم، حضرت موسیٰ، اور حضرت عیسیٰ علیہم الصلاۃ والسلام ہیں ۔ یہ حضرات مجھے دیکھ رہے تھے ۔

(۷) حالت جنابت میں روزہ

۱۳۹۳ ۔ عن أم المؤمنين عائشة الصديقة رضي الله تعالىٰ عنها وعن ام المؤمنين ام سلمة رضي الله تعالىٰ عنها قالتا: ان رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم كان يدركه الفجر وهو جنب من أهله ثم يغتسل ويصوم ۔

ام المؤمنین عائشہ صدیقہ، اور ام المؤمنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ازواج مطہرات سے قربت فرماتے اور صبح ہو جاتی جب تک نہ نہاتے ۔ اس کے بعد غسل فرماتے اور روزہ رکھتے ۔

۱۳۹۳ ۔ الجامع الصحيح للبخاري، باب الصائم يصبح جنبا، ۲۵۸/۱
الصحيح لمسلم، باب صحة صوم من طلع عليه الفجر، الخ، ۳۵۴/۱
السنن لأبي داؤد، باب من اصبح جنبا في شهر رمضان، ۳۲۴/۲
السنن الكبرى للبيهقي، ۲۱۴/۴ ☆ الدر المنثور للسيوطي، ۱۹۹/۱
التفسير للقرطبي، ۳۲۶/۲ ☆ المسند لاحمد بن حنبل، ۳۰۸/۶
مشكل الآثار للطحاوي، ۲۲۹/۱ ☆ كنز العمال للمتقي، ۱۸۰۷۵، ۸۴/۷
فتح الباري للعسقلاني، ۱۴۳/۴ ☆ مشكوة المصابيح للتبريزي، ۲۰۰۱

۱۳۹۴ ۔ عن أم المومنين عائشة الصديقة رضى الله تعالىٰ عنها قالت : ان رجلا قال لرسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم وهو واقف على الباب وانا اسمع ، يا رسول الله ! انى أُصبح جنباً وأنا أُريد الصيام ، فقال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم : وأنا أُصبح جنباً وأنا أُريد الصيام فأغتسل وأصوم ، فقال الرجل : يا رسول الله انك لست مثلنا ، قد غفرالله لك ماتقدم وما تأخر ، فغضب رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم وقال : اِنّي أرجُو أنْ أخشَاكُمْ لِلّٰهِ وَأعْلَمَكُمْ بِمَا أتَّقِي ۔

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنے دروازۂ اقدس کے پاس کھڑے تھے ایک شخص نے حضور سے عرض کی: اور میں سن رہی تھی، یارسول اللہ! میں صبح کو جنب اٹھتا ہوں اور نیت روزے کی ہوتی ہے، حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: میں خود ایسا کرتا ہوں۔ اس نے عرض کی: حضور کی ہماری کیا برابری، حضور کو تو اللہ تعالیٰ نے ہمیشہ کیلئے معافی عطا فرمادی ہے۔ اس پر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم غضب ناک ہوئے اور فرمایا: بیشک میں امید رکھتا ہوں کہ مجھے تم سب سے زیادہ اللہ تعالیٰ کا خوف ہے۔ اور میں تم سب سے زیادہ جانتا ہوں کہ جن جن باتوں سے مجھے بچنا چاہیئے۔

﴿۱﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

اس حدیث نے خوب واضح فرمادیا کہ اس سے روزہ میں کوئی نقص نہیں آتا۔ ورنہ وہ صاحب سائل تھے، محل بیان میں سکوت نہ فرمایا جاتا، اور سکوت کیسا، اخیر کے ارشاد میں اور بھی روشن فرمادیا کہ اس میں کوئی بات خوف کی نہیں، نہ اس میں داخل جس سے بچنا چاہیئے، اور پر ظاہر کہ روزہ غیر متجزی ہے۔ جو چیز اس میں نقص پیدا کرے گی اگر سارے روزہ میں ہوئی تو موجب نقص ہوگی۔ اور اس کے اول یا آخر کسی لطیف حصہ میں ہوئی تو ضرر دے گی۔ لہٰذا ہمارے علماء کرام نے انہیں احادیث سے ثابت فرمایا کہ اگر تمام دن جنب رہا جب بھی روزہ کو کچھ مضر نہیں۔ فتاوی رضویہ ۲/۶۱۶

۱۳۹۴۔ السنن لابی داؤد، باب من اصبح جنبا فی شهر رمضان، ۳۲۴/۲
الصحیح لمسلم، باب صحة صوم طلع علیه الفجر الخ، ۳۵۴/۱

۲۔ رویت ہلال

(۱) صوم وافطار اور رویت ہلال

۱۳۹۵۔ **عن** أبی هریرة رضی الله تعالیٰ عنه قال : قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : صُوْمُوْا لِرُؤْیَتِهٖ وَ أَفْطِرُوْا لِرُؤْیَتِهٖ ۔ فتاوی رضویه ۴/۵۲۱

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: چاند دیکھ کر روزہ رکھواور چاند دیکھ کر افطار کرو۔۱۲م

۱۳۹۶۔ **عن** عبدالله بن عمر رضی الله تعالیٰ عنهما قال : قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : فَإِنْ غُمَّ عَلَیْکُمْ فَاکْمِلُوا الْعِدَّةَ ثَلٰثِیْنَ۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر مطلع ابر آلود ہو تو تیس کی گنتی پوری کرو۔۱۲م

۱۳۹۷۔ **عن** حذیفة بن الیمان رضی الله تعالیٰ عنه قال : قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : لَا تَقَدِّمُوا الشَّهْرَ حَتّٰی تَرَوُا الْهِلَالَ أَوْ تُکْمِلُوا الْعِدَّةَ ، ثُمَّ

۱۳۹۵۔ الجامع الصحیح للبخاری، باب اذا رایتم الهلال فصوموا ۱/۲۵۶
الصحیح لمسلم، باب وجوب صوم رمضان لرؤیة الهلال ، ۱/۳۴۷
الجامع الصغیر للسیوطی، ۲/۳۱۲ ☆ المسند لاحمد بن حنبل ، ۱/۲۲۶
السنن الکبری للبیهقی، ۴/۲۰۵ ☆ المعجم الکبیر للطبرانی، ۲/۱۰
التمهید لابن عبدالبر، ۲/۳۶ ☆ الدر المنثور للسیوطی، ۱/۱۹۳
شرح السنة للبغوی، ۶/۲۳۲ ☆ المعجم الکبیر للطبرانی، ۱/۶۰
مشکل الآثار للطحاوی، ۱/۲۰۹ ☆ مشکوة المصابیح، ۱۹۷۰
فتح الباری للعسقلانی، ۱۰/۳۶۹ ☆ التفسیر للقرطبی، ۲/۲۹۳
حلیة الاولیاء لابی نعیم ، ۳/۲۵۲ ☆ کنز العمال للمتقی، ۲۳۷۶۹، ۸/۴۸۹
۱۳۹۶۔ الجامع الصحیح للبخاری، باب اذا رأیتم الهلال فصوموا، ۱/۲۵۶
الصحیح لمسلم، باب وجوب صوم رمضان ۱/۳۴۸
الجامع الصغیر للسیوطی، ۲/۳۱۲ ☆
۱۳۹۷۔ السنن لابی داؤد، باب اذا غمی الشهر ، ۲/۳۱۸
الدر المنثور للسیوطی، ۱/۱۹۳ ☆ فتح الباری للعسقلانی، ۴/۱۲۱
کنز العمال للمتقی، ۲۲۷۵۸، ۷/۴۸۸ ☆ نصب الرایة للزیلعی، ۲/۴۳۹

صُوْمُوا حَتّٰی تَرَوُا الْهِلَالَ أَوْ تُكْمِلُوا الْعِدَّةَ ۔

حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: چاند دیکھے بغیر کسی مہینہ سے آگے نہ بڑھو یا تیس کی گنتی پوری کرلو۔ پھر روزہ چاند دیکھ کر ہی رکھو یا گنتی پوری کرلو۔۱۲م

فتاوی رضویہ ۴/۵۲۲

(۲) قیامت کے قریب چاند پھولے ہوئے نکلیں گے

۱۳۹۸۔ **عن** عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال : قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم : مِنْ اِقْتِرَابِ السَّاعَةِ اِنْتِفَاخُ الْاَهِلَّةِ ۔

حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ وسلم نے ارشاد فرمایا: قرب قیامت کی علامت سے ہے کہ چاند پھولے ہوئے نکلیں گے۔

۱۳۹۹۔ **عن** أنس رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال : قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم : مِنْ اِقْتِرَابِ السَّاعَةِ اَنْ يُّرَى الْهِلَالُ قُبُلًا وَ يُقَالُ هُوَ لِلَيْلَتَيْنِ ۔

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ وسلم نے ارشاد فرمایا: علامات قیامت سے ہے کہ چاند بے تکلف نظر آئے گا۔ کہا جائیگا دو رات کا ہے۔

فتاوی رضویہ ۴/۵۵۹

(۳) چاند کے لئے اندازہ بیکار ہے

۱۴۰۰۔ **عن** أبی البختری سعید بن فیروز رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال : خرجنا للعمرة ،فلما نزلنا ببطن نخلة قال : ترأینا الهلال فقال بعض القوم : هو ابن ثلاث ،و قال بعض القوم : هو ابن لیلتین ،قال : فلقینا ابن عباس ، فقلنا : انا رأینا الهلال ، فقال بعض القوم ، هو ابن ثلاث ،وقال بعض القوم : هو ابن لیلتین ، فقال : ای لیلة رأیتموه؟قال : قلنا :لیلة کذا و کذا ، فقال ان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مدّه للرؤیة، فهو للیلة رأیتموه۔

۱۳۹۸۔ الجامع الصغیر للسیوطی ۲/۵۰۳ ☆
۱۳۹۹۔ الجامع الصغیر للسیوطی، ۲/۵۰۳ ☆
۱۴۰۰۔ الصحیح لمسلم باب بیان انه لا اعتبار بکبر الهلال ۱/۳۴۸

حضرت ابوالبختری سعید بن فیروز رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ہم عمرہ کو چلے جب بطن نخلہ میں اترے تو چاند دیکھا، کوئی بولا: تین رات کا ہے، کوئی بولا: دورات کا، حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے ملے۔ ان سے عرض کی: کہ ہم نے ہلال دیکھا۔ کوئی کہتا ہے تین شب کا ہے، کوئی دو شب کا بتاتا ہے۔ فرمایا: تم نے کس رات دیکھا تھا۔ ہم نے کہا فلاں شب، فرمایا: حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اسکا مدار رویت پر رکھا ہے۔ تو وہ اسی رات کا ہے جس رات نظر آیا۔ فتاوی رضویہ ۴/۵۰۹

(۴) رمضان کے لئے شعبان کے چاند کی حفاظت کرو

۱۴۰۱۔ **عن** أبی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه قال : قال رسول الله صلیٰ الله تعالیٰ علیه وسلم : أَحْصُوْا هِلَالَ شَعْبَانَ لِرَمَضَانَ ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: رمضان کے لئے شعبان کے چاند کی حفاظت کرو۔ ۱۲م

(۵) نیا چاند دیکھ کر کیا دعا پڑھیں

۱۴۰۲۔ **عن** عبادة بن الصامت رضی الله تعالیٰ عنه قال : كان رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم اذا رأی الهلال قال : اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ وَ لَا حَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ ، اَللّٰهُمَّ اِنِّی اَسْئَلُكَ خَيْرَ هٰذَا الشَّهْرِ، وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ الْقَدْرِ وَ مِنْ سُوْءِ الْحَشْرِ

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب نیا چاند دیکھتے تو یہ پڑھتے: اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ وَ لَا حَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ ، اَللّٰهُمَّ اِنِّی اَسْئَلُكَ خَيْرَ هٰذَا الشَّهْرِ، وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ الْقَدْرِ وَ مِنْ سُوْءِ الْحَشْرِ ۔

۱۴۰۱۔ الجامع للترمذی ، باب ما جاء فی احصاء هلال شعبان لرمضان ، ۱/۸۷
المستدرك للحاكم ، ۱/۴۲۵ ☆ الدر المنثور للسيوطی ، ۱/۱۹۲
كنز العمال للمتقی ، ۲۳۷۴۰ ، ۸/۴۸۵ ☆ المصنف لعبد الرزاق ، ۷۳۰۳ ، ۱/۱۵۵
كشف الخفاء للعجلونی ، ۱/۵۹ ☆ شرح السنة للبغوی ، ۶/۴۰
۱۴۰۲۔ المسند لاحمد بن حنبل ، ۶/۴۵۰ ☆ كنز العمال للمتقی ، ۱۸۰۴۳ ، ۷/۸۷

۱۴۰۳۔ **عن** طلحة بن عبيد الله رضى الله تعالىٰ عنه قال : قال ان النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم كان اذارأى الهلال قال : اَللّٰهُمَّ اَهِلَّهٗ عَلَيْنَا بِالْاَمْنِ وَالْاِيْمَانِ، وَ السَّلَامَةِ وَ الْاِسْلَامِ ، رَبِّي وَ رَبُّكَ اللّٰهُ ۔

حضرت طلحہ بن عبیداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب نیا چاند دیکھتے تو یہ دعا پڑھتے ۔ اَللّٰهُمَّ اَهِلَّهٗ عَلَيْنَا بِالْاَمْنِ وَالْاِيْمَانِ، وَ السَّلَامَةِ وَ الْاِسْلَامِ ، رَبِّي وَ رَبُّكَ اللّٰهُ ۔

۱۴۰۴۔ **عن** رافع بن خديج رضى الله تعالىٰ عنه قال : كان رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه سلم اذا رأى الهلال قال : هلال خير و رشد ، ثم قال : اَللّٰهُمَّ! اِنِّي اَسْئَلُكَ مِنْ خَيْرِ هٰذَا ، ثَلَاثًا ، اَللّٰهُمَّ! اِنِّي اَسْئَلُكَ مِنْ خَيْرِ هٰذَا الشَّهْرِ وَ خَيْرِ الْقَدْرِ وَ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّهٖ ، ثَلَاثَ مَرَّاتٍ ۔

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب نیا چاند دیکھتے تو یہ دعا پڑھتے ۔ ہلال خیر ورشد، پھر پڑھتے ، : اَللّٰهُمَّ! اِنِّي اَسْئَلُكَ مِنْ خَيْرِ هٰذَا ، تین مرتبہ پڑھتے ، اَللّٰهُمَّ! اِنِّي اَسْئَلُكَ مِنْ خَيْرِ هٰذَا الشَّهْرِ وَ خَيْرِ الْقَدْرِ وَ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّهٖ ، تین مرتبہ۔۱۲م

۱۴۰۵۔ **عن** عبد الله بن عمر رضى الله تعالىٰ عنهما قال : كان النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم اذا رأى الهلال قال: اَللّٰهُمَّ! اَهِلَّهٗ عَلَيْنَا بِالْيُمْنِ وَالْاِيْمَانِ وَالسَّلَامَةِ وَالْاِسْلَامِ ، وَالتَّوْفِيْقِ لِمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰى ، رَبُّنَا وَرَبُّكَ اللّٰهُ ۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب نیا چاند دیکھتے تو پڑھتے ، اَللّٰهُمَّ اَهِلَّهٗ عَلَيْنَا بِالْيُمْنِ وَالْاِيْمَانِ وَالسَّلَامَةِ وَالْاِسْلَامِ ، وَالتَّوْفِيْقِ لِمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰى ، رَبُّنَا وَرَبُّكَ اللّٰهُ ۔

۱۴۰۳۔ المعجم الكبير للطبرانى، ۳۱۷/۴ ☆ مجمع الزوائد للهيثمى، ۱۳۹/۱۰

۱۴۰۴۔ المعجم الكبير للطبرانى، ۲۷۶/۴ ☆ مجمع الزوائد للهيثمى، ۱۳۹/۱۰

۱۴۰۵۔ معجم الكبير للطبرانى، ۳۵۶/۱۲ ☆ كنز العمال للمتقى، ۱۸۰۴۴، ۸۷/۷ مجمع الزوائد للهيثمى، ۱۳۹/۱۰ ☆

۱۴۰۶۔ **عن** حذیر السلمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ مرسلاً قال : کان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اذا رأی الھلال قال: اَللّٰھُمَّ ! اَدْخِلْهُ عَلَیْنَا بِالْاَمْنِ وَالْاِیْمَانِ، وَالسَّلَامَةِ وَالْاِسْلَامِ، وَالسَّکِیْنَةِ وَالْعَافِیَةِ وَالرِّزْقِ الْحَسَنِ۔

حضرت حذیر سلمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مرسلا روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب نیا چاند دیکھتے تو یہ دعا پڑھتے، اَللّٰھُمَّ ! اَدْخِلْهُ عَلَیْنَا بِالْاَمْنِ وَالْاِیْمَانِ، وَالسَّلَامَةِ وَالْاِسْلَامِ، وَالسَّکِیْنَةِ وَالْعَافِیَةِ وَالرِّزْقِ الْحَسَنِ۔ ۱۲م

۱۴۰۷۔ **عن** عبد اللہ بن مطرف رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال : کان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اذا رأی الھلال قال : هِلَالُ خَیْرٍ وَّ رُشْدٍ ، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِی ذَهَبَ بِشَهْرِ کَذَا وَجَاءَ بِشَهْرِ کَذَا ، اَسْأَلُكَ مِنْ خَیْرِ هٰذَا الشَّهْرِ وَنُوْرِهٖ وَبَرَکَتِهٖ وَهُدَاهُ وَطُهُوْرِهٖ وَمُعَافَاتِهٖ۔

حضرت عبد اللہ بن مطرف رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ جب نیا چاند دیکھتے تو پڑھتے۔ هِلَالُ خَیْرٍ وَّ رُشْدٍ ، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِی ذَهَبَ بِشَهْرِ کَذَا وَجَاءَ بِشَهْرِ کَذَا ، اَسْأَلُكَ مِنْ خَیْرِ هٰذَا الشَّهْرِ وَنُوْرِهٖ وَبَرَکَتِهٖ وَهُدَاهُ وَطُهُوْرِهٖ وَمُعَافَاتِهٖ۔ ۱۲م

۱۴۰۸۔ **عن** أنس رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال : کان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اذا نظر الی الھلال قال : اَللّٰھُمَّ ! اجْعَلْهُ هِلَالَ یُمْنٍ وَّرُشْدٍ ، آمَنْتُ بِاللّٰهِ الَّذِی خَلَقَكَ فَعَدَّلَكَ ، فَتَبَارَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخَالِقِیْنَ۔

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب نیا چاند دیکھتے تو پڑھتے۔ اَللّٰھُمَّ ! اجْعَلْهُ هِلَالَ یُمْنٍ وَّرُشْدٍ ، آمَنْتُ بِاللّٰهِ الَّذِی خَلَقَكَ فَعَدَّلَكَ ، فَتَبَارَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخَالِقِیْنَ۔ ۱۲م

۱۴۰۹۔ **عن** علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کان اذا رأی الھلال یقول : اَللّٰھُمَّ ! ارْزُقْنَا

۱۴۰۶۔ کنز العمال للمتقی، ۱۸۰۴۵، ۷/۷۸ ☆ عمل الیوم اللیة لابن السنی، ۶۴۵

۱۴۰۷۔ کنز العمال للمتقی، ۱۸۰۴۷، ۷/۷۹ ☆ عمل الیوم و النیلة لابن السنی، ۶۵۲

۱۴۰۸۔ کنز العمال للمتقی، ۱۸۰۴۸، ۷/۷۹ ☆ عمل الیوم و اللیلة لابن السنی، ۶۵۲

۱۴۰۹۔ المعجم الکبیر للطبرانی،

خَیْرَہٗ وَنَصْرَہٗ وَبَرَکَتَہٗ وَفَتْحَہٗ وَنُوْرَہٗ وَنَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّہٖ وَ شَرِّ مَا بَعْدَہٗ۔

امیر المؤمنین حضرت علی مرتضی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے روایت ہے کہ جب چاند دیکھتے تو یہ دعا پڑھتے۔ اَللّٰھُمَّ ! ارْزُقْنَا خَیْرَہٗ وَنَصْرَہٗ وَبَرَکَتَہٗ وَفَتْحَہٗ وَنُوْرَہٗ وَنَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّہٖ وَ شَرِّ مَا بَعْدَہٗ۔ ۱۲م　　فتاوی رضویہ ۴/۵۷۴

(۶) چاند دیکھ کر اللہ کی پناہ چاہو

۱۴۱۰۔ **عن** أم المؤمنين عائشة الصديقة رضى الله تعالىٰ عنها قالت : قال لى رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم : يا عائشة ! استعيذى بالله من شر هذا، فان هذا هو الغاسق اذا وقب۔

ام المؤمنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا: اے عائشہ! اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگ اس کے شر سے، کہ یہی ہے وہ اندھیری ڈالنے والا جب ڈوبے یا گہنائے۔

(۱) امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

یعنی قرآن کریم میں جس غاسق کا ذکر فرمایا: ومن شر غاسق، اور اسکے شر سے پناہ مانگنے کا حکم آیا، اس سے یہ چاند ہی مراد ہے۔

فتاوی رضویہ ۴/۵۷۴

(۷) یوم شک کا روزہ

۱۴۱۱۔ **عن** صلة بن زفر رضى الله تعالىٰ عنه قال : كنا عند عمار بن ياسر رضى الله تعالىٰ عنهما، فاتى بشاة مصلية فقال : كلوا فتنحى بعض القوم، فقال : انى صائم، فقال عمار : من صام اليوم الذى شك فيه فقد عصى ابا القاسم۔

۱۴۱۰۔ الجامع للترمذی، باب تفسیر المعوذتین، ۲/۱۷۲
المستدرک للحاکم، ۲/۵۸۹ ☆ المسند لاحمد بن حنبل، ۶/۲۱۵
فتح الباری للعسقلانی، ۸/۷۴۱ ☆ الدر المنثور للسیوطی، ۶/۴۱۸
کنز العمال للمتقی، ۲۹۵۵۰، ۲/۱۵ ☆ شرح السنۃ للبغوی، ۵/۱۶۷
۱۴۱۱۔ الجامع للترمذی، باب ما جاء فی کراھیۃ صوم یوم الشک، ۱/۸۷
السنن لابی داؤد، باب کراھیۃ صوم یوم الشک، ۲/۲۱۹

حضرت صلہ بن زفر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ہم حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی خدمت میں حاضر تھے۔ انکے پاس بکری کا بھنا گوشت لایا گیا، فرمایا: کھاؤ، ایک صاحب علیحدہ ہوکر بولے: میں روزہ دار ہوں۔ حضرت عمار نے فرمایا: جس نے یوم شک کا روزہ رکھا اس نے حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے فرمان پر عمل نہ کیا۔ ۱۲م

فتاوی رضویہ ۴/۵۲۷

(۸) مہینہ ۲۹ یا ۳۰ دن کا ہوتا ہے

۱۴۱۲۔ **عن** عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: أنا أمّة أميّة، لا نكتب ولا نحسب، الشّهر هكذا، وهكذا، وعقد الإبهام في الثالثة، والشّهر هكذا، وهكذا، وهكذا۔ يعني تمام ثلثين۔

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ہم ایسی امت ہیں، نہ لکھیں، نہ حساب کریں۔ مہینہ یوں اور یوں ہوتا ہے تیسری دفعہ میں انگوٹھا بند فرمالیا۔ یعنی انتیس۔ اور مہینہ یوں اور یوں اور یوں ہوتا ہے۔ اور ہر بار انگلیاں کھلی رکھیں، یعنی تیس۔

(۹) عید الفطر اور عید الاضحیٰ کے مہینے مسلسل ۲۹ ر کے نہیں ہوتے

۱۴۱۳۔ **عن** أبي بكرة رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ

۱۴۱۲۔ الجامع الصحیح للبخاری، باب لا نكتب و لا نحسب، ۱/۲۵۶
الصحیح لمسلم، باب وجوب صوم رمضان من رؤیة الهلال، ۱/۳۴۷
السنن لابی داؤد، باب الشهر یکون تسعا وعشرین، ۲/۳۱۷
المسند لاحمد بن حنبل، ۲/۴۲ ☆ السنن للنسائی، ۵/۱۳۹
فتح الباری للعسقلانی، ۴/۱۲۶ ☆ المصنف لابن ابی شیبة، ۳/۸۵
۱۴۱۳۔ الصحیح لمسلم، باب شهر عید لا ینقصان، ۱/۳۴۹
السنن لابی داؤد، ۲۳۲۳، باب الشهر یکون تسعا وعشرین، ۲/۳۱۸
الجامع للترمذی، باب ما جاء شهر عید لا ینقصان، ۱/۸۷
المسند لاحمد بن حنبل، ۵/۵۱ ☆ السنن الکبری للبیهقی، ۴/۲۵۰
التمهید لابن عبد البر، ۲/۴۵ ☆ شرح السنة للبغوی، ۶/۲۳۴
مشکل الآثار للطحاوی، ۱/۲۰۹ ☆ الدر المنثور للسیوطی، ۱/۱۸۳
فتح الباری للعسقلانی، ۴/۱۲۴ ☆ کنز العمال للمتقی، ۲۳۷۸۴
التاریخ للبخاری، ۴/۱۱۷ ☆ التفسیر للقرطبی، ۲/۳۰۲

علیہ وسلم : شَہرَانِ لَایَنقُصَانِ ،شَہرَا عِیدٍ رَمضَانُ وَذُوالحِجَّۃِ ۔

حضرت ابوبکرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: دو مہینے ناقص نہیں ہوتے۔ دونوں عید کے، یعنی عید الفطر اور عید الضحیٰ کے۔

﴿۲﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

بعض علماء نے اسکے یہ معنی لئے ہیں کہ دونوں مہینے ایک سال میں ۲۹ ر کے نہیں ہوتے صحیح بخاری میں ہے۔

قال محمد : لایجتمعان کلاھما ناقص ۔ دونوں ۲۹ ر کے نہیں ہوتے۔

امام احمد بن حنبل نے فرمایا:

لاینقصان معا فی سنۃ واحدۃ شھر رمضان وذوالحجہ ، ان نقص احدھما تم الآخر ۔

دونوں ایک ہی سال میں ۲۹ ر کے نہیں ہوتے۔ اگر ایک ۲۹ ر کا ہوگا تو دوسرا پورے تیس کا ہوگا۔

ان اقوال کی مؤید وہ حدیث ہے جو بطریق زید بن عقبہ حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے۔

۱۴۱۴۔ **عن** سمرۃ بن جندب رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال : قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم : شَہرَا عِیدٍ لَایَکُونَانِ ثَمَانِیَۃً وَّخَمسِینَ یَومًا۔

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: عید کے دونوں مہینے ۵۸ ر دن کے نہیں ہوتے۔

بایں ہمہ محققین کے نزدیک اس سے اکثری اغلبی حکم مراد ہے، نہ دائمی ابدی، امام طحاوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں۔

قد وجدنا ھما ینقصان معا فی اعوام ۔

ہم نے برسوں دیکھا کہ یہ دونوں مہینے سال میں ۲۹ ر کے ہوتے۔

اقول: معہذا حدیث اول کے تو عمدہ معانی علماء نے بیان فرمائے۔ اور تحقیق روشن یہ

۱۴۱۴۔ فتح الباری للعسقلانی، ۱۲۶/۴

ہی ہے کہ اسکا ثواب نہیں گھٹتا۔ اگر چہ گنتی میں پورے نہ ہوں۔ اور حدیث کی صحت معلوم نہیں۔ اگر صحیح ہو تو بعض رواۃ سے اپنی فہم کی بنا پر نقل بالمعنی محتمل۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

بالجملہ غرض یہ ہے کہ ایسے تجربات کا دائمی ہونا ضروری نہیں۔ اور دائمی ہوں بھی تو احکام شرع کا اس پر مدار نہیں۔ والله تعالیٰ اعلم، والله الهادی، وصلی الله تعالیٰ علی سید المرسلین محمد و آله وصحبه اجمعین۔

فتاوی رضویہ ۵۸۴/۴

۳۔ نفلی روزے

(۱) عاشورہ کا روزہ

۱۴۱۵۔ عن أبی سعید الخدری رضی الله تعالیٰ عنه قال : قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : مَنْ صَامَ یَوْمَ عَرْفَةَ غُفِرَلَهٗ سَنَةَ أَمَامِهٖ وَسَنَةَ خَلْفِهٖ، وَمَنْ صَامَ عَاشُوْرَآءِ غُفِرَلَهٗ سَنَةً ۔

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: جس نے عرفہ کا روزہ رکھا اسکے ایک سال قبل اور ایک سال بعد کے گناہ بخش دیئے جاتے ہیں۔ اور جس نے عاشورہ کا روزہ رکھا اسکے ایک سال کے گناہ بخش دیئے جاتے ہیں۔

۱۴۱۶۔ عن عبد الله بن عباس رضی الله تعالیٰ عنهما قال : قال رسو ل الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : مَنْ صَامَ یَوْمًا مِنَ الْمُحَرَّمِ فَلَهٗ بِکُلِّ یَوْمٍ ثَلٰثُوْنَ حَسَنَةً ۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: جس نے عشرہ محرم کا روزہ رکھا تو ہر دن تیس نیکیوں کا ثواب ملیگا۔

فتاوی رضویہ ۴/۶۵۹

(۲) یوم عاشورہ کے ساتھ نویں محرم کا روزہ

۱۴۱۷۔ عن عبد الله بن عباس رضی الله تعالیٰ عنهما قال : قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : لَئِنْ بَقِیْتُ اِلیٰ قَابِلٍ لَاَصُوْمَنَّ الْیَوْمَ التَّاسِعَ ۔

فتاوی رضویہ حصہ دوم ۹/۳۶

۱۴۱۵۔ السنن لابن ماجه، باب صیام یوم عرفة، ۱/۱۲۴
مجمع الزوائد للهیثمی، ۳/۱۸۹ ☆ المطالب العالیة لابن حجر، ۱۱۳
الترغیب والترهیب للمنذری، ۲/۱۱۲ ☆

۱۵۱۶۔ المعجم الکبیر للطبرانی ۱۱/۷۲ ☆ الترغیب والترهیب للمنذری، ۳/۱۱۴
مجمع الزوائد للهیثمی، ۳/۱۹۰ ☆ اکنز العمال للمتقی، ۲۴۲۳۶
المغنی للعراقی، ۱/۲۳۸ ☆ السلسلة الضعیفة للالبانی، ۴۱۲

۱۴۱۷۔ المسند لاحمد بن حنبل، ۱/۲۷۱ ☆ السنن لابن ماجه، ۱/۱۲۴

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر میں آئندہ سال دنیا میں رہا تو ضرور نویں محرم کا روزہ رکھونگا۔۱۲م

(۴) ستائیس رجب کا روزہ

۱۴۱۸۔ **عن** سلمان الفارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: فِی رَجَبٍ یَوْمٌ وَلَیْلَةٌ، مَنْ صَامَ ذٰلِكَ الْیَوْمَ، وَقَامَ تِلْكَ اللَّیْلَةَ كَانَ كَمَنْ صَامَ وَقَامَ الدَّهْرَ مِأَةَ سَنَةٍ وَهُوَ لِثَلٰثٍ بَقِیْنَ مِنْ رَجَبٍ وَ فِیْهِ بَعَثَ اللّٰهُ تَعَالیٰ مُحَمَّدًا صَلَّی اللّٰهُ تَعَالیٰ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ۔

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: رجب میں ایک دن اور رات ہے، جو اس دن کا روزہ رکھے اور وہ رات نوافل میں گذارے سو برس کے روزوں اور سو برس کی شب بیداری کے برابر ہو۔ اور وہ ۲۷/رجب ہے۔ اسی تاریخ میں اللہ عزوجل نے محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو مبعوث فرمایا ھذا منکر۔

۱۴۱۹۔ **عن** أنس بن مالك رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: فِی رَجَبٍ لَیْلَةٌ یُكْتَبُ لِلْعَامِلِ فِیْهَا حَسَنَاتُ مِأَةِ سَنَةٍ، وَذٰلِكَ لِثَلَاثٍ بَقِیْنَ مِنْ رَجَبٍ، فَمَنْ صَلّٰی فِیْهِ اثْنَتَیْ عَشْرَةَ رَكْعَةً، یَقْرَأُ فِی رَكْعَةٍ فَاتِحَةَ الْكِتَابِ وَسُوْرَةً مِنَ الْقُرْآنِ، وَیَتَشَهَّدُ فِی كُلِّ رَكْعَةٍ وَیُسَلِّمُ فِی آخِرِهِنَّ، ثُمَّ یَقُوْلُ: سُبْحَانَ اللّٰهِ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ، وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاللّٰهُ اَكْبَرُ، مِأَةَ مَرَّةٍ۔ وَیَسْتَغْفِرُ مِأَةَ مَرَّةٍ۔ وَیُصَلِّی عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ تَعَالیٰ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مِأَةَ مَرَّةٍ۔ وَیَدْعُوْ لِنَفْسِهٖ بِمَاشَاءَ مِنْ دُنْیَاهُ اَوْآخِرَتِهٖ، وَیُصْبِحُ صَائِمًا، فَاِنَّ اللّٰهَ تَعَالیٰ یَسْتَجِیْبُ دُعَائَهٗ كُلَّهٗ اِلَّا اَنْ یَّدْعُوَ فِی مَعْصِیَةٍ۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: رجب میں ایک رات ہے اس میں عمل نیک کرنے والے کو سو برس کی

۱۴۱۸۔ اتحاف السادة للزبیدی، ۲۰۶/۵ ☆ الدر المنثور للسیوطی، ۲۳۵/۳
کنز العمال للمتقی، ۳۵۱۶۹ ☆ تنزیہ الشریعة لابن عراق، ۱۶۱/۲
تذکرة الموضوعات للفتنی ۱۱۶ ☆ قبین العجب لابن حجر، ۵۸
۱۴۱۹۔ الدر المنثور للسیوطی ۳۶/۳ ☆ کنز العمال للمتقی ۳۵۱۷۰

نیکیوں کا ثواب ہے۔اوروہ رجب کی ستائیسویں شب ہے۔ جواس میں بارہ رکعت پڑھے۔ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ اور ایک سورت اور ہر دو رکعت پر التحیات اور آخر میں سلام پھر بعد سلام سبحان اللہ و الحمد للہ و لا الہ الا اللہ و اللہ اکبر سو بار، استغفار سو بار، درود سو بار۔ اور اپنی دنیا و آخرت سے جس چیز کی چاہے دعا مانگے۔ اور صبح کو روزہ رکھے تو اللہ تعالیٰ اسکی سب دعائیں قبول فرمائے۔ سوائے اس دعا کے جو گناہ کیلئے ہو۔ هو اضعف من الذی قبله۔

فتاوی رضویہ ۴/ ۶۵۸

۱۴۲۰۔ **عن** أنس رضی اللہ تعالیٰ عنه قال : قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم : بُعِثْتُ نَبِيًّا فِي السَّابِعِ وَ الْعِشْرِيْنَ مِنْ رَجَبٍ مَنْ صَامَ ذٰلِكَ الْيَوْمَ وَ دَعَا عِنْدَ الْإِفْطَارِ كَانَتْ كَفَّارَةً عَشَرَةَ سِنِيْنَ۔ اسنادہ منکر

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ۲۷/ رجب کو مجھے نبوت عطا ہوئی۔ جو اس دن کا روزہ رکھے اور افطار کے وقت دعا کرے دس برس گناہوں کا کفارہ ہو۔

۱۴۲۱۔ **عن** أبی هریرة رضی اللہ تعالیٰ عنه قال : من صام یوم سبع عشرین من رجب کتب اللہ له صیام ستین شهرا ، و هو الیوم الذی هبط فیه جبرئیل علیه الصلوة و السلام علی محمد صلی اللہ تعالی علیه وسلم۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ جس نے ۲۷ رجب کا روزہ رکھا اللہ تعالیٰ اسکے لئے ساٹھ مہینے تک روزوں کا ثواب لکھتا ہے۔ اور وہ دن ہے جس میں حضرت جبرئیل علیہ الصلوٰۃ والسلام حضور محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کیلئے وحی لیکر نازل ہوئے۔

﴿۱﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

تنزیہ الشریعۃ سے ماثبت بالسنۃ میں ہے۔ وھذا امثل ماورد فی ھذا المعنی۔ یہ ان سب حدیثوں سے بہتر ہے جو اس باب میں آئیں۔ بالجملہ اسکے لئے اصل ہے۔ اور فضائل

۱۴۲۰۔ تبین العجب لابن حجر، ۶۰ ☆

۱۴۲۱۔ اتحاف السادۃ للزبیدی، ۵/۲۰۷ ☆ المغنی للعراقی، ۱/۳۶۷

اعمال میں حدیث ضعیف باجماع ائمہ مقبول ہے۔و اللہ تعالیٰ اعلم ۔

فتاوی رضویہ ۴/ ۶۵۸

نیز ایسی جگہ حدیث موقوف مثل مرفوع ہے۔کہ تعیین مقدار اجر کی طرف رائے کو اصلا راہ نہیں ۔اور حدیث ضعیف اعمال میں باجماع ائمہ مقبول ہے۔

فتاوی رضویہ ۴/۶۶۰

(۴) شعبان کے روزے

۱۴۲۲۔ **عن** أنس رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال : قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم : أَفْضَلُ الصَّوْمِ بَعْدَ رَمَضَانَ شَعْبَانُ لِتَعْظِيمِ رَمَضَانَ ۔

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: رمضان کے بعد سب سے افضل شعبان کے روزے ہیں تعظیم رمضان کیلئے۔

(۵) عرفہ اور عشرۂ ذوالحجہ کے روزے

۱۴۲۳۔ **عن** عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال : قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم : مَا مِنْ أَيَّامٍ الْعَمَلُ الصَّالِحُ فِيهِنَّ أَحَبُّ إِلَى اللّٰهِ تَعَالىٰ مِنْ هٰذِهِ الْأَيَّامِ ، قالوا : یا رسول اللہ ! ولاالجهاد في سبيل الله ، قال : وَلَا الْجِهَادُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ ، إِلَّا رَجُلًا خَرَجَ بِنَفْسِهٖ وَمَالِهٖ ثُمَّ لَمْ يَرْجِعْ مِنْ ذٰلِكَ بِشَيْءٍ ۔

حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ان دس دنوں سے زیادہ کسی دن کا عمل صالح اللہ عزوجل کو محبوب نہیں ۔صحابہ کرام نے عرض کی: یا رسول اللہ! اور نہ راہ خدا میں جہاد؟ فرمایا: اور نہ راہ خدا میں جہاد، مگر وہ کہ اپنی جان و مال لیکر نکلے پھر ان میں سے کچھ واپس نہ لائے۔ فتاوی رضویہ ۴/ ۶۵۹۔

۱۴۲۰۔ تبین العجب لابن حجر، ۶۰ ☆

۱۴۲۱۔ اتحاف السادۃ للزبیدی، ۵/ ۲۰۷ ☆ المغنی للعراقی، ۱/ ۳۶۷

۱۴۲۲۔ فتح الباری للعسقلانی، ۴/ ۱۲۹ ☆ شرح معانی الآثار للطحاوی، ۲/ ۹۳

۱۴۲۳۔ الجامع للترمذی، باب ما جاء فی العمل فی ایام العشر، ۱/ ۹۴

السنن لابی داؤد، باب صوم العشرۃ، ۲/ ۳۳۱

السنن لابن ماجہ، باب صیام العشرۃ، ۱/ ۱۲۰

۱۴۲۴۔ عن أبی هریرة رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسو الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: مَامِنْ أَیَّامٍ أَحَبُّ إِلَی اللّٰهِ تَعَالیٰ أَنْ تُعْبَدَ لَهُ فِیْهَا مِنْ عَشْرِ ذِی الْحِجَّةِ، یَعْدِلُ صِیَامُ کُلِّ یَوْمٍ مِّنْهَا بِصِیَامِ سَنَةٍ، وَقِیَامُ کُلِّ لَیْلَةٍ مِّنْهَا بِقِیَامِ لَیْلَةِ الْقَدْرِ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ عزوجل کو عشرۂ ذی الحجہ سے زیادہ کسی دن کی عبادت پسندیدہ نہیں۔ انکے ہر دن کا روزہ ایک سال کے روزوں کے برابر، اور ہر شب کا قیام شب قدر کے برابر ہے۔

۱۴۲۵۔ عن أبی قتادة رضی الله تعالیٰ عنه قال: سئل رسولُ الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم عن صوم یوم عرفة، قال: یُکَفِّرُ السَّنَةَ الْمَاضِیَةَ وَالْبَاقِیَةَ۔

حضرت ابوقتادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے عرفہ کے روزہ کے بارے میں سوال ہوا۔ فرمایا: وہ ایک سال گذشتہ اور ایک سال آئندہ کے گناہوں کا کفارہ ہے۔

۱۴۲۴۔ الجامع للترمذی، باب ما جاء فی العمل فی ایام العشر، ۱/۹۴
السنن لابن ماجه، باب صیام العشر، ۱/۱۲۵
الجامع الصغیر للسیوطی، ۲/۴۸۹ ☆ کنز العمال للمتقی، ۱۲۰۸۸، ۵/۶۸
شرح السنة للبغوی، ۴/۳۴۶ ☆ نصب الرایة للزیلعی، ۲/۱۵۷
اتحاف السادة للزبیدی، ۴/۲۵۷ ☆ مشکوٰة المصابیح للتبریزی، ۱۴۷۱
الترغیب والترهیب للمنذری، ۲/۱۹۹ ☆ العلل المتناهیة لابن الجوزی، ۲/۷۲

۱۴۲۵۔ الصحیح لمسلم، باب استحباب صیام عرفة ۱/۳۶۷
الجامع للترمذی، باب ما جاء فی فضل صوم یوم عرفة، ۱/۹۳
السنن لابن ماجه، باب صیام یوم عرفة، ۱/۱۲۵
التفسیر للقرطبی، ۲/۴۱۹ ☆ تاریخ جرجان لابی نعیم، ۱۴۲
السلسلة الضعیفة للالبانی، ۲۸۵ ☆ الجامع الصغیر للسیوطی، ۲/۵۳۱
شرح السنة للبغوی، ۶/۳۴۴ ☆ الترغیب والترهیب للمنذری، ۲/۱۱۱
الدر المنثور للسیوطی، ۱/۲۳۱ ☆ کنز العمال للمتقی، ۱۲۰۸۳، ۵/۶۷
الامام للشجری، ۲/۶۴ ☆ المسند لاحمد بن حنبل، ۵/۲۹۶
المسند للحمیدی، ۴۲۹ ☆ السنن الکبری للبیهقی، ۴/۲۸۳
کشف الخفاء للعجلونی، ۲/۴۲ ☆ تنزیه الشریعة لابن عراق، ۲/۱۶۴

۱۴۲۶۔ **عن** سهل بن سعد رضى الله تعالىٰ عنه قال : قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم : مَنْ صَامَ يَوْمَ عَرَفَةَ غُفِرَلَهٗ ذَنْبُ سَنَتَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ ۔

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے عرفہ کا روزہ رکھا اسکے پورے دوسال کے گناہ معاف ہوجاتے ہیں۔۱۲م

۱۴۲۷۔ **عن** أم المؤ منين عائشة الصديقة رضى الله تعالىٰ عنها قالت : كان رسو ل الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يقول : صِيَامُ يَوْمِ عَرَفَةَ كَصِيَامِ اَلْفِ يَوْمٍ ۔

ام المؤمنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے تھے: عرفہ کا روزہ ایک ہزار روزوں کے برابر ہے۔

فتاوی رضویہ ۴/۶۵۹

(۶) ہر ماہ ایام بیض کے روزے

۱۴۲۸۔ **عن** أبى ذر الغفارى رضى الله تعالىٰ عنه قال : قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم : مَنْ صَامَ ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ مِّنْ كُلِّ شَهْرٍ فَذٰلِكَ صَوْمُ الدَّهْرِ ، فَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ تَصْدِيْقَ ذٰلِكَ فِى كِتَابِهٖ ، مَنْ جَاءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ عَشْرُ اَمْثَالِهَا ، فَالْيَوْمُ بِعَشَرَةِ اَيَّامٍ ۔

حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے ایام بیض (ہر ماہ ۱۳/۱۴/۱۵/ تاریخوں) کے روزے رکھے

۱۴۲۶۔ المعجم الكبير للطبرانى، ۶/۲۲۰ ☆ مجمع الزوائد للهيثمى، ۳/۱۸۹
الترغيب و الترهيب للمنذرى، ۲/۱۱۲ ☆ كنز العمال للمتقى، ۲۰۸۶، ۵/۶۷
المعجم الصغير للطبرانى، ۲/۷۱ ☆
۱۴۲۷۔ الدر المنثور للسيوطى، ۱/۲۳۱ ☆ الترغيب والترهيب للمنذرى، ۲/۱۱۲
الجامع الصغير للسيوطى، ۲/۳۱۶ ☆
۱۴۲۸۔ السنن لابن ماجه، باب ما جاء فى صيام ثلثة ايام الخ، ۱/۱۲۳
الجامع الصغير للسيوطى، ۲/۵۳۱ ☆ الدر المنثور للسيوطى، ۳/۶۵
المسند لاحمد بن حنبل، ۵/۱۴۶ ☆ الترغيب و الترهيب للمنذرى، ۲/۱۲۲
كنز العمال للمتقى، ۲۴۱۹۰، ۸/۵۶۴ ☆ تنزيه الشريعة لابن عراق، ۲/۱۵۲
اللآلى المصنوعة للسيوطى، ۲/۶۵ ☆

اسے ہمیشہ روزہ دار رہنے کا ثواب ملے گا۔ اللہ عزوجل نے قرآن کریم میں اس کی تصدیق اس طرح نازل فرمائی جس نے ایک نیکی کی اس کو دس کا ثواب ملتا ہے تو ایک روزے کے عوض دس کا ثواب ملا۔

(۷) شوال کے چھ روزے

۱۴۲۹۔ **عن** ثوبان رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: مَنْ صَامَ سِتَّةَ أَيَّامٍ بَعْدَ الْفِطْرِ كَانَ تَمَامَ السَّنَةِ ، مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ عَشْرَ أَمْثَالِهَا ۔

حضرت ثوبان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے عید الفطر کے بعد چھ روزے رکھے تو اسکے پورے سال کے روزے ہوگئے۔ کہ ایک نیکی کے عوض دس کا ثواب ملتا ہے۔

(۸) دوشنبہ، چہارشنبہ، پنج شنبہ اور جمعہ کے روزے

۱۴۳۰۔ **عن** عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: مَنْ صَامَ الْأَرْبَعَآءَ وَالْخَمِيْسَ كُتِبَتْ لَهٗ بَرَاءَةٌ مِّنَ النَّارِ ۔

حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے بدھ اور جمعرات کے روزے رکھے اسکے لئے جہنم سے آزادی ہے۔ ۱۲م

۱۴۳۱۔ **عن** أبی أمامة الباهلی رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: مَنْ صَامَ يَوْمَ الْأَرْبَعَآءِ وَالْخَمِيْسِ وَالْجُمُعَةِ بَنَى اللّٰهُ لَهٗ بَيْتًا فِى الْجَنَّةِ ، يُرٰى ظَاهِرُهٗ مِنْ بَاطِنِهٖ ، وَبَاطِنُهٗ مِنْ ظَاهِرِهٖ ۔

حضرت ابو امامہ باہلی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ

۱۴۲۹۔ السنن لابن ماجه، باب صيام ستة ايام من شوال، ۱۲۴/۱

مجمع الزوائد للهيثمى، ۱۸۴/۳ ☆ الترغيب و الترهيب للمنذرى، ۱۱۰/۲

الدر المنثور للسيوطى، ۶۶/۳ ☆ كنز العمال للمتقى، ۲۴۲۱۲، ۵۶۹/۸

۱۴۳۰۔ السنن الكبرى للبيهقى، ۲۹۵/۴ ☆ الترغيب و الترهيب للمنذرى، ۱۲۶/۲

۱۴۳۱۔ السنن الكبرى للبيهقى، ۲۹۵/۴ ☆ المعجم الكبير للطبرانى، ۳۰۰/۸

مجمع الزوائد للهيثمى، ۱۹۹/۳ ☆

وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے بدھ، جمعرات اور جمعہ کے روزے رکھے اسکے لئے جنت میں ایک محل ہے، جسکا باہر کا حصہ اندر سے اور اندر کا باہر سے نظر آئیگا۔ ۱۲م

۱۴۳۲۔ **عن** عبد الله بن عمر رضي الله تعالىٰ عنهما قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: مَنْ صَامَ يَوْمَ الْأَرْبَعَاءِ وَيَوْمَ الْخَمِيْسِ وَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ ، ثُمَّ تَصَدَّقَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ بِمَا قَلَّ مِنْ مَالِهِ غُفِرَلَهُ كُلُّ ذَنْبٍ عَمِلَهُ حَتّٰى يَصِيْرَ كَيَوْمٍ وَلَدَتْهُ أُمُّهُ مِنَ الْخَطَايَا۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے بدھ، جمعرات اور جمعہ کے روزے رکھے، پھر جمعہ کے دن اپنے قلیل مال سے صدقہ دیا تو اسکے تمام گناہ، معاف ہو گئے اور وہ گناہوں سے ایسے پاک ہو گیا جیسے اپنی پیدائش کے دن تھا۔ ۱۲م

۱۴۳۳۔ **عن** أنس بن مالك رضي الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: مَنْ صَامَ الْأَرْبَعَاءَ وَالْخَمِيْسَ وَالْجُمُعَةَ بَنَى اللهُ لَهُ قَصْرًا فِي الْجَنَّةِ مِنْ لُؤْلُؤٍ وَيَاقُوْتٍ وَزَبَرْجَدٍ، وَكُتِبَ لَهُ بَرَاءَةٌ مِّنَ النَّارِ۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے بدھ، جمعرات اور جمعہ کے روزے رکھے اسکے لئے جنت میں موتیوں، یاقوت اور زبرجد کا ایک محل ہے۔ اور دوزخ سے آزادی۔ ۱۲م

۱۴۳۴۔ **عن** أبي هريرة رضي الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: مَنْ صَامَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ كَتَبَ اللهُ لَهُ عَشَرَةَ أَيَّامٍ، عَدَدُهُنَّ مِنْ أَيَّامِ الْآخِرَةِ لَا تُشَاكِلُهُنَّ أَيَّامُ الدُّنْيَا۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

۱۴۳۲۔ الترغيب والترهيب للمنذرى، ۱۲۶/۲ ☆ اتحاف السادة للزبيدى، ۱۶۸/۵

۱۴۳۳۔ الجامع الاوسط للطبرانى، ۸۷/۱ ☆ الترغيب والترهيب للمنذرى، ۱۲۶/۲

مجمع الزوائد للهيثمى، ۱۹۸/۳ ☆ المطالب العالية لابن حجر، ۱۰۳۷

۱۴۳۴۔ اتحاف السادة للزبيدى، ۲۴۱/۳ ☆ الترغيب والترهيب للمنذرى، ۱۲۶/۲

كنز العمال للمتقى، ۲۴۱۷۲، ۵۶۱/۸ ☆ الامالى الشجرى، ۲۷۶/۱

نے ارشاد فرمایا: جس نے جمعہ کا روزہ رکھا تو اللہ تعالیٰ اسکو دس دن کے روزوں کا ثواب عطا فرماتا ہے۔ ان دس ایام کی شمار آخرت کے ایام کے اعتبار سے ہوگی جو دنیا کے دنوں کی طرح نہیں۔ ۱۲م

۱۴۳۵۔ **عن** مسلم القرشی رضی اللہ تعالیٰ عنه عن ابیه قال: سألت النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم عن صیام الدھر، فقال: لَا، اِنَّ لِاَھْلِكَ عَلَيْكَ حَقًّا، صُمْ رَمَضَانَ وَالَّذِی يَلِيْهِ، وَكُلَّ اَرْبَعَاءٍ وَخَمِيْسٍ، فَاِذَنْ اَنْتَ قَدْ صُمْتَ الدَّھْرَ وَاَفْطَرْتَ۔

حضرت مسلم قرشی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے میں نے ہمیشہ روزہ دار رہنے کے بارے میں پوچھا، فرمایا: نہیں، کہ تمہارے اہل خانہ کا بھی تم پر حق ہے۔ لہذا تم رمضان المبارک اور اس سے متصل عید کے بعد روزے رکھو۔ اور بدھ و جمعرات کے روزے رکھ لو تو گویا تم ہمیشہ روزہ دار ہی رہے اور افطار بھی کرتے رہے۔ ۱۲م

فتاوی رضویہ ۴/۶۶۰

(۹) ہفتہ کا روزہ

۱۴۳۶۔ **عن** عبد اللہ بن بسر عن اخته رضی اللہ تعالیٰ عنهما ان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم قال: لَا تَصُوْمُوْا يَوْمَ السَّبْتِ اِلَّا فِيْمَا افْتُرِضَ عَلَيْكُمْ فَاِنْ لَمْ يَجِدْ كُمْ اِلَّا لِحَاءَ عَنَبَةٍ اَوْ عُوْدَ شَجَرَةٍ فَلْيَمْضَغْهُ۔

فتاوی رضویہ حصہ دوم ۹/۱۱۴

حضرت عبد اللہ بن بسر اپنی بہن رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: صرف ہفتہ کا روزہ نہ رکھو مگر جبکہ تم پر کسی وجہ سے فرض ہو۔ اور اگر تم سے کسی کو انگور کے چھلکے یا درخت کی لکڑی کے سوا کچھ نہ ملے تو اسی کو چوس لو۔

فتاوی رضویہ حصہ دوم ۹/۱۱۴

۱۴۳۵۔ السنن لابی داؤد الصیام، باب فی صوم شعبان، ۱/۳۳۰
الترغیب و الترھیب للمنذری، ۲/۱۲۷ ☆ کنز العمال للمتقی، ۲۴۲۱۵، ۸/۵۶۹
التاریخ للبخاری، ۷/۲۰۴ ☆ السنن للنسائی،
۱۴۳۶۔ الجامع للترمذی، باب ما جاء فی صوم یوم السبت، ۱/۹۳

(۱۰) صوم وصال منع ہے

۱۴۳۷۔ عن عبد الله بن عمر رضی الله تعالیٰ عنهما قال : نهی رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم عن الوصال ، قالوا : انك تواصل؟ یا رسول الله ! قال: قال: اِنِّی لَسْتُ مِثْلَکُمْ ، اِنِّی اُطْعَمُ وَ اُسْقٰی ۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے صوم وصال سے منع فرمایا۔ صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین نے عرض کیا: یارسول اللہ آپ تو صوم وصال رکھتے ہیں؟ فرمایا: میں تمہاری طرح نہیں ۔ مجھے کھلایا اور پلایا جاتا ہے۔۱۲م

۱۴۳۸۔ عن أبی سعیدالخدری رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : لَا تُواصِلُوا،فَاَیُّکُمْ اَرَادَ اَنْ یُّوَاصِلَ فَلْیُوَاصِلْ حَتّٰی السَّحْرِ ، قالوا: فانكِ تواصل ؟ یا رسول الله اقال: اِنِّی لَسْتُ کَهَیْئَتِکُمْ ، اِنِّی اَبِیْتُ لِی مُطْعِمٌ یُّطْعِمُنِی وَ سَاقٍ یَسْقِیْنِی۔

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: صوم وصال نہ رکھو، ہاں تم میں سے کوئی صوم وصال رکھنا چاہے تو صرف سحری تک، صحابہ کرام نے عرض کیا: یارسول اللہ! آپ تو صوم وصال رکھتے ہیں؟ فرمایا: میں تمہارے مثل نہیں، میں رات گزارتا ہوں اور کھلانے والا مجھے کھلاتا ہے، اور پلانے والا پلاتا ہے۔۱۲م

۱۴۳۹۔ عن عبد الله بن عمر رضی الله تعالیٰ عنهما قال : ان رسول الله صلی

۱۴۳۷۔ الجامع الصحیح للبخاری، باب الوصال ، ۲۶۳/۱
الصحیح لمسلم ، باب النهی عن الوصال ، ۳۵۱/۱
الجامع الصغیر للسیوطی، ۵۶۱/۲ ☆ المسند لاحمد بن حنبل ، ۱۱۲/۲
۱۴۳۸۔ الجامع الصحیح للبخاری، باب الوصال ، ۲۶۳/۱
الجامع للترمذی، باب ما جاء فی کراهیة الوصال فی الصیام ۹۷/۱
المسند لاحمد بن حنبل ، ۲۸۱/۲ ☆ السنن الکبری للبیهقی، ۲۸۲/٤
اتحاف السادة للزبیدی ، ۱۰۰/۷ ☆ فتح الباری للعسقلانی ، ۲۰۲/٤
۱۴۳۹۔ الصحیح لمسلم ، باب النهی عن الوصال ، ۳۵۱/۱
المسند لاحمد بن حنبل ، ۱۰۲/۲ ☆ السنن الکبری للبیهقی ، ۲۸۲/٤

اللہ تعالیٰ علیہ وسلم واصل فی رمضان فواصل الناس ، فنهاهم ، قیل له : انت تواصل ؟ قال: اِنِّی لَسْتُ مِثْلَکُمْ ،اِنِّی اُطْعِمُ وَاُسْقٰی۔

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے رمضان المبارک میں صوم وصال رکھنا شروع کیے تو صحابہ کرام نے بھی ایسا ہی کیا ، حضور نے انکو منع فرمایا ، عرض کیا گیا : آپ بھی تو رکھتے ہیں؟ فرمایا : میں تمہاری طرح نہیں ، مجھے کھلایا پلایا جاتا ہے۔۱۲م

۱۴۴۰۔ **عن** أبی هریرة رضی اللہ تعالیٰ عنه قال : نهی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم عن الوصال : فقال رجل من المسلمین : فانك یا رسول اللہ تواصل ، قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم : وَ اَیُّکُمْ مِثْلِی ، اِنِّی اَبِیْتُ یُطْعِمُنِی رَبِّی وَ یَسْقِیْنِی۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے صوم وصال سے منع فرمایا۔ ایک صحابی بولے : یارسول اللہ ! آپ بھی تو صوم وصال رکھتے ہیں ۔ فرمایا : تم میں میری طرح کون ہے ؟ میں رات گزارتا ہوں ، مجھے میرا رب کھلاتا پلاتا ہے۔۱۲م صلات الصفاء ص ۸۶ ۔

(۱۱) صوم داؤدی اللہ تعالیٰ کو پسند ہے

۱۴۴۱۔ **عن** عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنه قال : قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم : اِنَّ اَحَبَّ الصِّیَامِ اِلَی اللّٰهِ تَعَالٰی صِیَامُ دَاوُدَ ، فَاِنَّهُ کَانَ یَصُوْمُ

۱۴۴۰۔ الصحیح لمسلم ، باب النهی عن الوصال ۔ ۳۵۱/۱
الجامع الصحیح للبخاری ، باب التنکیل للما کثر الوصال ۔ ۱۲/۲۶۲
السنن الکبری للبیهقی ، ۴/۱۸۲ ☆ فتح الباری للعسقلانی ، ۴/۲۰۳

۱۴۴۱۔ الصحیح للبخاری ، باب من نام عند السحر ، ۱/۱۵۲
الصحیح لمسلم ، باب النهی عن صوم الدهر ، ۱/۳۶۷
السنن لابن ماجه ، باب ما جاء فی صیام داؤد علیه الصلوة و السلام ، ۱/۱۲۴
المسند لاحمد بن حنبل ، ۲/۱۶۰ ☆ الجامع الصغیر للسیوطی ، ۱/۱۹
اتحاف السادة للزبیدی ، ۴/۲۶۲ ☆ شرح السنة للبغوی ، ۴/۶۰

یَوْمًا وَیُفْطِرُ یَوْمًا ، وَاَحَبُّ الصَّلٰوۃِ اِلَی اللّٰہِ تَعَالٰی صَلٰوۃُ دَاوٗدَ ، کَانَ یَنَامُ نِصْفَ اللَّیْلِ وَیُصَلِّیْ ثُلُثَہٗ وَیَنَامُ سُدُسَہٗ ۔

حضرت عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بیشک سب روزوں میں پیارے روزے اللہ تعالیٰ کو حضرت داؤد علیہ والسلام کے روزے ہیں۔ کہ ایک دن روزہ رکھتے اور دوسرے دن افطار کرتے ۔ اور سب نمازوں میں پیاری نماز حضرت داؤد علیہ الصلوۃ والسلام کی نماز ہے۔ کہ آدھی رات تک آرام فرماتے، تہائی رات نماز میں گذارتے اور پھر چھٹا حصہ آرام میں بسر فرماتے۔ ۱۲م

فتاوی رضویہ ۹۴/۱۲

سحری وافطار

(۱) سحری کا آخری وقت

۱۴۴۲۔ **عن** زربن حبیش رضی اللہ تعالیٰ عنه قال : قلنا لحذیفة رضی اللہ تعالیٰ عنه : ای ساعة تسحرت مع رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم ، قال : هو النهار الا ان الشمس لم تطلع ۔

حضرت زربن حبیش رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ہم نے حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے عرض کیا: آپ نے حضورِ اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ کس وقت سحری کھائی تھی؟ کہا: دن ہی تھا، مگر سورج نہ چمکا تھا۔

(۱) امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

رائے فقیر میں اس روایت کا عمدہ محمل یہی ہے کہ حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے علم نبوت کے مطابق حقیقی منتہائے لیل پر سحری تناول فرمائی۔ کہ فراغ کے ساتھ ہی صبح چمک آئی۔ حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو گمان ہوا کہ سحری دن میں کھائی بعد صبح، اور واقعی جو شخص سحری کا پچھلا نوالہ کھا کر آسمان پر نظر اٹھائے تو صبح طالع پائے، وہ سوا اسکے کیا گمان کر سکتا ہے۔

فتاوی رضویہ ۲/۳۶۰

(۲) افطار کا وقت

۱۴۴۳۔ **عن** أمیر المؤمنین عمربن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنه قال : قال

۱۴۴۲۔ السنن للنسائی، باب تاخیر السحور، ۱/۲۳۴

۱۴۴۳۔ الجامع الصحیح للبخاری، باب متی یحل فطر الصائم، ۱/۲۶۲

الصحیح لمسلم، باب بیان وقت انقضاء الصوم، ۱/۳۵۱

السنن لابی داؤد، الصیام باب وقت فطر الصائم، ۱/۱

الجامع للترمذی، باب ما جاء اذا طبلا للیل الخ، ۱/۸۸

المسند لاحمد بن حنبل، ۱/۳۵ ☆ الجامع الصغیر للسیوطی، ۱/۳۴

السنن الکبری للبیہقی، ۴/۲۱۶ ☆ مشکوۃ المصابیح للتبریزی، ۱۹۸۵

شرح السنة للبغوی، ۶/۳۶۹ ☆ کنز العمال للمتقی، ۲۳۸۷۶، ۸/۵۰۹

البدایة و النهایة لابن کثیر، ۸/۳۱۳ ☆ الدر المنثور للسیوطی، ۱/۲۰۰

التفسیر للطبری، ۲/۱۰۳ ☆ التفسیر للبغوی، ۱/۱۶۴

اتحاف السادة للزبیدی، ۳/۲۵۲ ☆ المسند للحمیدی، ۲

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم : إِذَا أَقْبَلَ اللَّيْلُ مِنْ هٰهُنَا ، وَأَدْبَرَ النَّهَارُ مِنْ هٰهُنَا وَغَرَبَتِ الشَّمْسُ فَقَدْ أَفْطَرَ الصَّائِمُ ۔

امیر المؤمنین حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب ادھر سے رات آئے اور ادھر سے دن پیٹھ دکھائے اور سورج پورا ڈوب جائے تو روزہ دار کا روزہ پورا ہوا۔

﴿۲﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

لیل سے مراد سیاہی اور نہار سے ضوء، فان الاقبال من ھھنا والا دبار من ھھنا انما یکون لھما ، تیسیر میں ہے۔ اذا اقبل اللیل یعنی ظلمتہ وادبر النھار ای ضوءہ۔ عالم ماکان وما یکون صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے تینوں لفظ اسی ترتیب سے ارشاد فرمائے جس ترتیب سے واقع ہوتے ہیں۔ پہلے سیاہی اٹھتی ہے۔ اس وقت تک اگر افق صاف اور غبار و بخار سے پاک ہو آفتاب کی چمک باقی رہتی ہے۔ بلکہ قلل جبال واعالی اغصان شجر پر عکس ڈالتی ہے۔ پھر جب قرص چھپنے پر آیا تکاثف ابخرۂ افقیہ و کثرت بعد عن الابصار وطول مرور شعاع البصر فی ثخن کرۃ البخار کے باعث روشنی بالکل محتجب ہو جاتی ہے۔ مگر ہنوز قدرے قرص بالائے افق مرئی شرعی باقی ہے۔ اس کے بعد آفتاب ڈوبتا اور وقت افطار و نماز آتا ہے۔ اس صاف ونفیس و بے تکلف معنی پر بحمد اللہ تعالیٰ انتظام کلام اسی اعلیٰ جلالت پر جلوہ فرما ہے جو صاحب جوامع الکلم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شان رفیع بلاغت بے مثل کو شایاں و بجا ہے۔

کلمات علمائے کرام بھی اس نفیس معنی سے خالی نہ رہے۔ امام ابن حجر مکی شرح مشکوۃ المصابیح میں اسی حدیث کے نیچے فرماتے ہیں۔

ای وقد یقبل اللیل ولا تکون غربت حقیقة ، فلا بد من حقیقة الغروب، ..

یعنی کبھی رات آجاتی ہے اور ابھی حقیقۃ غروب نہیں ہوا ہوتا۔ اس لئے حقیقی غروب ضروری ہے۔

حفنی علی الجامع الصغیر میں ہے۔

قولہ: وغربت الشمس ، لم یکتف بما قبلہ عن ذلك ، اشارۃ الی انہ قد یوجد اقبال الظلمة وادبار الضوء ولم یوجد غروب الشمس ۔

حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا فرمان "اور سورج ڈوب جائے" ہے۔ آپ نے سیاہی کے آنے اور روشنی کے جانے پر اکتفا نہیں کیا اور غروب کی تصریح فرمائی۔ کیونکہ کبھی سیاہی آ جاتی ہے اور روشنی چلی جاتی ہے مگر غروب آفتاب نہیں ہوتا۔

اور اگر حدیث میں لیل ونہار معنی حقیقی پر رکھئے تو اگر چہ اتنا ضرور ہے کہ مجاز مرسل کی جگہ مجاز عقلی ہوگا۔ کیونکہ تم خوب جانتے ہو کہ ادھر سے ادھر جانے کی نسبت لیل ونہار کی طرف حقیقۃً نہیں۔

مگر اب تین الفاظ کریمہ کے جمع ہونے سے سوال متوجہ ہوگا۔ اور شک نہیں کہ اس معنی پر امور ثلثہ متلازم ہیں اور ایک کا ذکر باقی سے مغنی۔ یہ وہی بات ہے جو امام نووی نے منہاج میں کہی ہے کہ علمائے کرام نے فرمایا: ان تین میں سے ہر ایک باقی دو کو یا تو متضمن ہوتا ہے یا ان کے ساتھ لازم۔

اسکی اطیب توجیہ وہ ہے کہ علامہ طیبی نے شرح مشکوۃ میں افادہ فرمائی۔ کہ

انما قال : وغربت الشمس ، مع الاستغناء عنه ، لبيان كمال الغروب، كيلا يظن انه يجوز الافطار بغروب بعضها ـ

حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اور سورج ڈوب جائے۔ حالانکہ بظاہر اسکی ضرورت نہیں تھی۔ لیکن یہ اس لئے فرمایا تاکہ مکمل غروب کا بیان ہو جائے، اور کسی کو یہ غلط فہمی نہ ہو کہ سورج کا کچھ حصہ غروب ہونے سے افطار جائز ہو جاتا ہے۔

علامہ مناوی وغیرہ نے بھی انکی تبعیت کی ہے۔ تیسیر شرح جامع صغیر میں ہے۔

وزاد ـ" وغربت الشمس "مع ان ما قبله كان اشارة الى اشتراط تحقق كمال الغروب ـ

حضور نے فرمایا" اور سورج ڈوب جائے" حالانکہ پہلے الفاظ کافی تھے۔ لیکن اس میں اس طرف اشارہ ہے کہ کامل غروب کا پایا جانا شرط ہے۔

اقول: یہ توجیہ وجیہ صراحۃً ہمارے مدعائے مذکور کی طرف ناظر ہے۔ نظر غائر میں بروجہ جلی، اور قلت تدبر میں من طرف خفی۔ یعنی اگر چہ لیل ونہار حقیقی مراد ہونے پر ذکر غروب کی حاجت نہ تھی کہ رات جبھی آئیگی کہ سورج ڈوب چکے گا۔ مگر سواد وضیاء پر انکا حمل بعید نہیں۔

خصوصا جبکہ اقبال من ھھنا و ادبار من ھھنا اس پر قرینہ ظاہرہ ہیں۔ تو اگر اس قدر پر قناعت فرمائی جاتی، احتمال تھا کہ مجرد اقبال سواد اور ادبار ضیاء پر وقت افطار سمجھ لیا جاتا۔ حالانکہ اقبال لیل در کنار ہنوز بعض قرص غروب کو باقی ہوتا ہے کہ ضیاء بھی معدوم ہو جاتی ہے۔ لہذا" وغربت الشمس" زائد فرمایا۔ کہ کوئی غروب بعض قرص کو کافی نہ سمجھ لے۔ پر ظاہر کہ اگر یہ اقبال و ادبار اسی وقت ہوتے جب پورا قرص ڈوب لیتا تو اس احتمال وظن کا کیا محل تھا۔ ذکر غروب سے استغنا بدستور باقی رہتا۔ اور جواب محض مہمل جاتا۔ تو صاف ثابت ہوا کہ سیاہی اٹھنا اور شعاع چھپنا دونوں غروب شمس سے پہلے ہو لیتے ہیں۔ علامہ علی قاری نے بھی اس کلام طیب طیبی کو تحقیق بتایا اور حسن قبول سے تلقی فرمایا۔ فتاوی رضویہ قدیم ۲/۲۶۶

فتاوی رضویہ جدید ۵/۱۴۵

(۳) افطار میں جلدی مستحب ہے

۱٤٤٤ ـ **عن** أبی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم: اِنَّ اللّٰهَ تَعَالیٰ وَتَقَدَّسَ يَقُوْلُ: اِنَّ أَحَبَّ عِبَادِی اِلَیَّ أَعْجَلُهُمْ فِطْرًا ـ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بیشک اللہ تعالیٰ کا فرمان مقدس ہے۔ بندوں میں مجھے زیادہ محبوب وہ ہے جو افطار میں جلدی کرے۔ ۱۲م

۱٤٤٥ ـ **عن** سهل بن سعد رضی الله تعالیٰ عنه قال: كان رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم اذا كان صائما امر رجلا فاوفی علی نشز، فاذا قال: غابت الشمس افطر ـ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا طریقہ مبارک یہ تھا کہ جب روزہ دار ہوتے تو کسی شخص کو حکم دیتے کہ وہ بلند جگہ پر کھڑا ہو

۱٤٤٤ ـ الجامع للترمذی، باب ما جاء فی تعجيل الانصار، ۸۸/۱
المسند لاحمد بن حنبل، ۲۳۸/۲ ☆ السنن الكبری للبيهقی، ۲۳۷/٤
الترغيب والترهيب للمنذری، ۱٤۰/۲ ☆ شرح السنة للبغوی، ۳٥٦/٦
۱٤٤٥ ـ المسند للحاكم، ٥۹۹/۱ ☆ شرح السنة للبغوی، ۳٥٦/٦
مجمع الزوائد للهيثمی، ۱٥٥/۳ ☆ كنز العمال للمتقی، ۸۲/۷

جب وہ کہتا کہ سورج غروب ہوگیا تو آپ افطار فرماتے۔۱۲م

۱۴۴۶۔ **عن** أبی الدرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال : کان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اذا کان صائما امر رجلا یقوم علی نشز من الارض ، فاذا قال وجبت الشمس افطر ۔

حضرت ابو درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب روزہ دار ہوتے تو کسی شخص کو حکم دیتے کہ وہ بلند جگہ کھڑا ہو۔ جب وہ کہتا سورج غروب ہوگیا تو افطار فرماتے۔۱۲م

۱۴۴۷۔ **عن** أم المؤ منین عائشۃ الصدیقۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہا قالت : رأیت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وھو صائم یترصد غروب الشمس بتمرۃ ۔ فلما توارت القاھافی فیہ ۔

ام المؤمنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ میں نے حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو روزہ کی حالت میں دیکھا کہ کھجور ہاتھ میں لیکر سورج کے غروب ہونے کا انتظار فرماتے۔اور جیسے ہی غروب ہوتا فوراً منہ میں ڈال لیتے۔۱۲م

فتاوی رضویہ ۴/ ۶۵۵

(۴) کھجور سے روزہ افطار کرنا افضل ہے

۱۴۴۸۔ **عن** أنس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال : کان النبی صلی اللہ تعالیٰ

۱۴۴۶۔ المعجم الکبیر للطبرانی،

۱۴۴۷۔ کشف الخفاء للعجلونی،

۱۴۴۸۔ السنن لابی داؤد، الصیام باب ما یفطر علیہ، ۳۲۱/۱

الجامع للترمذی، باب ما جاء ما یستحب علیہ الافطار، ۸۸/۱

المسند لاحمد بن حنبل، ۱۴۶/۳ ☆ کنز العمال للمتقی، ۱۸۰۸۲، ۸۵/۷

اتحاف السادۃ للزبیدی، ۱۲۰/۴ ☆ السنن للدار قطنی، ۱۸۵/۲

ارواء الغلیل للالبانی، ۴۵/۴ ☆ التفسیر للقرطبی، ۳۳۰/۲

الترغیب و الترھیب للمنذری، ۱۴۲/۲ ☆ شرح السنۃ للبغوی، ۲۶۶/۶

حلیۃ الاولیاء لابی نعیم ۲۲۷/۹ ☆ مشکوۃ المصابیح للتبریزی، ۱۹۹۱

جامع الصغیر للسیوطی، ۴۳۷/۲، ☆

علیه وسلم یفطر قبل ان یصلی علی رطبات ، فان لم تکن رطبات فتمرات ، وان لم تکن تمرات فحسا حسوات من ماء ۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نماز مغرب سے پہلے تر کھجوروں سے افطار فرماتے ۔ وہ نہ ہوتیں تو خشک کھجوروں سے ورنہ پانی سے۔ فتاوی رضویہ ۴/۶۵۱

(۵) عام طور پر جس دن لوگ افطار کریں تم بھی کرو

۱۴۴۹۔ **عن** أم المؤمنین عائشة الصدیقة رضی الله تعالیٰ عنها قالت : قال رسو ل الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : اَلْفِطْرُ یَوْمَ یَفْطُرُ النَّاسُ ، وَالْاَضْحٰی یَوْمَ یَضْحَی النَّاسُ ۔

ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس دن افطار کرو جس دن لوگ عام طور پر افطار کریں ۔ اور اس دن قربانی کرو جس دن لوگ قربانی کریں ۔۱۲م

۱۴۵۰۔ **عن** أبی هریرة رضی الله تعالیٰ عنه قال : قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : فِطْرُكُمْ یَوْمَ یُفْطِرُوْنَ ، وَاَضْحَاكُمْ یَوْمَ یَضْحُوْنَ ۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تمہیں اس دن افطار کرنا چاہیئے جس دن لوگ افطار کریں ۔ اور اس دن قربانی جس دن قربانی کریں ۔۱۲م فتاوی رضویہ ۴/۵۵۵

۱۴۴۹۔ الجامع للترمذی، باب ما جاء ان الفطر یوفطرون، ۱/۸۸
الجامع الصغیر للسیوطی، ۲/۲۳۷ ☆
شرح السنة للبغوی، ۶/۲۴۷ ☆ الجامع الصغیر للسیوطی، ۲/۲۷۰

۱۴۵۰۔ السنن لابی داؤد، باب اذا خطأ القوم الحضلال، ۲/۳۱۸
الجامع الصغیر للسیوطی، ۲/۳۶۵ ☆ السنن الکبری للبیهقی، ۳/۳۱۷
السنن للدار قطنی، ۲/۱۶۳ ☆ تلخیص الحبیر لابن حجر، ۲/۲۰۶
کنز العمال للمتقی، ۲۳۷۶۱، ۸/۴۸۸ ☆ التفسیر للقرطبی، ۱۲/۱۰۰

(٦) افطار کرانے کا ثواب

١٤٥١۔ **عن** سلمان الفارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: مَنْ فَطَّرَ فِيهِ صَائِمًا كَانَ مَغْفِرَةً لِذُنُوبِهِ وَعِتْقِ رَقَبَتِهِ مِنَ النَّارِ، وَكَانَ لَهُ مِثْلُ أَجْرِهِ مِنْ غَيْرِ أَنْ يُنْقَصَ مِنْ أَجْرِهِ شَيْءٌ، قالوا: یارسول اللہ! لیس کلنا یجد ما یفطر الصائم، فقال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: يُعْطِي اللّٰهُ هٰذَا الثَّوَابَ مَنْ فَطَّرَ صَائِمًا عَلٰى تَمْرَةٍ، أَوْ عَلٰى شُرْبَةِ مَاءٍ، أَوْ مَذْقَةِ لَبَنٍ۔

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے رمضان المبارک میں کسی روزہ دار کا روزہ کھلوایا تو یہ اس کے گناہوں کی مغفرت اور دوزخ سے آزادی کا ذریعہ ہے۔ اور اسکو روزہ دار کے برابر ثواب ملیگا اور اسکے ثواب میں کوئی کمی نہ ہوگی۔ صحابہ کرام نے عرض کیا: یارسول اللہ! ہم میں سے ہر آدمی کو یہ وسعت نہیں کہ افطار کرائے۔ فرمایا: اللہ تعالیٰ یہ ثواب اس وقت بھی عطا فرماتا ہے جبکہ وہ ایک کھجور، یا اتنا پانی کہ پیاس بجھادے، یا دودھ کے شربت سے افطار کرائے۔ ۱۲م

١٤٥٢۔ **عن** أنس رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: ان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جاء الی سعد بن عباد رضی اللہ تعالیٰ عنہ، فجاء بخبز وزیت، فاکل ثم قال: أَفْطَرَ عِنْدَكُمُ الصَّائِمُونَ وَأَكَلَ طَعَامَكُمُ الْأَبْرَارُ وَصَلَّتْ عَلَيْكُمُ الْمَلَائِكَةُ۔

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حضرت سعد بن عباد رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس تشریف لائے۔ حضرت سعد روٹی اور زیتون کا تیل لیکر حاضر خدمت ہوئے۔ حضور نے تناول فرما کر ارشاد فرمایا: تمہارے پاس روزہ دار دن نے افطار کیا، اور تمہارا کھانا نیک لوگوں نے کھایا۔ اور فرشتوں نے تمہارے لئے دعائے استغفار کی۔ ۱۲م

١٤٥١۔ الترغیب و الترهیب للمنذری، ٢/٩٤ ☆ السنن الکبری للبیهقی، ٤/٤٠٤ ☆

١٤٥٢۔ السنن لابی داؤد، الاطعمه، باب فی الدعاء لرب الطعام، ٢/٥٣٨
السنن لابن ماجه، باب فی ثواب من فطر صائما، ١/١٢٥
المسند لاحمد بن حنبل، ٣/١١٨ ☆ السنن الکبری للبیهقی،

۱۴۵۳۔ عن سلمان الفارسی رضی الله عنه قال : قال رسول الله تعالىٰ عليه وسلم: مَنْ فَطَّرَ صَائِمًا فِي شَهْرِ رَمَضَانَ مِنْ كَسْبٍ حَلَالٍ صَلَّتْ عَلَيْهِ الْمَلَائِكَةُ لَيَالِيَ رَمَضَانَ كُلَّهَا وَصَافَحَهُ جِبْرَئِيلُ عَلَيْهِ الصَّلوٰةُ وَالسَّلَامُ لَيْلَةَ الْقَدْرِ ، وَمَنْ صَافَحَهُ جِبْرَئِيلُ عَلَيْهِ الصَّلوٰةُ وَالسَّلَامُ يَرِقُّ قَلْبُهُ وَتَكْثُرُ دُمُوعُهُ ، قَالَ : فقلت : يا رسول الله ! افرأيت من لم يكن عنده ؟ قال : فَقَبْضَةٌ مِنْ طَعَامٍ ، قلت : افرأيت ان لم يكن عنده لقمة خبز ؟ قال : فَمُذْقَةٌ مِنْ لَبَنٍ ، قال : افرأيت ان لم تكن عنده ؟ قال : فَشُرْبَةٌ مِنْ مَاءٍ۔

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے ماہ رمضان میں حلال کمائی سے کسی روزہ دار کو افطار کرایا تو رمضان کی راتوں میں فرشتے اسکے لئے دعائے استغفار کرتے ہیں۔ اور حضرت جبریل علیہ الصلوۃ والسلام شب قدر میں اس سے مصافحہ فرماتے ہیں۔ اور جس سے آپ مصافحہ فرمالیں اسکا دل رقیق ہوجاتا ہے اور آنسو بہنے لگتے ہیں۔ میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! اسکے بارے میں فرمائیں جسکے پاس افطار کی چیزیں نہ ہوں؟ فرمایا: ایک مٹھی کھانا ہی دیدے۔ میں نے عرض کیا: اور یہ بھی نہ ہوں۔ فرمایا: دودھ کا شربت پلادے۔ میں نے عرض کیا: اور یہ بھی نہ ہو۔ فرمایا: تو پانی ہی سے سیراب کردے۔۱۲م

۱۴۵۴۔ عن أنس رضی الله تعالىٰ عنه قال: أفطرنا مرة مع رسول الله تعالىٰ عليه وسلم فقربو اليه زيتا فاكل واكلنا حتى فرغ ، قال: أَكَلَ طَعَامَكُمُ الْأَبْرَارُ ، وَصَلَّتْ عَلَيْكُمُ الْمَلَائِكَةُ ، وَأَفْطَرَ عِنْدَكُمُ الصَّائِمُونَ۔

۱۴۵۳۔ المعجم الكبير للطبرانی، ۶/۳۲۰ ☆ الترغيب و الترهيب للمنذری، ۲/۹۵
كنز العمال للمتقی، ۲۳۶۵۸، ۸/۴۵۲ ☆ الكامل لابن عدی، ، ۲/۳۰۶
۱۴۵۴۔ المسند لاحمد بن حنبل، ۳/۱۳۸ ☆ السنن الكبرى للبيهقی، ۷/۲۸۷
مجمع الزوائد للهيثمی، ۸/۱۳۸ ☆ تلخيص الحبير لابن حجر، ۳/۱۹۹
التفسير لابن كثير، ۶/۳۶ ☆ المصنف لعبد الرزاق، ۱۹۴۲۵
شرح السنة للبغوی، ۱۲/۲۸۳ ☆ مشكل الآثار للطحاوی، ۱/۴۹۸
اتحاف السادة للزبيدی، ۵/۲۴۰ ☆ كنز العمال للمتقی، ۲۵۹۸۷، ۹/۲۷۲
مشكوة المصابيح للتبريزی، ۴۲۴۹ ☆ المجروحين لابن حبان، ۲/۱۴۴
المغنی للعراقی، ۲/۱۳ ☆ تاريخ اصفهان لابی نعيم، ۲/۲۸۰

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ہم نے ایک مرتبہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ روزہ افطار کیا تو حضور کی خدمت میں زیتون کا تیل سالن میں لایا گیا۔ حضور نے اور ہم نے کھانا کھایا، جب فارغ ہوئے تو فرمایا: تمہارا کھانا نیک لوگوں نے کھایا۔ اور فرشتوں نے تمہارے لئے دعائے استغفار کی، اور تمہارے پاس روزہ داروں نے افطار کیا۔۱۲م　　فتاوی رضویہ ۴/۶۵۵

(۷) افطار کی دعائیں

۱۴۵۵۔ **عن** معاذ بن زهرة رضى الله تعالىٰ عنه انه بلغه ان النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم كان اذا أفطر قال: اَللّٰهُمَّ! لَكَ صُمْتُ وَعَلىٰ رِزْقِكَ اَفْطَرْتُ۔

حضرت معاذ بن زہرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب افطار فرماتے تو یہ دعا پڑھتے۔ اَللّٰهُمَّ! لَكَ صُمْتُ وَعَلىٰ رِزْقِكَ اَفْطَرْتُ ۱۲م

۱۴۵۶۔ **عن** معاذ بن زهرة رضى الله تعالىٰ عنه قال: كان النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم اذا أفطر قال: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِى اَعَانَنِى فَصُمْتُ، وَرَزَقَنِى فَاَفْطَرْتُ۔
فتاوی رضویہ ۴/۶۵۱

حضرت معاذ بن زہرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب افطار فرماتے تو یہ دعا پڑھتے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِى اَعَانَنِى فَصُمْتُ، وَرَزَقَنِى فَاَفْطَرْتُ۔ ۱۲م

۱۴۵۷۔ **عن** عبد الله بن عباس رضى الله تعالى عنهما قال: كان رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم اذا أفطر، قال: اَللّٰهُمَّ! لَكَ صُمْنَا وَعَلىٰ رِزْقِكَ اَفْطَرْنَا فَتَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ۔

۱۴۵۵۔ السنن لابی داؤد، الصيام، باب تقول عند الافطار، ۱/۳۲۲
الجامع الصغير للسيوطى، ۲/۴۱۰ ☆ السنن الكبرى للبيهقى، ۲/۲۳۹
كنز العمال للمتقى، ۱۸۰۵۶، ۷/۸۱ ☆

۱۴۵۶۔ عمل اليوم و الليلة لابن السنى، ۴۷۳ ☆ المعجم الصغير للطبرانى، ۲/۵۲
كنز العمال للمتقى، ۱۸۰۵۸، ۷/۸۱ ☆ تاريخ اصفهان لابى نعيم، ۴/۲۱۷

۱۴۵۷۔ السنن للدار قطنى، ۱/۱۴۰ ☆ الامالى الشجرى، ۱/۲۸۹
الدر المنثور للسيوطى، ۱/۱۳۷ ☆ عمل اليوم و الليلة لابن السنى، ۴۷۴

حضرت عبد اللہ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب افطار فرماتے تو یہ دعا پڑھتے۔ اَللّٰھُمَّ! لَکَ صُمْنَا وَ عَلٰی رِزْقِکَ أَفْطَرْنَا فَتَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّکَ أَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ۔ ۱۲م

۱۴۵۸۔ عن عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال: کان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اذا أفطر قال: ذَھَبَ الظَّمَأُ ، وَابْتَلَّتِ الْعُرُوْقُ ، وَثَبَتَ الْأَجْرُ اِنْ شَآءَ اللّٰہِ تَعَالیٰ۔

فتاوی رضویہ ۴/۶۵۳

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب افطار فرماتے تو یہ دعا پڑھتے۔ ذَھَبَ الظَّمَأُ ، وَابْتَلَّتِ الْعُرُوْقُ ، وَثَبَتَ الْأَجْرُ اِنْ شَآءَ اللّٰہِ تَعَالیٰ۔ ۱۲م

۱۴۵۹۔ عن أنس رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال : قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اذا قرب الی أحدکم طعامہ وھو صائم فلیقل : بِسْمِ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ ، اَللّٰھُمَّ! لَکَ صُمْتُ وَعَلٰی رِزْقِکَ أَفْطَرْتُ ، وَعَلَیْکَ تَوَکَّلْتُ ، سُبْحَانَکَ وَبِحَمْدِکَ تَقَبَّلْ مِنِّی، اِنَّکَ أَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ۔

حاشیۃ مرقاۃ ۱۷

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب روزہ افطار کے وقت تم میں سے کسی کے پاس کھانا حاضر ہو تو یہ دعا پڑھو۔ بِسْمِ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ ، اَللّٰھُمَّ ! لَکَ صُمْتُ وَعَلٰی رِزْقِکَ أَفْطَرْتُ ، وَعَلَیْکَ تَوَکَّلْتُ ، سُبْحَانَکَ وَبِحَمْدِکَ تَقَبَّلْ مِنِّی، اِنَّکَ أَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ۔ ۱۲م

۱۴۶۰۔ عن أنس رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال : کان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اذا افطر قال : بِسْمِ اللّٰہِ ، اَللّٰھُمَّ ! لَکَ صُمْتُ وَعَلٰی رِزْقِکَ أَفْطَرْتُ ۔

فتاوی رضویہ ۴/۶۵۷

۱۴۵۸۔ السنن لابی داؤد ، الصیام ، باب القول عند الافطار ، ۱/۳۲۲
السنن للدارقطنی ، ۱/۲۴۰ ☆ المستدرک للحاکم ۱/۴۲۲
الجامع الصغیر للسیوطی ، ۱/۴۰۹ ☆
۱۴۵۹۔ الامالی للشجری ، ۱/۲۵۹ ☆ المطالب العالیۃ لابن حجر ، ۲۳۶۳
کنز العمال للمتقی ، ۲۳۸۷۳ ، ۸/۵۰۹ ☆
۱۴۶۰۔ الجامع الصغیر للسیوطی ، ۲/۴۱۰

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب افطار فرماتے تو یہ دعا پڑھتے ۔ بِسْمِ اللّٰهِ ، اَللّٰهُمَّ ! لَكَ صُمْتُ وَعَلٰى رِزْقِكَ اَفْطَرْتُ۔

﴿۳﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

یہ احادیث (جن میں افطار سے قبل دعا کا ذکر ہے) بسبب شدت ضعف قابل احتجاج نہیں ۔ اسکی سند میں داؤد بن الزبرقان متروک ہے۔ قال فی التقریر : متروک وکذبه الازدی، قلت : وکذا الجوز جانی ، کما فی المیزان ۔

فتاوی رضویہ ۴/۶۵۷

۸

کتاب الحج

ابواب

ا۔حج کی فرضیت واہمیت

(۱)فرضیت حج کاثبوت

۱۴۶۱۔ **عن** امير المؤمنين على المرتضى كرم الله تعالىٰ وجهه الكريم قال : قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم : مَنْ مَلَكَ زَادًاوَّرَاحِلَةً تُبَلِّغُهُ اِلىٰ بَيْتِ اللّٰهِ وَلَمْ يَحُجَّ فَلَا عَلَيْهِ اَنْ يَّمُوْتَ يَهُوْدِيًّا اَوْ نَصْرَانِيًّا ۔

امیرالمؤمنین حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: جوکوئی مالک ہوزادراہ اورخرچ اورسواری کا کہ پہونچادے اسکو مکہ معظمہ تک، باوجوداسکے حج نہ کیا۔بس فرق نہیں اس پر یہ کہ وہ مرے یہودی یانصرانی ہوکر۔

فتاوی افریقہ ۴۱

(۲)حج وزیارت اورعمرہ کے فضائل

۱۴۶۲ ۔ **عن** أبى هريرة رضى الله تعالىٰ عنه قال : قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم : مَنْ حَجَّ فَلَمْ يَرْفُثْ وَلَمْ يَفْسُقْ غُفِرَلَهٗ مَاتَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهٖ ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: جس نے حج کیااورفحش گوئی اورفسق وفجورمیں مبتلا نہ ہوااسکے گذشتہ گناہ معاف ہوگئے۔۱۲م

جدالممتار ۲/۲۷۰

۱۴۶۳۔ **عن** أبى موسى الأشعرى رضى الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم : اَلْحَاجُّ يَشْفَعُ فِىْ اَرْبَعِ مِاَةٍ مِنْ اَهْلِ بَيْتٍ ، اوقال : مِنْ أَهْلِ بَيْتِهٖ ، وَيَخْرُجُ مِنْ ذُنُوْبِهٖ كَيَوْمٍ وَلَدَتْهُ اُمُّهٗ ۔

۱۴۶۱۔ الجامع للترمذى، باب ما جاء فى التغليظ فى ترك الحج، ۱/۱۰۰
اتحاف السادة للزبيدى، ۴/۲۶۷ ☆ الموضوعات لابن الجوزى، ۲/۲۰۹
۱۴۶۲۔ الجامع للترمذى، باب ما جاء فى ثواب الحج، ۱/۱۰۰
الكامل لابن عدى، ۴/۱۱ ☆ كنز العمال للمتقى، ۱۱۸۳۲، ۵/۱۲
۱۴۶۳۔ مجمع الزوائد للهيثمى، ۳/۲۱۱ ☆ الدر المنثور للسيوطى، ۱/۲۱۰
كنز العمال للمتقى، ۱۱۸۴۱، ۵/۱۴ ☆ الترغيب والترهيب للمنذرى، ۲/۱۲۶

حضرت ابوموسی اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: چارسوعزیزوں قریبوں کے حق میں حاجی کی شفاعت قبول ہوگی۔ حاجی گناہ سے ایسا نکل جاتا ہے جیسا جس دن ماں کے پیٹ سے پیدا ہوا تھا۔

اراءۃ الادب ۴۰

۱٤٦٤۔ **عن** عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: مَنْ حَجَّ حَجَّةَ الْإِسْلَامِ وَزَارَ قَبْرِی، وَغَزٰی غَزْوَةً وَصَلّٰی فِی بَیْتِ الْمُقَدَّسِ لَمْ یَسْئَلِ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ فِیْمَا افْتَرَضَ عَلَیْهِ۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو حجۃ الاسلام بجالائے اور میری قبر کی زیارت سے مشرف ہو۔ اور جو ایک جہاد کرے اور بیت المقدس میں نماز پڑھے اللہ تعالیٰ اس سے فرائض کا حساب نہ لے۔

۱٤٦٥۔ **عن** عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: تَابِعُوا بَیْنَ الْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ، فَإِنَّهُمَا یَنْفِیَانِ الْفَقْرَ وَالذُّنُوْبَ كَمَا یَنْفِی الْكِیْرُ خُبْثَ الْحَدِیْدِ وَالذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ، وَلَیْسَ لِلْحَجَّةِ الْمَبْرُوْرَةِ ثَوَابٌ إِلَّا الْجَنَّةَ۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: حج اور عمرہ دونوں ادا کرو کہ دونوں محتاجی اور گناہوں کو دور کرنے والے ہیں جیسے بھٹی لوہے، سونے اور چاندی کے میل کو صاف کر دیتی ہے۔ اور حج مقبول کا ثواب تو جنت ہی ہے۔ ۱۲م

۱٤٦٦۔ **عن** عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: اَلْحُجَّاجُ وَالْعُمَّارُ وَفْدُ اللّٰهِ " إِنْ سَأَلُوْهُ أُعْطُوْا، وَإِنْ دَعَوْا

۱٤٦٤۔ تنزیہ الشریعۃ لابن عراق، ۲/۱۷٥ ☆ السلسلۃ الضعیفۃ، ۲۰٤
تذکرۃ الموضوعات للفتنی، ۷۳
۱٤٦٥۔ السنن لابن ماجہ، باب فضل الحج و العمرۃ، ۱/۲۰۷
الجامع للترمذی، باب ما جاء فی ثواب الحج، ۱/۱۰۰
السنن للنسائی، فضل المتابعۃ بین الحج و العمرۃ، ۲/۲
۱٤٦٦۔ شعب الایمان للبیہقی، ۳/٤۷٥ ☆ کنز العمال للمتقی، ۱۱۸۱۷، ٥/۹

أجابهم ، وإن انفقوا أخلف لهم ۔ والذی نفس أبی القاسم بیده ، ما كبّر مكبّر علیٰ نشز ، ولا أهلّ مهلّ علیٰ شرف من الأشراف إلا أهلّ ما بین یدیه و كبّر حتی ینقطع به منقطع التراب ۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: حج اور عمرہ کرنے والے اللہ تعالیٰ کے حضور حاضری سے مشرف ہونے والے ہیں۔اگروہ اللہ تعالیٰ سے کچھ مانگتے ہیں تو انکو عطا کیا جاتا ہے،اور جودعا کرتے ہیں قبول ہوتی ہے۔اور کچھ خرچ کریں تو وہ انکے لئے توشۂ آخرت بنادیا جاتا ہے۔قسم اس ذات اقدس کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے کہ جس شخص نے کسی بلند مقام پر کھڑے ہوکر اللہ اکبر،اور 'لا الہ الااللہ ' پڑھاتواس نے اللہ تعالیٰ کے حضور ہی پڑھا۔۱۲م

۱۴۶۷۔ عن أم المؤمنین عائشة الصدیقة رضی الله تعالیٰ عنها قالت : قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : إن الملآئكة لتصافح ركاب الحجاج ، وتعتنق المشاة ۔

ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: بیشک فرشتے سواری پر حج کیلئے جانے والوں سے مصافحہ کرتے ہیں اور پیدل چل کر جانے والوں سے معانقہ۔۱۲م

۱۴۶۸۔ عن أبی هریرة رضی الله تعالیٰ عنه قال : قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : أجر الغازی ، والحاجّ ، والمعتمر إلیٰ یوم القیامة ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: جوشخص حج یا عمرہ یا جہاد کے ارادہ سے نکلا اور پھر راستہ میں انتقال کرگیا،اسے مجاہد،حاجی اورعمرہ کرنے والے کی طرح قیامت تک ثواب ملتا رہیگا۔۱۲م

۱۴۶۹۔ عن أم المؤمنین عائشة الصدیقة رضی الله تعالیٰ عنها قالت : قال

۱۴۶۷۔ شعب الایمان، للبیهقی، باب فی المناسك، ۳/۴۷۴
۱۴۶۸۔ شعب الایمان، للبیهقی، باب فی المناسك، ۳/۴۷۴
۱۴۶۹۔ شعب الایمان، للبیهقی، باب فی المناسك، ۳/۴۷۴

رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : مَنْ مَاتَ فِي طَرِيقِ مَكَّةَ لَمْ يَعْرِضْهُ اللهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَلَمْ يُحَاسِبْهُ ۔

ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا : جو حج کے ارادے سے آنے والا مکہ معظمہ کے راستہ میں انتقال کر جائے قیامت کے دن اللہ تعالیٰ اس سے نہ مواخذہ فرمائے اور نہ حساب لے۔۱۲م

۱٤۷۰ ـ **عن** أبی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه قال : قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : مَنْ حَجَّ هٰذَاالْبَيْتَ فَلَمْ يَرْفُثْ وَلَمْ يَفْسُقْ رَجَعَ كَمَا وَلَدَتْهُ أُمُّهُ ۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو بیت اللہ شریف کے حج کیلئے نکلا پھر فحش گوئی و بدکاری میں مبتلا نہ ہوا تو گناہوں سے ایسا پاک ہوگیا جیسا ماں کے پیٹ سے پیدا ہوا تھا۔۱۲م

۱٤۷۱ ـ **عن** عبد الله بن عمر رضی الله تعالیٰ عنهما قال : قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : مَا يَرْفَعُ إِبِلُ الْحَاجِّ رِجْلًا وَلَا يَضَعُ يَدًا إِلَّا كَتَبَ اللّٰهُ لَهُ بِهَا حَسَنَةً أَوْ مَحَا عَنْهُ سَيِّئَةً أَوْرَفَعَ بِهَا دَرَجَةً ۔

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: حج کو جانے والے لوگوں کی سواریوں کے ہر قدم پر ایک نیکی لکھی جاتی ہے۔ایک گناہ مٹایا جاتا ہے۔اور ایک درجہ بلند کیا جاتا ہے۔۱۲م

۱٤۷۲ ـ **عن** بريدة رضی الله تعالیٰ عنه قال : قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : اَلنَّفَقَةُ فِي الْحَجِّ كَالنَّفَقَةِ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ مِاَةَ ضِعْفٍ أَوْ سَبْعَ مِاَةِ ضِعْفٍ

حضرت بریدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: حج کو جانے کیلئے مال کو خرچ کرنا اللہ تعالیٰ کی راہ میں مال خرچ کرنے کی طرح ہے کہ سو گنا ثواب ملتا ہے۔یا سات سو گنا۔۱۲م

۱٤۷۰ ـ السنن للنسائی، فضل الحج، ۲/۲

۱٤۷۱ ـ شعب الایمان للبیهقی، فضل الحج و العمرة، ۴۷/۳

۱۴۷۳۔ عن أبي هريرة رضي الله تعالىٰ عنه قال : سئل رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم اى العمل افضل ؟ قال: اَلْاِيْمَانُ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ، قيل : ثم ماذا ؟ قال: اَلْجِهَادُ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ ، قيل : ثم ماذا ؟ قال : حَجٌّ مَّبْرُوْرٌ ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے پوچھا گیا کہ کونسا عمل زیادہ فضیلت والا ہے؟ فرمایا: اللہ اور اسکے رسول پر ایمان لانا، عرض کیا گیا: پھر کونسا؟ فرمایا: اللہ تعالیٰ کے راستہ میں جہاد، عرض کیا گیا: پھر کونسا؟ فرمایا: حج مقبول۔۱۲م

۱۴۷۴۔ عن أبي هريرة رضي الله تعالىٰ عنه قال : قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم : اَلْعُمْرَةُ اِلَى الْعُمْرَةِ كَفَّارَةٌ لِمَا بَيْنَهُمَا ، وَالْحَجُّ الْمَبْرُوْرُ لَيْسَ لَهٗ جَزَآءٌ اِلَّا الْجَنَّةَ ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ایک عمرہ دوسرے عمرہ تک کفارہ ہے بیچ کے گناہوں کا، اور حج مبرور کی جزا جنت ہی ہے۔۱۲م

۱۴۷۵۔ عن أبي هريرة رضي الله تعالىٰ عنه قال : قال رسول الله صلى الله تعالىٰ

۱۴۷۲۔ شعب الايمان للبيهقي، ۴۸۱/۳ ☆ السنن الكبرى للبيهقي، ۳۳۲/۴
المسند لاحمد بن حنبل، ۳۰۵/۵ ☆ مجمع الزوائد للهيثمي، ۲۰۸/۳
الترغيب و الترهيب للمنذرى، ۱۸۰/۲ ☆ اتحاف السادة للزبيدى، ۴۳۴/۴
الدر المنثور للسيوطى، ۲۳۷/۱ ☆
۱۴۷۳۔ الجامع الصحيح للبخارى، باب فضل المبرور، ۲۰۶/۱
الصحيح لمسلم، باب فضل الحج و العمرة ۴۳۶/۱
السنن للنسائى، باب فضل الحج و العمرة، ۲/۲
المسند لاحمد بن حنبل، ۲۶۴/۲ ☆ الصحيح لابى عوانة ۶۲/۱
فتح البارى للعسقلانى، ۷۷/۱ ☆ الترغيب و الترهيب للمنذرى، ۱۶۲/۲
۱۴۷۴۔ السنن للنسائى، فضل العمرة، ۲/۲
السنن الكبرى للبيهقى، ۳۴۳/۳ ☆ مجمع الزوائد للهيثمى، ۲۷۸/۳
۱۴۷۵۔ السنن للنسائى، فضل الحج، ۲/۲ ☆
المسند لاحمد بن حنبل، ۴۲۱/۲ ☆ السنن الكبرى للبيهقى، ۳۵۰/۴
مجمع الزوائد للهيثمى، ۲۰۶/۳ ☆ الدر المنثور للسيوطى، ۱۶۴/۱
السنن لابن المنصور، ۲۳۴۴ ☆ كنز العمال للمتقى، ۱۱۷۹۷، ۶/۵

علیه وسلم : جِهَادُ الْكَبِيْرِ وَالصَّغِيْرِ وَالضَّعِيْفِ وَالْمَرْأَةِ الْحَجُّ وَالْعُمْرَةُ ـ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بوڑھے اور بچے، کمزور اور عورت کا جہاد حج وعمرہ ہیں۔

۱۴۷۶۔ **عن** جابر بن عبد الله رضی الله تعالیٰ عنهما قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: اَلْحَجُّ الْمَبْرُوْرُ لَيْسَ لَهُ جَزَآءٌ اِلَّا الْجَنَّةَ، قیل: یا رسول الله! ما بر الحج؟ قال: طِيْبُ الْكَلَامِ وَاِطْعَامُ الطَّعَامِ وَاِفْشَآءُ السَّلَامِ ـ

حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: حج مبرور کی جزا جنت ہی ہے۔ عرض کیا گیا: یارسول اللہ! حج مبرور کیا ہے؟ فرمایا: نیک بات کہنا، لوگوں کو کھانا کھلانا، اور سلام کو رواج دینا۔ ۱۲م

۱۴۷۷۔ **عن** زید بن خالد الجهنی رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: مَنْ جَهَّزَ حَاجًّا اَوْ جَهَّزَ غَازِيًا اَوْ خَلَفَهٗ فِيْ اَهْلِهٖ اَوْ فَطَّرَ صَائِمًا فَلَهٗ مِثْلُ اَجْرِهٖ مِنْ غَيْرِ اَنْ يُّنْقَصَ مِنْ اَجْرِهٖ شَيْءٌ ـ

حضرت زید بن خالد جہنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے حاجی کو اور مجاہد کو زادراہ دیا، یا انکے پیچھے انکے گھر والوں کی مدد کی۔ یا روزہ دار کو افطار کرایا تو اسکو انکے برابر ثواب ملے اور انکے ثواب میں کوئی کمی نہ ہو۔ ۱۲م

۱۴۷۸۔ **عن** أبی هریرة رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: اَللّٰهُمَّ! اغْفِرْ لِلْحَاجِّ وَلِمَنِ اسْتَغْفَرَ لَهُ الْحَاجُّ ـ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

۱۴۷۶۔ شعب الایمان، ۳/۴۸۰ ☆ المسند لاحمد بن حنبل، ۲/۲۴۶
مجمع الزوائد للہیثمی، ۳/۲۰۷ ☆ الترغیب و الترہیب للمنذری، ۲/۱۶۳
۱۴۷۷۔ شعب الایمان للبیہقی، ۳/۴۸۰ ☆ کنز العمال للمتقی، ۱۰۷۱۲، ۴/۳۱۲
المعجم الکبیر للطبرانی، ۵/۲۹۶ ☆ المسند لاحمد بن حنبل، ۵/۲۳۴
مجمع الزوائد للہیثمی، ۵/۲۸۳ ☆ السنن الکبری للبیہقی، ۴/۲۴۰
۱۴۷۸۔ السنن الکبری للبیہقی، ۵/۲۶۱ ☆ المستدرک للحاکم، ۱/۴۴۱
کشف الخفاء للعجلونی، ۱/۳۱۳ ☆ کنز العمال للمتقی، ۱۲۳۸۳، ۵/۱۳۹
جمع الجوامع للسیوطی، ۹۶۸۰ ☆ المعجم الکبیر للطبرانی، ۲/۱۱۴
نصب الرایة للزیلعی، ۳/۸۴ ☆ اتحاف السادة للزبیدی، ۴/۲۷۵
الترغیب والترہیب للمنذری، ۲/۱۶۷ ☆ الدر المنثور للسیوطی، ۱/۲۱۰

نے ارشاد فرمایا: اے اللہ! حاجی کی مغفرت فرما، اور اس شخص کی جس کیلئے حاجی مغفرت کی دعا کرے۔ ۱۲م

النیرۃ الوضیہ ۳۱

(۳) حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اعلان حج فرمایا

١٤٧٩۔ **عن** سعيد بن المسيب رضى الله تعالىٰ عنه قال : قال على بن ابى طالب كرم الله تعالىٰ وجهه الكريم : لما فرغ إبراهيم عليه الصلاة والسلام من بنائه بعث الله تعالىٰ جبرئيل عليه السلام فحج به حتى اذا رأى عرفة قال : قد عرفت ، وكان اتاها قبل ذلك مرة ، فلذلك سميت عرفة ، حتى اذا كان يوم النحر عرض له الشيطان ، فقال : أخصب ! فحصبه بسبع حصيات ، ثم اليوم الثاني فالثالث ، فلذلك كان رمى الجمار ، قال: أعل على ثبير ! فعلاه فنادى : ياعباد الله ! اجيبوا الله ، ياعباد الله ! اطيعوا الله ، فسمع من تحت الابحر السبع ۔

حضرت سعید بن مسیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ امیر المؤمنین حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم نے فرمایا: جب حضرت ابراہیم علیہ الصلوۃ والسلام کعبہ کی بنا سے فارغ ہوئے۔ تو اللہ تبارک تعالیٰ نے حضرت جبرئیل امین علیہ الصلوۃ والسلام کو بھیجا۔ انہوں نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو حج کرایا۔ آپ نے عرفات کو دیکھ کر فرمایا: میں اس میدان کو پہچان گیا۔ آپ اس سے قبل بھی ایک مرتبہ یہاں تشریف لائے تھے۔ اس وجہ سے اسکا نام عرفات پڑا۔ یوم النحر کو شیطان نے آپ سے تعرض کیا۔ تو حضرت جبرئیل امین علیہ السلام نے کہا۔ آپ اسکو سات کنکریاں ماریں۔ آپ نے ابلیس کو سنگسار کیا۔ پھر دوسرے اور تیسرے دن بھی ایسا ہی ہوا۔ اسی لئے حج میں رمی جمار شروع ہوئی۔ حضرت جبرئیل امین نے فرمایا: کوہ ثبیر پر چڑھو۔ حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ الصلوۃ والسلام نے ثبیر کی پہاڑی پر چڑھ کر اعلان حج فرمایا: اے بندگان خدا! اللہ تعالیٰ کی پکار کا جواب دو، اے بندگان خدا! اللہ تعالیٰ کی اطاعت کرو۔ تو انکا یہ اعلان سات سمندروں کی تہ سے سنا گیا۔ ۱۲م

﴿۱﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

یہ سند ہمارے اصول پر صحیح ہے۔ اور یہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ہی فرمان ہے۔ کیونکہ معاملہ قیاسی نہیں بلکہ سماعی ہے۔ اور حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم چونکہ اہل

١٤٧٩۔ المصنف لعبد الرزاق، باب بنيان الكعبة، ٩٦/٥

کتاب کی روایت قبول نہیں کرتے تھے۔اس لئے لامحالہ انہوں نے یہ بات رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے سنکر ہی فرمائی۔تو اس روایت سے یہ ثابت ہوا کہ اعلان حج منیٰ شریف کے پہاڑ سے ہوا۔اس سے معلوم ہو کہ اعلان حج جو مثل اذان ہے خارج مسجد حرام ہوا۔داخل مسجد نہیں۔لیکن بعض وہابیہ کا قول اس طرح ہے۔کہ قرآن کریم نے ارشاد فرمایا:

واذن فی الناس بالحج۔اے ابراہیم! لوگوں میں حج کا اعلان کرو۔سنن سعید بن منصور اور دوسرے محدثین نے حضرت مجاہد سے روایت کی۔جب حضرت ابراہیم علیہ الصلوۃ والسلام کو حج کے اعلان کرنے کا حکم ہوا۔تو آپ نے مقام ابراہیم پر کھڑے ہو کر بلند آواز سے فرمایا (جسے مشرق ومغرب کے سبھی لوگوں نے سنا) کہ اے لوگو! اپنے رب کا جواب دو۔

حضرت مجاہد نے فرمایا:

جب حضرت ابراہیم علیہ السلام مقام ابراہیم پر اعلان کیلئے کھڑے ہوئے تو انہیں لیکر بلند ہونے لگا۔یہاں تک کہ زمین کے تمام پہاڑوں سے بلند ہو گیا۔آپ نے اس بلندی سے لوگوں میں اعلان کیا۔جو سات سمندروں کی تہ سے بھی سنا گیا۔

ابن جریر نے حضرت مجاہد سے روایت کی۔اور انہوں نے حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے مقام ابراہیم پر کھڑے ہو کر پکارا۔اے لوگو! اللہ تعالیٰ نے تم پر حج فرض کیا۔تو باپوں کی پشت سے اور ماؤں کے شکم سے لوگوں نے انکی آواز سنی۔

مستدلین کا دعوی یہ ہے۔کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے اعلان کے وقت وہ پتھر مطاف کے اندر دیوار کعبہ کے قریب تھا۔دلیل اسکی یہ ہے کہ ملا علی قاری نے شرح لباب میں فرمایا۔

بحر میں کہا گیا ہے کہ علماء نے اس بات کو ترجیح دی ہے کہ مقام ابراہیم عہد رسالت میں کعبہ شریف سے بالکل متصل تھا۔ابن جماعہ نے اسی کو صحیح کہا ہے۔

اور ازرقی نے روایت کی۔کہ مقام ابراہیم جہاں آج ہے وہیں جاہلیت اور عہد رسالت،اور زمانۂ ابوبکر وعمر رضوان اللہ تعالیٰ علیہما میں تھا۔اور ظاہر یہ ہی ہے کہ بیت اللہ شریف کے متصل ہی تھا۔پھر بعد میں کسی حکمت کی وجہ سے موجودہ مقام تک کھسکایا گیا۔حکمت یہ تھی

حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اسی پر کھڑے ہو کر کعبہ شریف کی تعمیر کی تھی۔ تو وہ اسی حال پر دیوار کعبہ کے پاس وہیں پڑا رہا۔ ایسا ہی تاریخ قطبی اور بقیہ کتب میں تحریر ہے۔

کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام دیواریں چنتے تھے اور حضرت اسماعیل علیہ السلام پتھر اٹھا اٹھا کر لاتے تھے۔ جب دیواریں بلند ہو گئیں تو مقام ابراہیم اسی کے قریب لایا گیا اور آپ اس پر کھڑے ہو کر دیواریں چنتے تھے۔

اس سے ثابت ہوا کہ اعلان حج کے وقت وہ پتھر وہیں پڑا رہا۔ بعد میں کسی مصلحت سے کچھ دور کھسکا دیا گیا۔

اور اگر یہ بھی مان لیا جائے کہ عہد کریم سے ہی وہ موجودہ مقام پر ہے تب بھی ہمارا دعوی (اذان ثانی اندر ہونا) ثابت ہے۔ کہ موجودہ جگہ بھی مطاف میں ہی ہے۔ اس لئے کہ مطاف وہ جگہ ہے جہاں سنگ مرمر بچھا ہوا ہے۔ اور مقام ابراہیم اسی میں ہے۔ تو ثابت ہوا کہ اذان داخل مسجد مطلقا جائز ہے۔ اس میں نہ کوئی کراہت اور نہ کوئی بدعت۔ یہ تو حضرت ابراہیم علیہ السلام کی سنت ہے۔

جواب۔ اسکا یہ ہے کہ یہ استدلال ہذیان سے بھی آگے ہے۔ اور پاگلوں۔ بیوقوفوں اور بچوں کیلئے بھی قابل رشک ہے۔

اولاً۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے عہد مبارک اور زمانہ جاہلیت میں مقام ابراہیم کے دیوار کعبہ کے متصل ہونے سے یہ لازم نہیں کہ عہد خلیل علیہ السلام میں بھی وہیں رہا ہو۔ اور موجودہ حالت پر قیاس کر کے ایک ادھر ادھر منتقل ہونے والی چیز پر ماضی کا حکم لگانا جائز نہیں۔ اور ایسے قیاس سے کوئی یقینی بات ثابت نہیں ہوتی۔ اسی لئے تو اسکی تعبیر ظاہر اور اظہر سے کی ہے۔ اور ظاہر دلیل پکڑنے والے کیلئے مفید نہیں۔ اس سے معترض کو فائدہ پہونچتا ہے۔ اور آپ مستدل ہیں۔

ثانیاً۔ قطبی کی روایت سے یہ پتہ چلتا ہے کہ مقام ابراہیم کا ٹھکانا کہیں اور تھا۔ تعمیر کی ضرورت سے دیوار کعبہ کے پاس لایا گیا۔ اور عادت یہ ہے کہ جو چیز ضرورۃً کہیں رکھی جاتی ہے وہ ضرورت پوری ہونے کے بعد وہاں سے علیحدہ کر دی جاتی ہے۔ خود حرم شریف میں یہ دستور دیکھا گیا کہ دخول عام کے دن سیڑھیاں اور منبر لا کر لگا دیے جاتے ہیں۔ پھر علیحدہ کر لئے

جاتے ہیں۔اور انکے اصل مقام پر انہیں لوٹا دیا جاتا ہے۔

ثالثاً۔ تاریخ قطبی میں اسکا کوئی ذکر نہیں کہ وہ پتھر عہد ابراہیم علیہ السلام سے اس مقام پر قائم ہے۔پھر اس روایت کو سند میں ذکر کرنا جہالت ہے۔

رابعاً۔ اور اگر یہ مان بھی لیا جائے کہ حضرت خلیل علیہ السلام کے زمانہ میں وہ پتھر دیوار کے قریب تھا تب بھی یہ گمان کرنا کہ اعلان بھی اسی مقام سے کیا گیا۔زعم باطل ہے۔جسکی کوئی دلیل نہیں۔زیادہ سے زیادہ یہ ہی کہا جاسکتا ہے کہ اس پتھر کے وہاں سے منتقل ہونے کی کوئی روایت نہیں۔اور اگر یہ کہا جائے کہ ظاہر یہ ہی ہے کہ منتقل ہوا۔تو ہم بتا چکے ہیں یہ استصحاب ہے جس سے مستدل کو فائدہ نہیں پہونچتا۔

خامساً۔ اس امر کی روایت ہے کہ مقام ابراہیم اعلان حج کے وقت موجودہ مقام پر موجود نہیں تھا۔جس سے تمام اوہام کا خاتمہ ہوجاتا ہے۔

ازرقی نے ہی حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی کہ۔

میں نے حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مقام ابراہیم میں پڑے ہوئے نشان کے بارے میں سوال کیا۔تو انھوں نے فرمایا: جب حضرت ابراہیم علیہ السلام کو اعلان حج کا حکم دیا گیا تو آپ نے اسی پتھر پر کھڑے ہوکر اعلان فرمایا: اعلان سے فارغ ہوئے تو حکم دیا کہ اس پتھر کو لیجا کر کعبہ کے دروازہ کے سامنے رکھا جائے۔اور آپ اس پتھر کی طرف رخ کرکے نماز پڑھتے تھے۔

سادساً۔ اس شبہ کو جڑ بنیاد سے اس طرح ختم کیا جاسکتا ہے کہ حضرت خلیل علیہ السلام کے اعلان حج کے وقت مقام ابراہیم پر کھڑے ہونے کی روایت اسرائیلی ہے۔اور حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما بنی اسرائیل کی روایت قبول فرماتے تھے۔جیسا کہ اس روایت میں انہوں نے کہا۔

ابن ابی حاتم ربیع بن انس سے روایت کرتے ہیں۔کہ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے اہل کتاب سے روایت کیا کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنے رب سے دعا کی۔

یہ حضرت موسیٰ وخضر علیہما السلام کے قصہ میں ہے۔مندرجہ ذیل روایت کو بھی ابن ابی شیبہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے ہی ثابت رکھا ہے۔کہ میں نے حضرت کعب

احبار رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے سدرۃ المنتہی کے بارے میں پوچھا۔ تو انہوں نے کہا: انتہائی حد پر ایک بیری کا درخت ہے جہاں تک فرشتوں کا علم پہونچتا ہے۔ اور میں نے ان سے جنۃ الماوی کے بارے میں پوچھا۔ تو انہوں نے فرمایا: ایسا باغ جس میں شہداء کی روحیں سبز پرندوں کے جسم میں رہکر سیر کرتی ہیں۔

ابن جریر نے ثمر سے روایت کی۔ کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضرت کعب کے پاس آئے اور سدرۃ المنتہی کے بارے میں پوچھا۔

القصہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ اسرائیلی روایت قبول کرتے تھے۔ اور یہ روایت بھی اسرائیلی ہے۔ کہ مقام ابراہیم سے حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اعلان حج فرمایا۔ لہٰذا معتمد وہی حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم کی روایت ہے کہ اعلان حج جبل ثبیر سے فرمایا

پھر یہ کہ دونوں روایتوں میں کوئی ایسا تعارض بھی نہیں۔ کیونکہ جبل ثبیر بھی حدود حرم کے اندر ہی ہے۔ چنانچہ عبد بن حمید اور ابن ابی حاتم نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی۔ کہ سارا حرم مقام ابراہیم ہے۔ بلکہ حضرت ابن عباس سے تو یہ بھی مروی ہے۔ کہ مقام ابراہیم پورا حج ہے۔

سابعاً۔ اعلان حج کے مقام میں حضرت ابن عباس سے روایتیں مضطرب ہیں۔ بعض میں تو یہی مقام ابراہیم ہے۔ اور بعض میں یہ ہے کہ جبل ابوقبیس پر اعلان حج ہوا۔

چنانچہ عبد بن حمید نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی۔ کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام جبل ابوقبیس پر چڑھے اور کہا: اللہ اکبر، اللہ اکبر، اشھد ان لا الہ الا اللہ، اشھد ان ابراھیم رسول اللہ،

اے لوگو! مجھے اللہ تعالیٰ نے حکم دیا ہے کہ میں لوگوں میں حج کا اعلان کروں۔ تو تم لوگ اللہ تعالیٰ کی پکار کا جواب دو۔

اور بعض روایتوں میں جبل ابوقبیس کے بجائے کوہ صفا کا ذکر ہے۔ ابن حمید کی یہ روایت امام مجاہد سے اس طرح مروی ہے۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام کو حکم دیا گیا۔ کہ مقام صفا پر لوگوں کو حج کا اعلان کریں۔ آپ نے ایسی آواز سے پکارا کہ مشرق ومغرب کے لوگوں نے سنا۔ اعلان کے الفاظ یہ تھے۔

اے لوگو! اپنے رب کی پکار کا جواب دو۔

ابو حاتم اور ابن منذر نے عطا سے روایت کی۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام کوہ صفا پر چڑھے اور پکارا۔ اے لوگو! اپنے رب کا جواب دو۔

یہ معلوم ہے کہ حضرت مجاہد کی روایت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے ہی ہے۔ تو اس روایت میں تین اضطراب ہوئے۔ ورنہ دو ہونے میں تو شبہ ہی نہیں۔

پس اس اعتبار سے بھی امیر المؤمنین حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم کی روایت راجح اور اولیٰ بالاخذ ہے۔ اسی لئے قطبی نے اپنی تاریخ میں امیر المؤمنین کی روایت پر ہی اعتماد کیا اور دوسری روایتوں کی طرف توجہ نہیں کی۔

ثامناً۔ ساری بحث ومباحثہ کے بعد اعلان حج اگر مسجد حرام میں ہونا ثابت بھی ہو تو یہ گذشتہ شریعت کا ایک فعل ہوگا۔ اور گذشتہ شرائع کے احکام ہمارے لئے دلیل نہیں۔ جب تک قرآن وحدیث میں اسکا بیان بلا انکار نہ ہو۔ چنانچہ اصول امام بزدوی، منار، اور فن اصول کے بقیہ تمام متون وشروح میں اسکی تنصیص ہے۔ امام نسفی رحمہ اللہ تعالیٰ علیہ نے کشف الاسرار میں فرمایا:

ہم نے اس میں یہ شرط لگائی کہ اللہ ورسول بے انکار اسکا بیان فرمائیں۔ اہل کتاب کے قول کا کوئی اعتبار نہیں۔ اور جو انکی کتاب سے ثابت ہو اسکا بھی۔ کہ ان لوگوں نے آسمانی کتابوں میں تحریف کردی۔

اسی طرح اہل کتاب اسلام لانے والوں کی بات کا بھی بھروسہ نہیں۔ کہ ان لوگوں نے انہیں محرف کتابوں میں دیکھا ہوگا۔ یا انہیں کی جماعت سے سنا ہوگا۔

بحر العلوم حضرت علامہ عبد العلی رحمۃ اللہ تعالیٰ عنہ نے فواتح رحموت میں فرمایا۔

خیال ہوسکتا ہے کہ حضرت عبد اللہ بن سلام رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بات پر اعتماد ہونا چاہیئے۔ کہ وہ تو بلا شبہ سچے تھے۔ اور انکی بات میں جھوٹ کا احتمال نہیں۔ لیکن اسکا جواب یہ ہے کہ انہوں نے تو اسی محرف کو کلام الٰہی سمجھ کر سیکھا ہوگا۔ کیونکہ تحریف تو انکے پیدا ہونے سے پہلے ہی ہو چکی تھی۔

اور اعلان حج کی یہ روایت ایسی ہی ہے۔ کہ نہ تو قرآن عظیم میں اسکا بیان ہے، اور نہ کسی حدیث میں ہی اسکا تذکرہ ہے۔ تو سرے سے اس حدیث سے استدلال ہی غلط ہے۔ یہ بھی اس صورت میں کہ مخالفین کا دعوی جوں کا توں تسلیم کرلیا جائے۔ ورنہ تفصیل گذر چکی کہ مسجد حرام کے اندر اعلان حج کا تذکرہ نہ کسی مسلمان سے مروی، اور نہ کتابی سے، اور نہ کافر سے، اندرون مسجد کی بات تو صرف ان وہابی صاحب کی ہے۔ تو وہ اپنے اس دعوی میں اپنی خواہش نفس سے ہی استدلال کرتے ہیں۔

تاسعاً۔ قابل تعجب بات تو یہ ہے کہ کہا گیا۔ "مقام ابراہیم اب بھی مطاف کے اندر ہے یہ تو مشاہدہ کے خلاف ہے جسکی شہادت ہر حاجی دے سکتا ہے۔ (امام احمد رضا قدس سرہ اپنے زمانہ کی بات کررہے ہیں ورنہ اس زمانہ میں مقام ابراہیم مطاف کشادہ کرنے کی وجہ سے مطاف کے اندر آگیا ہے۔)

عاشراً۔ اس سے زیادہ حیرتناک یہ انکشاف ہے کہ جہاں تک سنگ مرمر بچھا ہے سب مطاف ہے۔ جہاں تک عہد رسالت میں مسجد تھی۔

تو زمزم شریف کا اردگرد بھی عہد رسالت کی مسجد میں شامل ہوگیا کہ وہاں بھی سنگ مرمر بچھا ہے۔ اور اگر کسی بادشاہ نے پوری مسجد حرام میں سنگ مرمر بچھادیا تو وہ بھی عہد رسالت کی مسجد حرام ہوگئی۔ حالانکہ مطاف تو سنگ مرمر کا گول دائرہ ہے جو کعبہ مکرمہ کے گرداگرد ہے۔ اور جس کے کنارہ پر باب السلام ہے۔ اور بلاشبہ مقام ابراہیم کا قبہ اس سے باہر ہے۔ اہل مکہ ایسے کم عقل تو نہ تھے کہ نفس مطاف میں قبہ بناتے اور لوگوں پر مطاف کو تنگ کرتے۔

شمائم العنبر، شامہ رابعہ ص۱۸

عربی سے ترجمہ از:۔ بحرالعلوم حضرت مفتی عبدالمنان صاحب قبلہ مدظلہ،

(۴) حج بیت اللہ کی برکت

۱۴۸۰۔ **عن** صفوان بن سلیم رضی اللہ تعالیٰ عنہ مرسلاً قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: حُجُّوْا تَسْتَغْنُوْا۔ فتاوی رضویہ ۲/۶۶۰

۱۴۸۰۔ المصنف لعبد الرزاق، ۸۸۱۹، باب فضل الحج، ۱۱/۵
تلخیص الحبیر لابن حجر، ۱۱۶/۲ ☆ کنز العمال للمتقی، ۱۱۸۲۲
الجامع الصغیر للسیوطی، ۲۲۴/۱ ☆

حضرت صفوان بن سلیم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: حج کرو غنی ہو جاؤ گے۔

(۵) حج نفل

۱۴۸۱۔ **عن** أبی واقد اللیثی رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: ان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قال لأزواجہ فی حجۃ الوداع: هٰذِهِ ثُمَّ ظُهُورُ الْحُصُرِ۔

حضرت ابو واقد لیثی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حجۃ الوداع کے موقع پر ازواج مطہرات رضی اللہ تعالیٰ عنہن سے ارشاد فرمایا: جو حج ضروری تھا وہ تو ہولیا۔ آگے چٹائیوں کی نشست۔

فتاوی افریقہ ۱۱۰

(۶) حج بدل

۱۴۸۲۔ **عن** عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال: ان امرأۃ من الجھینۃ جاء ت الی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قالت: ان امی نذرت ان تحج فماتت قبل ان تحج، افا حج عنها؟ قال: نَعَمْ، حُجِّي عَنْهَا! أَرَأَيْتِ إِنْ كَانَ عَلَىٰ أُمِّكِ دَيْنٌ، أَكُنْتِ قَاضِيَةً؟ قالت: نعم، قال: اِقْضِي اللّٰهَ الَّذِي هُوَ لَهُ، فَإِنَّ اللّٰهَ أَحَقُّ بِالْوَفَاءِ۔

حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ قبیلہ جہینہ سے ایک بی بی رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے خدمت اقدس حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں حاضر ہو کر عرض کی: یا رسول اللہ! میری ماں نے حج کرنے کی منت مانی تھی۔ وہ ادا نہ کر سکیں اور ان کا انتقال ہو گیا۔ کیا میں انکی طرف سے حج کرلوں؟ فرمایا: ہاں، انکی طرف سے حج کر! بھلا دیکھ تو! تیری ماں پر کوئی دین ہوتا تو تو ادا کرتی یا نہیں؟ بولی: کیوں نہیں، فرمایا: یونہی خدا کا دین ادا کرو کہ وہ زیادہ ادا کا حق رکھتا ہے۔

۱۴۸۱۔ السنن لابی داؤد، کتاب المناسک، ۲۴۱/۱

۱۴۸۲۔ الجامع للترمذی، ابواب الحج، ۱۱۲/۱

السنن الکبری للبیہقی، ۲۷۴/۶ ☆ شرح السنۃ للبغوی، ۲۱۱/۶

فتح الباری للعسقلانی، ۲۹۶/۱۳ ☆ مشکوۃ المصابیح للتبریزی، ۱۹۵۵

۱۴۸۳۔ **عن** زید بن ارقم رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال : قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم : إِذَا حَجَّ الرَّجُلُ عَنْ وَالِدَيْهِ تُقُبِّلَ مِنْهُ وَمِنْهُمَا، وَاسْتَبْشَرَتْ أَرْوَاحُهُمَا فِي السَّمَاءِ، وَكُتِبَ عِنْدَ اللّٰهِ بَرًّا۔

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب آدمی اپنے والدین کی طرف سے حج کرے، وہ اس حج کرنے والے اور ماں باپ تینوں کی طرف سے قبول کیا جائے۔ انکی روحیں خوش ہوں۔ اور یہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک ماں باپ کے ساتھ اچھا سلوک کرنے والا نیکوکار لکھا جائے۔

۱۴۸۴۔ **عن** أبی ھریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال : قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم : مَنْ حَجَّ عَنْ مَيِّتٍ فَلِلَّذِي حَجَّ عَنْهُ مِثْلُ أَجْرِهِ ۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے کسی میت کی طرف سے حج بدل کیا تو حج کرنے والے کو بھی اتنا ہی ثواب ملے گا۔۱۲م

۱۴۸۵۔ **عن** جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم : مَنْ حَجَّ عَنْ أَبِيهِ أَوْ عَنْ أُمِّهِ فَقَدْ قَضَى عَنْهُ حَجَّتَهُ وَكَانَ لَهُ فَضْلُ عَشْرِ حِجَجٍ ۔

حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے اپنے والد یا والدہ کی طرف سے حج کیا تو انکا حج ہوگیا اور اسکو دس حج کا ثواب ملا۔۱۲م

۱۴۸۶۔ **عن** زید بن ارقم رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال : قال رسول اللہ صلی

۱۴۸۳۔ کنز العمال للمتقی، ۴۵۴۵۷، ۱۶/۴۶۴ ☆ السنن للدار قطنی، ۲/۲۷۲
الجامع الصغیر للسیوطی، ۱/۴۰ ☆
۱۴۸۴۔ مجمع الزوائد للھیثمی، ۳/۸۲ ☆ کنز العمال للمتقی، ۱۲۳۴۱، ۵/۱۲۵
تاریخ بغداد للخطیب، ۱۱/۳۵۳ ☆
۱۴۸۵۔ السنن للدار قطنی، کتاب الحج، ۲/۲۷۲
کنز العمال للمتقی، ۴۵۴۸۴، ۱۶/۴۶۸ ☆ الجامع الصغیر للسیوطی، ۲/۵۲۳
۱۴۸۶۔ المعجم الکبیر للطبرانی، ۵/۲۲۶ ☆ مجمع الزوائد للھیثمی، ۳/۲۸۲
کنز العمال للمتقی، ۱۲۳۴۰، ۵/۱۲۵ ☆

اللہ تعالیٰ علیہ وسلم : مَنْ حَجَّ عَنْ أَبَوَيْهِ وَلَمْ يَحُجَّا أُجْزِئَ عَنْهُمَا وَبُشِّرَتْ أَرْوَاحُهُمَا فِي السَّمَآءِ وَكُتِبَ عِنْدَ اللّٰهِ بَرًّا ۔

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس کے ماں باپ بے حج کیئے مر گئے ہوں۔ یہ انکی طرف سے حج کرے گا تو وہ ان دونوں کا حج ہو جائے گا اور انکی روحوں کو آسمان میں خوش خبری دی جائے گی۔ یہ شخص ماں باپ کے ساتھ اللہ تعالیٰ کے نزدیک نیک سلوک کرنے والا لکھا جائے گا۔

﴿۲﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

ان احادیث نے گویا اس بات کی صراحت کردی کہ ہر ایک کو کامل ثواب ملیگا۔ ظاہر ہے کہ حج ایک عبادت واحد ہے جس کا بعض کافی نہیں۔ نہ وہ کل سے مغنی ہو بلکہ قابل اعتبار ہی نہیں۔ جیسے فجر کی دو رکعتوں سے ایک رکعت۔ یا صبح سے دو پہر تک کا روزہ۔ تو یہ حج کہ دونوں کی طرف سے کافی ہو ضرور ہے کہ ہر ایک کی طرف سے پورا حج واقع ہو۔ مگر فقہ میں مبین ومبرہن ہو لیا کہ یہ اجزاء بمعنی اسقاط فرض نہیں۔ تو لا جرم یہ ہی معنی مقصود کہ دونوں کو کامل حج کا ثواب ملیگا۔ فتاوی رضویہ ۴/۲۰۰

❁❁❁❁❁❁❁❁❁❁❁❁❁❁❁❁❁❁❁❁❁❁❁❁❁❁

۲۔ مناسک کی فضیلت

(۱) طواف کی فضیلت

۱۴۸۷۔ **عن** عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: مَنْ طَافَ بِالْبَيْتِ خَمْسِينَ مَرَّةً خَرَجَ مِنْ ذُنُوْبِهٖ كَيَوْمِ وَلَدَتْهُ اُمُّهٗ۔
جد الممتار ۲/۲۶۹

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے بیت اللہ شریف کا پچاس مرتبہ طواف کیا وہ اپنے گناہوں سے ایسا پاک ہوگیا جیسا وہ اپنی پیدائش کے دن تھا۔ ۱۲م

(۲) تلبیہ کے الفاظ

۱۴۸۸۔ **عن** عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال: قال رسول اللہ صلی تعالیٰ علیہ وسلم: لَبَّيْكَ، اَللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ، لَبَّيْكَ، لَاشَرِيْكَ لَكَ لَبَّيْكَ، اِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ، وَالْمُلْكَ لَاشَرِيْكَ لَكَ، وزاد ابن عمر۔ لبیک وسعدیک والخیر بیدیک والرغباء الیک والعمل۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دعائے تلبیہ میں یہ الفاظ کہے۔ اَللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ، لَبَّيْكَ، لَاشَرِيْكَ لَكَ لَبَّيْكَ، اِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ، وَالْمُلْكَ لَاشَرِيْكَ لَكَ، حضرت عبداللہ بن عمر اس میں ان الفاظ کا

۱۴۸۷۔ الجامع للترمذی، باب ما جاء فی فضل الطواف، ۱/۱۰۶
الترغیب والترھیب للمنذری، ۲/۱۹۳ ☆ کنز العمال للمتقی، ۱۱۹۹۹، ۵/۴۹
العلل المتناھیۃ لابن الجوزی، ۲/۸۳
۱۴۸۸۔ الصحیح لمسلم، باب التبلۃ وصفتھا ووقتھا، ۱/۳۷۵
الجامع لابی داؤد، باب کیف التلبیۃ ۱/۲۵۲
الجامع للترمذی، باب ما جاء فی التلبیۃ، ۱/۱۰۲
السنن للنسائی، کیف التلبۃ ۲/۱۳
السنن لابن ماجہ، باب التلبیۃ ۲/۲۰۹
المسند لاحمد بن حنبل، ۱/۳۰۲

اضافہ فرماتے۔لبیك وسعدیك والخیر بیدیك والرغباء الیك والعمل۔۱۲م

(۳) عرفات ومزدلفہ پیدل جانے کی فضیلت

۱۴۸۹۔ **عن** عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال : سمعت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یقول : مَنْ حَجَّ مِنْ مَكَّةَ مَاشِيًا حَتّٰى يَرْجِعَ إِلٰى مَكَّةَ، كَتَبَ اللّٰهُ لَهُ بِكُلِّ خُطْوَةٍ سَبْعَ مِاَةِ حَسَنَةٍ، كُلُّ حَسَنَةٍ مِثْلُ حَسَنَاتِ الْحَرَمِ، قیل : وماحسنات الحرم ؟ قال : بِكُلِّ حَسَنَةٍ مِاَةُ الْفِ حَسَنَةٍ ۔

حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے مکہ سے پیدل چل کر حج کیا تو مکہ مکرمہ واپس آنے تک ہر قدم پر سات سونیکیاں لکھی جاتی ہیں۔ اور ہر نیکی حرم کی نیکیوں کے برابر ہوتی ہے۔ عرض کیا گیا: حرم کی نیکیوں کی مقدار کیا ہے؟ فرمایا: ہر نیکی کے عوض ایک لاکھ نیکیاں ملتی ہیں۔

﴿۱﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

تو ہر قدم پر سات کرور نیکیاں لکھی جائینگی۔ کہ سات سو لاکھ میں ضرب دینے سے سات کرور ہوتے ہیں۔ پھر یہ کہ عرفات مکہ معظمہ سے نوکوس گنی جاتی ہے۔ آتے جاتے اٹھارہ کوس ہوئے۔ اور فقیر نے تجربہ کیا کہ عرفی کوس ایک میل اور ۳/۵ میل ہوتا ہے۔ تو تخمینا ۲۸ میل سمجھو۔ ہر میل کے چار ہزار قدم۔ ۲۸ کو چار ہزار میں ضرب دینے سے ایک لاکھ بارہ ہزار قدم ہوئے۔ انہیں سات کرور میں ضرب دیجئے تو اٹھتر کھرب چالیس ارب نیکیاں ہوتی ہیں۔ اور اگر عرفات مکہ معظمہ سے نومیل ہی رکھئے تو بہتر ہزار قدم ہوئے جن کی پچاس کھرب چالیس ارب نیکیاں۔ یہ کیا تھوڑی ہیں۔ اور اللہ کا فضل بہت بڑا ہے۔ النیرۃ الوضیہ ۳۷

(۴) عرفات ومزدلفہ میں نمازوں کا جمع کرنا

۱۴۹۰۔ **عن** عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال : کان رسول اللہ صلی

۱۴۸۹۔ السنن الکبری للبیہقی، ۳۳۱/۴ ☆ المستدرك للحاكم ۷۶۰/۱
المعجم الکبیر للطبرانی، ۱۰۵/۱۲ ☆ الصحیح لابن خزیمۃ، ۲۷۹۱
الترغیب والترہیب للمنذری، ۱۶۶/۲ ☆ اتحاف السادۃ للزبیدی، ۱۸۸/۴
الدر المنثور للسیوطی، ۳۵۵/۴ ☆ کنز العمال للمتقی، ۱۱۸۹۴، ۲۵/۵
۱۴۹۰۔ السنن للنسائی، باب الجمع بین الظہر وبعرفۃ، ۳۶/۲

الله تعالیٰ علیه وسلم یصلی الصلوۃ لوقتها الا بجمع وعرفات ۔

حاشیہ غنیۃ المستملی ۱۵۶

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نمازیں انکے وقتوں پر ادا فرماتے مگر مزدلفہ اور عرفات میں جمع فرماتے۔۱۲م

۱۴۹۱۔ **عن** عبداللہ بن عمر رضی الله تعالیٰ عنهما قال : ان رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم صلی المغرب والعشاء بالمزدلفه جمیعاً ، لم یناد فی واحدة منها الا باقامة ولم یسبح بینهما ولا علی اثر واحدة منهما ۔

حاشیہ فتح المغیث ۷

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مزدلفہ میں مغرب وعشاء کی نمازیں ایک ساتھ پڑھیں، ان میں سے ایک نماز کیلئے اذان نہیں پڑھی مگر اقامت دونوں کیلئے پڑھی گئی ۔ دونوں نمازوں کے درمیان کوئی نماز نہیں پڑھی اور نہ انکے بعد۔۱۲م

۱۴۹۱۔ شرح معانی الآثار للطحاوی، باب الجمع بین الصلوتین بجمع، ۱/۴۱۰

۳۔ زیارت روضۂ انور

(۱) زیارت روضۂ انور و بوسۂ تبرکات

۱۴۹۲۔ **عن** نافع رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: کان عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنھما یسلم علی القبر، رأیتہ مائۃ مرۃ او اکثر، یجیئ الی القبر فیقول: السلام علی النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم، والسلام علی ابی بکر، ثم ینصرف، ورئی واضعا یدہ علی مقعد النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم من المنبر، ثم وضعھما علی وجھہ

ابر لمقال ۳

حضرت نافع رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت عبد اللہ ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما روضۂ انور کے پاس حاضر ہوکر سلام عرض کرتے: میں نے انکا یہ طریقہ سیکڑوں بار دیکھا۔ روضۂ انور کے پاس حاضر ہوکر یوں سلام پیش کرتے۔ السلام علی النبی، صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ،اور السلام علی ابی بکر، رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔ پھر واپس جاتے۔ یہ بھی دیکھا گیا کہ آپ اپنے ہاتھوں کو حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے منبر اقدس پر حضور کے تشریف فرما ہونے کے مقام پر رکھتے اور اپنے چہرے پر پھیر لیتے۔۱۲م

(۲) روضۂ انور کی زیارت شفاعت کا اہم ذریعہ ہے

۱۴۹۳۔ **عن** عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنھما قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: مَنْ جَآءَنِی زَائِرًا لَا یَعْمَلُہٗ حَاجَۃٌ اِلَّا زِیَارَتِی کَانَ حَقًّا عَلَیَّ اَنْ اَکُوْنَ لَہٗ شَفِیْعًا یَوْمَ الْقِیَامَۃِ۔

الطرۃ الرضیہ ۲۶

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو خالص میری زیارت کیلئے حاضر ہوا اسکا مجھ پر حق ہے کہ میں قیامت کے دن اسکی شفاعت کروں۔۱۲م

۱۴۹۲۔ الشفا للقاضی عیاض، فصل فی حکم زیارۃ قبرہ ﷺ، ۷۰/۲

۱۴۹۳۔ المعجم الکبیر للطبرانی، ۲۹۱/۱۲ ☆ مجمع الزوائد للھیثمی، ۲/۴
اتحاف السادۃ للزبیدی، ۴۱۶/۴ ☆ الدر المنثور للسیوطی، ۲۳۷/۱
تاریخ اصفھان لابی نعیم، ۲۱۹/۲ ☆ کنز العمال للمتقی، ۳۴۹۲۸، ۲۵۶/۲

﴿۲﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

امام ابن ہمام فرماتے ہیں۔ میرے نزدیک افضل یہ ہے کہ سفر خاص بقصد زیارت کرے۔ یہاں تک کہ اسکے ساتھ مسجد شریف کا بھی ارادہ نہ ہو کہ اس میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تعظیم زیادہ ہے۔ جب حاضر ہوگا حاضری مسجد خود ہوجائیگی۔ یا اسکی نیت دوسرے سفر پر رکھے۔

نیز امام ابن السکن نے اشارہ فرمایا: کہ اس حدیث کی صحت پر ائمہ حدیث کا اجماع ہے

مواہب لدنیہ میں ہے۔

امام اجل، خاتمۃ الحفاظ والمحدثین، امام زین الدین عراقی، استاذ جلیل، جبل الحفظ، استاذ المحدثین، امام ابن حجر عسقلانی رحمہما اللہ تعالیٰ زیارت مزار پر انوار حضرت سیدنا ابراہیم خلیل اللہ علیہ الصلوۃ والسلام کو جاتے تھے۔ بعض حنبلی حضرات کے ہمراہ رکاب تھے۔ ایک حنبلی نے باتباع ابن تیمیہ کہ مدعی حنبلیت تھا یوں کہا: میں نے مسجد خلیل اللہ علیہ الصلوۃ والسلام میں نماز پڑھنے کی نیت کی۔ امام نے فرمایا: میں نے زیارت قبر حضرت سیدنا ابراہیم علیہ السلام کی نیت کی۔ پھر حنبلی سے فرمایا: تم نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی مخالفت کی۔ کہ حضور نے مساجد ثلاثہ کے سوا چوتھی مسجد میں نماز پڑھنے کیلئے سفر سے ممانعت فرمائی۔ اور میں نے حضور کا اتباع کیا۔ کہ حضور نے فرمایا: قبور کی زیارت کرو۔ کیا اسکے ساتھ کہیں یہ بھی فرمایا ہے۔ مگر قبور انبیا کی زیارت نہ کرو۔ حنبلی کو سوا حیرت کے کچھ بن نہ آیا۔

یہ واقعہ شیخ ولی الدین عراقی نے اپنے والد امام زین الدین عراقی سے نقل کیا۔ دیکھئے! خدا کی شان، جس حدیث سے یہ لوگ اپنے زعم میں مزارات کی طرف سفر کی ممانعت نکالتے ہیں۔ خدائے تعالیٰ نے اسی حدیث سے ان پر الزام قائم فرمایا۔ وللہ الحمد۔ الطرۃ الرضیہ ۲۸

۱۴۹۴۔ عن عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: سمعت رسول اللہ صلی

۱۴۹۴۔ السنن الکبری للبیہقی، ۲۴۵/۵ ☆ الترغیب و الترہیب للمنذری، ۲۲۴/۲
کنز العمال للمتقی، ۱۲۳۷۱، ۱۳۵/۵ ☆ الدر المنثور للسیوطی، ۲۳۷/۱
کشف الخفاء للعجلونی، ۳۴۶/۲ ☆ تنزیہ الشریعۃ ۲۷۲/۱
ارواء الغلیل للالبانی، ۳۳۳/۴ ☆ اللآلی المصنوعۃ للسیوطی، ۷۲/۲
تذکرۃ الموضوعات للفتنی، ۷۵ ☆ اتحاف السادۃ للزبیدی، ۴۱٦/۴

اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یقول : مَنْ زَارَ قَبْرِیْ ، اوقال : مَنْ زَارَنِیْ كُنْتُ لَهٗ شَفِيْعًا اَوْشَهِيْدًا، وَمَنْ مَّاتَ فِیْ اَحَدِ الْحَرَمَيْنِ بَعَثَهُ اللّٰهُ فِی الْآمِنِيْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ۔

المنیرۃ الوضیہ ۲۶

امیر المؤمنین حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے سنا: جس نے میری قبر کی زیارت کی ، یا فرمایا: جس نے میری زیارت کی میں اسکے لئے شفیع وگواہ ہونگا۔ اور جو حرمین شریفین زادہما اللہ شرفا وتعظیما میں سے کسی ایک میں انتقال کرے کل روز قیامت اللہ تعالیٰ اسکو امن والوں میں اٹھائے گا۔۱۲م

(۳) روضۂ انور کی زیارت گویا حضور کا دیدار پر انوار ہے

۱۴۹۵ ۔ **عن** عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال : قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: مَنْ حَجَّ فَزَارَ قَبْرِیْ بَعْدَ مَوْتِیْ كَانَ كَمَنْ زَارَنِیْ فِیْ حَيَاتِیْ ۔

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے حج بیت اللہ کے بعد میری زیارت کی اس نے گویا میری حیات مقدسہ میں میری زیارت کا شرف حاصل کیا۔۱۲م

۱۴۹۶ ۔ **عن** عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال : قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم : مَنْ زَارَنِیْ بَعْدَ وَفَاتِیْ فَكَاَنَّمَا زَارَنِیْ فِیْ حَيَاتِیْ ، وَكُنْتُ لَهٗ شَفِيْعًا اَوْ شَهِيْدًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ ۔

حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے میرے وصال اقدس کے بعد میرے روضۂ انور کی زیارت

۱۴۹۵ ۔ السنن الکبری للبیہقی، ۲۸۶/۵ ☆ الکامل لابن عدی، ۳۸۲/۲
السلسلۃ الضعیفۃ للالبانی، ۴۷ ☆ مشکوۃ المصابیح للتبریزی، ۲۷۵۶
الجامع الصغیر للسیوطی، ۵۲۳/۲ ☆ المعجم الکبیر للطبرانی، ۳۱۰/۱۲
جذب القلوب للسیوطی، ۲۰۵ ☆ السنن للدار قطنی، ۲۷۸/۲
اتحاف السادۃ للزبیدی، ۴۱۶/۴ ☆ ارواء الغلیل للالبانی، ۳۳۵/۴
کنز العمال للمتقی، ۱۲۳۶۸، ۱۳۵/۵ ☆ مجمع الزوائد للہیثمی، ۲/۴
۱۴۹۶ ۔ اتحاف السادۃ للزبیدی، ۴۱۶/۴ ☆ المغنی للعراقی، ۲۵۹/۱
اللآلی المصنوعۃ للسیوطی، ۷۲/۲ ☆ جذب القلوب للشیخ الدہلوی، ۲۰۵

کی گویا اس نے میری حیات مبارکہ میں میری زیارت کی۔ اور میں روز قیامت اسکا شفیع اور گواہ ہونگا۔ ۱۲م

(۴) ثواب کی نیت سے زیارت روضۂ انور باعث شفاعت ہے

۱۴۹۷۔ **عن** أنس بن مالك رضي الله تعالىٰ عنه قال : قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم : مَنْ زَارَنِي بِالْمَدِيْنَةِ مُحْتَسِبًا كُنْتُ لَهُ شَهِيْدًا وَشَفِيْعًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو طلب ثواب کی نیت سے مدینے آ کر میری زیارت کرے میں اسکے لئے قیامت کے دن گواہ اور شفیع ہونگا۔ ۱۲م

(۵) روضۂ انور کے زائر کے لئے شفاعت واجب

۱۴۹۸۔ **عن** عبد الله بن عمر رضي الله تعالىٰ عنهما قال : قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم : مَنْ زَارَ قَبْرِيْ وَجَبَتْ لَهُ شَفَاعَتِيْ۔

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے میرے روضۂ انور کی زیارت کی اسکے لئے میری شفاعت واجب ہوگئی۔ ۱۲م

(۶) مسجد نبوی میں حضور کی زیارت کی نیت سے جانا دو حج مبرور کا ثواب ہے

۱۴۹۹۔ **عن** عبد الله بن عباس رضي الله تعالىٰ عنهما قال : قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم : مَنْ حَجَّ إِلَىٰ مَكَّةَ ثُمَّ قَصَدَنِيْ فِيْ مَسْجِدِيْ كُتِبَتْ لَهُ حَجَّتَانِ

۱۴۹۷۔ اتحاف السادة للزبيدي، ۴/۴۱۶ ☆ تاريخ جرجان للهيثمي، ۲۲۰
كنز العمال للمتقي، ۴۲۵۸۴، ۱۵/۶۵۲ ☆ الدر المنثور للسيوطي، ۱/۲۳۷
جذب القلوب للشيخ دهلوي، ۲۰۵ ☆
۱۴۹۸۔ السنن للدارقطني، ۲/۲۷۸ ☆ الكنى و الاسماء للدولابي، ۲/۶۴
مجمع الزوائد للهيثمي، ۴/۲ ☆ تلخيص الحبير لابن حجر، ۲/۲۶۷
كنز العمال للمتقي، ۴۲۵۸۳، ۱۵/۶۵۱ ☆ تذكرة الموضوعات للفتني، ۷۵
الدر المنثور للسيوطي، ۱/۲۲۳ ☆ الكامل لابن عدي، ۶/۳۵۱
الجامع الصغير للسيوطي، ۲/۵۲۸ ☆ جذب القلوب للشيخ الدهلوي، ۲۰۴
۱۴۹۹۔ كنز العمال للمتقي، ۱۲۳۷۰، ۵/۱۳۵ ☆

مَبْرُوْرَتَانِ ۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: جس نے حج بیت اللہ کیا پھر مسجد نبوی میری زیارت کے قصد سے آیا تو اسکو دو حج مقبول کا ثواب ملیگا۔ ۱۲م

﴿۲﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

علماء فرماتے ہیں: زیارت نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کہ اعظم قربات وافضل طاعات سے ہے۔بہت برآرندۂ مقاصد وحاجات،قریب بدرجہ مؤکدہ واجبات،بلکہ بعض نے وجوب کی تصریح فرمائی۔فقیر کہتا ہے: دلیل اسی کو مقتضی۔ وھو الذی نودّ ان نقول بہ،اسی طرح حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر درود عمر میں ایک بار تو بالاجماع فرض قطعی ہے۔اور امام شافعی ہر نماز میں فرض۔اور ہر بار کے ذکر شریف آئے علماء کو وجوب واستحباب میں اختلاف،امام طحاوی کا مذہب ہر مرتبہ وجوب ہے ذاکر وسامع پر۔باقانی،حلبی،صاحب بحرالرائق،اور صاحب تنویر الابصار وغیرہم اکابر علماء نے اسی کو صحیح و راجح ومختار ومعتمد فرمایا۔البتہ درصورت اتحاد مجلس دفعاللحرج تداخل مسلم۔　　النیر ۃ الوضیہ ۲۷

(۷) حج کے ساتھ زیارت نہ کرنا ظلم ہے

۱۵۰۰۔ **عن** عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال : قال النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم : مَنْ حَجَّ الْبَيْتَ وَلَمْ يَزُرْنِي فَقَدْ جَفَانِيْ ۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: جس نے حج کیا اور میری زیارت نہ کی اس نے مجھ پر ظلم کیا۔ ۱۲م

النیر ۃ الوضیہ ۲۹

۱۵۰۰۔ کنز العمال للمتقی، ۱۲۳۶۹، ۱۳۵/۵ ☆ السلسلۃ الضعیفۃ للالبانی، ۴۵
الموضوعات لابن الجوزی، ۲۱۷/۲ ☆
تذکرۃ الموضوعات لابن القیسرانی، ۷۹۱ ☆ جذب القلوب للشیخ الدہلوی، ۲۰۶

(۸) صاحب استطاعت پر زیارت لازم ہے

۱۰۰۱۔ **عن** أنس بن مالك رضى الله تعالىٰ عنه قال : قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم : مَامِنْ أَحَدٍمِّنْ أُمَّتِي لَهُ سَعَةٌ ثُمَّ لَمْ يَزُرْنِي فَلَيْسَ لَهُ عُذْرٌ ۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میری امت کا ہر وہ شخص جسکو میری زیارت کیلئے آنے کی استطاعت ہو اور وہ نہ آئے تو اسکا کوئی عذر مقبول نہیں۔۱۲م

(۹) بارگاہ رسالت میں سلام پیش کرنا سعادت دارین کا اہم ذریعہ

۱۰۰۲۔ **عن** أبي هريرة رضى الله تعالىٰ عنه قال : قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم : مَامِنْ عَبْدٍيُّسَلِّمَ عَلىٰ قَبْرِى اِلَّا وَكَّلَ اللّٰهُ بِهَا مَلَكًا يُبَلِّغُنِى ، وَكَفٰى أَجْرَ آخِرَتِهٖ وَدُنْيَاهُ وَكُنْتُ لَهُ شَهِيْدًا وَشَفِيْعًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ ۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو مجھ پر میری قبر کے پاس سلام عرض کرے اللہ تعالیٰ اس پر ایک فرشتہ مقرر فرمائے کہ اسکا سلام مجھے پہونچائے اور اسکے دنیا وآخرت کے کاموں کی کفایت فرمائے۔ اور روز قیامت میں اسکا گواہ اور شفیع ہوں۔ النیرۃ الوضیہ ۲۹

﴿۳﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

زیارت سراپا طہارت حضور پرنور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بالقطع والیقین۔ باجماع مسلمین افضل قربات واعظم حسنات سے ہے۔ جسکی فضیلت وخوبی کا انکار نہ کریگا مگر گمراہ بددین، یا کوئی سخت جاہل سفیہ غافل مسخرہ شیاطین۔ والعیاذ باللہ رب العلمین۔

اس قدر پر تو اجماع قطعی قائم، اور کیوں نہ ہو خود قرآن عظیم اسکی طرف بلاتا اور مسلمانوں کو رغبت دلاتا ہے۔ قال المولی سبحانہ وتعالیٰ۔

ولو انهم اذظلموا انفسهم جاؤك فاستغفروا الله واستغفرلهم الرسول ، لوجدوا الله توابارحيما۔ یعنی اگر ایسا ہو کہ وہ جب اپنی جانوں پر ظلم کریں یعنی گناہ وجرم،

۱۰۰۲۔ کنز العمال للمتقی، ۲۰۹۶، ۱/۴۹۸ ☆ فتح الباری للعسقلانی، ۱/۹۹
جذب القلوب للشیخ الدہلوی، ۹، ۲ ☆

تیری بارگاہ بیکس پناہ میں حاضر ہوں۔ پھر خدا سے مغفرت مانگیں، اور مغفرت چاہے انکے لئے رسول، تو بے شک اللہ عزوجل کو توبہ قبول کرنے والا مہربان پائیں۔

امام سبکی شفاء السقام اور شیخ محقق جذب القلوب میں فرماتے ہیں۔

علماء نے اس آیت سے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حال حیات وحال وفات دونوں حالتوں کو شمول سمجھا۔ اور ہر مذہب کے ائمہ، مصنفین مناسک نے وقت حاضری مزار پرانوار اس آیت کی تلاوت کو آداب زیارت سے گنا۔

علامہ سمہودی شافعی وفاء الوفاء میں فرماتے ہیں

حنفیہ زیارت شریف کو قریب بہ واجب کہتے ہیں۔ اور یوں ہی طرح مالکیہ وحنبلیہ نے تصریح کی۔ ہماری کتب مذہب میں مناسک فارسی، طرابلسی، کرمانی، اختیار شرح مختار، فتاویٰ ظہیریہ، فتح القدیر، خزانۃ المفتیین، منسک متوسط، مسلک متقسط، منح الغفار، مراقی الفلاح، حاشیہ طحطاوی علی المراقی، مجمع الانہر، سنن الہدی اور عالمگیری وغیرہا میں اسکے قریب واجب ہونے کی تصریح وتقریر بلکہ خود صاحب مذہب سیدنا امام اعظم سے اس پر نص منقول ہے۔

جذب القلوب میں ہے۔

زیارت آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نزد ابی حنیفہ از افضل مندوبات واوکد مستحبات است قریب بدرجۂ واجبات۔

اور بعض ائمہ مالکیہ وشافعیہ تو صاف صاف واجب کہتے ہیں۔ اور یہی مذہب ظاہریہ سے منقول۔

امام ابن الحاج مکی مالکی مدخل، اور امام سبکی شافعی تہذیب الطالب میں امام عبدالحق بن محمد سے نقل فرماتے ہیں۔

امام ابو عمران فاسی مالکی نے فرمایا۔

قبر شریف حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زیارت واجب ہے امام قاضی عیاض مالکی شفا شریف میں امام ابو عمرو سے یوں ناقل۔

قبر اقدس حضور والا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف سفر کر کے جانا واجب ہے۔

اسی طرف امام قسطلانی شارح صحیح بخاری شافعی، امام ابن حجر مکی شافعی، اور علامہ علی

قاری حنفی وغیرہم علماء کا میلان ہے۔ بعض کلمات امام سبکی بھی اسی طرف ناظر،

شفا شریف میں فرمایا۔

زیارت قبر میں حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تعظیم ہے اور نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تعظیم واجب۔

اسی طرح مواہب لدنیہ شریف میں ہے۔

اور شک نہیں کہ ظاہر دلیل اسی کو مقتضی۔ ابن عدی وغیرہ کی حدیث گذری۔ کہ جو حج کرے اور میری زیارت کو حاضر نہ ہو بے شک اس نے مجھ پر جفا کی۔ علامہ علی قاری نے شرح لباب میں اسکی سند کو حسن کہا اور وہی شرح شفاء اور درر مضیہ اور امام ابن حجر جوہر منظم میں صحیح فرماتے ہیں۔

انہیں دونوں کتابوں میں فرمایا۔

حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی جفا حرام ہے، تو زیارت نہ کرنا کہ متضمن جفا ہے حرام ہوا۔

جذب القلوب میں ہے۔

صاحب مواہب لدنیہ گفتہ: ایں ظاہر است در حرمت ترک زیارت، زیرا کہ دریں جفا واذائے اوست، وجفا واذائی آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حرام است باجماع، پس واجب باشد ازالۂ جفا، وآں بزیارت خواہد بود پس زیارت واجب باشد۔

امام قسطلانی اس عبارت کے بعد فرماتے ہیں۔

بالجملہ، جو باوجود قدرت ترک زیارت کرے اس نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر جفا کی اور حضور کا ہم پر یہ حق نہ تھا۔

اسی طرح ترک زیارت کو موجب جفا ہونے میں متعدد حدیثیں آئیں کہ حضرت والد علام قدس سرہ نے جواہر البیان شریف میں ذکر فرمائیں۔ اور شک نہیں کہ افراد میں اگر چہ کلام ہو مجموع حسن تک مترقی، اور حسن اگر چہ لغیرہ ہو محل احتجاج میں کافی۔

اسی کے مناسب قصہ حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہے۔ کہ امام عساکر وغیرہ نے حضرت ابو درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا، امام سبکی نے شفا اور علامہ سمہودی نے وفا، اور

امام ابن حجر نے جوہر منظم میں اسکی سند کو جید کہا۔ کہ حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جب شام میں سکونت اختیار فرمائی۔ خواب میں حضور پر نور سید المحبوبین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زیارت سے شرفیاب ہوئے۔ کہ ارشاد فرماتے ہیں۔

ماهذه الجفوة يابلال ! اما آن لك ان تزورني يابلال!۔

اے بلال! یہ کیا جفا ہے۔ اے بلال! کیا ابھی تجھے وہ وقت نہ آیا کہ میری زیارت کو حاضر ہو۔ بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ غمگین وترساں وہراساں بیدار ہوئے۔ اور فوراً بہ قصد مزار پر انوار جانب مدینہ شد الرحال فرمایا۔ جب شرف حضور پایا۔ قبر انور کے حضور رونا اور منہ اس خاک پاک پر ملنا شروع کیا۔ دونوں صاحبزادے حضرات امام حسن وحسین صلی اللہ تعالیٰ علی جدہما وعلیہما وبارک وسلم تشریف لائے۔ بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ انہیں گلے لگا کر پیار کرنے لگے۔ شہزادوں نے فرمایا: ہم تمہاری اذان کے مشتاق ہیں۔ یہ سقف مسجد پر جہاں زمانہ اقدس میں اذان دیتے تھے گئے۔ جس وقت الله اكبر ، الله اكبر، کہا۔ تمام مدینے میں لرزہ پڑ گیا۔ جب اشهد ان لا اله الا الله، کہا۔ مدینے کا لرزہ دوبالا ہوا۔ جب اس لفظ پر پہونچے۔ اشهد ان محمد رسول الله، کنواری نوجوان لڑکیاں پردوں سے نکل آئیں اور لوگوں میں غل پڑ گیا۔ کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مزار پر انوار سے باہر تشریف لے آئے۔ انتقال حضور محبوب ذوالجلال صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعد کسی دن مدینہ منورہ کے مرد وزن میں وہ رونا نہ پڑا تھا جو اس دن ہوا۔

درنماز م خم ابروئے تو بیر مادآمد　　حالتے رفت کہ محراب بفریاد آمد

اور نیز وہ حدیث بھی مؤید وجوب ہوسکتی ہے جو گذری۔ کہ امام ابن عساکر نے تاریخ میں، اور امام ابن النجار نے الدرۃ الثمینہ میں حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔ کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں: میرا جو امتی باوصف مقدرت میری زیارت نہ کرے اسکے لئے کوئی عذر نہیں۔

حتی کہ بعض ائمہ شافعیہ زیارت شریفہ کو مثل حج فرض بتاتے ہیں۔ علامہ عبدالغنی بن احمد بن شاہ عبدالقدوس چشتی گنگوہی قدس سرہ شاگرد امام علامہ ابن حجر مکی رحمہم اللہ تعالیٰ سنن الہدی میں فرماتے ہیں۔

میں نے اپنے استاذ ابن حجر اید اللہ الاسلام ببقائہ، کو فرماتے سنا۔ کہ زیارت شریفہ ہمارے بعض اصحاب شافعیہ کے نزدیک مثل حج واجب ہے۔ اور انکے نزدیک واجب وفرض میں کوئی فرق نہیں۔

بالجملہ، قول وجوب من حیث الدلیل اظہر، اور نظر ایمانی میں احب واز ہر ہے۔ اور قریباً وجوب، کہ علمائے مذاہب اربعہ بلکہ خود امام اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا منصوص اسکے قریب اور حکما مقارب۔ اور قول سنت اسکے منافی نہیں۔ فقہا واجب کو بھی کہ سنت یعنی حدیث سے ثابت ہو سنت بولتے ہیں۔

امام محمد رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے نماز عید کو کہ حنفیہ کے نزدیک واجب ہے سنت کہا۔ بلکہ اطلاق اعم میں مستحب ومندوب بھی واجبات کو شامل۔ اور فرض وواجب جبکہ حکم عمل واثم تارک میں مشارک، اور شافعیہ کے یہاں فرق اصطلاح نہیں تو انکے نزدیک واجب پر اطلاق فرض اور حج سے تمثیل بعید نہیں۔ اس تقریر پر سب اقوال متفق ہو جائینگے۔ اور یہ تصریح علما، مثل علامہ شامی وغیرہ ابدائے وفاق ابقائے خلاف سے اولی۔ اور بیشک وجوب وقرب وجوب کہ جمہور ائمۂ مذاہب جسکی تصریح کرتے ہیں تارک کے اثم پر یک زبان۔ بہر حال جزم کیا جاتا ہے کہ باوجود قدرت تارک زیارت قطعاً محروم وملوم، بدبخت ومشوم، آثم وگنہگار اور ظالم وجفا کار ہے۔

والعیاذ باللہ مالا یرضاہ۔

لاجرم سلفاً وخلفاً علمائے دین وائمۂ معتمدین تارک زیارت پر طعن شدید وتشنیع مدید کرتے آئے۔ کہ مستحب پر ہرگز نہیں ہوسکتی۔

علامہ رحمت اللہ، علیہ رحمۃ اللہ تلمیذ امام ابن ہمام نے لباب میں فرمایا۔

ترک زیارت بڑی غفلت اور سخت بے ادبی ہے اور امام ابن حجر مکی قدس سرہ الملکی نے تو جوہر منظم میں تارک زیارت پر قیامت کبری قائم فرمائی۔

فرماتے ہیں۔

خبردار ہو! حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے تجھے ترک زیارت سے حد درجہ ڈرایا۔ اور اسکی آفتوں سے وہ کچھ بیان فرمایا کہ ترک زیارت جفا ہے۔ اور یونہی صحیح حدیث میں آیا۔ کہ میرا ذکر سن کر مجھ پر درود نہ پڑھنا جفا ہے۔ اس سے ثابت ہوا کہ باوجود قدرت ترک

زیارت اور ذکر اقدس سنکر ترک درود دونوں یکساں ہیں۔ کہ دونوں جفا ہیں، تو تارک زیارت پر ان سب عذابوں اور شناعتوں کا خوف ہے جو تارک درود کیلئے حدیثوں میں آئیں۔ کہ وہ شقی ونامراد، ذلیل وخوار، مستحق نار، خدا اور رسول سے دور ہے۔ اس پر ان سب عذابوں اور نیز مردود بارگاہ ہونے کی دعا جبریل امین وحضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیہم وسلم نے فرمائی۔ وہ راہ جنت بھول گیا۔ مدت بھر کا بخیل، ملعون وبے دین ہے۔ اپنے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دیدار جمال جہاں آرا سے محروم رہیگا۔ والعیاذ باللہ تبارک وتعالیٰ۔

ان باتوں کو یاد کر کے اسے خبر دے جس نے باوصف قدرت براہ سستی وکسل زیارت شریف نہ کی۔ شاید یہ سن کر ان برائیوں سے توبہ کرے اور اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع لائے۔ اپنے اس نبی کریم علیہ التحیۃ والتسلیم پر جفا نہ کرے جو اسکا اور تمام جہان کا اللہ عزوجل کی طرف وسیلہ ہیں۔ اور ہم نے بہت تارکان زیارت بحال قدرت کو دیکھا کہ اللہ تعالیٰ نے انکے چہروں پر صریح محسوس تاریکی ظاہر کردی اور نیکیوں میں انہیں ایسا سست کردیا کہ عبادت چھوڑ کر دنیا میں پڑ گئے اور مرتے دم تک اسی حال پر رہے۔ والعیاذ باللہ سبحانہ وتعالیٰ۔

اسکے بعد امام نے دو سخت ہولناک واقعے لکھے جنہیں سنکر مسلمان کا دل کانپ اٹھے۔ اللہ تعالیٰ اپنی امان میں رکھے۔ صدقہ اپنے پیارے حبیب قریب مجیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا۔ آمین۔

مسلمان غور کرے! جب تارک زیارت کا یہ حال، اسکے مانع یا منکر فضیلت کا کیا حال ہوگا۔ آفتاب سے زیادہ روشن کہ ایسا شخص گمراہ بددین ہے، فارق اجماع مسلمین، مستحق وعید شدید۔ اور ماتولی ونصلہ جہنم وساءت مصیرا ہے۔

امام ابن حجر افضل القری میں فرماتے ہیں۔

جو اسکی خوبی میں نزاع کریگا اسکا نزاع کرنا دنیا وآخرت میں اسکی تباہی وروسیاہی کا باعث ہوگا۔

امام سبکی شفاء السقام میں فرماتے ہیں۔

حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زیارت واطراف عالم سے اسکی طرف سفر اعظم قربات الہی سے ہے۔ جیسا کہ مدتوں سے شرق وغرب کے مسلمانوں میں معروف ہے۔

آج کل بعض مردود (یعنی ابن تیمیہ اور اسکے ہوا خواہ) شیطان کے سکھائے سے اس میں شک ڈالنے لگے۔ مگر ہیہات یہ مسلمانوں کے دل میں کہاں جگہ پاتی۔ یہ تو ایک مردود کی فتنہ پردازی ہے جسکا وبال اسی پر پڑیگا۔

امام احمد قسطلانی مواہب شریفہ میں فرماتے ہیں۔

قبر مبارک کی زیارت، بہت بڑی قربت اور بڑی امید کی طاعت اور نہایت بلند درجوں کی طرف راہ ہے۔ جو اس کے خلاف اعتقاد کرے اس نے ائمہ کا خلاف کیا۔ یہاں تک کہ بعض علماء صراحۃً زیارت شریفہ کے قربت ہونے کو ضروریات دین سے اور اسکے منکر کو کافر بتاتے ہیں۔

درۂ مضیہ ملا علی قاری میں ہے۔

بعض فضلاء نے مبالغہ کیا کہ فرماتے ہیں۔ زیارت شریفہ کا قربت ہونا دین سے ضرورۃً معلوم ہے اور اسکے منکر پر کفر کا حکم ہے۔

علامہ شہاب الدین خفاجی مصری نسیم الریاض شرح شفائے قاضی عیاض میں فرماتے ہیں۔

قبر اکرم سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زیارت اور اسکی طرف سفر کو ابن تیمیہ اور اسکے اتباع مثل ابن قیم نے منع کیا۔ اور یہ اسکا وہ کلام شنیع ہے جس کے سبب علماء نے اسکی تکفیر کی۔ اور سبکی نے اس میں مستقل کتاب لکھی۔

اقول: قول تکفیر کی نفیس تحقیق وتقریر اور عمدہ توجیہ مع جواب وجیہ فقیر غفر اللہ تعالیٰ نے بتوفیق اللہ تعالیٰ اصلی فتوی میں ذکر کی۔ یہاں اسی قدر کافی۔

مولی تعالیٰ صدقہ اپنے حبیب کریم علیہ افضل الصلوۃ والتسلیم کا، انکی سچی محبت اور سچا ادب بخشے۔ اور انہیں کی محبت وتعظیم اور ادب وتکریم پر دنیا سے اٹھائے۔ اور اپنے کرم عمیم وفضل عظیم سے دنیا وآخرت میں انکی زیارت سے مشرف وبہرہ مند فرمائے۔ آمین آمین۔ یا ارحم الراحمین وصلی اللہ تعالیٰ علی سید المرسلین محمد وآلہ وصحبہ اجمعین۔ آمین۔ واللہ تعالیٰ اعلم وعلمہ جل مجدہ اتم واحکم۔

النیرۃ الوضیہ ۵۵

ابن النجار اپنی کتاب الدر الثمینہ فی تاریخ المدینہ میں۔ امام ابوعبداللہ محمد قرطبی کتاب التذکرہ میں، امام اجل ابن مبارک، ابن ابی الدنیا، اور ابوالشیخ اپنی تصانیف میں زیارت روضۂ انور کے تعلق سے فرشتوں کا طریقہ یوں نقل کرتے ہیں۔

ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ذکر پاک تھا۔ اور اس وقت کعب احبار حاضر تھے۔ تو کعب احبار نے کہا: ہر صبح ستر ہزار فرشتے اتر کر مزار اقدس حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا طواف کرتے ہیں اور اسکے گرد حاضر رہ کر صلاۃ وسلام عرض کرتے رہتے ہیں: جب شام ہوتی ہے وہ چلے جاتے ہیں اور ستر ہزار اور اتر کر یونہی طواف کرتے ہیں اور صلوۃ وسلام عرض کرتے رہتے ہیں۔ یونہی ستر ہزار رات میں حاضر رہتے ہیں اور ستر ہزار دن میں۔ جب حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مزار مبارک سے روز قیامت اٹھینگے ستر ہزار ملائکہ کے ساتھ باہر تشریف لائینگے جو حضور کو بارگاہ رب العزت میں یوں لے چلیں گے جیسے نئی دلہن کو کمال اعزاز واکرام، فرحت وسرور، راحت وآرام، اور تزک واحتشام کے ساتھ دلہا کی طرف لیجاتے ہیں۔

فتاوی رضویہ ۶/۲۰۲

۴۔ فضائل مدینہ منورہ

(۱) فضائل مدینہ

۱۰۰۳۔ **عن** أبی هریرة رضی الله تعالیٰ عنه قال : قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : اِنَّ الْاِیْمَانَ لَیَأرِزُ اِلَی الْمَدِیْنَةِ کَمَا تَأرِزُ الْحَیَّةُ اِلیٰ جُحْرِهَا۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بیشک ایمان مدینے کی طرف یوں سمٹے گا جیسے سانپ اپنی بانبی کی طرف۔

فتاوی رضویہ ۲۸۹/۴

۱۰۰۴۔ **عن** البراء بن عازب رضی الله تعالیٰ عنه قال : قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : مَنْ سَمَّی الْمَدِیْنَةَ یَثْرِبَ فَلْیَسْتَغْفِرِ اللّٰهَ ، هِیَ طَابَةٌ ، هِیَ طَابَةٌ ۔

حضرت براء بن عازب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو مدینے کو یثرب کہے اس پر توبہ واجب ہے مدینہ طابہ ہے، مدینہ طابہ ہے۔

۱۰۰۵۔ **عن** أبی هریرة رضی الله تعالیٰ عنه قال : قال رسول الله صلی الله تعالیٰ

۹

۱۰۰۳۔ الجامع الصحیح للبخاری، باب الایمان یارزالی المدینة ۲۵۲/۱
السنن لابن ماجه، باب فضل المدینة ۲۳۱/۲
المسند لاحمد بن حنبل، ۲۸۶/۲ ☆ الجامع الصغیر للسیوطی، ۱۲۱/۱
کنز العمال للمتقی، ۱۱۹۷، ۱۳۹/۱ ☆ مشکوٰة المصابیح للتبریزی، ۱۶۰۵
شرح السنة للبغوی، ۱۱۹/۱ ☆ الصحیح لابی عوانة ۱۰۱/۱
موارد الظمآن للهیثمی، ۱۰۳۳ ☆ فتح الباری للعسقلانی، ۹۲/۴
المصنف لابن ابی شیبة، ۱۸۱/۱۲ ☆ الدلائل النبوة للبیهقی، ۲۴۴/۲
علل الحدیث لابن ابی حاتم، ۱۹۷۴ ☆ البدایة و النهایة لابی نعیم، ۱۰۵/۳
۱۰۰۴۔ المسند لاحمد بن حنبل، ۲۸۵/۴ ☆ مجمع الزوائد للهیثمی، ۳۰۰/۳
الدر المنثور للسیوطی، ۱۸۸/۵ ☆ کنز العمال للمتقی، ۳۴۸۴۱، ۲۳۸/۱۲
التفسیر لابن کثیر، ۳۹/۶ ☆ الجامع الصغیر للسیوطی، ۵۳۰/۲
۱۰۰۵۔ الصحیح لمسلم، باب المدینة تنفی خبثها و تسمی طابه، ۴۴۴/۱
الجامع الصحیح للبخاری، باب فضل المدینة، ۲۵۲/۱
الدر المنثور للسیوطی، ۱۸۸/۵ ☆ المسند لحمیدی، ۱۱۵۲

علیه وسلم : يَقُولُونَ يَثْرِبُ وَهِيَ الْمَدِيْنَةُ ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: وہ اسے یثرب کہتے ہیں اور وہ تو مدینہ ہے۔

۱۵۰۶۔ **عن** جابر بن سمرة رضي الله تعالىٰ عنه قال : قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم : اِنَّ اللّٰهَ تَعَالىٰ سَمَّى الْمَدِيْنَةَ طَابَةَ۔

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: بیشک اللہ عزوجل نے مدینہ کا نام طابہ رکھا۔

فتاوی رضویہ ۱۰/۶۱

(۲) حرم مدینہ کی فضیلت

۱۵۰۷۔ **عن** سعد بن ابی وقاص رضی الله تعالیٰ عنه قال : قال رسول الله صلی الله تعالی علیه وسلم : اِنِّي اُحَرِّمُ مَا بَيْنَ لَا بَتَيِ الْمَدِيْنَةِ اَنْ يُقْطَعَ عِضَاهُهَا اَوْ يُقْتَلَ صَيْدُهَا ، و قال : اَلْمَدِيْنَةُ خَيْرٌ لَّهُمْ لَوْ كَانُوا يَعْلَمُوْنَ ، لَا يَخْرُجُ مِنْهَا اَحَدٌ رَغْبَةً عَنْهَا اِلَّا اَبْدَلَ اللّٰهُ فِيْهَا مَنْ هُوَ خَيْرٌ مِّنْهُ ، وَ لَا ثَبَتَ اَحَدٌ عَلىٰ لَا وَائِهَا وَ جُهْدِهَا اِلَّا كُنْتُ لَهُ شَهِيْدًا وَ شَفِيْعًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ ۔ فتاوی رضویہ حصہ دوم ۹/۳۱۷

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: میں نے مدینہ کے سنگلاخ علاقہ کے درمیان کانٹوں دار درخت

۱۵۰۶۔ الصحيح لمسلم ، باب المدينة تنفي خبثها و تمي طابة ، ۱/۴۴۵
المسند لاحمد بن حنبل ، ۵/۹۴ ☆ المصنف لابن ابی شيبة ، ۱۲/۲۷۹
جمع الجوامع للسيوطی ، ۴۸۶۵ ☆ كنز العمال للمتقی ، ۳۴۸۰۹ ، ۱۲/۲۳۲
مشكوة المصابيح للتبريزی ، ۲۷۳۸ ☆

۱۵۰۷۔ الجامع الصحيح للبخاری ، باب فضائل المدينة ، ۱/۲۵۱
الصحيح لمسلم ، باب فضل المدينة ، ۱/۲۵۱
المسند لاحمد بن حنبل ، ۱/۱۸۱ ☆ السنن الكبرىٰ للبيهقی ، ۵/۲۵۱
اتحاف السادة للزبيدی ، ۱/۲۰۶ ☆ المعجم الكبير للطبرانی ، ۱۹/۲۶۵
مشكوة المصابيح للزبيدی ، ۲۷۲۹ ☆ المعجم الكبير للبخاری ، ۸/۳۳۵
فتح الباری للعسقلانی ، ۴/۹۰ ☆ الترغيب و الترهيب للمنذری ، ۲/۲۲۰
تاريخ دمشق لابن عساكر ، ۱/۸۶ ☆ الدر المنثور للسيوطی ، ۶/۳۵۶
المغنی للعراقی ، ۱/۲۸ ☆ التفسير للقرطبی ، ۱۷/۱۹۱

کاٹنے اور شکار کرنے کو حرام کر دیا ہے۔ نیز فرمایا: مدینہ اسکے باشندوں کیلئے بہتر ہے اگر وہ سمجھیں، مدینہ سے بے رغبتی اختیار کرتے ہوئے کوئی اس سے نکل کر دوسری جگہ جا کر آباد ہوگا تو اللہ تعالیٰ اسکی جگہ اس سے بہتر کو وہاں آباد فرمادیگا۔ مدینہ میں رہ کر اگر کوئی اس کی محنتوں اور مشقتوں کو برداشت کریگا تو میں کل بروز قیامت اسکا گواہ اور شفیع ہونگا۔۱۲م

(۴) مدینہ افضل ہے یا مکہ؟

۱۵۰۸۔ **عن** رافع بن خديج رضى الله تعالىٰ عنه انه كان جالسا عند منبر مروان بن الحكم بمكة ومروان يخطب الناس، فذكر مروان مكة وفضلها، ولم يذكر المدينة، فوجد رافع فى نفسه من ذلك، وكان قد أسن، فقام اليه فقال: ايها ذاالمتكلم! أراك قد أطنبت فى مكة وذكرت منها فضلها، وماسكتّ عنه من فضلها اكبر، ولم تذكر المدينة، وانى أشهد لسمعت رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يقول: اَلْمَدِيْنَةُ خَيْرٌ مِّنْ مَّكَّةَ۔ النیرۃ الوضیہ ۳۰

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ آپ مکہ مکرمہ میں مروان بن حکم کے منبر کے پاس بیٹھے تھے جب وہ خطبہ دے رہا تھا۔ مروان نے مکہ مکرمہ کے فضائل بیان کئے لیکن مدینہ منورہ کا کوئی ذکر نہیں کیا۔ حضرت رافع بن خدیج نے اپنے دل میں اس طریقہ سے کھٹک محسوس کی۔ آپکی عمر شریف کافی ہوگئی تھی۔ پھر بھی آپ نے جرأت و بے باکی کا اظہار کرتے ہوئے فرمایا: اے متکلم! تو نے تو مکہ مکرمہ کے فضائل تو خوب بیان کئے لیکن ابھی اسکے بہت سے فضائل چھوڑ دیئے جو عظیم ہیں۔ اور تو نے مدینہ منورہ کی کوئی فضیلت نہیں بیان کی۔ میں اس بات کا گواہ ہوں کہ میں نے بلاشبہ حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے سنا۔ مدینہ منورہ مکہ مکرمہ سے افضل ہے۔۱۲م

۱۵۰۸۔ المعجم الكبير للطبرانى، ۲۸۸/۴ ☆ الكامل لابن عدى، ۱۹۱/۶
مجمع الزوائد للهيثمى، ۲۹۹/۳ ☆ كنز العمال للمتقى، ۳۴۸۰۱، ۲۳۰/۱۲
التاريخ الكبير للبخارى، ۶۰/۱ ☆

(۴) مدینہ میں مرنے والا شفاعت کا مستحق ہے

۱۵۰۹۔ عن عبد الله بن عمر رضى الله تعالىٰ عنهما قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم : مَنِ اسْتَطَاعَ مِنْكُمْ اَنْ يَّمُوْتَ بِالْمَدِيْنَةِ فَلْيَمُتْ ! فَاِنِّي اَشْفَعُ لِمَنْ يَّمُوْتُ بِهَا۔ النیرۃ الوضیہ ۳۰

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس سے مدینہ میں مرنا ہو سکے تو اسی میں مرے۔ کہ جو مدینہ میں مریگا میں اسکی شفاعت فرماؤنگا۔

(۵) مدینہ مین سکونت کی فضیلت

۱۵۱۰۔ عن أبى هريرة رضى الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم : لَايَصْبِرُ عَلىٰ لَاوَآءِ الْمَدِيْنَةِ وَشِدَّتِهَا اَحَدٌمِّنْ اُمَّتِي اِلَّا كُنْتُ لَهٗ شَفِيْعًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ اَوْ شَهِيْدًا۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میرا جو امتی مدینہ کی سختی اور شدت پر صبر کریگا میں روز قیامت اسکا شفیع و گواہ ہونگا۔

﴿۱﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

پر ظاہر کہ روزہ میں شدت و محنت پر صبر ہوتا ہے۔ خصوصاً بلاد گرم میں خصوصاً موسم گرما میں۔ خود حدیث میں آیا۔ الصوم نصف الصبر، روزہ آدھا صبر ہے۔

۱۵۰۹۔ السنن لابن ماجه، باب فضل المدينة ۲۳۲/۲
موارد الظمئان للهيثمى، ۱۰۳۱ ☆ الترغيب و الترهيب للمنذرى، ۲۲۳/۲
مجمع الزوائد للهيثمى، ۲۰۶/۳ ☆ المطالب العالية لابن حجر، ۱۲۴۷
المسند لاحمد بن حنبل، ۷۴/۲ ☆ شرح السنة للبغوى، ۳۲٤/۷
۱۵۱۰۔ الصحيح لمسلم، باب فضل المدينة، ٤٤٣/۱
شرح السنة للبغوى، ۳۲٤/۷ ☆ كنز العمال للمتقى، ۳٤۸٥۲، ۲٤۰/۱۲
الترغيب والترهيب للمنذرى، ۲۱۹/۲ ☆ مشكوة المصابيح للتبريزى، ۲۸٥/٤
المسند لاحمد بن حنبل، ۲۸۸/۲ ☆ اتحاف السادة للزبيدى، ۲۸٥/٤
دلائل النبوة للبيهقى، ۲۸٦/۲ ☆ تجريد التمهيد لابن عبد البر، ۲٥۸

فائدۂ جلیلہ: جن چیزوں میں وعدۂ شفاعت فرمایا گیا۔ جیسے یہ حدیث، یا حدیث زیارت شریفہ، یا حدیث موت فی المدینہ، یا حدیث سوال وسیلہ وغیرہا وہ بحمد اللہ حسن خاتمہ کی بشارت جمیلہ ہیں۔ کہ یہاں وعدۂ شفاعت ہے۔ اور وعدۂ حضور وعدۂ رب غفور، واللہ لایخلف المیعاد۔ اور کافر کی شفاعت محال، تو بلا جرم کہ سختی مدینہ پر صابر، اور حضور پرنور کا زائر، اور مدینہ طیبہ میں مرنے والا، اور حضور کیلئے سوال وسیلہ کرنے والا ایمان پر خاتمہ پائیگا۔ والحمد للہ رب العالمین۔ اللھم ارزقنا آمین۔

حاشیہ النیرۃ الوضیہ ۴۸

۵۔ فضیلت حرم

(۱) فضیلت کعبہ

۱۵۱۱۔ **عن** بعض الصحابة رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال : قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم : إِنَّ الْكَعْبَةَ تُحْشَرُ كَالْعَرُوْسِ الْمَزْفُوْفَةِ (إِلَىٰ بَعْلِهَا) وَكُلُّ مَنْ حَجَّهَا يَتَعَلَّقُ بِأَسْتَارِهَا يَسْعَوْنَ حَوْلَهَا حَتّٰى تَدْخُلَ الْجَنَّةَ فَيَدْخُلُوْنَ مَعَهَا ۔

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بیشک کعبہ روز قیامت یوں اٹھایا جائیگا جیسے شب زفاف دلہن کو دولہا کی طرف لیجاتے ہیں۔ تمام اہل سنت جنہوں نے حج مقبول کیا اسکے پردوں سے لپٹے ہوئے اسکے گرد دوڑتے ہونگے یہاں تک کہ کعبہ اور اسکے ساتھ یہ داخل جنت ہونگے۔ فتاوی رضویہ ۲۰۱/۶

(۲) حرمین میں مرنے کی فضیلت

۱۵۱۲۔ **عن** جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالی عنہما قال : قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم : مَنْ مَّاتَ فِي أَحَدِ الْحَرَمَيْنِ بُعِثَ آمِنًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ ۔

النیرۃ الوضیہ ۳۰

حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو حرمین میں سے کسی ایک میں مرے روز قیامت بے خوف اٹھے۔

۱۵۱۳۔ **عن** أنس بن مالك رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال : قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم : مَنْ مَّاتَ فِي أَحَدِ الْحَرَمَيْنِ بُعِثَ مِنَ الْآمِنِيْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ، وَمَنْ زَارَنِيْ مُحْتَسِبًا فِي الْمَدِيْنَةِ كَانَ فِي جِوَارِيْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو حرمین میں سے کسی ایک میں مرا روز قیامت امن والوں میں

۱۵۱۱۔ اتحاف السادة للزبیدی، ۲۷۶/۴ ☆ تذکرۃ الموضوعات للفتنی، ۷۲

۱۵۱۲۔ الدر المنثور للسیوطی، ۵۵۲ ☆ کنز العمال للمتقی، ۳۵۰۰۵، ۲۷۱/۱۲

۱۵۱۳۔ اتحاف السادة للزبیدی، ۴۱۶/۴ ☆ الدر المنثور للسیوطی، ۵۵/۲

اٹھیگا۔ اور جس نے ثواب کی نیت سے مدینہ آکر میری زیارت کی وہ روز قیامت میرے قریب ہوگا۔ ۱۲م

۱۵۱۴۔ **عن** سلمان الفارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: مَنْ مَّاتَ فِی أَحَدِ الْحَرَمَیْنِ اِسْتَوْجَبَ شَفَاعَتِی، وَکَانَ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ مِنَ الْآمِنِیْنَ۔

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہیکہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: حرمین میں سے کسی میں جسکا انتقال ہوا اسکے لئے میری شفاعت واجب، اور قیامت میں وہ امن والوں میں ہوگا۔ ۱۲م

(۳) کعبۂ مقدسہ میں ایک نیکی ایک لاکھ کے برابر

۱۵۱۵۔ **عن** أبی الدرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: اَلصَّلَاۃُ فِی الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ بِمِاۃِ أَلْفِ صَلَاۃٍ، وَالصَّلٰوۃُ فِی مَسْجِدِی بِأَلْفِ صَلَاۃٍ، وَالصَّلٰوۃُ فِی بَیْتِ الْمُقَدَّسِ بِخَمْسِ مِاۃِ صَلَاۃٍ۔

حضرت ابودرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مسجد حرام میں نماز ایک لاکھ نمازوں کا ثواب رکھتی ہے۔ اور مسجد نبوی میں ایک ہزار کا ثواب، اور بیت المقدس میں نماز پانچسو نمازوں کا۔

النیرۃ الوضیہ ۴۸

۱۵۱۴۔ السنن الکبری للبیھقی، ۲۴۵/۵ ☆ المعجم الکبیر للطبرانی، ۲۹۴/۶
المعجم الصغیر للطبرانی، ۲۲/۲ ☆ مجمع الزوائد للھیثمی ۳۱۹/۲
کنز العمال للمتقی، ۳۵۰۰۶، ۲۷۱/۱۲ ☆ اتحاف السادۃ للزبیدی، ۲۷۱/۴
الدر المنثور للسیوطی، ۵۵/۲ ☆ تنزیہ الشریعۃ لابن عراق، ۱۷۳/۲
کشف الخفاء للعجلونی، ۲۸۶/۲ ☆
۱۵۱۵۔ مجمع الزوائد للھیثمی۔ ۷/۴ ☆ اتحاف السادۃ للزبیدی، ۲۸۵/۴
تلخیص الحبیر لابن حجر، ۱۷۹/۴ ☆ الترغیب و الترھیب للمنذری، ۲۱۶/۲
ارواء الغلیل للالبانی، ۳۴۲/۴ ☆ کنز العمال، ۳۴۶۳۲، ۲۹۵/۱۲
تاریخ دمشق لابن عساکر، ۲۲۵/۷ ☆ حلیۃ الاولیاء لابی نعیم ۴۶/۸

۹

کتاب النکاح

ابواب

۱۔ فضیلت نکاح واحکام

(۱) نکاح حضور کی عظیم سنت ہے

۱۵۱۶۔ **عن** حمید بن ابی حمید الطویل رضی اللہ تعالیٰ عنہ انہ سمع انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ یقول : جاء ثلثة رھط الی بیوت ازواج النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یسئلون عن عبادۃ النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ، فلما اخبروا کانھم تقالوھا ، فقالوا :أین نحن من النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ،قد غفرلہ ماتقدم من ذنبہ وماتأخر، قال احدھم: اما انا فانی اصلی اللیل ابدا، وقال آخر :انا اصوم الدھر ولا افطر ، وقال آخر : وانا اعتزل النساء فلا اتزوج ابدا، فجاء رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم الیھم فقال : أَنْتُمُ الَّذِيْنَ قُلْتُمْ : كَذَاوَكَذَا، أَمَاوَاللّٰهِ اِنِّي لَأَخْشَاكُمْ لِلّٰهِ وَأَتْقَاكُمْ لَهُ، لٰكِنِّي أَصُوْمُ وَأُفْطِرُ ، وَاُصَلِّي وَأَرْقُدُ ،وَأَتَزَوَّجُ النِّسَاءَ ، فَمَنْ رَغِبَ عَنْ سُنَّتِي فَلَيْسَ مِنِّيْ ۔

حضرت حمید بن ابوحمید طویل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو فرماتے سنا: کہ تین حضرات نے امہات المومنین ازواج مطہرات کے گھروں پر اسی لئے حاضری دی کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی عبادت کے بارے میں دریافت کریں، جب انکو اس سلسلہ میں معلومات حاصل ہوئی تو گویا انہیں وہ عبادت قلیل نظر آئی ۔لہذا کہنے لگے: ہم حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرح کہاں سرکار کی شان تو یہ ہے کہ آپ کی اگلی پچھلی لغزشیں معاف کردی گئی ہیں ۔ان میں سے ایک صحابی بولے: میں تو آج سے ہمیشہ پوری رات نوافل پڑھا کروں گا۔دوسرے کہنے لگے: میں اب ہمیشہ روزہ رکھا کروں گا۔کسی دن بھی افطار نہیں کروں گا۔تیسرے بولے: میں ہمیشہ عورتوں سے جدا رہوں گا اور کبھی شادی نہیں کروں گا ۔اتنے میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

۱۵۱۶۔ الجامع الصحیح للبخاری، باب الترغیب فی النکاح، ۷۵۷/۲
السنن الکبری للبیہقی، ۲۳٤/٤ ☆ کنز العمال للمتقی، ۵۳۱۰
نصب الرایة للزیلعی، ۹۳/٤ ☆ فتح الباری للعسقلانی، ۱۵۱/٤
التفسیر للقرطبی، ۲٦۱/٦ ☆ الترغیب و الترھیب للمنذری، ٤۳/۳
المعجم الکبیر للطبرانی، ۱۱/۹ ☆ جمع الجوامع للسیوطی، ٤۲۵۳

تشریف لے آئے اور فرمایا: تم لوگوں نے ایسا ایسا کہا: سنو! خدا کی قسم، بلاشبہ میں تم سب کے مقابل میں اللہ تعالیٰ سے زیادہ ڈرنے والا ہوں، لیکن روزہ رکھتا ہوں تو افطار بھی کرتا ہوں، نماز پڑھتا ہوں تو آرام بھی کرتا ہوں، اور عورتوں سے نکاح بھی کرتا ہوں تو جس نے میری سنت سے اعراض کیا وہ مجھ سے نہیں۔

(۲) نکاح کی برکت

۱۵۱۷۔ **عن** أنس بن مالك رضى الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: مَنْ تَزَوَّجَ فَقَدِ اسْتَكْمَلَ نِصْفَ دِيْنِهٖ فَلْيَتَّقِ اللّٰهَ فِي النِّصْفِ الْبَاقِيْ۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے نکاح کیا اس نے اپنا آدھا دین مکمل کرلیا۔ اب باقی آدھے میں اللہ تعالیٰ سے ڈرے۔

﴿۱﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

نکاح فرض، واجب، سنت، مباح، مکروہ اور حرام سب کچھ ہے صور واحکام کی تفصیل سنئے۔ (یہاں وضاحت عورتوں کے اعتبار سے ہے)

۱۔ جس عورت کو اپنے نفس سے خوف ہو کہ غالبا اس سے شوہر کی اطاعت اور اسکے حقوق واجبہ کی ادا نہ ہو سکے گی۔ اسے نکاح ممنوع اور ناجائز ہے۔ اگر کرے گی گنہگار ہوگی۔ یہ صورت کراہت تحریمی ہے۔

۲۔ اگر یہ خوف مرتبہ ظن سے تجاوز کر کے یقین تک پہونچا تو اسے نکاح حرام قطعی ہے ایسی عورت کو نکاح اول خواہ ثانی کی ترغیب ہرگز نہیں دے سکتے۔ بلکہ ترغیب دینا خود خلاف شرع اور معصیت ہے۔ کہ گناہ کا حکم دینا ہوگا۔ یہ عورتیں یا انکے اولیا اگر نکاح کرنے سے انکار کرتے ہیں تو گناہ سے انکار کرتے ہیں۔ انہیں انکار سے پھیرنے والا جاہل ومخالف شرع۔

۳۔ جنہیں اپنے نفس سے ایسا خوف نہ ہو انہیں اگر نکاح کی حاجت شدید ہے کہ بے نکاح

۱۵۱۷۔ مجمع الزوائد للهيثمى، ۲۵۲/۴ ☆ اتحاف السادة للزبيد، ۲۸۸/۵
الجامع الصغير للسيوطى، ۵۲۲/۲ ☆

کہ معاذ اللہ گناہ میں مبتلا ہونے کا ظن غالب ہے تو ایسی عورتوں کو نکاح کرنا واجب ہے۔

۴۔ بلکہ بے نکاح معاذ اللہ وقوع حرام کا یقین کلی ہو تو انہیں فرض قطعی۔ یعنی جبکہ اسکے سوا کثرت روزہ وغیرہ معالجات سے تسکین متوقع نہ ہو۔ ورنہ خاص نکاح فرض واجب نہ ہوگا بلکہ دفع گناہ جس طریقہ سے ہو۔ ایسی عورتوں کو بے شک نکاح پر جبر کیا جائے اگر خود نہ کریں گی وہ گنہگار ہوں گی۔ اور اگر انکے اولیا اپنے حد مقدور تک کوشش میں پہلو تہی کریں گے تو وہ بھی گنہگار ہوں گے۔

۵۔ اگر حاجت کی حالت اعتدال پر ہو۔ یعنی نہ نکاح سے بالکل بے پرواہی نہ اس شدت کا شوق کہ بے نکاح وقوع گناہ کا ظن یا یقین ہو ایسی حالت میں نکاح سنت ہے مگر بشرطیکہ عورت اپنے نفس پر اطمینان کافی رکھتی ہو۔ کہ مجھ سے ترک اطاعت اور حقوق شوہر کی اضاعت اصلاً واقع نہ ہوگی۔

۶۔ اگر ذرا بھی اسکا اندیشہ ہو تو اس کے حق میں نکاح سنت نہ رہے گا صرف مباح ہوگا بشرطیکہ اندیشہ حد ظن تک نہ پہونچے ورنہ اباحت جدا سرے سے ممنوع و ناجائز ہو جائے گا۔

فتاوی رضویہ ۵/۵۸۱

(۳) تین لوگ دو گنے اجر کے مستحق ہیں

۱۵۱۸۔ **عن** أبی موسی الأشعری رضی اللہ تعالیٰ عنه قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم: ثَلٰثَةٌ یُؤتَونَ أَجرَهُم مَرَّتَینِ، عَبدٌ أَدّٰی حَقَّ اللّٰهِ وَ حَقَّ مَوَالِیهِ، فَذٰلِكَ یُؤتٰی أَجرَهُ مَرَّتَینِ، وَ رَجُلٌ كَانَت عِندَهُ جَارِیَةٌ وَ ضِیئَةٌ فَأَدَّبَهَا فَحَسَّنَ أَدَبَهَا ثُمَّ أَعتَقَهَا ثُمَّ تَزَوَّجَهَا یَبتَغِی بِذٰلِكَ وَجهَ اللّٰهِ فَذٰلِكَ یُؤتٰی أَجرَهُ مَرَّتَینِ، وَ رَجُلٌ اٰمَنَ بِالكِتَابِ الأَوَّلِ ثُمَّ جَاءَهُ الكِتَابُ الاٰخَرُ فَاٰمَنَ بِهِ فَذٰلِكَ یُؤتٰی أَجرَهُ مَرَّتَینِ۔

۱۵۱۸۔ الجامع للترمذی، باب ما جاء فی فضل عتق الامة وتزویجها۔ ۱/۱۳۲
الجامع الصحیح للبخاری، باب تعلیم الرجل امته و اهله ۱/۲۰
المسند لاحمد بن حنبل، ۴/۴۰۵ ☆ الصحیح لابی عوانة، ۱/۱۰۳
شرح السنة للبغوی، ۱/۵۳ ☆ المعجم الصغیر للطبرانی، ۱/۴۴
التفسیر لابن کثیر، ۱/۶۷ ☆ التفسیر للطبری، ۲۷/۱۴۰
التفسیر للقرطبی، ۴/۳۲۲ ☆ الترغیب والترهیب للمنذری، ۳/۲۵
الدر المنثور للسیوطی، ۵/۱۲۳ ☆ کنز العمال للمتقی، ۴۳۲۵۲، ۱۵/۸۱۸

حضرت موسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تین اشخاص کودوگنا ثواب ملتا ہے۔ پہلا وہ بندہ جس نے اللہ تعالیٰ اور اپنے آقا کا حق ادا کیا ہو۔ تو اسکو دوگنا ثواب ملتا ہے۔ دوسرا وہ شخص جس کے پاس حسین وجمیل باندی تھی۔ پھر اس نے اسکو اچھی طرح ادب سکھایا۔ پھر اس نے اس کو محض اللہ تعالیٰ کی رضا کیلئے آزاد کر کے اپنے نکاح میں لے لیا۔ اس کو بھی دوگنا ثواب ملتا ہے۔ تیسرا وہ شخص کہ اہل کتاب تھا۔ پھر اس نے قرآن کریم کو بھی کلام الٰہی تسلیم کیا اور اس پر ایمان لے آیا۔ تو ایسے شخص کو بھی دوگنا ثواب ملتا ہے۔ فتاوی رضویہ ۵/۲۲۷

(۴) بچوں کی پرورش کی خاطر نکاح ثانی نہ کرنے والی عورت جنتی ہے

۱۵۱۹۔ **عن** عوف بن مالك الاشجعي رضي الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: أَنَا وَ امْرَأَةٌ سُفْعَاءُ الْخَدَّيْنِ كَهَاتَيْنِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، و أومٰى بيديه يزيد بن زريع رضي الله تعالىٰ عنه الوسطى والسبابه، امرأة مات زوجها ذات منصب وجمال حبست نفسها على يتاماه حتى بانوا او ماتوا۔

حضرت عوف بن مالک اشجعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: قیامت کے دن میں اور سیاہ چہرے والی عورت ان دو انگلیوں کی طرح متصل ہونگے۔ اور سرکار نے اپنے ہاتھ سے یزید بن زریع کی طرف اشارہ کرتے ہوئے انگشت شہادت اور بیچ کی انگلی کو ملایا۔ اس عورت سے مراد وہ عورت ہے جسکا شوہر انتقال کر جائے اور وہ عورت عزت والی وخوبصورت ہو لیکن پھر بھی اس نے اپنے یتیم بچوں کی خاطر شادی نہیں کی یہاں تک کہ وہ یا تو جدا ہو گئے یا مر گئے۔

﴿۲﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

چہرہ کی رنگت بدلی ہوئی سیاہی مائل ہونا یہ کہ بے شوہری کے سبب بناؤ سنگار کی حاجت نہیں۔

۱۵۱۹۔ المسند لاحمد بن حنبل، ۶/۲۶ ☆ الترغیب والترهیب للمنذری، ۳/۳۴۸
المعجم الکبیر للطبرانی، ۱۸/۵۷ ☆ فتح الباری للعسقلانی، ۱۰/۴۳۶
المصنف لعبد الرزاق، ۲۰۰۹۱، ۱۱/۲۹۹ ☆ اتحاف السادة للزبیدی، ۵/۴۰۷
کنز العمال للمتقی، ۴۵۳۸۲، ۱۶/۴۵۰ ☆ مشکوة المصابیح للتبریزی، ۴۹۷۸

۱۵۲۰۔ **عن** اُم هانی بنت أبی طالب رضی الله تعالیٰ عنها قالت : خطبنی رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فقلت : مالی عنك رغبة ،یارسول الله ! ولکن لا اُحب أن أتزوج وبنی صغار ، قال رسو ل الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : خَیْرُ نِسَآءٍ رَکِبْنَ الْاِبِلَ نِسَآءُ قُرَیْشٍ ، أَحْنَاهُ عَلیٰ طِفْلٍ فِی صِغَرِهٖ وَاَرْعَاهُ عَلیٰ بَعْلٍ فِی ذَاتِ یَدِهٖ ۔

حضرت ام ہانی بنت ابی طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھے نکاح کا پیغام دیا۔میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! مجھے آپ سے بے رغبتی نہیں۔مگر مجھے یہ اچھانہیں لگتا کہ میں نکاح کرلوں اور میرے یہ چھوٹے چھوٹے بچے ہیں۔سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: عرب کی تمام عورتوں میں بہتر قریش کی عورتیں ہیں کہ اپنے بچے پر بچپن میں نہایت مہربان ہوتی ہیں اور شوہر کے مال کی خوب حفاظت کرتی ہیں۔

﴿۳﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

ابن سعد کی روایت میں اس طرح ہے۔کہ فرماتی ہیں: مجھے سرکار دوعالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نکاح کا پیام دیا تو میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! بیشک حضور مجھے اپنے کانوں اور اپنی آنکھوں سے زیادہ پیارے ہیں۔اور شوہر کا حق عظیم ہے۔میں ڈرتی ہوں کہ شوہر کا حق کہیں مجھ سے ادا نہ ہوسکے۔

نیز ابن سعد کی دوسری روایت میں ہے۔فرماتی ہیں: رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھے نکاح کا پیغام دیا تومیں نے عرض کیا: میرے یہ دو بچے ہیں۔ان میں سے ایک کو دودھ پلاتی ہوں اور دوسرے کو ساتھ سلانے کی وجہ سے مجبور ہوں۔

ام المؤمنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا واقعہ بھی کچھ اسی طرح ہے۔فرماتی ہیں: میں جب بیوہ ہوئی تو مجھے سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نکاح کا پیغام دیا میں نے منع کردیا۔پھر سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے پیغام دیا اس پر بھی انکار کردیا۔پھر

۱۵۲۰۔ تاریخ دمشق لابن عساکر، ۳۱۲/۱۰ ☆ مجمع الزوائد للهیثمی، ۲۷۱/۴
شرح السنة للبغوی، ۱۶۷/۱۴ ☆ کنز العمال للمتقی، ۳۴۴۱۹، ۱۴۶/۱۲
التفسیر لابن کثیر، ۲۲/۲ ☆

حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے پیام دیا۔ تو میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! میں رشک ناک عورت ہوں اور عیال دار ہوں اور میرا کوئی ولی حاضر نہیں۔

آپ کو اس بات کا خیال تھا کہ خدانخواستہ ازواج مطہرات پر مجھے رشک آئے۔

خلاصہ یہ کہ حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کے ان عذروں پر کچھ عتاب نہ فرمایا۔ اور نہ یہ ارشاد ہوا کہ تم سنت سے منکر ہوتی ہو تم پر شرعی الزام ہے۔

بلکہ عذر سنکر انکے علاج و جواب ارشاد فرمادیئے کہ تمہارے رشک کے لئے ہم دعا فرمائینگے۔ کہ اللہ تعالیٰ اسے دور کردے۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا۔ کہ ام المؤمنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا باقی ازواج مطہرات رضی اللہ تعالیٰ عنہن کے ساتھ اس طرح رہتی تھیں گویا یہ ازواج ہی سے نہیں۔ صلی اللہ تعالیٰ علی بعلہن و علیہن وبارک وسلم۔

اور فرمایا: تمہارے بچے اللہ ورسول کے سپرد ہیں۔ اور تمہارا کوئی ولی حاضر و غائب میرے ساتھ نکاح کو ناپسند نہ کرے گا۔

ابن عاصم کی روایت میں ہے۔ کہ منجملہ عذروں کے یہ بھی عرض کیا: کہ میری عمر زیادہ ہے۔ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: میں تم سے بڑا ہوں۔

ام المؤمنین نے ۶۰ھ یا ۶۱ھ یا ۶۲ھ میں وفات پائی۔ عمر شریف چوراسی برس ہوئی۔ امام واقدی اور کثیر علماء کا یہ ہی مذہب ہے۔ اور اصابہ میں یہ ہی منقول ہے۔ یہ ہی درست ہے۔ کما فی الزرقانی۔ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے آخر شوال ۴ھ میں ان سے نکاح فرمایا۔ ھو الصحیح کما فی الزرقانی۔ تو جس وقت ترک نکاح کیلئے عمر زیادہ ہونے کا عذر کیا تیس سال کی نہ تھیں یہ ہی کوئی چھبیس ستائیس برس کی عمر تھی۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔ یہ نکتہ بھی یاد رکھنے کے قابل ہے۔ فتاوی رضویہ ۵/۵۸۸

۱۵۲۱۔ عن أنس بن مالك رضي الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: أَيُّمَا امْرَأَةٍ قَعَدَتْ عَلىٰ بَيْتِ أَوْلَادِهَا فَهِيَ مَعِيَ فِي الْجَنَّةِ۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو عورت اپنی اولاد کی وجہ سے گھر بیٹھی رہے گی وہ جنت میں میرے

۱۵۲۱۔ کنز العمال للمتقی، ۴۵۱۳۷، ۱۶/۴۰۸

ساتھ ہوگی۔

۱۵۲۲۔ **عن** أبی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه قال : قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : أَنَا أَوَّلُ مَنْ يَفْتَحُ بَابَ الْجَنَّةِ، أَلَا إِنِّی أَرَی اِمْرَأَةً تُبَادِرُنِی فَأَقُولُ لَهَا: مَالَكِ وَمَنْ أَنْتِ ؟ فَتَقُولُ :أَنَا اِمْرَأَةٌ قَعَدْتُ عَلیٰ اِیْتَامٍ ۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں سب سے پہلے جنت کا دروازہ کھولوں گا۔لیکن سنو! میں ایک عورت کو دیکھوں گا جو جنت میں داخل ہونے کی مجھ سے آگے جلدی کریگی۔تو میں اس سے کہوں گا ۔تجھے کیا ہوا،اور تو کون ہے؟ وہ عورت عرض کرے گی: میں ایسی عورت ہوں کہ دنیا میں اپنے یتیم بچوں کی وجہ سے گھر میں بیٹھی رہی تھی۔

﴿۴﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا بہشت میں تشریف لیجانا بارہا ہوگا۔اولیت مطلقہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ خاص ہے۔دروازہ کھلنا حضور والا کیلئے ہوگا۔ رضوان جنت عرض کریگا: مجھے یہی حکم تھا کہ حضور سے پہلے کسی کیلئے نہ کھولوں۔حضور پر کوئی نبی مرسل بھی تقدیم نہیں پاسکتا۔صلی اللہ تعالیٰ علیہم وسلم اجمعین۔

یہ سب مضامین احادیث صحیحہ سے ثابت ہیں جن کی بعض فقیر نے اپنے رسالہ مبارکہ "تجلی الیقین بان نبینا سید المرسلین" میں ذکر کیں۔حضور کے بعد اور بندگان خدا جائینگے دروازہ کھلا پائینگے۔حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پہلے فتح باب فرما چکے ہونگے۔

قال تعالیٰ : جَنّٰتُ عَدْنٍ مُفَتَّحَةً لَهُمُ الْأَبْوَابُ،

یہاں جو اس عورت کا آگے ہونا وارد ہوا یہ اور بار کے تشریف لیجانے میں ہے۔جب اہتمام کارامت میں آمدورفت فرماتے ہونگے نہ کہ خاص بار اول میں۔وباللہ التوفیق۔

فتاوی رضویہ ۵/۵۹۰

۱۵۲۲۔ المسند لابی یعلی، ۶/۱۲۵ ☆ الترغیب والترهیب للمنذری، ۳/۳۴۹
فتح الباری للعسقلانی، ۱۰/۴۳۶ ☆ مجمع الزوائد للهیثمی، ۸/۱۶۲
المطالب العالیة لابن حجر، ۲۵۲۶ ☆

(۵) جنت میں دنیوی بیوی ملے گی

۱۵۲۳۔ **عن** أم المؤمنین أم سلمة رضی الله تعالیٰ عنها قالت : بلغنی أنه لیس المرأة یموت زوجها وهو من أهل الجنة وهی من أهل الجنة ، ثم لم یتزوج بعده الا جمع الله بینهما فی الجنة ۔

ام المؤمنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ مجھے یہ حدیث پہونچی کہ جس عورت کا شوہر مرجائے اور وہ دونوں جنتی ہوں۔ پھر اسکے بعد عورت نکاح نہ کرے تو اللہ تعالیٰ ان دونوں کو جنت میں جمع فرمائیگا۔

﴿۵﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

اسی بنا پر انہوں نے حضرت ابوسلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کہا تھا کہ آؤ ہم تم عہد کریں جو پہلے مرجائے دوسرا اسکے بعد نکاح نہ کرے۔ مگر یہ علم الہی میں امہات المؤمنین میں داخل ہونے والی تھیں۔ لہذا حضرت ابوسلمہ نے قبول نہ فرمایا۔

۱۵۲۴۔ **عن** سلمه بنت جابر رضی الله تعالی عنهما ان زوجها استشهد فاتت عبدالله بن مسعود رضی الله تعالیٰ عنه فقالت : انی امرأة استشهد زوجی وقد خطبنی الرجال فابیت ان اتزوج حتی القاه ،فترجولی ان اجتمعت انا وهو ان اکون من ازواجه ، قال : نعم ، فقال له رجل : مارأینا ك نقلت هذا مذقاعدناك ، قال :انی سمعت رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم یقول : اِنَّ أَسْرَعَ أُمَّتِی لِی لُحُوقًا فِی الْجَنَّةِ اِمْرَأَةٌ مِنْ أَحْمَسَ ۔

حضرت سلمہ بنت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ انکے شوہر شہید ہوگئے تو یہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئیں اور عرض کیا: میرے شوہر شہید ہوچکے ہیں۔ اور مجھے بہت سے لوگوں نے نکاح کا پیام دیا ہے۔ لیکن میں نے شادی کرنے سے انکار کردیا ہے۔ کہ میری ملاقات ان سے ہوگی۔ تو کیا آپ میرے لئے امید

۱۵۲۳۔ الطبقات الکبریٰ لابن سعد، ☆

۱۵۲۴۔ المسند لاحمد بن حنبل، ۴۰۳/۱ ☆ مجمع الزوائد للهیثمی، ۲۹۶/۵

کنز العمال للمتقی، ۳۴۴۱۴، ۱۴۵/۱۲ ☆ جمع الجوامع للسیوطی، ۶۱۸۲

کرتے ہیں کہ اگر ہم دونوں جنت میں جمع ہوئے تو میں انکی بیوی ہونگی؟ آپ نے فرمایا: ہاں، وہاں ایک مرد جو موجود تھے انہوں نے کہا: ہم نے اس طرح کی کوئی بات آپ کی مجلس میں اب تک نہیں سنی جب سے ہم نے آپ کی صحبت اختیار کی ہے۔ آپ نے فرمایا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا۔ میری امت میں سے وہ عورت جلد جنت میں پہونچے گی جس کا شوہر میدان جنگ میں شجاعت کے جوہر دیکھا کر شہید ہوا ہوگا۔

﴿۶﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

حضرت سید سعید شہید سیدنا امام حسین صلی اللہ تعالیٰ علی جدہ الکریم وعلیہ وبارک وسلم کی زوجہ مطہرہ حضرت رباب بنت امرئ القیس کہ حضرت علی اصغر وحضرت سکینہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی والدہ ماجدہ ہیں۔ بعد شہادت امام مظلوم رضی اللہ تعالیٰ عنہ بہت شرفائے قریش نے انہیں پیام نکاح دیا۔ آپ نے فرمایا: میں وہ نہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعد کسی کو اپنا خسر بناؤں۔ جب تک زندہ رہیں نکاح نہ کیا۔

مرثیہ حضرت امام انام رضی اللہ تعالیٰ عنہ میں فرماتی ہیں۔

واللہ لاابتغی صھر بصھر کم ۔ حتی اغیب بین الرمل والطین

خدا کی قسم! میں تمہارے رشتہ کے بعد کسی سے رشتہ نہ چاہوں گی۔ یہاں تک کہ ریت اور مٹی میں دفن کردی جاؤں۔ ذکرہ ھشام بن الکلبی۔

بلکہ علامہ ابو القاسم عماد الدین محمود ابن احمد فارابی ایک واقعہ ایک صحابیہ کا نقل کرتے ہیں۔ کہ ایک بی بی رباب نامی رضی اللہ تعالیٰ عنہا ایک شخص عمرو نامی کی زوجہ تھیں۔ انکے آپس میں عہد ہولیا تھا کہ جو پہلے مرے دوسرا تادم مرگ نکاح نہ کرے۔ عمرو کا انتقال ہوا۔ رباب ایک مدت تک بیوہ رہیں۔ پھر انکے باپ نے نکاح کردیا۔ اسی رات اپنے پہلے شوہر کو خواب میں دیکھا۔ انہوں نے کچھ شعر اس معاملہ کی شکایت میں پڑھے۔

یہ صبح کو خائف وترساں اٹھیں۔ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے حال عرض کیا: آپ نے حکم دیا کہ مرتے دم تک تنہائی سے جی بہلائیں اور اس شوہر کو حکم دیا کہ انہیں چھوڑ دیں۔ انہوں نے چھوڑ دیا۔ الاصابہ فی تمیز الصحابہ۔

فتاوی رضویہ ۵/۵۸۹

(۶) بالغہ کی شادی میں جلدی کرو

۱۰۲۵۔ **عن** أمير المؤمنين عمر الفاروق الاعظم رضى الله تعالىٰ عنه قال : قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم : مَكْتُوبٌ فِي التَّوْرَاةِ مَنْ بَلَغَتْ لَهُ ابْنَةُ اثْنَتَىْ عَشَرَةَ سَنَةً فَلَمْ يُزَوِّجْهَا فَأَصَابَتْ اِثْمًا فَاِثْمُ ذٰلِكَ عَلَيْهِ۔

امیر المؤمنین حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ توراۃ شریف میں فرماتا ہے: جس کی بیٹی بارہ برس کی عمر کو پہونچی اور اس نے اس کا نکاح نہ کیا، پھر یہ لڑکی گناہ میں مبتلا ہوئی تو اس کا گناہ اس شخص پر ہے۔

﴿۷﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

جب کنواری لڑکیوں کے بارے میں یہ حکم ہے بیاہیوں کا معاملہ تو اور سخت ہے کہ دختران دوشیزہ کو حیا بھی زائد ہوتی ہے گناہ میں تفضیح کا خوف بھی زائد۔ اور خود بھی اس لذت سے آگاہ نہیں۔ صرف ایک طبعی طور پر ناواقفانہ خطرات دل میں گزرتے ہیں۔ اور جب آدمی کسی خواہش کا لطف ایک بار پاچکا تو اب اسکا تقاضہ رنگ دگر پر ہوتا ہے۔ اور ادھر نہ ایسی حیا اور نہ وہ خوف واندیشہ۔ اللہ عزوجل مسلمانوں کو ہدایت بخشے۔

فتاوی رضویہ ۵/۵۸۰

(۷) عاقلہ بالغہ کو اپنے نفس کا اختیار ہے

۱۰۲۶۔ **عن** عبد الله بن عباس رضى الله تعالىٰ عنهما قال : قال رسول الله

۱۰۲۵۔ كنز العمال للمتقى، ۴۵۴۱۲، ۱۶/۴۵۶ ☆ اتحاف السادة للزبيد، ۲۷۴
الجامع الصغير للسيوطى، ۲/۱، ۵۰ ☆ شعب الايمان، للبيهقى،

۱۰۲۶۔ الصحيح لمسلم، باب استيذان الثيب فى النكاح، ۱/۴۵۵
الجامع للترمذى، باب ما جاء ان لا يخطب الرجل على خطبة اخيه، ۱/۱۳۵
السنن للنسائى، باب استيذان البكر فى نفسها، ۲/۶۳
المسند لاحمد بن حنبل، ۱/۲۱۹ ☆ السنن للدارمى، ۲/۱۳۸
اتحاف السادة للزبيدى، ۵/۲۲۶ ☆ السنن الكبرى للبيهقى، ۷/۱۱۵
السنن لسعيد بن منصور، ۵۶۷ ☆ المصنف لعبد الرزاق، ۱۰۲۸۶، ۶/۱۴۳
شرح السنة للبغوى، ۹/۳۰ ☆ مشكوة المصابيح للتبريزى، ۳۱۲۷
نصب الراية للزيلعى، ۳/۱۸۲ ☆ المصنف لابن ابى شيبة، ۴/۱۳۶

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم : اَلْاَیِّمُ اَحَقُّ بِنَفْسِهَا مِنْ وَّلِیِّهَا وَالْبِكْرُ تُسْتَاْذَنُ فِی نَفْسِهَا وَاِذْنُهَا صُمَاتُهَا۔

حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: عاقلہ بالغہ ولی کے مقابلہ میں اپنے نفس کی زیادہ حق دار ہے۔ اور دوشیزہ سے اسکے نفس کا اذن لیا جائے گا۔ اور اسکا سکوت بھی اذن ہے۔

﴿۸﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

ظاہر ہے کہ عورت سے اذن جبھی لیا جاتا ہے کہ عاقلہ بالغہ ہو۔ اور بے شک عاقلہ بالغہ کا اذن شرعا معتبر، اور بے شک دوشیزہ کا سکوت بھی اذن ہے۔ مگر یہ اسی وقت ہے جبکہ ولی اقرب اس سے اذن لے ورنہ مجرد خاموشی اذن نہ ٹھہرے گی۔ اور بے شک اکثر لوگ جو وکیل کئے جاتے ہیں اجنبی یا ولی بعید ہوتے ہیں۔ تو ایسی حالت میں اگر انہوں نے اذن لیا اور دوشیزہ نے سکوت کیا تو سرے سے انہیں کے لئے وکالت ثابت نہ ہوئی۔ اور اگر اس نے صاف ہوں کہہ دیا۔ یا ولی اقرب کے اذن لینے پر سکوت کیا تو اس کے لئے وکالت حاصل ہوگئی۔

فتاوی رضویہ ۵/۱۰۳

(۸) کسی کے پیغام نکاح پر پیغام نہ دو

۱۵۲۷۔ عن ابی هریرة رضی الله تعالیٰ عنه قال : قال رسول الله صلی الله تعالیٰ

۱۵۲۶۔ تاریخ بغداد للخطیب، ۵/۱۱۹ ☆ شرح معانی الآثار للطحاوی، ۳/۱۱
جامع مسانید ابی حنیفة، ۲/۱۱۹ ☆ السنن للدار قطنی، ۳/۲۴۲
۱۵۲۷۔ الجامع الصحیح للبخاری، لا یخطب علی خطبة اخیه، ۲/۷۷۲
السنن لابی داؤد، النکاح، باب فی کراهية ان یخطب الرجل علی خطبة اخیه ۱/۲۸۴
السنن للنسائی، باب النهی ان یخطب الرجل علی خطبة اخیه، ۲/۶۱
المسند لاحمد بن حنبل، ۲/۵۰۸ ☆ اتحاف السادة للزبیدی، ۶/۵۶
مسند ابی حنیفة، ۲/۱۶ ☆ المعجم الکبیر للطبرانی، ۷/۲۶۲
کنز العمال للمتقی، ۴۴۶۱۵، ۱۶/۳۰۵ ☆ مشکوة المصابیح للتبریزی، ۳۱۴۴
المطالب العالیة لابن حجر، ۳۰۳۹ ☆ شرح معانی الآثار للطحاوی، ۳/۴
فتح الباری للعسقلانی، ۹/۱۹۸ ☆ الدر المنثور للسیوطی، ۶/۹۲
المغنی للعراقی، ۲/۳۷ ☆ الکامل لابن عدی، ۵/۳۲۸
ارواء الغلیل للالبانی، ۶/۲۲۸ ☆

علیه وسلم : لَایَخْطُبُ الرَّجُلُ عَلیٰ خِطْبَةِ أَخِیْهِ حَتّٰی یَنْکِحَ أَوْ یَتْرُكَ ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کوئی شخص اپنے بھائی کے پیام پر پیام نہ دے جب تک کہ وہ نکاح نہ کرے یا اس رشتہ کو ختم نہ کردے۔ فتاوی رضویہ ۵/۵۷۷

۱۵۲۸۔ **عن** عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال : قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم : لَایَخْطُبُ الرَّجُلُ عَلیٰ خِطْبَةِ أَخِیْهِ وَلَایَسُمِ الرَّجُلُ عَلیٰ سَوْمِ أَخِیْهِ ۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کوئی شخص اپنے بھائی کے پیغام نکاح پر پیغام نہ دے۔ اور کوئی شخص اپنے بھائی کے بھاؤ پر بھاؤ نہ لگائے۔

(۹) متعہ حرام ہے

۱۵۲۹۔ **عن** سبرة بن معبد الجهنی رضی اللہ تعالیٰ عنه قال : قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم : یَا أَیُّهَا النَّاسُ ! اِنِّی کُنْتُ اَذِنْتُ لَکُمْ فِی الْاِسْتِمْتَاعِ مِنَ النِّسَآءِ ، وَاِنَّ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ قَدْ حَرَّمَ ذٰلِكَ اِلیٰ یَوْمِ الْقِیَامَةِ ۔

حضرت سبرہ بن معبد جہنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے لوگو! میں نے تمہیں متعہ کی اس سے پہلے اجازت دی تھی۔ اور اب بیشک اللہ تعالیٰ نے متعہ قیامت تک کیلئے حرام فرمادیا۔

۱۵۲۸۔ الصحیح لمسلم، باب تحریم الخطبة، ۴۵۴/۱
السنن لابن ماجه، لا یخطب الرجل، ۱۳۵/۱
المسند لاحمد بن حنبل، ۵۰۸/۶ ☆ اتحاف السادة للزبیدی، ۵۶/۶
کنز العمال للمتقی، ۴۴۶۱۵، ۳۰۵/۱۶ ☆ المغنی للعراقی، ۳۷/۲

۱۵۲۹۔ الصحیح لمسلم، باب المتعة، ۴۵۱/۱ ☆
السنن للدارمی، ۱۴۰/۲ ☆ السنن الکبری للبیهقی، ۲۰۳/۷
شرح السنة للبغوی، ۱۰۰/۹ ☆ الدر المنثور للسیوطی، ۱۴۰/۲
کنز العمال للمتقی، ۴۴۷۵۳، ۳۲۸/۱۶ ☆ نصب الرایة للزیلعی، ۱۷۷/۳
تلخیص الحبیر لابن حجر، ۱۵۵/۳ ☆ التفسیر للبغوی، ۵۰۹/۱
فتح الباری للعسقلانی، ۱۷۰/۹ ☆ التفسیر لابن کثیر، ۲۲۶/۱
السلسلة الصحیحة للالبانی، ۳۸۱ ☆ زاد المسیر لابن الجوزی، ۳/۲

۱۵۳۰۔ عن أمیر المؤمنین علی المرتضی کرم اللہ تعالیٰ وجھه الکریم قال : ان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم نهی عن نکاح المتعة یوم خیبر وعن لحوم الحمر الاهلیة۔

امیر المؤمنین حضرت علی مرتضی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے متعہ سے غزوۂ خیبر کے دن منع فرمایا اور گدھے کے گوشت سے بھی۔

۱۵۳۱۔ عن عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنهما قال : انما المتعة فی اول الاسلام ، کان الرجل یقدم البلد لیس له بها معرفة ، فیتزوج المرأة بقدر مایری أنه یقیم فتحفظ له متعة وتصلح له شیئه حتی اذا نزلت الآیه . اِلَّاعَلٰٓی أَزْوَاجِهِمْ أَوْمَامَلَکَتْ أَیْمَانُهُمْ ،قال ابن عباس : فکل فرج سواهما فهو حرام۔

حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ متعہ ابتدائے اسلام میں جائز تھا۔مرد کسی شہر میں جاتا جہاں کسی سے جان پہچان نہ ہوتی تو کسی عورت سے اتنے دنوں کیلئے عقد کر لیتا جتنے روز اسکے خیال میں وہاں ٹھہرنا ہوتا۔وہ عورت اسکے اسباب کی حفاظت ،اسکے کاموں کی درستگی کرتی۔جب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی ’’سب سے اپنی شرمگاہیں محفوظ رکھو سوا بیویوں اور کنیزوں کے‘‘ اس دن سے ان دو کے سوا تمام شرمگاہیں حرام ہوگئیں۔

۱۵۳۲۔ عن جابر بن عبد اللہ الانصاری رضی اللہ تعالیٰ عنه قال : تمتعنا نسوة فی غزوة تبوك ، فجاء رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم فنظر الیهن وقال : من هؤلاء النسوة ؟ قلنا : یارسول اللہ ! نسوة تمتعناهن، قال : فغضب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم حتی احمرت وجنتاه وتمعر وجهه وقام فیناخطیبا،فحمداللہ واثنی علیه ،ثم نهی عن المتعة۔

حضرت جابر بن عبد اللہ انصاری اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ غزوہ تبوک میں ہم نے کچھ عورتوں سے متعہ کیا۔اسی درمیان سرکار دوعالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہم میں تشریف

۱۵۳۰۔ الجامع للترمذی، باب فی النکاح ، المتعة، ۱۳۳/۱
۱۵۳۱۔ نصب الرایة للزیلعی، ۱۷۹/۳

لائے اوران عورتوں کودیکھ کرارشادفرمایا: یہ عورتیں کون ہیں؟ ہم نے عرض کیا: یارسول اللہ! ان سے ہم نے متعہ کیا ہے۔ یہ سن کر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے غضب فرمایا یہاں تک کہ دونوں رخسار مبارک سرخ ہوگئے اور چہرۂ مبارک کا رنگ بدل گیا۔ اسی وقت ہمارے درمیان کھڑے ہوکر خطبہ شروع کردیا اور حمد وثنا کے بعد متعہ کا حرام ہونا بیان فرمایا۔

فتاوی رضویہ ۵/۳۴۳

(۱۰) حضرت سیدہ فاطمہ کا نکاح

۱۰۳۳۔ **عن** أنس بن مالك رضى الله تعالىٰ عنه قال : جاء ابوبكر ثم عمر رضى الله تعالىٰ عنهما يخطبان فاطمة الى النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فسكت ولم يرجع اليهما شيئا ،فانطلقا الى على رضى الله تعالىٰ عنه بامر انه يطلب ذلك ، قال على كرم الله تعالىٰ وجهه الكريم فنبهانى لأمر كنت عنه غافلا ،فقمت اجر ردائى حتى أتيت النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فقلت :تزوجنى فاطمة ، قال : عندك شئ ؟ فقلت : فرسى وبدنى، قال : أَمَّا فَرَسُكَ فَلَابُدَّلَكَ مِنْهَا ، وَأَمَّابُدْنُكَ فَبِعْهَا، فَبِعْتُهَا بِأَرْبَعِ مِأةٍ وَثَمَانِيْنَ دِرْهَمًا ،فجئته بها فوضعتها فى حجره صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فقبض منها قبضة فقال : أَىْ بِلَالُ ! اِبْتَعْ بِهَا لَنَا طِيْبًا، وامرهم ان يجهزوها ،فجعل لها سرير مشروط ووسادة من أدم حشوها ليف ، وقال لعلى : إِذَا أَتَتْكَ فَلَا تُحْدِثْ شَيْئًا حَتّٰى آتِيَكَ، فجاء ت مع أم أيمن حتى قعدت فى جانب البيت وأنا فى جانب ،وجاء رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم الحديث ـ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت صدیق اکبر اور حضرت فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہما یکے بعد دیگرے سرکار کی خدمت میں حضرت فاطمہ کے بارے میں پیغام نکاح لیکر حاضر ہوئے۔ لیکن سرکار نے دونوں حضرات کو کوئی جواب نہیں دیا بلکہ دونوں مواقع پر سکوت فرمایا: تو یہ دونوں حضرات حضرت علی کے پاس تشریف لائے اور اسی بابت ان سے کہا: حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم فرماتے ہیں: ان دونوں حضرات نے مجھے ایسی چیز سے باخبر کیا جسکی طرف میری کوئی توجہ ہی نہیں تھی۔ لیکن ان دونوں حضرات

۱۰۳۳۔ السنن لابی داؤد، کتاب النکاح، ۲۸۹/۱
کنز العمال للمتقی، ۳۷۷۵۵، ۶۸۴/۱۳ ☆ موارد الظمآن للهیثمی، ۲۲۲۵

کے کہنے پر میں بے ساختہ اٹھ کھڑا ہوا اور جذبات سے مغلوب بارگاہ رسالت میں اس طرح حاضر ہوا کہ میری چادر زمین پر گھسٹ رہی تھی۔ میں نے عرض کیا: فاطمہ کی شادی مجھ سے فرمادیں۔ سرکار نے فرمایا: تمہارے پاس کچھ ہے؟ میں نے کہا: میرے پاس ایک گھوڑا اور ایک اونٹ ہے۔ سرکار نے فرمایا: گھوڑا تو تمہارے لئے ضروری ہے۔ لیکن اونٹ کو فروخت کردو۔ چنانچہ چارسواسی درہم میں اس کو میں نے فروخت کردیا اور ان دراہم کو لیکر سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر ہوگیا۔ حضور نے ان میں سے کچھ دراہم لئے اور حضرت بلال کو دیتے ہوئے فرمایا: کہ اس سے خوشبوخرید لاؤ۔ اور صحابہ کرام کو حکم دو کہ فاطمہ کیلئے جہیز تیار کریں۔ تو سرکار کی صاجزادی کا جہیز ایک بنی ہوئی چارپائی اور تکیہ جس میں کھجور کی چھال بھری تھی تیار کیا گیا پھر حضرت علی سے سرکار نے فرمایا: اس وقت تک کوئی نئی بات پیش نہ آئے جب تک میں تمہارے پاس نہ پہونچ جاؤں۔ پھر حضرت فاطمہ رخصت ہو کر حضرت ام ایمن کے ساتھ آئیں اور گھر کے ایک کنارے تشریف فرما ہوئیں۔ اور میں دوسری جانب میں مقیم ہوا کہ اتنے میں سرکار تشریف لے آئے۔ فتاوی رضویہ ۵/۴۹۴

(۱۱) ام المؤمنین حضرت عائشہ کا نکاح

۱۵۳۴۔ **عن** أم المؤمنين عائشة الصديقة رضى الله تعالىٰ عنها، ان النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم تزوجها و هى بنت سبع سنين و زفت اليه وهى بنت تسع سنين و لعبها معها، و مات عنها وهى بنت ثماني عشرة۔

ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے آپ سے نکاح فرمایا تو آپ کی عمر سات سال تھی اور جب رخصت ہوئیں تو عمر نو سال تھی یہاں تک کہ آپ کے کھلونے ساتھ میں گئے تھے۔ اور جب سرکار کا وصال اقدس ہوا تو عمر اٹھارہ سال کی تھی۔ فتاوی رضویہ ۵/۵۹۱

(۱۲) لڑکا بالغ ہو جائے تو نکاح کردو

۱۵۳۵۔ **عن** عبد الله بن عباس رضى الله تعالىٰ عنهما قال: قال رسول الله صلى

۱۵۳۴۔ الصحيح لمسلم، باب جواز تزويج الاب البكر، ۱/۴۵۶

۱۵۳۵۔ مشكوة المصابيح للتبريزى، ۳۱۲۸

اللہ تعالیٰ علیہ وسلم :مَنْ وُلِدَ لَهُ وَلَدٌ فَلْيُحْسِنْ اِسْمَهُ وَ أَدَبَهُ ، فَإِذَا بَلَغَ فَلْيُزَوِّجْهُ، فَإِنْ بَلَغَ وَ لَمْ يُزَوِّجْهُ فَأَصَابَ إِثْمًا فَإِنَّمَا إِثْمُهُ عَلَىٰ أَبِيهِ۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس کے کوئی بچہ پیدا ہو وہ اسکا اچھا نام رکھے اور اسے اچھا ادب دے، پھر جب بالغ ہو اس کا نکاح کردے۔ اور اگر وہ بالغ ہوا اور یہ اسکا نکاح نہ کرے اور اس سے کوئی گناہ صادر ہو تو بات یونہی ہے کہ اسکا گناہ اس کے باپ پر ہے۔

﴿۹﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

اور باپ پر گناہ ہونے سے یہ لازم نہیں آتا کہ اولاد پر نہ ہو جبکہ وہ مکلف ہو۔ خود حدیث میں بیان فرمایا: فاصابت اثما، اور فاصاب اثما۔ کہ گناہ کی نسبت لڑکی اور لڑکے کی طرف بھی ہے۔
فتاوی رضویہ ۵/

(۱۳) حضرت سلیمان علیہ السلام کی نوے یا سو بیویاں تھیں

۱۵۳۶۔ **عن** أبی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه قال : قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : قَالَ سُلَيْمَانُ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ والسَّلَامُ لَأَطُوفَنَّ اللَّيْلَةَ عَلَىٰ تِسْعِيْنَ امْرَأَةً (وفی رواية) بِمِائَةِ امْرَأَةٍ كُلُّهُنَّ تَاتِي بِفَارِسٍ يُجَاهِدُ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ، فَطَافَ عَلَيْهِنَّ جَمِيْعًا فَلَمْ تَحْمِلْ مِنْهُنَّ إِلَّا امْرَأَةٌ وَّاحِدَةٌ جَاءَتْ بِشِقِّ رَجُلٍ ، وَأَيْمُ اللّٰهِ الَّذِي نَفْسِي مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ لَوْ قَالَ: إِنْ شَاءَ اللّٰهُ لَجَاهَدُوْا فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ أَجْمَعُوْنَ۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: سلیمان علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا: قسم ہے آج کی رات میں نوے اور ایک روایت میں سو عورتوں پر طواف کرونگا کہ ہر ایک سے ایک سوار پیدا ہوگا جو اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کرے۔ پھر آپ نے ان پر طواف کیا تو صرف ایک بیوی حاملہ ہوئیں اور ان سے بھی کامل اعضاء والا بچہ نہ پیدا ہوا۔ حضور نے فرمایا: قسم بخدا، اگر آپ انشاء اللہ کہہ لیتے تو بیویوں سے مجاہدین ہی پیدا ہوتے۔
فتاوی رضویہ حصہ دوم ۹/۸۰

۱۵۳۶۔

۲۔ مہر

(۱) مہر کا بیان

۱۵۲۷۔ **عن** أمیر المؤمنین عمر الفاروق الاعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: ماعلمت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نکح شیئا من نسائہ ، و لا انکح شیئا من بناتہ علی أکثر من اثنتی عشرۃ أوقیہ۔

امیر المؤمنین حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نہیں جانتا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ازاج مطہرات میں سے کسی سے بارہ اوقیہ (تقریباً پانچ سو درہم) سے زیادہ پر نکاح کیا۔ اور نہ اپنی بنات طیبات میں سے کسی کا اس سے زیادہ پر نکاح کیا۔

(۱) امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

لیکن ام المؤمنین حضرت ام حبیبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت ابی سفیان خواہر حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما کہ انکا مہر ایک روایت پر چار ہزار درہم تھا۔ جیسا کہ سنن ابی داؤد میں ہے۔

۱۵۲۸۔ **عن** عروہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ عن ام حبیبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا انہا کانت تحت عبید اللہ بن جحش فمات بارض الحبشۃ فزوجہا النجاشی النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وامہرھا عنہ اربعۃ آلاف ،وبعث بہا الی رسو ل اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مع شرحبیل بن حسنۃ ،قال ابو داؤد :وحسنۃ ھی امہ ۔

حضرت عروہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضرت ام المؤمنین ام حبیبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کرتے ہیں کہ آپ پہلے حضرت عبید اللہ بن جحش کے نکاح میں تھیں۔ انکا وصال حبشہ میں ہوگیا۔ تو وہاں کے بادشاہ حضرت اصحمہ نجاشی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے آپکو حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے نکاح میں چار ہزار درہم کے عوض دیدیا۔ اور حضرت شرحبیل بن حسنہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھ آپکی خدمت میں بھیج دیا۔ ابوداؤد کہتے ہیں: حسنہ حضرت شرحبیل کی

۱۵۲۷۔ السنن لابن ماجہ، باب صداق النساء، ۱۳۵/۱

۱۵۲۸۔ السنن لابی داؤد، باب الصداق، ۲۸۷/۱

والدہ کا نام ہے۔

دوسری روایت میں چار ہزار دینار تھا۔ جیسا کہ حاکم نے مستدرک میں روایت کر کے اسکو صحیح قرار دیا۔ اور امام ذہبی نے اسکو باقی رکھا۔

لیکن یہ سب کچھ ہماری پیش کردہ حدیث کے خلاف نہیں جو ہم نے حضرت فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی۔ کیونکہ یہ چار ہزار کا مہر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی جانب سے نہیں تھا۔ بلکہ شاہ حبشہ حضرت نجاشی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی طرف سے تھا۔

اور حضرت بتول زہراء رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا مہر اقدس چار سو مثقال چاندی تھا۔ جیسا کہ مرقات، مواہب لدنیہ اور روضۃ الاحباب میں منقول ہے۔ درہم شرعی کا وزن ۳/ ماشہ ۱-۵/۱ سرخ چاندی ہے۔ اور دینار ایک مثقال یعنی چار ماشہ سونا۔ یہی وزن سبعہ ہے۔ یعنی سات مثقال وزن میں برابر دس درہم کے۔ اور باعتبار قیمت ایک دینار شرعی دس درہم کا تھا۔

فتاوی رضویہ ۵/۴۸۶

۱۰۳۹۔ عن أبی سلمة رضی الله تعالیٰ عنه قال : سألت أم المؤمنين عائشة الصديقة رضی الله تعالیٰ عنها كم كان صداق النبی صلی الله تعالیٰ عليه وسلم؟ قالت : كان صداقه لأزواجه ثنتی عشرة أوقيه و نش ، قالت أتدری ، ما النش ؟ قلت: لا ، قالت : نصف أوقية ، فتلك خمس مأة دراهم ۔

حضرت ابو سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مہر کے بارے میں دریافت کیا تو فرمایا: سرکار کا مہر ساڑھے بارہ اوقیہ چاندی (پانچ سو درہم) تھا۔ ام المؤمنین نے فرمایا: نش جانتے ہو کسے کہتے ہیں؟ میں نے کہا: نہیں۔ فرمایا: نصف اوقیہ کو کہتے ہیں۔ تو یہ پانچ سو درہم ہوئے۔

فتاوی رضویہ ۵/۴۸۶

۱۰۳۹۔ الصحیح لمسلم، کتاب النکاح، ۲/۴۵۸

(۲) مہر سیدہ فاطمہ

۱۰۴۰۔ **عن** عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: لما تزوج علی فاطمۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہا قال لہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اعطہا شیئا، قال:ماعندی شیء ، قال : أَیْنَ دِرْعُکَ الْحُطِیْمَۃُ ۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ جب حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم کا نکاح حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے ہوا تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے علی! تم فاطمہ کو بطور مہر کچھ ادا کرو۔ حضرت علی نے عرض کیا: یارسول اللہ میرے پاس کچھ نہیں جو میں پیش کروں۔ سرکار نے فرمایا: تمہاری وہ زرہ کیا ہوئی جو حطیمہ کی بنی ہوئی ہے۔

۱۰۴۱۔ **عن** رجل من أصحاب النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان علیا کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم لما تزوج فاطمۃ بنت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم أرادأن یدخل بہا فمنعہ رسول اللّٰہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حتی یعطیہا شیئا ، فقال: یارسول اللہ ! لیس لی شیء ،فقال لہ النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: أَعْطِہَا دِرْعَکَ افأعطاہا درعہ ثم دخل بہا ۔

ایک صحابی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم نے جب حضرت فاطمہ زہراء رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے نکاح کیا اور دخول کا ارادہ کیا تو سرکار نے منع فرمایا۔ کہ پہلے بطور مہر کچھ ادا کرو۔ آپ نے عرض کیا: یارسول اللہ! میرے پاس کچھ نہیں ہے۔ اس پر حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم اپنی زرہ دیدو! تو حضرت علی نے زرہ دی پھر دخول واقع ہوا۔

۱۰۴۰۔ السنن لابی داؤد، باب الرجل یدخل امراتہ ، ۲۸۹/۱
السنن للنسائی، باب تحلۃ الخلوۃ ، ۷۶/۲
السنن الکبری للبیہقی، ۲۳٤/۷ ☆ تاریخ بغداد للخطیب، ۲۸۳/٤
دلائل النبوۃ للبیہقی، ۱٦۱/۳ ☆ مجمع الزوائد للہیثمی، ۲۸۳/٤
کنز العمال للمتقی، ۲٦۳۷۹، ۱۱۷/۱۲ ☆ السنن لسعید بن منصور، ٦۰۰
۱۰٤۱۔ السنن لابی داؤد، باب الرجل یدخل امراتہ ، ۲۸۹/۱
السنن الکبری للبیہقی، ۲۵۲/۷ ☆ المعجم الکبیر للطبرانی، ۳۵۵/۱۱
المصنف لابن ابی شیبۃ، ۱۹۹/٤ ☆

۱۰۴۲۔ **عن** نجیح رضی اللہ تعالیٰ عنہ عن رجل سمع علیا کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم یقول : اردت ان اخطب الی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ابنتہ فقلت : واللہ مالی من شئ ثم ذکرت صلتہ وعائدتہ ،فخطبتہا الیہ ،فقال : وہل عندک شئ ،قلت : لا ،قال : وَأَیْنَ دِرْعُکَ الْحَطِیْمَةُ الَّتِی أَعْطَیْتُکَ یَوْمَ کَذَا وَکَذا، قلت :ہو عندی ،قال: أَعْطِہَا اِیَّاہَا ۔

حضرت نجیح رضی اللہ تعالیٰ عنہ صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین میں سے ایک صاحب سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم کو فرماتے سنا: کہ میں نے ارادہ کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی صاحبزادی کے بارے میں پیغام دوں ۔لیکن خدا کی قسم !میرے پاس کچھ نہیں تھا۔پھر مجھے حضور کی صلہ رحمی اور نوازشات یاد آئیں اور میں نے پیغام دیا تو سرکار نے فرمایا:تمہارے پاس کچھ ہے۔میں نے کہا نہیں۔سرکار نے ارشاد فرمایا:تمہاری وہ زرہ کہاں ہے جو میں نے تم کو فلاں دن دی تھی؟میں نے عرض کیا:وہ میرے پاس ہے۔فرمایا:وہی مہر میں ادا کردو۔

۱۰۴۳۔ **عن** علی المرتضی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم رضی اللہ تعالیٰ عنہ انہ خطب فاطمة رضی اللہ تعالیٰ عنہا ،فقال لہ النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم : ہَلْ عِنْدَکَ مِنْ شَیْءٍ ، قلت : لا ، قال : فَمَافَعَلْتَ الدِّرْعَ الَّتِی سَلَحْتُکَہَا ،یَعْنِی مِنْ مَغَانِمَ بَدْرٍ ۔

حضرت علی مرتضی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے روایت ہے کہ انہوں نے حضرت فاطمہ زہراء رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے بارے میں پیغام دیا تو حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کیا تمہارے پاس کچھ ہے؟ میں نے کہا:نہیں۔تو سرکار نے فرمایا:تم نے اس زرہ کا کیا کیا جو میں نے تم کو غزوۂ بدر کے مال غنیمت سے دی تھی۔

۱۰۴۴۔ **عن** أنس رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال : قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ

۱۰۴۲۔ المسند لاحمد بن حنبل، ۸۰/۱

۱۰۴۳۔ السیرة الکبری لابن اسحاق۔

۱۰۴۴۔ مجمع الزوائد للهیثمی، ۲۰۴/۹ ☆ جمع الجوامع للسیوطی، ۴۷۱۰
کنز العمال للمتقی، ۳۲۸۹۱، ۶۰۰/۱۱ ☆ اللآلی المصنوعة للسیوطی، ۲۰۵/۱
المعجم الکبیر للطبرانی، ۱۹۴/۱۰ ☆ میزان الاعتدال، ۵۲۸۰

وسلم : اِنَّ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ اَمَرَنِی اَنْ اُزَوِّجَ فَاطِمَةَ مِنْ عَلِیِّ بْنِ اَبِی طَالِبٍ ،رضی اللّٰه تعالیٰ عنه ، فَاشْهَدُوْا اِنِّی قَدْ زَوَّجْتُهٗ عَلٰی اَرْبَعِ مِأَةِ مِثْقَالٍ فِضَّةً اِنْ رَضِیَ بِذٰلِكَ عَلِیٌّ ،ثم دعا النبی صلی اللّٰه تعالیٰ علیه وسلم بطبق من بسر ،ثم قال : اِنْتَهِبُوْا ! فانتهبنا ،ودخل علی فتبسم النبی صلی اللّٰه تعالیٰ علیه وسلم فی وجهه ،ثم قال : اِنَّ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ اَمَرَنِی اَنْ اُزَوِّجَكَ فَاطِمَةَ عَلٰی اَرْبَعِ مِأَةِ مِثْقَالٍ فِضَّةً ،اَرَضِیْتَ بِذٰلِكَ ؟ فقال: قد رضیت بذلك ،یارسول اللّٰه ! فقال صلی اللّٰه تعالیٰ علیه وسلم : جَمَعَ اللّٰهُ شَمْلَكُمَا وَاَعَزَّ جَدَّكُمَا وَبَارَكَ عَلَیْكُمَا وَاَخْرَجَ مِنْكُمَا كَثِیْرًا طَیِّبًا، قال انس: فواللّٰه! لقد اخرج منهما الکثیر الطیب ۔

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے حکم دیا کہ میں فاطمہ کی شادی علی ابن طالب سے کردوں ۔ لہذا تم سب حضرات گواہ رہو کہ میں نے فاطمہ کو علی کے نکاح میں چارسو مثقال چاندی کے عوض دیا اگر علی اس سے راضی ہوں ۔ پھر حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک طبق کھجوریں منگائیں اور فرمایا: لوٹ لو۔لہذا ہم سب نے وہ کھجوریں لوٹ لیں ۔ اسکے بعد حضرت علی داخل ہوئے تو سرکار مسکرائے اور فرمایا: اے علی! مجھے اللہ تعالیٰ کی طرف سے یہ حکم ملا ہے کہ میں فاطمہ کو تمہارے نکاح میں چارسو مثقال چاندی کے عوض دیدوں ،تو کیا تم اس سے راضی ہو؟ حضرت علی نے عرض کیا میں راضی ہوں یارسول اللہ! پھر سرکار دوعالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ تم دونوں کی چادر کو جمع فرمائے ،تمہارے خاندان کو عزت دے ،تم میں برکت رکھے ،اورتم سے خیر کثیر کو عالم میں پھیلائے ۔ حضرت انس فرماتے ہیں: قسم خدا کی! سرکار کی یہ دعا ایسی دعا قبول ہوئی کہ دونوں پاک ہستیوں سے اللہ تعالیٰ نے خیر کثیر کو عالم میں خوب خوب عام فرمایا۔

﴿۲﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

مہر اقدس سیدۃ النساء بتول زہراء صلی اللہ تعالیٰ علی ابیہا الکریم وعلیہا وسلم میں روایات بظاہر مختلف ہیں ۔ مگر بتوفیق اللہ تعالیٰ ان سب میں تطبیق بروجہ نفیس و دقیق حاصل ہے ۔

۱۵٤٤۔ تنزیه الشریعة لابن عراق، ۱/۴۱۰ ☆ لسان المیزان لابن حجر، ۱۲۶/۴
الموضوعات لابن الجوزی، ۱/۴۱۵ ☆ الفوائد المجموعة، ۳۹۰

مندرجہ بالا تفصیل سے معلوم ہوا کہ اس بارے میں روایات متندہ معتد بہا تین ہیں۔

(۱) یہ کہ مہر مبارک درم و دینار نہ تھے بلکہ ایک زرہ کہ حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت امیر المؤمنین مولی المسلمین کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم کو عطا فرمائی تھی۔ وہی مہر میں دی گئی۔

(۲) یہ کہ چار سو اسی درہم تھے۔

(۳) یہ کہ چار سو مثقال چاندی۔

انکے علاوہ جو اقاویل مجہولہ ہیں کہ پانسو درم مہر تھا۔ یا چالیس مثقال سونا۔ سب بے اصل ہیں۔

اب بتوفیقہ تعالیٰ توفیق سنئے!

پہلی دو روایتوں میں وجہ تطبیق ظاہر ہے کہ مہر میں زرہ دی کہ چار سو اسی کو بکی۔ اب چاہے زرہ کہیئے خواہ اتنے درم۔ حافظ محب الدین احمد بن عبد اللہ طبری نے دونوں روایات میں اسی طرح توفیق کی۔ اور روایت ثالثہ سے انکی توفیق یوں ہے کہ حدیث زرہ کو ہمارے علمائے کرام نے مہر معجل پر محمول فرمایا جو وقت زفاف اقدس ادا کیا۔ ملا علی قاری اور محقق علی الاطلاق نے اسی کو بیان فرمایا۔ کہ اہل عرب کی عادت یہ ہی تھی کہ دخول سے قبل، کچھ مہر ضرور ادا کیا کرتے تھے۔ یہاں تک کہ ایسی ہی روایت کی بنیاد پر بعض ائمہ کرام کا مسلک یہی ہے کہ مہر معجل ہونا ضروری ہے۔

فتاوی رضویہ ۵/۴۹۴

۳۔ حسن معاشرت

(۱) عورتوں سے حسن سلوک

۱۰۴۵۔ **عن** أبي هريرة رضي الله تعالىٰ عنه قال : قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم : أَكْمَلُ الْمُؤْمِنِيْنَ إِيْمَانًا أَحْسَنُهُمْ خُلُقًا ، وَخِيَارُكُمْ خِيَارُكُمْ لِنِسَائِهِمْ ۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مومن کامل وہ ہے جس کا اخلاق اچھا ہو، اور تم میں بہتر شخص وہ ہے جو اپنی عورتوں سے اچھے طریقے پر پیش آئے۔

۱۰۴۶۔ **عن** عبد الله بن عباس رضي الله تعالىٰ عنهما قال : قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم : خَيْرُكُمْ خَيْرُكُمْ لِأَهْلِهِ وَأَنَا خَيْرُكُمْ لِأَهْلِي ۔

۱۰۴۵۔ الجامع للترمذي، باب حق المرأة على الزوج ۱/۱۳۸

المسند لأحمد بن حنبل، ۲/۲۵۰ ☆ السنن للدارمي، ۲/۳۲۳

المستدرك للحاكم، ۱/۳ ☆ المعجم الصغير للطبراني، ۱/۲۱۸

موارد الظمآن للهيثمي، ۱۳۱۱ ☆ مجمع الزوائد للهيثمي، ۵/۳۰۳

المطالب العالية لابن حجر، ۲۰۴۱ ☆ الترغيب والترهيب للمنذري، ۳/۴۱۱

حلية الأولياء لأبي نعيم، ۹/۲۴۸ ☆ فتح الباري للعسقلاني، ۱۰/۲۵۸

مشكوة المصابيح للتبريزي، ۳۲۶۴ ☆ اتحاف السادة للزبيدي، ۵/۳۵۵

المغني للعراقي، ۲/۴۵ ☆ كشف الخفا للعجلوني، ۱/۲۰۰

السلسلة الصحيحة للألباني، ۷۵۱ ☆ التاريخ الكبير للبخاري، ۲/۱۳۰

عمل اليوم والليلة لابن السني، ٦٤ ☆ الدر المنثور للسيوطي، ۲/۷٤

التمهيد لابن عبد البر، ۹/۲۳۷ ۷ ☆ كنز العمال للمتقي، ٥١٢٠

تاريخ اصفهان لأبي نعيم، ۲/٦٧ ☆ الجامع الصغير للسيوطي، ۱/۸۸

۱۰۴٦۔ السنن لابن ماجه، باب حسن معاشرة النساء ۱/۱٤۳

السنن للدارمي، ۲/۱۵۹ ☆ السنن الكبرى للبيهقي، ۷/٤٦۸

موارد الظمآن للهيثمي، ۱۳۱۲ ☆ مجمع الزوائد للهيثمي ٤/۳۰۳

المعجم الكبير للطبراني، ۱۹/۳٦۳ ☆ مشكل الآثار للطحاوي، ۳/۲۱۱

السلسلة الصحيحة للألباني، ٤٦٢ ☆ اتحاف السادة للزبيدي، ۵/۳۵۵

الطبقات الكبرى لابن سعد، ۸/۱٤۱ ☆ كنز العمال للمتقي، ٤٤٩٤١، ١٦/٣٧١

الطبقات الكبرى لابن سعد، ۸/۱٤۱ ☆ مشكوة المصابيح للتبريزي، ۳۲۵۲

حلية الأولياء لأبي نعيم، ۷/۱۳۸ ☆ الجامع الصغير للسيوطي، ۱/۲۰۰

حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم میں بہتر وہ ہے جو اپنے اہل وعیال کیلئے بہتر سلوک کرے۔ اور میں اپنے اہل پر تم میں بہتر ہوں۔

﴿۱﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

ہر چند کہ اللہ تعالیٰ نے مردوں کو عورتوں پر فضیلت دی۔

الرجال قوامون على النساء بما فضل الله بعضهم على بعض وبما انفقوا من اموالهم ، یہاں تک کہ حدیث میں آیا۔ کہ اگر کسی کیلئے سجدہ کا حکم دیتا تو عورت کو حکم دیتا کہ مرد کو سجدہ کرے۔ مگر عورتوں کو بے وجہ شرعی ایذا دینا ہرگز جائز نہیں۔ بلکہ انکے ساتھ نرمی اور خوش خلقی اور انکی بدخوئی پر صبر اور انکی دلجوئی اور جن چیزوں میں مخالفت شرع نہیں انکی مراعات شارع کو پسند ہے۔ اور جس طرح اللہ تعالیٰ نے مردوں کے حق ان پر مقرر فرمائے انکے حق بھی مردوں پر مقرر فرمائے۔ ولهن مثل الذى عليهن بالعروف ، از آنجملہ کھلانے پہنانے وغیرہما امور اختیاریہ میں چند بیویوں کو برابر رکھنا واجب ہے۔ یہاں تک کہ اگر فرق کریگا قیامت کے دن ایک طرف جھکا اٹھیگا۔　　فتاوی رضویہ ۵/۵۷۱

(۲) عورت کو حسن تدبیر سے سیدھا رکھو

۱۰۴۷۔ **عن** أبى هريرة رضى الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: اِنَّ الْمَرْأَةَ خُلِقَتْ مِنْ ضِلَعٍ ،لَنْ تَسْتَقِيْمَ لَكَ عَلىٰ طَرِيْقَةٍ، فَاِنْ اسْتَمْتَعْتَ اِسْتَمْتَعْتَ بِهَا ،وَبِهَا عِوَجٌ ،وِاِنْ ذَهَبْتَ تُقِيْمُهَا كَسَرْتَهَا ،وَكَسْرُهَا طَلَاقُهَا۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: عورت ٹیڑھی پسلی سے پیدا کی گئی ہے۔ ہرگز کسی طرح تیرے لئے سیدھی نہ ہوگی ، اگر تو اس سے نفع حاصل کرنا چاہتا ہے تو نفع حاصل کرلے۔ اور اگر سیدھی کرنے کی کوشش کی تو تو اسکو (سیدھا نہیں کرسکے گا بلکہ) توڑ دیگا۔ اور اسکو توڑنا طلاق دینا ہے۔

۱۰۴۷۔ الصحيح لمسلم ، باب الوصية بالنساء ، ۱/۴۷۵
اتحاف السادة للزبيدى ، ۵/۳۶۰ ☆ المسند للحميدى ، ۱۱۶۸
جمع الجوامع للسيوطى ، ۷۸۷۴ ☆

(۳) عورتوں کو نہ ستاؤ

۱۰۴۸۔ **عن** أیاس بن عبد الله رضی الله تعالیٰ عنه قال : قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم :لَقَدْطَافَ بِآلِ مُحَمَّدٍ نِسَآءٌ كَثِيْرٌ يَشْكُوْنَ أَزْوَاجَهُنَّ ،لَيْسَ أُولٰٓئِكَ بِخِيَارِكُمْ ۔

حضرت ایاس بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: آج کی رات بہت سی عورتوں نے ہماری بارگاہ اقدس کا طواف کیا۔وہ اپنے شوہروں کی شکایت کرتی تھیں۔وہ تم میں کے بہتر لوگ نہیں جو عورتوں کو ایذا دیتے ہیں۔

فتاوی رضویہ حصہ دوم ۹/۷۹

(۴) میاں بیوی کی محبت بے مثال چیز ہے

۱۰۴۹۔ **عن** محمد بن عبدالله جحش رضی الله تعالیٰ عنه قال : قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم :اِنَّ لِلزَّوْجِ مِنَ الْمَرْأَةِ لَشُعْبَةً مَاهِيَ لِشَيْءٍ ۔

حضرت محمد بن عبد اللہ جحش رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میاں بیوی کے درمیان اتنی محبت ہوتی ہے جو دوسرے کسی سے نہیں ہوتی۔

فتاوی رضویہ ۵/ ۲۶۵

(۵) عورت کو شوہر سے جدا کرنا حرام ہے

۱۰۵۰۔ **عن** أبی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه قال : قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : لَيْسَ مِنَّا مَنْ خَبَّبَ اِمْرَأَةً عَلٰى زَوْجِهَا أَوْ عَبْدًا عَلٰى سَيِّدِهٖ ۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: وہ شخص ہماری جماعت سے نہیں جس نے کسی عورت کو اسکے شوہر سے بگاڑا۔اور

۱۰۴۹۔ السنن الکبری للبیهقی، ۴/۶۶ ☆ المستدرک للحاکم ۴/۶۱
البدایة و النهایة لابن کثیر، ۴/۴۷ ☆ کنز العمال للمتقی، ۴۴۴۵۳، ۱۶/۲۷۸
۱۰۵۰۔ السنن لابی داود، باب من خبب امرأة، ۱/۲۹۶
المستدرک للحاکم ۲/۲۰۶ ☆ الترغیب و الترهیب للمنذری، ۳/۸۱
مجمع الزوائد للهیثمی، ۴/۳۳۲ ☆ الجامع الصغیر للسیوطی، ۲/۴۷
المصنف لعبدالرزاق، ۱۰۹۹۴، ۱۱/۴۰۶ ☆

جس نے کسی غلام کو اسکے آقا سے بگاڑا۔

(۶) دو بیویوں کے درمیان انصاف ضروری ہے

۱۵۵۱۔ **عن** أبی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم: مَنْ كَانَتْ لَهُ امْرَأَتَانِ فَمَالَ إِلَىٰ إِحْدٰهُمَا جَآءَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَشِقُّهُ مَائِلٌ۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس کی دو بیویاں ہوں اور پھر وہ ایک طرف جھکا رہے تو قیامت کے دن اس حال میں آئے گا کہ ایک طرف جھکا ہوگا۔

فتاوی رضویہ ۵/ ۵۷۱

(۷) ازواج کے درمیان باری مقرر کرنا

۱۵۵۲۔ **عن** أم المؤمنين أم سلمة رضی الله تعالیٰ عنها قالت: ان النبی صلی الله تعالیٰ عليه وسلم قال لها: إِنِّي لَا أَنْقُصُكِ شَيْئًا مِمَّا أَعْطَيْتُ فُلَانَةَ، رَحْيَيْنِ وَجَرَّتَيْنِ وَمِرْفَقَةً حَشْوُهَا لِيفٌ، إِنْ سَبَّعْتُ لَكِ سَبَّعْتُ لِنِسَائِي۔

ام المؤمنین ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا: میں نے ازواج مطہرات میں سے فلاں کو جو چیزیں عطا کی ہیں ان میں سے تمہارے لئے کوئی چیز کم نہیں کرونگا۔ دو چکیاں، دو مٹکے، ایک گدا جس میں کھجور کی چھال بھری ہوئی۔ اگر سات دن تمہارے یہاں قیام کروں گا تو سات دن باقی ازواج کیلئے۔

جد الممتار ۲/ ۴۵۰

۱۵۵۱۔ السنن لابی داؤد، باب القسم بین النساء، ۱/ ۲۹۰
الدر المنثور للسیوطی، ۲/ ۲۳۳ ☆ التفسیر لابن کثیر، ۲/ ۳۸۲
التفسیر للطبری، ۵/ ۲۵۳ ☆ کنز العمال للمتقی، ۴۴۸۱۹، ۱۶/ ۳۴۱
۱۵۵۲۔ المسند لاحمد بن حنبل، ۶/ ۲۹۲ ☆ المستدرك للحاکم ۲/ ۱۷۹
التمهید لابن عبد البر، ۳/ ۱۸۸ ☆ موارد الظمآن للهیثمی، ۱۲۸۲
ارواء الغلیل للالبانی، ۷/ ۸۳ ☆

۴۔ شوہر کے حقوق

(۱) بیوی پر شوہر کا حق

۱۵۵۳۔ عن أبی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه قال : جاء ت امرأة الی رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فقالت :یا رسول الله !اخبرنی ماحق الزوج علی الزوجة؟قال: لَوْ كَانَ يَنْبَغِي لِبَشَرٍ أَنْ يَسْجُدَ لِبَشَرٍ لَأَمَرْتُ الْمَرْأَةَ أَنْ تَسْجُدَ لِزَوْجِهَا إِذَا دَخَلَ عَلَيْهَا لِمَا فَضَّلَهُ اللّٰهُ عَلَيْهَا ۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر ایک عورت نے عرض کیا: یارسول اللہ! شوہر کا عورت پر کیا حق ہے ؟فرمایا: اگر کسی بشر کو لائق ہوتا کہ دوسرے بشر کو سجدہ کرے تو میں عورت کو حکم فرماتا کہ جب شوہر گھر میں آئے اسے سجدہ کرے، اس فضیلت کے سبب جو اللہ تعالیٰ نے اس پر رکھی ہے۔

۱۵۵۴۔ عن أبی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه قال : قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم :لَوْ كُنْتُ آمِرُ أَحَدًا أَنْ يَسْجُدَ لِأَحَدٍ لَأَمَرْتُ الْمَرْأَةَ أَنْ تَسْجُدَ لِزَوْجِهَا ۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر میں کسی کو حکم دیتا کہ وہ غیر خدا کو سجدہ کرے تو پہلے عورت کو حکم دیتا کہ وہ

۱۵۵۳۔ المستدرک للحاکم، ۱۸۹/۲ ☆ الدر المنثور للسیوطی، ۱۵۲/۲
الترغیب و الترهیب للمنذری، ۵۴/۳ ☆ دلائل النبوة لابی نعیم، ۱۳۵
۱۵۵۴۔ الجامع للترمذی، باب ما جاء فی حق الزوج علی المرأة ۱۳۸/۱
السنن لابی داؤد، باب حق الزوج علی المرأة، ۲۹۱/۱
المسند لاحمد بن حنبل، ۳۸۱/۴ ☆ المستدرک للحاکم، ۱۸۷/۲
کنز العمال للمتقی، ۴۴۷۷۳، ۳۳۲/۱۶ ☆ السنن الکبری للبیهقی، ۲۹۱/۷
ارواء الغلیل للالبانی، ۵۴/۷ ☆ المعجم الکبیر للطبرانی، ۲۳۷/۵
الدر المنثور للسیوطی، ۱۵۴/۲ ☆ الترغیب و الترهیب للمنذری، ۵۵/۳
دلائل النبوة لابی نعیم، ۱۳۶ ☆ المصنف لابن ابی شیبة، ۳۰۶/۴
التفسیر لابن کثیر، ۲۵۷/۲ ☆ المغنی لعراقی، ۵۹/۲
البدایة و النهایة لابن کثیر، ۱۵۷/۶ ☆ المغنی للعراقی، ۵۹/۲
علل الحدیث لابن ابی حاتم، ۲۲۵۰ ☆ کشف الخفاء للعجلونی، ۲۲۸/۲
امام ترمذی نے فرمایا یہ حدیث حسن غریب ہے ☆

اپنے شوہر کو سجدہ کرے۔۱۲م

۱۰۵۵۔ **عن** أبی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه قال : دخل النبی صلی الله تعالیٰ عليه وسلم حائطا ،فجاء بعير فسجدله ،فقالوا: هذه بهيمة لا تعقل سجدت لك ونحن نعقل ،فنحن أحق أن نسجدلك ،فقال رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم:لَایَصلَحُ لِبَشَرٍ أنْ یَّسجُدَ لِبَشَرٍ ،لَوْ صَلَحَ لَأمَرْتُ الْمَرْأةَ أنْ تَسْجُدَ لِزَوْجِهَا لِمَالَهٗ مِنَ الْحَقِّ عَلَیْهَا ۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک باغ میں تشریف لے گئے ۔ایک اونٹ نے حاضر ہوکر حضور کو سجدہ کیا۔صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین نے عرض کیا: یہ بے عقل چوپایہ ہے۔اس نے حضور کو سجدہ کیا،ہم تو عقل رکھتے ہیں تو ہمیں زیادہ لائق ہے کہ حضور کو سجدہ کریں۔فرمایا: آدمی کو لائق نہیں کہ آدمی کو سجدہ کرے،ایسا مناسب ہوتا تو میں عورت کو فرماتا: کہ شوہر کو سجدہ کرے اس حق کے سبب جو اس کا اس پر ہے۔

۱۰۵۶۔**عن** أنس بن مالك رضی الله تعالیٰ عنه قال : كان اهل بيت من الانصار لهم جمل يسنون عليه ،وان الجمل استصعب عليهم فمنعهم ظهره ،وان الانصار جاء وا الی رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم فقالوا :انه كان لنا جمل نسنی عليه وأنه استصعب علينا ومنعنا ظهره ، وقد عطش الزرع والنخل فقال رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم: لأصحابه، قوموا ،فقاموا فدخل الحائط والجمل فی ناحية ، فمشی النبی صلی الله تعالیٰ عليه وسلم نحوه فقالت الانصار :يا نبی الله ! انه قد صار مثل الكلب الكلب ،وانا نخاف عليك صولته،فقال:ليس علی منه بأس، فلما نظر الجمل الیٰ رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم اقبل نحوه حتی خر ساجدا بين يديه ،فأخذ رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم بنا صيته اذل

۱۰۵۵۔ كنز العمال للمتقی، ۴۴۷۷۷، ۱۶/۳۲۳ ☆ مجمع الزوائد للهيثمی، ۹/۴
الدر المنثور للسيوطی، ۲/۱۵۴ ☆ اتحاف السادة للزبيدی، ۲/۲۰۶
امام ا سیوطی نے مناہل الصفا میں اس حدیث کی سند کو حسن فرمایا۔

۱۰۵۶۔ المسند لاحمد بن حنبل، ۳/۱۵۹ ☆ الترغيب والترهيب للمنذری، ۳/۵۵
امام منذری نے اس حدیث کی سند کو جید کہا۔اور اسکے راوی مشاہیر ثقہ ہیں۔

ما كانت قط حتى أدخله في العمل ،فقال له أصحابه : يارسول الله !هذه بهيمة لاتعقل تسجدلك ونحن نعقل فنحن احق ان نسجد لك ؟ فقال :لَايَصلَحُ لِبَشَرٍ أنْ يَّسْجُدَ لِبَشَرٍ ،لَوْ صَلَحَ لَأمَرْتُ الْمَرْأةَ أنْ تَسْجُدَ لِزَوْجِهَا مِنْ عَظْمِ حَقِّهِ عَلَيْهَا، وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهٖ! لَوْ كَانَ مِنْ قَدَمِهِ اِلَىٰ مَفْرَقِ رَأْسِهٖ قُرْحَةٌ تَنْبَجِسُ بِالْقَيْحِ وَالصَّدِيْدِ ثُمَّ اسْتَقْبَلَتْهُ لِلَحْسَتِهٖ مَاأدَّتْ حَقَّهٗ ـ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک انصاری گھرانے کا اونٹ تھا جس پر وہ لوگ کھیتی کیلئے پانی لاد کر لاتے تھے۔ ایک دن وہ اونٹ قابو سے باہر ہوگیا اور پیٹھ پر بوجھ نہیں لادنے دیا۔ انصاری قبیلہ نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کیا: ہمارا ایک اونٹ تھا جس پر ہم پانی لاد کر لاتے تھے لیکن اب وہ ہمارے قابو سے باہر ہے۔ اور ہماری کھیتیاں اور کھجور کی فصلیں قحط کا شکار ہیں۔ حضور نے صحابہ کرام سے فرمایا: چلو چل کر دیکھیں حضور باغ میں تشریف لے گئے تو دیکھا کہ اونٹ ایک طرف کھڑا ہے۔ حضور اسکی طرف تشریف لے گئے۔ انصاری بولے: یارسول اللہ! یہ بورائے ہوئے کتے کی طرح ہورہا ہے۔ ہمیں خوف ہے کہ کہیں حضور پر حملہ کردے۔ فرمایا: مجھے اس سے کوئی خطرہ نہیں۔ جب اونٹ نے حضور کو دیکھا تو حضور کی خدمت میں حاضر ہوکر سجدہ میں گر پڑا۔ حضور سرکار دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس کی پیشانی پکڑی تو وہ ایسا تابع ہوگیا کبھی نہیں تھا یہاں تک کہ حضور نے اسکو کام پر لگادیا۔ صحابہ کرام نے عرض کیا: یارسول اللہ! یہ بے عقل جانور آپکو سجدہ کرتا ہے ہم تو ذی عقل ہیں۔ لہذا ہم اس بات کے زیادہ حق دار ہیں کہ حضور کو سجدہ کریں۔ فرمایا: کسی انسان کو یہ جائز نہیں کہ وہ کسی انسان کو سجدہ کرے۔ اگر کسی انسان کو سجدہ جائز ہوتا تو میں عورت کو حکم دیتا کہ وہ اپنے شوہر کو سجدہ کرے کہ شوہر کا بیوی پر نہایت حق عظیم ہے۔ قسم اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے! اگر شوہر کے قدم سے سر تک زخم ہو جس سے خون اور پیپ بہتا ہو۔ پھر وہ اسکو چاٹ کر صاف کرے جب بھی شوہر کے حق سے سبکدوش نہ ہو۔ ۱۲م

فتاوی رضویہ حصہ دوم ۹/۲۱۸

۱۵۵۷۔ **عن** أنس بن مالك رضی الله تعالیٰ عنه قال: دخل النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم حائطا للأنصار ومعه أبو بکر و عمر رضی الله تعالیٰ عنهما فی رجال من الأنصار ،وفی الحائط غنم فسجد ن له فقال أبو بکر : یا رسول الله! کنا نحن احق بالسجود دلك من هذه الغنم ، قال: اِنَّهٗ لَا یَنْبَغِی فِی اُمَّتِی اَنْ یَسْجُدَ اَحَدٌ لِاَحَدٍ ، وَلَوْ کَانَ یَنْبَغِی اَنْ یَسْجُدَ اَحَدٌ لِاَحَدٍ لَاَمَرْتُ الْمَرْاَۃَ اَنْ تَسْجُدَ لِزَوْجِهَا۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم انصار کے ایک باغ میں تشریف فرما ہوئے۔ صدیق وفاروق اور کچھ انصار رضی اللہ تعالیٰ عنہم ہمراہ رکاب تھے۔ باغ میں بکریاں تھیں۔ انہوں نے حضور کو سجدہ کیا۔ صدیق نے عرض کیا: یارسول اللہ! ان بکریوں سے ہم زیادہ حقدار ہیں اس کے کہ حضور کو سجدہ کریں۔ فرمایا: بیشک میری امت میں نہ چاہئے کہ کوئی کسی کو سجدہ کرے۔ اور ایسا مناسب ہوتا تو میں عورت کو شوہر کے سجدہ کا حکم فرماتا۔

۱۵۵۸۔ **عن** عبد الله بن أبی أوفی رضی الله تعالیٰ عنه قال: بینما نحن قعود مع رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم اذ أتاه آت فقال: یارسول الله ! ناضح آل فلان قد ابق علیهم ، فنهض رسول الله صلی الله تعالی علیه وسلم (فذکر القصة وفیه سجود البعیر له صلی الله تعالیٰ علیه وسلم)فقال اصحابه: یا رسول الله! بهیمة من البهائم تسجد لك لتعظیم حقك ، فنحن احق ان نسجد لك ، قال: لا ، لَوْ کُنْتُ آمُرَ اَحَدًا مِنْ اُمَّتِی اَنْ یَسْجُدَ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ لَاَمَرْتُ النِّسَآءَ اَنْ یَسْجُدْنَ لِاَزْوَاجِهِنَّ۔

حضرت عبد اللہ بن ابی اوفی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ہم خدمت اقدس حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں حاضر تھے، کسی نے آکر عرض کی: فلاں گھر کا شتر آبکش بے قابو ہوگیا۔ حضور اٹھے اور ہم ہمراہ رکاب اٹھے ہم نے عرض کی حضور اس کے پاس نہ جائیں،

۱۵۵۷۔ دلائل النبوۃ للبیهقی، ۱۳۶ ☆
ملا علی قاری اور علامہ خفاجی نے شرح شفا میں اس کی سند کو صحیح کہا

۱۵۵۸۔ دلائل النبوۃ للبیهقی، ۲۹/۶ ☆ دلائل النبوۃ لابی نعیم، ۱۳۷

حضور تشریف لے گئے۔ اونٹ کی نظر جمال انور پر پڑنا اور اسکا سجدہ میں گرنا ہم نے دیکھا۔تو صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین نے عرض کیا: یارسول اللہ! ایک چوپایہ تو حضور کی تعظیم حق کیلئے حضور کو سجدہ کرے، ہم زیادہ اس کے لائق ہیں کہ حضور کو سجدہ کریں۔فرمایا: نہیں، اگر میں اپنی امت میں ایک دوسرے کو سجدہ کا حکم دیتا تو عورتوں کو فرماتا کہ شوہروں کو سجدہ کریں۔

۱۰۵۹۔ **عن** یعلی بن مرۃ الثقفی رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال : خرج النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یوما فجاء بعیر یرغو حتی سجد لہ ، فقال المسلمون : نحن احق أن نسجد للنبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فقال: لَوْ كُنْتُ آمُرُ أَحَدًا أَنْ يَّسْجُدَ لِغَيْرِ اللّٰهِ تَعَالٰى لَأَمَرْتُ الْمَرْأَةَ أَنْ تَسْجُدَ لِزَوْجِهَا۔

حضرت یعلی بن مرہ ثقفی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک روز حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم باہر تشریف لئے جاتے تھے۔ایک اونٹ بولتا ہوا آیا اور قریب آکر سجدہ کیا۔ مسلمانوں نے کہا: ہمیں تو زیادہ لائق ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو سجدہ کریں۔حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: میں کسی کو غیر خدا کے سجدہ کا حکم دیتا تو عورت کو فرماتا کہ شوہر کو سجدہ کرے۔

۱۰۶۰۔ **عن** ام المؤمنین عائشۃ الصدیقۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہا قالت : ان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کان فی نفر من المہاجرین والانصار فجاء بعیر فسجد لہ ، فقال اصحابہ : یا رسول اللہ ! تسجد لک البہائم والشجر فنحن احق ان نسجد لک ، فقال: اُعْبُدُوْا رَبَّكُمْ وَاَكْرِمُوْا اَخَاكُمْ ، وَلَوْ كُنْتُ آمُرُ أَحَدًا أَنْ يَّسْجُدَ لِأَحَدٍ لَأَمَرْتُ الْمَرْأَةَ أَنْ تَسْجُدَ لِزَوْجِهَا۔

ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک جماعت مہاجرین وانصار میں تشریف فرما تھے۔ایک اونٹ نے آکر سجدہ کیا۔صحابہ نے عرض کی: یارسول اللہ! چوپائے اور درخت حضور کو سجدہ کرتے ہیں۔تو ہم تو زیادہ

۱۰۵۹۔ السنن لابن ماجہ، باب حق الزوج علی المراۃ، ۱۳۳/۱
الترغیب والترہیب للمنذری، ۵٦/۳ ☆ دلائل النبوۃ لابی نعیم، ۲۷۳
مطالع المسرات میں کہا: اس حدیث کی سند صحیح ہے۔
۱۰٦۰۔ المسند لاحمد بن حنبل، ۷٦/٦ ☆ مجمع الزوائد للہیثمی، ۳۱۰/۴
مشکوۃ المصابیح للتبریزی، ۳۲۷۰ ☆ البدایۃ والنہایۃ لابن کثیر، ۱۰۷/٦

مستحق ہیں کہ حضور کو سجدہ کریں۔فرمایا: اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو اور ہماری تعظیم۔اگر میں کسی کو کسی کے سجدہ کرنے کا حکم کرتا تو عورت کو حکم دیتا کہ شوہر کو سجدہ کرے۔

١٥٦١ـ **عن** ثعلبة بن أبى مالك رضى الله تعالى عنه قال: اشترى انسان من بنى سلمة جملا ينضح عليه فادخله فى مربد ، فجاء لما يحمل فلم يقدر احد ان يدخل عليه الا تخبطه ، فجاء رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فذكر له ذلك، فقال:افتحوا عنه ! فقالوا: انا نخشى عليك يا رسول الله ! قال: افتحوا عنه ! ففتحوا ، فلما رأه الجمل خر ساجدا، فسبح القوم وقالوا: يارسول الله ! كنا احق بالسجود من هذه البهيمة ، قال: لَوْ يَنْبَغِي لِشَيْءٍ مِّنَ الْخَلْقِ أَنْ يَّسْجُدَ لِشَيْءٍ دُوْنَ اللّٰهِ يَنْبَغِي لِلْمَرْأَةِ أَنْ تَسْجُدَ لِزَوْجِهَا ـ

حضرت ثعلبہ ابن ابی مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ بنو سلمہ میں سے کسی نے ایک اونٹ آب کشی کو خریدا اور سار میں کر دیا۔جب اسے لادنا چاہا جو پاس جاتا اس پر حملہ کرتا حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جلوہ افروز ہوئے سرکار میں حال معروض ہوا ارشاد ہوا: دروازہ کھولو عرض کی: حضور اندیشہ ہے،فرمایا: کھولو، کھولدیا گیا۔اونٹ کی نگاہ جمال انور پر پڑی تھی کہ حضور کیلئے سجدہ میں گرا۔حاضرین میں سبحان اللہ سبحان اللہ کا شور پڑ گیا۔پھر عرض کی: یارسول اللہ! ہم تو اس چوپائے سے زیادہ سجدہ کرنے کے سزاوار ہیں۔فرمایا: اگر مخلوق میں کسی کو کسی غیر خدا کیلئے سجدہ مناسب ہوتا تو عورت کو چاہیئے تھا کہ شوہر کو سجدہ کرے۔

١٥٦٢ـ **عن** غيلان بن سلمة الثقفى رضى الله تعالىٰ عنه قال : خرجنا مع رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فى بعض اسفاره فرأينا عجبا من ذلك ، ثم مضينا فنزلنا منزلا ، فجاء رجل فقال : يا رسول الله ! انه كان لى حائط فيه عيشى و عيش عيالى ،و لى فيه ناضحان ، فاغتلما علىّ فمنعا نى انفسهما ، و حائطى و ما فيه ، لا يقدر أحد أن يدنو منهما ، فنهض نبى الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم باصحابه حتى أتى الحائط فقال : لصاحبه: افتح! فقال : يا نبى الله !امرهما اعظم من ذلك، قال : افتح! فلما حرك الباب أقبلا ، لهما جلبة كخفيف الريح، فلما انفرج

١٥٦١ـ دلائل النبوة لابى نعيم، ٢٧٢ ☆

١٥٦٢ـ دلائل النبوة لابى نعيم، ٣٤٦ ☆ كنز العمال للمتقى، ٣٥٢٩٠، ١٢/٣٧٤

الباب و نظر ا الی نبی اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم برکا ، ثم سجد ا فاخذ نبی اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم برأسہما ثم دفعہما الی صاحبہما فقال : استعملہما و احسن علفہما ، فقال القوم : یا نبی اللہ! تسجد لک البہائم فما للہ عندنا بک احسن من ھذا حین ھدانا اللہ من الضلالۃ و استنقذنا بک من المہالک ، افلا تاذن لنا فی السجود لک ؟ فقال النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم : اِنَّ السُّجُوْدَ لَیْسَ اِلَّا لِلْحَیِّ الَّذِی لَا یَمُوْتُ، وَ لَوْ اَنِّی اٰمُرُ اَحَدًا مِنْ ھٰذِہِ الْاُمَّۃُ بِالسُّجُوْدِ لَاَمَرْتُ الْمَرْاَۃَ اَنْ تَسْجُدَ لِزَوْجِھَا۔

حضرت غیلان بن سلمہ ثقفی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ہم ایک سفر میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی رکاب انور میں تھے۔ ہم نے ایک عجب دیکھا۔ ایک منزل میں اترے۔ وہاں ایک شخص نے حاضر ہوکر عرض کی: یا نبی اللہ! میرا ایک باغ ہے کہ میری اور میرے عیال کی وہی وجہ معاش ہے اس میں میرے دو شتر آبکش تھے۔ دونوں مست ہو گئے ہیں۔ نہ اپنے پاس آنے دیں، نہ باغ میں قدم رکھنے دیں۔ کسی کی طاقت نہیں کہ قریب جائے۔ حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مع صحابۂ کرام اٹھکر اس باغ کو گئے۔ فرمایا: کھول دے عرض کی : یا نبی اللہ! ان کا معاملہ اس سے سخت تر ہے۔ فرمایا: کھول! دروازے کو جنبش ہوئی تھی کہ دونوں شور کرتے ہوئے ہوا کی طرح جھپٹے دروازہ کھلا اور انہوں نے جب حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دیکھا۔ فوراً سجدہ میں گر پڑے۔ حضور نے ان کے سر پکڑ کر مالک کے سپرد کر دئے۔ اور فرمایا: ان سے کام لے اور چارہ بخوبی دے، حاضرین نے عرض کی: یا نبی اللہ! چوپائے حضور کو سجدہ کرتے ہیں۔ تو حضور کے سبب ہم پر اللہ کی نعمت تو بہتر ہے۔ اللہ نے گمراہی سے ہم کو راہ دکھائی اور حضور کے ہاتھوں پر ہمیں دنیا و آخرت کے مہلکوں سے نجات دی کیا حضور ہم کو اجازت نہ دیں گے کہ ہم حضور کو سجدہ کریں حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: بیشک سجدہ میرے لئے نہیں۔ وہ تو اسی زندہ کیلئے ہے جو کبھی نہ مرے گا۔ میں امت میں کسی کو سجدہ کا حکم دیتا تو عورت کو سجدۂ شوہر کا حکم دیتا۔

۱۵۶۳۔ **عن** عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما ان رجلا من الانصار کان

۱۵۶۳۔ المعجم الکبیر للطبرانی، ۲۸۲/۱۱ ☆ مجمع الزوائد للہیثمی، ۹/۵
البدایۃ والنہایۃ لابن کثیر، ۱۵۶/۶ ☆ کنز العمال للمتقی، ۴۴۷۹۵، ۳۳۶/۱۶
مجمع بحرین میں کہا: اس حدیث کے جملہ رجال ثقہ ہیں۔

له فحلان ، فاغتلما فأدخلهما حائطا فسد عليهما الباب ، ثم جاء الى النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ، فأراد أن يدعو له، والنبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قاعد ومعه نفر من الأنصار ، فقال: يانبي الله ! انى جئت فى حاجة ، وإن فحلين لى اغتلما، وإنى أدخلتهما حائطا وسددت الباب عليهما، فأُحب أن تدعولىَ أن يسخر هما الله لى ، فقال لاصحابه : قوموا معنا ! فذهب حتى أتى الباب فقال: افتح ! فاشفق الرجل على النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ، فقال: افتح ، ففتح الباب، فاذا أحد الفحلين قريب من الباب ، فلما رأى النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم سجدله ، فقال النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم : ائتني بشيئ أشدبه رأسه وامكنك منه ، فجاء بحطام فشد به رأسه وامكنه منه ، ثم مشى الى أقصى الحائط الى الفحل الآخر ، فلما رآه وقع له ساجدا، فقال لرجل: ائتني بشيء أشد به رأسه ، فشد رأسه وامكنه منه ،فقال: اذهب فانهما لا يعصيا نك ، فلما رأى أصحاب النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ذلك ، قالوا: يا رسول الله ! هذين فحلين لا يعقلان سجدا لك ،أفلا نسجد لك ؟ قال: لَا آمُرُ أَحَدًا أَنْ يَّسْجُدَ لِأَحَدٍ ، وَلَوْ أَمَرْتُ أَحَدًا يَسْجُدُ لِأَحَدٍ لَأَمَرْتُ الْمَرْأَةَ أَنْ تَسْجُدَ لِزَوْجِهَا۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ ایک انصاری شخص کے دو اونٹ مست ہو گئے، انہوں نے دونوں کو باغ میں بند کر دیا اور حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں دعا کیلئے حاضر آئے۔ حضور اسوقت چند انصار کرام کے ساتھ تشریف فرما تھے۔ عرض کیا: یا نبی اللہ! میں ایک ضرورت کے تحت حاضر آیا ہوں۔ میرے دو اونٹ مست ہو گئے ہیں۔ میں نے دونوں کو باغ میں بند کر دیا ہے۔ میری خواہش ہے کہ حضور دعا فرمادیں کہ اللہ تعالیٰ انکو میرے تابع بنادے۔ حضور نے صحابہ کرام سے فرمایا: ہمارے ساتھ چلو! حضور دروازے کے پاس تشریف لائے۔ اور فرمایا: دروازہ کھولو! وہ صاحب حضور کے بارے میں ڈرے کہ کہیں کوئی تکلیف پہونچائیں۔ فرمایا: کھولو! دروازہ کھول دیا گیا۔ دیکھا کہ ایک اونٹ تو دروازہ کے قریب ہی موجود ہے۔ جب اس نے حضور کو دیکھا تو فوراً سجدہ کیا۔ حضور نے فرمایا: کوئی چیز لاؤ جس سے میں اس کا سر باندھوں اور تمہارے قبضہ میں دیدوں۔ لہذا ایک مہار لائی گئی، حضور نے اسکا سر باندھا اور حوالہ کر دیا۔ پھر باغ کے دوسرے کنارے پر دوسرا ملا اس نے بھی ایسا کیا۔ حضور نے اسکے لئے بھی ایسا ہی کیا اور مالک کے حوالہ کر دیا۔ پھر ان سے

فرمایا: تمہاری تابعداری میں رہیں گے اور بے قابو نہیں ہونگے۔ صحابہ کرام نے جب یہ دیکھا تو عرض کیا: یا رسول اللہ! یہ دونوں بے عقل اونٹ آپکو سجدہ کرتے ہیں۔ تو کیا ہمیں اجازت نہیں کہ ہم حضور کو سجدہ کریں؟ فرمایا: میں کسی کو کسی کے سجدہ کی اجازت نہیں دیتا۔ اگر کسی مخلوق کے سجدہ کا حکم دیتا تو عورت کو حکم دیتا کہ وہ شوہر کو سجدہ کرے۔۱۲م

﴿۱﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

اس حدیث میں پہلی حدیث کی طرح دو اونٹوں کا مست ہونا ہے۔ وہ سفر کا واقعہ تھا۔ اور یہاں انکے مالک انصاری خود دعا کرانے آئے۔ تغایر سیاق دلیل ہے کہ جدا واقعہ ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔ فتاوی رضویہ حصہ دوم ۹/۲۱۹

۱۵۶۴۔ **عن** جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال: خرجت مع رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فی سفر وکان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اذا أراد البراز تباعد حتی لا یراہ أحد، فنزلنا منزلا بفلات من الأرض لیس فیہا علم ولا شجر، فقال لی: یا جابر! خذ الأداوۃ وانطلق بنا! فملأت الأداوۃ ماء، فانطلقنا فمشینا حتی لانکاد نری، فاذا شجرتان بینہما أربعۃأذرع، فقال رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم: یا جابر! انطلق، فقل لہذہ الشجرۃ! یقول لك رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ و سلم: ألحقی بصاحبتك حتی اجلس خلفکما، ففعلت، فرجعت حتی لحقت بصاحبتہا، فجلس خلفہما حتی قضی حاجتہ ثم رجعنافرکبنا رواحلنا فسرنا کانماعلینا الطیریظلنا، فاذا نحن بامرأۃ قد عرضت لرسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم معہا صبی تحملہ، فقالت: یا رسول اللہ! ان ابنی ہذا یا خذ ہ الشیطان کل یوم ثلاث مرات لایدعہ، فوقف رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم، فتناولہ، فجعلہ بینہ و بین مقدمۃ الرحل، فقال رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم: اخسأعدو اللہ! انا رسول اللہ، فاعاد رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم ذلك ثلث مرات، ثم ناولہا ایاہ، فلما رجعنا فکنا بذلك الماء عرضت لنا المرأۃ معہا کبشان تقودہما و الصبی تحملہ، فقالت: یا

۱۵۶۴۔ دلائل النبوۃ للبیہقی، ۶/۱۸ ☆ المصنف لابن ابی شیبۃ، ۳/۵۰۳
السنن للدارمی، ۱/۱۱ ☆ مجمع الزوائد للہیثمی، ۹/۷
التمہید لابن عبدالبر، ۱/۲۲۴ ☆

رسول الله ! أقبل منى هديتى ! فوالذى بعثك بالحق ان عاد اليه ، فقال رسول الله صلى الله تعالى عليه وسلم : خذوا أحدهما منها وردوا الآخر ـ ثم سرنا و رسول الله صلى الله تعالى عليه وسلم بيننا فجاء جمل ناداً ، فلما كان بين السما طين خر ساجدا، فقال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم : ايها الناس ! من صاحب هذا الجمل فقال فتية من الأنصار : هو لنا يا رسول الله ! قال: فماشانه ؟ قال : ما سنونا عليه منذ عشرين سنة ، فلما كبرت سنة و كان عليه شحمة واردنا نحره لنقسمه بيننا غلمنا فقال رسول الله صلى الله تعالى عليه وسلم: تبيعونه ؟ قالوا:يا رسول الله ! هو لك ، قال فأحسنو ا اليه حتى ياتيه اجله ، قالوا يا رسول الله انحن احق ان نسجد لك من البهائم ، فقال رسول الله صلى الله تعالى عليه وسلم: لَا يَنْبَغِى لِبَشَرٍ أَنْ يَّسْجُدَ لِبَشَرٍ ، وَلَوْ كَانَ ذٰلِكَ كَانَتِ النِّسَآءُ لِأَزْوَاجِهِنَّ۔

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالی عنہما سے روایت ہے کہ میں ایک سفر میں ہمراہ رکاب والا تھا۔حضور اقدس صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کی عادت شریفہ تھی کہ رفع حاجت کیلئے دور لوگوں کی نگاہوں سے غائب تشریف فرما ہوتے۔ہم نے ایک میدان میں قیام کیا۔جہاں نہ کوئی ٹیلہ تھا اور نہ درخت، مجھ سے فرمایا: اے جابر! مشکیزہ لیکر ہمارے ساتھ چلو۔میں نے مشکیزہ پانی سے بھرا۔پھر لوگوں کی نگاہوں سے دور چلے گئے۔وہاں دو پیڑ چار گز کے فاصلہ پر تھے۔مجھ سے فرمایا: اے جابر! اس پیڑ سے کہدے کہ دوسرے سے مل جا۔فورا مل گئے۔بعد فراغ اپنی اپنی جگہ چلے گئے۔پھر سوار ہوئے۔گویا ہمارے سروں پر پرندہ سایہ کئے ہیں۔راہ میں ایک عورت ایک اپنا بچہ لئے ہوئے ملی عرض کی: یارسول اللہ! اسے ہر روز تین دفعہ شیطان دبا تا ہے۔بچہ اس سے لیکر تین بار فرمایا: دور ہوا ے خدا کے دشمن! میں اللہ کا رسول ہوں۔پھر بچہ اسکی ماں کو دیدیا۔جب ہم پلٹتے ہوئے اس منزل میں پہونچے۔وہی بی بی اپنا بچہ اور دو دنبے لئے حاضر ہوئی۔عرض کی: یارسول اللہ! میرا یہ ہدیہ قبول فرمالیں۔قسم اسکی جس نے حضور کو حق کے ساتھ بھیجا کہ جب سے بچہ کو خلل نہ ہوا۔حضور نے فرمایا: ایک دنبہ لے لو اور ایک پھیر دو۔پھر ہم چلے اور رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم ہمارے بیچ میں تھے۔ناگاہ ایک اونٹ چھوٹا ہوا آیا۔جب دونوں قطاروں کے بیچ میں ہوا سجدہ کیا۔رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے فرمایا: اسکا مالک حاضر ہو۔کچھ انصاری جوان حاضر ہوئے۔بولے یارسول اللہ! یہ ہمارا ہے۔فرمایا: اس کا کیا

قصہ ہے۔؟ عرض کی: بیس برس سے اس پر ہم نے آبکشی نہ کی۔ یہ فربہ چربی دار ہے۔ اب چاہا کہ اسے حلال کرکے بانٹ لیں۔ یہ ہم سے چھوٹ آیا۔ فرمایا: یہ ہمارے ہاتھ فروخت کردو ۔ عرض کی: بلکہ یا رسول اللہ وہ حضور کی نذر ہے۔ فرمایا: میرا ہے تو مرتے دم تک اسکے ساتھ اچھا سلوک کرو۔ یہ دیکھکر مسلمانوں نے عرض کی؛ یا رسول اللہ! چوپایوں سے زیادہ ہمیں لائق ہے کہ حضور کو سجدہ کریں۔ فرمایا: کسی کو کسی کا سجدہ مناسب نہیں۔ ورنہ عورتیں شوہروں کو کرتیں۔

۱۰۶۵۔ **عن** بریدة بن حصیب رضی اللہ تعالی عنہ قال : جاء اعرابی الی النبی صلی اللہ تعالی علیہ وسلم فقال: یا رسول اللہ! قد اسلمت فارنی شئیا ازداد بہ یقینا ، فقال : مالذی ترید قال ادع تلك الشجرة ان تاتیك قال: اذھب فادعھا فاتا ھا الاعرابی فقال : أجیبی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فمالت علی جانب من جوانبھا فقطعت عروقھا ، ثم مالت علی الجانب الآخر فقطعت عروقھا حتی اتت النبی صلی اللہ تعالی علیہ وسلم فقالت : السلام علیك یا رسول اللہ ! فقال الأعرابی : حسبی حسبی فقال لھا النبی صلی اللہ تعالی علیہ وسلم : إرجعی فرجعت فجلست علی عروقھا اوفروعھا ، فقال الأعرابی إئذن لی یا رسول اللہ ان اقبل رأسك و رجلیك ، ففعل ثم قال إئذن لی اَن أسجد لك ! قال لَا یَسْجُدُ اَحَدٌ لِاَحَدٍ ، وَ لَوْ اَمَرْتُ اَحَدًا اَنْ یَسْجُدَ لِاَحَدٍ لَاَمَرْتُ الْمَرْأَۃَ اَنْ تَسْجُدَ لِزَوْجِھَا لِعِظَمِ حَقِّہٖ عَلَیْھَا۔

حضرت بریدہ بن حصیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک اعرابی نے حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوکر عرض کی: یا رسول اللہ! میں اسلام لایا ہوں۔ مجھے کوئی ایسی چیز دکھایئے کہ میرا یقین بڑھے۔ فرمایا: کیا چاہتا ہے؟ عرض کی: حضور اس درخت کو بلائیں کہ حضور میں حاضر ہو۔ فرمایا: جا بلا، وہ اعرابی درخت کے پاس گئے اور کہا: تجھے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یاد فرماتے ہیں وہ فوراً ایک طرف کو اتنا جھکا کہ ادھر کے ریشے ٹوٹ گئے۔ پھر ادھر اتنا جھکا کہ ادھر کے ریشے ٹوٹ گئے۔ پھر چلا۔ اور حضور میں حاضر ہوکر صاف زبان سے کہا: سلام حضور پر اے اللہ کے رسول! اعرابی نے کہا: مجھے کافی ہے، مجھے کافی

۱۰۶۵۔ دلائل النبوة لابی نعیم، ۲۸۱ ☆ المستدرك للحاکم، ۱۷۲/٤
مجمع الزوائد للھیثمی، ۷/۹ ☆
حاکم نے کہا یہ حدیث صحیح ہے۔ ☆

ہے، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے درخت سے فرمایا: پلٹ جا، فوراً واپس ہوا اور انہیں ریشوں پر مع شاخوں کے بدستور جم گیا۔ اعرابی نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے اجازت عطا ہو کہ سر اقدس اور دونوں پاؤں مبارک کو بوسہ دوں۔ حضور نے اجازت دی۔ پھر عرض کی: اجازت عطا ہو کہ حضور کو سجدہ کروں۔ فرمایا: مجھے سجدہ نہ کرنا۔ مخلوق میں کوئی کسی کو سجدہ نہ کرے۔ میں کسی کیلئے اس کا حکم کرتا تو عورت کو حکم فرماتا کہ حق شوہر کی تعظیم کیلئے اسے سجدہ کرے۔

۱۰۶۶۔ **عن** عبد اللہ بن ابی اوفی رضی اللہ تعالی عنہ قال: لما قدم معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ من الشام سجد للنبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم، قال: مَا هٰذَا يَامُعَاذُ؟ قال: أتيت الشام فوافقتهم يسجدون لاسافقتهم و بطارقتهم فوددت فی نفسی ان نفعل ذلك بك، فقال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: فَلَا تَفْعَلُوا، فَإِنِّي لَوْ كُنْتُ آمُرُ أَحَدًا أَنْ يَسْجُدَ لِغَيْرِ اللّٰهِ لَأَمَرْتُ الْمَرْأَةَ أَنْ تَسْجُدَ لِزَوْجِهَا، وَالَّذِي نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ لَا تُؤَدِّي الْمَرْأَةُ حَقَّ رَبِّهَا حَتّٰى تُؤَدِّيَ حَقَّ زَوْجِهَا، وَلَوْ سَأَلَهَا نَفْسَهَا وَهِيَ عَلٰى قَتَبٍ لَمْ تَمْنَعْهُ۔

حضرت عبد اللہ بن ابی اوفی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ جب ملک شام سے آئے تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو سجدہ کیا۔ حضور نے فرمایا: معاذ! یہ کیا؟ عرض کی: میں ملک شام کو گیا تو وہاں نصاریٰ کو دیکھا کہ اپنے پادریوں سرداروں کو سجدہ کرتے ہیں۔ تو میرا دل چاہا کہ ہم حضور کو سجدہ کریں۔ فرمایا: نہ کرو۔ میں اگر سجدۂ غیر خدا کا حکم دیتا تو عورت کو سجدۂ شوہر کا حکم دیتا۔ قسم اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے کہ عورت اپنے رب کے حق سے سبکدوش اس وقت تک نہیں ہوسکتی جب تک شوہر کا حق ادا نہ کرے۔ اگر شوہر عورت کو بلائے اور وہ کجاوے پر ہو تب بھی منع نہ کرے۔

﴿۲﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

یہ حدیث حسن ہے اسکی سند میں کوئی ضعف نہیں۔ ابن حبان نے اسے اپنی صحیح میں روایت کیا۔ اور امام منذری نے اس کے صالح ہونے کا اشارہ کیا۔ فتاوی رضویہ دوم ۹/۲۲۰

۱۰۶۶۔ السنن لابن ماجہ، باب حق الزوج علی المراۃ ۱/۱۳۳
المسند لاحمد بن حنبل، ۴/۳۸۱

۱۵۶۷۔ **عن** معاذ بن جبل رضی اللہ تعالی عنہ قال : انہ اتی الشام فرأی النصاری یسجدو ن لاساقفتھم و قسیسیھم و بطارقتھم ، و رأی الیھود یسجدون لاحبار ھم و رھبانھم و ربانیھم و علمائھم و فقھائھم ، فقال : لای شئ تفعلون ھذا ؟ قالوا : ھذہ تحیۃ الانبیاء علیہ الصلوٰۃ و السلام ، قلت ، فنحن احق ان نصنع بنبینا ، فقال نبی اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم : اِنَّھُمْ کَذِبُوْا عَلیٰ أَنْبِیَائِھِمْ کَمَا حَرَّفُوْا کِتَابَھُمْ ، لَوْ اَمَرْتُ اَحَدًا اَنْ یَّسْجُدَ لِاَحَدٍ لَاَمَرْتُ الْمَرْأَۃَ اَنْ تَسْجُدَ لِزَوْجِھَا مِنْ عَظْمِ حَقِّہٖ عَلَیْھَا ، وَ لَا تَجِدُ اِمْرَأَۃٌ حَلَاوَۃَ الْاِیْمَانِ حَتّٰی تُؤَدِّیَ حَقَّ زَوْجِھَا وَلَوْ سَأَلَھَا نَفْسَھَا وَھِیَ عَلیٰ ظَھْرِ قَتَبٍ ۔

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ وہ شام کو گئے تو دیکھا نصاری اپنے پادریوں، فقیروں، کو سجدہ کرتے ہیں۔ اور یہود اپنے عالموں اور عابدوں کو، ان سے پوچھا یہ کیوں کرتے ہو؟ بولے یہ انبیاء کی تحیت ہے۔ حضرت معاذ فرماتے ہیں میں نے کہا: تو ہمیں زیادہ سزاوار ہے کہ ہم اپنے نبی کو کریں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ اپنے انبیاء پر بہتان کرتے ہیں۔ جیسے انہوں نے اپنی کتاب بدل دی ہے میں کسی کو کسی کے سجدہ کا حکم فرماتا تو شوہر کے عظیم حق کے سبب عورت کو حکم دیتا۔ کوئی عورت ایمان کی حلاوت اس وقت تک نہیں پاسکتی جب تک اپنے شوہر کا حکم نہ بجالائے خواہ شوہر اسکو پالان پر ہی کیوں نہ بلائے۔ ۱۲م

۱۵۶۸۔ **عن** معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ انہ لما رجع من الیمن قال: یارسول اللہ ! رأیت رجالا بالیمن یسجد بعضھم لبعضھم ، افلا نسجد لک ؟ قال: لَوْ کُنْتُ آمُرُ بَشَرًا یَسْجُدُ لِبَشَرٍ لَاَمَرْتُ الْمَرْأَۃَ اَنْ تَسْجُدَ لِزَوْجِھَا۔

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ وہ جب یمن سے واپس

۱۵۶۷۔ المستدرک للحاکم، ۱۷۲/۴ ☆ الترغیب و الترھیب للمنذری، ۵۶/۳
الدر المنثور للسیوطی، ۱۵۴/۲ ☆ مجمع الزوائد للھیثمی، ۳۱۰/۴
شرح السنۃ للبغوی، ۱۵۸/۹ ☆ التفسیر للقرطبی، ۱۲۵/۳
تاریخ اصفھان لابی نعیم، ۱۰۳/۱ ☆ المعجم الکبیر للطبرانی، ۵۳/۲
حاکم نے کہا یہ حدیث صحیح ہے۔
۱۵۶۸۔ المسند لاحمد بن حنبل، ۲۲۸/۵ ☆ المعجم الکبیر للطبرانی، ۱۷۵/۲۰

آئے۔ عرض کی: یا رسول اللہ! میں نے یمن میں لوگوں کو دیکھا کہ ایک دوسرے کو سجدہ کرتے ہیں۔ تو کیا ہم حضور کو سجدہ نہ کریں۔ فرمایا: اگر میں کسی بشر کے سجدہ کا حکم دیتا تو عورت کو سجدہ شوہر کا۔

﴿۳﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

یہ حدیث صحیح ہے۔ اسکے سب راوی رجال بخاری ومسلم ہیں۔ اور جب دونوں حدیثیں صحیح ہیں لاجرم دو واقعے ہیں۔ اول بار شام میں یہود ونصاری کو دیکھ کر آئے۔ اور حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو سجدہ کیا۔ جس پر ممانعت فرمائی دوبارہ اہل یمن کو دیکھ کر آئے۔ اب اپنے مولی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو سجدہ کے کمال شوق میں یا تو پہلا واقعہ ذہن سے اتر گیا۔ یا اس میں بوجہ مخالفت یہود و نصاریٰ کہ آخر میں عمل نبوی اس پر تھا۔ نہی کے ارشاد کو محتمل سمجھا اور بسبب احتمال نہی حتمی اس بار پہلے کی طرح سجدہ کیا نہیں۔ صرف اذن چاہا اور ممانعت فرمادی گئی۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

فتاوی رضویہ دوم ۹/۲۲۱

۱۰۶۹۔ عن قیس بن سعد رضی اللہ تعالی عنہ قال: اتیت الحیرۃ فرأیتہم یسجد ون لمر زبان لہم، فقلت: رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم احق ان یسجد لہ، قال: فاتیت النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فقلت: انی اتیت الحیرۃ فرأیتہم یسجدون لمرزبان لہم، فانت یا رسول اللہ ! احق ان نسجد لک، قال: ارأیت لو مررت بقبری اکنت تسجد لہ، قال: قلت: لا، قال: فَلَا تَفْعَلُوْا، لَوْ كُنْتُ آمُرُ أَحَدًا أَنْ يَّسْجُدَ لِأَحَدٍ لَأَمَرْتُ النِّسَآءَ أَنْ يَسْجُدْنَ لِأَزْوَاجِهِنَّ لِمَا جَعَلَ اللّٰهُ لَهُمْ عَلَيْهِنَّ مِنَ الْحَقِّ۔

حضرت قیس بن سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں شہر حیرہ میں (کہ قریب کوفہ ہے) گیا۔ وہاں کے لوگوں کو دیکھا کہ اپنے شہر یار کو سجدہ کرتے ہیں۔ میں نے کہا حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم زیادہ مستحق ہیں۔ خدمت اقدس میں حاضر ہو کر یہ حال وخیال عرض کیا: فرمایا: بھلا تم ہمارے مزار کریم پر گزرو تو کیا سجدہ کروگے۔ میں نے عرض کی: نہ، فرمایا: تو نہ کرو۔ میں کسی کو کسی کے سجدہ کا حکم دیتا تو عورتوں کو شوہروں کے سجدہ کا حکم فرماتا۔ اس حق کے

۱۰۶۹۔ السنن لابی داؤد، باب فی حق الزوج، ۱/۲۹۱
السنن الکبری للبیہقی، ۷/۲۹۱ ☆ المستدرک للحاکم ۲/۱۸۷

سبب جو اللہ تعالیٰ نے انکا ان پر رکھا ہے۔

﴿۴﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

ابوداؤد نے سکوتا اس حدیث کو حسن بتایا۔ حاکم نے تصریحا کہا: یہ حدیث صحیح ہے۔ اور ذہبی نے تلخیص میں اسے مقرر رکھا۔ کما فی الاتحاف۔

فتاوی رضویہ حصہ دوم ۹/۲۲۱

۱۵۷۰۔ **عن** سراقة بن مالك رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله تعالیٰ عليه وسلم: لَوْ كُنْتُ آمُرُ اَحَدًا اَنْ يَسْجُدَ لِاَحَدٍ لَاَمَرْتُ الْمَرْاَةَ اَنْ تَسْجُدَ لِزَوْجِهَا

حضرت سراقہ بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر مجھے کسی کو کسی کیلئے سجدہ کا حکم دینا ہوتا تو عورت کو فرماتا کہ شوہر کو سجدہ کرے۔

۱۵۷۱۔ **عن** أبی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم: لَوْ كُنْتُ آمُرُ اَحَدًا اَنْ يَسْجُدَ لِاَحَدٍ لَاَمَرْتُ الْمَرْاَةَ اَنْ تَسْجُدَ لِزَوْجِهَا۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر میں کسی کو کسی کے سجدہ کا حکم دیتا تو عورت کو شوہر کے سجدہ کا حکم فرماتا۔ ۱۲م

فتاوی رضویہ حصہ دوم ۹/۲۲۱

۱۵۷۲۔ **عن** عبد الله بن عباس رضی الله تعالی عنهما قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم: اِنَّ حَقَّ الزَّوْجِ عَلَى الزَّوْجَةِ اِنْ سَاَلَهَا نَفْسَهَا وَهِيَ عَلٰى ظَهْرِ قَتَبٍ اَنْ لَا تَمْنَعَهُ نَفْسَهَا، وَمِنْ حَقِّ الزَّوْجِ عَلَى الزَّوْجَةِ اَنْ لَا تَصُوْمَ تَطَوُّعًا اِلَّا بِاِذْنِهٖ، فَاِنْ فَعَلَتْ جَاعَتْ وَعَطِشَتْ وَلَا يُقْبَلُ مِنْهَا، وَلَاتَخْرُجَ مِنْ بَيْتِهَا اِلَّا بِاِذْنِهٖ، فَاِنْ فَعَلَتْ لَعَنَتْهَا مَلَائِكَةُ السَّمَآءِ وَمَلَائِكَةُ الْاَرْضِ وَمَلَائِكَةُ الرَّحْمَةِ وَمَلَائِكَةُ الْعَذَابِ

۱۵۷۰۔ المعجم الكبير للطبرانی، ۷/۱۲۹ ☆ المسند لاحمد بن حنبل، ۴/۳۸۱
مجمع الزوائد للهيثمی، ۴/۳۱۰ ☆ كنز العمال للمتقی، ۴۴۷۷۶، ۱۶/۳۳۳
السنن الكبرى للبيهقی، ۷/۲۹۱ ☆ ارواء الغليل للالبانی، ۷/۵۴
الدر المنثور للسيوطی، ۲/۱۵۴ ☆ الترغيب و الترهيب للمنذری، ۳/۵۵
۱۵۷۱۔ الجامع للترمذی، باب ما جاء فی حق الزوج على المراة، ۱/۱۳۸
۱۵۷۲۔ الترغيب والترهيب للمنذری، ۳/۵۷ ☆ الدر المنثور للسيوطی، ۲/۱۵۲
المطالب العالية لابن حجر، ۱۶۱۲ ☆ كنز العمال للمتقی، ۴۴۸۰۸، ۱۶/۳۳۹

حَتّٰی تَرْجِعَ۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: شوہر کا حق بیوی پر یہ ہے کہ عورت کجاوہ پر بیٹھی ہو اور مرد اسی سواری پر اس سے قربت چاہے تو یہ منع نہ کرے۔ اور شوہر کا حق بیوی پر یہ بھی ہے کہ نفلی روزہ شوہر کی اجازت کے بغیر نہ رکھے۔ اگر روزہ رکھا تو بھوکی اور پیاسی رہنے کے سوا کچھ حاصل نہ ہوگا۔ اسکا روزہ قبول نہ ہوگا۔ اور شوہر کی اجازت کے بغیر گھر سے قدم نہ نکالے کہ اگر ایسا کیا تو اس پر آسمان وزمین کے فرشتے اور رحمت وعذاب کے فرشتے اس وقت تک لعنت کرتے رہیں گے جب تک وہ واپس نہ لوٹ آئے۔

﴿۵﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

ایک زن خثعمیہ نے خدمت اقدس حضور سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں حاضر ہوکر عرض کیا: یارسول اللہ! حضور مجھے سنائیں کہ شوہر کا حق عورت پر کیا ہے۔ میں زن بے شوہر ہوں اسکی ادا کی اپنے میں طاقت دیکھوں تو نکاح کروں ورنہ بیٹھی رہوں۔ یہ سنکر سرکار نے مندرجہ بالا فرمان ذی شان سنایا۔ یہ سنکر ان بی بی نے کہا: بلا شبہ اب میں کبھی شادی کا نام نہ لونگی۔

فتاوی رضویہ ۵/۵۸۴

۱۵۷۳۔ **عن** أبی هريرة رضی اللہ تعالیٰ عنه قال: جاء ت امرأة الی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم فقالت : یا رسول اللہ ! انا فلانة بنت فلان، قال: قد عرفتك فما حاجتك ، قالت: حاجتی الی ابن عمی فلان العابد ، قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم : قد عرفته ، قالت : یخطبنی فاخبرنی ما حق الزوج علی الزوجة ؟فان کان شیئا اطیقه تزوجته وان لم اطق لا اتزوج ۔ قال: مِنْ حَقِّهِ لَوْ سَالَ مَنْخَرَاهُ دَمًا اَوْ قَيْحًا فَلَحِسَتْهُ بِلِسَانِهَا مَا اَدَّتْ حَقَّهٗ ، لَوْ كَانَ يَنْبَغِیْ لِبَشَرٍ اَنْ يَّسْجُدَ لِبَشَرٍ لَاَمَرْتُ الْمَرْاَةَ اَنْ تَسْجُدَ لِزَوْجِهَا اِذَا دَخَلَ عَلَيْهَا لِمَا فَضَّلَهُ اللّٰهُ عَلَيْهَا ۔ اذا سمعت هذا فقالت: والذی بعثك بالحق لا اتزوج ما بقيت الدنيا ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک بی بی نے حضور اکرم صلی

۱۵۷۳۔ المسند للحاکم، ۲/۱۸۹ ☆ الدر المنثور للسیوطی، ۲/۱۵۳
الترغیب و الترهیب للمنذری، ۳/۵۴ ☆

اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر ہو کر عرض کیا: یا رسول اللہ! میں فلاں بنت فلاں ہوں۔ سرکار نے فرمایا: میں نے تم کو پہچان لیا۔ انہوں نے عرض کیا: مجھے اپنے چچازاد بھائی سے کام ہے۔ فرمایا: میں نے اسے بھی پہچان لیا۔ انہوں نے عرض کیا: اس نے مجھے نکاح کا پیام دیا ہے، تو آپ مجھے شوہر کے حقوق سے باخبر فرمائیں۔ اگر وہ میرے قابو کی چیز ہیں تو میں اس سے شادی کرلونگی۔ سرکار نے ارشاد فرمایا: شوہر کے حقوق میں سے ایک حق یہ ہے کہ اگر اسکے دونوں نتھنے خون اور پیپ سے بہ رہے ہوں اور بیوی اسے اپنی زبان سے چاٹے تو بھی شوہر کا حق ادا نہیں کرسکتی۔ اگر کسی انسان کا کسی انسان کو سجدہ کرنا جائز ہوتا تو میں عورتوں کو حکم دیتا کہ وہ اپنے شوہروں کو سجدہ کریں۔ کہ مرد جب بھی باہر سے اسکے سامنے آئے تو یہ اسے سجدہ کرے۔ کیونکہ خداوند قدوس نے مرد کو فضیلت ہی اس طرح کی دی ہے۔ یہ ارشاد سن کر ان بی بی نے عرض کیا: قسم اس ذات کی جس نے آپکو مبعوث فرمایا۔ رہتی دنیا تک میں نکاح کا نام نہ لونگی۔

۱۰۷۴۔ **عن** أبی سعید الخدری رضی اللہ تعالی عنه قال: جاء رجل الی رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیه وسلم بابنة له فقال: یا رسول اللہ! هذه ابنتی قد ابت ان تزوج فقال لها النبی صلی اللہ تعالی علیه وسلم: أَطِيعِي أَبَاكِ۔ فقالت: والذی بعثك بالحق لا أتزوج حتی تخبرنی ما حق الزوج علی الزوجة؟ قال: حَقُّ الزَّوْجِ عَلَىٰ زَوْجَتِهِ لَوْ كَانَتْ بِهِ قُرْحَةٌ فَلَحِسَتْهَا، أَوِ انْتَثَرَ مَنْخَرَاهُ صَدِيدًا أَوْ دَمًا ثُمَّ ابْتَلَعَتْهُ مَا أَدَّتْ حَقَّهُ، قالت: و الذی بعثك بالحق لا اتزوج ابدا، قال رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیه وسلم: لَا تَنْكِحُوهُنَّ إِلَّا بِإِذْنِهِنَّ۔

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک صحابی اپنی صاحبزادی کولیکر بارگاہ عالم پناہ حضور سید العالمین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں حاضر ہوئے اور عرض کیا: میری یہ بیٹی نکاح کرنے سے انکار کرتی ہے۔ حضور اکرم سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اپنے والد محترم کا حکم مان، اس لڑکی نے عرض کیا: قسم اس پروردگار عالم کی جس نے حضور کو حق کے ساتھ بھیجا۔ میں اس وقت تک نکاح نہ کرونگی جب تک حضور یہ نہ بیان فرمادیں۔ کہ شوہر کا

۱۰۷۴۔ المستدرک للحاکم ۲/۲۰۵ ☆ السنن الکبری للبیہقی، ۷/۲۹۱
الترغیب والترھیب للمنذری، ۳/۵۳ ☆ الدر المنثور للسیوطی، ۲/۱۵۴

حق عورت پر کیا ہے۔ فرمایا: شوہر کا حق عورت پر یہ ہے کہ اس کے کوئی پھوڑا ہو اور عورت اسکو چاٹ کر صاف کرلے، یا اسکے نتھنوں سے خون یا پیپ نکلے اور عورت اس کو نگل لے۔ تو مرد کے حق سے ادا نہ ہوئی اس لڑکی نے عرض کیا: قسم اس ذات کی جس نے حضور کو حق کے ساتھ مبعوث فرمایا میں کبھی شادی نہ کروں گی۔ حضور اکرم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے فرمایا: عورتوں کا نکاح انکی مرضی کے بغیر نہ کرو۔

﴿۶﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

امام حافظ زکی الملت والدین کا قول ہے: اس حدیث کی سند جید اور اسکے سب راوی ثقات مشہورین ہیں۔ سبحان اللہ، اس حدیث جلیل کو دیکھئے! دختر نا کتخدا کو نکاح سے انکار، باپ کو اصرار، باپ حضور کی بارگاہ میں شکایت کرتے ہیں، صاحبزادی عین دربار اقدس میں قسم کھاتی ہیں کبھی نکاح نہ کرونگی، اس پر حضور اقدس صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نہ اس انکار کرنے والی پر ناراض ہوتے ہیں اور نہ اعتراض کرتے ہیں، بلکہ اولیاء کو ہدایت کرتے ہیں، جب تک انکی مرضی نہ ہو انکا نکاح نہ کرو۔

فتاوی رضویہ ۵/۵۸۶

۱۵۷۵۔ **عن** أم المؤمنین عائشة الصدیقة رضی اللہ تعالیٰ عنہا قالت: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم: أَعْظَمُ النَّاسِ حَقًّا عَلَی الْمَرْأَةِ زَوْجُهَا۔

ام المؤمنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالی عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: عورت پر سب سے بڑھکر حق شوہر کا ہے۔

فتاوی رضویہ ۵/۲۶۷

(۳) شوہر کی غیرت کا خیال بیوی پر لازم ہے

۱۵۷۶۔ **عن** أسماء بنت أبي بکر الصدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہما قالت: تزوجنی الزبیر وماله فی الارض من مال ولا مملوك ولا شیء غیر ناضح وغیر فرسه،

۱۵۷۵۔ کنز العمال للمتقی، ۴۴۷۷۱، ۶/۳۳۱

۱۵۷۶۔ الجامع الصحیح للبخاری، باب الغیرة، ۲/۷۸۶

الصحیح لمسلم، باب جواز ارداف المراۃ لاجنبیہ ۲/۲۱۸

فتح الباری للعسقلانی، ۱/۳۰۶ ☆ اتحاف السادۃ للزبیدی، ۵/۴۱۱

الطبقات الکبری لابن سعد، ۸/۱۸۱ ☆ المسند لاحمد بن حنبل، ۶/۳۴۷

فكنت أعلف فرسه وأستقى الماء وأحرز غربه وأعجن، ولم أكن أحسن أخبز، وكان يخبز جارات لى من الأنصار وكن نسوة صدق، وكنت أنقل النوى من أرض الزبير التى أقطعه رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم على رأسى وهى منى على ثلثى فرسخ، فجئت يوما والنوى على رأسى، فلقيت رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ومعه نفر من النصار فدعا نى، ثم قال: أخ، أخ ليحملنى خلفه، فاستحييت أن أسير مع الرجال، وذكرت الزبير فقلت: لقينى رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم وعلىٰ رأسى النوى ومعه نفر من أصحابه، فأناخ لا ركب فاستحييت منه وعرفت غيرتك، فقال: والله لحملك النوى كان أشد على من ركوبك معه، فقالت: حتى أرسل الىّ أبو بكر بعد ذلك بخادم يكفينى سياسة الفرس فكأنما أعتقنى۔

حضرت اسماء بنت ابی بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ مجھ سے حضرت زبیر بن العوام رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جس وقت شادی کی اس وقت نہ انکے پاس مال تھا اور نہ کوئی غلام اور نہ کوئی اور دوسری چیز، صرف ایک کھجور کا باغ اور ایک انکا گھوڑا تھا۔ میں اس گھوڑے کیلئے چارہ لاتی، پانی پلاتی، اور کنویں سے پانی لاکر آٹا گوندھتی۔ چونکہ مجھ سے روٹی پکانا اچھی طرح نہیں آتی تھی اس لئے میری پڑوسن انصاری عورتیں روٹی پکا دیتی تھیں۔ وہ دیانت دار اور سچی عورتیں تھیں۔ میں حضرت زبیر کے اسی باغ سے جو سرکار دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انکو عطا کیا تھا کھجور کے دانے جمع کر کے دو میل دور سے لاتی تھی۔ ایک دن میں سر پر گٹھری رکھ کر لا رہی تھی کہ راستہ میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے ملاقات ہوگئی۔ سرکار کے ساتھ انصار کی ایک جماعت بھی تھی۔

سرکار نے مجھے دیکھ کر بلایا تاکہ مجھے پیچھے اونٹ پر بٹھالیں۔ لیکن مجھے مردوں کے ساتھ سفر کرتے ہوئے شرم محسوس ہوئی۔ اس لئے میں نے منع کر دیا مجھے حضرت زبیر کی غیرت کا خیال بھی مانع ہوا۔ کیونکہ حضرت زبیر صحابۂ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین میں نہایت غیرت مند صحابی تھے۔ سرکار دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم انکی شرمندگی کو سمجھ گئے اور آگے بڑھ گئے۔ پھر جب میں گھر آئی اور میں نے پورا واقعہ حضرت زبیر کو سنایا تو حضرت زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ارشاد فرمایا: تمہارا گٹھلیاں سر پر لیکر چلنا مجھ پر زیادہ سخت تھا اس سے کہ تم حضور کے

ساتھ سوار ہو لیتیں۔ پھر حضرت امیر المؤمنین سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اسکے بعد میرے لئے غلام بھیج دیا کہ گھوڑے کی خدمت کیا کرتا تھا۔ تو گویا آپ نے مجھے آزاد کر دیا۔

فتاوی رضویہ ۵/۵۹۳

(۴) اکثر عورتیں شوہر کی نافرمانی کی وجہ سے جہنمی ہیں

۱۵۷۷۔ **عن** عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم : رَأَیْتُ النَّارِ فَلَمْ اَرَ کَالْیَوْمِ مَنْظَرًا قَطُّ ، وَرَأَیْتُ اَکْثَرَ اَھْلِھَا النِّسَآءَ قالوا: لم یا رسول اللہ ! قال: بِکُفْرِھِنَّ ، قیل : یکفرن باللہ ، قال: یَکْفُرْنَ الْعَشِیْرَ، وَیَکْفُرْنَ الْاِحْسَانَ،لَوْ اَحْسَنْتَ اِلیٰ اِحْدٰھُنَّ الدَّھْرَ ثُمَّ رَأَتْ مِنْکَ شَیْئًا، قَالَتْ: مَا رَأَیْتُ مِنْکَ خَیْرًا قَطُّ ۔

حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں نے آج دوزخ کو ملاحظہ کیا تو آج جیسا منظر کبھی نہیں دیکھا۔ اور دوزخ میں میں نے اکثر عورتوں کو دیکھا۔ صحابۂ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین نے عرض کیا: یارسول اللہ! اسکی وجہ کیا ہے؟ سرکار نے فرمایا: انکے کفر کی وجہ سے، عرض کیا گیا: کیا اللہ تعالیٰ کا کفر کرتی ہیں؟ فرمایا: اپنے شوہروں کی ناشکری کرتی ہیں۔ اور احسان نہیں مانتیں۔ اگر تم ان میں سے کسی کے ساتھ ایک طویل زمانے تک بھلائی کرتے رہے پھر تمہاری طرف سے تھوڑی سی کوئی بات خلاف مزاج دیکھے تو کہے گی میں نے تجھ سے کبھی بھلائی نہیں دیکھی۔

فتاوی رضویہ ۵/۵۸۳

(۵) شوہروں کی اطاعت پر عظیم اجر

۱۵۷۸۔ **عن** عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال: جاء ت امراۃ الی رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم فقالت: انی رسولۃ النساء الیک ، واللہ ما

۱۵۷۷۔ الجامع الصحیح للبخاری، باب کفران العشیر ، ۷۸۳/۲
الصحیح لمسلم، باب الکسوف ، ۲۹۸/۱
فتح الباری للعسقلانی، ۲۹۸/۹ ☆ التمهید لابن عبد البر، ۳۰۲/۳

۱۵۷۸۔ کنز العمال للمتقی، ۱۴۵۶۹، ۸۶۲/۵ ☆ مجمع الزوائد للهیثمی، ۳۰۶/۴
المصنف لعبد الرزاق، ۱۵۹۱۴، ۴۶۳/۸ ☆ اتحاف السادۃ للزبیدی، ۱۵۲/۹

منهن امرأة علمت اولم تعلم الا وهى تهوى مخرجى اليك ، الله رب الرجال والنساء والههن ، وانت رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم الى الرجال والنساء ، كتب الله تعالىٰ الجهاد على الرجال ، فان اصابوا اجروا، وان اسشهدوا كانوا احياء عند ربهم يرزقون ، فما يعدل ذلك من النساء ؟ قال: طَاعَتُهُنَّ لِأَزْوَاجِهِنَّ ، وَالْمَعْرِفَةُ بِحُقُوقِهِم وَقَلِيلٌ مِنْكُنَّ مَنْ يَّفْعَلُهُ۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوکر ایک بی بی نے عرض کیا؛ یارسول اللہ! میں عورتوں کی بھیجی ہوئی عورت ہوں۔ جن عورتوں کو میری اس حاضری کی خبر ہے وہ، اور جنہیں خبر نہیں ہے وہ سب اس بات کی خواہش مند ہیں کہ میں ایک بات آپ سے دریافت کروں۔ وہ بات یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ مردوں اور عورتوں سب کا پروردگار ہے۔ اور حضور سب کیلئے رسول بن کر مبعوث ہوئے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے مردوں پر جہاد فرض کیا ہے کہ فتح پائیں تو دولت مند ہو جائیں۔ اور شہید ہوں تو اپنے رب تبارک وتعالیٰ کے پاس زندہ رہیں اور رزق پائیں۔ اور ہم عورتیں انکے کاموں کا انتظام کرتی ہیں۔ تو ہمارے لئے وہ کونسی اطاعت ہے جو ثواب میں جہاد کے برابر ہو؟ سرکار نے ارشاد فرمایا: شوہروں کی اطاعت اور انکے حق پہچاننا۔ لیکن وہ عورتیں بہت کم ہیں جو اپنے شوہروں کے ان حقوق کی کامل طور پر ادائیگی کرتی ہیں۔

فتاوی رضویہ ۵/۵۸۴

(۶) شوہروں کی فرمانبردار عورتیں جنتی ہیں

۱۵۷۹۔ **عن** أبی أمامة الباهلی رضی الله تعالی عنه قال: اتت البنی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم امرأة معها صبیان لها ، قد حملت احدهماوهی تقود الآخر ، فقال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : حَامِلَاتٌ وَالِدَاتٌ مُرْضِعَاتٌ رَحِيمَاتٌ بِأَوْلَادِهِنَّ لَوْلَا مَايَأتِينَ اِلَىٰ أَزْوَاجِهِنَّ دَخَلَ مُصَلِّيَاتُهُنَّ الْجَنَّةَ۔

حضرت ابوامامہ باہلی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ

۱۵۷۹۔ السنن لابن ماجه، باب المرأة تؤدی حق زوجها، ۱/۱۴۶
المسند لاحمد بن حنبل، ۵/۲۵۲ ☆ المستدرك للحاكم، ۴/۱۷۳
المعجم الكبير للطبرانی، ۸/۳۰۲ ☆ الدر المنثور للسيوطی، ۲/۱۵۴
المصنف لعبدالرزاق، ۲۰۶۰۲، ۱۱/۳۰۳ ☆ المعجم الصغير للطبرانی، ۲/۴۷

علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں ایک عورت حاضر آئیں۔ انکے ساتھ دو بچے تھے۔ ان میں سے ایک حمل میں تھا، اور دوسرا گود میں۔ سرکار نے ارشاد فرمایا: حمل کی سختیاں اٹھانے والیاں، ولادت کی تکلیف برداشت کرنے والیاں، دودھ پلانے والیاں، اور اولاد سے محبت و شفقت سے پیش آنے والیاں اگر اپنے شوہروں کی نافرمانیاں نہ کریں تو سیدھی جنت میں جائیں۔

(۷) شوہر کی نافرمانی سے بیوی نکاح سے خارج نہیں ہوتی

۱۵۸۰۔ **عن** عبد الله بن عباس رضي الله تعالىٰ عنهما قال: جاء رجل الى رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فقال: ان امرأتي لاتمنع يد لامس، قال: غَرِّبْهَا، قال: اخاف ان تتبعها نفسي، قال: فَاسْتَمْتِعْ بِهَا۔

حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ ایک مرد حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا: میری بیوی ہر کس و ناکس سے خلوت گزیں ہو جاتی ہے۔ حضور نے فرمایا: طلاق دے ڈال۔ بولے: مجھے خوف ہے کہ میری خواہش اس سے کہیں وابستہ نہ رہے۔ فرمایا: تو تم اس سے فائدہ حاصل کرتے رہو۔ ۱۲م

۱۵۸۰۔ السنن لابی داؤد، باب فی تزویج الابکار، ۲۸۰/۱
السنن للنسائی، باب تزویج الزانیه، ۵۹/۲

۵۔ نسب ورضاعت

(۱) اچھے نسب والوں میں نکاح کرو

۱۰۸۱۔ **عن** أم المؤمنين عائشة الصديقه رضى الله تعالىٰ عنها قالت : قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: تَخَيَّرُوا لِنُطَفِكُمْ ، فَانْكِحُوا لَاكْفَآءِ وَأَنْكِحُوا إِلَيْهِمْ ۔

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اپنے نطفہ کیلئے اچھی جگہ تلاش کرو۔ کفو میں بیاہ ہو اور کفو سے بیاہ کرلاؤ۔

۱۰۸۲۔ **عن** أنس بن مالك رضى الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: تَخَيَّرُوا لِنُطَفِكُمْ وَ اجْتَنِبُوا هٰذَا السَّوَادَ فَإِنَّهُ لَوْنٌ مَّشُوَّهٌ ۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اپنے نطفہ کیلئے اچھی جگہ تلاش کرو کہ اور اس سیاہی سے بچو کہ یہ بدصورت رنگ ہے۔

۱۰۸۳۔ **عن** أم المؤمنين عائشة الصديقة رضى الله تعالىٰ عنها قالت: قال رسول الله صلى الله تعالى عليه وسلم : تَخَيَّرُوا لِنُطَفِكُمْ فَإِنَّ النِّسَآءَ يَلِدْنَ أَشْبَاهَ إِخْوَانِهِنَّ وَأَخَوَاتِهِنَّ۔

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی

۱۰۸۱۔ السنن لابن ماجه، باب الاکفاء، ۱۴۲/۱
السنن الکبری للبیهقی، ۱۳۳/۷ ☆ نصب الرایة للزیلعی، ۱۹۳
فتح الباری للعسقلانی، ۱۲۵/۹ ☆ اتحاف السادة للزبیدی، ۳۴۸/۵
کنز العمال للمتقی، ۴۵۵۹۲، ۳۰۱/۱۶ ☆ تاریخ دمشق لابن عساکر، ۴۱۵/۴
المغنی للعراقی، ۱۲۰/۴ ☆ الجامع الصغیر للسیوطی، ۱۹۶/۱
المستدرک للحاکم، ۱۷۷/۲ ☆
۱۰۸۲۔ کنز العمال للمتقی، ۴۴۵۵۷، ۲۹۵/۱۶ ☆
۱۰۸۳۔ کنز العمال للمتقی، ۴۴۵۵۶، ۲۹۵/۱۶ ☆ الکامل لابن عدی، ۲۴۲/۵
الجامع الصغیر للسیوطی، ۱۹۶/۱ ☆

اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اپنے نطفہ کے لئے اچھی جگہ تلاش کرو، کہ عورتیں اپنے ہی کنبہ کے مشابہ جنتی ہیں۔

۱۵۸۴۔ **عن** أنس بن مالك رضى الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: تَزَوَّجُوا فِي الْحِجْرِ الصَّالِحِ، فَإِنَّ الْعُرُوقَ دَسَّاسٌ۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اچھی نسل میں شادی کرو رگ خفیہ اپنا کام کرتی ہے۔

۱۵۸۵۔ **عن** أبى سعيد الخدرى رضى الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: إِيَّاكُمْ وَخَضْرَاءَ الدِّمَنِ، اَلْمَرْأَةُ الْحَسْنَاءُ فِي الْمَنْبَتِ السُّوْءِ۔

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: گھوڑے کی ہریالی سے بچو۔ بری نسل میں خوبصورت عورت۔

اراءۃ الادب ۳۳

(۲) شریف ورذیل کا ثبوت

۱۵۸۶۔ **عن** عبدالله بن عباس رضى الله تعالىٰ عنهما قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: اَلنَّاسُ مَعَادِنُ كَمَعَادِنِ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ، وَالْعِرْقُ دَسَّاسٌ، وَأَدَبُ السُّوْءِ كَعِرْقِ السُّوْءِ۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جیسے سونے چاندی کی مختلف کانیں ہوتی ہیں یونہی آدمیوں کی ہیں، اور رگ خفیہ اپنا کام کرتی ہے، اور برا ادب بری رگ کی طرح ہے۔

اراءۃ الادب ۳۲

۱۵۸۴۔ اتحاف لاسادة للزبيدى، ۳۴/۱ ☆ كنز العمال للمتقى، ۴۴۵۵۹، ۲۹۶/۱۶
الكامل لابن عدى، ۷۳/۷ ☆ الجامع الصغير للسيوطى، ۱۹۷/۱
۱۵۸۵۔ كنز العمال للمتقى، ۴۴۵۸۷، ۳۰۰/۱۶ ☆ اتحاف السادة للزبيدى، ۳۴۸/۵
۱۵۸۶۔ المسند لاحمد بن حنبل، ۵۳۹/۲ ☆ اتحاف السادة للزبيدى، ۷۴/۱

(۳) بغیر عمل نسبی شرافت کام نہیں دیتی

۱۵۸۷۔ **عن** أبی هریرة رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: مَنْ أَبْطَأَ بِهِ عَمَلُهُ لَمْ یُسْرِعْ بِهِ نَسَبُهُ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جسکا عمل کوتاہ ہو اسکو اسکی شرافت نسبی کام نہیں دیتی۔

(۱) امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

اس حدیث میں نفی نفع مطلق ہے، نہ نفی مطلق۔ ورنہ معاذ اللہ کریمہ الحقنا بهم ذریتهم، کے صریح معارض ہوگی۔ ہاں آیت کریمہ " فاذا نفخ فی الصور فلا انساب بینهم یومئذ ولا یتساءلون" کے معارض نہیں کہ ایک وقت مخصوص کیلئے ہے۔ الا تری الی قوله تعالیٰ، ولایتساءلون مع قوله عز وجل " واقبل بعضهم علی بعض یتسائلون۔

اراءۃ الادب ۵۴۔

۱۵۸۸۔ **عن** أبی نضرة رضی الله تعالیٰ عنه قال: حدثنی من سمع خطبة رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فی وسط أیام التشریق فقال: یَا أَیُّهَاالنَّاسُ! اَلَا اِنَّ رَبَّکُمْ وَاحِدٌ، اِنَّ اَبَاکُمْ وَاحِدٌ، اَلَا لَافَضْلَ لِعَرَبِیٍّ عَلیٰ اَعْجَمِیٍّ وَلَا لِعَجَمِیٍّ عَلیٰ عَرَبِیٍّ، وَلَا لِأَحْمَرَ عَلیٰ أَسْوَدَ، وَلَا أَسْوَدَ عَلیٰ أَحْمَرَ اِلَّا بِالتَّقْوٰی۔ أَبَلَّغْتُ؟ قالوا بلغ رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم، ثم قال: أَیُّ یَوْمٍ هٰذَا؟ قالوا: یوم حرام، ثم قال: أَیُّ شَهْرٍ هٰذَا؟ قالوا: شهر حرام، قال: ثم قال: أَیُّ بَلَدٍ هٰذَا؟ قالوا بلد حرام، قال: فَاِنَّ اللّٰهَ قَدْ حَرَّمَ بَیْنَکُمْ دِمَائَکُمْ وَأَمْوَالَکُمْ، کَحُرْمَةِ یَوْمِکُمْ هٰذَا، فِی شَهْرِکُمْ هٰذَا، فِی بَلَدِکُمْ هٰذَا، أَبَلَّغْتُ؟ قالوا: بلغ رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه

۱۵۸۷۔ الصحیح لمسلم، کتاب الذکر، ۳۴۵/۲
الجامع للترمذی، ابواب القرآن، ۱۱۸/۲
السنن لابی داؤد، باب فضل العلم، ۵۱۳/۲
السنن لابن ماجه، باب فضل العلماء، ۲۰/۱
المسند لاحمد بن حنبل، ۲۵۲/۲ ☆ التفسیر للقرطبی، ۸/۱
موارد الظمآن للهیثمی، ۷۸
۱۵۸۸۔ المسند لاحمد بن حنبل، ۴۱۱/۵ ☆ مشکوة المصابیح للتبریزی، ۵۱۹۸

وسلم، قال: يُبَلِّغُ الشَّاهِدُ الْغَائِبَ۔

حضرت ابونضرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ مجھ سے یہ حدیث ان صحابی نے روایت کی جنہوں نے ایام تشریق میں حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے حجۃ الوداع کے موقعہ پر خطبہ سنا تھا۔ حضور نے فرمایا: اے لوگو! سنتے ہو، بیشک تمہارا رب ایک ہے۔ اور بیشک تمہارے باپ ایک ہیں۔ خبردار کسی عربی کو عجمی پر فضیلت نہیں، نہ عجمی کو عربی پر، اور نہ گورے کو کالے پر، اور نہ کالے کو گورے پر مگر تقوی کی بنا پر، کیا میں نے اللہ تعالیٰ کا پیغام تم تک پہونچا دیا؟ سب نے عرض کیا: اللہ کے رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہم تک پیغام خداوندی پہونچادیا۔ پھر فرمایا: یہ کونسا دن ہے؟ سب نے عرض کیا: حرمت والا دن، پھر فرمایا: یہ کونسا مہینہ ہے؟ سب نے بارگاہ رسالت میں عرض کیا: حرمت والا مہینہ، فرمایا: یہ کونسا شہر ہے؟ عرض کیا: حرمت والا شہر، فرمایا: بیشک اللہ تعالیٰ نے تمہارے درمیان تمہارے جان ومال اسی طرح حرام فرمادئے ہیں جس طرح یہ حرمت والا دن تمہارے اس مہینہ اور شہر میں۔ فرمایا: کیا میں نے پیغام خداوند قدوس کو تم تک پہونچا دیا؟ عرض کیا: اللہ کے رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہم تک پہونچادیا۔ فرمایا: تو چاہئے کہ حاضرین غائبین تک میرا یہ پیغام پہونچادیں۔ ۱۲

۱۵۸۹۔ **عن** أبی ذر الغفاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لی: أُنْظُرْ ! فَإِنَّكَ لَسْتَ بِخَيْرٍ مِّنْ أَحْمَرَ وَلَا أَسْوَدَ ، اِلَّا أَنْ تَفَضُّلَهُ بِتَقْوٰی۔

حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: دیکھو! تم کسی گورے اور کالے سے بہتر نہیں ہوسکتے۔

ہاں فضیلت تقوی کی بنا پر ہوتی ہے۔ ۱۲م

﴿۲﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

ان دونوں احادیث میں آیت کریمہ اِنَّ اَکْرَمَکُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقَاکُمْ کی طرح سلب فضل کلی ہے نہ سلب کلی فضل۔ اراءۃ الادب ۵۴

۲۵۸۹۔ المسند لاحمد بن حنبل، ۵/۱۵۸ ☆ مشکوۃ المصابیح للتبریزی، ۵۱۹۵
التفسیر لابن کثیر ۷/۳۶۵ ☆ الدر المنثور للسیوطی، ۶/۹۹

(۴) نسب بدلنا حرام ہے

۱۵۹۰۔ **عن** أبی بکرة رضی الله تعالیٰ عنه قال:قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: مَنِ ادَّعٰی اِلٰی غَیْرِ اَبِیْهِ وَهُوَ یَعْلَمُ اَنَّهٗ غَیْرُ اَبِیْهِ فَالْجَنَّةُ عَلَیْهِ حَرَامٌ۔

حضرت ابوبکرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو اپنے باپ کے سوا دوسرے کو دانستہ اپنا باپ بتائے اس پر جنت حرام ہے۔

اراءة الادب ۶۳

۱۵۹۱۔ **عن** أمیر المؤمنین علی المرتضی کرم الله تعالیٰ وجهه الکریم قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: مَنِ ادَّعٰی اِلٰی غَیْرِ اَبِیْهِ اَوِ انْتَمٰی اِلٰی غَیْرِ مَوَالِیْهِ فَعَلَیْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلَآئِکَةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِیْنَ، لَا یَقْبَلُ اللّٰهُ مِنْهُ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ

۱۵۹۰۔ الجامع الصحیح للبخاری، کتاب الفرائض، ۱۰۰۱/۲
الصحیح لمسلم، کتاب الحج، ۴۴۲/۱
السنن لابی داؤد، ادب ۱۲۰، باب فی الارجل یتمی الی غیر موالیه ۱۹۷/۶
السنن لابن ماجه، باب من ادعی الی غیر ابیه ۱۹۱/۲
السنن الکبری للبیهقی، ۴۰۳/۷ ☆ المسند لاحمد بن حنبل، ۱۷۴/۱
السنن للدارمی، ۲۴۳/۲ ☆ المصنف لابن ابی شیبة، ۵۳۷/۸
الترغیب و الترهیب للمنذری، ۷۳/۳ ☆ مشکوة المصابیح للتبریزی، ۳۳۱۴
الصحیح لابی عوانة، ۲۹/۱ ☆ فتح الباری للعسقلانی، ۵۴/۱۲
شرح السنة للبغوی، ۲۷۲/۹ ☆

۱۵۹۱۔ الصحیح لمسلم، باب تحریم تولی العتیق الی غیر موالیه، ۴۹۵
الجامع للترمذی، ۲۱۲۰، باب الوصة الوارث، ۳۳/۲
السنن لابن ماجه، باب لوصیة الوارث، ۱۹۹/۲
المسند لاحمد بن حنبل، ۸۱/۱ ☆ السنن للدارمی، ۲۴۴/۲
السنن للدارقطنی، ۴۱/۳ ☆ المصنف لابن ابی شیبة، ۵۳۷/۸
الترغیب و الترهیب للمنذری، ۷۳/۳ ☆ مجمع الزوائد للهیثمی، ۹۸/۱
نصب الرایة للزیلعی، ۵۷/۴ ☆ المطالب العالیة لابن حجر، ۲۵۲۳
کنز العمال للمتقی، ۱۲۹۱۶، ۲۹۲/۵ ☆ المعجم الکبیر للطبرانی، ۳۴/۱۷
البدایة و النهایة لابن کثیر، ۳۴۸/۴ ☆ التاریخ الکبیر للبخاری، ۱۶۶/۷
تاریخ بغداد للخطیب، ۳۴۷/۲ ☆ جامع مسانید ابی حنیفه، ۵۸/۲
الاسرار المرفوعة لعلی القاری، ۲۷۱ ☆ الادب المفرد للبخاری، ۴۳۳

صَرْفًا وَلَا عَدْلًا۔
فتاوی رضویہ حصہ دوم ۹/ ۱۰۷

امیر المؤمنین حضرت علی مرتضی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے اپنے باپ کے علاوہ کسی دوسرے کی طرف نسبت کی، یا اپنے آزاد کرنے والے آقا کے علاوہ کسی دوسرے مولی کی طرف خود کو منسوب کیا تو اس پر اللہ تعالیٰ کی، فرشتوں کی اور تمام لوگوں کی لعنت، قیامت کے دن اللہ تعالیٰ نہ اسکا فرض قبول فرمائے اور نہ نفل۔ ۱۲م

﴿۴﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

شرع مطہر میں نسب باپ سے لیا جاتا ہے۔ جس کے باپ دادا پٹھان یا مغل یا شیخ ہوں وہ انہیں قوموں سے ہوگا۔ اگرچہ اسکی ماں اور دادی سب سیدانیاں ہوں۔ ہاں اللہ تعالیٰ نے یہ فضیلت خاص امام حسن اور امام حسین اور انکے حقیقی بھائی بہنوں کو عطا فرمائی۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین۔ کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بیٹے ٹھہرے پھر انکی جو خاص اولاد ہے، ان میں بھی وہی قاعدہ عام جاری ہوا۔ کہ اپنے باپ کی طرف منسوب ہوں۔ اسی لئے سبطین کریمین کی اولاد سید ہیں۔ نہ بنات فاطمہ زہراء کی اولاد کہ وہ اپنے والدوں ہی کی طرف نسبت کی جائیگی۔
فتاوی رضویہ ۵/ ۸۶۵

(۵) ولد الزنا پر کوئی گناہ نہیں

۱۵۹۲۔ **عن** أم المؤمنين عائشة الصديقة رضى الله تعالىٰ عنها قالت: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: لَيْسَ عَلىٰ وَلَدِ الزِّنَا مِنْ وِزْرِ أَبَوَيْهِ شَيْءٌ۔

ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: والدین کا گناہ ولد الزنا پر کچھ نہیں۔

فتاوی رضویہ ۵/ ۴۵۷

۱۵۹۲۔ المستدرك للحاكم ۴/ ۱۱۲ ☆ الدر المنثور للسيوطى، [illegible] ۳/ ۶۷
،كنز العمال للمتقى، ۱۲۰۹۱، ۵/ ۲۳۲ ☆

(۶) حرامی بچہ عموماً بدخصلت ہوتا ہے

۱۰۹۳۔ **عن** أبی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: وَلَدُ الزِّنَا شَرُّ الثَّلَاثَةِ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: زنا کا بچہ ماں باپ سے بھی بدتر ہوتا ہے۔

۱۰۹۴۔ **عن** عبد الله بن عباس رضی الله تعالیٰ عنهما قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: وَلَدُ الزِّنَا شَرُّ الثَّلَاثَةِ إِذَا عَمِلَ بِعَمَلِ أَبَوَيْهِ۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ وعلیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: زنا کا بچہ ماں باپ سے بھی بدتر ہوتا ہے اگر ان جیسے کام کرے۔ ۱۲م

۱۰۹۵۔ **عن** أبی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: فَرْخُ الزِّنَا لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: زنا کا بچہ جنت میں داخل نہیں ہوگا۔

۱۰۹۶۔ **عن** أبی موسی الأشعری رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: لَا يَبْغِی عَلَى النَّاسِ إِلَّا وَلَدُ بَغِيٍّ وَالْإِبْنُ فِيهِ عِرْقٌ مِنْهُ۔

فتاوی رضویہ ۴/۱۲۳

حضرت ابوموسی اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ

۱۰۹۳۔ المستدرک للحاکم ۴/۱۰۰ ☆ السنن الکبری للبیهقی، ۳/۹۱
مجمع الزوائد للهیثمی، ۶/۲۵۷ ☆ العلل المتناهیة، ۲/۲۸۳
المسند لاحمد بن حنبل، ۲/۲۱۱ ☆ السلسلة الصحیحة للالبانی، ۶۷۲
الکامل لابن عدی، ۳/۹۱ ☆
۱۰۹۴۔ المعجم الکبری للطبرانی، ۱۰/۳۴۶ ☆ السنن الکبری للبیهقی، ۱۰/۵۸
۱۰۹۵۔ کنز العمال للمتقی، ۱۳۰۸۹، ۵/۳۳۲ ☆
۱۰۹۶۔ مجمع الزوائد للهیثمی، ۵/۲۳۳ ☆ الدر المنثور للسیوطی، ۳/۳۰۴
کنز العمال للمتقی، ۱۳۰۹۲، ۵/۲۳۳ ☆ التاریخ الکبیر للبخاری، ۴/۱۰۲
کشف الخفاء للعجلونی، ۲/۵۱۶ ☆

علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: لوگوں پر ظلم نہ کرے مگر زنا کی اولاد، اور وہ جس میں اسکی کوئی رگ ہو۔

۱۰۹۷۔ **عن** عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنھما قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ وَلَدُ زَنْيَةٍ۔

حضرت عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: زنا کا بچہ جنت میں داخل نہیں ہوگا۔۱۲م

﴿۴﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

ان احادیث کا مطلب یہ ہے کہ جب حرامی بچہ بھی وہی حرکات اختیار کرے۔ یا یہ مطلب ہے کہ یہ عادتوں اور خصلتوں میں غالبا ان سے بھی بدتر ہوتا ہے جبکہ علم وعمل اسکی اصلاح نہ کریں۔ کہ برے تخم سے بری ہی کھیتی ہی غلط پیدا ہوتی ہے۔

ع　　شمشیر نیک ز آہن بد چوں کند کسے۔

یا یہ مطلب ہے کہ غالبا اس سے وہ افعال صادر ہونگے جو سابقین کے ساتھ دخول جنت سے روکیں گے۔　　فتاوی رضویہ ۵/۴۵۸

(۷) بچہ بستر والے کا اور زانی کے لئے پتھر

۱۰۹۸۔ **عن** أم المؤمنين عائشة الصديقة رضی اللہ تعالیٰ عنھا قالت: اختصم سعد بن أبی وقاص وعبد بن زمعة فی غلام، فقال سعد: ھذا یا رسول اللہ ابن أخی عتبة بن أبی وقاص، عھد الی انه ابنه، انظر الی شبهه، وقال عبد بن زمعة: ھذا أخی یا رسول اللہ! ولد علی فراش أبی من ولیدته، فنظر رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیه وسلم الی شبهه فرأی شبها بینا بعتبة، فقال: ھو لك یا عبد! اَلْوَلَدُ لِلْفِرَاشِ وَلِلْعَاهِرِ الْحَجَرِ۔

ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ حضرت سعد بن ابی وقاص اور عبد بن زمعہ کے درمیان ایک بچے کے بارے میں اختلاف ہوگیا۔ حضرت

۱۰۹۷۔ کنز العمال للمتقی، ۹۶، ۱۳، ۵/۳۳۳　☆　حلیۃ الاولیاء لابی نعیم، ۳/۳۰۷
مشکل الآثار للطحاوی، ۱/۹۳　☆　کشف الخفاء للعجلونی، ۲/۴۷۰

۱۰۹۸۔ الصحیح لمسلم، باب الولد للفراش، ۱/۴۷۰

سعد نے عرض کیا: یارسول اللہ! یہ میرا بھتیجا عتبہ بن ابی وقاص کا لڑکا ہے۔ انہوں نے مجھ سے یہ عہد لیا تھا کہ وہ میرا بیٹا ہے (تم اسکی پرورش کرنا) سرکار دیکھئے! یہ بچہ میرے بھائی سے کتنا مشابہ ہے۔ عبد بن زمعہ نے کہا یارسول اللہ! یہ میرا بھائی ہے۔ میرے والد کے بستر پر انکی باندی سے پیدا ہوا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جب بچے کو دیکھا تو کامل طور پر عتبہ بن ابی وقاص سے مشابہ تھا۔ لیکن پھر بھی وہ بچہ عبد بن زمعہ کو دیتے ہوئے فرمایا: بچہ اسکا ہے جسکے بستر پر پیدا ہوا اور زانی کیلئے پتھر ہیں۔

﴿۵﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

جو عورتیں شوہر والی ہیں انکا حمل شوہر ہی کا قرار پائے گا۔ خواہ اس عورت کا حمل زنا سے ہو۔ فتاوی رضویہ ۵/۱۹۹

(۸) رشتۂ ولا نسبی رشتہ کی طرح ہے

۱۵۹۹۔ عن عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: اَلْوِلَاءُ لُحْمَةٌ كَلُحْمَةِ النَّسَبِ لَا يُبَاعُ وَلَا يُوْهَبُ۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ولاء ایک رشتہ ہے جو نسب کے رشتہ کی طرح ہوتا ہے۔ نہ اسکو بیچا جاسکتا ہے۔ نہ ہبہ کیا جاسکتا ہے۔

﴿۵﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

ہمارے امام اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے استاذ امام عطاء بن رباح رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا مذہب یہ تھا کہ جو شخص جس کے ہاتھ پر مسلمان ہوا اسکی ولاء اسی کیلئے ہے۔

۱۵۹۹۔ السنن الکبری للبیہقی، ۶/۲۴۰ ☆ المستدرک للحاکم، ۴/۳۷۹
المصنف لعبد الرزاق، ۱۶۱۴۹، ۹/۵ ☆ التمہید لابن عبد البر، ۳/۶۹
مجمع الزوائد للہیثمی، ۵/۲۳۱ ☆ کنز العمال للمتقی، ۲۹۶۲۴، ۱۰/۳۲۴
ارواء الغلیل للالبانی، ۶/۱۰۹ ☆ الکامل لابن عدی، ۵/۲۵۰
علل الحدیث لابن ابی حاتم، ۱۶۴۵ ☆ کشف الخفاء للعجلونی، ۲/۴۸۱
تلخیص الحبیر لابن حجر، ۴/۲۱۳ ☆ جامع مسانید ابی حنیفۃ، ۲/۱۷۳

۱۶۰۰۔ **عن** أنس بن مالك رضى الله تعالىٰ عنهما قال:قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: مَوْلَى الْقَوْمِ مِنْ أَنْفُسِهِمْ۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس کی ولاء جس قوم کیلئے ہو وہ اسی میں گنا جاتا ہے۔

۱۶۰۱۔ **عن** أبى أمامة الباهلى رضى الله تعالىٰ عنه قال:قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: مَنْ أَسْلَمَ عَلىٰ يَدَىْ رَجُلٍ فَلَهٗ وِلَائُهٗ۔

حضرت ابوامامہ باہلی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس کے ہاتھ پر کوئی شخص ایمان لائے تو اسکا رشتۂ ولاء اسی سے قرار پائیگا۔

۱۶۰۲۔ **عن** عبد الله بن عمر رضى الله تعالىٰ عنهما قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم:مَنْ أَسْلَمَ مِنْ أَهْلِ فَارِسٍ فَهُوَ قُرَشِىٌّ۔

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اہل فارس کا جو شخص بھی ایمان لائے وہ قرشی ہے۔

فتاویٰ رضویہ ۵/ ۴۵۷

(۹) رضاعت سے حرمت ثابت ہو جاتی ہے

۱۶۰۳۔ **عن** أم المؤمنين عائشة الصديقة رضى الله تعالىٰ عنهاقالت : قال

۱۶۰۰۔ الجامع الصحيح للبخارى، باب مولى القوم من انفسهم ۲/۱۰۰۰
السنن لابى داؤد، باب الصدقة على بن هاشم، ۱/۲۳۳
السنن الكبرى للبيهقى، ۲/۱۵۱ ☆ شرح السنة للبغوى، ۸/۳۵۲
مشكوة المصابيح للتبريزى، ۳۰۴۴ ☆ نصب الراية للزيلعى، ۲/۴۰۴
فتح البارى للعسقلانى، ۱۲/۴۸ ☆ اتحاف السادة للزبيدى، ۴/۱۳۶
كنز العمال للمتقى، ۱۶۵۱۷، ۶/۴۵۶ ☆ الكامل لابن عدى، ۱/۳۳۸
۱۶۰۱۔ الكامل لابن عدى، ۲/۱۳۵ ☆ كنز العمال للمتقى، ۲۹۶۲۶، ۱۰/۳۲۴
السنن لدار قطنى، ۴/۱۸۱ ☆
۱۶۰۲۔ كنز العمال للمتقى، ۲۱۰۱۱، ۴/۳۸۳ ☆
۱۶۰۳۔ الجامع للترمذى، باب ما جاء يحرم من الرضاعة الخ، ۱/۱۳۷
كنز العمال للمتقى، ۱۵۶۶۱، ۶/۲۷۱ ☆ السنن الكبرى للبيهقى، ۷/۴۵۲
جمع الجوامع للسيوطى، ۴۷۹۵، ☆ اتحاف السادة للزبيدى، ۵/۳۳۶

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: اِنَّ اللّٰہَ حَرَّمَ مِنَ الرَّضَاعَۃِ مَا حَرَّمَ مِنَ الْوِلَادَۃِ

ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بیشک اللہ تعالیٰ نے رضاعت کے رشتہ سے ان عورتوں کو حرام فرمادیا جن کو نسب سے حرام فرمایا۔

فتاوی رضویہ ۳۴۲/۵

۱۵۰۲- ارواء الغلیل للالبانی، ۲۸۵/۶ ☆ الطبقات الکبری لابن سعد، ۶/۲
المسند لاحمد بن حنبل، ۱۳۲/۱ ☆ المعجم الکبیر للطبرانی، ۲۵۳/۱۰
السنن لسعید بن منصور، ۹۴۸ ☆ المعجم الکبیر للطبرانی، ۲۵۳/۱۰

۶۔اعلان نکاح

(۱)اعلان نکاح اور مساجد میں انعقاد مسنون ہے

۱۶۰۴۔عن أم المؤمنين عائشة الصديقة رضى الله تعالىٰ عنهاقالت : قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم:أَعْلِنُوا هٰذَا النِّكَاحَ ، وَاجْعَلُوْهُ فِي الْمَسَاجِدِ، وَاضْرِبُو ا عَلَيْهِ بِالدُّفُوْفِ۔ فتاوی رضویہ ۱۹۱/۱۰

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: نکاح کا اعلان کرو،اور انعقاد مسجدوں میں کیا کرو،اور اعلان کیلئے دف بجاؤ۔ ۱۲م

(۲)نکاح میں لوگوں کواطلاع ضروری ہے

۱۶۰۵۔عن محمدبن حاطب الجمحى رضى الله تعالىٰ عنه قال:قال رسول الله

۱۶۰۴۔ الجامع للترمذی، باب ما جاء فی اعلان النکاح، ۱۲۹/۱
السنن لابن ماجه، باب اعلان النکاح، ۵۶/۱
الجامع الصغیر للسیوطی، ۷۷/۱ ☆ مجمع الزوائد للهیثمی، ۲۸۹/۴
حلیة الاولیاء لابی نعیم، ۳۲۷/۸ ☆ اتحاف السادة للزبیدی، ۲۳۲/۵
السنن الکبری للبیهقی، ۲۸۸/۷ ☆ فتح الباری للعسقلانی، ۲۲۶/۹
کشف الخفاء للعجلونی، ۱۶۲/۱ ☆ کنز العمال للمتقی، ۴۴۵۳۴، ۲۹۱/۱۶
میزان الاعتدال، ۶۶۱۷ ☆ المسند لاحمدبن حنبل، ۵/۴
المستدرك للحاکم ۱۸۳/۲ ☆ شرح السنة للبغوی، ۴۷/۹
المغنی للعراقی، ۴۲/۲ ☆ تاریخ اصفهان لابی نعیم، ۱۷۴/۱

۱۶۰۵۔ الجامع للترمذی، باب ما جاء فی اعلانك النکاح، ۱۲۹/۱
السنن للنسائی، کتاب النکاح، اعلان النکاح بالصوت و ضرب الدف، ۷۵/۲
السنن لابن ماجه، باب اعلان النکاح، ۱۳۸/۱
المسند لاحمد بن حنبل، ۴۱۸/۳ ☆ السنن الکبری للبیهقی، ۲۸۹/۷
المستدرك للحاکم ۱۸۴/۲ ☆ المعجم الکبیر للطبرانی، ۲۴۲/۱۹
السنن لسعید بن منصور، ۶۲۹ ☆ مشکوة المصابیح للتبریزی، ۳۱۲۳
کنز العمال للمتقی، ۴۴۵۵۲، ۲۹۵/۱۶ ☆ شرح السنه للبغوی، ۲۶۳/۴
فتح الباری للعسقلانی، ۲۲۶/۹ ☆ ارواء الغلیل للالبانی، ۵۰/۷
آداب الزفاف للالبانی، ۹۶ ☆ المغنی للعراقی، ۴۳/۲
اتحاف السادة للزبیدی، ۳۵۰/۵ ☆ تذکرة الموضوعات لابن القیسرانی، ۵۳۰

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: فَصْلُ مَابَیْنَ الْحَلَالِ وَالْحَرَامِ الدَّفُّ وَالصَّوْتُ فِی النِّکَاحِ۔ ھادی الناس ۹

حضرت محمد بن حاطب جمحی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: حلال وحرام (نکاح وزنا) کے درمیان فرق اعلان ودف کے ذریعہ ہے۔ ۱۲م

(۳) شادی میں گانے کی محفل کا حکم

۱۶۰۶۔ **عن** أم المؤمنین عائشة الصدیقة رضی اللہ تعالیٰ عنھاقالت : کانت عندی جاریة من الانصار زوجتھا ، فقال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم : أَلَا تُغَنِّیْنَ ، فَاِنَّ ھٰذَا الْحَیَّ مِنَ الْأَنْصَارِ یُحِبُّوْنَ الْغِنَاءَ۔

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ میرے پاس ایک انصاری لڑکی تھی جسکی میں نے شادی کی۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کیا عورتوں نے گانا نہیں گایا۔ کیونکہ اس قبیلہ انصار کے لوگ تو گانا پسند کرتے ہیں۔

﴿۱﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

یہ گانے باجے کہ ان بلاد میں معمول ورائج ہیں بلاشبہ ممنوع وناجائز ہیں۔ خصوصا وہ ناپاک ملعون رسم کہ بہت خزاں بے تمیز احمق جاہلوں نے شیاطین ھنود ملاعین بے بہبود سے سیکھی، یعنی فحش گالیوں کے گیت گوانا، مجلس کے حاضرین وحاضرات کو لچھے دار سنانا، سمدھیانہ کی عفیف پاک دامن عورتوں کو الفاظ زنا سے تعبیر کرنا کرانا، خصوصا اس ملعون رسم کا مجمع زناں میں ہونا، ان کا اس ناپاک فاحشہ حرکت پر ہنسنا، قہقہے اڑانا، اپنی کنواری لڑکیوں کو یہ سب کچھ سنا کر بدلحاظ بنانا، بے حیا بے غیرت خبیث بے حمیت مردوں کا اس شہد پن کو جائز رکھنا، کبھی برائے نام لوگوں کے دکھاوے کو جھوٹ سچا ایک آدھ بار جھڑک دینا، مگر بندوبست قطعی نہ کرنا، یہ شنیع گندی مردود رسم ہے جس پر صدہا لعنتیں اللہ عزوجل کی اترتی ہیں۔ اسکے کرنے والے، اس پر راضی ہونے والے، اپنے یہاں اسکا کافی انسداد نہ کرنے والے سب فاسق وفاجر مرتکب کبائر مستحق غضب جبار وعذاب نار ہیں۔ والعیاذ باللہ تبارک وتعالیٰ، اللہ تعالیٰ مسلمانوں کو ہدایت

۱۶۰۶۔ السنن لابن ماجہ، باب الغناء والدف، ۱۳۸/۱

بخشے۔ آمین۔

جس شادی میں یہ حرکتیں ہوں مسلمانوں پر لازم ہے کہ اس میں ہرگز شریک نہ ہوں۔ اگر نادانستہ شریک ہوگئے تو جس وقت اس قسم کی باتیں شروع ہوں فوراً اسی وقت اٹھ جائیں اور اپنی جورو، بیٹی، ماں، بہن کو گالیاں نہ دلوائیں، فحش نہ سنوائیں، ورنہ یہ بھی ان ناپاکیوں میں شریک ہونگے اور غضب الٰہی سے حصہ لیں گے۔ والعیاذ باللہ رب العالمین۔

زنہار زنہار اس معاملہ میں حقیقی بہن بھائی بلکہ ماں باپ کی بھی رعایت ومروت روا نہ رکھیں، کہ لاطاعة لاحد فی معصیة اللہ،

ہاں شرع مطہر نے شادی میں بغرض اعلان نکاح صرف دف کی اجازت دی ہے۔ جبکہ مقصود سے تجاوز کر کے لہو مکروہ وتحصیل لذت شیطانی کی حدود تک نہ پہونچے۔ ولہذا اعطاء شرط لگاتے ہیں کہ قواعد موسیقی پر نہ بجایا جائے، تال وسم کی رعایت نہ ہو، نہ اس میں جھانجھ ہوں، کہ وہ خواہی نخواہی مطرب وناجائز ہیں، پھر اسکا بجانا بھی مردوں کو ہر طرح مکروہ ہے، نہ شرف والی بیبیوں کے مناسب، بلکہ نابالغہ چھوٹی چھوٹی بچیاں یا لونڈیاں باندیاں بجائیں اور اسکے ساتھ کچھ سیدھے سادھے اشعار، یا سہرے سہاگ ہوں جن میں اصلا نہ نہ فحش ہو، نہ کوئی بے حیائی کا ذکر، نہ فسق وفجور کی باتیں، نہ مجمع زناں یا فاسقاں میں عشقیات کے چرچے، نہ نامحرم مردوں کو نغمۂ عورات کی آواز پہونچے۔ غرض ہر طرح منکرات شرعیہ ومظان فتنہ سے پاک ہوں تو اس میں بھی مضائقہ نہیں۔ جیسے انصار کرام کی شادیوں میں سمدھیانے جا کر یہ شعر پڑھا جاتا تھا۔

اتیناکم اتیناکم ☆ فحیانا وحیاکم

ہم تمہارے پاس آئے۔ ہم تمہارے پاس آئے۔ اللہ ہمیں بھی زندہ رکھے تمہیں بھی جلائے۔ بس اس قسم کے پاک صاف مضمون ہوں تو اصل حکم میں اس قدر کی رخصت ہے مگر حال زمانہ کے مناسب یہ ہے کہ مطلق بندش کی جائے۔ کہ جہاں حال خصوصاً زنان زماں سے کسی طرح امید نہیں کہ انہیں جو حد باندھ کر اجازت دی جائیگی۔ اسکے پابند رہیں گی۔ او رحد مکروہ تک تجاوز نہ کریں گے۔ لہذا سرے سے فتنہ کا دروازہ ہی بند کیا جائے۔ نہ انگلی ٹکنے کی جگہ پائیں گے نہ آگے پاؤں پھیلائیں گے۔ خصوصاً بازاری فاجرہ فاحشہ عورتیں رنڈیوں

ڈومنیوں کو ہرگز ہرگز قدم نہ رکھنے دیں، کہ ان سے حد شرعی کی پابندیاں محال عادی ہے، وہ بے حیائیوں فحش سرائیوں کی خوگر ہیں۔ منع کرتے کرتے اپنا کام کرگزریں گی۔ بلکہ شریف زادیوں کا ان آوارہ بدوضعوں کے سامنے آنا ہی سخت بے ہودہ و بیجا ہے۔ صحبت بد زہر قاتل ہے اور عورتیں نازک شیشیاں جنکے ٹوٹنے کی ادنی ٹھیس بہت ہوتی ہے۔

فتاوی رضویہ ۹/۷۸

۱۶۰۷۔ **عن** الربیع بنت معوذ بن عفراء رضی اللہ تعالیٰ عنہا قالت: جاء النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فدخل حین بنی علی، فجلس علی فراشی کمجلسك منی، فجعلت جویریات لنا یضربن بالدف، ویندبن من قتل من آبائی یوم بدر۔

حضرت ربیع بنت معوذ بن عفراء رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ جب میری رخصتی ہوئی تو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میرے پاس تشریف لائے۔ اوراس طرح میرے بستر پرآکر جلوہ افروز ہوئے۔ جیسے آپ (خالد بن ذکوان راوی حدیث) بیٹھے ہیں پس کچھ لڑکیاں دف بجا کر اپنے ان بزرگوں کے کارنامے بیان کررہی تھیں جو غزوۂ بدر میں جام شہادت نوش فرماگئے تھے۔

۱۶۰۸۔ **عن** ام المؤمنین عائشۃ الصدیقۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہاانہازفت امرأۃ الی رجل من الانصار ،فقال النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم :یَا عَائِشَۃُ ! مَا کَانَ مَعَکُمْ لَھْوٌ ، فَاِنَّ الْاَنْصَارَ یُعْجِبُھُمُ اللَّھْوُ۔

ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے ایک عورت کا نکاح کسی انصاری مرد کے ساتھ کردیا، حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اے عائشہ! تمہارے پاس بچیوں کیلئے کوئی گانے بجانے کی چیز نہیں کہ انصار کو یہ پسند ہے۔

۱۶۰۷۔ الجامع الصحیح للبخاری، باب ضرب الدف فی النکاح، ۲/۷۷۳
السنن لابی داؤد، الادب، باب فی الغناء، ۲/۶۷۴
السنن الکبری لبیہقی، ۷/۲۸۹ ☆ اتحاف السادۃ للزبیدی، ۶/۵۵۸
فتح الباری للعسقلانی، ۹/۲۰۲ ☆ شرح السنۃ للبغوی، ۹/۴۷
مشکوۃ المصابیح للتبریزی، ۳۱۴۰ ☆

۱۶۰۸۔ الجامع الصحیح للبخاری، باب النسوۃ اللاتی یھدین الخ، ۲/۷۷۵
آداب الزفاف للالبانی، ۹۴ ☆ تلبیس ابلیس لابن الجوزی، ۲۳۱

۱۶۰۹۔ **عن** عبد الله بن عباس رضی الله تعالیٰ عنهما قال: انكحت عائشة رضی الله تعالیٰ عنها ذات قرابة لها من الأنصار ، فجاء رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم فقال: أَهَدَيْتُمُ الْفَتَاةَ ؟قالوا : نعم، قال: أَرْسَلْتُمْ مَعَهَا مَنْ تُغَنِّي؟ قالت: لا، فقال رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم:اِنَّ الْأَنْصَارَ قَوْمٌ فِيهِمْ غَزَلٌ، فَلَوْبَعَثْتُمْ مَعَهَا مَنْ يَّقُولُ: أَتَيْنَاكُمْ أَتَيْنَاكُمْ،فَحَيَّانَا وَحَيَّاكُمْ۔ ھادی الناس ۹

حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے اپنی کسی رشتہ دار لڑکی کا نکاح ایک انصاری سے کردیا۔رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تم نے لڑکی کو رخصت کردیا؟ صحابہ کرام نے عرض کیا: ہاں،فرمایا: کیا تم نے اسکے ساتھ کوئی گانے والی بچی بھی بھیجی ہے۔ام المؤمنین نے عرض کیا: نہیں،اس پر حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر تم اسکے ساتھ کسی کو بھیج دیتے تو اچھا تھا جو یہ کہتی جاتیں۔ہم تمہارے پاس آئے،ہم تمہارے پاس آئے۔اللہ ہمیں بھی زندہ رکھے تمہیں بھی جلائے۔۱۲م

۱۶۱۰۔ **عن** السائب بن يزيد رضی الله تعالیٰ عنه قال: لقی رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم جواری يتغنين يقلن:تحيونا نحييكم : فوقف رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم، ثم دعاهن فقال: لَا تَقُولُوا هٰكَذَا ، وَلٰكِنْ قُولُوا: حَيَّانَا وَإِيَّاكُمْ ، فقال رجل: يارسول الله ! اترخص للناس فی هذا؟ قال: نَعَمْ، اِنَّهٗ نِكَاحٌ لَاسَفَاحٌ، أَشِيْدُوْا بِالنِّكَاحِ۔

حضرت سائب بن یزید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ملاقات چند بچیوں سے ہوئی جو گارہی تھیں۔تم ہمیں سلام کرو ہم تمہیں سلام کریں ۔ حضور سید عالم یہ سنکر تشریف فرما ہوئے۔اور انکو بلاکر فرمایا: اس طرح نہ کہو! بلکہ یوں کہو! اللہ تعالیٰ ہمیں اور تمہیں زندہ سلامت رکھے۔ایک مرد بولے یا رسول اللہ! کیا لوگوں کو اس طرح کے گانے کی اجازت ہے؟ فرمایا: ہاں، یہ نکاح ہے زنا نہیں،نکاح کا خوب چرچا اور اعلان کرو۔

۱۶۰۹۔ السنن لابن ماجه، باب الغناء و الدف، ۱/۱۳۸
المسند لاحمد بن حنبل، ۳/۳۹۱ ☆
۱۶۱۰۔ المعجم الكبير للطبرانی، ۷/۱۵۲ ☆ مجمع الزوائد للهيثمی، ۳/۱۸

۱۶۱۱۔ **عن** عامر بن سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: دخلت علی قرظة بن کعب وابی مسعود الأنصاری رضی اللہ تعالیٰ عنهما فی عرس واذا جواری یغنین فقلت: أی صاحبی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم واھل بدر ! یفعل ھذا عند کم فقال: اِجلس اِن شئت ، فاسمع معنا ، وان شئت فاذهب ، فانه قد رخص لنا فی اللهو عند العرس۔ فتاوی رضویہ حصہ اول ۹/۲۴۳

حضرت عامر بن سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں حضرت قرظہ بن کعب اور حضرت ابو مسعود انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے پاس ایک شادی میں پہونچا، تو وہاں کچھ بچیاں گا رہی تھیں۔ میں نے کہا: اے رسول اللہ کے بدری صحابہ! یہ تمہارے سامنے کیا ہو رہا ہے؟ بولے: بیٹھ جاؤ! چاہو تو سنو ورنہ چلے جاؤ کہ حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے شادیوں کے موقعہ پر اس طرح کی خوشی ومسرت والی چیزوں کی اجازت عطا فرمائی ہے۔۱۲م

﴿۲﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

امام عینی عمدۃ القاری میں فرماتے ہیں ولیمہ، نکاح میں دف بجانے اور اس جیسے کھیل کرنے کے جواز پر علماء کا اتفاق ہے۔

مرقات میں ہے۔ کہا گیا ہے کہ وہ لڑکیاں نہ حد شہوت کو پہونچی تھیں اور نہ انکے دف میں جھانجھ تھے۔

اکمل الدین بابرتی نے کہا: اس حدیث میں بغرض اعلان نکاح اور زفاف کے وقت دف بجانے کی دلیل ہے۔ بعض لوگوں نے ختنہ، عیدین، سفر سے آمد اور احباب کے اجتماع مسرت کو بھی اسی سے لاحق کیا ہے۔ نیز اس سے مراد وہ دف ہے جو اگلوں کے زمانے میں ہوتا تھا۔ لیکن اب ایسا دف جس میں جھانجھ ہوں وہ تو بالاتفاق مکروہ ہونا چاہئے۔

علامہ جامی نے فتاوی سراجیہ سے نقل کی کہ شادی میں دف بجانے کا جواز اسی وقت ہے کہ اس میں گھنگھرو نہ ہوں۔ اور طرب کے طور پر نہ بجایا جائے۔ زمانۂ حدیث اور عہد رسالت میں دف کے اندر گھنگھرو ہونے کا ثبوت نہیں۔ یہ تو ایک نیا تماشا ہے جسے بعد کے لوگوں میں بیکاروں اور تماشائیوں نے ایجاد کیا۔

۱۶۱۱۔ السنن للنسائی ، باب اللهو والغناء عند العرس، ۲/۷۷

خیال رہے کہ ہر لہو حرام ہے چھوٹا ہو یا بڑا۔ رہا وہ جو شادی وغیرہ میں جائز اور مباح فرمایا گیا۔ یعنی دف بجانا اور شعر پڑھنا مباح اور مندوب ارادے سے، نہ کہ تماشہ اور معیوب کھیل کے طور پر۔ تو اسے صورۃ لہو کہا گیا ہے۔ جیسے تینوں سنتوں کو، یعنی گھوڑے، عورت اور تیر اندازی سے کھیل کرنے کو اسی بنا پر لہو کہا گیا ہے۔

رہا اعلان نکاح کیلئے بندوق کی گولی چھوڑنا تو اس میں شک نہیں کہ نکاح میں اعلان مطلوب ومندوب ہے تاکہ نکاح اور سفاح میں فرق ہو جائے۔ حدیث میں دف کے ساتھ یہ بھی فرمایا کہ نکاح اور سفاح میں آواز واعلان کے ذریعہ فرق کرو۔ اور بندوق بھی ایک آواز ہی ہے جس سے اعلان ہوتا ہے بلکہ اس مقصد میں اسے زیادہ دخل ہے۔

مختصر یہ کہ نہی مفقود ہے اور یہ عمل مفید مقصود ہے۔ تو اسکا جواز بلاشبہ حاصل وموجود ہے۔ اور ممانعت کی بات مردود ہے۔ کیا کسی کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ اس چیز سے روکے جس سے اللہ ورسول نے نہیں روکا۔ جل جلالہ، وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔ لیکن بعض جہال وہابیہ نے اسکو اسراف کہا اور اس بنیاد پر حرام کہہ دیا حالانکہ یہ اسراف کے معنی سے جہالت پر مبنی ہے۔ اسراف کا معنی ہے۔ نامحمود غرض میں خرچ کرنا۔ میانہ روی سے آگے بڑھنا۔ حد سے تجاوز کرنا۔ اور بس۔

ھادی الناس ۱۹ تا ۵۳ ملخصا۔

(۴) شادی سے قبل عورت کو دیکھ لینا جائز ہے

۱۶۱۲۔ **عن** أبی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه قال: كنت عند النبی صلی الله تعالیٰ عليه و سلم فاتاه رجل فاخبره انه تزوج امرأة من الانصار، فقال له رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم: أَنَظَرْتَ إِلَيْهَا ؟ قال: لا، قال: فَاذْهَبْ، فَانْظُرْ إِلَيْهَا فَإِنَّ فِي أَعْيُنِ الْأَنْصَارِ شَيْئًا۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ سلم کی خدمت اقدس میں حاضر تھا۔ ایک شخص حاضر ہوئے۔ اور عرض کیا: میں ایک انصاری عورت سے نکاح کرنا چاہتا ہوں۔ سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کیا تم نے اس عورت کو دیکھ لیا ہے؟ عرض کیا: نہیں، آپ نے فرمایا: جاؤ دیکھ لو! کیونکہ انصار کی آنکھ میں کچھ

۱۶۱۲۔ الصحیح لمسلم، باب النظر الی وجهها قبل خطبتها، ۱/۴۵۶

ہے۔

﴿۴﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

کسی کے عیب کو دوسروں پر خالص خیر خواہی کی نیت سے بیان کرنا جائز ہے۔ جیسا کہ اس حدیث سے ثابت ہے۔ کہ اسمیں مصلحت دینیہ ہے اور معاذ اللہ اعتراض کے پہلو سے پاک ہے۔ جیسے کچھ لوگ کسی طرف عازم سفر ہیں انکو بتانا کہ فلاں راستہ بہت خراب ہے۔ اس راستہ سے نہ جاؤ۔ فتاوی رضویہ جدید ۱/۶۱۷

۷۔ مباشرت

(۱) بغیر غسل چند بیبیوں کے پاس جاسکتا ہے

۱۶۱۳۔ **عن** أنس بن مالك رضی الله تعالیٰ عنه قال: كان النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم یطوف علی النساء بغسل واحد۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک ہی غسل سے اپنی ازواج مطہرات پر طواف فرماتے۔

فتاوی رضویہ حصہ دوم ۸۰/۹

(۲) وقت جماع برہنگی صحیح نہیں

۱۶۱۴۔ **عن** عتبة بن عبد السلمی رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی تعالیٰ علیه سلم: إِذَا أَتَی أَحَدُكُمْ أَهْلَهُ فَلْيَسْتَتِرْ، وَلَا يَتَجَرَّدْ تَجَرُّدَ الْعِيْرَيْنِ۔

حضرت عتبہ بن عبد سلمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب تم میں سے کوئی اپنی بیوی کے پاس آئے تو پردہ کرے۔ اور جنگلی گدھوں کی طرح برہنہ نہ ہو۔ ۱۲م

۱۶۱۳۔ الجامع الصحیح للبخاری، باب من طاف علی نسائه بغسل واحد، ۷۸۵/۲
الصحیح لمسلم، باب الحیض، ۱۴۴/۱
الجامع للترمذی، باب ما جاء فی الرجل یطوف علی نسائه، الخ، ۲۰/۱
السنن للنسائی، باب اتیان النساء قبل احداث الغسل، ۳۰/۱
السنن لابن ماجه، باب ما جاء فیمن یغتسل من جمیع نسائه، ۴۴/۱
السنن للدارمی، ۴۴/۱ ☆ المسند لاحمد بن حنبل، ۲۲۵/۳
الجامع الصغیر للسیوطی، ۴۳۶/۲ ☆ الصحیح لابی عوانة، ۲۸۰/۱
اتحاف السادة للزبیدی، ۳۶۹/۵ ☆ شرح السنة للبغوی، ۳۷/۲
حلیة الاولیاء لابی نعیم، ۱۰۰/۷ ☆
۱۶۱۴۔ السنن لابن ماجه، باب التستر عند الجماع، ۱۳۸/۱

۸۔ نکاح پر قدرت نہ ہو تو کیا کرے

(۱) صاحب استطاعت نکاح کرے ورنہ روزہ رکھے

۱۶۱۵۔ **عن** عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: یَا مَعْشَرَ الشَّبَابِ ! مَنِ اسْتَطَاعَ مِنْكُمُ الْبَاءَةَ فَلْيَتَزَوَّجْ ، وَمَنْ لَمْ يَسْتَطِعْ فَعَلَيْهِ بِالصَّوْمِ، فَإِنَّهُ لَهُ وِجَاءٌ ۔

حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اے جوانوں کے گروہ تم میں سے جو بھی نکاح کی قدرت رکھتا ہے تو وہ نکاح کرے، اور جسکو یہ قدرت نہیں اسکو روزہ رکھنا چاہئے کہ روزہ خواہشات نفسانی کو توڑتا ہے۔

فتاوی رضویہ ۳۱۵/۶

۱۶۱۶۔ **عن** أم المؤمنين عائشة الصديقة رضی اللہ تعالیٰ عنها قالت: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: اَلنِّكَاحُ مِنْ سُنَّتِي فَمَنْ لَمْ يَفْعَلْ بِسُنَّتِي فَلَيْسَ مِنِّي وَتَزَوَّجُوا فَإِنِّي مُكَاثِرٌ بِكُمُ الْأُمَمَ ، وَمَنْ كَانَ ذَا طَوْلٍ فَلْيَنْكِحْ وَمَنْ لَمْ يَجِدْ فَعَلَيْهِ بِالصِّيَامِ ، فَإِنَّ الصَّوْمَ لَهُ وِجَاءٌ۔

ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: نکاح میری سنت ہے تو جس شخص نے میری سنت پر عمل نہیں کیا وہ مجھ سے نہیں۔ اور تم لوگ شادیاں کرو کہ میں تمہارے سبب باقی امتوں پر کثرت کا اظہار کرونگا۔ اور جو شادی کی طاقت رکھتا ہے وہ شادی کرے۔ اور جس میں اتنی وسعت نہیں وہ روزہ رکھے۔ کہ اس سے شہوت ختم ہوتی ہے۔

۱۶۱۵۔ الجامع الصحیح للبخاری، باب من استطاع منکم الباءة ۷۵۸/۲
کنز العمال للمتقی، ۴۴۴۰۸، ۲۷۲/۱۶ ☆ اتحاف السادة للزبیدی، ۲۸۶/۵
المغنی للعراقی، ۲۳/۲ ☆ السلسلة الصحیحة للالبانی، ۱۸۳۰
تاریخ اصفهان لابی نعیم ۲۴۴/۱ ☆ مجمع الزوائد للهیثمی، ۲۵۲/۴
۱۶۱۶۔ السنن لابن ماجه، باب ما جاء فی فضل النکاح، ۱۳۴/۱
المغنی للعراقی، ۴۱/۳ ☆

۱۶۱۷۔ **عن** عبد الله بن مسعود رضی الله تعالیٰ عنہ قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: یَا مَعشَرَ الشَّبَابِ ! مَنِ استَطَاعَ مِنکُمُ البَاءَ ۃَ فَلیَتَزَوَّج ، فَإِنَّهُ أَغَضُّ لِلبَصَرِ وَأَحصَنُ لِلفَرجِ وَمَن لَم یَستَطِع فَعَلَیهِ بِالصَّومِ ، فَإِنَّهُ لَهُ وِجَاءٌ۔

حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اے گروہ جواناں تم میں سے جسے نکاح کی طاقت ہو وہ نکاح کرے، کہ نکاح پریشان نظری و بدکاری سے روکنے کا سب سے بہتر طریقہ ہے، اور جسے ناممکن ہو اس پر روزے لازم ہیں۔ کہ کسر شہوت نفسانی کردیں گے۔

۱۵۱۷۔ الصحیح لمسلم، کتاب النکاح، ۴۴۹/۱
السنن الکبری للبیهقی، ۲۹۶/۴ ☆ المسند لاحمد بن حنبل، ۳۸۷/۱
الترغیب والترهیب للمنذری، ۴۰/۳ ☆ شرح السنة للبغوی، ۳/۹
فتح الباری للعسقلانی، ۱۰۶/۹ ☆ المعجم الکبری للطبرانی، ۱۴۹/۱۰

۱۰

كتاب الطلاق

ابواب

۱۔ طلاق کی شرعی حیثیت

(۱) مباح چیزوں میں مبغوض تر طلاق ہے

۱۶۱۸۔ **عن** عبد الله بن عمر رضی الله تعالیٰ عنهما قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: اَبۡغَضُ الۡحَلَالِ اِلَی اللّٰهِ تَعَالیٰ اَلطَّلَاقُ۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ کے نزدیک حلال چیزوں میں زیادہ ناپسند طلاق ہے۔

(۱) امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

بلا وجہ شرعی طلاق دینا اللہ تعالیٰ کو سخت ناپسند و مبغوض و مکروہ ہے۔ مگر شوہر اسکا اختیار ضرور رکھتا ہے۔ اگر دیگا تو ہو جائیگی۔ پھر اگر زوجہ سے ابھی خلوت یعنی بغیر کسی مانع کے تنہا یکجائی نہ کی۔ یا زوجہ کہ دس سالہ ہے قابلیت جماع اصلا نہ رکھتی ہو جب تو نصف مہر دینا ہوگا اگر بندھا ہو۔ اور اگر کچھ نہ بندھا تھا تو ایک پورا جوڑا جس میں دوپٹہ پاجامہ اور عورتوں کے چھوٹے کپڑے اور جوتا سب کچھ ہو۔ اور مرد و عورت دونوں کے لحاظ سے عمدہ نفیس یا کم درجہ، یا متوسط ہو، دینا آویگا۔ جسکی قیمت نہ پانچ درہم سے کم ہو نہ عورت کے نصف مہر سے زیادہ ہو۔ اگر مرد و عورت دونوں غنی ہیں تو نفیس۔

اور دونوں فقیر تو ادنی۔ اور ایک فقیر دوسرا غنی تو متوسط اور اگر دس سالہ لڑکی قابل جماع ہے اور خلوت ہو چکی تو پورا مہر لازم ہوگا۔

فتاوی رضویہ ۶۰۲/۵

فتاوی رضویہ ۷/۵

۱۶۱۸۔ السنن لابی داؤد، باب کراهية الطلاق، ۲۹۶/۱

السنن لابن ماجه، باب الطلاق، ۱٤٦/۱

الجامع الصغیر للسیوطی، ۱۰/۱ ☆ التفسیر للبغوی، ٦٥/۲

شرح السنة للبغوی، ۱۹٥/۹ ☆ اتحاف السادة للزبیدی، ۳۹۱/٥

الکامل لابن عدی، ٤٦۱/٦ ☆ الدر المنثور للسیوطی، ۲۸۸/۱

التفسیر لابن کثیر، ۳۸۲/۲ ☆ تاریخ دمشق لابن عساکر، ۷۲/۲

علل الحدیث لابن ابی حاتم، ۹۷۱۲،

(۲) کثرت نکاح وطلاق ممنوع ہے

۱۶۱۹۔ **عن** أبي موسى الأشعرى رضى الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: تَزَوَّجُوا وَلَا تُطَلِّقُوا ! فَاِنَّ اللّٰهَ تَعَالىٰ لَايُحِبُّ الذَّوَّاقِيْنَ وَالذَّوَّاقَاتِ ۔

حضرت ابوموسی اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: نکاح کرو، اور جب تک عورت کی طرف سے کوئی شک پیدا نہ ہو طلاق نہ دو! کہ اللہ تعالیٰ بہت چکھنے والے مردوں اور بہت چکھنے والی عورتوں کو دوست نہیں رکھتا۔

جدالممتار ۲/۴۶۴

(۳) طلاق کی قسم کھانا اور کھلانا صفت نفاق ہے

۱۶۲۰۔ **عن** أنس بن مالك رضى الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: مَاحَلَفَ بِالطَّلَاقِ مُؤمِنٌ ، وَمَااسْتَحْلَفَ بِهٖ اِلَّا مُنَافِقٌ۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: مومن طلاق کی قسم نہ کھاتا ہے اور نہ کھلاتا ہے، ہاں جو منافق صفت انسان ہو وہ ایسا کرتا ہے۔

فتاوی رضویہ ۵/۸۹۷

(۴) زمانہ جاہلیت میں ایک مجلس کی چند طلاقوں کی حیثیت نہ تھی

۱۶۲۱۔ **عن** أم المؤمنين عائشة الصديقة رضى الله تعالىٰ عنها قالت: كان الناس او الرجل يطلق امرأته ماشاء ان يطلقها وهى امرأته اذا ارتجعها وهى فى العدة ان طلقها مأة مرة أو أكثر حتى قال رجل لامرأته: والله لا اطلقك فتبينين منى ولا

۱۶۱۹۔ كنز العمال للمتقى، ۲۷۸۷۳، ۹/۶۶۱ ☆ الجامع الصغير للسيوطى، ۲/۱۹۷
تاريخ بغداد للخطيب، ۱۲/۱۹۱ ☆ تنزيه الشريعة لابن عراق، ۲/۲۰۲
كشف الخفاء للعجلونى، ۱/۳۶۱ ☆ الكامل لابن عدى،
۱۶۲۰۔ الجامع الصغير للسيوطى، ۲/۴۸۲ ☆ كشف الخفاء للعجلونى، ۲/۶۲
المعجم الكبير للطبرانى، ۱۸/۲۴۹ ☆
۱۶۲۱۔ الجامع للترمذى، ابواب الطلاق و اللعان، ۱/۱۴۳
السنن الكبرى للبيهقى، ۷/۳۳۳ ☆

/ودیك أبدا قالت:و كیف ذاك ؟قال: أطلقك فكلما همت عدتك ان تنقضی راجعتك فذهبت المرأة حتي دخلت علي عائشة فأخبرتها ، فسكتت عائشة حتی جاء النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فاخبرته فسكت النبی صلی الله تعالیٰ علیه سلم حتی نزل القرآن ، اَلطَّلَاقُ مَرَّتَانِ فَاِمْسَاكٌ بِمَعْرُوْفٍ أَوْ تَسْرِيْحٌ بِاِحْسَانٍ ، قالت عائشة رضی الله تعالیٰ عنها : فاستانف الناس الطلاق من كان طلق ومن لم يكن طلق ۔

فتاوی رضویہ ۵/۸۲

ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ زمانۂ جاہلیت میں لوگ اپنی بیویوں کو جتنی چاہتے طلاق دیتے لیکن وہ انکی بیوی بدستور رہتی، اس طرح کے عدت میں اس سے رجعت کر لیتے۔ خواہ انہوں نے ایک سو یا اس سے بھی زائد طلاقیں دی ہوں ۔ یہاں تک کہ ایک مرتبہ زمانۂ اسلام میں ایک شخص نے اپنی بیوی سے کہا: خدا کی قسم نہ تو میں تجھے طلاق دونگا کہ تو مجھ سے جدا ہو جائے ، اور نہ ہی تجھے کبھی پناہ دونگا۔ عورت نے پوچھا وہ کیسے؟ اس نے کہا: تجھے طلاق دونگا اور جب عدت پوری ہونے لگے گی تو رجعت کر لونگا۔ وہ عورت ام المؤمنین حضرت عائشہ کی خدمت میں حاضر ہوئی۔ اور واقعہ سنایا، ام المؤمنین خاموش رہیں۔ پھر حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تشریف لائے۔ تو آپ سے واقعہ عرض کیا گیا: آپ نے بھی سکوت فرمایا: یہاں تک کہ قرآن کریم کی یہ آیات نازل ہوئیں۔ طلاق دو مرتبہ ہے، اسکے بعد یا تو اچھے طریقے سے روک لینا ہے یا احسان کے ساتھ چھوڑ دینا ہے۔ ام المؤمنین فرماتی ہیں: تو لوگوں نے اس طریقے سے طلاق دینا شروع کی جس نے پہلے طلاق دے دی تھی اور جس نے نہیں دی تھی اس نے بھی یہی طریقہ اختیار کیا۔۱۲ م

۱۶۲۲۔ عن أم المؤمنين عائشة الصديقة رضى الله تعالىٰ عنها قالت:لم يكن للطلاق وقت يطلق امرأته ثم يراجعها مالم تنقضى العدة ، وكان بين رجل وبين اهله بعض مايكون بين الناس ،فقال: والله ! لا تركنك لا ايما ولا ذا ت زوج ، فجعل يطلقها حتى اذا كادت العدة ان تنقضى لرجعها ، ففعل ذالك مرارا ، فانزل الله فيه ، اَلطَّلَاقُ مَرَّتَانِ فَاِمْسَاكٌ بِمَعْرُوْفٍ أَوْ تَسْرِيْحٌ بِاِحْسَانٍ، فوقت لهم الطلاق ثلاثا يراجعها فى الواحدة والثنتين وليس فى الثلاثة رجعة حتى تنكح

۱۶۲۲۔ السنن الكبرى للبيهقى، ۷/۳۳۳

زوجا غیرہ۔ فتاوی رضویہ ۵/۷۸۲

ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ پہلے طلاق کی کوئی تعداد یا اسکا کوئی وقت مقرر نہیں تھا۔ کوئی شخص اپنی بیوی کو طلاق دیتا پھر اس سے جب تک عدت نہ گزری ہوتی رجعت کر لیتا ایک شخص اور اسکی بیوی کے درمیان کوئی نہ خوش گوار واقعہ رونما ہوا شوہر نے قسم کھا کر کہا: میں تجھے ضرور چھوڑ دوں گا۔ لیکن اس طرح کہ نہ تو مطلقہ ہوگی اور نہ شوہر والی، پھر اس شخص نے اسکو طلاق دیدی اور جب عدت گزرنے کے قریب ہوئی تو رجعت کر لی اور اس طرح بار ہا کرتا رہا چنانچہ اس بارے میں اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی، الطلاق مرتا ن الآیۃ، لہذا تین طلاقیں متعین ہو گئیں۔ ایک یا دو تک رجعت کا اختیار ہے لیکن تیسری کے بعد نہیں جب تک دوسرے شوہر سے نکاح، صحبت اور طلاق کے بعد عدت نہ گزر جائے۔ ۱۲م

(۵) طلاق مغلظہ اور حلالہ کا حکم

۱۶۲۳۔ **عن** أم المؤمنين عائشة الصديقة رضى الله تعالىٰ عنها قالت: جاء ت امرأة رفاعة القرظي الى رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: فقالت: انى كنت عند رفاعة فطلقني فبت طلاقي، فتزوج بعده عبد الرحمن بن الزبير ومامعه الامثل هدبة الثوب، فقال: أَتُرِيْدِيْنَ أَنْ تَرْجِعِي إِلىٰ رِفَاعَةَ؟ قالت: نعم، قال: لَا، حَتّٰى تَذُوقِي عُسَيْلَتَهُ وَيَذُوقَ عُسَيْلَتَكِ۔

ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ حضرت رفاعہ قرظی کی بیوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ کی خدمت میں حاضر ہوئیں اور عرض کیا: یا رسول اللہ! میں رفاعہ کی بیوی تھی تو انہوں نے مجھے تین طلاقیں دیدیں میں نے انکے بعد عبد الرحمٰن بن زبیر سے

۱۶۲۳۔ الجامع الصحيح للبخاری، باب من قال الامراته انت على، ۲/۷۹۲
السنن لابن ماجه باب الرجل يطلق امراته ثلثا، ۱/۱۴۰
السنن لابی داؤد، الطلاق باب البينونة لا يرجع اليها زوجها حتى تنكح الخ، ۱/۳۱۶
المسند لاحمد بن حنبل، ۱/۲۱۴ ☆ الدر المنثور للسيوطى، ۱/۲۸۴
السنن الكبرى للبيهقى، ۷/۳۳۳ ☆ فتح البارى للعسقلانى، ۱۰/۵۰۳
اتحاف السادة للزبيدى، ۷/۱۱۴ ☆ المصنف لابن ابى شيبة، ۴/۲۷۴

شادی کرلی۔ لیکن وہ نامرد ہیں۔ سرکار نے فرمایا: تو کیا تم رفاعہ کی طرف پھر واپس پلٹنا چاہتی ہو؟ انہوں نے کہا: ہاں، سرکار نے ارشاد فرمایا: نہیں، جب تک کہ تم ان سے اور وہ تم سے نہ چکھ لیں۔ یعنی جب تک جماع نہ ہو جائے۔

فتاوی رضویہ ۵/ ۶۴۰

(۶) حلالہ کرنے والا ملعون ہے

۱۶۲۴۔ **عن** أمیر المؤمنین علی المرتضی کرم اللہ تعالیٰ وجھہ الکریم قال: لعن رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ سلم: المحلل و المحلل لہ۔

امیر المؤمنین علی مرتضی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حلالہ کرنے والے، اور جسکے لئے حلالہ کیا جائے ان دونوں پر لعنت فرمائی۔

﴿۳﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

شرائط وقصد میں فرق ہے۔ شرط تو یہ ہے کہ عقد نکاح میں لگائی جائے کہ اس صورت میں نکاح ہو رہا ہے۔ ایسا حلالہ کرنے والے پر لعنت آئی۔ اور قصد یہ کہ دل میں ارادہ تو ہو مگر شرط نہ کی جائے تو جائز بلکہ اس پر اجر کی امید ہے۔

فتاوی رضویہ ۵/ ۶۴۵

(۷) طلاق مغلظہ کا حکم

۱۶۲۵۔ **عن** مجاھد رضی اللہ تعالی عنہ قال: کنت عند ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنھما فجاءہ رجل فقال: انہ طلق امرأتہ ثلاثا، قال: فسکت حتی ظننت انہ رادھا الیہ، ثم قال: ایطلق احدکم فیرکب الحموقۃ، ثم یقول: یا ابن عباس! یا ابن عباس! وان اللہ قال: ومن یتق اللہ یجعل لہ مخرجا، وانک لم تتق اللہ فلا اجد لک مخرجا، عصیت ربک و بانت منک امرأتک، وان اللہ تعالیٰ قال: یا ایھا النبی اذا طلقتم النساء فطلقوھن لعدتھن۔

حضرت مجاہد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں حضرت عبد اللہ بن عباس رضی

۱۶۲۴۔ السنن لابن ماجہ، باب المحلل و المحلل لہ، ۱/ ۱۴۰
الجامع الصغیر للسیوطی، ۲/ ۴۴۶
۱۶۲۵۔ السنن لابی داؤد، باب بقیۃ نسخ المراجعۃ، ۱/ ۲۹۸

اللہ تعالیٰ عنہما کی خدمت میں حاضر تھا۔ایک شخص آیا اور اس نے کہا: میں نے اپنی بیوی کو تین طلاقیں دیدی ہیں۔ حضرت مجاہد کہتے ہیں: میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی خاموشی سے یہ سمجھا کہ آپ بیوی سے رجعت کا حکم دیدیں گے۔ پھر آپ نے فرمایا: کیا تم میں سے کوئی شخص طلاق دیکر پھر بیوی کو رکھ سکتا ہے۔ پھر اپنے آپ کو مخاطب کر کے فرمانے لگے۔ اے ابن عباس! اے ابن عباس! بیشک جو اللہ تعالیٰ سے خوف رکھتا ہے اللہ تعالیٰ اسکے لئے راہ متعین فرماتا ہے۔ اور تو اللہ تعالیٰ سے نہیں ڈرا۔ میرے نزدیک تیرے لئے کوئی راستہ نہیں۔ تو نے اپنے رب کی نافرمانی کی اور تیری بیوی جدا ہوگئی۔ اور اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔ اے نبی، صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم، جب تم عورتوں کو طلاق دو تو حیض سے قبل حالت طہر میں طلاق دو۔

فتاوی رضویہ ۵/ ۴۴۶

(۸) ایک وقت میں تین طلاق دینے سے تین ہی ہونگی

۱۶۲۶۔ **عن** مالك رضى الله تعالىٰ عنه بلغه ان رجلا قال لعبد الله بن عباس رضى الله تعالىٰ عنهما: إنى طلقت امرأتي مائة تطليقة، فما ذا ترى على؟ فقال: ابن عباس: طلقت منك بثلث، وسبع وتسعون اتخذت بها آيات الله هزوا۔

حضرت امام مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ انکو یہ روایت پہونچی کہ ایک مرد نے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے کہا: کہ میں نے اپنی بیوی کو ایک سو طلاقیں دی ہیں۔ تو میرے بارے میں آپ کا کیا فیصلہ ہے؟ حضرت ابن عباس نے فرمایا: تین طلاقوں کے ذریعہ تمہاری بیوی نکاح سے خارج ہوگئی۔ اور باقی ستانوے کے ذریعہ تم نے اللہ تعالیٰ کی آیات سے مذاق کیا۔

۱۶۲۷۔ **عن** مالك رضى الله تعالىٰ عنه انه بلغه ان رجلا جاء الى عبد الله بن مسعود رضى الله تعالىٰ عنه فقال: انى طلقت امرأتى بمائتى تطليقات فقال: ما قيل لك؟ فقال: قيل لى: بانت منك، قال: صدقوا هو مثل مايقولون۔

حضرت امام مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ انکو روایت پہونچی کہ ایک

۱۶۲۶۔ مشكوة المصابيح للتبريزى، ۲۸۴/۲

۱۶۲۷۔ الموطا لمالك ۱۹۹

شخص حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالی عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ اور کہا: میں نے اپنی بیوی کو دوسو طلاقیں دی ہیں۔ آپ نے فرمایا: پھر تمکو کیا فتوی ملا؟ بولے مجھے یہ حکم سنایا گیا کہ تمہاری بیوی تم سے جدا ہوگئی۔ آپ نے فرمایا: اس کو سچ جانو اور یہ ایسا ہی ہے جیسے کہ تم نے سنا۔

۱۶۲۸۔ **عن** محمد بن أیاس رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: ان ابن عباس وابا ھریرۃ وعبد اللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنھم سئلوا عن البکر یطلقھا زوجھا ثلاثا، فکلھم قال: لا تحل لہ حتی تنکح زوجا غیرہ۔

حضرت محمد بن ایاس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن عباس، حضرت ابو ہریرہ اور حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے اس عورت کے بارے میں پوچھا گیا جس سے ابھی اسکے شوہر نے خلوت یا جماع نہیں کیا ہے اور اسکو تین طلاقیں دے دیں تو ان سب حضرات نے فرمایا: اب وہ عورت اسکے لئے حلال نہیں جب تک دوسرے شوہر سے نکاح ہو کر صحبت نہ ہو جائے۔ اور عدت نہ گزر جائے۔

۱۶۲۹۔ **عن** علقمۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: جاء رجل الی عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ فقال: انی طلقت امرأتی تسعا وتسعین فقال لہ ابن مسعود: ثلاث، تبنھا وسائرھن عدوان۔

حضرت علقمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں ایک شخص حاضر آئے۔ اور کہا: میں نے اپنی بیوی کو ننانوے طلاقیں دی ہیں۔ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: تین طلاقوں کے ذریعہ تمہاری بیوی بائنہ ہوگئی۔ اور باقی سب ظلم اور حد سے تجاوز ہے۔

۱۶۳۰۔ **عن** حبیب بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: جاء رجل الی علی بن ابی طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ فقال: انی طلقت امرأتی الفا فقال لہ علی: بانت منک بثلاث، واقسم سائرھن علی نسائک۔

۱۶۲۸۔ السنن لابی داؤد، باب نسخ المراجعۃ، ۲۹۹/۲

۱۶۲۹۔ المصنف لعبد الرزاق، باب المطلق ثلاثا، ۳۹۵/۶

۱۶۳۰۔ کنز العمال للمتقی، ۲۷۹۳۲، ۶۷۳/۹

حضرت حبیب بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے امیر المؤمنین حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم کی خدمت میں حاضر ہو کر کہا: میں نے اپنی بیوی کو ایک ہزار طلاقیں دی ہیں۔ اس پر حضرت امیر المؤمنین نے ارشاد فرمایا: تین طلاقوں کے ذریعہ ہی بیوی نکاح سے نکل گئی باقی کو اپنی دوسری بیویوں پر اگر ہیں تو تقسیم کردے۔

۱۶۳۱۔ **عن** معاوية بن ابی یحیی رضی اللہ تعالیٰ عنه قال: جاء رجل الی عثمان بن عفان رضی اللہ تعالیٰ عنه فقال: طلقت امرأتی الفا فقال: بانت منك بثلاث۔

حضرت معاویہ ابن ابی یحییٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص امیر المؤمنین حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور کہا: میں نے اپنی بیوی کو ایک ہزار طلاقیں دی ہیں۔ تو آپ نے ارشاد فرمایا: تمہاری بیوی تین طلاقوں کے ذریعہ ہی نکاح سے نکل گئی۔

۱۶۳۲۔ **عن** عبادة بن الصامت رضی اللہ تعالیٰ عنه ان اباه طلق امرأته الف تطليقة، فانطلق عبادة فسأله صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم فقال: بانت بثلاث فی معصية الله تعالیٰ، وبقی تسعمائة وسبع و تسعون عدوانا وظلما، ان شاء عذبه الله ان شاء غفر له۔

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ انکے والد حضرت صامت نے اپنی بیوی کو ایک ہزار طلاقیں دیں۔ حضرت عبادہ نے حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اس بارے میں دریافت کیا: سرکار نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کے باوجود تین طلاقوں سے بائنہ ہوگئی۔ باقی نوسو ستانوے ظلم اور حد سے تجاوز ہے۔ اللہ تعالیٰ چاہے گا تو عذاب فرمائیگا اور چاہیگا تو مغفرت فرمادیگا۔

﴿۳﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

ایک بار تین طلاقیں دینے سے نہ صرف نزد حنفیہ بلکہ باجماع مذاہب اربعہ تین طلاقیں

۱۶۳۱۔ المسند لوکیع،

۱۶۳۲۔ المصنف لعبد الرزاق،　باب المطلق ثلاثا،　۳۹۳/۶

الدر المنثور للسیوطی،　۲۳۲/۶☆　تاریخ بغداد للخطیب،　۲۲۸/۱۴

مغلظہ ہو جاتی ہیں۔ امام مالک، امام شافعی اور امام احمد بن حنبل رضی اللہ تعالیٰ عنہم ائمہ متبوعین میں سے کوئی امام اس بات میں اصلا مخالف نہیں، لیکن ایک ساتھ تین طلاقیں دینا گناہ ہے۔ ہاں دین تو عورت اسکے نکاح سے ایسی نکل گئی کہ اب بے حلالہ ہرگز اسکے نکاح میں نہیں آسکتی۔ اگر یونہی کرلیا۔ یا بلا حلالہ نکاح جدید کرلیا تو دونوں مبتلائے حرام کاری ہونگے۔ اور عمر بھر حرام کاری کریں گے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: ومن یتق اللہ یجعل لہ مخرجا، اس نے تقوی نہ کیا بلکہ خلاف حکم خدا و رسول تین طلاقیں لگا تار دینے کا مرتکب ہوا۔ اللہ عزوجل نے اسکے لئے مخرج نہ رکھا۔ اب حلالہ کے سخت تازیانہ سے اسے ہرگز مفر نہیں۔ یہاں تک کہ ائمہ دین نے فرمایا: اگر قاضی شرع حاکم اسلام ایسے مسئلہ میں ایک طلاق پڑنے کا حکم دے تو وہ حکم باطل و مردود ہے۔ وہابیہ غیر مقلدین کہ اب اس مسئلہ میں خلاف اٹھارہے ہیں گمراہ بددین ہیں۔ انکی تقلید حلال نہیں۔ فتاوی رضویہ ۵/ ۶۴۶

(۹) تین طلاقوں کے بعد رجعت منسوخ ہوگئی

۱۶۳۳۔ **عن** عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال: ان الرجل کان اذا طلق امرأتہ فھو احق برجعتھا، وان طلقھا ثلاثا فنسخ ذلک، فقال: الطلاق مرتان الآیۃ۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ آدمی جب اپنی بیوی کو طلاق دیتا تو اسے رجعت کا حق حاصل رہتا تھا۔ خواہ اس نے تین طلاقیں ہی دی ہوں۔ لیکن بعد میں یہ حکم منسوخ ہوگیا اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا: طلاق دو مرتبہ ہے، اسکے بعد یا تو بھلائی سے روک لو۔ یا پھر احسان کرتے ہوئے چھوڑ دو۔

۱۶۳۴۔ **عن** عروۃ بن الزبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہماقال: کان الرجل اذا طلق امرأتہ ثم ارتجعھا قبل أن تنقض عدتھا کان ذلک لہ وان طلقھا الف مرۃ، فعمد رجل الی امرأتہ فطلقھا حتی اذا جاء وقت انقضاء عدتھا ارتجعھا ثم طلقھا ثم قال: واللہ! لا اویک لی ولا تحلین ابدا، فانزل اللہ تعالیٰ: اَلطَّلَاقُ مَرَّتَانِ ، فَاِمْسَاكٌ بِمَعْرُوْفٍ اَوْتَسْرِيْحٌ بِاِحْسَانٍ۔

۱۶۳۳۔ السنن لابی داود، الطلاق، باب فی نسخ المراجعۃ بعد التطلیقات الثلث، ۱/ ۲۹۷
السنن للنسائی، باب نسخ المراجعۃ بعد التطلیقات الثلث، ۲/ ۱۰۳
۱۶۳۴۔ السنن الکبری للبیھقی، ۷/ ۶۰۲

حضرت عروہ بن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ مرد جب اپنی بیوی کو طلاق دیتا تھا تو عدت گزرنے سے قبل رجعت کر لیتا تھا۔ یہ اختیار اسکو حاصل تھا خواہ ایک ہزار مرتبہ اس نے طلاق دی ہو۔ چنانچہ ایک شخص نے اپنی بیوی کو طلاق دینا چاہی اور دیدی۔ یہاں تک کہ جب عدت کے پورا ہونے کا وقت آیا تو رجعت کر لی۔ پھر اسکو طلاق دیدی اور کہا: قسم خدا کی! میں تجھے اپنے پاس ٹھکانا نہیں دونگا اور تو کبھی میرے لئے حلال بھی نہ ہوگی۔ تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت کریمہ نازل فرمائی۔ طلاق دو مرتبہ ہے۔ اسکے بعد یا تو بھلائی سے روک لو، یا پھر احسان کرتے ہوئے چھوڑ دو۔ ۱۲م

فتاوی رضویہ ۵/۷۸۳

(۱۰) حالت حیض میں طلاق واقع ہو جاتی ہے

۱۶۳۵۔ **عن** أنس بن مالك رضى الله تعالىٰ عنه قال: سمعت عبد الله بن عمر رضى الله تعالىٰ عنهما قال: طلق ابن عمر امرأته وهى حائض، فذكر عمر رضى الله تعالىٰ عنه للنبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فقال: لِيُرَاجِعهَا! قلت: أيحتسب، قال: فَمَهُ۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے سنا کہ ابن عمر نے اپنی بیوی کو حالت حیض میں طلاق دے دی حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالی عنہ نے حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں یہ واقعہ بیان کیا۔ حضور نے ارشاد فرمایا: چاہیئے کہ وہ رجعت کر لے! فاروق اعظم فرماتے ہیں: میں نے عرض کیا: کیا یہ طلاق شمار ہوگی؟ فرمایا: کیوں نہیں۔ ۱۲م

۱۶۳۶۔ **عن** عبدالله بن عمر رضى الله تعالىٰ عنهما قال: قال رسول الله تعالىٰ عليه وسلم: مُرْهُ فَلْيُرَاجِعهَا، قلت: تحتسب؟ قال: أ رَأَيْتَهُ إنْ عَجَزَ وَاسْتَحمَقَ۔

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حکم دیا: انہیں حکم دو کہ رجعت کریں! حضرت فاروق اعظم فرماتے ہیں: میں نے

۱۶۳۵۔ الجامع الصحيح للبخارى، باب اذا طلق الحائض يعتد، ۲/۷۹۰
فتح البارى للعسقلانى، ۹/۳۴۸ ☆ ارواء الغليل للالبانى، ۷/۱۲۶
۱۶۳۶۔ الجامع الصحيح للبخارى، باب اذا طلق الحائض يعتد، ۲/۷۹۰

عرض کیا: کیا یہ طلاق شمار ہوگی؟ فرمایا: بھلا بتاؤ تو کہ اگر وہ عاجز ہوگئے۔ اور حماقت کر بیٹھے تو کیا طلاق ساقط ہوجائیگی۔ ۱۲م

۱۶۳۷۔ **عن** عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال: حسبت علی تطلیقة۔

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ وہ طلاق میرے حق میں شمار کی گئی۔ ۱۲م

۱۶۳۸۔ **عن** عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال: طلقت امرأتی علی عهد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم وهی حائض، فذکر ذلك عمر لرسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم فقال: مُرْهُ فَلْيُرَاجِعْهَا، ثُمَّ لِيَدَعْهَا حَتّٰى تَطْهُرَ، ثُمَّ تَحِيْضَ حَيْضَةً اُخْرٰى، فَاِذَا طَهُرَتْ فَلْيُطَلِّقْهَا قَبْلَ اَنْ يُجَامِعَهَا اَوْيُمْسِكْهَا، فَاِنَّهَا الْعِدَّةُ الَّتِیْ اَمَرَ اللّٰهُ اَنْ يُّطَلِّقَ بِهَا النِّسَآءَ، قال عبید اللہ: قلت: لنافع، ما صنعت التطلیقة؟ قال: واحدة اعتدبها۔

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے زمانۂ اقدس میں اپنی بیوی کو حالت حیض میں طلاق دی۔ حضور کی خدمت میں یہ واقعہ حضرت عمر نے عرض کیا: حضور نے فرمایا: انکو حکم دو کہ رجعت کریں۔ پھر اس سے علیحدہ رہیں یہاں تک کہ پاک ہوجائے۔ پھر دوبارہ حیض آکر جب پاک ہوجائے تو مجامعت سے پہلے یا تو طلاق دے دیں یا بیوی بنا کر رکھیں۔ یہ ہی وہ عدت ہے جسکا حکم اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ حضرت عبید اللہ بن عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہم فرماتے ہیں۔ میں نے حضرت نافع سے پوچھا کہ اس طلاق کا کیا حکم رہا جو حالت حیض میں دی گئی تھی۔ فرمایا: اسکو ایک طلاق شمار کیا گیا۔ ۱۲م

۱۶۳۹۔ **عن** سالم بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما ان عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال: طلقت امرأتی وهی حائض، فذکر ذلك عمر للنبی صلی

۱۶۳۷۔ الجامع الصحیح للبخاری، باب اذا طلق الحائض يعتد، ۲/۷۹۰
المسند لاحمد بن حنبل، ۲/۲۶ ☆ المعجم الکبیر للطبرانی، ۱۲/۳۴۶
۱۶۳۸۔ الصحیح لمسلم، باب تحریم طلاق الحائض، ۱/۴۷۶
۱۶۳۹۔ الصحیح لمسلم، باب تحریم طلاق الحائض، ۱/۴۷۶

اللہ تعالیٰ علیه سلم فتغیظ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم ثم قال: مُرْهُ فَلْيُرَاجِعْهَا حَتّٰى تَحِيْضَ حَيْضَةً مُسْتَقْبَلَةً سِوٰى حَيْضَتِهَا الَّتِى طَلَّقَهَا فِيْهَا، فَإِنْ بَدَالَهُ أَنْ يُطَلِّقَهَافَلْيُطَلِّقْهَا طَاهِرًا مِنْ حَيْضَتِهَا قَبْلَ أَنْ يَمُسَّهَا، قال: فَذٰلِكَ الطَّلَاقُ لِلْعِدَّةِ كَمَا أَمَرَ اللّٰهُ ، وكان عبد اللہ طلقها تطليقة فحسبت من طلاقها، وراجعها عبد اللہ كماامره رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم۔

حضرت سالم بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا: میں نے اپنی بیوی کو حالت حیض میں طلاق دیدی۔ حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے واقعہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کیا: حضور یہ سنکر غضبناک ہوگئے اور فرمایا: انہیں حکم دو کہ رجعت کرلیں۔ پھر اسکے بعد ایک حیض اور آجائے اور پھر طہر آئے تو بیوی کے پاس جانے سے پہلے طلاق دے سکتے ہیں۔ پھر فرمایا: یہی تو وہ طلاق ہے جو عدت شمار کرنے کیلئے موزوں ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے حکم فرمایا: چنانچہ حضرت عبداللہ بن عمر نے حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حکم پر عمل کرتے ہوئے رجعت کرلی اور حالت حیض کی طلاق بھی شمار کی گئی۔ فتاوی رضویہ ۵/۲۸۳

۱۶۴۰۔ **عن** الزهرى رضى اللہ تعالیٰ عنه قال: قال عبد اللہ بن عمر رضى اللہ تعالیٰ عنهما: فراجعتها وحسبت لها التطليقة التى طلقتها۔

حضرت امام زہری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا: میں نے رجعت کرلی اور وہ طلاق شمار کی گئی جو حالت حیض میں دی تھی۔ ۱۲م

۱۶۴۱۔ **عن** ابن سيرين رضى اللہ تعالیٰ عنه قال: مكثت عشرين سنة يحدثنى من لا اتهم ان ابن عمر رضى اللہ تعالیٰ عنهما طلق امرأته ثلاثا وهى حائض، فامر ان يراجعها، فجعلت لا اتهمهم ولا اعرف الحديث حتى لقيت ابا غلاب يونس بن جبير الباهلى وكان ذاثبت، فحدثنى انه سأل ابن عمر فحدثه انه طلق امرأته تطليقة وهى حائض، فامر ان يراجعها، قال: قلت: افحسب عليه ؟قال: فمه، او ان عجز واستحمق۔

۱۶۴۰۔ الصحيح لمسلم، باب تحريم طلاق الحائض، ۱/۴۷۶

۱۶۴۱۔ الصحيح لمسلم، باب تحريم طلاق الحائض، ۱/۴۷۷

حضرت انس بن سیرین رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں بیس سال تک ٹھہرا، مجھ سے ایسے محدث نے حدیث بیان فرمائی جنکو میں جھوٹ سے متہم نہیں جانتا۔ کہ حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے اپنی بیوی کو حالت حیض میں تین طلاقیں دے ڈالیں۔ حضور کی طرف سے حکم ملا کہ وہ رجعت کریں۔ اب میں اس حال میں تھا کہ نہ تو انکو جھوٹ سے متہم جانتا تھا اور نہ ہی کسی دوسرے محدث سے اس کا سراغ پاتا تھا۔ یہاں تک کہ میری ملاقات ابوخلاب یونس بن جبیر باہلی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہوگئی جو نہایت ثقہ راوی تھے۔ چنانچہ انہوں نے مجھ سے یہ حدیث بیان کی کہ انہوں نے خود حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے یہ واقعہ معلوم کیا تو انہوں نے بتایا: میں نے اپنی بیوی کو صرف ایک طلاق دی تھی جبکہ وہ حالت حیض میں تھیں۔ حضور نے حکم فرمایا کہ رجعت کریں۔ ابن سیرین کہتے ہیں کہ میں نے کہا: کیا حضرت ابن عمر کے حق میں وہ طلاق شمار کی گئی؟ بولے: حضور نے یہ سنکر فرمایا تھا: کیوں نہیں۔ کیا وہ عاجز ہوگئے اور حماقت کر بیٹھے تو معذور سمجھے جائیں گے۔ ۱۲م

۱۶۴۲۔ **عن** انس بن سيرين رضى الله تعالىٰ عنه قال: سألت ابن عمر رضى الله تعالىٰ عنهما عن امرأته التى طلق، قال: طلقتها وهى حائض، فذكرت ذلك لعمر، فذكر للنبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فقال: مره فليراجعها، فاذا طهرت فليطلقها لطهرها، قال: فراجعتها ثم طلقتها لطهرها، قلت: فاعتددت بتلك التطليقة التى طلقت وهى حائض، قال: مالى لاعتدبها وان كنت عجزت واستحمقت۔

حضرت انس بن سیرین رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے انکی بیوی کے بارے میں پوچھا جن کو انہوں نے حالت حیض میں طلاق دے دی تھی۔ تو فرمایا: میں نے حالت حیض میں طلاق دی تھی۔ میں نے یہ واقعہ حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بیان کیا انہوں نے حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں یہ واقعہ عرض کیا۔ حضور نے فرمایا: حکم دو کہ رجعت کریں۔ پھر جب وہ پاک ہو جائیں تو حالت طہر میں طلاق دیں۔ بولے میں نے رجعت کرلی۔ پھر حالت طہر میں طلاق

۱۶۴۲۔ الصحیح لمسلم، باب تحریم طلاق الحائض، ۱/۴۷۷
السنن للدارقطنی، ۴/۶

دیدی میں نے کہا: کیا وہ طلاق شمار کی گئی؟ فرمایا: کیوں نہیں شمار کی جاتی اگر چہ میں نے حماقت کی۔اور جلد بازی میں حکم الہی بجالانے سے عاجز ہو گیا۔ ۱۲م

۱۶۴۳۔ **عن** عبد الله بن عمر رضى الله تعالىٰ عنهما انه طلق امرأته وهى حائض، فاتى عمر رضى الله تعالىٰ عنه النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فذكر ذلك له فجعلها واحدة۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ انہوں نے اپنی بیوی کو حالت حیض میں طلاق دیدی حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں یہ واقعہ ذکر کیا تو حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس طلاق کو آئندہ طلاقوں میں شمار کرایا۔ ۱۲م

فتاوی رضویہ ۵/۷۸۴

(۱۱) بیوی کو بہن کہنے کا حکم

۱۶۴۴۔ **عن** أبى تميمة الهجمى رضى الله تعالىٰ عنه قال: ان رجلا قال لامرأته يا اخية! فقال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: أُخُتُكَ هِيَ، فكره ذلك ونهى عنه۔

حضرت ابو تمیمہ ہجمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک مرد نے اپنی بیوی کو بہن کہہ دیا سرکار نے ارشاد فرمایا: تیری یہ بہن ہے پھر سرکار نے اسکو ناپسند فرمایا: اور ممانعت فرمائی۔

﴿۴﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ یہ ظہار نہیں کہ صرف ناپسندیدگی وممانعت فرمادی۔ اور ظہار کے قبیل سے کوئی بات نہ فرمائی ہاں صرف اتنی قباحت ہوگی کہ اسنے بے کسی مصلحت وضرورت کے ایک جائز وحلال شئی کو حرام نام سے تعبیر کیا۔ پھر اگر مصلحت ہو تو قباحت بھی نہیں۔ جیسے حضرت سیدنا ابراہیم علی نبینا وعلیہ الصلوۃ والتسلیم نے سیدتنا حضرت سارہ

۱۶۴۳۔ السنن الکبری للبیہقی، ۳۲۶/۷

۱۶۴۴۔ السنن لابی داؤد، باب فی الرجل یقول لامرأته یا اختی، ۳۰۱/۱
السنن الکبری للبیہقی، ۳۶۶/۷ ☆ شرح السنة للبغوی، ۷۵/۹
التفسیر لابن کثیر، ۶۵/۸ ☆

کو اپنی بہن فرمایا۔ فتاوی رضویہ ۷/ ۸۷

(۱۲) مفقود الخبر شوہر کا حکم

۱٦٤٥۔ **عن** مغيرة بن شعبة رضي الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: اِمْرَاَةُ الْمَفْقُوْدِ اِمْرَاَتُهُ حَتّٰى يَاتِيَهَا الْخَبَرُ۔

حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مفقود الخبر کی عورت اسکی عورت ہے یہاں تک کہ اس کی موت کا حال ظاہر ہو۔

﴿۵﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

زوجۂ مفقود کیلئے چار برس کی مہلت کہ حضرت امام مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا مذہب ہے جمہور ائمہ کرام اسکے خلاف پر ہیں ادھر قرآن عظیم صاف صاف ارشاد فرمارہا ہے: والمحصنات من النساء۔ تم پر حرام ہیں وہ عورتیں جو دوسروں کے نکاح میں ہیں۔ اس عورت کا نکاح مفقود میں ہونا تو یقیناً معلوم ہے اور چار برس کے بعد اسکی موت مشکوک وموہوم۔ کیا آدمی اتنی مدت میں خواہ مخواہ مر ہی جاتا ہے یا اسکی مرگ پر ظن غلبہ کرتا ہے۔ یہاں تک کہ خود علمائے مالکیہ رحمہم اللہ تعالیٰ اقرار فرماتے ہیں اس چار سال کی تقدیر پر سوائے تقلید امیر المؤمنین فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ہمارے پاس کوئی دلیل نہیں نہ ہرگز نظر فقہی اسکی مساعد۔ کما نقل العلامة الزرقانی فی شرح المؤطا عن الکافی انها مسئلة قلدنا فیها عمر لیست مسئلة النظر۔ تمام ائمہ کا اجماع کہ شک سے یقین زائل نہیں ہوتا تو نص قطعی وقضیہ یقینی کے خلاف ایک موہوم بات پر کیوں کر زن زید نکاح عمر میں آسکتی ہے امیر المؤمنین مولی المسلمین حضرت سیدنا علی مرتضی، وکنیف العلم سید الفقہاء سید الائمہ حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہما کہ پہلے قائل چار سال کے تھے۔ بلکہ وہی پہلے قائل چار سال کے ہوئے۔ بعدہ قول حضرت مولی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم کی طرف رجوع فرمایا۔ کمافی الفتح۔ تو وہ دلیل کہ مالکیہ کو اس قول پر حاصل تھی یعنی تقلید فاروقی وہ بھی نہ رہی۔ اسی طرح امام شافعی رضی

۱٦٤٥۔ السنن للدارقطنی، ۳/ ۳۱۲ ☆ کنز العمال للمتقی، ۲۷٤٤٦، ۲۰/ ۵۰۱
جمع الجوامع للسیوطی، ۳۰۲۲٤ ☆ نصب الرایة للزیلعی، ۳/ ٤۷۳

اللہ تعالٰی عنہ کہ ارشد تلامذۂ امام مالک ہیں پہلے قول امام مالک کے قائل تھے پھر ہمارے ہی قول کی طرف رجوع لائے۔ اور وہی انکے مذہب میں راجح قرار پایا۔

بلکہ جمہور ائمہ شافعیہ رحمہم اللہ تعالٰی تو یہاں تک اس سے اختلاف رکھتے ہیں کہ قاضی مہلت چارسالہ کے بعد تفریق کردے تو اسکی قضا توڑ دی جائے۔ کہ اس نے دلیل صریح کے خلاف حکم کیا۔ پھر معاملہ بھی کونسا معاملۂ فروج۔ جسمیں شریعت مطہرہ کو سخت احتیاط ملحوظ۔ یہاں تک کہ اصل اشیاء میں اباحت وحلت ہے۔ فروج میں اصل حرمت ٹھہری۔ تو ایسے امر میں ایسے قول کی طرف اپنا ایسا قوی ومدلل مذہب چھوڑ کر جانا کیسی کھلی بے احتیاطی ہے۔

فتاوی رضویہ ۶/ ۳۱۵

۱۱

کتاب البیوع

ابواب

ا۔ کسب حلال وحرام

(ا) کسب حلال کی فضیلت

۱۶۴۶۔ **عن** عبد الله بن مسعود رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالی علیه وسلم: طَلَبُ كَسْبِ الْحَلاَ لِ فَرِيْضَةٌ بَعْدَ الْفَرِيْضَةِ۔

حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: آدمی پر فرض کے بعد دوسرا فرض یہ ہے کہ کسب حلال کی تلاش کرے۔

۱۶۴۷۔ **عن** أنس بن مالك رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: طَلَبُ الْحَلاَ لِ وَاجِبٌ عَلیٰ كُلِّ مُسْلِمٍ۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: طلب حلال ہر مسلمان پر واجب ہے۔

۱۶۴۸۔ **عن** المقداد بن معدی کرب رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: مَا أَكَلَ أَحَدٌ طَعَامًا قَطُّ خَيْرًا مِنْ أَنْ يَّأْكُلَ مِنْ عَمَلِ يَدِهٖ، وَإِنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ دَاوٗدَ عَلَيْهِ السَّلاَمُ كَانَ يَأْكُلُ مِنْ عَمَلِ يَدِهٖ۔

حضرت مقداد بن معدی کرب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کبھی کسی شخص نے کوئی کھانا اپنے ہاتھ کی کمائی سے بہتر نہ کھایا۔ اور بیشک نبی اللہ حضرت داؤد علیہ السلام اپنی دستکاری کی اجرت سے کھاتے۔

۱۶۴۶۔ المعجم الکبیر للطبرانی، ۹۰/۱۰ ☆ کنز العمال للمتقی، ۹۲۳۱، ۹/۴
اتحاف السادۃ للزبیدی، ۱۳۸/۴ ☆ الجامع الصغیر للسیوطی، ۳۲۵/۲
۱۶۴۷۔ مجمع الزوائد للهیثمی، ۲۹۱/۱۰ ☆ الترغیب و الترهیب للمنذری، ۵۴۶/۲
کشف الخفاء للعجلونی، ۱۶۴/۲ ☆ الکامل لابن عدی، ۲۶۳/۶
الجامع الصغیر للسیوطی، ۳۲۵/۲ ☆
۱۶۴۸۔ المسند لاحمد بن حنبل، ۱۳۱/۴ ☆ الترغیب و الترهیب للمنذری، ۵۹۲/۱
فتح الباری للعسقلانی، ۳۰۳/۴ ☆ التاریخ الکبیر للبخاری، ۴۲۹/۷
کنز العمال للمتقی، ۹۲۲۲، ۸/۴ ☆ شرح السنة للبغوی، ۶/۸
التفسیر للبغوی، ۲۸۸/۳ ☆

۱۶۴۹۔ **عن** أم المؤمنین عائشة الصدیقة رضی الله تعالیٰ عنها قالت: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: إِنَّ أَطْیَبَ مَا أَكَلْتُمْ مِنْ كَسْبِكُمْ۔

ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: سب سے زیادہ پاکیزہ کھانا وہ ہے جو اپنی کمائی سے کھاؤ۔

فتاوی رضویہ ۱۱/۱۷۹

۱۶۵۰۔ **عن** عبد الله بن عمر رضی الله تعالیٰ عنهما قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: اَلدُّنْیَا حُلْوَةٌ خُضْرَةٌ ، مَنِ اكْتَسَبَ مِنْهَا مَالاً فِی حِلِّهِ وَأَنْفَقَهُ فِی حَقِّهِ أَثَابَهُ اللّٰهُ عَلَیْهِ وَأَوْرَدَهُ جَنَّتَهُ۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: دنیا دیکھنے میں ہری، چکھنے میں میٹھی، جو اسے حلال وجہ سے کمائے اور حق جگہ پر اٹھائے اللہ تعالیٰ اسے ثواب دے اور اپنی جنت میں لیجائے۔

۱۶۵۱۔ **عن** خولة بنت قیس امرأة سیدنا حمزة بن عبدالمطلب رضی الله تعالیٰ عنهم قالت: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: إِنَّ هٰذَا الْمَالَ خُضْرَةٌ حُلْوَةٌ ، فَمَنْ أَصَابَهُ بِحَقِّهِ بُورِكَ لَهُ فِیهِ۔

۱۶۴۹۔ السنن لابن ماجه ، باب الحث علی المکاسب ، ۱/۱۵۵
المسند لاحمد بن حنبل ، ۲/۱۷۸ ☆ التاریخ الکبیر للطبرانی ، ۱/۴۰۷
اتحاف السادة للزبیدی ، ۹/۳۰۸ ☆ کنز العمال للمتقی ، ۹۲۲۵ ، ۴/۸
السنن الکبری للبیهقی ، ۷/۴۸۰ ☆ الدر المنثور للسیوطی ، ۱/۳۴۷
الجامع الصغیر للسیوطی ، ۱/۱۳۴ ☆ جمع الجوامع للسیوطی ، ۶۲۰۹
۱۶۵۰۔ الترغیب و الترهیب للمنذری ، ۲/۵۵۲ ☆ التاریخ الکبیر للبخاری ، ۱/۱۹۰
الدر المنثور للسیوطی ، ۴/۲۰۴ ☆ فتح الباری للعسقلانی ، ۱۱/۲۴۶
کنز العمال للمتقی ، ۶۰۷۶ ، ۳/۱۸۴ ☆ المصنف لعبد الرزاق ، ۶۹۶۲۰
اتحاف السادة للزبیدی ، ۶/۱۲ ☆ الجامع الصغیر للسیوطی ، ۲/۲۶۰
۱۶۵۱۔ الجامع الصحیح للبخاری ، باب ما یحذر من زهرة الدنیا ، ۲/۹۵۱
الصحیح لمسلم ، باب التحذیر من الاغترار بزینة الدنیاء ، ۳/۳۳۶
الجامع للترمذی ، باب ما جاء فی اخذ المال ، ۲/۶۰
الجامع الصغیر للسیوطی ، ۲/۱۵۱ ☆ المسند لاحمد بن حنبل ۳/۲۱
جمع الجوامع للسیوطی ، ۷۳۷۸ ☆

حضرت خولہ بنت قیس زوجہ حضرت سیدنا حمزہ بن عبد المطلب رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: بیشک یہ دنیوی مال ومتاع ہرا بھرا اور میٹھا ہے۔ تو جس نے اسکو جائز طور پر حاصل کیا اسکے لئے اس میں برکت ہے۔۱۲م

(۲) طلب معاش میں اچھا طریقہ اپناؤ

۱۶۵۲۔ **عن** أبی حمید الساعدی رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: اِجْمَلُوْا فِی طَلَبِ الدُّنْیَا، فَاِنَّ کُلٌّ مُیَسَّرٍ لِمَا کُتِبَ لَهٗ مِنْهَا۔

حضرت ابوحمید ساعدی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: دنیا کی طلب میں اچھی روش سے عدول نہ کرو کہ جسکے مقدر میں جتنی لکھی ہے ضرور اسکے سامان مہیا پائیگا۔

۱۶۵۳۔ **عن** جابر بن عبد الله رضی الله تعالیٰ عنهما قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: یَا أَیُّهَا النَّاسُ ! اِتَّقُوْا اللّٰهَ وَاجْمَلُوْا فِی الطَّلَبِ ، فَاِنَّ نَفْسًا لَنْ تَمُوْتَ حَتّٰی تَسْتَوْفِیَ رِزْقَهَا، فَاِنْ أَبْطَأَ مِنْهَا فَاتَّقُوا اللّٰهَ ، وَاجْمَلُوْا فِی الطَّلَبِ، خُذُوْا مَا حَلَّ وَ دَعُوْا مَا حَرُمَ ۔

حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے لوگو! اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور طلب رزق نیک طور پر کرو۔ کہ کوئی جان دنیا سے نہ جائیگی جب تک اپنا رزق پورا نہ کرلے۔ تو اگر روزی میں دیر دیکھو تو خدا سے ڈرو اور روش محمود پر تلاش کرو حلال کو لو اور حرام کو چھوڑ دو۔

۱۶۵۴۔ **عن** أبی أمامة الباهلی رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی

۱۶۵۲۔ السنن لابن ماجه، باب الاقتصاد فی طلب المعیشة، ۱۵۶/۱
المستدرک للحاکم ۳/۲ ☆ الترغیب و الترهیب لمنذری، ۵۳۴/۲
السنن الکبری للبیهقی، ۲۶۴/۵ ☆ الجامع الصغیر للسیوطی، ۱۸/۱
کنز العمال للمتقی، ۹۲۹۱، ۲۰/۴ ☆
۱۶۵۳۔ السنن لابن ماجه، باب الاقتصاد فی طلب المعیشة، ۲۵۶/۱
المصنف لعبد الرزاق، ۲۰۱۰۰ ☆ الترغیب والترهیب للمنذری، ۵۳۴/۲
۱۶۵۴۔ الجامع الصغیر للسیوطی، ۱۳۸/۱ ☆ شرح السنة للبغوی، ۳۰۴/۱۴
التمهید لابن عبد البر، ۲۸۴/۱ ☆ مسند الشهاب ۱۱۵۱

اللہ تعالیٰ علیہ وسلم:اِنَّ رُوحَ الْقُدُسِ نَفَثَ فِي رَوْعِي ، اِنَّ نَفْسًا لَنْ تَمُوتَ حَتّٰى تَسْتَكْمِلَ اَجَلَهَا وَتَسْتَوْعِبَ رِزْقَهَا ، فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَجْمِلُوا فِي الطَّلَبِ، وَلَا يَحْمِلَنَّ اَحَدُكُمْ اِسْتِبْطَاءَ الرِّزْقِ اَنْ يَّطْلُبَ بِمَعْصِيَةِ اللّٰهِ فَاِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى لَا يَنَالُ مَا عِنْدَهٗ اِلَّا بِطَاعَتِهٖ۔

حضرت ابو امامہ باہلی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بیشک روح القدس حضرت جبرئیل علیہ السلام نے میرے دل میں ڈالا کہ کوئی جان نہ مریگی جب تک کہ اپنی عمر اور اپنا رزق پورا نہ کرلے۔ تو خدا سے ڈرو اور نیک طریقے سے تلاش کرو۔ اور خبردار رزق کی درنگی تم میں کسی کو اس پر نہ لائے کہ نافرمانی خدا سے اسے طلب کرے۔ کہ اللہ تعالیٰ کا فضل تو اسکی طاعت ہی سے ملتا ہے۔

فتاوی رضویہ ۱۱/۱۸۴

(۳) تلاش معاش کی فضیلت

۱۶۵۵۔ **عن** أبی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم: اِنَّ مِنَ الذُّنُوْبِ ذُنُوْبًا لَا يُكَفِّرُهَا الصَّلٰوةُ وَلَا الصِّيَامُ وَلَا الْحَجُّ وَلَا الْعُمْرَةُ يُكَفِّرُهَا الْهُمُوْمُ فِي طَلَبِ الْمَعِيْشَةِ۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کچھ گناہ ایسے ہوتے ہیں جنکا کفارہ نہ نماز ہو، نہ روزہ ہو، نہ حج ہو، اور نہ عمرہ ہو، ان کا کفارہ وہ پریشانیاں ہوتی ہیں۔ جو آدمی کو تلاش معاش حلال میں پہونچتی ہیں۔

۱۶۵۶۔ **عن** كعب بن عجرة رضی الله تعالیٰ عنه قال: مر علی النبی صلی الله تعالیٰ عليه وسلم رجل فرأى اصحاب رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم من

۱۶۵۵۔ مجمع الزوائد للهيثمی، ۴/۶۳ ☆ اتحاف السادة للزبيدی، ۵/۴۱۵
كنز العمال للمتقی، ۱۶۶۰۰، ۶/۴۷۱ ☆ كشف الخفاء للعجلونی، ۱/۲۹۷
تاريخ اصفهان لابی نعيم، ۱/۱۸۷ ☆ الجامع الصغير للسيوطی، ۱/۱۴۸
السلسلة الضعيفة للالبانی، ۹۲۴ ☆
۱۶۵۶۔ المعجم الكبير للطبرانی، ۱۹/۱۲۹ ☆ اتحاف السادة لزبيدی، ۵/۴۱۵
مجمع الزوائد لهيثمی، ۴/۳۲۵ ☆ الدر المنثور للسيوطی، ۱/۳۳۷
الترغيب و الترهيب لمنذری، ۲/۵۲۴ ☆

جلده ونشطه ، فقالوا: یا رسول الله ! لو كان هذا في سبيل الله ، فقال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: إِنْ كَانَ خَرَجَ يَسْعٰى عَلىٰ نَفْسِهٖ يَعِفُّهَا فَهُوَ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ، وَإِنْ كَانَ خَرَجَ يَسْعٰى عَلىٰ أَبَوَيْنِ شَيْخَيْنِ كَبِيْرَيْنِ فَهُوَ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ ، وَإِنْ كَانَ خَرَجَ يَسْعٰى رِيَاءً وَّمُفَاخِرَةً فَهُوَ فِي سَبِيْلِ الشَّيْطَانِ۔

حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس سے ایک شخص کا گزر ہوا تو صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین نے دیکھا کہ تیز وچست کسی کام کو جارہا۔ عرض کی: یارسول اللہ! کیا خوب ہوتا کہ اگر اسکی یہ تیزی وچستی خدا کی راہ میں ہوتی۔ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر یہ شخص اپنے لئے کمائی کو نکلا ہے کہ سوال وغیرہ کی ذلت سے بچے تو اسکی یہ کوشش اللہ کی راہ میں ہی ہے۔ اور اگر اپنے بوڑھے ماں باپ کیلئے نکلا ہے جب بھی خدا کی راہ میں ہے۔ ہاں اگر ریا وتفاخر کیلئے نکلا ہے تو شیطان کی راہ میں ہے۔ فتاوی رضویہ ۱۱/۱۸۱

(۴) تلاش معاش میں دنیا وآخرت دونوں کو پیش نظر رکھے

۱۶۵۷۔ **عن** أنس بن مالك رضى الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: لَيْسَ بِخَيْرِكُمْ مَنْ تَرَكَ دُنْيَاهُ لِآخِرَتِهٖ وَلَا آخِرَتَهٗ لِدُنْيَاهُ حَتّٰى يُصِيْبَ مِنْهُمَا جَمِيْعًا، فَإِنَّ الدُّنْيَا بَلَاغٌ إِلَى الْآخِرَةِ ، وَلَا تَكُوْنُوْا كَلًّا عَلَى النَّاسِ۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تمہارا بہتر وہ نہیں جو اپنی دنیا آخرت کیلئے چھوڑ دے۔ اور نہ جو اپنی آخرت دنیا کیلئے چھوڑ دے، بہتر وہ ہے جو دونوں سے حصہ لے، کہ دنیا آخرت کا وسیلہ ہے۔ اپنا بوجھ دوسروں پر ڈال کر نہ بیٹھے رہو۔

(۱) امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

ان احادیث سے ثابت ہوا تلاش حلال اور فکر معاش اور تعاطی اسباب ہرگز منافی توکل نہیں بلکہ عین مرضی الٰہی ہے کہ آدمی تدبیر کرے اور بھروسہ تقدیر پر رکھے۔

فتاوی رضویہ ۱۱/۱۸۱

۱۶۵۷۔ كنز العمال للمتقي، ٦٣٣٤، ٣/٢٣٨ ☆ كشف الخفاء للعجلوني، ٢/٢٣٨
الجامع الصغير للسيوطي، ٢/٤٦٥ ☆ السلسلة الضعيفة للالباني، ٥١٠

(۵) قوت بازو کی کمائی افضل ہے

۱۶۵۸ـ **عن** عبد الله بن عمر رضی الله تعالیٰ عنهما قال: قال رجل من اصحابه: یا رسول الله ! ای الکسب افضل ؟ فقال: عَمَلُ الرَّجُلِ بِیَدِهٖ وَکُلُّ بَیْعٍ مَبْرُوْرٍ۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ صحابۂ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین میں سے ایک مرد نے عرض کیا: یا رسول اللہ! علیک الصلوۃ والسلام، سب سے بہتر کسب کونسا ہے؟ فرمایا: اپنے ہاتھ کی مزدوری اور ہر مقبول تجارت کہ مفاسد شرعیہ سے خالی ہو۔

۱۶۵۹ـ **عن** عبد الله بن عمر رضی الله تعالیٰ عنهما قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: اِنَّ اللّٰهَ تَعَالیٰ یُحِبُّ الْعَبْدَ الْمُؤمِنَ الْمُحْتَرِفَ۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بیشک اللہ تعالیٰ مسلمان پیشہ ور کو دوست رکھتا ہے۔

۱۶۶۰ـ **عن** اُم المؤمنین عائشة الصدیقة رضی الله تعالیٰ عنها قالت: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: مَنْ اَمْسیٰ کَالًّا مِنْ عَمَلِ یَدِهٖ اَمْسیٰ مَغْفُوْرًا لَهٗ۔

ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جسے مزدوری سے تھک کر شام ہوجائے۔ اسکی وہ شام مغفرت

۱۶۵۸ـ المعجم الکبیر للطبرانی، ۳۳۰/٤ ☆ مجمع الزوائد للهیثمی، ٦٠/٤
المسند لاحمد بن حنبل، ۱٤۱/٤ ☆ تلخیص الحبیر لابن حجر، ۳/۳
اتحاف السادة للزبیدی، ٤۱٥/٥ ☆ الترغیب و الترهیب للمنذری، ٥۲۳/۲
تاریخ دمشق لابن عساکر، ۲۰/۲ ☆ المغنی للعراقی، ٦۲/۲
الدر المنثور للسیوطی، ۳٤۷/۱ ☆ کنز العمال للمتقی، ۹۲٥۳، ۱۳/٤
علل الحدیث لابن ابی حاتم، ۱۱۷۲ ☆ الجامع الصغیر للسیوطی، ۸۱/۱

۱۶۵۹ـ مجمع الزوائد للهیثمی، ۲۰۰/۱۰ ☆ مجمع الجوامع للسیوطی، ٥۲۱٦
الدر المنثور للسیوطی، ۲٤۹/٦ ☆ اتحاف السادة للزبیدی، ٥۰٦/۸
کشف الخفا للعجلونی، ۲۹۱/۱ ☆ الجامع الصغیر للسیوطی، ۱۱٦/۱
علل الحدیث لابن ابی حاتم، ۱۸۷۷

۱۶۶۰ـ الترغیب و الترهیب للمنذری، ٥۲٤/۲ ☆ مجمع الزوائد للهیثمی، ٦۲/٤
اتحاف السادة للزبیدی، ۹/٦ ☆ کنز العمال للمتقی، ۹۲۱٤، ۷/٤
المغنی للعراقی، ۹۱/۲ ☆ الجامع الصغیر للسیوطی، ٥۱۹/۲

ہوگی۔

۱۶۶۱۔ **عن** رکب المصری رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: طُوبٰی لِمَنْ طَابَ کَسْبُہٗ۔

حضرت رکب مصری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: پاک کمائی والے کیلئے جنت ہے۔

فتاوی رضویہ ۱۱/۱۸۰

(۸) کسب حلال ضروری ہے

۱۶۶۲۔ **عن** صفوان بن امیۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: کنا عند رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فجاءہ عمرو بن قرۃ فقال: یا رسول اللہ! ان اللہ قد کتب علی الشقوۃ، وما ارانی ارزق الامن دفی بکفی، فأذن لی فی الغناء من غیر فاحشۃ! فقال: لَا اٰذَنُ لَکَ وَلَا کَرَامَۃَ وَلَا نِعْمَۃَ، اِبْتَغِ عَلٰی نَفْسِکَ وَعَیَالِکَ حَلَالًا، فَاِنَّ ذٰلِکَ جِہَادٌ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ، وَاعْلَمْ اَنَّ عَوْنَ اللّٰہِ تَعَالٰی مَعَ صَالِحِی التِّجَارَۃِ۔

حضرت صفوان بن امیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ہم حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر تھے۔ کہ عمرو بن قرہ آئے۔ اور عرض کیا: یا رسول اللہ! بیشک اللہ تعالیٰ نے مجھ پر بے روزگاری مسلط کردی ہے۔ تو میں اب یہ سمجھتا ہوں کہ بغیر دف بجائے کوئی دوسری چیز میرا ذریعہ معاش نہیں بن سکتی۔ لہذا مجھے مکروہ گانوں کے علاوہ دوسرے گانوں کی اجازت عطا فرمادیں۔ فرمایا: میں تمہیں گانے کی اجازت نہیں دیتا۔ یہ تمہارے لئے نہ تو اچھا ہے اور نہ بزرگی کا کام۔ تم اپنے لئے اور اپنے گھر والوں کیلئے حلال روزی حاصل کرو کہ یہ اللہ تعالیٰ کے راستہ میں جہاد ہے۔ جان لو۔ کہ اللہ تعالیٰ کی مدد نیک تاجروں کے ساتھ ہے۔ ۱۲م

۱۶۶۳۔ **عن** أبی ہریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ

۱۶۶۱۔ الترغیب و الترہیب للمنذری، ۴/۵۴۷

۱۶۶۲۔ الاصابہ فی معرفۃ الصحابۃ لابن حزم ۴/۵۵۶

۱۶۶۳۔ الجامع الصحیح للبخاری، باب بیع الحطب و الکلاء، ۱/۳۱۹

الصحیح لمسلم، زکوۃ، باب النہی عن المسئلۃ، ۱/۳۳۳

الجامع للترمذی، باب ما جاء فی النہی عن المسئلۃ، ۱/۸۶

عليه وسلم: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَأَنْ يَّاخُذَ أَحَدُكُم حَبْلَهُ فَيَذْهَبَ بِهِ اِلَى الْجَبَلِ فَيَحْتَطِبَ ثُمَّ يَأْتِيَ بِهِ فَيَحْمِلَهُ عَلٰى ظَهْرِهِ فَيَأْكُلَهُ خَيْرٌ لَهُ مِنْ أَنْ يَّسْأَلَ النَّاسَ ، وَلَأَنْ يَّاخُذَ تُرَابًا فَيَجْعَلَهُ فِي فِيْهِ خَيْرٌ لَهُ مِنْ أَنْ يَّجْعَلَ فِي فِيْهِ مَاحَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: خدا کی قسم! آدمی رسی لیکر پہاڑ کو جائے لکڑیاں چنے، انکا گٹھا اپنی پیٹھ پر لادکر لائے۔ اسے بیچ کر کھائے۔ تو یہ اس سے بہتر ہے کہ لوگوں سے سوال کرے۔ اور منہ میں خاک بھرلینا حرام نوالہ سے بہتر ہے۔ فتاوی رضویہ ۱۰/۷۳

(۷) ناجائز کمائی

۱۶۶۴۔ عن رافع بن خديج رضى الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم : ثَمَنُ الْكَلْبِ خَبِيْثٌ ، وَمَهْرُ الْبَغِي خَبِيْثٌ ، وَكَسْبُ الْحَجَّامِ خَبِيْثٌ۔

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کتے کی قیمت لینا ناجائز، زنا کی خرچی حرام اور پچھنہ لگانے والے کی کمائی ناجائز ہے۔

فتاوی رضویہ ۱۰/۴۵

فتاوی رضویہ حصہ دوم ۹/۱۷۷

۱۶۶۳۔ السنن للنسائى، زكاة ، الاستحفاف عن المسئلة ، ۱/۲۷۸
المسند لاحمد بن حنبل، ۲/۲۵۷ ☆ مجمع الزوائد للهيثمى، ۱۰/۲۹۳
شرح السنة للبغوى، ۶/۱۱۱ ☆ كنز العمال للمتقى، ۱۶۷۰۰، ۶/۴۹۷
اتحاف السادة للزبيدى، ۵/۴۱۷ ☆ الموطا لمالك، ۹۹۸

۱۶۶۴۔ الصحيح لمسلم ، مساقاة ، ۹ باب تحريم ثمن الكلب ، ۲/۱۹
السنن لابى داؤد ، البيوع، باب فى كسب الحجام ، ۲/۴۸۶
الجامع للترمذى باب ما جاء فى ثمن الكلب، ۱/۱۵۳
السنن لابن ماجه ، باب النهى عن ثمن الكلب ، ۱/۱۵۷
شرح معانى الآثار للطحاوى، ۴/۵۲ ☆ السنن الكبرى للبيهقى، ۹/۳۳۷
المسند لاحمد بن حنبل ، ۳/۴۶۴ ☆ الجامع الصغير للسيوطى، ۱/۲۱۷
تلخيص الحبير لابن حجر، ۲/۱۹۳ ☆ المصنف لابن ابى شيبة، ۴/۳۷۵
التمهيد لابن عبد البر، ۲/۲۲۶ ☆ اتحاف السادة للزبيدى، ۶/۶۲
التفسير لابن كثير، ۶/۵۹ ☆

(۸) جس کسب سے رزق ملے اسی کو اختیار کرے

١٦٦٥۔ **عن** أنس بن مالك رضى الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: مَنْ رُزِقَ فِي شَيْءٍ فَلْيَلْزَمْهُ۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس کسب سے روزی ملے اسے اختیار کرے۔

فتاوی رضویہ حصہ دوم ۹/۱۱۱

١٦٦٥۔ کنز العمال للمتقی، ٩٢٨٦، ١٩/٤ ☆ الاسرار المرفوعة للقاری، ٢٣٨
تنزيه الشريعة لابن عراق، ٩٧٦/٢ ☆ المغنى للعراقى، ٢٤٥/١

۲۔ خرید وفروخت

(۱) مسلمان کے عقد پر عقد نہ کرو

۱۶۶۶۔ **عن** أبی ھریرة رضی اللہ تعالیٰ عنه قال: ان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم نھی أن یستام الرجل علیٰ سوم أخیه۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کسی مرد کو اسکے بھائی کے بھاؤ پر بھاؤ کرنے سے منع فرمایا۔ ۱۲م

(۲) معدوم کی بیع جائز نہیں

۱۶۶۷۔ **عن** حکیم بن حزام رضی اللہ تعالیٰ عنه قال: ان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم نھی عن بیع ما لیس عندہ۔

حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس چیز کی بیع سے منع فرمایا جو تمہارے پاس نہیں۔ ۱۲م

(۳) آدمی اپنی کمائی برباد نہ کرے

۱۶۶۸۔ **عن** عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنھما قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم: کَفٰی بِالْمَرْءِ اِثْمًا اَنْ یُّضِیْعَ مَنْ یَّقُوْتُ۔

حضرت عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: آدمی کیلئے یہی گناہ کافی ہے کہ وہ اپنا رزق برباد کردے۔ ۱۲م

فتاوی رضویہ ۱/۶

۱۶۶۶۔ الصحیح لمسلم، باب تحریم بیع الرجل علی بیع اخیه ۳/۲

۱۶۶۷۔ المسند لاحمد بن حنبل، ۲۵۲/۵ ☆ الجامع الصغیر للسیوطی، ۵۶۴/۲

۱۶۶۸۔ السنن لابی داؤد، باب فی صلة الرحم، ۲۳۸/۱

المستدرك للحاکم ۴۱۵/۱ ☆ المسند لاحمد بن حنبل، ۱۶۰/۲

السنن الکبری للبیھقی، ۴۶۷/۷ ☆ مجمع الزوائد للھیثمی، ۳۲۵/۴

المعجم الکبیر للطبرانی، ۳۸۲/۱۲ ☆ الدر المنثور للسیوطی، ۲۵۴/۱

شرح السنة للبغوی، ۳۴۲/۹ ☆ ارواء الغلیل للالبانی، ۱۶۷/۴

التفسیر للقرطبی، ۱۴۹/۴ ☆ کشف الخفاء للعجلونی، ۱۶۵/۲

(۴) بلاضرورت جائداد نہ بیچو

۱۶۶۹۔ **عن** عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: مَامِنْ عَبْدٍ یَّبِیْعُ تَالِدًا اِلَّا سَلَّطَ اللّٰہُ عَلَیْہِ تَالِفًا۔

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: موروثی جائداد کو بیچ کر حاصل شدہ رقم تلف ہو کر ہی رہتی ہے۔ ۱۲م

۱۶۷۰۔ **عن** معقل بن یسار رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: مَنْ بَاعَ عِقْرَدَارٍ مِنْ غَیْرِ ضَرُوْرَۃٍ سَلَّطَ اللّٰہُ تَعَالیٰ عَلیٰ ثَمَنِھَا تَالِفًا یَتْلُفُہٗ۔ فتاوی رضویہ ۴/۵۰۵

حضرت معقل بن یسار رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے گھر کا ساز وسامان بے ضرورت فروخت کیا اسکا روپیہ پیسہ ضائع ہی ہو جاتا ہے۔ ۱۲م

(۵) بیع کو قرض کی شرط سے مشروط نہ کرو

۱۶۷۱۔ **عن** عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: لَا یَحِلُّ سَلَفٌ وَبَیْعٌ۔

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: قرض کی شرط پر کسی چیز کی بیع حلال نہیں۔ ۱۲م

﴿۱﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

قرض لینے والا بضرورت قرض، قرض کے ساتھ کم مالیت کی شی زیادہ قیمت کو اگر اس طرح خریدے کہ وہ بیع اس قرض پر مشروط ہو تو بالاتفاق حرام ہے۔ اور اگر عقد قرض پہلے ہو اور یہ بیع اس میں نصا یا دلالۃ مشروط نہ ہو تو اس میں اختلاف ہے۔ بعض علماء اجازت دیتے ہیں

۱۶۶۹۔ المعجم الکبیر للطبرانی، ۱۸/۲۲۲ ☆ مجمع الزوائد للھیثمی، ۴/۱۱۰
کنز العمال للمتقی، ۵۴۴۳، ۳/۵۳ ☆ الجامع الصغیر للسیوطی، ۲/۴۹۳
۱۶۷۰۔ کنز العمال للمتقی، ۵۴۴۲، ۲/۵۱ ☆ الجامع الصغیر للسیوطی، ۲/۵۲۰
کشف الخفاء للعجلونی، ۲/۳۲۷ ☆
۱۶۷۱۔ السنن لابی داؤد، باب فی الرجل یبیع ما لیس عندہ، ۲/۴۹۵

کہ یہ بیع بشرط قرض نہیں۔ بلکہ قرض بشرط بیع ہے۔اور قرض شروط فاسدہ سے فاسد نہیں ہوتا۔
اور راجح یہ ہے کہ یہ بھی ممنوع ہے کہ اگر چہ شرط مفسد قرض نہیں مگر یہ وہ قرض ہے جس کے ذریعہ
سے ایک منفعت قرض دینے والے نے حاصل کی اور یہ ناجائز ہے۔لہذا ان صورتوں کو ترک کیا
جائے۔اور قرض کا نام ہی نہ لیا جائے۔ بلکہ خالص بیع ایک وعدہ معینہ پر ہو۔اب نوٹ کی بیع
روپئے کے عوض جائز ہوگی اگر چہ دس کا نوٹ سو کو بیچے۔اور دونوں صورتوں میں فرق وہی ہے جو
قرآن عظیم نے فرمایا:واحل اللہ البیع وحرم الربوا ٥ مگر چاندی سونے کی بیع اب بھی جائز نہ
ہوگی اور نوٹ کی جائز ہوگی۔قال البنی صلی اللہ تعالیٰ علہ وسلم اذا اختلف النوعان
فبیعوا کیف شئتم۔اور یہ زیادہ قیمت دینا اگر چہ بحالت قرض ہے لیکن بوجہ بیع جائز ہے۔
اگر چہ اولی نہیں۔درمختار میں ہے شراء شئ بثمن غال لحاجة القرض، یجوز و یکرہ
واللہ تعالیٰ اعلم۔
فتاوی رضویہ ۷/۴۷

(۶) روپے کی بیع تفاضل کے ساتھ جائز ہے

۱۶۷۲۔ **عن** أبی بن کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم : اِذَا اخۡتَلَفَ النَّوۡعَانِ فَبِیۡعُوا کَیۡفَ شِئۡتُمۡ بَعۡدَ اَنۡ یَّکُوۡنَ یَدًا بِیَدٍ۔
حضرت ابی بن کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب دو چیزیں اپنی نوع کے اعتبار سے مختلف ہوں تو جس طرح چاہو بیچو اس کے بعد کہ وہ دست بدست ہوں۔ ۱۲م

﴿۲﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

روپے کا نوٹ پندرہ آنے کو بیچنا، خریدنا مطلقاً جائز ہے جبکہ باہم رضامندی سے ہو اور کوئی مانع شرعی عارض نہ ہو۔اسے سود سے کوئی علاقہ نہیں۔

فتاوی رضویہ ۹/۱۸۹

(قرض میں ایک صورت جواز کی یہ بھی ہے کہ) قرض دینے والا لینے والے کے ہاتھ کوئی متاع ادھار بیچے اور متاع اسکے قبضہ میں دیدے، پھر قرض لینے والا اس متاع کو کسی اور کے ہاتھ اتنے سے کم کو بیچے جتنے کو خود خریدی تا کہ وہ متاع بعینہا اسے پہونچ جائے اور اس سے

۱۶۷۲۔ نصب الرایة للزیلعی،

قیمت لیکر قرض لینے والے کو دیدے تو قرض لینے والے کو قرض مل جائیگا اور دینے والے کو نفع حاصل ہوجائیگا۔

امام قاضی خاں نے فرمایا: اس حیلہ کا نام بیع عینہ ہے جسکو امام محمد رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ذکر فرمایا اور مشائخ بلخ نے فرمایا: بیع عینہ ان بیعوں میں سے ہے۔ کہ ہمارے بازاروں میں آج کل رائج ہیں۔ امام ابو یوسف رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے فرمایا: عینہ جائز ہے اور اس پر ثواب ملیگا۔ اور فرمایا: کہ ثواب کی وجہ یہ ہے کہ اس میں حرام یعنی سود سے بھاگنا ہے۔

فتح القدیر میں فرمایا کہ عینہ میں کوئی کراہت نہیں سوا خلاف اولیٰ کے۔ اس لئے کہ اسمیں قرض دینے کے اچھے سلوک سے روگردانی ہے انتہی، اور اسے بحر الرائق اور نہر الفائق اور در مختار وشرنبلالیہ وغیرہا نے برقرار رکھا۔ نیز فتح القدیر میں امام ابو یوسف نے فرمایا: یہ بیع مکروہ نہیں۔ اس لئے کہ بہت سے صحابہ کرام نے اسے کیا۔ اسکی تعریف کی اور اسے سود نہ ٹھہرایا۔

تو جب بکثرت صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین سے اسکا کرنا اور اسکی تعریف ثابت ہوئی تو اس سے عدول نہ ہوگا۔ اس لئے کہ ہمارے امام اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا مذہب صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین کی تقلید ہے۔ اور بیشک رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہمیں انکی تقلید وپیروی کا حکم دیا۔ فتاوی رضویہ ۷/۱۷۴

۳۔ غبن وغصب وعاریت

(۱) غبن مذموم ہے

۱۶۷۳۔ **عن** الحسین بن علی رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال:قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: اَلْمَغْبُوْنُ لَا مَحْمُوْدٌ وَلَا مَاجُوْرٌ۔

حضرت امام حسین بن علی رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: غبن کھانے میں نہ ناموری ہے اور نہ ثواب۔

فتاوی رضویہ ۷/۱۷۶

(۲) غصب کا وبال

۱۶۷۴۔ **عن** یعلی بن مرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال:قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم:اَیُّمَا رَجُلٍ ظَلَمَ شِبْرًا مِنَ الْاَرْضِ کَلَّفَهُ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ اَنْ یَّحْفِرَهٗ حَتّٰی یَبْلُغَ آخِرَ سَبْعِ اَرْضِیْنَ ثُمَّ یُطَوَّقَهٗ یَوْمَ الْقِیَامَةِ حَتّٰی یَقْضِیَ بَیْنَ النَّاسِ۔

حضرت یعلی بن مرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص ایک بالشت زمین ناحق لے لے اللہ تعالیٰ اسے تکلیف دے کہ اس زمین کو کھودے یہاں تک کہ ساتویں طبقے کے ختم تک پہونچے۔ پھر قیامت کے دن اس کا طوق بنا کر اسکے گلے میں ڈالے یہاں تک کہ تمام مخلوق کا حساب ختم ہو کر فیصلہ فرمادیا جائے۔

۱۶۷۵۔ **عن** سعد بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال:قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: مَنْ اَخَذَ شَیْئًا مِنَ الْاَرْضِ بِغَیْرِ حِلِّهٖ طَوَّقَهُ اللّٰهُ مِنْ سَبْعِ اَرْضِیْنَ، لَا یَقْبَلُ اللّٰهُ مِنْهُ صَرْفًا وَّلَا عَدْلًا۔

حضرت سعد بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ

۱۶۷۳۔ مجمع الزوائد للهیثمی، ۴/۷۵ ☆ کنز العمال للمتقی، ۹۲۸۷، ۴/۱۹
الجامع الصغیر للسیوطی، ۲/۵۵۲ ☆ المغنی للعراقی، ۲/۸۲
۱۶۷۴۔ المسند لاحمد بن حنبل، ۴/۱۷۳ ☆ فتح الباری للعسقلانی ۵/۱۰۴
الترغیب و الترهیب للمنذری، ۳/۱۵ ☆ جمع الجوامع للسیوطی، ۹۵۲۲
موارد الظمآن للهیثمی، ۱۱۶۷ ☆ السلسلة الصحیحة للالبانی، ۲۴۰

علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جوکسی قدر زمین ناجائز طور پر لے اللہ تعالیٰ ساتوں زمینوں سے اسکے گلے میں طوق ڈالے، نہ اسکا فرض قبول ہو نہ نفل۔ فتاوی رضویہ ۸/۱۴۰

(۴) عاریت کا مال واپس کرے

۱۶۷۶۔ **عن** سمرة بن جندب رضی الله تعالیٰ عنه قال:قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: عَلَى الْيَدِ مَا أَخَذَتْ حَتّٰى تُؤَدِّيَهُ۔

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس ہاتھ سے مال لیا اسی ہاتھ سے واپس کردے۔

فتاوی رضویہ ۴/۱۳

۱۶۷۵۔ الجامع الصحیح للبخاری، باب ما جاء فی سبع ارضین، ۱/۴۵۴
المسند لاحمد بن حنبل، ۱/۱۸۷ ☆ السنن الکبری للبیهقی، ۶/۹۸
مجمع الزوائد للهیثمی، ۴/۱۷۶ ☆ المعجم الصغیر للطبرانی، ۱/۹۹
حلیة الاولیاء لابی نعیم، ۲/۱۸۱ ☆ کنز العمال للمتقی، ۳۰۳۴۹، ۱۰/۶۳۹
تاریخ بغداد للخطیب، ۱/۲۷۱ ☆ الترغیب و الترهیب للمنذری، ۳/۱۶
المصنف لابن ابی شیبة، ۶/۵۶۵ ☆ البدایة و النهایة لابن کثیر، ۱/۱۹
۱۶۷۶۔ السنن لابن ماجه، العاریة، ۲/۱۷۵ ☆
المسند لاحمد بن حنبل، ۵/۸ ☆ الجامع الصغیر للسیوطی، ۲/۳۳۸
السنن الکبری للبیهقی، ۶/۹۰ ☆ فتح الباری للعسقلانی، ۵/۲۴۱
شرح السنة للبغوی، ۸/۲۲۶ ☆ تلخیص الحبیر لابن حجر، ۳/۵۳
المعجم الکبیر للطبرانی، ۷/۲۵۲ ☆ نصب الرایة للزیلعی، ۴/۳۷۶
المصنف لابن ابی شیبة، ۶/۱۴۶ ☆ التفسیر لابن کثیر، ۱/۵۰۰
کشف الخفاء للعجلونی، ۲/۹۰ ☆

۴۔ اجرت ومزارعت

(۱) اجرت ادا کرو

۱۶۷۷۔ **عن** أبی هریرة رضی الله تعالیٰ عنه قال:قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم:قال الله تعالیٰ : ثَلٰثَةٌ أنَا خَصمُهُم یَومَ القِیَامَةِ ، رَجُلٌ أعطٰی بِی ثُمَّ غَدَرَ، وَرَجُلٌ بَاعَ حُرًّا فَاَکَلَ ثَمَنَهُ ، وَرَجُلٌ اِستَاجَرَ أجِیرًا فَاستَوفٰی مِنهُ وَلَم یُعطِ أجرَهُ ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: قیامت کے دن تین شخصوں کا میں مدعی ہونگا۔ایک وہ جس نے میرا عہد دیا پھر عہد شکنی کی ، دوسرا وہ جس نے کسی آزاد کو غلام بنا کر بیچ ڈالا اور اسکی قیمت کھائی ، تیسرا وہ جس نے کسی شخص کو مزدوری میں لیکر اپنا کام تو اس سے پورا کرالیا اور مزدوری پوری نہ دی۔ فتاوی رضویہ ۸/۱۴۷

(۲) تعویذ پر اجرت جائز ہے

۱۶۷۸۔ **عن** عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالی عنهما قال: ان نفرا من اصحاب رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم مرو ابماء فیهم لدیغ او سلیم ، فعرض لهم رجل من اهل الماء فقال: هل فیکم من راقٍ ؟ اِن فی الماء رجلا لدیغا او سلیما ، فانطلق رجل منهم فقرأ بفاتحة الکتاب علی شاة فبرأ فجاء بالشاة الی اصحابه فکرهوا ذاك وقالوا: أخذت علی کتاب الله اجرا، حتی قدموا الی المدینةفقالوا: یا رسول الله ! اخذ علی کتاب الله اجرا ، فقا ل رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه

۱۶۷۷۔ الجامع الصحیح للبخاری، باب اثم من باع حرام، ۱/۲۹۷
السنن لابن ماجه ، باب اجر الاجرا ، ۲/۱۷۸
المسند لاحمد بن حنبل ، ۲/۳۵۸ ☆ الجامع الصغیر للسیوطی، ۱/۲۱۱
السنن الکبری للبیهقی، ۶/۱٤ ☆ مشکل الآثار للطحاوی، ۲/۳۵۹
نصب الرایة للزیلعی، ٤/۱۳۲ ☆
۱۶۷۸۔ الجامع الصحیح للبخاری، باب الشرط فی الرقیة الخ، ۲/۸۵٤
السنن الکبری للبیهقی، ۱/٤۳۰ ☆ فتح الباری للعسقلانی، ۱۰/۱۹۸
التفسیر للقرطبی، ۱/۳۳۵ ☆ جمع الجوامع للسیوطی، ۶۱۳۱،
کنز العمال للمتقی، ۹۲۳۹، ٤/۳۰ ☆ شرح السنة للبغوی، ٤/٤۵۱

وسلم: اِنَّ اَحَقَّ مَا اَخَذْتُمْ عَلَیْهِ اَجْرًا کِتَابُ اللّٰهِ۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کی ایک جماعت کا گذر چشمے والوں کے پاس سے ہوا جن میں سے ایک آدمی کو سانپ یا بچھو نے کاٹ لیا تھا۔ ان میں سے ایک آدمی صحابہ کرام کے پاس آیا اور کہا: کیا آپ حضرات میں کوئی سانپ یا بچھو کے کاٹے کا دم جانتا ہے؟ کیونکہ چشمے والوں میں سے ایک شخص کو سانپ یا بچھو نے کاٹ لیا ہے۔ ان میں ایک صاحب گئے اور کچھ بکریوں کے بدلے سورۂ فاتحہ پڑھکر دم کر دیا۔ وہ ٹھیک ہوگیا۔ اور یہ بکریاں لیکر اپنے ساتھیوں کے پاس آ گئے۔ ساتھیوں نے اس بات کو ناپسند کیا اور کہا آپ نے اللہ کی کتاب پر اجرت لی ہے۔ چنانچہ یہ تمام حضرات مدینہ شریف پہونچے تو بارگاہ رسالت میں واقعہ عرض کیا: حضور نے ارشاد فرمایا: جن باتوں کی تم مزدوری لیتے ہو ان میں اللہ تعالیٰ کی کتاب سب سے زیادہ اجرت کی مستحق ہے۔ ۱۲م

۱۶۷۹۔ **عن** أبی سعید الخدری رضی اللہ تعالی عنہ قال: ان ناسا من اصحاب النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم أتوا علی حی من أحیاء العرب فلم یقروھم ، فبینما ھم کذلك اِذ لدغ سید اولئك فقالوا: ھل معکم من دواء أوراق؟ فقالوا انکم لم تقرو نا ولا نفعل حتی تجعلو ا لنا جعلا، فجعلو لھم قطیعا من الشاۃ ، فجعل یقرء بأم القرآن ویجمع بزاقه وتیفل فبرأ، فأتوا بالشاء فقالوا: لا نأخذہ حتی نسأل النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم فسأله فضحك وقال: وَمَا اِدْرَاكَ أَنَّھَا رُقْیَةٌ ، خُذُوْھَا وَاضْرِبُوْا لِی بِسَھْمٍ ۔

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین میں سے کچھ حضرات عرب کے ایک قبیلہ

۱۶۷۸۔ اتحاف السادۃ للزبیدی، ۷۷/۳ ☆ مشکوۃ المصابیح للتبریزی، ۷۹۸۵
السنن للدارقطنی، ۹۵/۳ ☆ لسان المیزان لابن حجر، ۳۱۸/۲
تنزیه الشریعة لابن عراق، ۲۶۱/۱ ☆ تذکرۃ الموضوعات للفتنی، ۸۱
موارد الظمآن للھیثمی، ۱۱۳۱ ☆ الدر المنثور للسیوطی، ۴۸
۱۶۷۹۔ الجامع الصحیح للبخاری، باب الرقی بالقرآن و المعوذات ، ۸۵۴/۲
الصحیح لمسلم، باب جواز الاجرۃ علی الرقیة ، ۲۲۴/۲
المسند لاحمد بن حنبل، ۴۴/۳ ☆ فتح الباری للعسقلانی، ۱۹۸/۱۰
التفسیر للقرطبی، ۱۱۳/۱ ☆

کے پاس گئے تو انہوں نے انکی مہمان نوازی نہ کی۔ اسی اثنا میں انکے سردار کو بچھو نے کاٹ لیا۔ تو انہوں نے کہا: کیا آپ لوگوں کے درمیان کوئی دوا یا دم کرنے والا ہے؟ صحابہ کرام نے فرمایا: چونکہ تم نے ہماری ضیافت نہ کی لہذا ہم بغیر اجرت تمہارے ساتھ کچھ نہیں کریں گے۔ انہوں نے بکریاں دینا منظور کیا۔ چنانچہ ایک صحابی نے سورۂ فاتحہ پڑھی اور لعاب جمع کر کے اس جگہ پر تھوک دیا۔ اسکی تکلیف دور ہوگئی۔ وہ بکریاں لیکر آئے تو صحابہ کرام نے فرمایا: ہم جب تک اس سلسلہ میں حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے معلومات نہیں حاصل کرلیں گے۔ بکریاں نہیں لیں گے۔ حضور نے یہ سنکر تبسم فرماتے ہوئے ارشاد فرمایا: خیر بکریاں لے لو اور ان میں میرا حصہ بھی ہے۔

فتاوی رضویہ ۱۸۲/۸

﴿۱﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

اس حدیث سے محض تعویذ اور دم کرنے کیلئے قرآن پڑھنے پر اجرت لینے کا جواز معلوم ہوا مطلق تلاوت اور تعلیم قرآن پر اجرت کا جواز ثابت نہیں ہوتا۔ لہذا یہ حدیث امام اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مسلک کے خلاف ہرگز نہیں کہ امام اعظم تلاوت وتعلیم قرآن پر اجرت کو ناجائز قرار دیتے ہیں جیسا کہ حدیث میں وارد ہے۔

تعلموا القرآن ولا تاکلوا بہ، یعنی تعلیم قرآن کی کمائی نہ کھاؤ۔ عمدۃ القاری۔

(۳) کام ختم ہوتے ہی مزدور کی اجرت ادا کرو

۱۶۸۰۔ **عن** جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: أَلَمْ تَرَى إِلَى الْعُمَّالِ يَعْمَلُوْنَ فَإِذَا فَرَغُوا مِنْ أَعْمَالِهِمْ وَفَوْا أُجُوْرَهُمْ۔

حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کیا تو نے نہ دیکھا کہ مزدور کام کرتے ہیں جب اپنے عمل سے فارغ ہوتے ہیں۔ اس وقت پوری مزدوری پاتے ہیں۔

۱۶۸۱۔ **عن** أبی هريرة رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالی

۱۶۸۰۔ الدر المنثور للسیوطی، ۱۸۴/۱
۱۶۸۱۔ الدر المنثور للسیوطی، ۱۸۴/۱

علیہ وسلم: اَلْعَامِلُ اِنَّمَا یُوَفّٰی اَجْرُہٗ اِذَا قَضٰی عَمَلَہٗ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: عامل کو اسی وقت اجر کامل دیا جاتا ہے جب عمل تمام کرلیتا ہے۔

فتاوی رضویہ ۲/ ۷۷۸

(۴) تعلیم قرآن پر اجرت کا حکم

۱۶۸۲۔ **عن** عبادۃ بن الصامت رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: علمت ناسا من اھل الصفۃ القرآن والکتابۃ فاھدی الی رجل منھم قوسا، فقلت: لیست بمال وارمی عنھا فی سبیل اللہ، فسألت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم عنھافقال: اِنْ سَرَّکَ اَنْ تُطَوَّقَ بِھَا طَوْقًا مِنْ نَارٍ فَاقْبَلْھَا۔ فتاوی رضویہ ۸/۲۱۲

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ میں نے اصحاب صفہ میں سے چند حضرات کو قرآن کی تعلیم دی اور لکھنا سکھایا۔ تو ان میں سے ایک صاحب میرے پاس بطور ہدیہ ایک کمان لائے۔ میں نے سوچا یہ کوئی مال نہیں اور مجھے جہاد میں کام آئیگی۔ پھر میں نے حضور سے اسکے بارے میں پوچھا تو فرمایا: اگر تم جہنم کا طوق گلے میں ڈالنا چاہتے ہو تو قبول کرلو۔۱۲م

(۵) بٹائی پر زراعت کا حکم

۱۶۸۳۔ **عن** جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنھماقال: سمعت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یقول: مَنْ لَمْ یَذَرِ الْمُخَابَرَۃَ فَلْیُؤْذَنْ بِحَرْبٍ مِنَ اللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ۔

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالٰی عنہما سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: جو بٹائی نہ چھوڑے وہ اللہ ورسول سے لڑائی کا اعلان کرے۔

﴿۲﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

لہذا ہمارے امام اعظم رضی اللہ تعالٰی عنہ باتباع جماعت صحابہ وتابعین محرمین مانعین

۱۶۸۲۔ السنن لابن ماجہ، باب الاجر علی تعلیم القرآن، ۱/۱۵۷

۱۶۸۳۔ السنن لابی داؤد، البیوع، باب فی المخابرۃ، ۲/۴۸۳

الجامع الصغیر للسیوطی، ۲/۵۴۳

حرام وفاسد جانتے ہیں۔ بایں ہمہ صاحبین نے بوجہ تعامل اجازت دی اور اسی پر فتوی قرار پایا۔

فتاوی رضویہ ۸/۲۱۳

۵۔ قرض وسود

(۱) ہر قرض جس سے منفعت مقصود ہو سود ہے

۱۶۸۴۔ **عن** أمیر المؤمنین علی المرتضی کرم اللہ تعالیٰ وجھہ الکریم قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: کُلُّ قَرْضٍ جَرَّ مَنْفَعَةً فَهُوَ رِبٰوا۔

حضرت امیر المؤمنین علی مرتضی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ہر قرض جو منفعت کمائے سود ہے۔

فتاوی رضویہ ۷/۵

(۲) سود کی لعنت

۱۶۸۵۔ **عن** عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: لعن رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم آکل الربوا و مأکلہ و شاھد یہ و کاتبہ۔

حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سود کھانے والے، کھلانے والے، اور اسکے گواہ وکاتب پر لعنت فرمائی۔

فتاوی رضویہ ۷/۷۵

۱۶۸۶۔ **عن** جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال: لعن رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم آکل الربوا ومؤکلہ وکاتبہ وشاھدیہ وقال: ھم سواء۔

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ

۱۶۸۴۔ الدر المنثور للسیوطی، ۵/۳۵۰ ☆ کنز العمال للمتقی، ۱۵۵۱۶، ۶/۲۳۸
ارواء الغلیل للالبانی، ۵/۲۳۵ ☆ المطالب العالیة لابن حجر، ۱۳۷۳
۱۶۸۵۔ الجامع للترمذی، باب ما جاء فی اکل الربوا ۱/۱۴۵
السنن لابن ماجہ، باب التغلیظ فی الربا، ۱/۱۶۵
الجامع الصغیر للسیوطی، ۲/۴۴۶
السنن لابی داؤد، باب فی اکل الربوا، ۲/۴۷۳
۱۶۸۶۔ الصحیح لمسلم، باب الربوا، ۲/۲۷
مجمع الزوائد للہیثمی، ۴/۱۱۸ ☆ اتحاف السادة للزبیدی، ۵/۴۴۶
الترغیب والترھیب للمنذری، ۱/۵۳۹ ☆ الدر المنثور للسیوطی، ۱/۳۶۷

علیہ وسلم نے سود کھانے والے، کھلانے والے، اور اسکے کاتب و گواہ سب پر لعنت فرمائی۔ اور فرمایا: وہ سب برابر گنہگار ہیں۔　　فتاوی رضویہ ۷/۵۷

(۴) سود کی مذمت

۱۶۸۷۔ **عن** کعب الأحبار رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: لان ازنی ثلث وثلثین زنیة احب الی من ان آکل درهما ربا یعلم اللہ انی اکلته من ربا۔

حضرت کعب احبار رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ بے شک مجھے اپنا تینتیس بار زنا کرنا اس سے زیادہ پسند ہے کہ سود کا ایک درم کھاؤں۔ جسے اللہ عزوجل جانے کہ میں نے سود کھایا ہے۔

(۱) امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

سود جس طرح لینا حرام ہے دینا بھی حرام ہے۔ مگر شریعت مطہرہ کا قاعدہ مقرر ہے کہ الضرورة تبیح المحظورات، اسی لئے علماء فرماتے ہیں کہ محتاج کو سودی قرض لینا جائز ہے۔ محتاج کے یہ معنی جو واقعی حقیقی ضرورت قابل قبول شرع رکھتا ہو کہ اسکے بغیر چارہ ہو، نہ کسی طرح بے سودی روپیہ ملنے کا یارا۔ ورنہ ہرگز جائز نہ ہوگا۔ جیسے لوگوں میں رائج ہے کہ اولاد کی شادی کرنی چاہی۔ سو روپے پاس ہیں ہزار روپے لگانے کو جی چاہا تو سودی نکلوائے، یا مکان رہنے کو موجود ہے دل پکے محل کو ہوا۔ سودی قرض لیکر بنایا یا دو سو کی تجارت کرتے ہیں۔ قوت اہل و عیال بقدر کفایت ملتا ہے۔ نفس نے بڑا سوداگر بننا چاہا۔ پانچ چھ سو سودی نکلوا کر لگوادئے یا گھر میں زیور وغیرہ موجود ہے جسے بیچ کر روپیہ حاصل کر سکتے ہیں۔ نہ بیچا بلکہ سودی قرض لیا وعلی ھذا القیاس۔ صدہا صورتیں ہیں کہ یہ ضرورت نہیں۔ تو ان میں حکم جواز نہیں ہوسکتا اگرچہ لوگ اپنے زعم میں ضرورت سمجھیں۔ ولہذا قوت اہل و عیال کیلئے سودی قرض لینے کی اجازت اسی وقت ہوسکتی ہے جب اسکے بغیر کوئی طریقہ بسر اوقات کا نہ ہو، نہ کوئی پیشہ جانتا ہو، نہ نوکری ملی ہے جس کے ذریعہ سے دال روٹی اور موٹا کپڑا احتیاج آدمی کی بسر اوقات کے لائق مل سکے۔ ورنہ اس قدر پا سکتا ہے تو سودی روپے سے تجارت پھر وہی تونگری کی ہوس ہوگی نہ ضرورت قوت۔ رہا ادائے قرض کی نیت سے سودی قرض لینا اگر جانتا ہے کہ اب ادا

۱۶۸۷۔ المسند لاحمد بن حنبل، ۵/۲۲۵

نہ ہوا تو قرض خواہ قید کرائے گا۔ جس کے باعث بال بچوں کو نفقہ نہ پہونچ سکے گا۔ اور ذلت وخواری علاوہ اور فی الحال اسکے سوا کوئی شکل ادا کی نہیں تو رخصت دی جائیگی کہ ضرورت متحقق ہولی۔ حفظ اور تحصیل قوت کی ضرورت ہو تو خود ظاہر۔ اور ذلت ومطعونی سے بچنا بھی ایسا امر ہے کہ جسے شرع نے بہت مہم سمجھا اور اسکے لئے بعض محظورات کو جائز فرمایا۔

مثلا اشریر شاعر جو امراء کے پاس قصائد مدح لکھ کر لے جاتے ہیں کہ خاطر خواہ انعام نہ پائیں تو ہجو سنائیں۔ انہیں اگرچہ وہ انعام لینا حرام ہے اور جس چیز کا لینا جائز نہیں دینا بھی روا نہیں۔ پھر یہ لوگ کہ اپنی آبرو بچانے کو دیتے ہیں خاص رشوت دیتے ہیں اور رشوت دینا صریح حرام ہے۔ بایں ہمہ شرع نے حفظ آبرو کیلئے انہیں دینا دینے والے کے حق میں روا فرمایا اگرچہ لینے والے کو بدستور حرام محض ہے۔ فتاوی رضویہ ۷/۸۳

(۴) سود کھانا زنا سے بدتر کام ہے

۱۶۸۸۔ **عن** عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: مَنْ أَكَلَ دِرْهَمًا مِنَ رِبًوا فَهُوَ مِثْلُ ثَلٰثٍ وَّثَلٰثِيْنَ زَنْيَةٍ ، وَمَنْ نَبَتَ لَحْمُهُ مِنْ سُحْتٍ فَالنَّارُ أَوْلٰى بِهٖ۔

حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ایک درہم سود کھانا تینتیس بار زنا کے برابر ہے، اور جسکا گوشت حرام سے بڑھے تو نار جہنم اسکی زیادہ مستحق ہے۔

۱۶۸۹۔ **عن** عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: لَدِرْهَمٌ يُصِيْبُهُ الرَّجُلُ مِنَ الرِّبٰوا أَعْظَمُ عِنْدَ اللّٰهِ مِنْ ثَلٰثٍ وَّثَلٰثِيْنَ زَنْيَةً يَزْنِيْهَا فِي الْإِسْلَامِ۔

حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بیشک ایک درہم کہ آدمی سود سے پائے اللہ عزوجل کے نزدیک سخت تر ہے تینتیس بار زنا سے کہ آدمی اسلام میں کرے۔

۱۶۸۸۔ المعجم الاوسط للطبرانی، ۳/۲۱۱ ☆ تذکرۃ الموضوعات لابن القیسرانی، ۷۲٤

۱۶۸۹۔ الدر المنثور للسیوطی، ۱/۳٦٦ ☆ الترغیب والترہیب للمنذری، ٦۳

۱۶۹۰۔ عن عبد الله بن حنظلة غسيل الملائكة رضى الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: دِرْهَمُ رِبًا يَأْكُلُهُ الرَّجُلُ وَهُوَ يَعْلَمُ أَشَدُّ عِنْدَ اللّٰهِ مِنْ سِتٍّ وَّثَلٰثِيْنَ زَنْيَةً۔

حضرت عبد اللہ بن حنظلہ غسیل الملائکہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: سود کا ایک درہم کہ آدمی دانستہ کھائے اللہ تعالیٰ کے نزدیک چھتیس زنا سے سخت تر ہے۔

۱۶۹۱۔ عن أنس بن مالك رضى الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: اِنَّ الدِّرْهَمَ يُصِيْبُهُ الرَّجُلُ مِنَ الرِّبَا أَعْظَمُ عِنْدَ اللّٰهِ فِى الْخَطِيْئَةِ مِنْ سِتٍّ وَّ ثَلٰثِيْنَ زَنْيَةً يَزْنِيْهَا الرَّجُلُ۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ایک درہم کہ آدمی سود سے پائے اللہ تعالیٰ کے نزدیک مرد کے چھتیس بار زنا کرنے سے گناہ میں زیادہ ہے۔

۱۶۹۲۔ عن أم المومنين عائشة الصديقة رضى الله تعالىٰ عنها قالت: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: لَدِرْهَمُ رِبًا أَشَدُّ جُرْمًا عِنْدَ اللّٰهِ مِنْ سَبْعٍ وَّثَلٰثِيْنَ زَنْيَةً۔

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی

۱۶۹۰۔ الترغيب و الترهيب للمنذرى، ۷/۳ ☆ اتحاف السادة للزبيدى، ۴۴۰/۵
كنز العمال للمتقى، ۹۷۶۱، ۱۰۶/۴ ☆ مجمع الزوائد للهيثمى، ۱۱۷/۴
مشكوة المصابيح للتبريزى، ۲۸۲۵ ☆ الدر المنثور للسيوطى، ۳۶۷/۱
الجامع الصغير للسيوطى، ۲۵۶/۱ ☆ السلسلة الصحيحة للالبانى، ۱۰۳۳
المسند لاحمد بن حنبل، ۲۲۵/۵ ☆ السنن للدار قطنى، ۱۶/۳
تاريخ دمشق لابن عساكر، ۳۷۳/۷ ☆ المغنى للعراقى، ۹۱/۲

۱۶۹۱۔ اتحاف السادة للزبيدى، ۷۳۵/۷ ☆ جمع الجوامع للسيوطى، ۵۴۷۵
الترغيب و الترهيب للمنذرى، ۷/۳ ☆ الدر المنثور للسيوطى، ۳۶۴/۱
المغنى للعراقى، ۱۳۹/۳ ☆ الكامل لابن عدى،
اللآلى المصنوعة للسيوطى، ۸۳/۲ ☆

۱۶۹۲۔ كنز العمال للمتقى، ۹۷۸۰، ۱۰۹/۴ ☆

اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بیشک سود کا ایک درہم اللہ عزوجل کے یہاں سینتیس زنا سے بڑھ کر ہے۔

۱۶۹۳۔ **عن** أبی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم: اَلرِّبَا سَبْعُوْنَ حُوْبًا أَيْسَرُ هَا كَالَّذِی يَنْكِحُ اُمَّهٗ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: سود کا گناہ ستر درجے ہے۔جس میں سب سے آسان تر اس شخص کی طرح ہے جو اپنی ماں پر پڑے۔

۱۶۹۴۔**عن** أبی هريرة رضی الله تعالی عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالی عليه وسلم: اَلرِّبَا سَبْعُوْنَ بَابًا اَدْنَا هَا كَالَّذِی يَقَعُ عَلیٰ اُمِّهٖ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: سود کا گناہ ستر درجہ ہے۔جس میں سب سے آسان تر اس شخص کی طرح ہے جو اپنی ماں پر پڑے۔

۱۶۹۵۔ **عن** الأسود بن وهب بن عبد مناف بن زهرة الزهری القرشی خال النبی صلی الله تعالیٰ عليه وسلم ورضی الله تعالیٰ عنهما قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم: اِنَّ الرِّبَا اَبْوَابٌ، اَلْبَابُ مِنْهُ عَدْلٌ بِسَبْعِيْنَ حُوْبًا، اَدْنَاهُ فَجْرَةٌ كَاضْطِجَاعِ الرَّجُلِ مَعَ اُمِّهٖ۔

حضرت اسود بن وہب رضی اللہ تعالیٰ عنہما حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ماموں سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: بیشک سود کے کئی دروازے ہیں، ان میں سے ایک دروازہ برابر ستر گناہ کے ہے جن میں سب سے ہلکا گناہ ایسا

۱۶۹۳۔ السنن لابن ماجه، باب التغليظ فی الربا، ۱۶۵/۲
الجامع الصغير للسيوطی، ۲۷۶/۲ ☆ اتحاف السادة للزبيدی، ۵۳۷/۷
الترغيب والترهيب للمنذری، ۸/۳ ☆ كشف الخفاء للعجلونی، ۵۰۸/۱
كنز العمال للمتقی، ۹۷۵۵، ۱۰۵/۴ ☆ المغنی للعراقی، ۳۲۳/۳
۱۶۹۴۔ السنن لابن ماجه، باب التغليظ فی الربا، ۱۶۵/۲
الترغيب والترهيب للمنذری، ۶/۳ ☆
۱۶۹۵۔ الجامع الكبير للطبرانی ۲۵۴/۲ ☆

ہے جیسے اپنی ماں کے ساتھ ہم بستر ہونا۔

۱۶۹۶۔ **عن** رجل من الأنصار رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم : اَلرِّبَا أَحَدٌ وَسَبْعُوْنَ بَابًا، او قال: ثَلٰثَةٌ وَسَبْعُوْنَ حُوْبًا، اَهْوَنُهَا مِثْلَ اِتْيَانِ الرَّجُلِ اُمَّهٗ۔

ایک انصاری صحابی رسول رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: سود اکہتر دروازے ہیں۔ یا فرمایا: تہتر گناہ جن میں سب سے ہلکا ایسا جیسے آدمی کا اپنی ماں سے جماع کرنا۔

۱۶۹۷۔ **عن** البراء بن عازب رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم : اَلرِّبَا اِثْنَانِ وَسَبْعُوْنَ بَابًا، اَدْنَا هُنَّ مِثْلَ اِتْيَانِ الرَّجُلِ اُمَّهٗ۔

حضرت براء بن عازب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: سود کے بہتر دروازے ہیں۔ ان میں سب سے کم ایسا ہے جیسے اپنی ماں سے صحبت کرنا۔

۱۶۹۸۔ **عن** عبد اللہ بن سلام رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم : اِنَّ اَبْوَابَ الرِّبَا اِثْنَانِ وَسَبْعُوْنَ حُوْبًا، اَدْنَاهَا كَالَّذِيْ يَاْتِيْ اُمَّهٗ فِي الْاِسْلَامِ۔

حضرت عبد اللہ بن سلام رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بیشک سود کے دروازے بہتر گناہ ہیں۔ سب میں کمتر ایسا ہے جیسے اسلام میں اپنی ماں سے زنا کرنا۔

۱۶۹۶۔ المصنف لعبد الرزاق، ۳۱۴/۸ ☆ اتحاف السادۃ للزبیدی، ۳۲۷/۸

۱۶۹۷۔ مجمع الزوائد للهيثمي، ۱۱۷/۴ ☆ السلسلۃ الصحیحۃ للالبانی، ۱۸۷۱
الکامل لابن عدی، ۳۹۱/۶ ☆ الجامع الصغیر للسیوطی، ۲۶۷/۱
علل الحدیث لابن ابی حاتم، ۱۱۳۶ ☆ الدر المنثور للسیوطی، ۳۶۷/۱
الترغیب والترهیب للمنذری، ۸/۳ ☆ اللآلی المصنوعۃ للسیوطی، ۸۴/۲
کنز العمال للمتقی، ۹۷۵۹، ۱۰۵/۴ ☆ المطالب العالیۃ لابن حجر، ۲۷۰۵

۱۶۹۸۔ جمع الجوامع للسیوطی، ۶۰۷۶ ☆ کنز العمال للمتقی، ۹۷۵۶، ۱۰۵/۴

۱۶۹۹۔ **عن** عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: اَلرِّبَا ثَلٰثَةٌ وَسَبْعُوْنَ بَابًا، اَیْسَرُهَا مِثْلُ اَنْ یَّنْكِحَ الرَّجُلُ اُمَّهٗ۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: سود کے تہتر دروازے ہیں، سب میں ہلکا اپنی ماں سے زنا کے مثل ہے۔

۱۷۰۰۔ **عن** عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: اِنَّ الرِّبَا نَیِّفٌ وَسَبْعُوْنَ بَابًا، اَهْوَنُهُنَّ مِثْلُ مَنْ اَتٰی اُمَّهٗ فِی الْاِسْلَامِ، وَدِرْهَمٌ مِنْ رِبًا اَشَدُّ مِنْ خَمْسٍ وَّثَلٰثِیْنَ زِنْیَةً۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: سود کے کچھ اوپر ستر دروازے ہیں۔ ان میں سب سے ہلکا ایسا ہے کہ مسلمان ہوکر اپنی ماں سے زنا کرے۔ اور سود کا درہم پینتیس زنا سے سخت تر ہے۔

۱۷۰۱۔ **عن** امیر المؤمنین عثمان غنی ذی النورین رضی اللہ تعالیٰ عنہم قال: الربا سبعون بابا۔ أھونھا مثل نکاح الرجل امہ۔

امیر المؤمنین حضرت عثمان غنی ذوالنورین رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے روایت ہے کہ آپ نے ارشاد فرمایا: سود کے ستر دروازے ہیں، ان میں آسان تر اپنی ماں سے زنا کے مثل ہے۔

۱۷۰۲۔ **عن** عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: الربا اثنان وسبعو نحوبا، أصغر ھا کمن أتی أمہ فی الاسلام ودرھم من الربا اشد من بضع وثلثین زنیة۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ آپ نے ارشاد فرمایا: سود بہتر گناہ ہے، سب میں چھوٹا بحالت اسلام اپنی ماں سے زنا کی طرح ہے۔ اور سود کا ایک درہم کئی

۱۶۹۹۔ المستدرک للحاکم، ۲/۳۷ ☆ الجامع الصغیر للسیوطی، ۱/۲۶۶
اتحاف السادۃ للزبیدی، ۸/۳۲۷ ☆ الجامع الصغیر للسیوطی، ۱/۲۷۶
۱۷۰۰۔ الترغیب والترھیب للمنذری، ۳/۸ ☆ الدر المنثور للسیوطی، ۶/۹۶
۱۷۰۱۔ کنز العمال للمتقی، ۱۰۱۰۳، ۴/۱۹۰
۱۷۰۲۔ کنز العمال للمتقی، ۹۷۵۹، ۴/۱۰۵

اور تہتر زنا سے سخت تر ہے۔

۱۷۰۳۔ **عن** عبد الله بن سلام رضى الله تعالىٰ عنه قال : الربا ثلثة وسبعون حوبا، ادناها كمن اتى امه فى الاسلام ،ودرهم من الربا كبضع وثلثين زنية ۔

حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ سود میں تہتر گناہ ہیں، سب میں کم ایسا ہے جیسے اسلام میں اپنی ماں سے جماع کرنا،اور سود کا ایک درم چند اور تیس زنا کے مانند ہے۔ فتاوی رضویہ ۸۲/۷

(۵) سود اور اس سے بچنے کی صورت

۱۷۰۴۔ **عن** أبي سعيد الخدرى رضى الله تعالىٰ عنه قال: جاء بلال بتمر برنى فقال له رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: مِنْ أَيْنَ هٰذَا ؟فقال بلال: تمر كان عندنا ردئ فبعت منه صاعين، بصاع لمطعم النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ، فقال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم عند ذلك:أَوَّهْ عَيْنُ الرِّبَا، لَاتَفْعَلْ ، وَلٰكِنْ إِذَا أَرَدْتَ انْ تَشْتَرِىَ التَّمَرَ فَبِعْهُ بِبَيْعٍ آخَرَ ثُمَّ اشْتَرِبِهٖ۔

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں خرمائے برنی لیکر حاضر ہوئے۔رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا:یہ تم کہاں سے لائے؟ حضرت بلال نے عرض کیا: ہمارے پاس خراب چھوارے تھے ہم نے انکے دوصاع کے بدلے ان کا ایک صاع خریدا تا کہ حضور کی خدمت میں پیش کروں۔حضور نے یہ سنکر ارشاد فرمایا: اف یہ تو خاص ربا ہے۔ایسا نہ کرمگر جب انکو خریدنا چاہو تو اپنے چھواروں کو کسی اور چیز سے بیچ کر اس شی کے بدلے انکو خریدو۔

۱۷۰۵۔ **عن** أبي هريرة رضى الله تعالىٰ عنه قال: ان رسول الله صلى الله تعالىٰ

۱۷۰۳۔ كنز العمال للمتقى، ۱۰۱۱۴، ۱۹۳/۴

۱۷۰۴۔ الصحيح لمسلم ، باب الربوا، ۲۶/۲
الجامع الصحيح للبخارى، باب اذا اراد بيتع تمر الخ، ۲۹۳/۱

۱۷۰۵۔ الصحيح لمسلم باب الربوا، ۲۶/۲ ☆ الموطا لمالك، ۲۲۳
الجامع الصحيح للبخارى، باب اذا اراد البيع تمر الخ، ۲۹۳/۱
السنن الكبرى للبيهقى، ۲۹۱/۵ ☆ مشكل الآثار للطحاوى، ۱۲۲/۲
فتح البارى للعسقلانى، ۳۹۹/۴ ☆ التمهيد لابن عبد البر، ۱۲۶/۵

علیه وسلم استعمل رجلا علی خیبر فجاء ه بتمر جنیب فقال له رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: اکل تمر خیبر هکذا ؟ قال:لا، والله! یارسول الله انا لناخذ الصاع من هذا باصاعین والصاعین بالثلث ، فقال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: فَلَا تَفْعَلْ! بِعِ الْجَمْعَ بِالدَّرَاهِمِ ثُمَّ ابْتَعْ بِالدَّرَاهِمِ جَنِيبًا۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک صاحب کوخیبر پرصوبہ دار بنا کر بھیجا۔وہ خدمت اقدس میں خرمائے جنیب لیکر حاضر ہوئے۔حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: خیبر کے سب چھوارے ایسے ہی ہیں؟ عرض کی نہیں، خدا کی قسم یارسول اللہ! ہم اس میں کا ایک صاع دو صاع کو اور دو صاع تین صاع کو لیتے ہیں۔فرمایا: ایسا نہ کرو۔اپنے چھوارے روپیوں سے بیچ کر ان روپیوں سے یہ چھوارے خریدلو۔ فتاوی رضویہ ۷/ ۱۹۵

(۶) قرض ادا کی نیت سے لوتا کہ اللہ کی مدد شامل حال رہے

۱۷۰۶۔ **عن** أبی هریرة رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: مَنْ أَخَذَ أَمْوَالَ النَّاسِ يُرِيدُ أَدَاءَهَا أَدَّى اللّٰهُ عَنْهُ، وَمَنْ أَخَذَ يُرِيدُ إِتْلَافَهَا أَتْلَفَهُ اللّٰهُ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو لوگوں کے مال بہ نیت ادا لے اللہ تعالیٰ اسکی طرف سے ادا فرمادیتا ہے۔اور جو تلف کردینے کے ارادے سے لے اللہ تعالیٰ اسے ہلاک کردیتا ہے۔

۱۷۰۶۔ الجامع الصحیح للبخاری، باب من اخذ اموال الناس، ۱/ ۳۲۱
السنن لابن ماجه، باب من ادان دینا الخ، ۲/ ۱۷۵
المسند لاحمد بن حنبل، ۲/ ۳۶۱ ☆ السنن الکبری للبیهقی، ۵/ ۳۵۴
کنز العمال للمتقی، ۱۵۴۲۹، ۶/ ۲۲۱ ☆ فتح الباری للعسقلانی، ۵/ ۵۴
اتحاف السادة للزبیدی، ۵/ ۵۰۲ ☆ شرح السنة للبغوی، ۸/ ۲۹۲
الترغیب والترهیب للمنذری، ۱/ ۵۹۷ ☆ مشکوة المصابیح للتبریزی، ۲۹۱۰
التفسیر للقرطبی، ۳/ ۴۱۶ ☆ التاریخ الکبیر للبخاری، ۱/ ۳۰۳
الجامع الصغیر للسیوطی، ۲/ ۵۰۹ ☆

۱۷۰۷۔ **عن** میمون الکروی رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: مَنْ أَدَانَ دَيْنًا يَنْوِيْ قَضَآءَهٗ أَدَّاهُ اللّٰهُ عَنْهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ۔

حضرت میمون کروی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو کوئی دین لیکر ادا کی نیت رکھتا ہو اللہ تعالیٰ روز قیامت اسکی طرف سے ادا فرمادیگا۔

۱۷۰۸۔ **عن** أم المؤمنین عائشة الصدیقة رضی اللہ تعالیٰ عنہا قالت: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: مَنْ حَمَلَ مِنْ أُمَّتِیْ دَيْنًا ثُمَّ جَهَدَ فِیْ قَضَآئِهٖ ثُمَّ مَاتَ قَبْلَ أَنْ يَّقْضِيَهٗ فَأَنَا وَلِيُّهٗ۔

ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو میرا امتی دین کا بار اٹھائے پھر اسکے ادا میں کوشش کرے پھر بے ادا کئے مرجائے تو میں اسکا ولی وکفیل ہوں۔

۱۷۰۹۔ **عن** أبی أمامة الباهلی رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: مَنْ تَدَايَنَ بِدَيْنٍ وَفِیْ نَفْسِهٖ وَفَآءَهٗ ثُمَّ مَاتَ تَجَاوَزَ اللّٰهُ عَنْهُ وَأَرْضٰی غَرِيْمَهٗ بِمَا شَآءَ۔

حضرت ابو امامہ باہلی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو کسی دین کا معاملہ کرے اور دل میں اسکے ادا کا ارادہ رکھے پھر مرجائے تو اللہ تعالیٰ اس سے درگزر فرمائیگا اور اسکے قرض خواہ کو جیسے چاہے گا راضی کردیگا۔

فتاوی رضویہ ۷/۸۴

۱۷۰۷۔ السنن الکبری للبیہقی، ۳۵۴/۵ ☆ اتحاف السادۃ للزبیدی، ۵۰۲/۵
کنز العمال للمتقی، ۱۵۴۲۷، ۲۲۱/۶ ☆ المغنی للعراقی، ۸۳/۲
الجامع الصغیر للسیوطی، ۵۱۰/۲ ☆
۱۷۰۸۔ المسند لاحمد بن حنبل، ۷۴/۶ ☆ السنن الکبری للبیہقی، ۲۲/۷
الترغیب و الترہیب للمنذری، ۵۹۸/۲ ☆ مجمع الزوائد للهیثمی، ۱۳۲/۴
۱۷۰۹۔ المستدرک للحاکم ۲۳/۲ ☆ الترغیب و الترہیب للمنذری، ۵۹۷/۲
کنز العمال للمتقی، ۱۵۴۴۵، ۲۲۵/۶ ☆

(۷) قرض ادا کرتے وقت زیادہ دینا جائز ہے

۱۷۱۰۔ **عن** جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال: اتیت النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وھو فی المسجد، قال مسعر اراہ قال: ضحی، فقال: صل رکعتین، وکان لی علیہ دین فقضانی وزادنی۔

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا جبکہ آپ مسجد نبوی شریف میں تشریف فرماتھے۔ حضرت مسعر بن کدام رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے یاد پڑتا ہے کہ حضرت جابر نے یہ بھی کہا کہ چاشت کا وقت تھا سرکار نے فرمایا: دو رکعت نماز پڑھو۔ حضرت جابر کہتے ہیں کہ میرا سرکار کی طرف کچھ قرض تھا تو آپ نے ادا فرمایا اور کچھ زیادہ بھی عطا فرمایا۔۱۲م

۱۷۱۱۔ **عن** أبی ھریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: کان لرجل علی النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سن من الابل فجاء ہ یتقاضاہ فقال: اعطوہ فطلبوا سنہ فلم یجدوا لہ الاسنا فوقھا فقال: اعطوہ فقال: او فیتنی اوفی اللہ لک، قال النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: اِنَّ خِیَارَکُمْ اَحْسَنُکُمْ قَضَآءً۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی جانب ایک شخص کا اونٹ قرض میں آرہا تھا۔ تو وہ تقاضا کرنے آگیا۔ سرکار نے فرمایا: ادا کردو۔ صحابہ کرام نے تلاش کیا لیکن اس عمر کا اونٹ نہیں ملا بلکہ اس سے زیادہ عمر والا ملا۔ سرکار نے فرمایا: وہی دیدو۔ وہ قرض خواہ کہنے لگا: آپ اگر مجھے پورا عطا فرمائیں گے تو اللہ تعالیٰ آپکو بھی ایسا ہی کامل عطا فرمائیگا۔ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بیشک تم میں بہتر وہ ہے جو قرض کی ادائیگی اچھے طور پر کرتا ہے۔

۱۷۱۰۔ الجامع الصحیح للبخاری، باب حسن القضاء، ۳۲۴/۱
الصحیح لمسلم، باب جواز اقتراض الحیوان، ۳۰/۲
۱۷۱۱۔ الجامع الصحیح للبخاری، باب حسن القضاء ۳۲۲/۱
الصحیح لمسلم، باب جواز اقتاض الحیوان، ۳۰/۲
السنن للنسائی، الترغیب فی حسن القضاء، ۲۰۳/۲
التفسیر للبغوی، ۳۰۳/۱ ☆ المسند لاحمد بن حنبل، ۳۹۳/۲
فتح الباری للعسقلانی، ۴۸۲/۴ ☆ تاریخ اصفھان لابی نعیم، ۱۸۸/۱

۱۷۱۲۔ **عن** أبي هريرة رضي الله تعالىٰ عنه قال: ان رجلا تقاضا رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فأغلظ له فهم به أصحابه فقال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: دَعُوهُ فَإِنَّ لِصَاحِبِ الْحَقِّ مَقَالًا، وقال: اِشْتَرُوْا لَهُ بَعِيرًا فَأَعْطُوهُ اِيَّاهُ، فطلبوه فلم يجدوا الاسنا أفضل من سنه فقال: اِشْتَرُوْهُ فَأَعْطُوهُ اِيَّاهُ، فَإِنَّ خَيْرَكُمْ أَحْسَنُكُمْ قَضَآءً۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے ایک شخص نے اپنے قرض کا تقاضا کیا جس میں وہ سختی سے پیش آیا۔ تو صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین نے اسکی اس سخت گفتگو کا جواب دینا چاہا جس سے سرکار نے روک دیا اور فرمایا: حقدار کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ کچھ کہے۔ پھر سرکار نے ارشاد فرمایا: اسکے لئے اونٹ خریدو اور اس کو دیدو۔ صحابہ کرام نے تلاش کیا لیکن اس عمر کا نہ ملا بلکہ اس سے عمر و قیمت میں زیادہ مل رہا تھا۔ فرمایا: اسی کو خرید کر اسے دیدو۔ پھر فرمایا: تم میں سب سے بہتر وہ ہے جو قرض کی ادائیگی بہتر طریقے پر کرے۔

﴿۲﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

جبکہ قرض پر زیادہ دینا لفظا موعود، نہ عادۃ معہود، تو معنیٰ ربا یقیناً مفقود خصوصاً جبکہ خود لفظوں میں نفی ربا کا ذکر موجود، بلکہ یہ صرف ایک نوع احسان وکرم ومروت ہے۔ اور بیشک مستحب وثابت بہ سنت، کما فی الاحادیث المذکورۃ۔

مگر محل اسکا وہاں ہے کہ یا تو وہ زیادت قابل تقسیم نہ ہو۔ مثلاً ساڑھے نو روپے آتے تھے دس پورے دئے کہ اب بقدر نصف روپے کی زیادتی ہے اور ایک روپیہ دو پارہ کرنے کے

۱۷۱۲۔ الجامع للترمذی، باب ما جاء فی استقراض البعیر، ۱۵۸/۱
السنن لابن ماجه، باب حسن القضاء، ۱۷۶/۲
المسند لاحمد بن حنبل، ۴۱۶/۲ ☆ السنن الکبریٰ للبیهقی، ۳۵۱/۵
مجمع الزوائد للهیثمی، ۱۳۹/۴ ☆ التمهید لابن عبد البر، ۶۸/۴
مشکوۃ المصابیح للتبریزی، ۲۹۰۶ ☆ تلخیص الحبیر لابن حجر، ۳۴/۳
اتحاف السادۃ للزبیدی، ۵۰۳/۵ ☆ شرح السنة للبغوی، ۱۹۴/۸
المغنی للعراقی، ۸۳/۲ ☆ کنز العمال للمتقی، ۱۵۰۴۷، ۱۰۵/۶
فتح الباری للعسقلانی، ۴۸۳/۴ ☆ المطالب العالیة لابن حجر، ۱۳۸۱

لائق نہیں۔ یا قابل تقسیم ہو تو جدا کر کے دے۔ مثلاً دس آتے تھے وہ دیکر ایک روپیہ احساناً الگ دیا۔ تو ان صورتوں میں یہ زیادتی حلال ہو جائیگی۔ اور اگر قابل تقسیم تھی اور یونہی مخلوط و مشاع دی۔ مثلاً دس آتے تھے گیارہ یکمشت دیئے۔ دس آتے ہیں اور ایک احساناً۔ تو نہ ہبہ صحیح ہوگا اور نہ لینے والا اس زیادت کا مالک۔ فتاوی رضویہ ۹۰/۷

(۸) قرضدار کو مہلت دینے پر اجر

۱۷۱۳۔ **عن** أبی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم: مَنْ نَفَّسَ عَنْ غَرِيمِهٖ أَوْ مَحَی عَنْهُ كَانَ فِی ظِلِّ الْعَرْشِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو اپنے قرض دار کو مہلت دے یا قرض معاف کردے وہ قیامت کے دن عرش کے سایہ کے نیچے ہوگا۔

(۹) قرض معاف کرنے والا اجر عظیم کا مستحق

۱۷۱۴۔ **عن** عبد الله بن مسعود رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم: كَانَ فِی الْاُمَمِ السَّابِقَةِ رَجُلٌ عَاصٍ يَمْحُو عَنِ الْمُسْتَقْرِضِيْنَ، اِذَا مَاتَ عَفَا اللّٰهُ عَنْهُ وَقَالَ تَبَارَكَ وَتَعَالیٰ: اِذَا كَانَ يَعْفُوْ فَاَنَا اَحَقُّ بِذٰلِكَ مِنْهُ۔

حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگلی امتوں میں ایک گنہگار شخص تھا جو لوگوں کے قرض معاف کردیا کرتا تھا۔ جب اسکا انتقال ہوا تو اللہ تعالیٰ نے اسکو بخش دیا۔ اور پروردگار عالم نے فرمایا: جب وہ معاف کردیا کرتا تھا تو میں اس سے زیادہ حقدار ہوں۔

۱۷۱۳۔ الصحیح لمسلم، باب انظار المعسر و التجاوز الخ، ۱۸/۲
المسند لاحمد بن حنبل، ۳۰۰/۵ ☆ السنن للدارمی، ۲۶۲/۲
الدر المنثور للسیوطی، ۳۶۹/۱ ☆ کنز العمال للمتقی، ۱۵۳۷۹، ۲۱۱/۶
شرح السنة للبغوی، ۱۹۹/۸ ☆ التفسیر لابن کثیر، ۴۹۱/۱
۱۷۱۴۔ الصحیح لمسلم، باب فضل انظار المعسر و التجاوز الخ، ۱۸/۲
الجامع الصحیح للبخاری، باب حسن التقاضی، ۳۲۲/۱

﴿۳﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

عورت اپنا مہر معاف کردے تو بیشک یہ نیک کام ہے اور اس پر بڑے ثواب کی امید ہے۔
فتاوی رضویہ ۵/ ۴۸۸

اللہ

۱۲

کتاب الایمان والنذور

ابواب

ا۔ قسم وکفارہ

(۱) اچھی چیز کی قسم کھالے تو اسکو توڑنا ضروری ہے

۱۷۱۵۔ عن أبی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم: مَنْ حَلَفَ عَلیٰ يَمِيْنٍ فَرَاٰی غَيْرَهَا خَيْرًا مِنْهَا فَلْيَاْتِ الَّذِیْ هُوَ خَيْرٌ وَ لْيُكَفِّرْ عَنْ يَمِيْنِه۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کسی شخص نے قسم کھائی پھر خیال آیا کہ اسکا خلاف بہتر ہے تو اس بہتر پر ہی عمل کرے اور قسم کا کفارہ ادا کردے۔

۱۷۱۶۔ عن أبی موسی الأشعری رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم اِنِّیْ وَاللّٰهِ ! اِنْ شَاءَ اللّٰهُ لَا اَحْلِفُ عَلیٰ يَمِيْنٍ فَاَرٰی غَيْرَهَا خَيْرًا مِنْهَا اِلَّا كَفَّرْتُ عَنْ يَمِيْنِیْ وَاَتَيْتُ الَّذِیْ هُوَ خَيْرٌ۔

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: خدا کی قسم! ان شاء اللہ میں کسی چیز پر قسم نہیں کھاؤں گا کہ اسکے غیر میں بھلائی نظر آئی تو قسم کا کفارہ دیکر اس اچھے کام پر عمل کرونگا۔

فتاوی رضویہ ۵/۹۵۰

۱۷۱۵۔ الصحیح لمسلم، کتاب الایمان و النذور، ۴۸/۲
المعجم الکبیر للطبرانی ۹۷/۱۷ ☆ المسند لابی داؤدالطیالسی، ۱۳۸/۴
تلخیص الحبیر لابن حجر، ۱۷۰/۴ ☆ الجامع الصغیر للسیوطی، ۵۲۴/۲
۱۷۱۶۔ الجامع الصحیح للبخاری، کتاب الایمان و النذور، ۹۸۰/۲
السنن لابن ماجہ، باب من حلف علی یمین، ۱۵۳/۱
السنن الکبری للبیہقی، ۲۲/۱۰ ☆ التفسیر لابن کثیر، ۵۱۷/۴
فتح الباری للعسقلانی، ۶۴۵/۹ ☆ الدر المنثور للسیوطی ۔ ۲۶۸/۱
مشکوٰۃ المصابیح للتبریزی، ۳۴۱۱ ☆ کنز العمال للمتقی، ۴۶۴۰۱، ۶۹۹/۱۶
البدایۃ و النہایۃ لابن کثیر، ۶/۵ ☆

(۲) قسم صرف خدا کے نام کی کھاؤ

۱۷۱۷۔ **عن** عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: مَنْ كَانَ حَالِفًا فَلَا يَحْلِفْ إِلَّا بِاللّٰهِ، كَانَتْ قُرَيْشٌ تَحْلِفُ بِآبَائِهَا فَقَالَ: لَا تَحْلِفُوْا بِآبَائِكُمْ۔ حاشیۂ ہدایہ ۱۲

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو قسم کھانا چاہے وہ اللہ عزوجل کے نام کی ہی قسم کھائے۔ قریش کا طریقہ تھا کہ وہ اپنے آباء واجداد کی قسمیں کھاتے۔ لہذا فرمایا: تم اپنے آباء کی قسمیں نہ کھاؤ۔ ۱۲ م

(۳) ماں باپ کی قسم نہ کھاؤ

۱۷۱۸۔ **عن** عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: إِنَّ اللّٰهَ يَنْهَاكُمْ أَنْ تَحْلِفُوْا بِآبَائِكُمْ۔ حاشیۂ ہدایہ ۱۲

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بیشک اللہ تعالیٰ تمکو آباء واجداد کی قسمیں کھانے سے منع فرماتا ہے۔ ۱۲ م

۱۷۱۷۔ الجامع الصحیح للبخاری، باب لا تحلفو بآبائکم ۹۸۳/۲
الصحیح لمسلم، کتاب الایمان، ۴۶/۲
المسند لاحمد بن حنبل، التشدید فی الحلف بغیر اللہ تعالیٰ، ۱۲۳/۲
المسند لاحمد بن حنبل، ۹۸/۲ ☆ السنن الکبری للبیہقی، ۳۰/۱۰
مجمع الزوائد للهیثمی، ۱۷۷/۴ ☆ نصب الرایۃ للزیلعی، ۳۵۹/۳
تلخیص الحبیر لابن حجر، ۱۶۸/۴ ☆ کنز العمال للمتقی، ۴۶۳۳۱

۱۷۱۸۔ الجامع الصحیح للبخاری، باب لا تحلفوا بآبائکم، ۹۸۳/۲
الصحیح لمسلم، کتاب الایمان، ۴۶/۲
الجامع للترمذی، باب فی کراہیۃ الحلف بغیر اللہ، ۱۸۵/۱
السنن للنسائی، التشدید فی الحلف بغیر اللہ، ۱۲۴/۲
السنن لابی داؤد، الایمان والنذور، باب کراہیۃ الحلف بالآباء، ۴۶۳/۲
السنن لابن ماجہ، باب النہی ان یحلف بغیر اللہ، ۱۵۲/۱
المسند لاحمد بن حنبل، ۱۸/۱ ☆ السنن الکبری للبیہقی، ۲۸/۱۰
المستدرک للحاکم، ۵۲/۱ ☆ السنن للدارمی، ۱۸۵/۲
فتح الباری للعسقلانی، ۵۳۰/۱۱ ☆ منحۃ المعبود للساعاتی، ۱۲۱/۱
مناقب الشافعی للبیہقی، ۴۰۳/۱ ☆ جمع الجوامع للسیوطی، ۵۳۵

(۴) نذر اطاعت، صحیح اور نذر معصیت، گناہ

۱۷۱۹۔ **عن** أم المؤمنين عائشة الصديقة رضى الله تعالىٰ عنها قالت: قال رسول الله صلىٰ الله تعالىٰ عليه وسلم: مَنْ نَذَرَ أَنْ يُّطِيعَ اللّٰهَ فَلْيُطِعْهُ ، وَمَنْ نَذَرَ أَنْ يَّعْصِيَهُ فَلَا يَعْصِيْهِ۔

ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جوکسی طاعت الٰہی (مثلاً نماز وروزہ وغیرہما) کی منت مانے وہ بجالائے۔ اور جو کسی گناہ کی منت مانے وہ باز رہے۔

فتاوی رضویہ ۵/۹۶۶

۱۷۲۰۔ **عن** أم المؤمنين عائشة الصديقة رضى الله تعالىٰ عنها قالت: قال

۱۷۱۸۔ مشكوة المصابيح للتبريزى، ۳۴۰۷ ☆ كنز العمال ، ۴۶۳۳۳، ۱۶/۶۷۸
تاريخ دمشق لابن عساكر، ۷/ ۳۷۱ ☆ المعجم الكبير للطبرانى ، ۱/ ۲۶
اتحاف السادة للزبيدى ، ۷/ ۵۷۵ ☆ شرح السنة للبغوى ، ۱۰/ ۳
المغنى للعراقى ، ۳/ ۱۵۸ ☆ حلية الاولياء لابى نعيم ، ۹/ ۱۶۰
البداية والنهاية لابن كثير ، ۶/ ۱۳۹ ☆ مشكل الآثار للطحاوى ، ۱/ ۳۵۴
نصب الراية للزيلعى ، ۳/ ۲۹۵ ☆ الموطا لمالك ، ۴۸۰
۱۷۱۹۔ الجامع الصحيح للبخارى ، باب النذور فى الطاعة ، ۲/ ۹۹۱
السنن للنسائى ، النذر فى المعصية ، ۲/ ۱۲۷
الموطا لمالك ، ۷۴۶ ☆ كنز العمال للمتقى ، ۴۶۴۶۲، ۱۶/ ۷۱۰
التفسير لابن كثير ، ۸/ ۳۱۳ ☆ المسند للعقيلى ، ۴/ ۱۴۰
حلية الاولياء لابى نعيم ، ۶/ ۳۴۶ ☆ تلخيص الحبير لابن حجر ، ۴/ ۱۷۵
مشكل الآثار للطحاوى ، ۱/ ۴۷۰ ☆ شرح معانى الآثار للطحاوى ، ۳/ ۱۳۳
فتح البارى للعسقلانى ، ۱۱/ ۵۷۹ ☆ الجامع الصغير للسيوطى ، ۲/ ۵۴۴
۱۷۲۰۔ الصحيح لمسلم ، كتاب النذر ، ۲/ ۴۵
الجامع للترمذى ، باب ما جاء ان لا نذر فى معصية ، ۱/ ۱۸۴
السنن لابى داؤد ، ايمان باب من رأى عليه كفارة اذا كان فى لعقيه ، ۲/ ۴۶۷
السنن لابن ماجه ، باب النذر المعصية ، ۱/ ۱۵۵
مشكوة المصابيح للتبريزى ، ۳۴۳۵ ☆ تلخيص الحبير لابن حجر ، ۴/ ۱۷۵
المسند لاحمد بن حنبل ، ۱/ ۱۲۹ ☆ مجمع الزوائد للهيثمى ، ۴/ ۱۸۷
المطالب العالية لابن حجر ، ۷۴۵ ☆ التمهيد لابن عبد البر ، ۱۰/ ۲۶۷
الدر المنثور للسيوطى ، ۱/ ۲۸۸ ☆ كنز العمال للمتقى ، ۴۶۷۹، ۱۶/ ۷۱۳

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: لَانَذْرَ فِي مَعْصِيَةٍ، وَكَفَّارَتُهُ كَفَّارَةُ يَمِيْنٍ۔

ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: معصیت کی نذر جائز نہیں۔ اور اسکا کفارہ قسم کا کفارہ ہے۔

فتاوی رضویہ حصہ دوم ۹/۳۶

(۵) نذر سے تقدیر کا لکھا نہیں ٹلتا

۱۷۲۱۔ **عن** أبی ہریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: لَا تَنْذِرُوْا، فَإِنَّ النَّذْرَ لَايُغْنِي مِنَ الْقَدَرِ شَيْئًا، وَإِنَّمَا يُسْتَخْرَجُ بِهِ مِنَ الْبَخِيْلِ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: نذر مت مانو کہ نذر تقدیر الٰہی کو نہیں ٹالتی۔ ہاں البتہ اسکے ذریعہ فقط اتنا ہوتا ہے کہ بخیل سے مال نکال لیا جاتا ہے

﴿۱﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

مسلمانوں پر لازم کہ آپنی نذریں پوری کریں۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نذر ماننے سے منع نہیں فرمایا بلکہ اسکی وفا کا حکم دیا۔ ہاں یہ سمجھنا کہ نذر ماننے سے تقدیر الٰہی بدل جائیگی۔ جو نعمت نصیب میں نہیں مل جائیگی۔ جو بلا مقدر میں ہے وہ ٹل جائیگی۔ یہ اعتقاد فاسد ہے۔ ایسی ہی نذر سے حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے منع فرمایا ہے۔

فتاوی رضویہ ۵/۹۶۶　☆　جد الممتار ۲/۲۱۵

(۶) احباب کو ایذاء دینے کی قسم نہ کھاؤ

۱۷۲۲۔ **عن** أبی ہریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ

۱۷۲۱۔ الصحیح لمسلم، کتاب النذر والایمان، ۲/۴۴
الدر المنثور، للسیوطی، ۱/۳۵۱　☆　حلیۃ الاولیاء لابی نعیم، ۹/۳۴
شرح السنۃ للبغوی، ۱۰/۲۲　☆　مشکوۃ المصابیح للتبریزی، ۳۴۲۶

۱۷۲۲۔ الجامع الصحیح للبخاری، کتاب الایمان النذر، ۲/۹۸۰
الصحیح لمسلم، باب النہی عن الاصرار علی الیمین، ۲/۵۰
المسند لاحمد بن حنبل، ۲/۳۱۷　☆　شرح السنۃ، للبغوی، ۱۰/۱۶
فتح الباری، للعسقلانی، ۱۱/۵۱۷　☆　کنز العمال للمتقی، ۴۶۴۳۶، ۱۶/۷۰۵

علیہ وسلم: لَأَنْ يَّلِجَّ أَحَدُكُمْ بِيَمِينِهِ فِي أَهْلِهِ آثَمُ لَهُ عِنْدَ اللّٰهِ مِنْ أَنْ يُّعْطِيَ كَفَّارَتَهُ الَّتِي افْتَرَضَ اللّٰهُ عَلَيْهِ۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: قسم خدا کی! اگر کوئی شخص اپنے اہل کو ایذاء اور نقصان پہونچانے کیلئے قسم کھائیگا تو اللہ تعالیٰ کے نزدیک اس قسم پر اصرار کفارہ کے مقابلہ میں جو اللہ تعالیٰ نے فرض فرمایا ہے زیادہ گناہ کا باعث ہوگا۔

فتاوی رضویہ ۵/۹۵۰

۱۳

کتاب الحدود والدیات

ابواب

ا۔ شراب

(۱) شراب کی حرمت

۱۷۲۳۔ **عن** عبد الله بن عمر رضی الله تعالیٰ عنهما قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: لَعَنَ اللّٰهُ الْخَمْرَ وَشَارِبَهَا وَسَاقِيَهَا وَبَائِعَهَا وَمُبْتَاعَهَا وَعَاصِرَهَا وَمُعْتَصِرَهَا وَحَامِلَهَا وَالْمَحْمُولَةَ إِلَيْهِ وَآكِلَ ثَمَنِهَا۔

فتاوی رضویہ حصہ دوم ۹/ ۱۲۸

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ کی لعنت ہے شراب پر، پینے والے اور پلانے والے پر، بیچنے والے اور خریدنے والے پر، نچوڑنے والے پر، اور بنوانے والے پر، اور اسکو لیجانے والے اور جسکے لئے لیجائی جائے اس پر، اور اسکی قیمت استعمال کرنے والے پر۔ ۱۲م

(۲) شراب اور شرابی کی مذمت

۱۷۲۴۔ **عن** أبی هریرة رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: لَايَشْرَبُ الْخَمْرَ حِيْنَ يَشْرَبُهَا وَهُوَ مُؤْمِنٌ۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: شراب پیتے وقت شرابی کا ایمان ٹھیک نہیں رہتا۔

۱۷۲۳۔ السنن لابی داؤد، باب العصیر للخمر، ۲/ ۵۱۷
المستدرک للحاکم، ۴/ ۱۵۴ ☆ المسند لاحمد بن حنبل، ۱/ ۳۱۶
السنن الکبری، للبیهقی، ۵/ ۳۲۷ ☆ مجمع الزوائد، للهثمی، ۴/ ۸۹
اتحاف السادة للزبیدی، ۶/ ۱۵۰ ☆ المعجم الصغیر للطبرانی، ۱/ ۲۶۶
کنز العمال للمتقی، ۱۳۱۷۷، ۵/ ۳۴۸ ☆ تلخیص الحبیر لابن حجر، ۴/ ۷۳
الترغیب والترهیب للمنذری، ۳/ ۲۳۹ ☆ مشکوة المصابیح للتبریزی، ۲۷۷۷
الجامع الصغیر للسیوطی، ۲/ ۴۴۵ ☆
۱۷۲۴۔ الجامع الصحیح للبخاری، کتاب الاشربة، ۲/ ۸۳۶
المسند لاحمد بن حنبل، ۲/ ۳۸۶ ☆ السنن الکبری للبیهقی، ۱۰/ ۱۸۶
المصنف لابن ابی شیبة، ۵/ ۹۶ ☆ مجمع الزوائد للهیثمی، ۱/ ۱۰۰
المصنف لعبد الرزاق، ۱۳۶۸۲ ☆ التمهید لابن عبد البر، ۴/ ۲۲۱

۱۷۲۵۔ **عن** أنس بن مالك رضى الله تعالىٰ عنه قال:لعن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فى الخمر عشرة، عاصرها ومعتصرها وشاربها وحاملها والمحمولة اليه وساقيها وبائعها وآكل ثمنها والمشترى والمشترى له۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے لعنت فرمائی ان دس اشخاص پر، جو شراب کیلئے شیرہ نکالے، اور جو نکلوائے، جو پیئے، اور جو اٹھا کرلائے، جس کے پاس لائی جائے اور جو پلائے، جو بیچے اور جو اسکے دام کھائے، جو خریدے اور جس کیلئے خریدی جائے۔

۱۷۲۶۔ **عن** أبى هريرة رضى الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: مَنْ زَنٰى أَوْ شَرِبَ الْخَمَرَ نَزَعَ اللّٰهُ مِنْهُ الْإِيْمَانَ كَمَا يَخْلَعُ الْإِنْسَانُ الْقَمِيْصَ مِنْ رَأْسِهٖ۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو زنا کرے یا شراب پیۓ اللہ تعالیٰ اس سے ایمان کھینچ لیتا ہے جیسے آدمی اپنے سر سے کرتا کھینچ لے۔

فتاوی رضویہ ۱۰/۴۷

۱۷۲۷۔ **عن** أبى موسى الأشعرى رضى الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله

۱۷۲۵۔ الجامع للترمذى۔ باب ما جاء بيع الخمر والنهى عن ذلك، ۱/ ۱۵۵
السنن لا بن ماجه، باب لعنة الخمر على عشرة اوجه، ۲/ ۲۵۰
الجامع الصغير للسيوطى، ۲/ ۴۴۵ ☆

۱۷۲۶۔ الترغيب والترهيب للمنذرى، ۳/ ۲۵۲ ☆ كنز العمال للمتقى، ۱۲۹۹۳، ۵/ ۳۱۴
فتح البارى، للعسقلانى، ۱۲/ ۶۱ ☆ السلسلة الصحيحة للالبانى، ۵۰۹
الجامع الصغير للسيوطى، ۲/ ۵۲۸ ☆

۱۷۲۷۔ المسند لاحمد بن حنبل، ۱/ ۲۷۲ ☆ السنن للنسائى، ۲/ ۲۸۲
السنن الكبرى، للنسائى، ۱۰/ ۲۳۶ ☆ الترغيب والترهيب للمنذرى، ۳/ ۱۰۶
كنز العمال للمتقى، ۴۳۸۰۶، ۱۶/ ۳۱ ☆ التفسير لابن كثير، ۶/ ۹
التفسير للقرطبى ۳/ ۳۰۸ ☆ المستدرك للحاكم ۱/ ۷۲
مجمع الزوائد للهيثمى، ۴/ ۳۲۷ ☆ الدر المنثور، للسيوطى، ۱/ ۳۳۹
الجامع الصغير للسيوطى، ۱/ ۲۱۴ ☆ المسند لابى يعلى، ۶/ ۳۸۹

صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: ثَلٰثَةٌ لَایَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ ، مُدْمِنُ الْخَمْرِ ، وَقَاطِعُ الرَّحِمِ ، وَمُصَدِّقٌ بِالسِّحْرِ ، وَمَنْ مَاتَ مُدْمِنُ الْخَمْرِ سَقَاهُ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا مِنْ نَهْرِ الْغُوطَةِ ، قِيلَ: وما نهر الغوطة؟ قال: نَهْرٌ يَّجْرِیْ مِنْ فُرُوْجِ الْمُوْمِسَاتِ تُوْذِیْ أَهْلَ النَّارِ رِيْحُ فُرُوْجِهِنَّ۔

حضرت ابوموسی اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تین شخص جنت میں نہ جائیں گے، شرابی اور اپنے قریبی رشتہ داروں سے بدسلوکی کرنے والا۔ اور جادو کی تصدیق کرنے والا۔ اور جو شرابی بے توبہ مرجائے اللہ اسے وہ خون اور پیپ پلائیگا جو دوزخ میں فاحشہ عورتوں کی بری جگہ سے اس قدر بہیگا کہ ایک نہر ہو جائیگی۔ دوزخیوں کو انکی فرج کی بدبو عذاب پر عذاب ہوگی۔ وہ سخت بدبو گندی پیپ جو بدکار عورتوں کی فرج سے بہیگی اس شرابی کو پینی پڑیگی۔

﴿۲﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

مسلمان ذرا آنکھ بند کر کے غور کرے کہ شراب چھوڑنا قبول ہے یا اس پیپ کے گھونٹ نگلنا۔ فتاوی رضویہ ۱۰/ ۴۷

(۳) شرابی کے سوئے خاتمہ کا اندیشہ ہے

۱۷۲۸۔ عن عبد الله بن عباس رضی الله تعالیٰ عنهما قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: مُدْمِنُ الْخَمْرِ اِنْ مَاتَ لَقِیَ اللّٰهَ كَعَابِدِ وَثَنٍ۔

حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: شرابی اگر بے توبہ مرے تو اللہ تعالیٰ کے حضور اس طرح حاضر ہوگا جیسے کوئی بت پوجنے والا۔

(۴) شرابی کی نماز چالیس دن تک قبول نہیں

۱۷۲۹۔ عن أبی أمامة الباهلی رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی

۱۷۲۸۔ المسند لاحمد بن حنبل، ۱/ ۲۷۲ ☆ الترغیب والترهیب للمنذری، ۳/ ۲۵۵

۱۷۲۹۔ المسند لاحمد بن حنبل، ۲/ ۱۲۷ ☆ الترغیب والترهیب للمنذری، ۳/ ۲۵۸

المستدرک للحاکم، ۴/ ۱۴۷ ☆ مجمع الزوائد للهیثمی، ۵/ ۶۸

الله تعالىٰ عليه وسلم: مَامِنُ أَحَدٍ يَشْرَبُهَا فَتُقْبَلُ لَهُ صَلٰوةٌ أَرْبَعِينَ لَيْلَةً، وَلَايَمُوتُ وَفِي مَثَانَتِهِ مِنْهُ شَيْءٌ إِلَّا حُرِّمَتْ بِهَا عَلَيْهِ الْجَنَّةُ ، فَإِنْ مَاتَ فِي أَرْبَعِينَ لَيْلَةً مَاتَ مَيْتَةً جَاهِلِيَّةً۔

حضرت ابوامامہ باہلی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص شراب کی ایک بوند پیئے چالیس روز تک اسکی نماز قبول نہ ہو۔ اور جو مرجائے اور اسکے پیٹ میں شراب کا ایک ذرہ بھی ہوتو جنت اس پر حرام کردی جائیگی۔ اور جو شراب پینے سے چالیس دن کے اندر مریگا وہ زمانہ کفر کی موت مریگا۔

(۵) شرابی کو جہنم کا کھولتا پانی ملیگا

۱۷۳۰۔ **عن** أبي أمامة الباهلي رضي الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: أَقْسَمَ رَبِّي بِعِزَّتِهِ! لَا يَشْرَبُ عَبْدٌ مِنْ عَبِيْدِي جُرْعَةً مِنَ الْخَمْرِ إِلَّا سَقَيْتُهُ مَكَانَهَا مِنْ حَمِيْمِ جَهَنَّمَ مُعَذَّبًا أَوْ مَغْفُورًا لَهُ ، وَلَا يَسْقِيهَا صَبِيًّا صَغِيْرًا إِلَّا سَقَيْتُهُ مَكَانَهَا مِنْ حَمِيْمِ جَهَنَّمَ مُعَذَّبًا أَوْ مَغْفُورًا لَهُ، وَلَا يَدَعُهَا عَبْدٌ مِنْ عَبِيْدِي مِنْ مَخَافَتِي إِلَّا سَقَيْتُهُ إِيَّاهُ مِنْ حَظِيْرَةِ الْقُدُسِ۔

حضرت ابوامامہ باہلی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میرے رب نے اپنی عزت کی قسم یاد فرمائی ہے! کہ میرا جو بندہ شراب کا ایک گھونٹ پیئے گا میں اسے اسکے عوض جہنم کا کھولتا ہوا پانی پلاؤنگا اگرچہ وہ بخشا ہی گیا ہو۔ اور جو کسی چھوٹے کو پلائے گا جب بھی اسکی سزا میں وہ پانی پلاؤنگا اگرچہ وہ بخشا ہی گیا ہو۔ اور میرا جو بندہ میرے خوف سے شراب چھوڑیگا اسے میں اپنے پاک دربار میں پلاؤنگا۔

(۶) شرابی دخول جنت سے محروم رہیگا

۱۷۳۱۔ **عن** عمار بن ياسر رضي الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: ثَلٰثَةٌ لَا يَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ أَبَدًا، الدَّيُّوثُ وَالرَّجُلَةُ مِنَ النِّسَاءِ وَمُدْمِنُ الْخَمْرِ۔

حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ

۱۷۳۰۔ المسند لأحمد بن حنبل، ۲۵۷/۵ ☆ الترغيب والترهيب للمنذري، ۲۶۲/۳
۱۷۳۱۔ مجمع الزوائد للهيثمي، ۳۲۷/۴ ☆ الجامع الصغير للسيوطي، ۲۱۴/۱

وسلم نے ارشاد فرمایا: تین شخص کبھی جنت میں نہیں جائیں گے دیوث، مردانی وضع بنانے والی عورت، اور شرابی۔
فتاوی رضویہ ۵/ ۸۱۱

(۷) شراب وجوا حرام ہے

۱۷۳۲۔ عن عبد الله بن عمر و بن العاص رضى الله تعالىٰ عنهما قال: ان النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم نهى عن الخمر والميسر والكوبة والغبيراء وقال: كل مسكر حرام۔

حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے شراب، جوا، شطرنج اور چینا کی شراب سے منع فرمایا۔ نیز فرمایا: ہر نشہ آور چیز حرام ہے۔
حاشیہ ہدایہ، ۱۲۷

۱۷۳۲۔ السنن لابی داؤد، باب الاشربة، ۲/ ۵۱۹
المسند لاحمد بن حنبل، ۲/ ۱۵۸ ☆ ... ۱

۲۔ نشہ آور اشیاء

(۱) ہر نشہ والی رقیق چیز حرام

۱۷۳۳۔ عن جابر بن عبد اللہ رضي اللہ تعالیٰ عنہما قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: مَا أَسْكَرَ كَثِيرُهُ فَقَلِيلُهُ حَرَامٌ۔

حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ہر وہ چیز جسکی کثرت نشہ لائے اسکی قلیل بھی حرام ہے۔ ۱۲م

۱۷۳۴۔ عن أم المؤمنین أم سلمة رضي اللہ تعالیٰ عنہا قالت: نهى رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم عن كل مسكر و مفتر۔

ام المؤمنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی

۱۷۳۳۔ السنن لابی داؤد، کتاب الاشربۃ، ۵۱۸/۲
الجامع للترمذی، باب ماجاء أسكر كثيرة فضيلة حرام، ۹/۲
السنن للنسائی، تحریم کل شرب اسکر کثیرة، ۲۷۷/۲
السنن لابن ماجہ، باب ما اسکر کثیرة فقلیلة حرام، ۲۴۲/۱
المسند لاحمد بن حنبل، ۹۲/۲ ☆ السنن الکبری للبیہقی، ۲۹۶/۸
المستدرک للحاکم ۴۱۳/۳ ☆ المعجم الکبیر، للطبرانی، ۲۴۴/۴
مجمع الزوائد للہیثمی، ۵۷/۵ ☆ نصب الرایۃ، للزیلعی، ۳۰۱/۴
اتحاف السادۃ للزبیدی، ۱۶/۶ ☆ شرح السنۃ للبغوی، ۳۵۱/۲۱
کنز العمال للمتقی، ۱۳۱۵۴، ۳۴۴/۵ ☆ التمہید لابن عبد البر، ۲۵۴/۲
فتح الباری للعسقلانی، ۴۳/۱۰ ☆ شرح معانی الآثار، ۲۶۷/۴
ارواء الغلیل للالبانی، ۴۲/۸ ☆ مشکوٰۃ المصابیح للتبریزی، ۳۶۴۵
تاریخ بغداد للخطیب، ۹۴/۹ ☆ تاریخ جرجان للہیثمی، ۳۲۷
المجروحین لابن حبان، ۳۵۸/۱ ☆ المسند للعقیلی، ۲۳۳/۲
میزان الاعتدال للذہبی، ۲۶۳۹ ☆ لسان المیزان لابن حجر، ۱۹۷/۲
الاشربۃ لابن حمد بن حنبل، ۱۸/۶ ☆ الکامل لابن عدی، ۳۹۷/۱
تذکرۃ الموضوعات لابن قیسرانی، ۱ ☆ ۲۷۷
۱۷۳۴۔ السنن لابی داؤد، الاشربۃ باب ماجاء فی السکر، ۵۱۹/۲
المسند لاحمد بن حنبل، ۲۷۳/۴ ☆ المصنف لابن ابی شیبۃ، ۶۶/۵
السنن الکبری للبیہقی، ۲۹۶/۸ ☆ الجامع الصغیر للسیوطی، ۵۰۵/۲

اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہر نشیلی چیز اور حواس میں خلل پیدا کرنے والی چیز سے منع فرمایا۔

فتاوی رضویہ ۴/۶۵۱

(۲) طلا، تاڑی سیندھی اور نبیذ کے احکام

١٧٣٥ ـ **عن** محمود بن لبيد الأنصارى رضى الله تعالىٰ عنه قال: ان عمر بن الخطاب رضى الله تعالى عنه حين قدم الشام شكى اليه اهل الشام وباء الارض او ثقلها وقالوا: لا يصلح لنا الا هذا الشراب ،قال: اشربوا العسل! قالوا: لا يصلحنا العسل ،قال له رجل من أهل الأرض: هل لك ان اجعل لك من هذا الشراب شيأ لا يسكر ،قال: نعم ، فطبخوه حتى ذهبت ثلثا ه وبقى ثلثه، فاتو ا به الى عمر بن الخطاب رضى الله تعالىٰ عنه فأدخل اصبعه فيه ثم رفع يده تبعه يتمطط فقال: هذا الطلاء مثل طلاء الإبل فامرهم ان يشربوه ، فقال عبادة بن الصامت رضى الله تعالىٰ عنه: احللتها والله ! قال: كلا والله ! ما حللتها ، اللهم إنى لا أُحل لهم شيأ حرمته عليهم ، ولا أُحرم عليهم شيأ حللته لهم، قال محمد: وبهذا نا خذ لا باس بشرب الطلاء الذى قد ذهب ثلثا ه وبقى ثلثه وهو لا يسكر ،فاما كل معتق ليسكر فلا خير فيه۔

فتاوی رضویہ ۱۰/ ۵۷

حضرت محمود بن لبید انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ امیر المؤمنین سیدنا حضرت فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ جب ملک شام تشریف لائے تو شام کے باشندوں نے وہاں کی وباؤں اور ناموافق آب وہوا کی شکایت کی اور کہا: اس شراب سے ہی ہماری اصلاح ہوسکتی ہے۔ فرمایا: شہد پیا کرو! بولے شہد ہمیں موافق نہیں آتا۔ پھر ایک صاحب ملک شام کے باشندہ ہی بولے: کیا میں تمہارے لئے ایسی شراب نہ بنادوں جو نشہ نہ لائے۔ بولے: ہاں، تو انہوں نے خوب پکایا یہاں تک کہ دو تہائی ختم ہوگیا اور اک تہائی باقی رہا۔ پھر سیدنا حضرت فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں لیکر حاضر ہوئے۔ آپ نے اس میں انگلی ڈال کر نکالی تو اس میں چپک محسوس کی۔ فرمایا: یہ تو ایسی لیسدار چیز ہے جو اونٹوں کے لیپ کی جاتی ہے۔ پھر حکم دیا کہ پیو! حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ تعالیٰ عنہ بولے: قسم بخدا! آپ نے اسکو حلال کردیا۔ فرمایا: ہرگز نہیں خدا کی قسم، میں نے حلال نہیں کیا، اے اللہ! میں کسی ایسی چیز کو

١٧٣٥ ـ الموطا لامام محمد، كتاب الاشربه، ٢٩٨

حلال نہیں کر رہا ہوں جسکو تو نے حرام کیا۔ اور نہ میں کسی ایسی چیز کو حرام کر رہا ہوں جسکو تو نے حلال کیا۔ امام محمد علیہ الرحمہ فرماتے ہیں: اس حدیث کے مطابق ہمارا فتوی ہے کہ انگور کا وہ رس پینا جائز ہے جسکو پکا کر دو تہائی ختم کر دیا گیا ہو اور ایک تہائی باقی ہو اور وہ نشہ پیدا نہ کرتا ہو۔ اور رکھا ہوا شیرۂ انگور جس سے نشہ ہو اس میں بھلائی نہیں۔

۱۷۳۶۔ **عن** زید بن علی بن الحسین رضی اللہ تعالیٰ عنھم انہ شرب ھو وأصحابہ نبیذا شدیدا فی ولیمۃ، فقیل لہ: یاابن رسول اللہ! حدثنابحدیث سمعتہ من آبائک عن رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فی النبیذ فقال: حدثنی أبی عن جدی علی بن أبی طالب رضی اللہ تعالیٰ عنھم عن البنی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم انہ قال: ینزل امتی علی منازل بنی اِسرائیل حذو القذۃ بالقذۃ والنعل بالنعل ، ان اللہ تعالیٰ ابتلی بنی اسرائیل بنھر ظالوت وأحل لھم منہ الغرفۃوحرم منہ الری، وان اللہ ابتلاکم بھذہ النبیذ واحل منہ الری و حرم منہ السکر۔ فتاوی رضویہ ۱۰/۵۵

حضرت زید بن علی امام زین العابدین بن الحسین امام عالی مقام بن امیر المومنین علی مرتضی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے اور انکے ساتھیوں نے ایک ولیمہ میں تیز وشدید نبیذ استعمال فرمایا۔ ان سے عرض کیا گیا: اے ابن رسول! اپنے آباء کرام کی سند سے کوئی حدیث رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نبیذ کے سلسلہ میں بیان فرمائیں۔ فرمایا: مجھ سے میرے والد گرامی حضرت امام زین العابدین نے اور انہوں نے اپنے جد مکرم حضرت علی مرتضی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے روایت کی کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میری امت بالکل بنی اسرائیل کے طریقے پر گامزن ہوگی جیسے تنکا تنکے کے مشابہ ہوتا ہے اور جوتا جوتے کی ہم شکل۔ بیشک اللہ تعالیٰ نے بنو اسرائیل کو نہر طالوت سے آزاد فرمایا تھا تو انکے لئے ایک چلو حلال وجائز فرمایا۔ اور مکمل طور پر چشمہ سے سیرابی کو حرام کیا۔ اسی طرح اللہ تعالیٰ تمکو اس نبیذ سے آزاد فرمائیگا کہ تمہارے لئے پینا پلانا تو جائز ہوگا لیکن زیادہ پی کر نشہ کرنا حرام ہے ۱۲ م

۱۷۳۶۔ غایۃ البیان للاتقانی،

۱۷۳۷۔ **عن** عبد الله بن زياد رضى الله تعالىٰ عنه انه افطر عند عبد الله ابن عمر رضى الله تعالىٰ عنهما فسقاه شرابا له ، فكانه اخذه فيه ، فلما اصبح قال: ماهذا الشراب ؟ما كدت اهتدى الى منزل ، فقال عبد الله :ما زدناك على عجوة وزبيب ، قال محمد :وبه ناخذو هو قول ابى حنيفة رضى الله تعالىٰ عنهما ۔

فتاوی رضویہ ۱۰/ ۵۸

حضرت عبداللہ بن زیاد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے یہاں افطار کیا۔ آپ نے انکو نبیذ پلایا۔ انہوں نے پیا تو خمار سا معلوم ہوا۔ جب حواس درست ہوئے تو بولے: یہ کیسی نبیذ تھی کہ مجھے صحیح طریقہ سے اپنا راستہ معلوم نہیں ہو پا رہا تھا۔ حضرت عبداللہ بن عمر نے فرمایا: میں نے تو اسکو صرف عجوہ کھجور اور کشمش ہی سے بنایا تھا۔ امام محمد فرماتے ہیں: یہی ہمارا مسلک اور امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا فرمان ہے۔۱۲م

۱۷۳۸۔ **عن** حماد رضى الله تعالىٰ عنه قال: كنت اتقى النبيذ فدخلت على ابراهيم النخعى رضى الله تعالىٰ عنه وهو يطعم، فطعمت معه، فاوتى قدحا من نبيذ، فلما رأى ابطاى عنه قال: حدثنى علقمة عن عبد الله بن مسعود رضى الله تعالىٰ عنه انه كان ربما طعم عنده ثم دعا نبيذا له نبذته سير بن ام ولد عبد الله فشرب وسقانى۔

فتاوی رضویہ ۱۰/ ۵۸

حضرت حماد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نبیذ سے پرہیز رکھتا تھا۔ ایک مرتبہ میں حضرت ابراہیم نخعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے یہاں گیا تو وہ کھانا کھا رہے تھے۔ میں نے بھی آپ کے ساتھ کھایا۔ آخر میں انکے لئے ایک پیالہ نبیذ لایا گیا۔ جب انہوں نے دیکھا کہ میں اس کی طرف راغب نہیں ہوں تو فرمایا: مجھ سے حضرت علقمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت بیان کی کہ بسا اوقات مجھے انکے یہاں کھانے کا اتفاق ہوا۔ انہوں نے اپنی ام ولد سیرین کا بنایا ہوا نبیذ منگا کر پیا اور مجھے بھی پلایا۔۱۲م

۱۷۳۷۔ کتاب الآثار لمحمد، ۱۸۲

۱۷۳۸۔ کتاب الآثار لمحمد، ۱۸۳

۱۷۳۹۔ **عن** أمیر المؤمنین عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: ان المسلمین جزور الطعامھم،وإن العتق لاٰل عمر ، وانہ لا یقطع ھذہ الابل فی بطوننا الا النبیذ الشدید۔

امیر المؤمنین حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ بیشک مسلمانوں کا کھانا اونٹ کا گوشت ہے۔اور بیشک میری اولاد کیلئے قدیم دستور چلا آرہا ہے کہ تیز نبیذ کے ذریعہ ہی اونٹ کے گوشت کے مضر اثرات کو ختم کیا جاتا ہے۔۱۲م

۱۷۴۰۔ **عن** ابراھیم النخعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ ان عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ اتی باعرابی قد سکر ، فطلب لہ عذرا ، فلما اعیاہ (الا ذھاب عقل) قال: احبسوہ ، فاذا صح جلدوہ ، ودعا فضلۃ فضلت فی اداوتہ فذاقھا فاذا نبیذ شدید ممتنع بماء فکسرہ ، وکان عمررضی اللہ تعالیٰ عنہ یحب الشراب الشدید فشرب وسقاجلسائہ ثم قال : ھکذا اکسروہ بالماء اذا غلبکم شیطانہ۔

حضرت ابراہیم نخعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ امیر المومنین حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں ایک اعرابی لایا گیا۔جسکو نشہ تھا۔اسکے اس نشہ کی وجہ دریافت فرمائی، جب وہ عقل میں فتور کی وجہ سے نہ بتاسکا تو فرمایا: اس کو قید کردو! جب نشہ اتر جائے تو کوڑے لگاؤ۔پھر اسکے مشکیزہ میں جو بقیہ نبیذ تھی اسکو منگا کر چکھا تو معلوم ہوا کہ وہ نہایت تیز ہے۔آپ نے پانی منگا کر اسکی تیزی کو ختم کیا۔آپ تیز نبیذ کو پسند فرماتے تھے خود بھی پی اور ساتھیوں کو بھی پلائی۔پھر فرمایا: اس طرح پانی سے اسکی تیزی کو زائل کرلیا کرو جب تم پر شیطان کا حصہ غالب آجایا کرے۔۱۲م

۱۷۴۱۔ **عن** إبراھیم النخعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ انہ کان یشرب الطلاء قد ذھب ثلثاہ وبقی ثلثہ، ویجعل لہ نبیذ فیترکہ حتی اذا اشتد شربہ، ولم یر بذلک بأسا ، قال محمد وھو قول ابی حنیفۃ رضی اللہ تعالیٰ عنھما۔

فتاوی رضویہ ۱۰/۵۸

۱۷۳۹۔ کتاب الآثار لمحمد، ۱۸۳

۱۷۴۰۔ کتاب الآثار لمحمد، ۱۸۳

۱۷۴۱۔ کتاب الآثار لمحمد، ۱۸۴

حضرت ابراہیم نخعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ وہ انگور کا ایسا رس استعمال فرماتے جسکو پکا کر دو حصہ ختم کردیا جاتا اور ایک تہائی باقی رہ جاتا۔ اور آپ کے لئے نبیذ بنائی جاتی تو وہ اسکو رکھا چھوڑ دیتے یہاں تک کہ جب تیزی آجاتی تو پی لیتے اور اس میں کچھ حرج نہیں سمجھتے۔ امام محمد فرماتے ہیں: امام اعظم ابو حنیفہ کا یہی فرمان ہے۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہما۔۱۲م

۱۷۴۲۔ عن أنس بن مالك رضى الله تعالىٰ عنه أنه كان يشرب الطلاء على النصف ، قال محمد ولسنا ناخذ بهذا ، ولا ينبغي له أن يشرب من الطلاء الا ماذهب ثلثاه وبقي ثلثه وهو قول أبي حنيفة رضى الله تعالىٰ عنه۔

فتاوی رضویہ ۱۰/۵۸

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ آپ انگور کا وہ رس استعمال فرماتے جس کو پکا کر آدھا رہ جاتا۔ امام محمد رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں: ہم حضرت انس کے اس طریقہ پر عامل نہیں۔ انگور کا وہی رس پینا جائز ہے جسکا تہائی حصہ باقی رہ جائے اور دو تہائی جل جائے۔ یہی امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا فرمان ہے۔

۱۷۴۳۔ عن إبراهيم النخعي رضى الله تعالىٰ عنه قال: ما اسكر كثيره فقليله حرام خطاء من الناس ، إنما أرادوا السكر حرام من كل شراب ۔

فتاوی رضویہ ۱۰/۵۹

حضرت ابراہیم نخعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ لوگوں کا یہ کہنا خطا ہے کہ جس چیز کی کثیر مقدار نشہ لائے اسکی تھوڑی مقدار بھی حرام ہے صحیح یہ ہے کہ ہر چیز کا نشہ حرام ہے۔۱۲م

۱۷۴۴۔ عن عبد الله بن عباس رضى الله تعالىٰ عنهما قال: حرمت الخمر بعينها، والسكر من كل شراب۔

فتاوی رضویہ ۱۰/۵۹

حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ خمر تو بالکلیہ حرام ہے

۱۷۴۲۔ كتاب الآثار لمحمد ، ۱۸۴

۱۷۴۳۔ كتاب الآثار لمحمد ، ۱۸۵

۱۷۴۴۔ شرح معاني الآثار للطحاوي ، ۲/۳۲۴

قلیل ہو کثیر۔ ہاں باقی چیزوں کا نشہ حرام ہے۔ ۱۲م

﴿۱﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ خمر کی حرمت بعینہ ہے۔ اور باقی رس شیرۂ انگور وغیرہ اگر نشہ لائیں تو حرام۔ لہذا خمر کے علاوہ باقی کو تھوڑا پینا مباح ہے۔ کہ شراب کی حرمت سے قبل جو اباحت تھی وہ اس پر تا ہنوز باقی ہے یہ حرمت تو صرف خمر کے لئے لازم ہے باقی دوسری چیزوں میں علت حرمت نشہ ہے۔ فتاوی رضویہ ۱۰/۵۹

۱۷۴۵۔ **عن** عمر وبن میمون رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: قال عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ انا أشرب الشراب الشدید لنقطع بہ لحوم الابل فی بطوننا ان تؤذینا، فمن رابہ من شرابہ شیئ فلیمزجہ بالماء۔ فتاوی رضویہ ۱۰/۶۰

حضرت عمرو بن میمون رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: ہم یہ تیز نبیذ اس لئے پیتے ہیں کہ اونٹ کے گوشت کی اصلاح ہو جائے۔ اور مضر اثرات ختم ہو جائیں۔ تو اگر کوئی چیز اسکے پینے میں خدشہ پیدا کرے تو اس میں پانی ملائے ۱۲م

۱۷۴۶۔ **عن** عتبۃ بن فرقد رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: قدمت علی عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فدعا لشربہ نبیذا قد کاد أن یصیر خلا، فقال: اِشرب! فأخذتہ شربتہ ثم کدت أن أسیغہ ثم أخذہ فشربہ ثم قال: یاعتبۃ! اِنا نشرب ھذا النبیذ الشدید لنقطع بہ لحوم الابل فی بطوننا أن تؤذینا۔ فتاوی رضویہ ۱۰/۶۰

حضرت عتبہ بن فرقد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں امیر المؤمنین حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس گیا تو آپ نے پینے کیلئے نبیذ منگائی جو سرکہ ہو جانے کے قریب تھی فرمایا: پیو، میں نے آپکی بچی ہوئی نبیذ لیکر پینا چاہی لیکن وہ مجھے خوشگوار معلوم نہ ہوئی۔ پھر آپنے وہ مجھ سے لی اور پی کر فرمایا: اے عتبہ! ہم یہ تیز نبیذ اس لئے پیتے ہیں کہ اونٹ کے گوشت کے مضر اثرات زائل ہو جائیں۔ اور ہمیں نقصان نہ دے۔ ۱۲م

۱۷۴۵۔ المصنف لابن ابی شیبۃ، ۵/۷۸

۱۷۴۶۔ المصنف لابن ابی شیبۃ، ۵/۷۸

۱۷۴۷۔ **عن** سعید بن ذی خدان أوسعید بن ذی لعوه رضی الله تعالی عنهماقال: جاء رجل قد ظمئ الی خازن عمر فاستسقاه فلم یسقه فاتی بسطیحة لعمر فشرب منها فسکر فأتی به عمر فاعتذر الیه وقال :انما شربت من سطیحتك، فقال عمر : إنما أضربك علی السکر ، فضربه عمر رضی الله تعالیٰ عنه۔

فتاوی رضویہ ۱۰/۶۰

حضرت سعید بن ذی خدان یا سعید بن ذی لعوہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ ایک پیاسا شخص حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے خازن کے پاس آیا اور نبیذ مانگا۔ اس نے نہیں دیا لہذا اس نے خود حضرت عمر کے توشہ دان سے پی لیا پیتے ہی نشہ ہو گیا۔ اسکو حضرت عمر کے پاس لایا گیا۔ اس نے عذر بیان کیا کہ میں نے تو آپ ہی کے توشہ دان سے پیا تھا۔ آپ نے فرمایا: میں تجھ پر نشہ کی وجہ سے حد جاری کرونگا۔ لہذا حد جاری فرمائی۔ ۱۲م

۱۷۴۸۔ **عن** سیعد بن ذی لعوه رضی الله تعالیٰ عنه قال: ان اعرابیا شرب من اداوة عمر نبیذا فسکر به فضربه الحد ، فقال الاعرابی :انما شربته من اداوتك ، فقال عمر رضی الله تعالیٰ عنه : انما جلدناك بالسکر۔ فتاوی رضویہ ۱۰/۶۰

حضرت سعید بن ذی لعوہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک اعرابی نے حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مشکیزہ سے نبیذ پیا تو اسکو نشہ ہو گیا آپ نے اس پر حد جاری فرمائی۔ اس نے کہا: میں نے تو آپ ہی کے مشکیزہ سے پیا تھا۔ فرمایا: میں نے تجھ پر نشہ کی وجہ سے حد جاری کی۔ ۱۲م

۱۷۴۹۔ **عن** حسان بن مخارق رضی الله تعالیٰ عنه قال بلغنی ان عمر بن الخطاب رضی الله تعالیٰ عنه سایر رجلا فی سفر وکان صائما فلما افطر اهوی الی قربة لعمر معلقة فیها نبیذ فشربه فسکر ، فضربه عمر الحد فقال: انما شربته من قربتك فقال له عمر : انما جلدناك لسکرك۔ فتاوی رضویہ ۱۰/۶۰

حضرت حسان بن مخارق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ مجھے یہ روایت پہونچی

۱۷۴۷۔ شرح معانی الآثار، للطحاوی، ۲/۳۲۶

۱۷۴۸۔ السنن للدارقطنی،

۱۷۴۹۔ المصنف لابن ابی شیبة، ۵/۴۹۹

کہ حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھ ایک شخص سفر میں تھا اور روزہ دار جب افطار کیا تو آپکے مشکیزہ سے نبیذ بھی پی۔ نبیذ پیتے ہی نشہ طاری ہوگیا۔ حضرت فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس پر حد جاری فرمائی وہ بولا میں نے تو آپ ہی کے مشکیزہ سے پی تھی۔ آپنے فرمایا: میں نے نشہ کی بنا پر تجھے حد لگائی۔ ۱۲م

۱۷۵۰۔ **عن** اسمٰعیل رضی اللہ تعالیٰ عنہ ان رجلا عب فی شراب نبیذ لعمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ بطریقة مدینة فسکر فترکه عمر حتی افاق فحده۔

فتاوی رضویہ ۱۰/۶۰

حضرت اسماعیل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ مدینہ کے راستہ میں ایک مرد نے حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے نبیذ تمر کو منہ لگا کر پی لیا۔ پیتے ہی نشہ ہوگیا۔ حضرت فاروق اعظم نے اس کو یونہی چھوڑے رکھا جب نشہ جاتا رہا تو حد جاری فرمائی۔ ۱۲م

۱۷۵۱۔ **عن** عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال: اتی (یعنی امیر المومنین) بنبیذ قد احلف واشتد فشرب منه ثم قال: ان هذا لشدید، ثم امر بماء فصب علیه ثم شرب هو واصحابه۔

فتاوی رضویہ ۱۰/۶۱

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ امیر المؤمنین حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کیلئے نبیذ، لایا گیا۔ جس میں تیزی پیدا ہوگئی تھی۔ آپ نے پیا اور فرمایا: اس میں کچھ تیزی ہے پھر پانی منگا کر اسمیں ملایا اور آپ نے تمام ساتھیوں کے ساتھ پیا۔ ۱۲م

۱۷۵۲۔ **عن** عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما ان عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ انتبذ له فی مزادة فیها خمسة عشر او ستة عشر، فاتاه فذاقه فوجده حلوا، فقال: کأنکم أقللتم عکره۔

فتاوی رضویہ ۱۰/۶۱

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت عمر فاروق اعظم

۱۷۵۰۔ المصنف لعبد الرزاق، ۹/۲۲٤

۱۷۵۱۔ شرح معانی الآثار، للطحاوی، ۲/۳۲٦

۱۷۵۲۔ شرح معانی الآثار، للطحاوی، ۲/۳۲٦

رضی اللہ تعالیٰ عنہ کیلئے ایک چھوٹے مشکیزہ میں نبیذ بنایا گیا۔اس میں پندرہ یا سولہ دن رکھا۔ آپ تشریف لائے۔تو اسے چکھ کر دیکھا کہ میٹھا ہے فرمایا: شاید تم نے اسکی تیزی کم کردی۔

۱۷۵۳۔ عن عبد الرحمن بن عثمان رضی اللہ تعالی عنہ قال:صحبت عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ الی مکۃ، فاھدی لہ رکب من ثقیف سطحتین من نبیذ فشرب عمرا حدٰھما ولم یشرب الاخری حتی اشتد مافیہ، فذھب عمر فشرب منہ فوجدہ قد اشتد فقال: اکسروہ بالماء۔ فتاوی رضویہ ۱۰/۶۱

حضرت عبدالرحمٰن بن عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں امیرالمؤمنین حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھ مکہ مکرمہ گیا۔بنو ثقیف کے ایک قافلہ نے نبیذ کے دو توشہ دان آپکی خدمت میں ھدیہ کے طور پر پیش کیے آپ نے ایک کو نوش فرمایا اور دوسرے کو رکھ چھوڑا حتی کہ اس میں تیزی آ گئی،حضرت عمر نے اس میں سے کچھ پیا تو اس میں تیزی پائی،فرمایا: پانی سے اسکی تیزی ختم کردو۔۱۲م

﴿۲﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

امام طحاوی فرماتے ہیں: جب ہماری اس روایت سے ثابت ہوگیا کہا میرالمؤمنین سیدنا حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے نزدیک نبیذ شدید اگر قلیل ہو تو مباح ہے۔اور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے آپ نے حدیث بھی سنی تھی کہ کل مسکر حرام،ہر نشہ آور چیز حرام ہے۔تو واضح ہوگیا کہ حضور نے نبیذ شدید کے صرف نشہ کو حرام فرمایا: نیز اس سے قطع نظر اگر آپ نے اپنی رائے سے ہی نبیذ شدید کو مباح فرمایا تو وہ بھی ہمارے یہاں حجت ہے اور بالخصوص اس وقت جبکہ انکا یہ فعل صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کی موجودگی میں تھا لیکن کسی نے انکار نہیں کیا بلکہ انکی متابعت کی۔

دیکھیے! یہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما ہیں جنہوں نے کل مسکر حرام، کی روایت خود حضور سے کی۔

۱۷۵۴۔ عن عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال:شھدت رسول اللہ

۱۷۵۳۔ شرح معانی الآثار، للطحاوی، ۲/۳۲۶
۱۷۵۴۔ شرح معانی الآثار، للطحاوی، ۲/۳۲۷

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اتی بشراب فدناہ الی فیہ فقطب فردہ، فقال رجل: یارسول اللہ! أحرام ھو؟ فرد الشراب ثم دعا بماء فصبہ علیہ ذکر مرتین او ثلثا ثم قال: اذا اغتلمت ھذہ الاسقیۃ علیکم فاکسروا متونھا بالماء۔

فتاوی رضویہ ۱۰/۶۱

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ میں حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر تھا کہ نبیذ پیش ہوا آپنے اسکو منہ کے قریب کیا تو نا گواری ظاہر فرمائی اور اسے واپس فرمادیا۔ ایک صاحب بولے یا رسول اللہ! کیا حرام ہے کہ واپس فرمادی؟ حضور نے اسکو واپس منگایا اور اس میں دوبارہ پانی ملایا۔ یہ عمل دومرتبہ یا تین مرتبہ کیا۔ پھر فرمایا: جب مشکیزوں کی نبیذ میں جوش پیدا ہوتو پانی سے زائل کرلو۔ ۱۲م

۱۷۵۵۔ **عن** أبی مسعود الأنصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: عطش النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حول الکعبۃ فاستسقی فاتی نبیذ من نبیذ السقایۃ فشمہ فقطب فصب علیہ من ماء زمزم ثم شرب فقال رجل: احرام ھو؟ قال: لا۔

فتاوی رضویہ ۱۰/۱۷

حضرت ابومسعود انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو کعبہ مقدسہ کے پاس پیاس محسوس ہوئی تو پانی طلب فرمایا۔ آپکی خدمت میں نبیذ پیش کی گئی۔ حضور نے اسکو سونگھ کر نا گواری ظاہر فرمائی پھر اس میں زمزم شریف کا پانی ملاکر پیا۔ ایک صاحب نے عرض کیا: یارسول اللہ! کیا خالص نبیذ حرام ہے؟ فرمایا: نہیں۔ ۱۲م

۱۷۵۶۔ **عن** مجاھد رضی اللہ تعالیٰ عنہ مرسلا قال: عمد النبی صلی اللہ تعالیٰ وعلیہ وسلم الی السقایۃ سقایۃ زمزم فشرب من النبیذ فشد وجھہ ثم امر بہ الثالثۃ فکسر بالماء ثم شرب۔

فتاوی رضویہ ۱۰/۶۲

حضرت مجاہد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مرسلا روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے زمزم کے مشکیزوں سے نبیذ استعمال فرمایا۔ تو آپکے روئے انور پر گرانی کے آثار ظاہر ہوئے، دوسری مرتبہ نبیذ منگا کر پانی سے اسکی تیزی کم کی۔ اسکے بعد آپنے تھوڑی سی نوش

۱۷۵۵۔ شرح معانی الآثار، للطحاوی، ۲/۳۲۷
۱۷۵۶۔ المصنف لعبد الرزاق، ۹/۲۲۶

فرمائی تب بھی آپکے روئے انور سے ناگواری ظاہر ہوئی، پھر تیسری مرتبہ اسکو منگا کر آپ نے اسکی تیزی کو ختم کیا اور نوش فرمایا۔ ۱۲م

۱۷۵۷۔ **عن** أبی موسی الأشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: بعثنی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم انا و معاذا الی الیمن فقلنا: یا رسول اللہ! ان بھا شرابین یصنعان من البر والشعیر ، احدھما یقال لہ المزر ، والآخر یقال لہ البتع فمانشرب؟فقال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: اِشرَبَا وَلاَ تَسْکَرَا۔

فتاوی رضویہ ۶۲/۱۰

حضرت ابوموسی اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ مجھے اور حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو حضور نے یمن بھیجا۔ ہم نے عرض کی: یارسول اللہ! وہاں دو قسم کی شرابیں ہیں۔ جنکو گندم اور جو سے بنایا جاتا ہے۔ ایک مزر، دوسری تبع، تو ہم کونسی استعمال کریں؟ فرمایا: دونوں پیو لیکن خیال رکھنا نشہ آور نہ ہوں۔ ۱۲م

۱۷۵۸۔ **عن** شماس رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: قال عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ : اِن القوم یجلسون علی الشراب وھو یحل لھم، فما یزالون حتی یحرمعلیھم۔

فتاوی رضویہ ۶۳/۱۰

حضرت شماس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: لوگوں کیلئے کچھ مشروبات جائز ہونگے لیکن وہ انہی حالات پر باقی رہیں گے کہ ان پر انکو حرام کر دیا جائیگا۔ ۱۲م

۱۷۵۹۔ **عن** علقمۃ بن قیس رضی اللہ تعالیٰ عنہ انہ اکل مع عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ خبزا ولحما، قال: فاتینا نبیذ نبذتہ سیرین فی جرۃ خضراء فشربوا منہ۔

فتاوی رضویہ ۶۳/۱۰

حضرت علقمہ بن قیس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے حضرت عبداللہ

۱۷۵۷۔ شرح معانی الآثار للطحاوی، ۳۲۷/۲

۱۷۵۸۔ شرح معانی الآثار للطحاوی، ۳۲۸/۲

۱۷۵۹۔ شرح معانی الآثار للطحاوی، ۳۲۸/۲

بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھ روٹی گوشت کھایا۔ کہتے ہیں: پھر ہمارے پاس نبیذ شدید لایا گیا جسکو انکی باندی سیرین نے ہرے مٹکے میں بنایا تھا۔ آپ نے اپنے ساتھیوں کے ساتھ اسکو پیا۔ ۱۲م

۱۷۶۰۔ **عن** علقمة رضی الله تعالیٰ عنه قال: سألت عبد الله بن مسعود رضی الله تعالیٰ عنه عن قول رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فی المسکر، قال: الشربة له الاخیرة۔

حضرت علقمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے نشہ آور چیز کے بارے میں حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا فرمان پوچھا۔ فرمایا: یہ حکم اس آخری گھونٹ کے بارے میں ہے جس سے نشہ پیدا ہو۔ ۱۲م

۱۷۶۱۔ **عن** عبد الله بن عمر رضی الله تعالیٰ عنهما قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: کُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ، وَكُلُّ مُسْكِرٍ خَمْرٌ۔

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ہر نشہ آور خمر کے حکم میں ہے۔ ۱۲م

۱۷۶۲۔ **عن** قیس بن حبتر رضی الله تعالیٰ عنه قال: سألت عبد الله بن عباس رضی الله تعالیٰ عنهما عن الجر الاخضر والجر الاحمر فقال: ان اول من سأل النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم عن ذلك وفد عبد القیس فقال: لَا تَشْرَبُوا فِي الدُّبَّاءِ وَفِي الْمُزَفَّتِ وَفِي النَّقِيرِ، وَاشْرَبُوا فِي الْأَسْقِيَةِ، فقالوا: یا رسول الله! فان اشتد فی الاسقیة، قال: صُبُّوا عَلَيْهِ مِنَ الْمَآءِ وقال بهم فی الثالثة او الرابعة: فَأَهْرِيْقُوْهُ۔

فتاوی رضویہ ۱۰/۶۳

حضرت قیس بن حبتر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے ہرے اور سرخ مٹکوں کے نبیذ کے بارے میں پوچھا، فرمایا: سب سے پہلے یہ سوال وفد عبد القیس نے حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے کیا تھا۔ تو حضور نے

۱۷۶۰۔ شرح معانی الآثار، للطحاوی، ۲/۳۲۸ ☆

۱۷۶۱۔ المصنف لعبد الرزاق، ۹/۲۲۱ ☆ السنن للنسائی، ۲/۲۸٤

۱۷۶۲۔ شرح معانی الآثار، للطحاوی، ۲/۳۲۸ ☆

فرمایا: ہرے مٹکوں، تونبوں اور لکڑی کے شراب والے برتنوں میں نبیذ استعمال نہ کرو، ہاں مشکیزوں میں نبیذ بنا کر پی سکتے ہو۔ تو انہوں نے کہا تھا: یا رسول اللہ! اگر مشکیزوں میں رکھے رہنے کیوجہ سے نبیذ میں تیزی آجائے تو کیا کریں؟ فرمایا: اس میں پانی شامل کرلو۔ تیسری یا چوتھی مرتبہ میں ان سے فرمایا: کہ اسکو بہادو۔ ۱۲م

۱۷۶۳۔ **عن** ابی القموص زید بن علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ عن احد وفد عبد القیس او قیس بن النعمان رضی اللہ تعالیٰ عنہما انہم سألوہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم عن الاشربۃ فقال: لَا تَشْرِبُوْا فِی الدُّبَّآءِ وَلَا فِی النَّقِیْرِ، وَاشْرَبُوْا فِی السَّقَآءِ الْحَلَالِ الْمُوکَا عَلَیْہَا، فَاِنِ اشْتَدَّ مِنْہُ فَاکْسِرُوْہُ بِالْمَآءِ، فَاِنْ اَعْیَاکُمْ فَاھْرِیْقُوْہُ۔

فتاوی رضویہ ۱۰/۶۳

حضرت ابو قموص زید بن علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ وفد عبد القیس کے صاحب یا قیس بن نعمان رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ وفد عبد القیس نے حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے نبیذ وغیرہ رقیق اشیاء کے پینے کے سلسلے میں پوچھا تو فرمایا: تونبے اور لکڑی کے برتن میں مت پیو۔ اور صاف ستھرے مشکیزہ سے پیو جسکا منہ باندھ کر رکھا جاتا ہے۔ اگر اس میں رکھنے کی وجہ سے تیزی پیدا ہو جائے تو پانی کے اس کے ذریعہ اس کے جوش کو ختم کرو پھر اگر پانی کے ذریعہ بھی تیزی ختم نہ ہو تو اسکو بہادو۔ ۱۲م

۱۷۶۴۔ **عن** ابی رافع رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: ان عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: اذا خشیتم من نبیذ شدتہ فاکسروہ بالماء۔

حضرت ابو رافع رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ امیر المؤمنین حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: جب تمہیں نبیذ کی تیزی سے خطرہ ہو تو پانی سے اسکی تیزی ختم کرلو۔ ۱۲م

۱۷۶۵۔ **عن** سعید بن المسیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ یقول: تلقت ثقیف عمر بن

۱۷۶۳۔ شرح معانی الآثار، للطحاوی، ۲/۳۲۸

۱۷۶۴۔ السنن للنسائی، باب ذکر الاخبار التی اعتل بہا من اباح شراب، ۲/۲۸۵

۱۷۶۵۔ السنن للنسائی، باب ذکر الاخبار التی اعتل بہا من اباح شراب، ۲/۲۸۵

الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ شرابا فدعابہ فلما قربہ الی فیہ کرھہ فدعا بہ فکسرہ بالماء فقال: ھکذا فافعلوا۔
فتاوی رضویہ ۱۰/۱۷

حضرت سعید بن مسیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ قبیلۂ بنو ثقیف کے لوگوں نے حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں نبیذ پیش کی آپ نے اسکو طلب فرمایا جب پیالہ منہ کے قریب کیا تو آپکو ناگوار محسوس ہوئی۔ لہذا آپنے پانی منگا کر اسکی تیزی کو ختم کیا۔ اور فرمایا اسی طرح کیا کرو۔ ۱۲م

۱۷۶۶۔ **عن** ابن سیرین رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: بعہ عصیرا ممن یتخذہ طلاء ولا یتخذہ خمرا۔
فتاوی رضویہ ۱۰/۶۵

حضرت سعید بن سیرین رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ آپ نے فرمایا: رس اسکے ہاتھ فروخت کر سکتے ہو جو طلاء بنائے لیکن اسکے ہاتھ نہ بیچو جو شراب بنائے۔ ۱۲م

۱۷۶۷۔ **عن** سوید بن غفلۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: کتب عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ الی بعض عمالہ ان رزق المسلمین من طلاء ما ذھب ثلثاہ وبقی ثلثہ۔
فتاوی رضویہ ۱۰/۶۵

حضرت سوید بن غفلہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ امیر المؤمنین حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے بعض عاملوں کو لکھا مسلمانوں کو ایسا طلاء پینے دو جسکا دو تہائی پکا کر ختم کر دیا جائے اور ایک حصہ باقی رہے۔ ۱۲م

۱۷۶۸۔ **عن** عامر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: قرأت کتاب عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ الی أبی موسی الأشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ اما بعد! فانھا قدمت علی عیر من الشام تحمل شرابا غلیظا أسود کالطلاء الابل، وانی سالتھم علی کم یطبخونہ فأخبرونی أنھم یطبخونہ علی الثلثین، ذھب ثلثاہ الاخبثان، ثلثہ ببغیہ وثلث بریحہ ذکر الأخبار التی اعتل بھا من أباح شراب فمر من قبلک یشربونہ۔
فتاوی رضویہ ۱۰/۶۵

۱۷۶۶۔ السنن للنسائی، باب الکراھیۃ فی بیع العصیر، ۲/۲۸۵
۱۷۶۷۔ السنن للنسائی، باب ذکر ما یجوز شربہ من الطلاء، ۲/۲۸۵
۱۷۶۸۔ السنن للنسائی، باب ذکر ما یجوز شربہ الخ ۲/۲۸۵

حضرت عامر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے امیر المؤمنین حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا خط حضرت ابوموسی اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے نام پڑھا۔ اس میں حمد وصلاۃ کے بعد لکھا تھا کہ میرے پاس ملک شام سے ایک قافلہ آیا جسکے ساتھ نہایت سیاہ اور گاڑھا مشروب تھا۔ جیسے اونٹ کے لیپ کرنے کا طلاء، میں نے ان سے پوچھا کتنا پکاتے ہو؟ بولے: دو تہائی پکا کر جلا دیتے ہیں۔ یعنی دو ثلث ناپاک حصے ختم ہو جاتے ہیں۔ ایک ثلث ناپاکی کا اور دوسرا اسکی بدبو کا۔ لہذا تم اپنے ملک کے باشندوں کو اسکے پینے کی اجازت دو۔۱۲م

۱۷۶۹۔ **عن** عبد الله بن يزيد الخطمى رضى الله تعالىٰ عنه قال: كتب الينا عمر بن الخطاب رضى الله تعالىٰ عنه، أما بعد! فأطبخوا شرابكم حتى يذهب منه نصيب الشيطان، فإن له اثنين ولكم واحد۔ فتاوی رضویہ ۱۰/ ۶۵

حضرت یزید بن خطمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ امیر المؤمنین حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ہمیں مکتوب روانہ فرمایا۔ جس میں تحریر تھا۔ تم اپنے شیرۂ انگور کو اتنا پکاؤ کہ اس سے شیطان کا حصہ ختم ہو جائے۔ کہ اسکے لئے دو حصے ہیں اور تمہارے لئے ایک۔۱۲م

۱۷۷۰۔ **عن** عامر الشعبى رضى الله تعالىٰ عنه قال: كان على رضى الله تعالىٰ عنه يرزق الناس الطلاء شعبى يقع فيه الذباب ولا يستطيع ان يخرج منه۔

فتاوی رضویہ ۱۰/ ۶۵۔

حضرت امام عامر شعبی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ امیر المؤمنین حضرت علی مرتضی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم لوگوں کو وہ شیرۂ انگور پلاتے جو پکا کر اتنا گاڑھا کر لیا جاتا کہ اس میں مکھی گر جاتی تو نکل نہ پاتی۔۱۲م

۱۷۷۱۔ **عن** داؤد رضى الله تعالىٰ عنه قال: سألت سعيد بن المسيب رضى الله تعالىٰ عنه ما الشراب الذى احله عمر رضى الله تعالىٰ عنه؟ قال: الذى يطبخ

۱۷۶۹۔ السنن للنسائی، باب ذکر ما یجوز شربہ الخ ۲/ ۲۸۵

۱۷۷۰۔ السنن للنسائی، باب ذکر ما یجوز شربہ الخ ۲/ ۲۸۶

۱۷۷۱۔ السنن للنسائی، باب ذکر ما یجوز شربہ الخ ۲/ ۲۸۶

حتی یذھب ثلثاہ ویبقی ثلثه۔ فتاوی رضویہ ۱۰/ ۶۵

حضرت داؤد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے حضرت سعید بن میتب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے پوچھا کہ امیر المؤمنین حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کونسی شراب حلال قرار دیا تھا؟ آپ نے فرمایا: وہ مشروب جسکو پکا کر دو حصے جلا دیے جائیں اور ایک حصہ باقی رہ جائے۔ ۱۲م

۱۷۷۲۔ **عن** سعید بن المسیب رضی اللہ تعالیٰ عنه قال: ان ابا الدرداء رضی اللہ تعالیٰ عنه کان یشرب ما ذھب ثلثاہ وبقی ثلثه۔ فتاوی رضویہ ۱۰/ ۶۵

حضرت سعید بن میتب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت ابودرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ اس مشروب کو استعمال فرماتے جسکا دو تہائی پکا کر ختم کر دیا جاتا اور ایک تہائی باقی رہتا۔ ۱۲م

۱۷۷۳۔ **عن** أبی موسی الأشعری رضی اللہ تعالیٰ عنه انه کان یشرب من الطلاء ذھب ثلثاہ وبقی ثلثه۔ فتاوی رضویہ ۱۰/ ۶۵

حضرت ابوموسی اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ آپ وہ شیرۂ انگور استعمال فرماتے جسکا دو تہائی پکا کر ختم کر دیا جاتا اور ایک تہائی باقی رہتا۔ ۱۲م

۱۷۷۴۔ **عن** یعلی بن عطاء رضی اللہ تعالیٰ عنه قال: سمعت سعید بن المسیب رضی اللہ تعالیٰ عنه وسأله أعرابی عن شراب یطبخ علی النصف قال: لا، حتی یذھب ثلثاہ وبقی الثلث۔ فتاوی رضویہ ۱۰/ ۶۵

حضرت یعلی بن عطاء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے حضرت سعید بن میتب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو فرماتے سنا کہ ایک اعرابی نے ان سے اس شیرۂ انگور کے بارے میں پوچھا جو پکانے سے آدھا جل جائے۔ تو فرمایا: نہیں جب تک دو ثلث جل کر ختم نہ ہو جائے اور ایک تہائی باقی رہے۔ ۱۲م

۱۷۷۲۔ السنن للنسائی، باب ذکر یا مایجوز شربه الخ ۲/ ۲۸۶
۱۷۷۳۔ السنن للنسائی، باب ذکر یا مایجوز شربه الخ ۲/ ۲۸۶
۱۷۷۴۔ السنن للنسائی، باب ذکر مایجوز شربه الخ ۲/ ۲۸۶

۱۷۷۵۔ **عن** سعید بن المسیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: اذا طبخ الطلاء علی الثلث فلا بأس بہ۔

فتاوی رضویہ ۱۰/۶۵

حضرت سعید بن مسیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ جب شیرۂ انگور اتنا پکایا جائے کہ ثلث باقی رہ جائے تو اسکے استعمال میں حرج نہیں۔۱۲م

۱۷۷۶۔ **عن** بشیر بن المهاجر رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: سألت الحسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ عما یطبخ من العصیر قال: تطبخہ حتی ذهب الثلثان ویبقی الثلث۔

فتاوی رضویہ ۱۰/۶۵

حضرت بشیر بن مهاجر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے حضرت حسن بصری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے پوچھا کہ انگور کا رس کتنا پکایا جائے؟ فرمایا: اتنا پکاؤ کہ دو تہائی ختم ہو جائے اور ایک تہائی باقی رہے۔۱۲م

۱۷۷۷۔ **عن** أنس بن سیرین رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: سمعت انس بن مالك رضی اللہ تعالیٰ عنہ یقول: ان نوحا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نازعہ الشیطان فی عود الکرم فقال: هذا لی، وقال: هذا لی، فاصطلحا علی ان لنوح ثلثها وللشیطان ثلثیها۔

حضرت انس بن سیرین رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو فرماتے سنا کہ حضرت نوح علی نبینا علیہ الصلوۃ والسلام اور شیطان مردود کے درمیان انگور کے درخت کے بارے میں نزاع ہوا۔ حضرت نوح نے فرمایا: میرے لئے ہے اور شیطان بولا میرے لئے۔ آخر کار یہ طے پایا کہ حضرت نوح کا ایک حصہ ہے اور شیطان کے دو حصے۔۱۲م

۱۷۷۸۔ **عن** عبد الملك بن الطفیل الجزری رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: کتب الینا عمر بن عبد العزیز رضی اللہ تعالیٰ عنہ ان لا تشربوا من الطلاء حتی یذهب

۱۷۷۵۔ السنن للنسائی، باب ذکر مایجوز شربہ الخ ۲/۲۸۶
۱۷۷۶۔ السنن للنسائی، باب ذکر مایجوز شربہ الخ ۲/۲۸۶
۱۷۷۷۔ السنن للنسائی، باب ذکر مایجوز شربہ من الطلاء وما لا یجوز، ۲/۲۸۶
۱۷۷۸۔ السنن للنسائی، ذکر ما یجوز شربہ من الطلاء وما لا یجوز، ۲/۲۸۶

ثلثاه ويبقى ثلثه ، وكل مسكر حرام۔

حضرت عبدالملک بن طفیل جزری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ امیر المؤمنین حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ہمیں ایک مکتوب ارسال فرمایا: اس میں تحریر تھا۔ جب تک طلاء کے دو حصہ جل نہ جائیں اسے نہ پیو یہاں تک کہ اسکا ایک حصہ باقی رہے۔ اور ہر نشہ آور چیز حرام ہے۔ ۱۲م

۱۷۷۹۔ **عن** عبد الله بن عباس رضى الله تعالىٰ عنهما قال: حرمت الخمر بعينها ، قليلها و كثيرها والسكر من كل شراب۔ فتاوی رضویہ ۱۰/۶۶

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ خمر (شراب انگور) مطلقا حرام ہے خواہ قلیل ہو یا کثیر اور ہر پینے والی چیز کا نشہ حرام ہے۔

۱۷۸۰۔ **عن** علقمة رضى الله تعالىٰ عنه قال: رأيت عبد الله بن مسعود رضى الله تعالىٰ عنه وهو يأكل طعاما ثم دعا بنبيذ فشرب ، فقلت : رحمك الله ، تشرب النبيذ والأمة تقتدى بك ، فقال ابن مسعود : رأيت رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يشرب النبيذ ، ولولاانى رأيته يشربه ما شربته۔

فتاوی رضویہ ۱۰/۶۶

حضرت علقمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو کھانا کھاتے دیکھا۔ پھر آپ نے نبیذ منگایا اور پیا۔ میں نے کہا: اللہ تعالیٰ آپ پر رحم فرمائے۔ آپ نبیذ استعمال فرماتے ہیں حالانکہ امت آپکی پیروی کریگی۔ فرمایا: میں نے حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو نبیذ استعمال کرتے ہوئے دیکھا ہے۔ اگر میں حضور کو استعمال فرماتے نہ دیکھتا تو ہرگز نہ پیتا۔ ۱۲م

۱۷۸۱۔ **عن** إبراهيم النخعى رضى الله تعالىٰ عنه قال: قول الناس كل مسكر حرام خطأ من الناس ، انما ارادوا ان يقول : السكر حرام من كل شراب۔

فتاوی رضویہ ۱۰/۶۶

۱۷۷۹۔ المسند لابى حنيفة ، ۲۰۲

۱۷۸۰۔ المسند لابى حنيفة ، ۲۰۱

۱۷۸۱۔ المسند لابى حنيفة ،

حضرت ابراہیم نخعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ لوگوں کا یہ کہنا کہ ہر نشہ آور چیز حرام ہے غلط ہے۔ بلکہ مطلب یہ ہے کہ ہر رقیق چیز کا نشہ حرام ہے۔۱۲م

۱۷۸۲۔ **عن** أنس بن مالك رضى الله تعالىٰ عنه انه كان ينزل على ابى بكر بن ابى موسى الأشعرى رضى الله تعالىٰ عنهما بواسط فيبعث برسول الى السوق ليشترى له النبيذ من الخوابى۔ فتاوی رضویہ ۱۰/۶۶

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ وہ حضرت ابوبکر بن ابی موسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے پاس واسط میں مہمان ہوتے تو وہ بازار بھیج کر اپنے قاصد کے ذریعہ نبیذ منگاتے۔ ۱۲م

۱۷۸۳۔ **عن** حماد رضى الله تعالىٰ عنه قال: كنت اتقى النبيذ فدخلت على ابراهيم النخعىَ رضىَ الله تعالىٰ عنه فطعمت معه فناولنى قد حا فيه نبيذ ، فلما رأى اتقائى منه قال حدثنى عامر عن عبد الله بن مسعود رضى الله تعالىٰ عنهما انه كان ربما طعم عنده ثم دعا بنبيذ له تنبذه له سيرين ام ولده فشرب وسقانى۔

فتاوی رضویہ ۱۰/ ۶۷

حضرت حماد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نبیذ سے پرہیز رکھتا تھا۔ ایک دن میں حضرت ابراہیم نخعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے یہاں گیا۔ آپ کے ساتھ کھانا کھایا۔ آپ نے مجھے نبیذ کا پیالہ دیا۔ جب مجھے اس سے پرہیز کرتے دیکھا تو فرمایا: مجھ سے حضرت عامر نے اور انہوں نے حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت بیان کی کہ میں نے اکثر و بیشتر حضرت عبد اللہ کے ساتھ کھانا کھایا۔ پھر آپ نے نبیذ منگا کر پیا اور پلایا جو انکے لئے انکی ام ولد سیرین نے تیار کیا تھا۔ ۱۲م

۱۷۸۴۔ **عن** ابراهيم النخعى رضى الله تعالىٰ عنه انه قال: كتب عمر بن الخطاب رضى الله تعالىٰ عنه الى عمار بن ياسر رضى الله تعالىٰ عنهما وهو عامل له على الكوفة ، اما بعد ! فانه انتهى الى شراب من الشام من عصير العنب وقد طبخ

۱۷۸۲۔ المسند لابی حنیفة ،

۱۷۸۳۔ المسند لابی حنیفة ،

۱۷۸۴۔ المسند لابی حنیفة ،

وھوعصیر قبل أن یغلی حتی ذھب ثلثاہ وبقی ثلثہ ، فذھب شیطانہ وبقی حلوہ وحلالہ فھو شبیہ بطلاء الإبل، فمر بہ من قبلک فیتوسعوا بہ شرابھم۔

فتاوی رضویہ ۱۰/ ٦٧

حضرت ابراہیم نخعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ امیر المومنین حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ تعالیٰ عنہما عامل کوفہ کو یہ خط ارسال کیا۔ میرے پاس ملک شام سے شیرۂ انگور کا مشروب پہونچا یہ پہلے شیرہ تھا لیکن اس میں جوش پیدا ہونے سے پہلے اسکو پکالیا گیا اور دو ثلث جلا کر ایک ثلث باقی رکھا گیا ہے۔ لہذا شیطان کا حصہ ختم ہو چکا اور اب یہ میٹھا اور حلال باقی رہ گیا ہے۔ لہذا یہ اونٹ کے طلاء کے مثل ہے۔ لہذا تم اپنی طرف سے یہ حکم جاری کر سکتے ہو کہ لوگوں کو انکے پینے کی چیزوں میں اسکے اضافہ کی بھی گنجائش ہے۔

۱۷۸۵۔ **عن** عامر الشعبی رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: کتب عمر ابن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ الی عمار بن یاسر رضی اللہ تعالیٰ عنھما اما بعد! فانھاجاء تنا اشربۃ من قبل الشام کانھا طلاء الابل قد طبخ حتی ذھب ثلثا ھا الذی فیہ خبث الشیطان او قال:خبیث الشیطان وریح جنونہ وبقی ثلثہ، فاصطنعہ ومرمن قبلک ان یصطنعوہ۔

فتاوی رضویہ ۱۰/ ٦٧

حضرت عامر شعبی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ امیر المومنین حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عمار بن یاسر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے پاس ایک مکتوب ارسال کیا۔ حمد وصلوۃ کے بعد۔ ہمارے پاس ملک شام سے کچھ مشروبات آئے ہیں۔ جو طلاء ابل کی طرح ہیں۔ کہ انگور کا رس پکا کر انکا دو تہائی ختم کر دیا گیا ہے۔ جس میں شیطانی خباثت اور برائیاں تھیں۔ اب ایک تہائی باقی ہے۔ تو اس طرح کا طلاء بنانے کی تمہیں اجازت ہے اور دوسروں کو بھی بنانے کی اجازت دے سکتے ہو۔ ۱۲م

۱۷۸٦۔ **عن** ابراھیم النخعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ انہ قال فی الرجل یشرب النبیذ حتی یسکر ، قال: القدح الاخیر الذی سکر منہ ھو الحرام۔ فتاوی رضویہ ۱۰/ ٦٧

۱۷۸۵۔ المصنف لعبد الرزاق، ۹/ ۲۵۵

۱۷۸٦۔ المسند لابی حنیفۃ،

حضرت ابراہیم نخعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ آپ نے اس شخص کے بارے میں فرمایا جسکو نبیذ پی کر نشہ ہوگیا کہ وہ آخری پیالہ پینا اسکے لئے حرام تھا جس سے اسکو نشہ ہوا۔ ۱۲م

۱۷۸۷۔ **عن** أنس بن مالك رضی الله تعالیٰ عنه قال: ان ابا عبيدة ومعاذ بن جبل وابا طلحة رضی الله تعالیٰ عنهم كانوا يشربون من الطلاء ما ذهب ثلثاه وبقی ثلثه۔
فتاوی رضویہ ۱۰/ ٦٧

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت ابو عبیدہ، حضرت معاذ بن جبل اور حضرت ابو طلحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم وہ شیرۂ انگور استعمال فرماتے تھے جسکے دو حصے پکا کر ختم کردیئے گئے ہوں اور ایک باقی ہو۔ ۱۲م

۱۷۸۸۔ **عن** أبی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه قال: اذا اطعمك اخوك المسلم طعاما فكل ! واذا سقاك شرابا فاشرب ولا تسئل فان رابك فاشججه بالماء۔
فتاوی رضویہ ۱۰/ ٦٧

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ تمہارا مسلمان بھائی جب تمہیں کچھ کھلائے تو کھالو، اور جب کچھ پلائے تو پی لو اور اسکی کچھ چھان بین نہ کرو۔ اگر تمہیں پینے کی چیز نبیذ وغیرہ میں کچھ شبہ ہو تو پانی سے اسکا اثر زائل کرلو۔ ۱۲م

۱۷۸۹۔ **عن** أم الدرداء رضی الله تعالیٰ عنها قالت: كنت اطبخ لابی الدرداء رضی الله تعالیٰ عنه الطلاء ما ذهب ثلثاه وبقی ثلثه۔

حضرت ام درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ میں حضرت ابو درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ کیلئے انگور کا رس پکاتی یہاں تک کہ دو حصہ ختم ہوجاتا اور ایک حصہ باقی رہتا۔ ۱۲م

۱۷۹۰۔ **عن** عبد الرحمن بن ابی ليلی رضی الله تعالیٰ عنه قال: كان علی رضی

۱۷۸۷۔ المصنف لابن ابی شيبة، ۵/ ۸۹
۱۷۸۸۔ المصنف لعبد الرزاق، ۹/ ۲۲۷
۱۷۸۹۔ المصنف لابن ابی شيبة، ۵/ ۸۹
۱۷۹۰۔ المصنف لابن ابی شيبة، ۵/ ۸۹

الله تعالیٰ عنه یرزقنا الطلاء، فقلت له : کیف کان؟ قال: کنا نا کله بالخبز و نختاسه بالماء۔

حضرت عبد الرحمٰن بن ابی لیلی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے امیر المؤمنین حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم ہمیں طلاء کھلاتے۔ میں نے کہا: کس طرح استعمال ہوتا؟ فرمایا: ہم روٹی کے ساتھ کھاتے اور اسکو پانی میں ملا لیا کرتے تھے۔

۱۷۹۱۔ **عن** أنس بن سیرین رضی الله تعالیٰ عنه قال: کان انس ابن مالك رضی الله تعالیٰ عنه سقیم البطن فامر نی ان اطبخ له طلاء حتی ذهب ثلثاه وبقی ثلثه ، فکان یشرب منه الشربة علی اثر الطعام۔ فتاوی رضویه ۱۰/۶۸

حضرت انس بن سیرین رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ پیٹ کے مریض تھے۔ مجھے حکم دیا کہ میں انکے لئے انگور کا رس پکاؤں یہاں تک کہ دو تہائی جل جائے۔ اور ایک حصہ باقی رہے۔ تو آپ اسکو کھانے کے بعد استعمال فرماتے۔ ۱۲م

۱۷۹۲۔ **عن** شریح رضی الله تعالیٰ عنه قال: ان خالد بن الولید کان یشرب الطلاء بالشام۔

حضرت شریح رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ سیف اللہ حضرت خالد بن ولید رضی اللہ تعالیٰ عنہ ملک شام میں قیام کے دوران طلاء نوش فرماتے تھے۔ ۱۲م

۱۷۹۳۔ **عن** أبی عبد الرحمن رضی الله تعالیٰ عنه قال: کان علی رضی الله تعالیٰ عنه یرزقنا الطلاء ، فقلت له : ما هیأته؟ قال: اسود یا خذه احدنا باصبعه۔

حضرت ابو عبد الرحمٰن رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت علی مرتضی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم ہمیں طلاء استعمال کراتے۔ راوی حضرت عطا کہتے ہیں: میں نے پوچھا اسکی ہیئت وشکل کیا ہوتی تھی؟ فرمایا: سیاہ رنگ اور اتنا گاڑھا کہ ہم میں سے ہر ایک انگلی سے استعمال کرتا۔ ۱۲م

۱۷۹۱۔ المصنف لابن ابی شیبة، ۵/۸۹
۱۷۹۲۔ المصنف لابن ابی شیبة، ۵/۹۰
۱۷۹۳۔ المصنف لابن ابی شیبة، ۵/۹۱

۱۷۹٤ـ **عن** عبد الله بن عباس رضی الله تعالیٰ عنهماقال: مر رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم علی قوم بالمدینة،فقالوا: یا رسول الله إعندنا شراب لنا، افلا نسقیك منه، قال: بلی؟ فاتی بقعب او قدح غلظ فیه نبیذ ، فلما اخذه النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم وقربه الی فیه قطب، قال: فدعا الذی جاء به فقال: خذه فاهرقه، فلماذهب به قالوا : یا رسول الله! هذا شرابنا ان کان حراما لم نشربه ، فدعا به فاخذه ثم دعا بماء فصبه علیه ثم شرب وسقی وقال: اذا کان هکذا فاصنعوا هکذاـ فتاوی رضویه ۱۰/ ٦٨

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا گزر مدینہ شریف کی ایک قوم کے پاس سے ہوا۔ انہوں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! بیشک ہمارے پاس ایک طرح کا مشروب ہے، کیا ہم آپکو نہ پلائیں؟ فرمایا: کیوں نہیں، تو ایک بڑا پیالہ پیش ہوا جس میں نبیذ تھی۔ جب حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اسکولیا اور منہ کے قریب کیا تو ناگوار گزرا۔ جو صاحب لیکر آئے تھے انکو بلایا اور فرمایا: اسکولو اور بہادو۔ جب وہ لیکر چلے گئے تو لوگوں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! یہ ہم پیتے ہیں۔ اگر حرام ہو تو ہم نہ پئیں۔ حضور نے اسکو منگایا اور اس میں پانی ملایا پھر نوش فرمایا اور دوسروں کو بھی پلایا۔ پھر فرمایا: جب اس میں اس طرح کی تیزی آجائے تو اس طرح پانی ملالیا کرو۔ ۱۲م

۱۷۹۵ـ **عن** عامر الشعبی رضی الله تعالیٰ عنه قال: ان رجلا شرب من اداوة علی المرتضی کرم الله تعالیٰ وجهه الکریم بصفین فسکر، فضربه الحد،و فی روایة فضربه ثمانین۔

حضرت امام عامر شعبی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے مقام صفین میں امیر المؤمنین حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم کے مشکیزہ سے نبیذ پی تو اسے نشہ ہو گیا۔ آپ نے اس پر حد جاری فرمائی ایک روایت میں ہے کہ اسی کوڑے لگائے۔ ۱۲م

فتاوی رضویہ ۱۰/ ٦٨

۱۷۹٤ـ السنن للدارقطنی، ☆ مجمع الزوائد للهیثمی، ۷/ ۲۰۱

۱۷۹۵ـ السنن للدارقطنی، ☆

(۳) نشہ حرام ہے

۱۷۹۶۔ **عن** السائب بن یزید رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال : قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم : مَنْ شَرِبَ مُسْكِرًا مَا كَانَ لَمْ تُقْبَلْ لَهٗ صَلٰوةٌ أَرْبَعِيْنَ يَوْمًا۔

حضرت سائب بن یزید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جوکوئی نشہ کی چیز پیئے چالیس دن اسکی نماز قبول نہ ہو۔

فتاوی رضویہ ۲/۲۳۶

(۴) نشہ باز کے پاس ملائکہ رحمت نہیں آتے

۱۷۹۷۔ **عن** عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال : قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم : ثَلٰثَةٌ لَا تَقْرَبُهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ بِخَيْرٍ، اَلْجُنُبُ، وَالسَّكْرَانُ وَالْمُتَضَمِّخُ بِالْخَلُوْقِ ۔ فتاوی رضویہ ۲/۷۹

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تین لوگوں کے پاس رحمت کے فرشتے نہیں جاتے، جنبی، شراب وغیرہ کے نشہ میں مدہوش، خلوق پیلے رنگ کی خوشبو جو عورتوں کیلئے کیلئے خاص تھی اسکو استعمال کرنے والا ۔۱۲م

۱۷۹۶۔ المعجم الکبیر للطبرانی، ۷/ ۱۸۳ ☆ مجمع الزوائد، للھیثمی، ۵/۱۷۱
الجامع الصغیر للسیوطی، ۲/ ۵۳۰ ☆ کنز العمال للمتقی، ۱۳۱۵۶، ۵/۳۴۵
الکامل لابن عدی، ۲/۲۷ ☆
۱۷۹۷۔ مجمع الزوائد للھیثمی، ۵/۷۳ ☆ السلسلة الصحیحه للالبانی، ۱۸۰۴

۳۔ حد شرعی

(۱) حدود قائم کرنے میں احتیاط

۱۷۹۸۔ **عن** أم المؤمنين عائشة الصديقة رضى الله تعالىٰ عنها قالت: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: اِدْرَؤُا الْحُدُوْدَ عَنِ الْمُسْلِمِيْنَ مَا اسْتَطَعْتُمْ، فَاِنْ وَجَدْتُمْ لِمُسْلِمٍ مَخْرَجًا فَخَلُّوا سَبِيْلَهٗ، فَاِنَّ الْاِمَامَ اَنْ يُّخْطِئَ فِي الْعَفْوِ خَيْرٌ مِّنْ اَنْ يُّخْطِئَ فِي الْعُقُوْبَةِ۔

ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مسلمانوں سے جہاں تک بن پڑے حدود ٹالو۔ اگر کوئی خلاصی کی راہ دیکھو تو چھوڑ دو۔ کہ بیشک امام کا معافی میں خطا کرنا عقوبت میں خطا کرنے سے بہتر ہے۔ فتاوی رضویہ ۱۱/۱۶۳

(۲) زنا کی حد میں رعایت

۱۷۹۹۔ **عن** أبى امامة بن سهل بن حنيف رضى الله تعالىٰ عنه أنه أخبره بعض اصحاب رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم من الأنصار انه اشتكى رجل منهم حتى أضنى فعاد جلدة على عظم فدخلت عليه جارية لبعضهم، فهش لها فوقع عليها، فلما دخل عليه رجال قومه يعودونه أخبرهم بذلك فقال: استفتوا الى رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فانى قد وقعت على جارية دخلت علىّ، فذكروا ذلك لرسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم و قالوا: ما رأينا باحد من الناس من الضر مثل الذى هو به لو حملنا اليك لتسفخت عظامه، ما هو الا جلد على عظم فامر رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم أن يا خذوا له مائة شمراخ فيضربوه بها ضربة واحدة۔

۱۷۹۸۔ الجامع للترمذی، باب ما جاء فی درء الحدود، ۲/۱۷۱
الجامع الصغیر للسیوطی، ۱/۲۵ ☆ المستدرک للحاکم، ۴/۴۲۶
السنن الکبری للبیہقی، ۸/۲۳۸ ☆ کنز العمال للمتقی، ۱۲۹۷۱، ۵/۳۰۹
تاریخ بغداد للخطیب، ۵/۳۳۱ ☆ السنن للدار قطنی، ۳/۸۴
۱۷۹۹۔ السنن لابی داؤد، باب فی اقامۃ الحدود علی المریض، ۲/۶۱۴

حضرت ابو امامہ بن سہل بن حنیف رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ انکو ایک انصاری صحابی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بتایا کہ ایک انصاری ایسے سخت بیمار ہوئے کہ انکا چمڑا ہڈیوں سے چپک گیا۔ اسی درمیان ایک انصاری صحابی کی باندی کا گزر انکے پاس سے ہوا تو یہ اس سے زنا کر بیٹھے، جب کچھ لوگ انکے خاندانی انکی عیادت کے لئے آئے تو انہوں نے خود یہ واقعہ بتایا اور کہا: میرے لئے سرکار سے یہ مسئلہ معلوم کرو۔ لہذا سرکار سے تذکرہ کیا گیا اور یہ بھی کہا: اس جیسا کمزور شخص ہم نے نہیں دیکھا کہ آپکی خدمت میں انکولایا جائے تو انکی ہڈیاں ٹوٹ جائیں، وہ تو ایک ہڈی کا ڈھانچہ ہیں۔ یہ سنکر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حکم دیا کہ سوشاخوں والی ایک ٹہنی لیکر ایک بار مارو۔

فتاوی رضویہ ۴/۴۴۶

۱۸۰۰۔ **عن** سعید بن سعد بن عبادۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہم قال: کان بین ابیاتنا رجل مخدج ضعیف، فلم یرع الا وھو علی امۃ من آماء الدار یخبث بھا، فرفع شانہ سعد بن عبادۃ الی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فقال: اِجْلِدُوْهُ ضَرْبَ مِأَةَ سَوْطٍ! قالوا: یا نبی اللہ! ھو اضعف من ذلک، لو ضربناہ مائۃ سوط مات، قال: فَخُذُوْا لَهٗ عِثْكَالًا فِيْهِ مِأَةُ شَمْرَاخٍ فَاضْرِبُوْا ضَرْبَةً وَّاحِدَةً۔

حضرت سعید بن سعد بن عبادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے روایت ہے کہ ہماری بستی میں نہایت کمزور شخص رہتے تھے۔ وہ اپنے خاندان کے کسی شخص کی باندی سے زنا کر بیٹھے۔ حضرت سعد نے یہ معاملہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں پیش کیا۔ سرکار نے فرمایا: سوکوڑے لگاؤ۔ صحابہ نے عرض کیا: یا نبی اللہ! وہ نہایت کمزور ہیں۔ اگر سوکوڑے مارے گئے تو مر جائیں گے۔ فرمایا: اچھا سوشاخوں والی ایک کھجور کی ٹہنی لو اور ایک مرتبہ مارو۔

۱۸۰۱۔ **عن** سہل بن سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: ان ولیدۃ فی عھد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حملت من الزنا فسئلت من احبلک فقالت: احبلنی المقعد، فسئل فاعترف، فقال النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: اِنَّهٗ لَضَعِيْفٌ عَنِ الْجِلْدِ، فامر بماۃ عثکول وضربہ بھا ضربۃ واحدۃ۔

۱۸۰۰۔ السنن لابن ماجہ، باب الکبیر و المریض یجب علیہ الحد، ۲/۱۸۸

۱۸۰۱۔ کنز العمال للمتقی، ۱۳۵۰۴، ۵/۴۲۶

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک باندی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے عہد مبارک میں زنا سے حاملہ ہوگئی۔ اس سے جب پوچھا گیا تو اس نے مقعد نامی ایک شخص کے بارے میں بتایا۔ اس شخص نے اس فعل کا اعتراف کرلیا۔ تو سرکار نے اسکی کمزور حالت دیکھ کر فرمایا: سو شاخوں والا ایک گچھا لیکر ایک مرتبہ مارو۔

فتاوی رضویہ ۴/۴۴۶

۱۴

کتاب الہجرۃ والجہاد

ابواب

ا۔ ہجرت

(۱) بہتر ہجرت کیا ہے؟

۱۸۰۲۔ **عن** عمرو بن عبسة رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال : قلت لرسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم : ما الھجرۃ ؟ قال : أنْ تَهْجُرَ مَا كَرِهَ رَبُّكَ

حضرت عمرو بن عبسہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کیا: بہتر ہجرت کیا ہے؟ اس پر حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ کہ جو تمہارے رب کو ناپسند ہے اس سے کنارہ کرلو۔

فتاوی افریقہ ص ۳۷

(۲) دارالاسلام سے ہجرت نہ کرے

۱۸۰۳۔ **عن** عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم : لَا هِجْرَةَ بَعْدَ الْفَتْحِ ، وَلٰكِنْ جِهَادٌ وَّ نِيَّةٌ ، وَ إِنِ اسْتُنْفِرْتُمْ فَانْفِرُوْا۔

فتاوی رضویہ حصہ دوم ۹/۳۱۵

حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ

۱۸۰۲۔ السنن للنسائی، باب هجرة البادی، ۱۶۲/۲
السنن الکبری للبیهقی، ۲۴۳/۱۰ ☆ الترغیب و الترهیب للمنذری، ۲۷۹/۳
المسند لاحمد بن حنبل، ۳۸۵/۴ ☆

۱۸۰۳۔ الجامع الصحیح للبخاری، باب فضل الجهاد و السیر، ۳۹۰/۱
الصحیح لمسلم، باب المبایعة بعد الفتح، ۱۳۱/۲
الجامع للترمذی، باب ما جاء فی الهجرة، ۱۹۲/۱
السنن لابی داؤد، باب الهجرة هل انقطعت، ۲۳۶/۱
السنن للنسائی، باب ذکر الاختلاف فی انقطاع الهجرة، ۱۶۳/۲
المسند لاحمد بن حنبل، ۲۲۶/۱ ☆ السنن للدارمی، ۲۳۹/۲
المستدرک للحاکم، ۲۵۷/۲ ☆ شرح السنة للبغوی، ۳۷۱/۱۰
المعجم الکبیر للطبرانی، ۴۱۲/۱۰ ☆ الدر المنثور للسیوطی، ۲۸۸/۱
اتحاف السادة للزبیدی، ۴۰۶/۶ ☆ مجمع الزوائد للهیثمی، ۲۵۰/۵
کنز العمال للمتقی، ۴۵۰۵۴، ۱۰۹/۶ ☆ فتح الباری للعسقلانی، ۱۳۶/۱۰
الجامع الصغیر للسیوطی، ۵۸۶/۲ ☆ التاریخ الکبیر للبخاری، ۱۰۹/۷

علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: فتح مکہ کے بعد ہجرت نہیں۔ لیکن جہاد اور نیک نیتی کے ذریعہ ہجرت کا ثواب کسی جگہ بھی حاصل ہوسکتا ہے۔ اور جب تم سے جنگ کیلئے کہا جائے تو جنگ کرو۔ ۱۲ م

﴿۱﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

دار الاسلام سے ہجرت کا حکم نہیں۔ ہاں اگر کسی جگہ کسی عذر خاص کے سبب کوئی شخص اقامت فرائض سے مجبور ہو تو اسے جگہ کا بدلنا واجب ہے۔ مکان میں معذوری ہو تو مکان بدلے۔ محلہ میں معذوری ہو تو دوسرے محلہ میں چلا جائے۔ بستی میں معذوری ہو تو دوسری بستی میں جائے۔ فتاوی رضویہ ۲/۱

(۳) ہجرت ونیت کا حکم

۱۸۰۴۔ عن عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: قال رسول اللہ صلی

۱۸۰۴۔ الجامع الصحیح للبخاری، باب کیف کان بدء الوحی، ۲/۱
الصحیح لمسلم، باب انما الاعمال بالنیات، ۱۴۱/۲
السنن لابی داؤد، باب فی ما عنی بہ الطلاق و النیات، ۳۰۰/۱
الجامع للترمذی، باب ما جاء من یقاتل ریا الناس، ۱۹۸/۱
الجامع للترمذی، باب النیۃ فی الوضوء ۱۹۸/۱
السنن للنسائی، ۱۱/۱
السنن لابن ماجہ، ابواب الزھد، ۳۲۱/۱
المسند لاحمد بن حنبل، ۳۵/۱ ☆ السنن الکبری للبیہقی، ۴۱/۱
الترغیب و الترہیب للمنذری، ۵۶/۱ ☆ التفسیر لابن کثیر، ۳۴۵/۲
التمہید لابن عبدالبر، ۱۰۶/۷ ☆ روح المعانی للحقی، ۹۶/۳
حلیۃ الاولیاء لابی نعیم، ۳۴۲/۶ ☆ التفسیر للبغوی، ۴۳۱/۱
المسند للحمیدی، ۲۸ ☆ فتح الباری للعسقلانی، ۹/۱
شرح السنۃ للبغوی، ۴۰۱/۱ ☆ مشکوۃ المصابیح للتبریزی، ۱۱/۱
اتحاف السادۃ للزبیدی، ۳۸۰/۲ ☆ تلخیص الحبیر لابن حجر، ۵۵/۱
المغنی للعراقی، ۳۵۱/۴ ☆ البدایۃ و النہایۃ لابن کثیر، ۱۱۸/۱۰
تاریخ بغداد للخطیب، ۲۴۴/۴ ☆ تاریخ اصفہان لابن کثیر، ۱۵/۲
علل الحدیث لابن ابی حاتم، ۳۶۲ ☆ الصحیح لابن خزیمۃ، ۱۴۲
تاریخ دمشق لابن عساکر، ۴۰۳/۱ ☆ مسند الشہاب، ۱۱۷/۱
الزھد لابن المبارک، ۶۲ ☆ امالی الشجری، ۹/۱
جامع بیان العلم لابن عبدالبر، ۹۶/۳ ☆ منحۃ المعبود للساعاتی، ۱۹۹۷
السنن للدار قطنی، ۵۱/۱ ☆

اللہ تعالیٰ علیہ وسلم : اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّیَاتُ ، وَ اِنَّمَا لِاِمْرِءٍ مَا نَوٰی ، فَمَنْ کَانَتْ هِجْرَتُهٗ اِلَی اللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ فَهِجْرَتُهٗ اِلَی اللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ ،وَ مَنْ کَانَتْ هِجْرَتُهٗ اِلٰی دُنْیَا یُصِیْبُهَا اَوْ اِمْرَاَةٌ یَتَزَوَّجُهَا فَهِجْرَتُهٗ اِلٰی مَا هَاجَرَ اِلَیْهِ ۔

امیر المؤمنین حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اعمال کا دارومدار نیت پر ہے، اور ہر شخص کو وہی چیز حاصل ہو گی جیسی اسکی نیت ہے۔ چنانچہ ہجرت سے جسکا مقصود اللہ و رسول کی خوشنودی ہے تو اسکو یہ حاصل ہوگی۔ اوور جس کا مطلوب دنیا ہے، وہ اسے ملے گی، یا عورت سے شادی کرنا مقصود ہوگی تو اسکی ہجرت ویسی ہی ہے جیسی اسکی نیت ہے۔

فتاوی رضویہ جدید ۱/۴۴۳

۲۔ جہاد

(۱) جہاد کی فضیلت

۱۸۰۵۔ **عن** أبی هریرة رضی الله تعالیٰ عنه قال : قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: اُغْزُوْا تَغْنِمُوْا ، وَ صُوْمُوْا تَصِحُّوا ، وَ سَافِرُوْا تَسْتَغْنُوْا ـ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جہاد کرو غنیمت پاؤ گے، اور روزہ رکھو تندرست ہو جاؤ گے، اور سیر کرو غنی ہو جاؤ گے۔

فتاوی رضویہ ۲/۶۶۰

(۲) جہاد کی اہمیت

۱۸۰۶۔ **عن** عبد الله بن عمر رضی الله تعالیٰ عنهما قال : سمعت رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم یقول : اِذَا تَبَايَعْتُمْ بِالْعِيْنَةِ وَأَخَذْتُمْ اَذْنَابَ الْبَقَرِ وَ رَضِيْتُمْ بِالزَّرْعِ وَ تَرَكْتُمُ الْجِهَادَ سَلَّطَ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ ذُلًّا لَا يَنْزِعُهٗ حَتّٰى تَرْجِعُوْا اِلٰى دِيْنِكُمْ ـ

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے سنا: جب تم بطور عینہ خرید و فروخت کرو گے، اور بیلوں کی دموں کے پیچھے چلو گے، نیز جہاد چھوڑ کر کھیتی باڑی میں جاؤ گے تو اللہ تعالیٰ تم پر ذلت اتار دیگا جب تک کہ تم اپنے دین کی طرف نہ لوٹ آؤ۔

﴿۱﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

امام ابن حجر نے فرمایا: اسکی سند ضعیف ہے۔ اور امام احمد کے یہاں اسکی ایک سند اور

۱۸۰۵۔ الترغیب و الترهیب للمنذری، ۲/۸۳ ☆ التفسیر لابن کثیر، ۶/۲۰۱
الجامع الصغیر للسیوطی، ۱/۲۸٤ ☆ الدر المنثور للسیوطی، ۱/۱۸۲
المسند للعقیلی، ۲/۹۲ ☆

۱۸۰٦۔ السنن لابی داؤد، باب فی النهی عن العینة، ۱/٤۹۰
المسند لاحمد بن حنبل، ۲/٤۲ ☆ حلیة الاولیاء لابی نعیم، ٥/۲۰۹
الجامع الصغیر للسیوطی، ۱/۲۳۷ ☆ الترغیب و الترهیب للمنذری، ۲/۳۲۹
الدر المنثور للسیوطی، ۱/۲٤۸ ☆ السنن الکبری للبیهقی، ٥/۳۱٦
نصب الرایة للزیلعی، ٤/۲۷ ☆ الکامل لابن عدی،

ہے اس سے بہتر۔ ابوداؤد کی اس سند میں ابوعبدالرحمٰن خراسانی، اسحاق بن اسید انصاری ہیں ابن ابی حاتم نے کہا: وہ کچھ ایسے مشہور نہیں۔ اور ابوحاتم نے کہا: وہ جائز الحدیث ہیں۔ پھر کنیتوں میں انہیں دوبارہ ذکر کیا اور اس حدیث کو انکی احادیث منکرہ سے گنا۔ اور تقریب میں فرمایا: ان میں ضعف ہے۔ انتہی۔

بالجملہ یہ حدیث درجہ حسن سے نازل نہیں۔ اور بیشک امام سیوطی نے جامع صغیر میں اسکے حسن ہونے کی رمز لکھی۔ اور یہ حدیث بہت سندوں سے آئی جسکے لئے امام بیہقی نے اپنی سنن میں ایک فصل خاص وضع کی اور انکی علتیں بیان کیں۔

اقول: کلام فتح القدیر سے ظاہر ہے کہ امام محمد رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے اس حدیث کو حجت ٹھہرایا ہے۔ تو اس صوت میں وہ ضرور صحیح ہے۔ اس لئے مجتہد جب کسی حدیث سے استدلال کرے تو وہ اس حدیث کی صحت کا حکم ہے جیسا کہ محقق علی الاطلاق نے تحریر اور غیر نے غیر میں افادہ فرمایا۔

بہر حال (اس تمام تفصیل کے باوجود) حدیث میں بیع عینہ کی ممانعت پر کوئی دلالت نہیں۔ کیا اسکے ساتھ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اس ارشاد کو نہیں دیکھتے کہ جب تم بیلوں کی دمیں پکڑو یعنی کھیتی کرو، زراعت میں پڑو۔ اور معلوم ہے کہ کھیتی منع نہیں بلکہ وہ جمہور کے نزدیک جہاد کے بعد سب پیشوں سے افضل ہے اور بعض نے کہا: جہاد کے بعد تجارت پھر زراعت پھر حرفت۔ جیسا کہ وجیز کردری میں ہے۔

لہذا جب کہ عنایہ میں اس حدیث سے بیع عینہ کی مذمت پر دلیل لائے تو علامہ سعدی آفندی نے فرمایا: میں کہتا ہوں کہ اگر یہ دلیل صحیح ہو جائے تو زراعت بھی مذموم ہو جائے گی۔

فتاوی رضویہ ۷/۱۲۴

(۳) غزوۂ بدر کا انجام

۱۸۰۷۔ **عن** ابی طلحۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: ان نبی اللہ صلی اللہ تعالیٰ

۱۸۰۷۔ الجامع الصحیح للبخاری، باب قتل ابی جہل، ۲/۵۶۶

الصحیح لمسلم، باب عرض مقعد المیت من الجنۃ و النار، ۲/۳۸۷

المسند لاحمد بن حنبل، ۳/۱۴۵ ☆ فتح الباری للعسقلانی، ۷/۳۰۰

علیه وسلم أمر یوم بدر بأربعة و عشرین رجلا من صنادید قریش فقذفوا فی طوِیٍ من أطواء بدر خبیث بخبث ، و کان اذا ظهر علی قوم أقام بالعرصة ثلث لیال ، فلما کان ببدر الیوم الثالث أمر براحتله فشد علیها رحلها ثم مشی و اتبعه اصحابه و قالوا: ما نری ینطلق الالبعض حاجته حتی قام علی شقه الرکی فجعل ینادیهم بأسمائهم و أسماء آبائهم ، یَا فُلَانُ بْنُ فُلَانٍ! یَا فُلَانُ بْنُ فُلَانٍ ! أَیَسُرُّکُمْ أَنَّکُمْ أَطَعْتُمُ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ ؟ فَاِنَّا قَدْ وَجَدْنَا مَا وَعَدَنَا رَبُّنَا حَقًّا ، فَهَلْ وَجَدْتُمْ مَا وَعَدَ رَبُّکُمْ حَقًّا ؟ قال : فقال عمر :یا رسول الله! ما تکلم من أجساد لا أرواح لها ؟ فقال النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: وَ الَّذِیْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِیَدِهٖ ! مَا اَنْتُمْ بِاَسْمَعَ لِمَا أَقُوْلُ مِنْهُمْ ۔

حضرت ابوطلحہ انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بدر کے دن چوبیس سرداران کفار قریش کی لاشیں ایک ناپاک گندے کنویں میں پھکوادیں۔اور عادت کریمہ تھی جو مقام فتح فرماتے وہاں تین شب قیام فرماتے۔جب بدر میں تیسرا دن ہوا ناقہ شریف پر کجاوہ کسنے کا حکم دیا۔اور خود مع اصحاب کرام اس کنویں پر تشریف لے گئے۔اور ان کافروں کو نام بنام مع ولدیت پکار کر فرمایا: اے فلاں بن فلاں ! اے فلاں بن فلاں ! کیوں کیا اب تمہیں خوش آتا ہے کہ کاش اللہ ورسول کا حکم مانا ہوتا ؟ ہم نے تو پایا جو ہمارے رب نے ہمیں سچا وعدہ دیا۔کیا تمہیں بھی ملا جو تمہارے رب نے سچا وعدہ تم سے کیا ۔راوی کہتے ہیں: کہ حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! آپ ایسے جسموں سے گفتگو فرمارہے ہیں جن میں جان نہیں؟ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے یہ سنکر فرمایا: قسم اس ذات جس کے قبضہ میں محمد کی جان ہے! تم میرے فرمان کو ان سے زیادہ نہیں سن رہے۔ فتاوی افریقہ ۳۸

(۴) قومی حمیت کیلئے جنگ مذموم ہے

۱۸۰۸۔ **عن** أبی هریرة رضی الله تعالیٰ عنه قال : قال رسول الله صلی الله تعالیٰ

۱۸۰۸۔ الصحیح لمسلم،	باب وجوب ملازمة المسلمین،	۱۲۷/۲
السنن للنسائی،	کتاب لمحاربة،	۱۷۵/۲
السنن لابن ماجه،	ابواب الفتن،	۲۹۱/۲

علیه وسلم: مَنْ قَاتَلَ تَحْتَ رَايَةٍ عِمِّيَّةٍ يَغْضِبُ لِعَصْبَةٍ أَوْ يَدْعُوْ إِلىٰ عَصْبَةٍ أَوْ يَنْصُرُ عَصْبَةً فَقُتِلَ فَقِتْلَةٌ جَاهِلِيَّةٌ ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو کسی اندھے جھنڈے کے نیچے لڑے کہ قومی حمیت شیوہ جاہلیت کیلئے غضب کرے، یا عصبت کی طرف بلائے، یا عصبت کی مدد کرے اور مارا جائے تو ایسا ہے جیسے کوئی جاہلیت وزمانہ کفر عفلت میں قتل کیا جائے۔　　دوام العیش ۸۵

۱۸۰۹۔ **عن** أبي هريرة رضي الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: مَنْ قُتِلَ تَحْتَ رَايَةٍ عِمِّيَّةٍ يَغْضِبُ لِلْعَصْبَةِ وَيُقَاتِلُ لِلْعَصْبَةِ فَلَيْسَ مِنْ أُمَّتِي ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو کسی اندھے جھنڈے کے نیچے لڑے اور قومی حمیت کیلئے غضبناک ہو جایا کرے، اور قومی حمیت کیلئے ہی جنگ کرے تو وہ میری امت سے نہیں۔

۱۸۱۰۔ **عن** جبير بن مطعم رضي الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: لَيْسَ مِنَّا مَنْ دَعَا إِلىٰ عَصَبِيَّةٍ، وَلَيْسَ مِنَّا مَنْ قَاتَلَ عَصَبِيَّةً، وَلَيْسَ مِنَّا مَنْ مَاتَ عَلىٰ عَصَبِيَّةٍ ۔

حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ہمارے گروہ سے نہیں جو قومی حمیت کی طرف بلائے، ہم سے نہیں جو قومی حمیت کیلئے لڑے، اور ہم سے نہیں جو عصبت پر مرے۔　　دوام العیش ۸۵

۱۸۰۹۔ الصحیح لمسلم، باب وجوب ملازمة جماعة المسلمين، ۱۲۸/۲
المسند لاحمد بن حنبل، ۳۰۶/۲

۱۸۱۰۔ السنن لابی داود، باب فی العصبية، ۶۹۸/۲
شرح السنة للبغوی، ۱۲۲/۱۳ ☆ مشکوة المصابيح للتبریزی، ۴۹۰۷
الکامل لابن عدی، ☆

(۵) سفر جہاد پنجشنبہ کو بہتر ہے

۱۸۱۱۔ **عن** کعب بن مالك رضی الله تعالیٰ عنه قال : ان النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم خرج یوم الخمیس فی غزوة تبوك ، وکان یحب ان یخرج یوم الخمیس ۔

حضرت کعب بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم غزوۂ تبوک کیلئے جمعرات کو تشریف لے گئے ۔ اور جمعرات کو سفر کرنا آپکو پسند تھا۔۱۲م فتاوی رضویہ ۴/۱۹۴

(۶) جنگ میں مثلہ نہ کرو

۱۸۱۲۔ **عن** اُم المؤمنین عائشة الصدیقة رضی الله تعالیٰ عنها قالت : قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : لَا اُمَثِّلُ بِهٖ فَیُمَثِّلُ اللّٰهُ بِیْ یَوْمَ الْقِیَامَةِ ۔

ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو یہاں مثلہ کریگا روز قیامت اللہ تعالیٰ مثلہ بنائے گا۔

۱۸۱۳۔ **عن** صالح بن کیسان رضی الله تعالیٰ عنه قال : قال ابو بکر الصدیق رضی الله تعالیٰ عنه لیزید بن سفیان رضی الله تعالیٰ عنهما اذا ارسل لا مارة العسکر : لا تغدر ولا تمثل ولا تجبن ولاتغلل ۔

حضرت صالح بن کیسان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ امیر المؤمنین سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت یزید بن سفیان رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو لشکر کی سپہ سالاری کیلئے بھیجتے وقت وصیت فرمائی ۔ نہ عہد توڑنا، نہ مثلہ کرنا، نہ بزدلی اور خیانت کرنا۔

فتاوی رضویہ حصہ اول ۱۰/۱۳۲

۱۸۱۱۔ الجامع الصحیح للبخاری، باب من احب الخروج یوم الخمیس، ۴۱۴/۱
المسند لاحمد بن حنبل، ۳۸۷/۶ ☆ المصنف لعبد الرزاق، ۹۷۴۴
تاریخ دمشق لابن عساکر، ۱۰۹/۱ ☆ کنز العمال للمتقی، ۱۸۱۶۳، ۱۰۱/۷
۱۸۱۲۔ کنز العمال للمتقی، ۱۳۴۴۷، ۴۰۸/۵ ☆ البدایة و النهایة لابن کثیر، ۳۱۰/۳
۱۸۱۳۔ السنن الکبری للبیهقی،

۱۵

کتاب الخلافۃ

ابواب

ا۔ خلافت

(۱) امامت وخلافت

۱۸۱٤۔ **عن** عبد الله بن سبع رضی الله تعالیٰ عنه قال : قالوا لعلی کرم الله تعالیٰ وجهه الکریم : استخلف علینا، قال : لا، ولکن اترککم الی ما ترککم الیه رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم ۔

حضرت عبداللہ بن سبع رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ لوگوں نے امیر المؤمنین حضرت علی مرتضی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے عرض کیا: آپ ہم پر کسی کو خلیفہ بنا دیجئے ۔ فرمایا: نہیں، میں کسی کو خلیفہ نہ کرونگا بلکہ یونہی چھوڑ دونگا جیسے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم چھوڑ گئے تھے۔ فتاوی رضویہ ۱۱/۱۴۲

۱۸۱۵۔ **عن** صعصعة بن صوحان رضی الله تعالیٰ عنه قال : خطبنا علی رضی الله تعالیٰ عنه حین ضربه ابن ملحم فقلنا : یا امیر المؤمنین !استخلف علینا فقال : اترککم کما ترکنا رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم ،قلنا : یا رسول الله ! استخلف علینا ! فقال : ان یعلم الله فیکم خیرا یول علیکم خیارکم ، قال علی کرم الله تعالیٰ وجهه الکریم : فعلم الله فینا خیرا فولی علینا ابا بکر رضی الله تعالیٰ عنه ۔

حضرت صعصعہ بن صوحان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ امیر المؤمنین حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ جہہ الکریم نے اپنے آخری وقت جب ابن ملجم نے آپ پر حملہ کیا تھا، خطبہ دیا ۔ہم نے عرض کیا: اے امیر المؤمنین! آپ ہم پر کسی کو خلیفہ نامزد فرمادیں ۔فرمایا: میں تم کو اسی طرح چھوڑوں گا جس طرح حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہمیں چھوڑا تھا ۔ہم نے بھی حضور سے یہی عرض کیا تھا کہ یا رسول اللہ! ہم پر کسی کو خلیفہ نامزد فرمادیں ۔ارشاد فرمایا: نہ، اگر اللہ تعالیٰ تم میں بھلائی جانے گا تو جو تم میں سب سے بہتر ہے اسے تم پر والی فرمائے گا۔ حضرت مولی علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم نے ارشاد فرمایا: رب العزت جل وعلا نے ہم میں

۱۸۱٤۔ المسند لاحمد بن حنبل، ۱/۳۰۹ ☆ کنز العمال للمتقی، ۳۱۶۵۰، ۱۱/۳۲۸

۱۸۱۵۔ المستدرک للحاکم، ۳/۱۵۶ ☆

بھلائی جانی پس ابوبکر کو ہمارا والی فرمایا۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین۔

(۲) شیخین کی خلافت حضرت مولی علی کے نزدیک حق تھی

۱۸۱۶۔ **عن** الحسن البصری رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: سأل رجلان عن علی کرم اللہ تعالیٰ وجهه الکریم فی عهده، اعهد عهده الیك النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم أم رأی رأیته؟ قال: بل رأی رأیته، أمّا أن یکون عندی عهد من النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم عهده الی فی ذلك فلا و اللہ! لئن کنت صدقت اول الناس فلا أفتری علیه کذلك، و لو کان عندی منه عهد فی ذلك ما ترکت اخا بنی تمیم بن مرة و عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنهما یثوبان علی منبره، و لقاتلتهما ما بیدی و لو لم أجد الا بردتی هذه، و لکن رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم لم یقتل قتلا و لم یمت فجاءة، مکث فی مرضه ایاما و لیالی، یاتیه المؤذن یؤذنه بالصلوة فیامر أبا بکر فیصلی بالناس و هو یری مکانی، ثم یاتیه المؤذن فیؤذن بالصلوة فیامر أبا بکر فیصلی بالناس و هو یری مکانی، و لقد ارادت امرأة من نسائه تصرفه عن أبی بکر فابی و غضب و قال: انتن صواحب یوسف، مروا أبا بکر فلیصل بالناس! فلما قبض رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم نظرنا فی أمورنا فأخترنا لدنیانا من رضیه رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم لدیننا، و کانت الصلوة عظم الإسلام و قوام الدین، فبایعنا ابا بکر رضی اللہ تعالیٰ عنه و کان لذلك أهلا لم یختلف علیه منا اثنان۔ قال: فادیت الی أبی بکر حقه و عرفت له طاعته و غزوت معه فی جنوده، و کنت آخذ اذا أعطانی و أغزو اذا غزانی، و أضرب بین یدیه الحدود بسوطی، ثم قال: لعمر و عثمان هکذا۔

حضرت امام حسن بصری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ دو شخصوں نے امیر المؤمنین حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے انکے زمانۂ خلافت میں دربارۂ خلافت سوال کیا کہ کیا یہ کوئی عہد و قرارداد حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف سے ہے یا آپ کی رائے ہے۔ فرمایا: بلکہ ہماری رائے ہے۔ رہا یہ کہ اس باب میں میرے لئے حضور پرنور صلی

۱۸۱۶۔ تاریخ دمشق لابن عساکر،
الصواعق المحرق لابن حجر مکی،

اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کوئی عہد وقرارداد فرمایا ہو سوایسا نہیں۔ اگر سب سے پہلے میں نے حضور کی تصدیق کی تو میں سب سے پہلے حضور پر افترا کرنے والا نہ ہوں گا۔ اور اگر اس باب میں حضور والا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف سے میرے پاس کوئی عہد ہوتا تو میں ابوبکر وعمر کو منبر اطہر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر جست نہ کرنے دیتا۔ اور بیشک اپنے ہاتھ سے ان سے قتال کرتا اگر چہ میں اپنی اس چادر کے سوا کسی کو ساتھی نہ پاتا۔ بات یہ ہوئی کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم معاذ اللہ قتل نہ ہوئے، نہ یکا یک انتقال فرمایا۔ بلکہ کئی دن رات حضور کو مرض میں گذرے۔ مؤذن آتا اور نماز کی اطلاع دیتا۔ حضور ابوبکر کو امامت کا حکم فرماتے حالانکہ میں حضور کے پیش نظر موجود ہوتا۔ پھر مؤذن آتا اور اطلاع دیتا۔ حضور ابوبکر ہی کو امامت کا حکم دیتے حالانکہ میں کہیں غائب نہ تھا۔ اور خدا کی قسم! ازواج مطہرات میں سے ایک بی بی نے اس معاملہ کو ابوبکر سے پھیرنا چاہا تھا لیکن حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اسکو نہ مانا اور غضب فرمایا۔ کہ تم وہی یوسف والیاں ہو۔ ابوبکر کو حکم دو کہ امامت کریں۔ پس جبکہ حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انتقال فرمایا۔ ہم نے اپنے کاموں میں نظر کی تو اپنی دنیا یعنی خلافت کیلئے اسے پسند کرلیا جسے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہمارے دین یعنی نماز کیلئے پسند فرمایا تھا۔ کہ نماز تو اسلام کی بزرگی اور دین کی درستی تھی۔ لہذا ہم نے ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بیعت کرلی اور وہ اسکے لائق تھے۔ ہم میں کسی نے اس بارے میں اختلاف نہ کیا۔ یہ سب کچھ ارشاد فرما کر حضرت مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم نے فرمایا: پس میں نے ابوبکر کو انکا حق دیا اور انکی اطاعت لازم جانی۔ اور انکے ساتھ ہو کر انکے لشکروں میں جہاد کیا۔ جب وہ مجھے بیت المال سے کچھ دیتے میں لے لیتا۔ اور جب مجھے لڑائی پر بھیجتے میں جاتا اور انکے سامنے تازیانے سے حد لگاتا۔ پھر بعینہ یہی مضمون امیر المؤمنین حضرت عمر فاروق اعظم اور امیر المؤمنین حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی نسبت ارشاد فرمایا۔ فتاوی رضویہ ۱۱/۱۴۳

(۳) خلیفہ قریشی ہی ہوگا

۱۸۱۷۔ **عن** أنس بن مالك رضى الله تعالىٰ عنه قال : قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم : اَلْأَئِمَّةُ مِنْ قُرَيْشٍ ۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تمام خلیفہ قریشی ہونگے۔

دوام العیش، ۶۱ اراءۃ الادب، ۷

۱۸۱۸۔ **عن** معاوية بن ابى سفيان رضى الله تعالىٰ عنهما قال : قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: إِنَّ هٰذَا الْأَمْرَ فِي قُرَيْشٍ ، لَا يُعَادِيْ بِهِمْ أَحَدٌ إِلَّا أَكَبَّهُ اللّٰهُ عَلٰى وَجْهِهٖ فِي النَّارِ ۔

حضرت امیر معاویہ بن ابو سفیان رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بیشک خلافت قریش میں ہے۔۔ جو ان سے بیر رکھے گا اللہ تعالیٰ اسے منہ کے بل جہنم میں اوندھا کردے گا۔

۱۸۱۷۔ المسند لاحمد بن حبل، ۱۸۳/۳ ☆ السنن الكبرىٰ للبيهقى، ۱۲۱/۳
الجامع الصغير للسيوطى، ۱۸۶/۱ ☆ المستدرك للحاكم، ۷۶/۴
المعجم الكبير للطبرانى، ۲۲۴/۱ ☆ فتح البارى للعسقلانى، ۳۲/۷
المعجم الصغير للطبرانى، ۱۵۳/۱ ☆ مجمع الزوائد للهيثمى، ۱۹۲/۵
كنز العمال للمتقى، ۴۷۹۲، ۴۸/۶ ☆ تاريخ دمشق لابن عساكر، ۶۲/۱
المغنى للعراقى، ۱۱۴/۱ ☆ تلخيص الحبير لابن حجر، ۴۲/۴
ارواء الغليل للالبانى، ۲۹۸/۲ ☆ حلية الاولياء لابى نعيم، ۸/۵
الترغيب و الترهيب للمنذرى، ۱۷۰/۳ ☆ المصنف لابن ابى شيبة، ۱۷۰/۱۳
منحة المعبود للساعاتى، ۲۵۹۶ ☆ جمع الجوامع للسيوطى، ۱۰۲۶۴
كشف الخفاء للعجلونى، ۳۱۸/۱ ☆ علل الحديث لابن ابى حاتم، ۲۷۹۹
لسان الميزان لابن حجر، ۱۲۸۶/۵ ☆ الكنى و الاسماء للدولابى، ۱۰۶/۱
السنة لابن ابى عاصم، ۵۳۱/۲ ☆ الدر المنثور للسيوطى، ۳۹۹/۶
البدر المنتشرة للسيوطى، ۵۶ ☆ تاريخ اوسط، ۷۰
۱۸۱۸۔ الجامع الصحيح للبخارى، باب الامراء من قريش، ۱۰۵۷/۲
الصحيح لمسلم، باب الناس تبع لقريش، ۱۱۹/۲
المسند لاحمد بن حنبل، ۹۲/۵ ☆

۱۸۱۹۔ **عن** أبی موسیٰ الاشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال : قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم : إِنَّ هٰذَا الْأَمْرَ فِي قُرَيْشٍ۔

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بیشک خلافت کا معاملہ قریش ہی میں رہے گا۔۱۲م

۱۸۲۰۔ **عن** أمیر المؤمنین علی المرتضی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم قال : قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم : أَلَا إِنَّ الْأُمَرَآءَ مِنْ قُرَيْشٍ۔

امیر المؤمنین حضرت علی مرتضی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: سن لو امراء و حکام اسلام قریشی ہیں۔

۱۸۲۱۔ **عن** أبی موسیٰ الاشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال : قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: اَلْأُمَرَآءُ مِنْ قُرَيْشٍ ، اَلْأُمَرَآءُ مِنْ قُرَيْشٍ۔

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: امراء قریشی ہیں، امراء قریشی ہیں۔

۱۸۲۲۔ **عن** أمیر المؤمنین أبی بکر الصدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال :قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: قُرَيْشٌ وُلَاةُ هٰذَا الْأَمْرِ۔

اراءۃ الادب ۸

امیر المؤمنین سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اسلامی حکومت کے والی قریشی ہیں۔

۱۸۱۹۔ المسند لاحمد بن حنبل، ۲۹۶/۴ ☆ فتح الباری للعسقلانی، ۱۱۴/۱۳
السنن الکبری للبیہقی، ۱۴۲/۸ ☆ المعجم الکبیر للطبرانی، ۳۳۸/۱۹
الترغیب والترہیب للمنذری، ۱۷۱/۲ ☆ کنز العمال للمتقی، ۳۳۷۹۹، ۲۳/۱۲
۱۸۲۰۔ مجمع الزوائد للہیثمی، ۱۹۲/۵ ☆ فتح الباری للعسقلانی، ۱۱۴/۱۳
کنز العمال للمتقی، ۳۷۹۸۰، ۷۶/۱۴ ☆ المطالب العالیۃ، ۲۰۵۵
۱۸۲۱۔ الجامع الصحیح للبخاری، باب الامراء من قریش، ۱۰۵۷/۲
المسند لاحمد بن حنبل، ۴۲۱/۴ ☆
۱۸۲۲۔ مجمع الزوائد للہیثمی، ۱۹۱/۵ ☆ کنز العمال للمتقی، ۳۳۷۹۵، ۲۳/۱۲
الجامع الصغیر للسیوطی، ۲۸۱/۲ ☆ فتح الباری للعسقلانی، ۳۱/۷

۱۸۲۳۔ **عن** عبد اللہ بن خطب رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: قَدِّمُوْا قُرَیْشًا وَ لَا تَقَدَّمُوْھَا۔

حضرت عبد اللہ بن خطب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: قریش کو تقدیم دو اور قریش پر تقدیم نہ کرو۔ اراءۃ الادب ص ۸

﴿۲﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

صحابۂ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین نے اس پر اجماع کیا تو دلیل قطعی ہوگئی جس سے یقین حاصل ہوا کہ خلافت کے لئے قریشی ہونا بیشک شرط ہے۔ فتاوی رضویہ ۲/۸

۱۸۲۴۔ **عن** أبی ہریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: اِنَّ الْمُلْکَ فِی قُرَیْشٍ۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بیشک سلطنت قریش میں ہے۔ دوام العیش، ۶۱

۱۸۲۵۔ **عن** أبی ہریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: اَلنَّاسُ تَبَعٌ لِقُرَیْشٍ فِی ھٰذَا الْاَمْرِ۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: سب لوگ خلافت کے مسئلہ میں قریش کے تابع ہیں۔

۱۸۲۶۔ **عن** عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال: قال رسول اللہ صلی

۱۸۲۳۔ مجمع الزوائد للھیثمی، ۱۰/۲۵ ☆ اتحاف السادۃ للزبیدی، ۲/۲۲۱
کنز العمال للمتقی، ۱۳۷۹۱، ۵/۵۲۱ ☆ تلخیص الحبیر لابن حجر، ۲/۳۶
الجامع الصغیر للسیوطی، ۲/۳۸۰ ☆ کشف الخفاء للعجلونی، ۲/۱۴۰
۱۸۲۴۔ علل الحدیث لابن ابی حاتم، ۲۶۰۷ ☆
۱۸۲۵۔ المسند لاحمد بن حنبل، ۲/۲۶۱ ☆ المصنف لابن ابی شیبۃ، ۱۲/۱۶۹
السنۃ لابن ابی عاصم، ۲/۵۳۴ ☆
۱۸۲۶۔ المسند لاحمد بن حنبل، ۲/۲۹ ☆ شرح السنۃ للبغوی، ۱۴/۶۰
اتحاف السادۃ للزبیدی، ۲/۱۳۱ ☆ کنز العمال للمتقی، ۱۴۷۹۴، ۶/۴۹
مشکوۃ المصابیح للتبریزی، ۵۹۷۲ ☆ السنۃ لابن ابی عاصم، ۲/۵۳۶
البدایۃ و النہایۃ لابن کثیر، ۱/۱۵۳ ☆
یہ حدیث صحیح ہے۔ دوام العیش، ص ۶۵

اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: لَا یَزَالُ هٰذَا الْأَمْرُ فِی قُرَیْشٍ مَا بَقِیَ اِثْنَانٌ ۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: خلافت ہمیشہ قریش کے لئے ہے جب تک دنیا میں دو آدمی بھی باقی رہیں۔

﴿۲﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

اہل سنت کے مذہب میں خلافت شرعیہ کے لئے ضرور قرشیت شرط ہے۔ اس بارے میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے متواتر حدیثیں ہیں۔ اسی پر صحابہ کا اجماع، تابعین کا اجماع، اور اہل سنت کا اجماع ہے۔ اس میں مخالف نہیں مگر خارجی یا کچھ معتزلی۔ کتب عقائد و کتب حدیث و کتب فقہ اس سے مالا مال ہیں۔ بادشاہ غیر قرشی کو سلطان، امام، امیر، والی۔ اور ملک کہیں گے مگر شرعا خلیفہ یا امیر المؤمنین کہ یہ بھی عرفاً اسی کا مرادف ہے ہر بادشاہ قرشی کو نہیں کہہ سکتے جو ساتوں شرائط خلافت اسلام، عقل، بلوغ، حریت، ذکورت، قدرت، اور قرشیت کا جامع ہو کر تمام مسلمانوں کا فرماں روائے اعظم ہو۔ ائمہ کرام اس پر صحابہ و تابعین و سلف صالحین رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین سے اب تک تمام اہل سنت کا اجماع بتاتے ہیں اور اسی بناپر کتب عقائد میں اسے مسئلہ قطعیہ یقینیہ فرماتے ہیں۔ اسکے مقابل اگر کسی صحابی سے کوئی اثر ملے تو اگر وہ انعقاد اجماع سے پہلے کی گفتگو ہے اس سے نقض اجماع جنون خالص ہے ۔یونہی اگر تاریخ معلوم نہ ہو۔ اور اگر بعد کی ہے اور سند صحیح نہیں تو آپ ہی مردود ہے اور صحیح و قابل تاویل ہے تو واجب التاویل ۔ ورنہ شاذ روایت اجماع کے مقابل قطعاً مضمحل نہ کہ اس سے الٹا اجماع باطل۔

قریش میں حصر خلافت کی احادیث بیشک متواتر ہیں۔ بہت متکلمین کی نظر احادیث پر زیادہ وسیع نہ تھی کہ یہ فن دوسرا ہے۔ انہوں نے خبر واحد سمجھا تو ساتھ ہی قبول صحابہ سے قطعی یقینی بنادیا۔ مگر مسامرہ میں ہے کہ حافظ الحدیث امام عسقلانی نے ایک حدیث ”الائمۃ من قریش“ کو چالیس کے قریب صحابۂ کرام سے مروی دکھایا اور اس میں مستقل رسالہ تصنیف فرمایا۔ جسکا نام امام سخاوی نے مقاصد حسنہ میں ”لذۃ العیش فی طرق حدیث الائمۃ من قریش“ بتایا ۔یہ عدد صحابۂ کرام میں یقینا تواتر ہے۔ یہ ایک حدیث کا حال تھا اسی مدعا پر اور

احادیث علاوہ۔ دوام العیش ص ۷۷

(۴) اسلام میں بارہ خلفاء ہونگے

۱۸۲۷۔ عن جابر بن سمرة رضى الله تعالىٰ عنه قال : قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: لَا يَزَالُ أَمْرُ النَّاسِ مَاضِيًا مَاوَ لِيَهُمْ اِثْنَا عَشَرَ رَجُلًا كُلُّهُمْ مِنْ قُرَيْشٍ ۔

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: لوگوں کا معاملہ اس وقت تک بحسن وخوبی چلتا رہے گا جب تک بارہ خلفاء کا زمانہ رہے گا اور وہ سب قرشی ہوں گے۔۱۲م

۱۸۲۸۔ عن عبد الله بن مسعود رضى الله تعالىٰ عنه قال : انه سئل كم يملك هذه الا مة من خليفة ؟ فقال : سألنا عنها رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فقال : اِثْنَا عَشَرَ كَعِدَّةِ نُقَبَآءِ بَنِي اِسْرَآئِيلَ۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے پوچھا گیا کہ اس امت میں کتنے خلفاء ہونگے۔فرمایا: ہم نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اس سلسلہ میں معلوم کیا تھا تو حضور نے فرمایا: بنو اسرائیل کے نقباء کی تعداد کے مطابق بارہ خلفاء ہونگے۔۱۲م

۱۸۲۹۔ عن جابر بن سمرة رضى الله تعالىٰ عنه يقول : سمعت رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يقول : لَا يَزَالُ الْاِسْلَامُ عَزِيْزًا اِلىٰ اِثْنَيْ عَشَرَ خَلِيْفَةً ۔

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا اسلام بارہ خلفاء تک غالب رہے گا۔۱۲م

۱۸۳۰۔ عن أبى جحيفة رضى الله تعالىٰ عنه قال : قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: لَا يَزَالُ أَمْرُ أُمَّتِيْ صَالِحًا حَتّٰى يَمْضِيَ اِثْنَا عَشَرَ خَلِيْفَةً ۔

۱۸۲۸۔ المعجم الكبير للطبرانى، ۱۰/۳۴۶ ☆ كنز العمال للمتقى، ۳۳۸۵۷، ۱۲/۳۳

۱۸۲۹۔ الصحيح لمسلم، باب الناس ، تبع لقريش، ۲/۱۸۹

المسند لاحمد بن حنبل، ۵/۹۰ ☆ مشكوة المصابيح للتبريزى، ۵۹۷۴

كنز العمال للمتقى، ۳۳۸۵۱، ۱۲/۳۲ ☆ فتح البارى للعسقلانى، ۱۳/۲۱۱

۱۸۳۰۔ المعجم الكبير للطبرانى، ۲/۱۹۹ ☆ المسند لاحمد بن حنبل ، ۵/۸۶

دلائل النبوة للبيهقى، ۶/۳۲۴ ☆

حضرت ابو جحیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میری امت کا معاملہ بارہ خلفاء تک اچھا رہے گا۔۱۲م

۱۸۳۱۔ **عن** جابر بن سمرة رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال : قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: لَایَزَالُ الدِّیْنُ قَائِمًا حَتّٰی یَکُوْنَ اِثْنَا عَشَرَ خَلِیْفَةً مِّنْ قُرَیْشٍ۔

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: دین اسلام اس وقت تک قائم و دائم رہے گا جب تک بارہ قرشی خلفاء ہونگے۔۱۲م

﴿۳﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

اصل یہ ہے کہ امور غیب میں اللہ و رسول جل وعلا و صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جتنی بات بیان فرمائیں اتنی یقیناً حق ہے۔ اور جس قدر ذکر نہ فرمائیں اسکی طرف یقین کی راہ نہیں۔ کہ غیب بے خدا و رسول کے بتائے معلوم نہیں ہوسکتا۔ لہذا اس حدیث مسلم کے معنی میں زمانہ تابعین سے اشتباہ رہا۔ مہلب نے فرمایا: لم الق احدا یقطع فی ھذا الحدیث بمعنی، میں نے کوئی ایسا نہ پایا کہ اس حدیث کی کوئی مراد قطعی بتاتا۔ امام قاضی عیاض مالکی نے شرح صحیح مسلم میں بہت احتمالات بتا کر فرمایا: و قد یحتمل وجوھا اخر و اللہ اعلم بمراد نبیہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یعنی اسکے سوا حدیث میں اور احتمالات بھی نکل سکتے ہیں۔ اور اللہ تعالیٰ اپنے نبی کی مراد خوب جانتا ہے۔ جل وعلا و صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

امام ابن الجوزی کشف المشکل میں لکھتے ہیں۔

قد اطلت البحث عن معنی ھذا الحدیث، و طلبت مظانہ و سألت عنہ فلم اقع علی المقصود بہ۔

میں نے مدتوں اس حدیث کے معنی کی تفتیش کی۔ اور جہاں جہاں گمان تھا وہ کتابیں دیکھیں۔ اپنے زمانہ کے ائمہ سے سوال کئے۔ مگر مراد متعین نہ ہوئی۔

اور ہو کیونکر، کہ جس غیب کی اللہ و رسول تفصیل نہ فرمائیں اسکی تفصیل قطعا کیونکر معلوم

۱۸۳۱۔ المسند للحاکم، ۶۱۸/۲ ☆ مجمع الزوائد للهیثمی، ۱۹۰/۵
کنز العمال للمتقی، ۳۳۸۴۹، ۳۲/۱۲ ☆ فتح الباری للعسقلانی، ۲۱۱/۱۳

ہو۔ ہاں لوگ لگتے لگاتے ہیں جن میں سے کسی پر یقین نہیں البتہ یہ معیار صحیح ہے کہ حدیث میں جونشان ان بارہ خلفاء کے ارشاد ہوئے جس معنی میں وہ نہ پائے جائیں باطل ہے۔ اور جس میں پائے جائیں وہ احتمالی طور پر مسلم ہوگا نہ کہ یقینی۔

احادیث باب میں انکے نشان یہ ہیں۔ سب قرشی ہوں گے۔ وہ سب بادشاہ اور والیان ملک ہوں گے۔ ان کے زمانہ میں اسلام قوی ہوگا۔ ان کا زمانہ صلاح ہوگا۔ ان پر اجماع امت ہوگا، یعنی اہل حل وعقد انہیں والی ملک وخلیفہ اصدق مانیں گے۔ وہ سب ہدایت ودین حق پر عمل کریں گے۔ ان میں سے دو اہل بیت رسالت سے ہوں گے۔

لگتے لگانے والوں میں جس نے سب طرق حدیث نہ دیکھے ایک آدھ طرق کو دیکھ کر کوئی احتمال نکال دیا۔ جیسے ابوالحسین بن مناوی نے یہ معنی لئے کہ ایک وقت میں ۱۲ خلیفہ ہوں گے۔ یعنی اس قدر اختلاف یہ فقط اس لفظ مجمل بخاری پر بن سکتا تھا۔ اور دیگر الفاظ دیکھئے تو کہاں اس درجہ افتراق اور کہاں اجتماع۔ اور ایسی حالت میں اسلام کے قوی وغالب وقائم اور امر امت کے صالح ہونے کے کیا معنی؟

اسی قبیل سے علی قاری کا یہ زعم باتباع ابن حجر شافعی ہے کہ صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے آخر ولاۃ بنی امیہ تک ۱۲ ہوئے اور ان میں یزید پلید علیہ ماعلیہ کو بھی گنا دیا۔

حالانکہ اس خبیث کے زمانہ کو قوت دین وصلاح سے کیا تعلق۔ یہ احادیث دیکھ کر اس قول کی گنجائش نہ ہوتی۔ مگر صرف ۱۲ سلطنتیں نگاہ میں تھیں۔ اور حق یہ کہ اس خبیث پر اجماع اہل حل وعقد کب ہوا۔ ریحانۂ رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سیدنا امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ اسکے دست ناپاک پر بیعت نہ کرنے ہی کے باعث شہید ہوئے۔ اہل مدینہ نے اس پر خروج کیا۔ عبداللہ بن حنظلہ غسیل الملائکہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔

واللہ ! ما خرجنا علی یزید حتی خفنا ان نری بالحجارۃ من السماء ، ان رجلا ینکح امہات الاولاد و البنات و الاخوات یشرب الخمر و یدع الصلوۃ ،

خدا کی قسم! ہم نے یزید پر خروج نہ کیا جب تک یہ خوف نہوا کہ آسمان سے پتھر آئیں۔ ایسا شخص کہ بہن بیٹی کی آبروریزی کرے۔ شراب پئے اور تارک صلوۃ ہو۔

غرض جمیع طرق حدیث سے یہ قول باطل ہے۔ حدیث میں کہیں نہیں کہ وہ سب

بلافصل یکے بعد دیگرے ہوں گے۔ان میں سے آٹھ گذر گئے۔صدیق اکبر،فاروق اعظم،عثمان غنی،علی مرتضی،حسن مجتبیٰ،امیر معاویہ،عبد اللہ بن زبیر،عمر بن عبد العزیز۔اورایک یقیناً آنے والے ہیں۔حضرت امام مہدی رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین۔باقی کی تعیین اللہ ورسول کے علم میں ہے۔

عجب عجب ہزار عجب،کہ ان میں حضرت عبد اللہ بن زبیر رضی اللہ تعالی عنہما کو کہ صحابی بن صحابی ہیں،امام عادل ہیں،رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بھتیجے ہیں۔صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے نواسہ ہیں،احد العشرۃ المبشرۃ کے صاحبزادے ہیں شمار نہ کئے جائیں۔اوروہ خبیث ناپاک معدود ہو جسے امیر المؤمنین کہنے پر امیر المؤمنین حضرت عمر بن عبد العزیز رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ایک شخص کو بیس تازیانے لگوائے۔ نسأل العفو او العافیة ۔عبد اللہ بن زبیر بھی درکنار خود امام حسن مجتبیٰ کو نہ گنا کہ انکی خلافت کا زمانہ قلیل تھا۔اورولید کو گنا جس نے قرآن کریم کو دیوار میں لٹکا کر تیروں سے چھیدا۔ایسے بے سروپا بے معنی اقوال کی سند نہیں ہوتی۔ بلکہ وہ ایک متاخر عالم کی خطا ہے،رائے ہے۔عصمت انبیاء وملائکہ علیہم الصلوۃ والسلام کے سوا کسی کیلئے نہیں۔نسأل العفو و العافیة ۔و اللہ تعالیٰ اعلم ۔

فتاوی رضویہ ۱۱/ ۵۹

۲۔ قضا

(۱) حاکم افضل شخص کو بنایا جائے

۱۸۳۲۔ **عن** عبد الله بن عباس رضي الله تعالىٰ عنهما قال : قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم : مَنِ اسْتَعْمَلَ رَجُلًا مِنْ عِصَابَةٍ وَ فِيهِمْ مَنْ هُوَ أَرْضَى لِلّٰهِ مِنْهُ فَقَدْ خَانَ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهُ وَ الْمُؤمِنِيْنَ ۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے کسی گروہ پر ایسے کو افسر بنایا کہ اس گروہ میں اس سے زیادہ اللہ کو پسندیدہ شخص موجود ہے اس نے اللہ ورسول اور مسلمانوں کی خیانت کی۔

فتاوی رضویہ ۹/۱۹۴

۱۸۳۳۔ **عن** حذيفة بن اليمان رضي الله تعالىٰ عنه قال : قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم : أَيُّمَا رَجُلٍ اِسْتَعْمَلَ رَجُلًا عَلىٰ عَشَرَةِ أَنْفُسٍ وَ عَلِمَ أَنَّ فِي الْعَشَرَةِ أَفْضَلُ مِمَّنِ اسْتَعْمَلَ فَقَدْ غَشَّ اللّٰهَ وَغَشَّ رَسُوْلَهُ وَ غَشَّ جَمَاعَةَ الْمُسْلِمِيْنَ۔

حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے مسلمانوں کی جماعت کے دس افراد پر بھی کسی ایسے شخص کو حاکم بنایا کہ اسکے علم میں ان میں اس سے افضل بھی موجود تھا تو اس نے اللہ کی خیانت کی، اللہ کے رسول کی خیانت کی، اور تمام مسلمانوں کی خیانت کی۔ ۱۲م

فتاوی رضویہ حصہ اول ۹/۲۵

۱۸۳۲۔ المستدرك للحاكم، ۹۲/٤ ☆ الترغيب والترهيب للمنذرى، ۱۷۹/۳
الجامع الصغير للسيوطى، ۵۱۲/۲ ☆ المسند للعقيلى، ۲٤۷/۱
نصب الراية للزيلعى، ٦۲/٤ ☆ المطالب العالية لابن حجر، ۳، ۲۱۰
كنز العمال للمتقى، ١٤٦٨٧، ۲۵/٦ ☆
۱۸۳۳۔ نصب الراية للزيلعى، ٦۳/٤ ☆ المطالب العالية لابن حجر، ۲، ۲۱۰
كنز العمال للمتقى، ١٤٦٥۳ ☆ جمع الجوامع للسيوطى، ۹٤٤٤

(۲) اللہ تعالیٰ کی نافرمانی میں کسی کی اطاعت نہیں

۱۸۳٤۔ **عن** امیر المؤمنین علی المرتضی کرم اللہ تعالیٰ وجهه الکریم قال : قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم :لَا طَاعَةَ لِأَحُدٍ فِي مَعُصِيَةِ اللّٰهِ تَعَالٰی ۔

امیر المؤمنین حضرت علی مرتضی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ کی نافرمانی میں کسی کی اطاعت نہیں۔

فتاوی رضویہ ۲۹۳/۵

(۳) مدعی گواہ لائے

۱۸۳٥۔ **عن** عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنهما قال : قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم : اَلْبَيِّنَةُ عَلیٰ مَنِ ادَّعٰی وَ الْيَمِيْنُ عَلیٰ مَنْ اَنْكَرَ ۔

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: گواہ مدعی پر لازم ہے اور قسم انکار کرنے والے پر۔ ۱۲م

۱۸۳٤۔ المسند لاحمد بن حنبل ٦٦/٥ ☆ المستدرك للحاكم، ١٢٣/٣
المعجم الكبير للطبراني، ٢٣٣/٣ ☆ المصنف لعبد الرزاق، ٢٠٧٠٠
كنز العمال للمتقى، ١٤٨٧٣، ٦٧/٦ ☆ مجمع الزوائد للهيثمي، ٢٢٦/٥
السلسلة الصحيحة للالبانى، ١٧٩ ☆ كشف الخفاء للعجلونى، ٥١٠/٢
علل الحديث لابن ابى حاتم، ١٢٩٢ ☆

۱۸۳٥۔ الجامع الصحيح للبخاري، باب اذا اختلف الراهين المرتهن ٣٤٢/١
الجامع للترمذى، باب ما جاء في ان البينة لعى المدعى، ١٦٠/١
السنن لابن ماجه، باب البينة على المدعى، ١٦٩/٢
الجامع الصغير للسيوطى، ١٩٣/١ ☆ السنن الكبرى للبيهقى، ١٣٣/٨
التفسير للقرطبى، ٤٥٩/١ ☆ السنن للدارقطنى، ٢١٨/٤
شرح السنة للبغوى، ١٠١/١٠ ☆ تلخيص الحبير لابن حجر، ٢٩/٤
المطالب العالية لابن حجر، ١٢٣٠ ☆ نصب الراية للزيعلى، ٩٥/٥
فتح البارى للعسقلانى، ٢٨٢/٥ ☆ ارواء الغليل للالبانى، ٣٥٧/٦
مشكوة المصابيح للتبريزى، ٣٧٦٩ ☆ تاريخ دمشق لابن عساكر، ٤٤٧/٢
كنز العمال للمتقى، ١٥٢٨٢، ١٨٧/٦ ☆ جمع الجوامع للسيوطى، ١٠٣٧
كشف الخفاء للعجلونى، ٣٤٢/١ ☆ جامع مسانيد ابى حنيفة، ١٧٠/٢
دلائل النبوة للبيهقى، ٤٠٢/٥ ☆ الكامل لابن عدى،

۱۸۳۶۔ عن عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال : قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم : لَوْ يُعْطَى النَّاسُ بِدَعْوٰهُمْ لَادَّعَى النَّاسُ دِمَآءَ رِجَالٍ وَ أَمْوَالِهِمْ، وَ لٰكِنَّ الْيَمِيْنَ عَلَى الْمُدَّعٰى عَلَيْهِ ۔

نور عینی فی الانتصار للامام العینی ۔ ص ۱

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر لوگ اپنے دعوی پر دیدیے جائیں تو لوگوں کے خون اور مال کا دعویٰ کر بیٹھیں، ہاں یوں ہے کہ مدعا علیہ پر قسم ہے۔

فتاوی رضویہ ۷/ ۴۲۷ ☆ فتاوی رضویہ ۷/ ۴۴۳۔ ۸/ ۹۷

(۴) دعوی کو ثابت کرنے میں حق گوئی اختیار کرو

۱۸۳۷۔ عن أم المؤمنین أم سلمة رضی اللہ تعالیٰ عنہما قالت : قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: اِنَّكُمْ تَخْتَصِمُوْنَ اِلَيَّ ، فَلَعَلَّ بَعْضَكُمْ اَنْ يَّكُوْنَ الْحَقُّ بِحُجَّتِهٖ مِنْ بَعْضٍ فَأَقْضِيْ لَهٗ عَلٰى نَحْوِمَّا أَسْمَعُ ، فَمَنْ قَضَيْتُ لَهٗ بِحَقِّ مُسْلِمٍ فَإِنَّمَا هِيَ قِطْعَةٌ مِّنَ النَّارِ ، فَلْيَأْخُذْهَا أَوْ لِيَتْرُكْهَا۔

ام المؤمنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی

۱۸۳۶۔ الجامع الصحیح للبخاری، باب قوله تعالی ان الذین یشترون الخ، ۲/ ۶۵۳
الصحیح لمسلم ، کتاب الاقضیة ، ۲/ ۷۴
السنن لابن ماجه ، باب البینة علی المدعی، ۲/ ۱۶۹
السنن الکبری للبیهقی، ۱/ ۲۵۲ ☆ الجامع الصغیر للسیوطی، ۲/ ۴۵۹
السنن للدارقطنی، ۴/ ۱۰۷ ☆ تلخیص الحبیر لابن حجر، ۴/ ۲۰۸
مشکوة المصابیح للتبریزی، ۳۷۵۸
۱۸۳۷۔ الجامع الصحیح للبخاری، باب من اقام البینة یوم الیمین ، ۱/ ۳۶۸
الصحیح لمسلم ، باب بیان احکم الحاکمین لا یغیر الباطن، ۲/ ۷۴
الجامع للترمذی، باب ما جاء فی التشدید علی ومن یقتضی نه، ۱/ ۱۶۰
السنن لابی داؤد ، باب فی قضاء القاضی اذا اخطاء، ۲/ ۵۰۴
السنن لابن ماجه ، باب قضیة الحاکم لا تحل حراماً، ۲/ ۱۶۸
السنن للنسائی، باب ما یقطع القضاء ۲/ ۲۶۴
المسند لاحمد بن حنبل، ۶/ ۲۰۳ ☆ السنن الکبری للبیهقی، ۱۰/ ۱۴۹
شرح السنة للبغوی، ۲/ ۲۶۴ ☆ التفسیر للبغوی، ۶/ ۱۴

اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم اپنے جھگڑے لیکر میرے پاس آتے ہو، تو اگر ایک شخص اپنی چرب زبانی کے باعث حجت میں بازی لیجائے اور ہم اسے ڈگری دیدیں اور واقع میں اسکا حق نہ ہو تو ہمارا ڈگری فرمانا اسے مفید نہ ہوگا، وہ مال نہیں اسکے حق میں، جہنم کی آگ کا گڑھا ہے۔ اب یہ اسکا فعل ہے کہ اسکو ہڑپ کرے یا واپس کردے۔

فتاوی رضویہ ۷/ ۵۱۱

۱۶

کتاب الرؤیا

ابواب

ا۔خواب

(۱) حضور لوگوں سے صبح کو خواب سماعت فرماتے

۱۸۳۸۔ **عن** سمرة بن جندب رضی الله تعالیٰ عنه قال: کان رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم مما یکثر أن یقول لأ صحابه : هل رأی أحد منکم ؟ قال : فیقص علیه من شاء الله أن یقص ۔ صفائح اللجین ص ۵

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اکثر و بیشتر صبح کو صحابۂ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین سے فرماتے : کیا آج تم میں سے کسی نے خواب دیکھا؟ تو جس کے بارے میں خدا چاہتا وہ اپنا خواب بیان کرتا۔۱۲م

۱۸۳۹۔ **عن** أبی هریرة رضی الله تعالیٰ عنه قال : ان رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم کان اذا انصرف من صلوة الغداة یقول : هَلْ رَأیٰ أَحَدٌ مِنْکُمُ اللَّیْلَةَ رُؤْیَا۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب نماز فجر سے فارغ ہوتے تو فرماتے : کیا آج رات تم میں سے کسی نے کوئی خواب دیکھا ہے؟۱۲م صفائح اللجین ص ۵

(۲) اچھے خواب کی فضیلت

۱۸۴۰۔ **عن** عبادة الصامت رضی الله تعالیٰ عنه قال : قال رسول الله صلی الله

۱۸۳۸۔ الجامع الصحیح للبخاری، باب تعبیر الرؤیا بعد صلوة الصبح، ۱۰۴۳/۲
الصحیح لمسلم، کتاب الرؤیا، ۲۴۵/۲
۱۸۳۹۔ السنن لابی داؤد، باب فی الرؤیا، ۶۸۴/۲
الموطا لمالک، ۹۵۷ ☆ السنن الکبری للبیهقی، ۲۷۵/۵
المعجم الکبیر للطبرانی، ۲۸۶/۷ ☆ الترغیب و الترهیب للمنذری، ۳۸۷/۱
۱۸۴۰۔ الجامع الصحیح للبخاری، باب تعبیر الرؤیا بعد صلوة الصبح، ۱۰۳۵/۲
الصحیح لمسلم، کتاب الرؤیا، ۲۴۲/۲
السنن لابی داؤد، باب فی الرؤیا، ۶۸۵/۲
الجامع للترمذی، باب الرؤیا، ۵۱/۲
المسند لاحمد بن حنبل، ۱۸/۲ ☆ الجامع الصغیر للسیوطی، ۲۶۹/۲

تعالیٰ علیه وسلم : رُؤْيَاالْمُؤْمِنِ جُزْءٌ مِّنْ سِتَّةٍ وَّ أَرْبَعِيْنَ جُزْءً مِّنَ النُّبُوَّةِ ۔

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مومن کا خواب نبوت کا چھیالیسواں حصہ ہے۔۱۲م

۱۸۴۱۔ عن أبي سعيد الخدري رضى الله تعالىٰ عنه قال : قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم رُؤْيَا الْمُسْلِمِ الصَّالِحِ جُزْءٌ مِّنْ سَبْعِيْنَ جُزْءً مِّنَ النُّبُوَّةِ ۔

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: نیک مسلمان کا خواب نبوت کا سترواں حصہ ہے۔۱۲م

۱۸۴۲۔ عن العباس بن عبد المطلب رضى الله تعالىٰ عنهما قال : قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم : رُؤْيَا الْمُسْلِمِ الصَّالِحِ بُشْرٰى مِنَ اللّٰهِ ، وَ هِيَ جُزْءٌ مِّنْ خَمْسِيْنَ جُزْءً مِّنَ النُّبُوَّةِ ۔

حضرت عباس بن عبد المطلب رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: نیک مسلمان کا خواب اللہ تعالیٰ کی جانب سے بشارت ہے، اور وہ نبوت کا پچاسواں حصہ ہے۱۲م

۱۸۴۳۔ عن أبي رزين العقيلي رضى الله تعالىٰ عنه قال : قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم : رُؤْيَا الْمُؤْمِنِ جُزْءٌ مِّنْ أَرْبَعِيْنَ جُزْءً مِّنَ النُّبُوَّةِ ، وَهِيَ عَلٰى رِجْلِ طَائِرٍ مَا لَمْ يَحْدِثْ بِهَا ، فَإِذَا يَحْدِثُ بِهَا سَقَطَتْ ، وَ لَا تَحْدِثُ بِهَا إِلَّا لَبِيْبًا أَوْ حَبِيْبًا ۔

حضرت ابورزین عقیلی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مومن کا خواب نبوت کا چالیسواں حصہ ہے، وہ اس شخص پر مثل پرندہ کے

۱۸۴۱۔ السنن لابن ماجه، باب الرؤيا الصالحة، ۲۸۶/۲
التمهيد لابن عبد البر، ۲۸۲/۱ ☆ مجمع الزوائد للهيثمي، ۱۷۴/۷
الجامع الصغير للسيوطي، ۲۶۹/۲ ☆ كنز العمال للمتقي، ۴۱۴۰۳، ۳۶۷/۱۵
۱۸۴۲۔ الجامع الصغير للسيوطي، ۲۶۹/۲ ☆ التمهيد لابن عبد البر، ۲۸۱/۱
فتح الباري للعسقلاني، ۳۹۳/۱۲ ☆ كنز العمال للمتقي، ۴۱۴۰۵، ۳۶۷/۱۵
۱۸۴۳۔ الجامع للترمذي، باب الرؤيا، ۵۱/۲
المسند لاحمد بن حنبل، ۱۱/۴ ☆ الجامع الصغير للسيوطي، ۲۶۹/۲

اڑتا رہتا ہے جب تک اسکو بیان نہ کرے، اور جب بیان کردیتا ہے تو گرجاتا ہے۔ لہذا تم اپنے خواب کسی ذی ہوش عقلمند ماہر تعبیر سے بیان کرو یا اپنے کسی خاص دوست سے۔ ۱۲م

۱۸۴۴۔ **عن** أنس بن مالك رضى الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: رُؤيَا الْمُؤمِنِ جُزْءٌ مِّنْ سِتَّةٍ وَ أَرْبَعِيْنَ جُزْءً مِّنَ النُّبُوَّةِ ۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مومن کا خواب نبوت کا چھیالیسواں حصہ ہے۔ ۱۲م

۱۸۴۵۔ **عن** أنس بن مالك رضى الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: رُؤيَا الْمُسْلِمِ وَ هِيَ جُزْءٌ مِّنْ أَجْزَاءِ النُّبُوَّةِ ۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مسلمان کا خواب نبوت کے حصوں میں سے ایک حصہ ہے۔ ۱۲م

۱۸۴۶۔ **عن** أبى هريرة رضى الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: رُؤيَا الرَّجُلِ الصَّالِحِ جُزْءٌ مِّنْ سِتَّةٍ وَّ أَرْبَعِيْنَ جُزْءً مِّنَ النُّبُوَّةِ ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مرد صالح کا خواب نبوت کا چھیالیسواں حصہ ہے۔ ۱۲م

۱۸۴۷۔ **عن** عبد الله بن عمر رضى الله تعالىٰ عنهما قال: قال رسول الله صلى

۱۸۴۴۔ الجامع الصحيح للبخارى، باب من رأى النبى فى المنام، ۱۰۳۵/۲
الجامع للترمذى، باب الرؤيا، ۵۱/۲
الجامع الصغير للسيوطى، ۲۶۹/۲ ☆ المسند لاحمد بن حنبل، ۱۱/۴
۱۸۴۵۔ الجامع للترمذى، باب ذهبت النبوة و بقيت المبشرات، ۵۱/۲
الدر المنثور للسيوطى، ۳۱۲/۳ ☆ فتح البارى للعسقلانى، ۳۷۵/۱۲
ارواء الغليل للالبانى، ۱۲۸/۸ ☆
۱۸۴۶۔ الصحيح لمسلم، كتاب الرؤيا، ۲۴۲/۲
المسند لاحمد بن حنبل، ۳۱۴/۲ ☆ كنز العمال للمتقى، ۴۱۴۱۲، ۳۶۸/۱۵
فتح البارى للعسقلانى، ۳۷۴/۱۲ ☆ المصنف لابن ابى شيبة، ۵۵/۱۱
۱۸۴۷۔ الصحيح لمسلم، كتاب الرؤيا، ۲۴۲/۲
السنن لابن ماجه، باب الرؤيا الصالحة، ۲۸۶/۲
الجامع الصغير للسيوطى، ۲۷۵/۲ ☆

اللہ تعالیٰ علیہ وسلم : اَلرُّؤْیَا الصَّالِحَۃُ جُزْءٌ مِنْ سَبْعِیْنَ جُزْءً مِنَ النُّبُوَّۃِ ۔

صفائح اللجین ص ۵

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اچھا خواب نبوت کا سترواں حصہ ہے ۱۲م

۱۸۴۸۔ **عن** حذیفۃ بن اسید رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال : قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم : ذَھَبَتِ النُّبُوَّۃُ فَلَا نُبُوَّۃَ بَعْدِیْ اِلَّا الْمُبَشَّرَاتِ الرُّؤْیَا الصَّالِحَۃَ یَرَاھَا الرَّجُلُ اَوْ تُرٰی لَہٗ ۔

حضرت حذیفہ بن اسید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: نبوت گئی، اب میرے بعد نبوت نہ ہوگی مگر بشارتیں۔ وہ کیا ہیں؟ نیک خواب کہ آدمی خود دیکھے، یا اسکے لئے دیکھی جائے۔ صفائح اللجین ص ۶

۱۸۴۹۔ **عن** عبادۃ بن الصامت رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال : سألت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم عن قول اللہ سبحانہ : لھم البشری فی الحیاۃ الدنیا و الآخرۃ، قال : ھِیَ الرُّؤْیَا الصَّالِحَۃُ یَرَاھَا الْمُسْلِمُ اَوْ تُرٰی لَہٗ ۔

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اس آیت کی تفسیر کے بارے میں پوچھا ''مومنین کیلئے دنیا و آخرت میں بشارت ہے'' تو فرمایا: اس سے مراد اچھے خواب ہیں۔ جن کو مسلم اپنے لئے دیکھے یا دوسرا شخص اسکے لئے دیکھے۔ ۱۲م

۱۸۵۰۔ **عن** عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال : قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم : اَلرُّؤْیَا الصَّالِحَۃُ جُزْءٌ مِنْ خَمْسَۃٍ وَّ عِشْرِیْنَ جُزْءً مِنَ النُّبُوَّۃِ ۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اچھا خواب نبوت کا پچیسواں حصہ ہے ۱۲م

۱۸۴۸۔ الجامع الصغیر للسیوطی، ۲/۲۶۵ صحیح
۱۸۴۹۔ السنن لابن ماجہ، باب الرؤیا الصالحۃ، ۲/۲۸۶
الجامع للترمذی، باب ذھبت النبوۃ و بقیت المبشرات، ۲/۵۱
۱۸۵۰۔ الجامع الصغیر للسیوطی، ۲/۲۷۵

۱۸۵۱۔ **عن** أم كرز الكعبية رضي الله تعالىٰ عنها قالت : سمعت رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يقول : ذَهَبَتِ النُّبُوَّةُ وَ بَقِيَتُ الْمُبَشِّرَاتُ ۔

حضرت ام کرز کعبیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے سنا: نبوت کا سلسلہ ختم ہوا اور بشارتیں یعنی اچھے خواب باقی ہیں ۱۲ م

۱۸۵۲۔ **عن** أنس بن مالك رضي الله تعالىٰ عنه قال : قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: اِنَّ الرِّسَالَةَ وَ النُّبُوَّةَ قَدْ اِنْقَطَعَتْ فَلاَ رَسُوْلَ بَعْدِیْ وَ لاَ نَبِیَّ ، قال فشق ذلك على الناس فقال : لٰكِنِّ الْمُبَشِّراتِ ، فقالوا : يا رسول الله ! و ما المبشرات ؟ قال : رُؤيَا الْمُسْلِمِ وَ هِیَ جُزْءٌ مِنْ اَجْزَآءِ النُّبُوَّةِ ۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: رسالت و نبوت تو ختم ہوئی لہذا میرے بعد نہ کوئی رسول ہوگا اور نہ نبی۔ یہ امر لوگوں پر نہایت شاق گذرا تو فرمایا: لیکن بشارتیں باقی ہیں، صحابۂ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین نے عرض کیا: یارسول اللہ! بشارتیں کیا ہیں؟ فرمایا: مسلمان کا خواب کہ نبوت کا ایک حصہ ہے۔ ۱۲ م

۱۸۵۳۔ **عن** أبي هريرة رضي الله تعالىٰ عنه قال : سمعت رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يقول :لَمْ يَبْقِ مِنَ النُّبُوَّةِ اِلَّا الْمُبَشِّرَاتُ ، قالو: و ما المبشرات؟ قال : اَلرُّؤيَا الصَّالِحَةُ ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

۱۸۵۱۔ السنن لابن ماجه، باب الرؤيا الصالحة، ۲۸۶/۲
المسند لاحمد بن حنبل ۴۰۴/۵ ☆ الجامع الصغير للسيوطي، ۲۶۵/۲
۱۸۵۲۔ الجامع للترمذي، باب ذهبت النبوه و بقيت المبشرات ، ۵۱/۲
الجامع الصغير للسيوطي، ۱۲۳/۱
۱۸۵۳۔ الجامع الصحيح للبخاري، باب المبشرات، ۱۰۳۵/۲
شرح السنة للبغوي، ۲۰۳/۱۳ ☆ الدر المنثور للسيوطي، ۳۱۲/۳
كنز العمال للمتقي، ۴۱۴۱۸، ۳۷۰/۱۵ ☆ فتح الباري للعسقلاني، ۳۷۵/۱۲
التفسير للبغوي، ۱۹۸/۳ ☆ اتحاف السادة للزبيدي، ۴۳۸/۱۰
ارواء الغليل للالباني، ۱۲۹/۸ ☆ التفسير للقرطبي، ۱۲۷/۲

کو میں نے فرماتے سنا، نبوت کے سلسلہ سے صرف بشارتیں باقی ہیں۔ صحابۂ کرام نے عرض کیا: بشارتیں کیا ہیں؟ فرمایا: اچھے خواب۔ ۱۲م

۱۸۵۴۔ **عن** عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال: کشف رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم الستارة فی مرضه و الصفوف خلف ابی بکر الصدیق رضی اللہ تعالیٰ عنه فقال: أَيُّهَا النَّاسُ ! اِنَّهُ لَمْ يَبْقَ مِنْ مُبَشِّرَاتِ النُّبُوَّةِ اِلَّا الرُّؤْيَا الصَّالِحَةَ يَرَاهَا الْمُسْلِمُ اَوْ تُرَى لَهٗ۔

حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے مرض وصال میں پردۂ اقدس ہٹایا تو ملاحظہ کیا کہ لوگ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پیچھے صف بستہ کھڑے ہیں۔ آپ نے فرمایا: اے لوگو! نبوت کی بشارتوں سے صرف اچھے خواب باقی ہیں جن کو مسلمان خود دیکھے یا اس کے لئے دوسرے لوگوں کو نظر آئیں۔ ۱۲م

۱۸۵۵۔ **عن** أبی سعید الخدری رضی اللہ تعالیٰ عنه انه سمع النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم یقول: اِذَا رَأَى اَحَدُكُمُ الرُّؤْيَا يُحِبُّهَا فَاِنَّمَا هِيَ مِنَ اللّٰهِ، فَلْيَحْمَدُ اللّٰهَ عَلَيْهَا وَ لْيُحَدِّثْ بِهَا۔

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ آپ نے حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے سنا: جب تم میں سے کوئی ایسا خواب دیکھے جو اسے پیارا معلوم ہو وہ اللہ کی طرف سے ہے۔ لہذا اس پر اللہ کی حمد بجالائے اور لوگوں کے سامنے بیان کرے۔ ۱۲م
صفائح اللجین ص ۶

۱۸۵۶۔ **عن** أبی هریرة رضی اللہ تعالیٰ عنه قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ

۱۸۵۴۔ السنن لابن ماجه، باب الرؤیا الصالحة، ۲/۲۸۶
السنن الکبری للبیهقی، ۲/۸۸ ☆ اتحاف السادة للزبیدی، ۱۰/۴۲۸
کنز العمال للمتقی، ۴۱۴۲۴، ۱۵/۲۷۱ ☆
۱۸۵۵۔ الجامع الصحیح للبخاری، باب المبشرات، ۲/۱۰۳۴
المسند لاحمد بن حنبل، ۳/۳۰ ☆ الجامع الصغیر للسیوطی، ۱/۴۴
۱۸۵۶۔ الصحیح لمسلم، کتاب الرؤیا، ۲/۲۴۱

علیہ وسلم رُؤْیَا الْمُسْلِمِ جُزْءٌ مِّنْ خَمْسٍ وَّ اَرْبَعِیْنَ جُزْءً مِّنَ النُّبُوَّۃِ ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مسلمان کا خواب نبوت کا پینتالیسواں حصہ ہے۔۱۲م

(۴) برا خواب دیکھنے والا کیا کرے

۱۸۵۷۔ **عن** جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: اِذَا رَاٰی اَحَدُکُمُ الرُّؤْیَا یَکْرَھُھَا فَلْیَبْصُقْ عَلٰی یَسَارِہٖ ثَلَاثًا وَ لْیَسْتَعِذْ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطَانِ ثَلَاثًا ،و لْیَتَحَوَّلْ عَنْ جَنْبِہِ الَّذِی کَانَ عَلَیْہِ ۔

فتاوی رضویہ ۳/۵۰

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب کوئی ناپسندیدہ خواب دیکھے تو اپنی بائیں جانب تین مرتبہ تھتکارے۔ اور تین مرتبہ اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم ۔ پڑھے۔ اور کروٹ بدل کر سو جائے۔۱۲م

۱۸۵۷۔ الصحیح لمسلم، کتاب الرؤیا، ۲/۲۴۱
السنن لابی داؤد، باب فی الرؤیا، ۲/۶۸۵
الجامع الصغیر للسیوطی، ۱/۴۴ ☆ المستدرک للحاکم، ۴/۳۹۲
شرح السنۃ للبغوی، ۱۲/۲۰۷ ☆ فتح الباری للعسقلانی، ۱۲/۳۷۰
کنز العمال للمتقی، ۴۱۳۸۶، ۱۵/۳۶۳ ☆ تاریخ بغداد للخطیب، ۱/۴۸۴

۱۷

کتاب الاطعمۃ والاشربۃ

ابواب

ا۔مقدار طعام

(۱) کھانے کی مسنون مقدار

۱۸۵۸۔ **عن** المقداد بن معدی کرب رضی اللہ تعالیٰ عنه قال :قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم : مَا مَلأَ آدَمِیٌّ وَ عَاءً شَرًّا مِّنْ بَّطْنِهٖ ، بِحَسْبِ اِبْنِ آدَمَ اُكُلَاتٌ يُقِمْنَ صُلْبَهٗ ، فَاِنْ كَانَ لَامُحَالَةَ فَثُلُثٌ لِطَعَامِهٖ ، وَ ثُلُثٌ لِشَرَابِهٖ،وَ ثُلُثٌ لِنَفْسِهٖ۔

حضرت مقداد بن معدی کرب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: آدمی نے کوئی برتن پیٹ سے بدتر نہ بھرا۔آدمی کو بہت ہیں چند لقمے جو اسکی پیٹھ سیدھی رکھیں،اور اگر یوں نہ گذرے تو تہائی پیٹ کھانے کیلئے،تہائی پانی کیلئے، اور تہائی سانس کیلئے رکھے۔ فتاوی رضویہ ۴/۳۳۱

ہادی الناس ص ۳۵

(۲) زیادہ کھانا مذموم ہے

۱۸۵۹۔**عن** أم المؤمنین عائشة الصدیقة رضی اللہ تعالیٰ عنها قالت : قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم : اِنَّ كَثْرَةَ الْاَكْلِ شُؤْمٌ ۔

ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی

۱۸۵۸۔ الجامع للترمذی، باب ما جاء فی کراهیة کثر الاکل، ۲/۶۰
السنن لابن ماجه، باب الاکثار فی الاکل، و کراهیة الشبع، ۲/۲۴۸
المستدرک للحاکم، ۴/۳۳۱ ☆ مشکوة المصابیح للتبریزی، ۵۱۹۲
الترغیب و الترهیب للمنذری، ۳/۱۳۶ ☆ کنز العمال للمتقی، ۴۰۸۷۰، ۱۵/۲۶۱
الجامع الصغیر للسیوطی، ۲/۴۹۶ ☆ فتح الباری للعسقلانی، ۹/۵۲۸
کشف الخفاء للعجلونی، ۱/۳۶۷ ☆ التفسیر لابن کثیر، ۳/۴۰۳
التفسیر للقرطبی، ۷/۱۹۲ ☆ اتحاف السادة للزبیدی، ۴/۴۴۸
المغنی للعراقی، ۲/۴ ☆ ارواء الغلیل للالبانی، ۷/۴۱
الطبقات الکبری لابن سعد، ۱/۱۲۰ ☆ الامالی للشجری، ۲/۲۰۹
مناهل الصفا، ۱۳ ☆ الاحکام النبویة للکحال، ۲/۱۱
۱۸۵۹۔ مشکوة المصابیح للتبریزی، ۴۲۳۸ ☆ الکامل لابن عدی،

اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بیشک بہت کھانا منحوس ہے۔

﴿۱﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

پیٹ بھر کر قیام لیل کا شوق رکھنا بانجھ سے بچہ مانگنا ہے۔ جو بہت کھائے گا بہت پیئے گا۔ جو بہت پیئے گا بہت سوئے گا۔ جو بہت سوئے گا آپ ہی خیرات وبرکات کھوئے گا۔

فتاوی رضویہ ۲/ ۲۳۱

۲۔ آداب طعام

(۱) کھانے کے آداب

۱۸۶۰۔ **عن** أنس بن مالك رضى الله تعالىٰ عنه قال : قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم : اِذَا أَكَلْتُمُ الطَّعَامَ فَاخْلَعُوا نِعَالَكُمْ ، فَاِنَّهُ أَرْوَحُ لِأَقْدَامِكُمْ ، وَ اِنَّهَا سُنَّةٌ جَمِيْلَةٌ ۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب کھانا کھانے بیٹھو تو جوتے اتار لو کہ اس میں تمہارے پاؤں کیلئے زیادہ راحت ہے اور یہ اچھی سنت ہے۔

(۱) امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

جوتا پہنے کھانا اگر اس عذر سے ہو کہ زمین پر بیٹھا کھا رہا ہے اور فرش نہیں جب تو صرف ایک سنت مستحبہ کا ترک ہے۔ اس کیلئے بہتر یہی تھا کہ جوتا اتارے، اور اگر میز پر کھاتا ہے اور یہ کرسی پر جوتا پہنے ہے تو یہ وضع خاص نصاری کی ہے۔ اس سے دور بھاگے اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا وہ ارشاد یاد کرے۔ من تشبه بقوم وهو منهم ، جو کسی قوم سے مشابہت پیدا کرے وہ انہیں میں سے ہے۔ فتاوی افریقہ ۵۳

۱۸۶۱۔ **عن** الحسن البصرى رضى الله تعالىٰ عنه مرسلا قال : كان رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم اذا اتى بطعام وضعه على الارض ۔

حضرت حسن بصری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مرسلا روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کیلئے جب کھانا حاضر کیا جاتا تو زمین پر رکھ کر تناول فرماتے۔ ۱۲م

۱۸۶۲۔ **عن** أبى هريرة رضى الله تعالىٰ عنه قال : كان النبى صلى الله تعالىٰ عليه

۱۸۶۰۔ المستدرك للحاكم، ۱۱۹/۴ ☆ كنز العمال للمتقى، ۴۰۷۲۶، ۲۳۵/۱۵
مجمع الزوائد للهيثمى، ۲۳/۵ ☆ المطالب العالية لابن حجر، ۲۳۶۳
السنن للدارمى، ۲۶۶ ☆ الجامع الصغير للسيوطى، ۳۶/۱
المسند لابى يعلى، ۱۸۷/۴ ☆
۱۸۶۱۔ كتاب الزهد لاحمد، ☆
۱۸۶۲۔ اتحاف السادة للزبيدى، ۲۱۴/۵ ☆ كنز العمال للمتقى، ۴۰۷۰۸، ۲۳۲/۱۵

وسلم یضعها علی الحضیض و یقول :اِنَّمَا اَنَا عَبْدٌ اٰکُلُ کَمَا یَاْکُلُ الْعَبْدُ، وَ اَشْرَبُ کَمَا یَشْرَبُ الْعَبْدُ ۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کھانے کو فرش پر رکھتے اور فرماتے: میں اطاعت شعار بندوں کی طرح کھاتا پیتا ہوں۔

۱۸۶۳۔ **عن** السائب بن یزید رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: رأیت النبی صلی اللہ تعالی علیہ وسلم یأکل ثریدا متکئا علی سریر ثم یشرب من فخارہ ۔

حضرت سائب بن یزید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو تخت پر ٹیک لگائے ثرید تناول فرماتے دیکھا، پھر کوزہ سے پانی نوش فرمایا۔۱۲م فتاوی رضویہ حصہ اول ۱۰/۱۳۸

(۲) کھانے کے بعد انگلیاں اور برتن چاٹ لینا چاہیئے

۱۸۶۴۔ **عن** جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنهما قال : ان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم امر بلعق الاصابع و الصحفة و قال: اِنَّکُمْ لَا تَدْرُوْنَ فِی اَیَّةِ الْبَرَکَةِ۔

حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انگلیاں اور پلیٹ چاٹنے کا حکم فرمایا۔ اور ساتھ ہی ارشاد فرمایا: کہ تمہیں کیا معلوم کہ کھانے کے کس حصہ میں برکت ہے۔

۱۸۶۵۔ **عن** أنس رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال : ان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم أمرنا أن نسلت القصعة و قال: فَاِنَّکُمْ لَا تَدْرُوْنَ فِی اَیِّ طَعَامِکُمُ الْبَرَکَةَ ۔

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہمیں کھانا کھا کر پیالہ خوب صاف کرنے کا حکم فرمایا۔ اور فرمایا: تم کیا جانو کہ تمہارے کون سے

۱۸۶۳۔ حلیة الاولیاء لابی نعیم، ☆
۱۸۶۴۔ الصحیح لمسلم، باب استحباب لعق الاصابع ۲/۱۷۵
۱۸۶۵۔ الصحیح لمسلم، باب استحباب لعق الاصابع، ۲/۱۷۵
الجامع للترمذی، باب ما جاء فی لعق الاصابع، ۲/۲
المسند لاحمد بن حنبل، ۳/۲۹۰ ☆

کھانے میں برکت ہے۔

۱۸۶۶۔ **عن** نبیشة الخیر الهذلی رضی الله تعالیٰ عنه قال : قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : مَنْ أَكَلَ فِي قَصْعَةٍ ثُمَّ لَحِسَهَا اِسْتَغْفَرَتْ لَهُ الْقَصْعَةُ ۔

حضرت نبیشہ خیر ہذلی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے کسی پیالہ میں کھانا کھایا پھر اسکو چاٹا تو وہ پیالہ اسکے لئے استغفار کرے گا۔

۱۸۶۷۔ **عن** أنس رضی الله تعالیٰ عنه قال : قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : مَنْ أَكَلَ فِي قَصْعَةٍ ثُمَّ لَحِسَهَا اِسْتَغْفَرَتْ لَهُ الْقَصْعَةُ وَصَلَّتْ عَلَيْهِ ۔

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے کسی پیالہ میں کھایا پھر اسکو چاٹا تو وہ پیالہ اسکے لئے استغفار اور دعا کریگا۔

۱۸۶۸۔ **عن** أنس رضی الله تعالیٰ عنه قال : قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: مَنْ أَكَلَ فِي قَصْعَةٍ ثُمَّ لَحِسَهَا اِسْتَغْفَرَتْ لَهُ الْقَصْعَةُ، فَتَقُوْلُ : اَللّٰهُمَّ أَعْتِقْهُ مِنَ النَّارِ كَمَا أَعْتَقَنِي مِنَ الشَّيْطَانِ ۔

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے کسی پیالہ میں کھایا پھر اسکو چاٹا تو وہ پیالہ اسکے لئے استغفار کرتے ہوئے کہتا ہے۔ اے اللہ! اس بندہ کو دوزخ سے آزاد کردے جس طرح اس نے مجھے شیطان سے چھٹکارا دلایا۔

۱۸۶۹۔ **عن** جابر بن عبد الله رضی الله تعالیٰ عنهما قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: لَا تُرْفَعُ الْقَصْعَةُ حَتّٰى يَلْعَقَهَا ، فَإِنَّ فِي آخِرِ الطَّعَامِ الْبَرَكَةَ ۔

حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ

۱۸۶۶۔ الجامع للترمذی، باب ما جاء فی اللقمة تقط، ۲/۳
السنن لابن ماجه، باب تنقیة الصحفة، ۲/۲۳۵
المسند لاحمد بن حنبل، ۵/۷۶ ☆ کنز العمال للمتقی، ۴۰۷۸۷، ۱۵/۲۴۷
شرح السنة للبغوی، ۱۱/۳۱۶ ☆ کشف الخفاء للعجلونی، ۲/۳۱۸
۱۸۶۷۔ کنز العمال للمتقی، ۱۵/۲۵۳ ☆
۱۸۶۸۔ کنز العمال للمتقی، ۱۵/۲۵۳ ☆
۱۸۶۹۔ الصحیح لابن حبان، ۸/۲۳۵ ☆ المسند لاحمد بن حنبل، ۱/۲۹۳

علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: پیالے کو اس وقت تک نہ اٹھایا جائے جب تک اسکو چاٹ نہ لیا جائے۔ کیونکہ کھانے کے آخر میں برکت ہے۔

۱۸۷۰۔ **عن** رائطة عن أبیها رضی اللہ تعالیٰ عنہما عن النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اِنَّ لُعُوْقَ الْقَصْعَةِ أَحَبُّ اِلَیَّ مِنْ اَنْ أَتَصَدَّقَ بِمِثْلِهَا طَعَامًا۔

حضرت رائطہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ انہوں نے اپنے والد ماجد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: میرے نزدیک پیالے کو چاٹنا اسکو بھر کے کھانا صدقہ کرنے سے افضل ہے۔

۱۸۷۱۔ **عن** العرباض بن ساریة رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: مَنْ لَعِقَ الصَّحْفَةَ وَ لَعِقَ أَصَابِعَهُ أَشْبَعَهُ اللّٰهُ تَعَالیٰ فِی الدُّنْیَا وَ الْاٰخِرَةِ۔

حضرت عرباض بن ساریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے پلیٹ کو چاٹا اور انگلیوں کو چاٹا اللہ تعالیٰ اسکو دنیا و آخرت میں شکم سیر فرمائے گا۔ فتاوی رضویہ جدید ۲/ ۵۸

(۳) کھانے میں غیروں سے مشابہت نہ کرو

۱۸۷۲۔ **عن** قبیصة بن هلب عن ابیه رضی اللہ تعالیٰ عنهما قال: سمعت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم و سأله رجل فقال: اِنَّ مِنَ الطَّعَامِ طَعَامًا أَتَحَرَّجُ مِنْهُ فقال: لَا یَتَخَلَّجَنَّ فِی نَفْسِكَ شَیْءٌ ضَارَعْتَ فِیْهِ النَّصْرَانِیَّةَ۔

حضرت قبیصہ بن ہلب سے وہ اپنے والد ہلب رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے سنا: جبکہ کسی شخص نے سرکار سے معلوم کیا تھا۔ کچھ کھانے ایسے ہیں جن سے میں حرج محسوس کرتا ہوں۔ تو آپ نے فرمایا: ہرگز اس کھانے کی طرف رغبت نہ کرنا جس میں نصرانیت سے مشابہت ہو۔

۱۸۷۰۔ کنز العمال للمتقی، ۵/ ۲۷ ☆

۱۸۷۱۔ مجمع الزوائد للهیثمی، ۵/ ۲۷ ☆ المعجم الکبیر للطبرانی، ۱۸/ ۲۶۱
اتحاف السادة للزبیدی، ۵/ ۲۲۵ ☆ کنز العمال للمتقی، ۴۰۷۹۰، ۱۵/ ۲۴۷

۱۸۷۲۔ السنن لابی داؤد، باب کراهیة لاتقذر للطعام، ۲/ ۵۳۱

(۴) غیر مسلموں کے برتنوں کا استعمال

۱۸۷۳ ـ **عن** أبی ثعلبة الخشنی رضی اللہ تعالیٰ عنه قال : قلت یا رسول اللہ ! صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم ، انا نغزو ارض العدو فتحاج الی اٰنیتهم فقال: اِسْتَغْنُوْا عَنْهَامَا اسْتَطَعْتُم ، فَاِنْ لَمْ تَجِدُوْا غَیْرَهَا فَاغْسِلُوْهَا وَ کُلُوا مِنْهَا وَاشْرَبُوْا ـ

حضرت ثعلبہ خشنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کہ میں نے بارگاہ رسالت میں عرض کیا یارسول اللہ! ہم دشمن کے ملک میں جہاد کیلئے جاتے ہیں تو وہاں انکے برتنوں کی بھی حاجت پیش آتی ہے۔ سرکار نے فرمایا: جہاں تک بن پڑے ان برتنوں سے دور رہو۔ اور اگر دوسرے برتن نہ میں تو انہیں دھوکر پاک کرلو اسکے بعد ان میں کھاؤ، پیو۔

۱۸۷۴ ـ **عن** أبی ثعلبة رضی اللہ تعالیٰ عنه قال : سئل رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم عن قدور المجوس ؟ قال: اِنْقُوْهَا غَسْلًا وَ اطْبَخُوْا فِیْهَا ، وَنَهٰی عَنْ أکْلِ ذِیْ نَابٍ ـ

حضرت ابوثعلبہ خشنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے مجوسیوں کے برتنوں کے بارے میں پوچھا گیا کہ ہم کس طرح استعمال کریں۔ فرمایا: خوب دھوکر پاک کرلیا کرو اور پھر اس میں پکاؤ۔ نیز سرکار نے ہر درندہ کے کھانے سے منع فرمایا۔ فتاوی رضویہ جدید ۲/۳۱۶

۱۸۷۵ ـ **عن** جابر رضی اللہ تعالیٰ عنه قال : کنا نغزو مع رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم فنصیب من آنیة المشرکین و اسقیهم و نستمتع بها فلا یعیب ذلک علینا ـ

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ غزوہ میں شریک ہوئے۔ ہمیں مشرکین کے کچھ برتن ہاتھ آئے اور مشکیزے بھی۔ ہم ان سے فائدہ اٹھاتے اور حضور ہمارے لئے انکو ممنوع قرار نہیں دیتے۔ ۱۲م

۱۸۷۳ ـ المصنف لابن ابی شیبة ، ۱/۹۰
۱۸۷۴ ـ الجامع للترمذی ، باب الاکل فی آنیة الکفار ، ۲/۲
۱۸۷۵ ـ السنن لابی داؤد ، باب فی استعمال آنیة اهل الکتاب ، ۲/۵۳۶

۱۸۷۶۔ **عن** عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنه و عن جمع الصحابة رضی اللہ تعالیٰ عنهم ان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم توضؤا من مزادة امرأة مشرکة۔

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اور دیگر صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم و دیگر صحابۂ کرام نے ایک مشرکہ عورت کے مشکیزہ سے وضو فرمایا۔۱۲م

۱۸۷۷۔ **عن** أسلم رضی اللہ تعالیٰ عنه أن عمر رضی اللہ تعالی عنه توضأ من ماء فی جرة النصرانیه ۔ فتاوی رضویہ ۲/۱۰۵

حضرت اسلم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ امیر المؤمنین حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نصرانیہ عورت کے مٹکے کے پانی سے وضو فرمایا۔۱۲م

۱۸۷۸۔ **عن** عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنهما قال : ان ابا ثعلبة رضی اللہ تعالیٰ عنه سأل رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم افتنا فی آنیة المجوس اذا اضطررنا الیها قال : اِذَا اضْطُرِرْتُمْ اِلَیْهَا فَاغْسِلُوْهَا بِالْمَآءِ وَ اطْبُخُوْا فِیْهَا ۔

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت ابو ثعلبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے پوچھا کہ حضور ہمیں مجوس کے برتنوں کے استعمال کے بارے میں فرمائیں کہ جب ہم ان کے لئے مجبور ہوں تو کیا کریں؟ فرمایا: جب تمہیں انکی سخت حاجت ہی پیش آجائے تو پانی سے دھو لو اور ان میں پکاؤ اور کھاؤ۔۱۲م

۱۸۷۹۔ **عن** أبی ثعلبة رضی اللہ تعالیٰ عنه قال : قلت : یا رسول اللہ ! انا بارض

۱۸۷۶۔ الجامع الصحیح للبخاری، باب علامات النبوة فی الاسلام، ۱/۵۰۴
الصحیح لمسلم، باب قضاء الصلوة الفائتة، ۱/۲۴۰
المسند لاحمد بن حنبل، ۴/۴۳۴

۱۸۷۷۔ المصنف لعبد الرزاق، المسند للشافعی،

۱۸۷۸۔ السنن لابی داؤد، باب فی استعمال آنیة اهل الکتاب، ۲/۵۳۷
المسند لاحمد بن حنبل، ۲/۱۸۴

۱۸۷۹۔ الجامع الصحیح للبخاری، باب آنیة المجوس و المیتة، ۲/۸۲۶
الجامع للترمذی، باب ما جاء فی الانتفاع بآنیة المشرکین، ۱/۱۸۹
السنن لابن ماجه، باب صید الکلب، ۲/۲۳۸
المسند لاحمد بن حنبل، ۴/۱۸۴ ☆ السنن الکبری للبیهقی، ۱/۳۳

قوم اہل الکتاب، افنأکل فی آنیتھم ؟ قال: اِنْ وَجَدْتُمْ غَیْرَ ھا فَلَا تَأکُلُوا فِیْھَا، وَ اِنْ لَمْ تَجِدُوْا فَاغْسِلُوْھَا وَ کُلُوْا فِیْھَا۔

حضرت ابو ثعلبہ خشنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! ہم کتابی لوگوں کے علاقہ میں ہوتے ہیں تو کیا ہم ان کے برتنوں میں کھا سکتے ہیں؟ فرمایا: اگر انکے علاوہ مل جائیں تو ان میں نہ کھاؤ، ورنہ دھو کر کھا پی سکتے ہو۔ ۱۲م

۱۸۸۰۔ **عن** أبی ثعلبة رضی الله تعالی عنه انه سأل رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فقال: اِنا نجاوز أهل الکتاب وهم یطبخون قدور هم الخنزیر و یشربون فی آنیتهم الخمر، فقال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: اِنْ وَجَدْتُمْ غَیْرَهَا فَکُلُوْا فِیْهَا وَ اشْرَبُوْا، وَ اِنْ لَمْ تَجِدُوْا غَیْرَهَا فَارْحَضُوْهَا بِالْمَآءِ وَ کُلُوْا وَ اشْرَبُوْا۔

حضرت ابو ثعلبہ خشنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے پوچھا، ہم کتابیوں کی سرزمین سے گذرتے ہیں اور وہ اپنی ہانڈیوں میں خنزیر کا گوشت پکاتے اور اپنے برتنوں میں شراب پیتے ہیں۔ تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر انکے برتنوں کے علاوہ تم کو ملیں تو ان میں کھاؤ اور پیو۔ اور اگر انکے علاوہ نہ ملیں تو انکے برتنوں کو دھو کر استعمال کر سکتے ہو۔ ۱۲م

فتاوی رضویہ ۳/۱۱۳

(۵) کافر کے یہاں کھانا جائز ہے

۱۸۸۱۔ **عن** أنس رضی الله تعالیٰ عنه قال: ان یهودیا دعا النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم الی خبز شعیر و اهالة سخنة فاجابه۔ فتاوی رضویہ ۲/۱۰۴

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ایک یہودی نے جو کی روٹی اور گرم گرم روغن کے سالن کی دعوت کی۔ حضور نے منظور فرمائی۔ ۱۲م

۱۸۸۰۔ السنن لابی داؤد، کتاب الاطعمة، باب فی استعمال آنیة اهل الکتاب، ۲/۵۳۷

۱۸۸۱۔ المسند لاحمد بن حنبل، ۳/۲۱۱

(۶) جمع ہوکر کھانے کی فضیلت

۱۸۸۲۔ **عن** وحشی بن حرب رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: اِجْتَمِعُوْا عَلٰی طَعَامِكُمْ وَ اذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ يُبَارَكْ لَكُمْ فِيْهِ۔

حضرت وحشی بن حرب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جمع ہوکر کھاؤ اور اللہ تعالیٰ کا نام لو، تمہارے لئے اس میں برکت رکھی جائے گی۔ ۱۲م

۱۸۸۳۔ **عن** أمیر المؤمنین عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: كُلُوْا جَمِيْعًا وَ لَا تَفَرَّقُوْا، فَإِنَّ الْبَرَكَةَ مَعَ الْجَمَاعَةِ۔

امیر المؤمنین حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ملکر کھاؤ اور جدا نہ ہو کہ برکت جماعت کے ساتھ ہے۔

۱۸۸۴۔ **عن** سلمان الفارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: اَلْبَرَكَةُ فِيْ ثَلٰثَةٍ، فِي الْجَمَاعَةِ وَ الثَّرِيْدِ وَالسُّحُوْرِ۔

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: برکت تین چیزوں میں ہے۔ مسلمانوں کے اجتماع میں، طعام ثرید میں، اور طعام سحری میں۔ راد القحط والوباء ص ۱۵

۱۸۸۲۔ السنن لابن ماجہ، باب الاجتماع علی الطعام، ۲۳۶/۲
اتحاف السادۃ للزبیدی، ۲۱۷/۵ ☆ المستدرك للحاکم، ۱۰۳/۳
کشف الخفاء للعجلونی، ۴۸/۱ ☆

۱۸۸۳۔ السنن لابن ماجہ، باب اجتماع علی الطعام، ۲۳۶/۲
کنز العمال للمتقی، ۴۰۷۱۳، ۲۳۳/۱۵ ☆ مجمع الزوائد للهیثمی، ۲۱/۵
الترغیب و الترهیب للمنذری، ۱۳۳/۳ ☆ اتحاف السادۃ للزبیدی، ۲۱۷/۵
مشکوۃ المصابیح للتبریزی، ۴۲۵۷ ☆ کشف الخفاء للعجلونی، ۵۱/۲
التفسیر لابن کثیر، ۹۴/۶ ☆

۱۸۸۴۔ المعجم الکبیر للطبرانی، ۳۰۸/۶ ☆ مجمع الزوائد للهیثمی، ۱۵۱/۳
فتح الباری للعسقلانی، ۵۵۱/۹ ☆ الترغیب والترهیب للمنذری، ۱۳۷/۲
تاریخ اصفهان لابی نعیم، ۵۷/۱ ☆

۱۸۸۵ـ **عن** سمرة بن جندب رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال : قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم : طَعَامُ الْوَاحِدِ یَکْفِی الْاِثْنَیْنِ وَ طَعَامُ الْاِثْنَیْنِ یَکْفِی الْاَرْبَعَةَ ، یَدُ اللّٰہِ عَلَی الْجَمَاعَةِ ـ

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ایک آدمی کی خوراک دو کو کفایت کرتی ہے، اور دو کی چار کو، اللہ تعالیٰ کا ہاتھ جماعت پر ہے۔

۱۸۸۶ـ **عن** جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال : قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم : اِنَّ اَحَبَّ الطَّعَامِ اِلَی اللّٰہِ مَا کَثُرَتْ فِیْہِ الْاَیْدِیْ ـ

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بیشک سب کھانوں میں زیادہ پیارا اللہ عزوجل کو وہ کھانا ہے جس پر ہاتھ بہت سے ہوں۔

﴿۲﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

یعنی جتنے آدمی زیادہ مل کر کھائیں گے اتنا ہی اللہ تعالیٰ کو زیادہ پسند ہوگا۔

راد القحط ص ۱۶

۱۸۸۵ـ الصحیح لمسلم، باب طعام الثنین یکفی الثلاثة، ۱۸۶/۲
الجامع للترمذی، باب ما جاء فی طعام الواحد یکفی الاثنین، ۴/۲
السنن لابن ماجہ، باب طعام الواحد یکفی الاثنین ۲۳۴/۲
المسند لاحمد بن حنبل، ۴۰۷/۲ ☆ السنن للدارمی، ۱۰۰/۲
المعجم الکبیر للطبرانی، ۲۷۸/۷ ☆ مجمع الزوائد للهیثمی، ۲۱/۵
المصنف لابن ابی شیبة، ۱۳۴/۸ ☆ المصنف لعبد الرزاق، ۱۹۵۵۷
شرح السنة للبغوی، ۳۲۰/۱۱ ☆ تلخیص الحبیر لابن حجر، ۹/۴
مشکوٰة المصابیح للتبریزی، ۴۱۷۸ ☆ فتح الباری للعسقلانی، ۵۳۵/۹
الترغیب والترهیب للمنذری، ۱۳۳/۲ ☆ کنز العمال للمتقی، ۴۰۷۲۱، ۲۳۴/۱۵
حلیة الاولیاء لابی نعیم، ۲۸/۹ ☆ تاریخ دمشق لابن عساکر، ۳۷۹/۶
المسند للعقیلی، ۱۸۵/۳ ☆ السلسلة الصحیحة للالبانی، ۱۶۸۶
۱۸۸۶ـ مجمع الزوائد للهیثمی، ۲۱/۵ ☆ الترغیب و الترهیب للمنذری، ۱۴۰/۳

۲۔ دعوت

(۱) دعوت قبول کرو

۱۸۸۷۔ **عن** أبی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم: مَنْ لَمْ يُجِبِ الدَّعْوَةَ فَقَدْ عَصَى اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو دعوت قبول نہ کرے اس نے اللہ و رسول کی نافرمانی کی۔

احکام شریعت ص ۲۱۱

(۲) بلا دعوت جانا منع ہے

۱۸۸۸۔ **عن** عبد الله بن عمر رضی الله تعالیٰ عنهما قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم: مَنْ دُعِيَ فَلَمْ يُجِبْ فَقَدْ عَصَى اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ، وَ مَنْ دَخَلَ عَلٰى غَيْرِ دَعْوَةٍ دَخَلَ سَارِقًا وَ خَرَجَ مُغِيْرًا۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس کو دعوت کی گئی اور اس نے قبول نہ کی تو اللہ و رسول کی نافرمانی کی۔ اور جو بغیر دعوت گیا وہ چور بن کر داخل ہوا اور لٹیرا بن کر نکلا۔ ۱۲م

﴿۱﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

خصوصاً جبکہ دعوت عام نہ ہو تو معہود و معروف سے زائد آدمی لیجانا سخت ناجائز ہے۔ مثلاً جو لوگ عادی ہیں کہ بے آدمی کے ساتھ لئے ہوئے کہیں نہیں جاتے انکی جو دعوت کریگا آپ جانے گا کہ ساتھ آدمی ہوگا۔ المعروف کالمشروط، ہاں اگر کسی بے تکلفی والے نے دعوت

۱۸۸۷۔ الصحيح لمسلم، باب لا تحل المطلقة ثلاثا الخ، ۴۶۳/۱
الجامع للترمذی، باب ما جاء فی اجابة الداعی، ۱۲۹/۱
المسند لاحمد بن حنبل، ۶۸/۲ ☆
۱۸۸۸۔ السنن لابی داؤد، باب ما جاء فی اجابة الدعوة، ۵۲۵/۲
السنن الكبرى للبيهقی، ۶۸/۷ ☆ اتحاف السادة للزبيدی، ۲۳۳/۵
المغنی للعراقی، ۱۰/۲ ☆ تذكرة الموضوعات للفتنی، ۶۷
العلل المتناهية لابن الجوزی، ۳۶/۲ ☆

کی اور کچھ حاجت مند ہیں کہ یہ انکو ساتھ لے گیا اور ان کا باران پر نہ پڑے گا خواہ یوں کہ دسترخوان وسیع ہے اور دل فراخ، یا یوں کہ انکی وکفالت یہ خود کرے گا اور اسے ناگوار نہ ہوگا تو حرج نہیں۔ حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ نے غزوۂ خندق میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی دعوت کی۔ اور دو صاحبوں کے قابل کھانا پکایا۔ جب یہ دعوت کو عرض کرنے گئے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے باآواز بلند ارشاد فرمایا: اہل خندق! جابر تمہاری ضیافت کرتا ہے۔ وہ ایک ہزار صحابۂ کرام رضوان اللہ تعالیٰ عنہم تھے۔ اور حضرت جابر سے فرمایا: جب تک ہم تشریف نہ لائیں کھانا نہ اتارا جائے۔ او کما قال صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ گھبرائے ہوئے اپنے گھر تشریف لائے۔ اپنی زوجۂ مقدسہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے حال بیان کیا کہ یہاں دو ہی آدمیوں کے قابل کھانا ہے اور حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مع ایک ہزار صحابہ کے تشریف لاتے ہیں۔ ان بی بی نے عرض کیا: آپ کو اسکی فکر کیا ہے۔ جو لاتے ہیں وہی سامان فرمانے والے ہیں۔ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تشریف فرما ہوئے۔ آٹے اور ہانڈی میں لعاب دہن اقدس ڈالا اور ارشاد فرمایا روٹی پکانے والی بلالو اور ہانڈی چولھے پر رکھی رہنے دو اس قلیل آٹے اور گوشت سے ایک ہزار صحابہ کو پیٹ بھر کر کھلایا دیا اور ہانڈی ویسا ہی جوش مارتی رہی اور آٹا ذرا کم نہ ہوا۔

فتاوی رضویہ حصہ دوم ۹/۱۱۲

۳۔ کھلانے پلانے کی فضیلت

(۱) کھانا کھلانا نہایت اجر کا کام ہے

۱۸۸۹۔ **عن** الحسن البصری رضی اللہ تعالیٰ عنہ مرسلا قال : قال رسل اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم : اِنَّ اللّٰہَ عَزَّوَجَلَّ یُبَاھِیْ مَلَآئِکَتَہٗ بِالَّذِیْنَ یُطْعِمُوْنَ الطَّعَامَ مِنْ عَبِیْدِہٖ ۔

حضرت حسن بصری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مرسلا روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بیشک اللہ تعالیٰ اپنے فرشتوں سے ان لوگوں کے بارے میں فخر فرماتا ہے جو اسکے بندوں کو کھانا کھلاتے ہیں۔۱۲م

﴿۱﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

مگر لنگر لٹانا جسے کہتے ہیں کہ لوگ چھتوں پر بیٹھ کر روٹیاں پھینکتے ہیں، کچھ ہاتھوں میں جاتی ہیں، کچھ زمین پر گرتی ہیں، کچھ پاؤں کے نیچے آتی ہیں یہ منع ہے، کہ اس میں رزق الہی کی بے تعظیمی ہے ۔ بہت علماء نے روپیوں پیسوں کا لٹانا جس طرح دلہن دولہا کی نچھاور میں معمول ہے منع فرمایا کہ روپے پیسے کو اللہ عزوجل نے خلق کی حاجت روائی کیلئے بنایا ہے تو اسے پھینکنا نہ چاہیئے ۔ پھر روٹی کا پھینکنا سخت بیہودہ ہے۔

اعالی الافادہ ص ۱۵

(۲) پانی پلانے کی فضیلت

۱۸۹۰۔ **عن** سعد بن عبادۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ انہ اتی النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فقال : ای الصدقۃ اعجب الیک ؟ قال : الماء ۔

حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ آپ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا: یا رسول اللہ! آپ کو کونسا صدقہ پسند ہے؟ فرمایا: پانی پلانا۔۱۲م

۱۸۸۹۔ الترغیب و الترھیب للمنذری، ۲/۶۸

۱۸۹۰۔ السنن لابن داؤد، باب فضل سقی الماء، ۱/۲۳۶

(۳) پانی پلانے سے گناہ جھڑتے ہیں

۱۸۹۱۔ **عن** أنس بن مالك رضى الله تعالىٰ عنه قال : قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم : اِذَا كَثُرَتْ ذُنُوْبُكَ فَاسْقِ الْمَآءَ عَلَى الْمَآءِ، تَتَنَاثَرُ كَمَا يَتَنَاثَرُ الْوَرَقُ۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب تیرے گناہ زیادہ ہوجائیں تو پانی پر پانی ڈال، تیرے گناہ ایسے جھڑ جائیں گے جس طرح تیز ہوا سے پیڑ کے پتے جھڑ جاتے ہیں۔

فتاوی رضویہ جدید ۲/۲۲

(۴) کھلانے اور پہنانے کی فضیلت

۱۸۹۲۔ **عن** أمير المؤمنين عمر بن الخطاب رضى الله تعالىٰ عنه قال : قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم : أَفْضَلُ الْاَعْمَالِ اِدْخَالُ السُّرُوْرِ عَلَى الْمُؤمِنِ، كَسَوْتَ عَوْرَتَهٗ، أَوْ أَشْبَعْتَ جُوْعَتَهٗ، أَوْ قَضَيْتَ لَهٗ حَاجَةً۔

امیر المؤمنین حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: سب سے افضل کام مسلمان کا جی خوش کرنا کہ تو اسکا بدن ڈھانکے یا بھوک میں پیٹ بھرے، یا اسکا کوئی کام پورا کرے۔

۱۸۹۳۔ **عن** أبى الدرداء رضى الله تعالىٰ عنه قال : قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم : مَنْ وَافَقَ مِنْ أَخِيْهِ شَهْوَةً غُفِرَلَهٗ۔ راد القحط والوباء ص ۱۱

حضرت ابودرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس مسلمان کا جی کسی کھانے پینے یا کسی قسم کی حلال چیز کو چاہتا ہو اور اتفاق سے دوسرا اس کے لئے وہ شئی مہیا کردے اللہ عزوجل اسکے لئے مغفرت فرمادے۔

۱۸۹۱۔ تاریخ بغداد للخطیب، ۴۰۳/۶ ☆ میزان الاعتدال، ۲۳۶/۲
لسان المیزان لابن حجر، ۶۷۷/۶ ☆ کنز العمال للمتقی، ۴۳۱۸۳، ۲۵۹/۴
۱۸۹۲۔ الترغیب والترهیب للمنذری، ۳۹۴/۳
۱۸۹۳۔ مجمع الزوائد للهیثمی، ۱۸/۵ ☆ المسند للعقیلی، ۳۹۶/۴
تنزیه الشریعة لابن عراق، ۱۳۷/۲ ☆ تاریخ اصفهان لابی نعیم، ۶۶/۲
الفوائد المجموعة للشوکانی، ۷۳ ☆ تذکرة الموضوعات للسیوطی، ۶۷
المغنی للعراقی، ۱۲/۲ ☆ اللآلی المصنوعة للسیوطی، ۴۶/۳

۱۸۹۴۔ **عن** ابی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه قال : قال رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم : مَنْ أَطْعَمَ أَخَاهُ الْمُسْلِمَ شَهْوَتَهٗ حَرَّمَهُ اللّٰهُ عَلَى النَّارِ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو اپنے مسلمان بھائی کو اسکی چاہت کی چیز کھلائے اللہ تعالیٰ اسے دوزخ پر حرام کردے۔ رادالقحط والوباء ص ۱۲

۱۸۹۵۔ **عن** جابر بن عبد الله رضی الله تعالیٰ عنهما قال : قال رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم: مِنْ مُوْجِبَاتِ الرَّحْمَةِ اِطْعَامُ الْمُسْلِمِ السَّغْبَانِ ۔

حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: رحمت الٰہی واجب کردینے والی چیزوں میں ہے غریب مسلمان کو کھانا کھلانا ہے۔

۱۸۹۶۔ **عن** عبد الله بن عباس رضی الله تعالیٰ عنهما قال : قال رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم : اَلدَّرَجَاتُ اِفْشَآءُ السَّلَامِ ، وَ اِطْعَامُ الطَّعَامِ ، وَ الصَّلٰوةُ بِاللَّيْلِ وَ النَّاسُ نِيَامٌ ۔

حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ عزوجل کے یہاں درجے بلند کرنے والے ہیں سلام کو پھیلانا، ہر طرح کے لوگوں کو کھانا کھلانا اور رات کو لوگوں کے سوتے میں نماز پڑھنا۔

رادالقحط والوباء ص ۱۲

(۵) کھلانا اور سلام کو رواج دینا گناہوں کا کفارہ ہے

۱۸۹۷۔ **عن** ابی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه قال : قال رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم : اَلْكَفَّارَاتُ اِطْعَامُ الطَّعَامِ ، وَ اِفْشَآءُ السَّلَامِ ، وَ الصَّلٰوةُ بِاللَّيْلِ وَ النَّاسُ

۱۸۹۴۔ اتحاف السادة للزبیدی، ۲۳۷/۵ ☆ تذکرة الموضوعات للفتنی، ۶۷

۱۸۹۵۔ المستدرك للحاكم، ۵۲۴/۲ ☆ كنز العمال للمتقی، ۴۳۰۸۲، ۷۸۱/۱۵

۱۸۹۶۔ الجامع للترمذی، ۲۲۳۳، باب ما جاء فی افشاء السلام، ۹۳/۲

الترغيب والترهيب للمنذری، ۲۶۲/۱ ☆

۱۸۹۷۔ المستدرك للحاكم، ۱۲۹/۴ ☆ الدر المنثور للسیوطی، ۶۳/۲

نیام۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: گناہ مٹانے والے ہیں کھانا کھلانا، سلام ظاہر کرنا، اور شب کو لوگوں کے سوتے میں نماز پڑھنا۔ رادالقحط والوباء ص ۱۳

(۶) کھلانا، پلانا جہنم سے دوری کا ذریعہ ہیں

۱۸۹۸۔ **عن** عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: مَنْ أَطْعَمَ أَخَاهُ حَتّٰی يُشْبِعَهُ، وَ سَقَاهُ مِنَ الْمَآءِ حَتّٰی يُرْوِيَهُ بَاعَدَهُ اللّٰهُ مِنَ النَّارِ سَبْعَ خَنَادِقَ مَا بَيْنَ كُلِّ خَنْدَقَيْنِ مَسِيرَةَ خَمْسِ مِأَةِ عَامٍ۔

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو اپنے مسلمان بھائی کو پیٹ بھر کھانا کھلائے، پیاس بھر پانی پلائے اللہ تعالیٰ اسے دوزخ سے سات کھائیاں دور کرے۔ ہر کھائی سے دوسری تک پانچسو برس کی راہ۔

رادالقحط والوباء ص ۱۳

(۷) دعوت طعام کے ذریعہ گھر میں خیر و برکت ہوتی ہے

۱۸۹۹۔ **عن** عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: اَلْخَيْرُ اَسْرَعُ اِلَی الْبَيْتِ الَّذِیْ يُؤْكَلُ فِيْهِ مِنَ الشَّفْرَةِ اِلٰی سَنَامِ الْبَعِيْرِ۔

حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: خیر و برکت اس گھر کی طرف جس میں لوگوں کو کھانا کھلایا جائے اس سے بھی زیادہ جلد پہونچتی ہے جتنی جلد چھری کوہان شتر کی طرف، کہ اونٹ ذبح کرکے سب سے پہلے اس کا کوہان ہی تراشتے ہیں۔ رادالقحط والوباء ص ۱۴

۱۸۹۸۔ الترغیب والترہیب للمنذری، ۲/۶۵ ☆ اتحاف السادۃ للزبیدی، ۵/۲۳۳
مجمع الزوائد للہیثمی، ۲/۱۳۰ ☆ تذکرۃ الموضوعات للفتنی، ۶۶
۱۸۹۹۔ السنن لابن ماجہ، ۳۳۵۷، باب الضیافۃ، ۲/۲۴۰
مشکوۃ المصابیح للتبریزی،

(۸) فرشتے کھانا کھلانے والے پر درود بھیجتے ہیں

۱۹۰۰۔ عن أم المؤمنين عائشة الصديقة رضي الله تعالىٰ عنها قالت : قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم : اَلْمَلَآئِكَةُ تُصَلِّي عَلىٰ اَحَدِكُمْ مَا دَامَتْ مَائِدَتُهٗ مَوْضُوْعَةً ـ

ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب تک تم میں کسی کا دسترخوان بچھا ہے اتنی دیر فرشتے اس پر درود بھیجتے ہیں۔

(۹) مہمان اپنا رزق ساتھ لاتا ہے

۱۹۰۱۔ عن أبي الدرداء رضي الله تعالى عنه قال : قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم : اَلضَّيْفُ يَأْتِي بِرِزْقِهٖ وَ يَرْتَحِلُ بِذُنُوْبِ الْقَوْمِ يَتَمَحَّصُ عَنْهُمْ ذُنُوْبِهِمْ ـ

حضرت ابو درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مہمان اپنا رزق لیکر آتا ہے اور کھلانے والوں کے گناہ لیکر جاتا ہے۔ ان کے گناہ مٹا دیتا ہے۔

(۱۰) دینی بھائی کو کھلانے کی فضیلت

۱۹۰۲۔ عن الحسن بن علي المرتضى رضي الله تعالى عنهما قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: لَاَنْ اُطْعِمَ اَخًا لِيْ فِي اللّٰهِ لُقْمَةً اَحَبُّ اِلَيَّ مِنْ اَنْ اَتَصَدَّقَ عَلىٰ مِسْكِيْنٍ بِدِرْهَمٍ ، وَ لَاَنْ اُعْطِيَ اَخًا لِيْ فِي اللّٰهِ دِرْهَمًا اَحَبُّ اِلَيَّ مِنْ اَنْ اَتَصَدَّقَ عَلىٰ مِسْكِيْنٍ بِمِاَةِ دِرْهَمٍ ـ

حضرت اما حسن بن علی مرتضی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے روایت ہے کہ رسول اللہ

الترغيب والترهيب للمنذري، ۳۷۲/۳

۱۹۰۱۔ كشف الخفاء للعجلوني، ۴۶/۲

۱۹۰۲۔ الترغيب و الترهيب للمنذري، ۶۸/۲ ☆ تاريخ جرجان، ۳۵۹
السلسلة الصحيحة للالباني، ۳۰۷ ☆

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بیشک میرا اپنے کسی دینی بھائی کو ایک نوالہ کھلانا مجھے اس سے زیادہ پسند ہے کہ مسکین کو روپیہ دوں اور اپنی دینی بھائی کو ایک روپیہ دینا مجھے اس سے زیادہ پیارا ہے کہ مسکین پر سو روپے خیرات کروں۔

۱۹۰۳۔ **عن** أمير المؤمنين على المرتضى كرم الله عالىٰ وجهه الكريم قال : لان اجمع نفرا من اخوانى على صاع او صاعين من طعام احب الى من ان ادخل سوقكم فاشترى رقبة فاعتقها۔

امیر المؤمنین حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے روایت ہے کہ آپ نے فرمایا: میں اپنے چند برادران دینی کو تین سیر یا چھ سیر کھانے پر اکٹھا کروں تو یہ مجھے اس سے زیادہ محبوب ہے کہ تمہارے بازار میں جاؤں اور ایک غلام خرید کر آزاد کروں۔

رادالقحط والوباء ص ۱۵

(۱۱) ریاکاری کیلئے کھلانا ممنوع ہے

۱۹۰۴۔ **عن** عبد الله بن عباس رضى الله تعالىٰ عنهما قال : نهى رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم عن طعام المتبارئين ان يؤكل۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایسے کھانوں سے منع فرمایا جو ایک دوسرے پر سبقت لیجانے کیلئے کھلائے جاتے ہیں۔

﴿۲﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

یعنی جو کھانے تفاخر و ریا کیلئے پکائے جاتے ہیں۔ مگر بے دلیل واضح کسی مسلمان کے بارے میں یہ سمجھ لینا کہ یہ کام اس نے تفاخر و ریا اور ناموری کیلئے کیا ہے جائز نہیں کہ قلب کا حال خدا تعالیٰ جانتا ہے اور مسلمان پر بدگمانی حرام ہے۔

فتاوی رضویہ ۴/۲۳۰

۱۹۰۳۔ الترغيب والترهيب للمنذرى، ۶۸/۲

۱۹۰۴۔ السنن لابى داؤد، باب فى طعام المتبارئين ۵۲۷/۲

المستدرك للحاكم، ۱۲۶/۴ ☆ المعجم الكبير للطبرانى، ۴۳۰/۱۱

(۱۲) پرہیز گار ہی کی دعوت کرو

۱۹۰۵ـ **عن** ابی سعید الخدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم : لَا یَاکُلُ طَعَامَكَ اِلَّا تَقِیٌّ ۔

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تیرا کھانا نہ کھائے گا مگر پرہیز گار۔

فتاوی رضویہ ۴/۲۲۶

(۱۳) کھاتے وقت وہم سے بچو

۱۹۰۶ـ **عن** عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال : نہی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان یفتش التمر عما فیہ ۔

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس وہم پالنے سے منع فرمایا کہ کھاتے وقت چھوارا توڑ کر اسکی تلاشی لی جائے کہ اس میں کوئی کیڑا تو نہیں۔

فتاوی رضویہ حصہ دوم ۹/۱۷۲

۱۹۰۵ـ السنن لابی داؤد، باب من یومر ان یجالس، ۲/۶۶۴
اتحاف السادۃ للزبیدی، ۴/۱۲۸ ☆ المسند لاحمد بن حنبل، ۳/۳۸
المستدرک للحاکم، ۴/۱۲۸ ☆
۱۹۰۶ـ الجامع الصغیر للسیوطی، ۲/۵۶۸ حسن

۱۸

کتاب الاضحیۃ

ابواب

۱۔ قربانی

(۱) صاحب نصاب

۱۹۰۷۔ **عن** أبی ھریرة رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال : قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم : مَنْ کَانَ لَہٗ سَعَۃٌ وَ لَمْ یُضَحِّ فَلَا یَقْرُبَنَّ مُصَلَّانَا ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس کا ہاتھ پہونچتا ہو اور قربانی نہ کرے وہ ہرگز ہماری مسجد کے پاس نہ آئے۔

فتاویٰ رضویہ ۶/۵۲۱

(۲) قربانی کا جانور تندرست ہونا بہتر ہے

۱۹۰۸۔ **عن** رجل من الصحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم قال : قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم : اِنَّ أَفْضَلَ الضَّحَایَا أَغْلَاھَا وَ أَسْمَنُھَا ۔

ایک صحابی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بیشک قربانی کے جانوروں میں افضل وہ جانور ہے جو قیمتی اور تندرست ہو۔ ۱۲م

(۳) حضور نے مینڈھوں کی قربانی کی

۱۹۰۹۔ **عن** أبی ھریرة رضی اللہ تعالی عنہ قال : ان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ضحی بکبشین املحین ، احدھما عن نفسہ و الآخر عن امتہ ۔

۱۹۰۷۔ السنن لابن ماجه، باب الاضاحی واجبةھی ام لا، ۲۳۳/۲
المستدرك للحاكم، ۲۳۲/۴ ☆ نصب الراية للزيلعى، ۲۰۷/۴
كنز العمال للمتقى، ۱۲۱۶۹، ۸۶/۵ ☆ تاريخ بغداد للخطيب، ۲۳۸/۸
الجامع الصغير للسيوطى، ۵۴۰/۲ ☆ السنن الكبرى للبيهقى، ۲۶۰/۹

۱۹۰۸۔ المسند لاحمد بن حنبل، ۴۲۴/۳ ☆ السنن الكبرى للبيهقى، ۲۶۸/۹
الدر المنثور للسيوطى، ۳۶۱/۴ ☆ مجمع الزوائد للهيثمى، ۲۱/۴
تاريخ دمشق لابن عساكر، ۱۹۷/۱۰ ☆
كنز العمال للمتقى، ۱۲۱۷۵، ۸۸/۵ ☆ الطبقات الكبرى لابن سعد، ۱۴۰/۷

۱۹۰۹۔ الجامع الصحيح للبخارى، باب من ذبح الضاحى بيده، ۸۳۴/۲
الصحيح لمسلم، باب استحباب الضحية، ۱۵۰/۲
الجامع للترمذى، باب الاضحية بكبشين، ۱۸۰/۱

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دو فربہ اور سیاہ وسفید مینڈھوں کی قربانی فرمائی۔ ایک اپنی جانب سے اور دوسرا اپنی امت کی طرف سے۔۱۲م

۱۹۱۰۔ **عن** أبی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه قال : ان النبی صلی الله تعالیٰ عليه وسلم ضحی بكبشين املحين ، ذبح احدهما عن امته لمن شهد له بالتوحيد و شهد له بالبلاغ ، و ذبح الاخر عن محمد و آل محمد صلی الله تعالیٰ عليه وسلم۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دو فربہ مینڈھوں کی قربانی فرمائی۔ ایک اپنی امت اجابت کی طرف سے۔ یعنی جس نے اللہ تعالیٰ کی وحدانیت اور حضور کی رسالت کی تصدیق کی، اور دوسری قربانی اپنی طرف سے اور اپنی آل کی طرف سے۔۱۲م

(۴) قربانی کی دعا

۱۹۱۱۔ **عن** أبی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه قال : ان النبی صلی الله تعالیٰ عليه وسلم قال عند التضحيه : اَللّٰهُمَّ لَكَ وَمِنْكَ عَنْ مُحَمَّدٍ وَ اُمَّتِهٖ ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے قربانی کے وقت یہ دعا پڑھی۔ اَللّٰهُمَّ لَكَ وَمِنْكَ عَنْ مُحَمَّدٍ وَ اُمَّتِهٖ۔ اے اللہ! تیرے لئے اور تیرے حکم سے اپنی امت کی طرف سے۔ فتاوی رضویہ ۴/۲۰۶

(۵) قربانی کس جانور کی ہو

۱۹۱۲۔ **عن** جابر رضی الله تعالیٰ عنه قال : قال رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه

۱۹۱۰۔ السنن لابن ماجه، باب اضاحی رسول الله ﷺ، ۲/۲۳۲
السنن لابی داؤد، باب ما يستحب من الضحايا، ۲/۳۸۶
اتحاف السادة للزبيدی، ۳/۴۰۵ ☆ فتح الباری للعسقلانی، ۱۳/۳۷۹
۱۹۱۱۔ المسند لاحمد بن حنبل، ☆ السنن لابی داؤد، ۲/۳۸۶
۱۹۱۲۔ الصحيح لمسلم، باب سن الضحية، ۲/۱۵۵
السنن لابی داؤد، باب ما يجوز من السنن فی الضحايا، ۲/۳۸۶
السنن لابن ماجه، باب ما يجزئ من الضاحی، ۲/۲۳۴
السنن للنسائی، باب السنة ولا يجزعة، ۲/۱۸۰

وسلم : لَا تَذْبَحُوْ اِلَّامُسِنَّةً اِلَّا اَنْ يَّعْسِرَ عَلَيْكُمْ فَتَذْبَحُوْا جَذْعَةً مِّنَ الضَّانِ ـ

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: پوری عمر والے جانور کی قربانی کرو مگر جب دشوار ہو تو بھیڑ کا چھ ماہ والا بچہ بھی ذبح کر سکتے ہو۱۲م فتاوی رضویہ ۸/۴۰۱

(۶) گائے کی قربانی سنت ہے

۱۹۱۳ـ **عن** أم المؤمنين عائشة الصديقة رضى الله تعالىٰ عنهما قالت : ضحى رسول الله صلىٰ الله تعالىٰ عليه وسلم عن نسائه البقر ـ

ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنی ازواج مطہرات رضی اللہ تعالیٰ عنہن کی طرف سے گائے کی قربانی کی۔

(۷) گائے اور اونٹ میں سات حصہ تک جائز ہے

۱۹۱۴ـ **عن** جابر بن عبدالله رضى الله تعالىٰ عنهما قال : امرنا رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ان نشرك فى الابل و البقر كل سبعة منا فى بدنة ـ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہمیں حکم دیا کہ اونٹ اور گائے ہر بدنہ میں سات سات آدمی شریک ہو جائیں۔

۱۹۱۵ـ **عن** جابر بن عبد الله رضى الله تعالىٰ عنهما قال : اشتركنا مع النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فى الحج و العمرة كل سبعة منا بدنة، فقال رجل لجابر : ايشترك فى البدنة ما يشترك فى الجزور؟ قال : ما هى الا من البدن ـ

۱۹۱۳ـ الجامع الصحيح للبخارى، باب الاضحية للمسافر و النساء، ۸۳۲/۲
الصحيح لمسلم، باب جواز الاشتراك فى الهدى، الخ، ۴۲۴/۲
۱۹۱۴ـ الصحيح لمسلم، باب جواز الاشتراك فى الهدى، ۴۲۴/۱
السنن لابى داؤد، باب البقر و الجزور عن كم يجزى، ۳۸۸/۲
السنن لابن ماجه، باب عن كم تجزى البدنة، ۲۳۳/۲
المسند لاحمد بن حنبل، ۲۹۳/۳
۱۹۱۵ـ الصحيح لمسلم، باب جواز الاشتراك فى الهدى، ۴۲۴/۱

حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ حج وعمرہ میں ہم حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ قربانی کے ایک ایک ڈیل دار جانور میں سات سات آدمی شریک ہوئے کسی نے ان سے پوچھا، کیا گائے کی قربانی میں بھی اتنے ہی آدمی شریک ہو سکتے ہیں؟ فرمایا: گائے بھی تو بدنہ ہی میں داخل ہے۔

فتاوی رضویہ ۸/۴۵۱

۱۹۱۶۔ **عن** عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال: کنا مع النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فحضر الاضاحی، فذبحنا البقرۃ عن سبعۃ۔

حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ ایک سفر میں تھے کہ بقر عید آئی تو ہم نے سات آدمیوں کی طرف سے ایک گائے ذبح کی۔ فتاوی رضویہ ۸/۴۵۱

(۸) چرم قربانی کے خود مشکیزے بنائے جا سکتے ہیں

۱۹۱۷۔ **عن** أم المؤمنین عائشۃ الصدیقۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہا قالت: قالوا: یا رسول اللہ! إن الناس یتخذون الأسقیہ من ضحایا ھم و یحملون فیھا الودک، فقال: و ماذاك؟ قالوا: نھیت أن تو کل لحوم الأضاحی بعد ثلث ـ قال: إِنَّمَا نَهَيْتُكُمْ مِنْ أَجَلِ الدَّافَّةِ فَكُلُوا وَ ادَّخِرُوا وَ تَصَدَّقُوا۔

ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ صحابۂ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین نے عرض کیا؛ یا رسول اللہ! لوگ اپنی قربانی کی کھالوں کے مشکیزے بنا لیتے ہیں اور ان میں چربی ڈھوتے ہیں۔ فرمایا: اس میں کیا حرج ہے۔ بولے: ہمیں تو تین دن کے بعد قربانی کا گوشت کھانے سے منع کیا گیا تھا۔ فرمایا: میں نے تمہیں ذخیرہ

۱۹۱۶۔ الجامع للترمذی، باب فی الاشتراك فی الاضحیۃ، ۱/۱۸۱
السنن للنسائی، باب ما یجزی علیہ البقر، ۲/۱۸۱
۱۹۱۷۔ الجامع الصحیح للبخاری، باب ما یو کل من لحوم الاضاحی، ۲/۸۳۵
الصحیح لمسلم، باب بیان ما کان من النھی عن اکل، ۲/۱۵۸
السنن لابی داؤد، باب حبس لحوم الاضاحی، ۲/۳۸۸
السنن لابن ماجہ، باب ادخار لحوم الاضاحی، ۲/۲۳۵
المسند لاحمد بن حنبل، ۶/۵۱

بنانے کی وجہ سے منع کیا تھا۔ لہذا کھاؤ، ذخیرہ کرو، اورصدقہ کرو اب ہر چیز کی اجازت ہے۔۱۲م

فتاوی رضویہ ۴۷۲/۸

۱۹۱۸۔ **عن** نبیشة الهذلی رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول لله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: کُلُوا وَ ادَّخِرُوا وَ ائْتَجِرُوا۔

حضرت نبشہ ہذلی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کھاؤ اور اٹھار کھو اور ہر وہ کام کرو جس سے ثواب حاصل ہو۔

فتاوی رضویہ ۴۷۴/۸

(۹) قربانی کی کھال فروخت نہ کرو

۱۹۱۹۔ **عن** أبی هریرة رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: مَنْ بَاعَ جِلْدَ أُضْحِيَّةٍ فَلَا أُضْحِيَّةَ لَهُ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے قربانی کی کھال بیچ دی اسکی قربانی قبول نہیں۔۱۲م

۱۹۲۰۔ **عن** بریدة الأسلمی رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: کُلُوا مَا بَدَا لَکُمْ وَ أَطْعِمُوا وَ ادَّخِرُوا۔

حضرت بریدہ اسلمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: قربانی کا گوشت جس قدر تم کھا سکتے ہو کھاؤ، باقی کھلاؤ اور جمع رکھو۔۱۲م

۱۹۲۱۔ **عن** سلمة بن الأکوع رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی

۱۹۱۸۔ السنن لابی داؤد، باب حبس لحوم الاضاحی، ۳۸۹/۲

۱۹۱۹۔ المستدرک للحاکم، ۳۹۰/۲ ☆ السنن الکبری للبیهقی، ۲۹٤/۹

الجامع الصغیر للسیوطی، ۵۲۰/۲ ☆ کنز العمال للمتقی، ۱۲۳۰۵، ۳۷۵/۵

نصب الرایة لزیلعی، ۲۱۸/٤ ☆ الترغیب والترهیب للمنذری، ۱۵٦/۲

۱۹۲۰۔ السنن الکبری للبیهقی، ۲۹۱/۹ ☆

۱۹۲۱۔ الجامع الصحیح للبخاری، باب ما یؤکل من لحوم الضاحی، ۸۳۵/۲

السنن لابی داؤد، باب حبس لحوم الاضاحی، ۳۸۹/۲

الجامع للترمذی، باب فی الرخصه فی کلها بعد ثلاث، ۱۸۲/۱

السنن للنسائی، باب ادخار من اضاحی، ۱۸٤/۲

السنن لابن ماجه، ۲۳۵/۲ ☆ المسند لاحمد بن حنبل، ۲۳/۳

اللہ تعالیٰ علیہ وسلم : کُلُوا وَ أَطْعِمُوا وَ ادَّخِرُوا۔

حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: قربانی کا گوشت کھاؤ اور کھلاؤ اور ذخیرہ کرو۔۱۲م

۱۹۲۲۔ عن أبی سعید الخدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال ؛ قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم : کُلُوا وَ أَطْعِمُوا وَ احْبِسُوا وَ ادَّخِرُوا۔

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: قربانی کا گوشت کھاؤ، کھلاؤ، روک رکھو اور ذخیرہ کرلو۔۱۲م

فتاوی رضویہ ۸/ ۴۹۷

(۱۱) قربانی کا گوشت اور کھال وغیرہ صدقہ کردو

۱۹۲۳۔ عن أمیر المؤمنین علی المرتضی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم قال : اھدی النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مائۃ بدنۃ فامرنی بلحومھا فقسمتھا ، ثم امرنی بجلالھافقسمتھا ثم بجلودھا فقسمتھا۔

امیر المؤمنین حضرت علی مرتضی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سو اونٹ قربانی کرکے مجھے گوشت تقسیم کرنے کا حکم دیا تو میں نے اسکو بانٹ دیا۔ پھر مجھے حکم ملا کہ جھولیں خیرات کروں تو وہ بھی میں نے تقسیم کردیں۔ پھر حکم ملا کہ کھالیں بھی بانٹ دو تو میں نے ان سب کو بھی تقسیم کردیا۔۱۲م

۱۹۲۴۔ عن أمیر المؤمنین علی المرتضی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم قال : بعثنی النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فقمت علی البدن فامرنی فقسمت لحومھا،

۱۹۲۲۔ الصحیح لمسلم، باب بیان ما کان النہی عن اکل لحوم الاضاحی، ۲/ ۱۵۹
المستدرک للحاکم، ۴/ ۲۳۲ ☆ السنن الکبری للبیہقی، ۹/ ۲۹۲
فتح الباری للعسقلانی، ۱۰/ ۲۴ ☆

۱۹۲۳۔ الجامع الصحیح للبخاری، باب یتصدق بھا البدن ۱/ ۲۳۲
الصحیح لمسلم، باب جواز الاشتراک فی الھدی، ۱/ ۴۲۴
السنن لابن ماجۃ، باب جلود الاضحیۃ ۲/ ۲۳۵
المسند لاحمد بن حنبل، ۱/ ۷۹ ☆

۱۹۲۴۔ الجامع الصحیح للبخاری، باب لا یعطی الجزار من الھدی شیئا، ۱/ ۲۳۲

ثم أمرني فقسمت جلالها و جلودها ۔

امیر المومنین حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھے قربانی کے اونٹوں کے پاس بھیجا اور حکم دیا کہ گوشت تقسیم کروں تو میں نے بانٹ دیا۔ پھر مجھے حکم ملا تو میں نے انکی جھولیں اور کھالیں تقسیم کردیں۔۱۲م

۱۹۲۵۔ **عن** أمیر المؤمنین علی المرتضی کرم الله تعالیٰ وجهه الکریم قال :امرني النبي صلی الله تعالیٰ علیه وسلم ان اقوم علی البدن و ان لا اعطی علیها شیئا في جزارتها ۔

امیر المومنین حضرت علی مرتضی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھے حکم دیا کہ قربانی کے اونٹوں کے پاس کھڑے ہو جاؤ اور ان میں سے اجرت کے طور پر کچھ بھی قصاب کو نہ دو۔۱۲م

۱۹۲۶۔ **عن** أمیر المؤمنین علی المرتضی کرم الله تعالیٰ وجهه الکریم قال: ان النبي صلی الله تعالیٰ علیه وسلم امره ان یقوم علی بدنه و ان یقسم بدنه کلها لحومها و جلودها و جلالها ، و لا یعطي في جزارتها شیئا۔

امیر المومنین حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھے قربانی کے اونٹوں کے پاس کھڑے ہونے کا حکم فرمایا اور حکم دیا کہ سارے اونٹوں کا گوشت، جھولیں اور کھالیں سب تقسیم کردوں۔ اور انکی اجرت میں قصاب وغیرہ کو ان میں سے کچھ نہ دوں۔۱۲م

فتاوی رضویہ ۸/۵۳۳

۱۹۲۷۔ **عن** نافع رضي الله تعالیٰ عنه ان عبد الله بن عمر رضي الله تعالیٰ عنهما کان یجلل بدنه القباطي و الأنماط و الحلل ثم یبعث بها الی الکعبة فیکسوها ایاها۔

۱۹۲۵۔ الجامع الصحیح للبخاری، باب لا یعطی الجزار من الهدی شیئا، ۱/۲۳۲

۱۹۲۶۔ الجامع الصحیح للبخاری، باب لا یعطی الجزار من الهدی شیئا، ۱/۲۳۲

الصحیح لمسلم، باب الصدقة بلحوم الهدایا، ۱/۴۲۳

۱۹۲۷۔ الموطا لمالک، العمل فی الهدی حین یساق ۱۴۸

حضرت نافع رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما اپنے ہدی کے جانوروں پر بیش قیمت مصری نرم و نازک کپڑوں اونی چادروں اور دوسرے عمدہ کپڑوں کی جھولیں ڈالتے۔ قربانی کے بعد ان کو خانۂ کعبہ کا غلاف بنانے کیلئے بھیج دیتے تھے۔ ۱۲م

۱۹۲۸۔ **عن** مالك رضی اللہ تعالی عنه انه سأل عبد اللہ بن دینار رضی اللہ تعالیٰ عنه ما كان عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنهما يصنع بجلال بدنه حين كسيت الكعبة عن الكسوة قال : كان يتصدق بها ۔

حضرت امام مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت عبد اللہ بن دینار رضی اللہ تعالی عنہ سے پوچھا کہ جب کعبۂ مقدسہ پر غلاف چڑھا دیا گیا۔ تو حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنے ہدی کے جانوروں کی جھولوں کا کیا کرتے تھے؟ فرمایا: صدقہ کر دیا کرتے تھے۔ ۱۲م

فتاوی رضویہ ۸/۵۳۵

۱۹۲۹۔ **عن** أسامة بن زيد رضی اللہ تعالیٰ عنهما قال : ان عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنهما كان يجلل بدنه الأنماط و البرد و الحبر حتى يخرج من المدينة ينزعها فيطويها حتى يكون يوم عرفة فيلبسها اياها حتى ينحرها ثم يتصدق بها ۔

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما اپنی ہدی کے جانوروں پر اونی اور یمنی چادروں کی جھولیں ڈالتے جب وہ جانور مدینہ سے باہر آتے تو انکو اتار لیتے اور طے کر کے رکھ لیتے۔ پھر جب عرفہ کا دن آتا تو انکو پہناتے اور جب قربانی ہوتی تو ان جھولوں کو خیرات کر دیتے۔ ۱۲م

فتاوی رضویہ ۸/۵۳۶

۱۹۲۸۔ الموطا لمالك العمل فی الهدی حين يساق، ۱/ ۸

۱۹۲۹۔ ابن المنذر

۱۹

کتاب الصید والذبائح

ابواب

۔ذبیحہ

ا۔اللہ کے نام پر ذبح کرو

۱۹۳۰۔ **عن** رافع بن خدیج رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال : قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم : مَا اَنْهِرَ الدَّمُ وَ ذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ فَكُلُوْا ۔

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس جانور کا خون بہایا گیا اور اللہ تعالیٰ کا نام بھی اسوقت لیا گیا تو اسکو کھاؤ۔۱۲م

۱۹۳۱۔ **عن** عدی بن حاتم رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال : قلت : یا رسول اللہ ! ان نصید صیدا فلا نجد سکینا الا الظرارة و شقة العصا ، قال : أَمْرِرِ الدَّمَ بِمَا شِئْتَ وَاذْكُرِ اسْمَ اللّٰهِ ۔

حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے بارگاہ رسالت میں عرض کیا: یارسول اللہ! ہم شکار کرتے ہیں تو ہمیں چھری وغیرہ نہیں ملتی۔ صرف دھاردار پتھر یا لاٹھی کی ناک، فرمایا: خون بہاؤ، جس سے چاہو اور بسم اللہ پڑھ لو۔۱۲م

۱۹۳۲۔ **عن** رافع بن خدیج رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال : سألت رسول اللہ صلی

۱۹۳۰۔ الجامع الصحیح للبخاری، باب ما انہر الدم من العضب، ۸۲۷/۲
الصحیح لمسلم، باب جواز الذبح بکل ماانہر، ۱۵۶/۲
الجامع للترمذی، ۱۸، باب فی الزکاۃ بالقصب، ۱۸۰/۱
السنن لابی داؤد، باب فی ذبائح اھل الکتاب، ۳۸۹/۲
السنن لابن ماجہ، باب ما یذکی بہ ۲۲۹/۲
السنن للنسائی، باب النھی عند الذبح بالظفر، ۱۸۲/۲
المسند لاحمد بن حنبل، ۴۶۲/۳ ☆ المعجم الکبیر للطبرانی، ۳۲۲/۴
نصب الرایۃ للزیلعی، ۱۸۶/۴ ☆ فتح الباری للعسقلانی، ۱۳۹/۵
۱۹۳۱۔ السنن لابن ماجہ، باب ما یذکی بہ، ۲۳۶/۲
السنن لابی داؤد، باب الذبیحۃ بالمروۃ، ۳۹۰/۲
المسند لاحمد بن حنبل، ۲۴۰/۴ ☆ الجامع الصغیر للسیوطی، ۱۶۴/۱
المعجم الکبیر للطبرانی، ۱۰۴/۱۷ ☆ المسند لاحمد بن حنبل، ۲۵۸/۴
۱۹۳۲۔ المصنف لابن ابی شیبۃ، ۲۵۹/۴ ☆ الجامع الصغیر للسیوطی، ۳۹۷/۳

الله تعالىٰ عليه وسلم عن الذبيحة بالليط فقال : كُلُ مَافَرَى الْاَوْدَاجَ اِلَّا سِنٌّ اَوْ ظُفُرٌ۔

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے پوچھا کہ کیا بانس کی پنچ اور کھوئی وغیرہ سے کسی جانور کو ذبح کر سکتے ہیں؟ فرمایا: دانت اور ناخن کے علاوہ جو بھی دھاردار چیز ہو اور رگیں کاٹ دے اس کے ذریعہ ذبح شدہ جانور جائز ہے۔۱۲م

فتاوی رضویہ ۸/۳۷۶

(۲) غیر اللہ کے نام پر ذبیحہ حرام ہے

۱۹۳۳۔ **عن** أمیر المؤمنین علیٰ المرتضی کرم الله تعالیٰ وجهه الکریم قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : لَعَنَ اللّٰهُ مَنْ ذَبَحَ لِغَیْرِ اللّٰهِ۔

امیر المؤمنین حضرت علی مرتضی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا خدا کی لعنت ہے اس پر جو اللہ کے غیر کیلئے ذبح کرے۔

فتاوی رضویہ ۶/۲۱۲ ☆ فتاوی رضویہ ۱۲/۹۴

فتاوی رضویہ ۸/۳۴۳

(۳) مہمان کی خوشنودی کیلئے ذبیحہ باعث ثواب ہے

۱۹۳۴۔ **عن** جابر بن عبد الله رضی الله تعالیٰ عنهما قال : قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : مَنْ ذَبَحَ لِضَیْفِهٖ ذَبِیْحَةً کَانَتْ فِدَائَهٗ مِنَ النَّارِ۔

حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو اپنے مہمان کیلئے جانور ذبح کرے وہ دوزخ سے اسکا فدیہ ہوجائے۔

فتاوی رضویہ ۸/۳۴۳

۱۹۳۳۔ الصحیح لمسلم، باب تحریم الذبح لغیر الله ۲/۱۶۰
الجامع الصغیر للسیوطی، ۲/۴۴۷ ☆ المسند لاحمد بن حنبل، ۱/۱۰۸
السنن الکبری للبیهقی، ۸/۲۳۱ ☆ مجمع الزوائد للهیثمی، ۱/۱۰۲
۱۹۳۴۔ الجامع الصغیر للسیوطی، ۲/۵۲۶ ☆ العلل المتناهیة لابن الجوزی، ۲/۳۴

﴿۱﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

ان احادیث سے معلوم ہوا کہ ذبیحہ میں غیر خدا کی نیت اور اس کی طرف نسبت مطلقا کفر کیا حرام بھی نہیں۔ بلکہ موجب ثواب ہے۔ تو ایک حکم عام کفر وحرام کیونکر ہوسکتا ہے۔

فتاوی رضویہ ۱۲/۹۴

نیز ایک وجہ وہی ہے کہ اکرام مہمان مکارم اخلاق سے تھا اور مکارم اخلاق سے رضائے الہی مطلوب ہے۔ مہمان کیلئے ذبح کرنا غیر اللہ کیلئے ذبح کرنا نہ ہوا بلکہ عزوجل ہی کیلئے ہے۔

فتاوی رضویہ ۶/۳۱۲

(۴) مجوس کا ذبیحہ نا جائز ہے

۱۹۳۵۔ **عن** عبد الرحمن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: سمعت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یقول: سُنُّوا بِهِمْ سُنَّةَ أَهْلِ الْكِتَابِ غَيْرَ نَاكِحِي نِسَآئِهِمْ وَ لَا آكِلِي ذَبَآئِحِهِمْ۔

حضرت عبد الرحمٰن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مجوس کے ساتھ اہل کتاب جیسا معاملہ کرو لیکن ان کی عورتوں سے نہ نکاح کرو اور نہ ان کا ذبیحہ کھاؤ۔۱۲م

فتاوی رضویہ حصہ دوم ۹/۱۰۲

﴿۲﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

مجوس کے ہاتھ کی ذبح کی ہوئی بکری مثل سور ہے۔ اور جہاں مجوس ذابح ہو۔ یا مجوس بھی ذابح ہو اور اس کا کاٹا ہوا اور مسلمان کا ذبیحہ دلیل صحیح شرعی سے متمیز نہ ہو وہاں سے کسی حلال جانور کا گوشت خریدنا کھانا کھلانا سب حرام ہے۔ یونہی اگر مجوس گوشت بیچتا ہو اور حلفاً کہے کہ جانور مسلمان کے ہاتھ کا ذبح کیا ہوا ہے جب بھی اس کا خرید کرنا حرام ہے مگر یہ کہ مسلمان نے ذبح کیا اور وہ یا اور مسلمان اس وقت سے خریداری کے وقت تک اس جانور کو دیکھتا رہا کسی وقت

۱۹۳۵۔ الموطا لمالک، ۱۲۱ ☆ المصنف لابن ابی شیبۃ، ۶/۴۳۲
الاصابۃ لابن حجر، ۶/۸۸ ☆ المصنف لعبد الرزاق، ۶/۶۹
السنن الکبری للبیہقی، ۹/۱۸۹ ☆

مسلمان کی نگاہ سے غائب نہ ہوا وہ مسلمان کہے کہ یہ میرا یا فلاں مسلمان کا ذبح کیا ہوا ہے اس وقت خریداری جائز ہے۔

فتاوی رضویہ حصہ دوم ۱۰۲/۹

۲۔ حرام جانور

(۱) مردار کھانا حرام ہے

۱۹۳۶۔ **عن** عبد الله بن عباس رضی الله تعالیٰ عنهما قال : قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : اِنَّمَا یُحَرَّمُ مِنَ الْمَیْتَةِ اَکْلُهَا۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مردار کھانا حرام ہے۔۱۲م فتاوی رضویہ ۲/ ۹۷

(۲) زندہ جانور کا عضو کھانا حرام ہے

۱۹۳۷۔ **عن** أبی واقد اللیثی رضی الله تعالیٰ عنه قال : قدم النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم المدینة و هم یجبون اسنمة الایل و یقطعون الیات الغنم ، فقال صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : مَا یُقْطَعُ مِنَ الْبَهِیْمَةِ وَ هِیَ حَیَّةٌ فَهُوَ مَیْتَةٌ۔

حضرت ابو واقد لیثی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب مدینہ منورہ تشریف لائے تو دیکھا کہ اہل مدینہ زندہ اونٹ کا کوہان کاٹتے ہیں اور دنبہ کی چکیاں کاٹ کر کھاتے ہیں۔ آپ نے فرمایا: زندہ جانور کا کوئی حصہ کاٹا جائے تو وہ مردار کی طرح حرام ہے۔۱۲م فتاوی رضویہ ۸/ ۳۲۷

(۳) پالتو گدھے حرام ہیں

۱۹۳۸۔ **عن** أنس بن مالك رضی الله تعالیٰ عنه قال: نهی رسول الله صلی

۱۹۳۶۔ الصحیح لمسلم ، باب طهارة جلود المیتة ، ۱۵۸/۱
الجامع الصحیح للبخاری، باب جلود المیتة ، ۸۳۰/۲
السنن لابی داؤد ، باب فی احب المیتة ۵۶۹/۲
۱۹۳۷۔ الجامع للترمذی، باب ما جاء ما قطع من الحیمن المیت ، ۱۷۹/۱
السنن لابن ماجه ، باب ما قطع من البهیمة و هی حیة ، ۲۳۸/۲
المسند لاحمد بن حنبل ، ۲۱۸/۵ ☆
۱۹۳۸۔ الجامع الصحیح للبخاری، باب لحوم الحمر الانسیة ، ۸۲۹/۲
الصحیح لمسلم ، باب تحریم باکل لحم الحمر الانسیة ، ۱۴۹/۲
السنن لابن ماجه ، باب تحریم الحمر الهلیته ، ۲۳۸/۲
الجامع للترمذی، باب ما جاء فی لحوم الاهلیته ، ۲/۲

اللہ تعالیٰ علیه وسلم یوم خیبر عن لحوم الحمر الا هلیة ۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جنگ خیبر کے دن پالتو گدھوں کے گوشت سے منع فرمایا۔۱۲م

فتاوی رضویہ ۸/۳۶۵

(۴) کیلے والے درندے اور پنجے والے پرندے ممنوع ہیں

۱۹۳۹۔ **عن** عبد الله بن عباس رضی الله تعالیٰ عنهما قال: نهی رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم عن اکل کل ذی ناب من السباع و کل ذی مخلب من الطیر ۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہر کیلے والے درندے اور پنجے سے کھانے والے ہر پرندہ کا گوشت کھانے سے منع فرمایا۔۱۲م

(۵) جریث نامی مچھلی کا حال

۱۹۴۰۔ **عن** عمرة بنت ابی طبیخ رضی الله تعالیٰ عنها قالت: خرجت مع ولیدة لنا فاشترینا جریثة بقفیز حنطة فوضعنا ها فی زنبیل فخرج راسها من جانب و ذنبها من جانب، فمر بنا علی المرتضی رضی الله تعالیٰ عنه فقال: بکم اخذت؟ قالت: فأخبرته فقال: ما أطیبه و أرخصه و أوسعه للعیال ۔

حضرت عمرہ بنت ابی طبیخ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ میں اپنی کنیز کے ساتھ جا کر ایک جریث ایک قفیز گیہوں کو خرید کر لائی جو زنبیل میں نہیں سمائی۔ ایک طرف سر نکلا رہا اور ایک طرف سے دم۔ اتنے میں مولی علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم کا گزر ہوا۔ فرمایا: کتنے کو لی؟

۱۹۳۹۔ الجامع الصحیح للبخاری، باب الالبان الابل، ۲/۸۶۰
الصحیح لمسلم، باب تحریم اکل کل ذی ناب، ۲/۱۴۷
المسند لاحمد بن حنبل، ۱/۳۳۲ ☆ الدر المنثور للسیوطی، ۳/۵۱
المصنف لابن ابی شیبة، ۵/۲۹۸ ☆ فتح الباری للعسقلانی، ۹/۶۵۴
۱۹۴۰۔ المبسوط لمحمد،

میں نے قیمت عرض کی: فرمایا: کیا پاکیزہ چیز ہے اور کتنی ارزاں اور متعلقین پر کتنی وسعت والی۔

فتاوی رضویہ ۳۷۳/۳/۸

(۶) ماکول اللحم جانور کے سات اعضاء مکروہ ہیں

۱۹۴۱۔ **عن** عبد الله بن عباس رضی الله تعالیٰ عنهما قال : کان رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم یکره من الشاة سبعاً، المرّارة و المثانة ، و الحیا ، و الذکر ، و الانثیین ، والغدة و الدم ۔ و کان احب الشاة الیه مقدمها۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سات چیزوں کے کھانے کو منع فرماتے ۔ پتہ، مثانہ، فرج، ذکر، انثیین، غدہ، خون، اور حضور کو بکری کا دست پسند تھا۔

۱۹۴۱۔ السنن الکبری للبیهقی، ۷/۱۰ ☆ المصنف لعبد الرزاق، ۸۷۷۱
الجامع الصغیر للسیوطی، ۴۳۹/۲ ☆ کنز العمال للمتقی، ۱۱۵/۷
الجامع الصغیر للسیوطی، ۴۳۹/۲ ☆ کنز العمال للمتقی، ۱۸۲۱۵، ۱۱۵/۷

۲۰

کتاب الطب والرقی

ابواب

۱۔ مرض ودوا

(۱) ہر مرض کی دوا اللہ تعالیٰ نے اتاری ہے

۱۹۴۲۔ **عن** أسامة بن شريك رضى الله تعالىٰ عنه قال : قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم : تَدَاوُوا عِبَادَ اللّٰهِ ! فَإِنَّ اللّٰهَ لَمْ يَضَعْ دَآءً إِلَّا وَضَعَ لَهُ دواءً غير دَاءٍ وَاحِدٍ اَلْهَرِم ۔

حضرت اسامہ بن شریک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: خدا کے بندو! دوا کرو، کہ اللہ تعالیٰ نے کوئی بیماری ایسی نہ رکھی جس کی دوا نہ بتائی ہو۔ مگر ایک مرض یعنی بڑھاپا۔

﴿۱﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

خود حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا دوا استعمال فرمانا اور امت مرحومہ کو صدہا امراض کا علاج بتانا بکثرت احادیث میں مذکور۔ اور طب نبوی وسیر وغیرہا فنون حدیثیہ میں مسطور۔ فتاوی رضویہ ۱۱/ ۱۸۷

(۲) بیوی کے مہر سے خریدی گئی دوا میں برکت وشفا ہے

۱۹۴۳۔ **عن** أمير المؤمنين على المرتضى كرم الله تعالىٰ وجهه الكريم قال : اذا اشتكى احدكم فليستوهب من امرأته من صداقها درهما فليشتربه عسلا ثم ياخذ ماء السماء فيجمع هنيئا مريئا مباركا۔ سند حسن

امیر المؤمنین حضرت علی المرتضی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے روایت ہے کہ جب تم میں سے کوئی بیمار ہو تو اسے چاہئے کہ اپنی عورت سے اس کے مہر سے ایک درہم ہبہ کرائے۔ اس کا شہد مول لے پھر آسمان کا پانی لیکر رچتا پچتا برکت والا جمع کرے۔

۱۹۴۲۔ السنن لابی داؤد، باب الرجل یتداوی، ۵۳۹/۲
السنن لابن ماجہ، باب ما انزل اللہ داء الا الخ، ۲۵۳/۲
کنز العمال للمتقی، ۲۸۰۷۶، ۴/۱۵ ☆ الجامع الصغیر للسیوطی، ۱۹۶/۱
اتحاف السادۃ للزبیدی، ☆ المعجم الکبیر للطبرانی، ۱۴۹/۱۰
۱۹۴۳۔ المواہب اللدنیۃ ☆

۱۹۴۴۔ **عن** عوف بن مالك رضی الله تعالیٰ عنه قال : اذا اراد احدكم الشفاء فليكتب آية من كتاب الله فی صحفة و ليغسلها بماء السماء و ليا خذ من امراته درهما عن طيب نفسه منها فليشتربه عسلا فليشربه فانه شفاء ۔

حضرت عوف بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ جب تم میں سے کوئی شفا چاہے تو قرآن کریم کی کوئی آیت رکابی میں لکھے اور آب باراں سے دھوئے اور اپنی عورت سے ایک درہم اس کی خوشی سے لے۔ اس کا شہد خرید کر پئے کہ بیشک شفا ہے۔

راد القحط والوباء ص ۱۹

(۳) حرام چیز میں شفا نہیں

۱۹۴۵۔ **عن** أم المؤمنين أم اسلمة رضی الله تعالیٰ عنها قالت : قال رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم : اِنَّ اللّٰهَ تَعَالیٰ لَمْ يَجْعَلْ شِفَآءَ كُمْ فِيمَا حَرَّمَ عَلَيْكُمْ ۔

ام المؤمنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بیشک اللہ تعالیٰ نے تمہارے لئے حرام چیزوں میں شفا نہیں رکھی۔ ۱۲م

جد الممتار ۱/۱۳۴

(۴) کاہن کی تصدیق حرام ہے

۱۹۴۶۔ **عن** أبی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه قال : قال رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم : مَنْ أتٰی كَاهِنًا فَصَدَّقَهٗ مَا يَقُوْلُ ، أوْ أتٰی اِمْرَاَةً حَائِضًا ، أوْ أتٰی اِمْرَاَةً فِیْ دُبُرِهَا فَقَدْ بَرِئَ مِمَّا اُنْزِلَ عَلیٰ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ تَعَالیٰ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ۔

۱۹۴۴۔ المواهب اللدنية ،

۱۹۴۵۔ السنن الكبری للبيهقی ، ۱۰/۵ ☆ جمع الجوامع للسيوطی ، ۴۹۶۱
مجمع الزوائد للهيثمی ، ۵/۸۶ ☆ فتح الباری للعسقلانی ، ۱۰/۷۹
كنز العمال للمتقی ، ۲۸۳۱۹ ، ۱۵/۰۲ ☆ تلخيص الحبير لابن حجر ، ۴/۷۴
كشف الخفاء للعجلونی ، ۱/۲۷۶ ☆

۱۹۴۶۔ السنن لابن ماجة ، باب النهی عن اتيان الحائض ، ۱/۴۷
المسند لاحمد بن حنبل ۲/۴۰۸ ☆ مجمع الزوائد للهيثمی ، ۵/۱۱۷
الجامع الصغير للسيوطی ، ۲/۵۰۶ ☆ الترغيب و الترهيب للمنذری ، ۴/۳۴
المطالب العالية لابن حجر ، ۲۴۶۴ ☆ شرح السنة للبغوی ، ۱۲/۱۸۱
كنز العمال للمتقی ، ۲۷۶۸۵ ، ۶/۷۴۸ ☆ فتح الباری للعسقلانی ، ۱۰/۲۱۷

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو کسی کاہن کے پاس جائے اور اسکی بات سچی سمجھے، یا حالت حیض میں عورت سے قربت کرے۔ یا دوسری طرف دخول کرے۔ وہ بیزار ہوا اس چیز سے کہ محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر اتاری گئی۔

۱۹۴۷۔ **عن** أبي هريرة رضى الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: مَنْ أتى عَرَّافًا أو كاهِنًا فصدَّقهٗ بِمَا يَقُوْلُ فَقَدْ كَفَرَ بِمَا أُنزل على مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالىٰ عَلَيهِ وَسَلَّمَ۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو کسی قیافہ شناس یا کاہن کے پاس جائے اور اس کی بات کو سچ اعتقاد کرے وہ کافر ہوا اس چیز سے جو اتاری گئی محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر۔ فتاوی افریقہ ۱۸۸

(۵) کاہن کی تصدیق کرنے والے کی چالیس دن کی نماز غیر مقبول

۱۹۴۸۔ **عن** أم المؤمنين حفصة رضى الله تعالىٰ عنها قالت: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: مَنْ أتى عَرَّافًا فَسَأَلَهٗ عَنْ شَيْءٍ لَمْ تُقْبَلْ لَهٗ صَلٰوةُ أَرْبَعِيْنَ لَيْلَةً۔

ام المؤمنین حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو کسی قیافہ شناس یا کے پاس جا کر اس سے کوئی غیب کی بات پوچھے چالیس دن اس کی نماز قبول نہ ہو۔

۱۹۴۹۔ **عن** واثلة بن الأسقع رضى الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى

۱۹۴۷۔ السنن الکبری للبیہقی، ۸/۱۲۵ ☆ الترغیب والترہیب للمنذری، ۴/۳۶
جامع صغیر للسیوطی، ۲/۵۰۶ ☆ کنز العمال للمتقی، ۱۷۶۷۸، ۶/۷۴۹
۱۹۴۸۔ الصحیح لمسلم، باب تحریم الکہانۃ، و اتیان الکہان، ۲/۲۳۳
المسند لاحمد بن حنبل، ۲/۴۲۹ ☆ شرح السنۃ للبغوی، ۱۲/۱۲۸
الجامع الصغیر للسیوطی، ۲/۵۰۵ ☆
۱۹۴۹۔ الترغیب والترہیب للمنذری، ۴/۳۵ ☆ مجمع الزوائد للھیثمی، ۵/۱۱۸
الجامع الصغیر للسیوطی، ۲/۵۰۶ ☆ کنز العمال للمتقی، ۱۷۶۷۶، ۶/۷۴۹

اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: مَنْ أَتٰى كَاهِنًا فَسَأَلَهُ عَنْ شَيْءٍ حُجِبَتْ عَنْهُ التَّوْبَةُ أَرْبَعِيْنَ لَيْلَةً، فَإِنْ صَدَّقَهُ بِمَا قَالَ كَفَرَ۔

حضرت واثلہ بن اسقع رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو کسی کاہن کے پاس جا کر کچھ پوچھے اسے چالیس دن توبہ نصیب نہ ہو۔ اور اگر وہ اس کی بات پر یقین رکھے تو کافر ہو۔

فتاوی افریقہ ۱۸۹

فہرست عنوانات/جلد دوم

۵۔ کتاب الجنائز

ا۔ موت

۲۔ تجہیز و تکفین و تدفین

۶۔احترام مقابر

۷۔مردوں سے حسن سلوک اور ایصال ثواب

۸۔ عالم برزخ کے احوال

۹۔ سوگ اور نوحہ

۱۰۔ اذان قبر

۱۱۔ کفن میں تبرکات

۱۲۔ شہید کون؟

۱۳۔ شہید کی فضیلت

۶۔ صدقہ فطر

۷۔ چندہ اور اسراف

۸۔ احکام سوال

۹۔ مال جمع کرنا

۷۔ کتاب الصوم

ا۔ روزے کی فرضیت واہمیت

۲۔ مناسک کی فضیلت

۳۔ زیارت روضۂ انور

۴۔ فضائل مدینہ منورہ

۵۔ فضیلت حرم

۹۔ کتاب النکاح

۱۔ فضیلت نکاح اور احکام

۵۔ نسب ورضاعت

۶۔ اعلان نکاح

۷۔ مباشرت

۸۔ نکاح پر عدم قدرت

۱۰۔ کتاب الطلاق

۱۔ طلاق کی شرعی حیثیت

۱۱۔ کتاب البیوع

۱۔ کسب حلال وحرام

۲۔ خرید وفروخت

۳۔ غبن وغصب وعاریت

۴۔ اجرت ومزارعت

۵۔ قرض وسود

۱۲۔ کتاب الأیمان والنذور

۱۔ قسم وکفارہ

۱۳۔ کتاب الحدود والدیات

۱۔ شراب

۲۔ نشہ آور اشیاء

۱۵۔ کتاب الخلافۃ ۴۶۹

۱۔ خلافت ۴۷۱

۲۔ قضاء ۴۸۲

۱۶۔ کتاب الرؤیا ۴۸۷

۱۔ خواب ۴۸۹

۱۷۔ کتاب الاطعمۃ والاشربۃ

۱۸۔ کتاب الاضحیۃ

۱۔ قربانی

۱۹۔ کتاب الصید والذبائح ۵۲۹

۱۔ ذبیحہ ۵۳۱

۲۔ حرام جانور ۵۳۵

۲۰۔ کتاب الطب والرقی ۵۳۹

۱۔ مرض ودوا ۵۴۱

فقہ حنفی کی عظیم معرکہ آرا کتاب
کی جامع و مستند اردو شرح

فیوضاتُ الرضویہ
فی
تشریحات الھدایہ
المعروف بہ
شرح ھدایہ

مکمل
15
جلدیں

تصنیف
امام ابوالحسن علی بن ابوبکر بن عبدالجلیل الفرغانی

ترجمہ و شرح
علامہ محمد لیاقت علی رضوی

شبیر برادرز
اردو بازار لاہور

شبیر برادرز®
زبیدہ سنٹر ۴۰۔ اردو بازار لاہور فون: 042-37246006
E-mail: shabbirbrother786@gmail.com